فقیہ اُمت امام اعظم ابو حنیفہؓ سے مروی احادیث و آثار پر مشتمل ۱۵ مسانید کا مجموعہ

جامع المسانید

الامام ابو المؤید محمد بن محمود الخوارزمی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضرت علامہ ابو الفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

August-2018

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلباء

شعبہ حفظ: 145

شعبہ ناظرہ: 200

درسِ نظامی: 105

شعبہ تجوید: 11

اور انہی شعبہ جات میں سے 400 سے زائد طلباء اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم و بیش 100 طلباء مدرسہ میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام و قیام اور میڈیکل کا خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ و ناظرہ: 14 اساتذہ

شعبہ درسِ نظامی و تجوید: 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم (اسکول): 11 اساتذہ

باورچی: 2

خادم: 4

چوکیدار: 2

کل طلباء کم و بیش 461 اور پورا اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD.BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE:MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA(TRUST)
ACC NO:00500025657003 - branchcode:0050

@markazuloloom

waseem ziyai

www.waseemziyai.com

فقیہ اُمّت امام اعظم ابوحنیفہ سے مروی احادیث وآثار پر مشتمل ۱۵ مسانید کا مجموعہ

جامع المسانید

1

الامام ابو المؤید محمد بن محمود الخوارزمی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضرت علامہ ابو الفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی

شبیر برادرز®
۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006
shabbirbrother786@gmail.com

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نام کتاب	ــــــــــــــ	جامع المسانید
مترجم	ــــــــــــــ	حضرت علامہ ابو الفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی
باہتمام	ــــــــــــــ	ملک شبیر حسین
سن اشاعت	ــــــــــــــ	نومبر 2016ء
سرورق	ــــــــــــــ	اے ایف ایس ایڈورٹائزر
طباعت	ــــــــــــــ	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ	ــــــــــــــ	روپے

شبیر برادرز
۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکرگزار ہوگا۔

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

شرفِ انتساب

میرے استادِ محترم

محقق اہل سنت، ادیب ملت، خطیب ذیشان

حضرت علامہ مولانا **محمد صدیق ہزاروی** دامت برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ (زیر سایہ حضور داتا گنج بخش) لاہور

آپ کی بارگاہ میں شرف تلمذ تہہ کر کے متعدد فنون پڑھنے کی سعادت میسر آئی اور تدریس کے ساتھ ساتھ آپ کی تحریری مصروفیات کو دیکھ کر زمانہ طالب علمی میں لکھنے کا شوق پیدا ہوا، آپ کی شفقت اور توجہ کے باعث علوم وفنون کی راہ میں آنے والی مشکلات آسان ہوئیں۔ تحریر کے در ''وا'' ہوئے۔

نیازمند: محمد شفیق الرحمٰن قادری رضوی

الاھـــــــــــــــداء

میرے استاد محترم

عالم باعمل، مربی کامل، سرمایہ اہل سنت، حضرت علامہ مولانا

ڈاکٹر فضل حنان سعیدی صاحب

دامت برکاتھم العالیہ، ومتعنا اللہ بطول حیاتہ

شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

آپ کا ہر لفظ اور ہر جملہ طالب علم کے لئے تربیت کا منارہ نور ہوتا ہے

آپ کی ہر ادا ہی قابل تقلید ہے اور ہر بات قابل عمل ہے، آپ کے فرمودات کو آبِ زر سے لکھنا بھی اُن کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے ناکافی ہے۔ شخصی اور اخلاقی تربیت کے لئے ارشاد فرمائے ہوئے آپ کے جملوں کی قیمت لگانا چاہیں تو ہیرے اور جواہرات بھی مٹی کے ڈھیلے اور کسی ٹوٹے ہوئے مٹکے کی ٹھیکریوں سے زیادہ اہم نظر نہیں آتے۔ امور میں کامیابی کے لئے آپ کے بیان کردہ اصولوں میں سے ایک یہ بھی ہے

"ہر دن کا کام، ہر دن کرو"

اللہ کریم کا احسان ہے جس نے مجھ جیسے حقیر شخص کو ایسے عظیم اساتذہ کے ساتھ نسبت کی دولت سے نوازا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبلہ استاذ مکرم کی لمبی زندگی سے اہل سنت کو فیضیاب فرمائے

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

نیازمند: محمد شفیق الرحمٰن قادری رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

استاذی المکرّم حضرت علامہ مولانا **حافظ عبدالستار سعیدی** صاحب دامت برکاتہم العالیہ، (شیخ الحدیث وناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور وشیخوپورہ) کچھ عرصہ قبل میاں چنوں جامعہ کنزالایمان تشریف لائے، راقم نے المعجم الصغیر کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ آپ نے بنظر غائر جائزہ لیا اور بہت پسند کیا اور ساتھ ہی فرمایا ''امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ میں علم وعمل بالخصوص عقائد اہل سنت کا بہت بڑا خزانہ پوشیدہ ہے لیکن عوام تو کیا بہت سارے خواص بھی اس سے بے خبر ہیں۔ صغیر کے ترجمہ کے بعد ،کیا ہی اچھا ہو کہ اوسط اور کبیر پر بھی کام کیا جائے اور المعجم الصغیر کی طرز پر ان کی بھی موضوعاتی فہرستیں مرتب کی جائیں''۔

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے توسّل سے اوسط کا کام شروع کر دیا، ایک جلد تک تو کام بہت برق رفتاری سے ہوا، اس کے بعد حالات دگرگوں ہونا شروع ہو گئے اور ہر آنے والا دن ایک نئی ابتلاء اور آزمائش لے کر آتا رہا۔ جب دل ودماغ پر سوچ، فکر اور غم کا بوجھ ہو تو ذہنی آسودگی ختم ہو جاتی ہے توجہ کا ارتکاز نہیں رہتا، جس کی بناء پر تصنیف وتحریر اور انشاء پردازی جیسے کام کرنے کی صلاحیت منجمد ہو جاتی ہے۔ حالات کی کشتی ابھی بچی تکالیف کے بھنور سے نکلی نہیں تھی کہ ایک اور موج نے آلیا۔ قبلہ والدگرامی حضرت قبلہ صوفی محمد رفیق قادری رحمۃ اللہ علیہ داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آئی ایسی موج کہ ساحل چھوٹ گیا

وہ میرا ساحل تھا مجھ سے چھوٹ گیا، وہ میرا سائباں تھا، جو نہ رہا۔ میرے دکھ درد کا ساتھی بہت دور چلا گیا۔ اس کی مفارقت کا گھاؤ کبھی بھی نہیں بھر سکتا، اللہ تعالیٰ ان کے مزار کو اپنی رحمت سے بھر دے، آمین۔ المعجم الاوسط ایک سال پہلے آپ کے ہاتھ میں ہوتی اگر آزمائشوں کے اس گرداب میں نہ پھنسا ہوتا۔ لیکن ہر کام کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک مقرر وقت لکھا ہوا ہے، اُس سے پہلے وہ نہیں ہو سکتا، شاید ابھی اس کا وقت نہیں آیا تھا، بہر حال، اللہ جل مجدہ نے دوبارا ہمت دی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ کرم ہوئی، والدگرامی کے مزار پرانوار پر مستقل حاضری کا فیض ملا، حالات درست ڈگر پر چلے، خیالات مجتمع ہوئے ،طبیعت کا جمود ختم ہوا، دوبارہ کام شروع کیا اور آج سے ۲ ماہ قبل الحمد للہ المعجم الاوسط ۸ جلدوں میں آپ تک پہنچ چکی ہے۔ اور آج قبلہ اباجی کا دوسرا عرس مبارک ہے اور اس موقع پر جامع المسانید کا تحفہ اُن کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

مترجم کا مسلک

ہر ترجمہ میں یہ بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ میرا مسلک اہلسنّت وجماعت ہے، سنی حنفی بریلوی ہوں۔ اعلیٰ حضرت امام

احمد رضا خان اور مشائخ اہلسنّت کے معمولات کا پابند اور ان کی تشریحات اور تاویلات پر قائم ہوں۔ اس لئے میرے کسی بھی ترجمہ کو میرے مسلک کے خلاف دلیل کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا، کسی بھی غیر معمول بہا حدیث کے بارے میرا موقف وہی ہے جو اہل سنت کا ہے اور اس کے بارے وہی تاویل معتبر ہے جو اکابرین اہل سنت سے منقول ہے۔ تاہم حدیث شریف کا ترجمہ من حیث الحدیث کرتا ہوں۔ کیونکہ رسول اکرم ﷺ کی یہ دعا ''اللہ تعالیٰ اس شخص کو سرسبز وشادات (خوش وخرم) رکھے جو میری بات سن کر آگے پہنچادے'' اس شخص کے لئے ہے جو آپ ﷺ کی بات سن کر اپنی جانب سے ردوبدل کئے بغیر من وعن آگے پہنچادے۔ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جس تک حدیث پہنچائی گئی ہے وہ پہنچانے والے سے زیادہ سمجھدار اور صاحب علم ہو، وہ اس حدیث سے وُہ بات اخذ کرلے جو پہنچانے والا نہ کر سکا۔

جامع المسانید کا محرک

المعجم الاوسط کا کام ابھی پایہ تکمیل کو نہیں پہنچا تھا، اسی دوران میرے محسن جناب حضرت علامہ مولانا محمد اشرف زاہد عطاری صاحب دامت بر کاتہم العالیہ کا فون آیا۔ اس فون سے قبل آپ سے میری شناسائی نہ تھی، یہی فون پہلا تعارف تھا۔ علیک سلیک کے بعد تعارف ہوا، حضرت موصوف چک نمبر ۵۸ (گ ب) تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد کے رہنے والے ہیں، جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کے قدیم فضلاء میں سے ہیں۔ حضرت نے مستدرک حاکم کے کام کرنے پر بہت شاباش دی اور بہت اچھی دعاؤں سے نوازا۔ ساتھ ہی خواہش کا اظہار کیا کہ اگر آپ امام خوارزمی کی ''جامع المسانید'' پر کام کریں تو کیا ہی اچھا ہو، اس سے پہلے اس کا کوئی اردو ترجمہ موجود نہیں ہے۔ راقم نے فوراً فرمائش قبول کرلی اور جناب مولانا اشرف زاہد عطاری صاحب نے اپنی ذاتی لائبریری سے جامع المسانید کے دو نسخے بذریعہ ڈاک روانہ فرمادیئے۔

کتاب کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ اور چند دنوں میں ہی بلا تاخیر اس پر کام کا آغاز کردیا۔ کام کرنے میں کتنی کامیابی ملی ہے، یہ فیصلہ آپ نے کرنا ہے، بہرحال اپنی دن رات کی محنت آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ یاد رہے ساتھ ہی ساتھ المعجم الکبیر کا کام بھی چل رہا ہے اور اب تک اس کی ۵ جلدیں چھپ چکی ہیں۔

جامع المسانید کا مختصر تعارف

جامع المسانید بنیادی طور پر امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی ان ۱۵ مرویات کا مجموعہ ہے جو آپ کے مختلف اصحاب نے تالیف کی تھیں، ان تمام مسانید کا اور ان کے مولفین کا ذکر جامع المسانید کے مقدمہ میں آرہا ہے ،حضرت امام ابوالموید محمد بن محمود خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے ان ۱۵ مسانید کو جمع کیا ہے، ان کو فقہی ابواب کی طرز پر مرتب کیا اور ہر باب کے تحت اس سے متعلق احادیث ذکر کی ہیں، ان کی اسناد کا آغاز امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے کیا ہے، اس کے بعد حدیث بیان کی ہے۔ پھر اس کے ذیل میں صاحب مسند سے لے کر امام اعظم رضی اللہ عنہ تک مکمل سند بیان کی ہے اور اس کے بعد اُس حدیث کی بابت احناف کا موقف بھی واضح کیا ہے۔

ہم نے حدیث کی عربی عبارت پر اعراب لگائے، اس کے بعد سند سمیت اس کا ترجمہ کیا ہے، پھر ذیل میں اسانید کی عربی عبارت شامل کی گئی ہے اور اس کے بعد اسانید کا ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔

اسانید کے ضمن میں جہاں کہیں عربی عبارات بطورمتن ہیں، ان کو عربی رسم الخط کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔ اوراس کے بعدوہیں پرقوسین میں اس عربی عبارت کا ترجمہ بھی دیا ہے۔

اصل کتاب میں احادیث پرعنوانات نہیں تھے، میرے مخلص احباب کا مشورہ تھا کہ معاجم ثلاثہ والا انداز یہاں پربھی اپنایاجائے اورہر حدیث پراس کا عنوان قائم کیا جائے، چنانچہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی اس کتاب میں ہرروایت کے اوپراس کا مرکزی خیال عنوان حدیث کےطورپرذکرکردیا ہے۔

حدیث کے اختتام پراس کی تخریج بھی شامل کی گئی ہےاوراس سلسلے میں ہم نے جامع المسانید کے محقق الاستاذ شیخ نجم الدین محمد درکانی کی تحقیق سے استفادہ کیا ہے۔

جامع المسانید میں کل ۱۷۷۸ احادیث بمعہ اسانید ہیں۔اوران مرویات میں تقریباً سب موضوع زیر بحث آئے ہیں۔

قرون اولیٰ میں کسی مجموعہ حدیث کا مولف نہ ہونا کوئی عیب نہیں ہے

کچھ لوگوں کواعتراض ہے کہ امام اعظم رضی اللہ عنہ کا کوئی بڑا مجموعہ حدیث کیوں نہیں ہے؟ ویسے بحث کی تو کوئی انتہا نہیں ہوتی،لیکن اگر بات سمجھنا چاہیں تو چندالفاظ کافی ہوتے ہیں۔آپ صرف اس بات پرغورکرلیں، کہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی پیدائش ۸۰ہجری کی ہے۔اورآپ کاوصال مبارک ۱۵۰ہجری کا ہے۔امام اعظم رضی اللہ عنہ کا وجودمسعودخیرالقرون میں تھا،آپ تابعی ہیں،ثم الذین یلونھم کا مصداق ہیں،وہ سچائی کا زمانہ تھا،اس زمانے کی سچائی کی شہادت خودسرکارمدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے۔اس دورمیں علماء وفقہاء اورارباب علم وفن اپنے حافظے پربھروسہ رکھتے تھے۔علم کولکھنے کا سلسلہ شروع نہیں ہواتھا،یہی وجہ ہے کہ آپ کوصرف امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ہی نہیں بلکہ اس دورکے کسی بھی عالم کا مجموعہ احادیث نہیں ملے گا۔آپ چاہ کربھی اُس دورکے کسی عالم کا مجموعہ حدیث نہیں ڈھونڈ پائیں گے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش سے بھی ۴۴سال قبل امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی رحلت فرماگئے تھے۔خیرالقرون کا زمانہ گزر چکا تھا،جھوٹ عام ہوگیا،اہل علم میں سے بعض فتنہ پرورلوگوں نے علم میں خیانتیں شروع کردیں،رطب ویابس کوخلط ملط کیا جانے لگا،اسلام کے اصل ماخذ ضائع ہونے کا اندیشہ ہوا،تب محدثین کرام نے احادیث لکھنے کا کام شروع کیا۔ان کے دورمیں دین کی اعلیٰ خدمت یہی تھی کہ اچھی طرح چھان بین کرکے صحیح احادیث کو یکجا کرلیا جائے،چنانچہ محدثین نے یہ ذمہ داری نبھائی ہے،اورخوب نبھائی ہے۔

فقہاء نے جوذمہ داریاں ادا کی ہیں،وہ جمع حدیث سے کچھ کم نہیں

من گھڑت اورباطل روایات کوالگ کرکے صحیح احادیث کوجمع کرنا،پھران کو،خبرمتواتر،مشہور،عزیز،واحد،نیزمتصل اورمنقطع اورحدیث کے دیگردرجات میں تقسیم کرنا بھی اگرچہ اپنے طورپرایک بہت بڑی خدمت ہے،لیکن اسی پراکتفاء کرنے سے امت کے مسائل حل نہیں ہوتے کیونکہ محدثین کوتوجوصحیح روایت ملتی ہے،وہ اپنے مجموعہ میں شامل کرلیتے ہیں۔ان کا اس سے کوئی سروکارنہیں ہوتا کہ وہ قابل عمل ہے یانہیں،اس کا حکم صرف ایک شخص کے لئے خاص ہے یاسب مسلمانوں کے لئے عام ہے۔وہ حدیث کسی

مخصوص خطہ کے لئے ہے یا پوری روئے زمین والے اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ یہ کام محدثین نہیں کرتے۔ بلکہ محدثین کے جمع کئے ہوئے اس ذخیرے پر عمل کرنے کا طریقہ فقہاء سکھاتے ہیں۔ مثال کے طور پر

محدثین نے ایک حدیث نقل کی ہے ''جب تم بیت الخلاء میں جاؤ تو اپنا چہرہ اور پشت قبلہ کی جانب مت کرو، بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف کرو'' اب فقہاء کرام کی تشریحات کے بغیر آپ اس پر عمل کر کے دکھایئے۔ کہ چہرہ مشرق یا مغرب کی جانب ہو، لیکن ایسی صورت میں قبلہ کی جانب چہرہ یا پشت نہ ہو۔ حدیث کی جتنی کتابیں پڑھتے جاؤ گے، یہ حدیث آپ کو بار بار ملتی جائے گی۔ سندیں بدل بدل کر یہ حدیث آئے گی۔ لیکن ان کتب حدیث میں آپ کو اس پر عمل کا طریقہ نہیں ملے گا۔

ہاں کسی فقیہ کے پاس جاؤ تو وہ بتائے گا کہ یہ حدیث ایک مخصوص علاقے والوں کے لئے ہے، یہ حدیث ان لوگوں کے لئے ہے جو قبلہ سے شمال یا جنوب کی طرف رہتے ہیں، ان کو حکم ہے کہ پیشاب یا پاخانہ کرتے وقت چہرہ یا پشت قبلہ کی جانب نہ کرو بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف کرلو۔ اس حدیث میں اگرچہ یہ الفاظ موجود نہیں ہیں کہ یہ حکم کسی مخصوص خطے کے لوگوں کے لئے ہے لیکن اہل علم حدیث پر عمل کرنے کے لئے ہمیں راستہ نکال کر دیتے ہیں۔

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کسی موضوع کی بھی حدیث کو تشنہ نہیں چھوڑا

احادیث کو جمع کرنا، پھر ایک ہی حدیث کو ایک ہزار اسانید کے ساتھ نقل کرنا بے شک ایک خدمت ہے۔ لیکن امت کی اصل خدمت یہ ہے کہ اُن ایک ہزار میں سے چاہے صرف ایک حدیث کو بیان کرلو لیکن امت کو اس پر عمل کا طریقہ بتا دو۔ یہی ہے وہ کمال جو امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ میں ہے۔ آپ نے قرآن و حدیث پر ایک ساتھ عمل کیا ہے۔ امام اعظم پر قلت حدیث کا اعتراض کرنے والے ہمیں صرف ایک بات کا جواب دے دیں، کہ قرآن اور حدیث کا کوئی ایک ایسا موضوع بتا دیں جس پر امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے ہاں گفتگو نہ ہوئی ہو، اور جس کے بارے میں آپ نے امت کو احکام بیان نہ کئے ہوں۔

ہمیں تو اللہ کریم کا شکر ادا کرنا چاہئے کہ اس نے ہمیں ایسے امام سے نوازا ہے جس نے ایک ایک آیت اور ایک ایک حدیث میں جس قدر احتمالات ممکن تھے سب پر غور کر کے ہمیں قابل عمل احتمالات الگ کر کے دے دیئے ہیں۔

اکثر جید محدثین ایک یا دو واسطوں سے امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں

اگر محدثین کرام کے ساتھ تقابل کیا جائے تو صرف ایک ہی بات عرض کروں گا، محدثین کے پاس اسانید عالیہ میں سب سے بڑا سرمایہ ''ثلاثیات'' ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی پوری بخاری میں صرف ۲۲ ثلاثیات ہیں۔ اور آپ کو شاید یہ پڑھ کر حیرانگی ہو کہ ان میں سے ۲۱ کی اسانید امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے تلامذہ کے واسطے سے ہیں۔ اور آپ ان مسانید میں پڑھیں گے کہ امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما کے استاذ، حضرت امام اعظم کے شاگرد ہیں۔ اور بعض مقامات پر شیخین کے دادا استاد، امام اعظم رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں۔ بطور مثال دو چار ذکر ہم یہاں پر کر دیتے ہیں، ویسے تیسری جلد میں جہاں ان مسانید کے رواۃ کا تذکرہ ہے وہاں بہت تفصیل موجود ہے

(۱) حضرت ''عبداللہ بن مبارک ابوعبدالرحمٰن مروزی علیہ الرحمۃ''

یہ ائمہ حدیث کے بھی امام ہیں، حضرت ''امام بخاری علیہ الرحمۃ'' اور حضرت ''مسلم علیہ الرحمۃ'' کے شیوخ کے بھی شیخ ہیں اور یہ حضرت ''امام شافعی علیہ الرحمۃ'' کے بعض شیوخ کے بھی شیخ ہیں اور حضرت ''امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ'' کے بھی شیخ ہیں۔ لیکن یہ بزرگ امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ سے روایت کرتے ہیں، آپ ان کی مرویات ان مسانید میں ان شاءاللہ پڑھیں گے۔

(۲) حضرت ''علی بن صالح بن حی علیہ الرحمۃ''

یہ حضرت ''امام بخاری علیہ الرحمۃ'' اور حضرت ''مسلم علیہ الرحمۃ'' کے شیوخ میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ'' ان کے شیخ ہیں، اس طرح حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ'' حضرت ''بخاری اور حضرت ''مسلم علیہ الرحمۃ'' کے شیخ کے شیخ ہوئے۔ یعنی دادا استاد ہوئے۔

(۳) حضرت ''عبداللہ بن یزید بن عبدالرحمٰن اودی کوفی علیہ الرحمۃ''

یہ حضرت ''امام مالک علیہ الرحمۃ'' کے شیخ ہیں، حضرت ''امام بخاری علیہ الرحمۃ''، حضرت ''امام مسلم علیہ الرحمۃ''، حضرت ''امام شافعی علیہ الرحمۃ'' اور حضرت ''امام احمد علیہ الرحمۃ'' کے شیوخ کے شیخ ہیں۔ لیکن امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں۔

(۴) حضرت ''عبدالملک علیہ الرحمۃ''

یہ اماموں کے بھی امام ہیں، حضرت ''امام بخاری علیہ الرحمۃ'' اور حضرت ''مسلم علیہ الرحمۃ'' کے شیوخ میں سب سے بڑے شیخ ہیں، یہ حضرت ''امام شافعی علیہ الرحمۃ'' کے شیوخ کے بھی شیخ ہیں، لیکن امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں۔

امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی مجلس علمی کی شان

پھر فقہی مسائل پر اعتراض تو تب بنتا ہے جب امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے تن تنہا مسائل بیان کردیے ہوں، ایسا نہیں ہے فقہ حنفی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اکیلے بیٹھ کر مرتب نہیں کردی بلکہ آپ کے ہاں علماء و فقہاء کا ایک جمع غفیر تھا اور سب اپنے فن کے ماہر اور متقی اور پرہیزگار تھے، سب لوگ ایک مسئلے پر گفتگو کرتے تھے، تب ایک مسئلہ حل ہوتا تھا۔

ان کے پاس حضرت ''ابویوسف علیہ الرحمۃ'' اور حضرت ''زفر علیہ الرحمۃ'' جیسے قیاس کے ماہر لوگ موجود تھے، اور حضرت ''یحییٰ بن ابی زائدہ علیہ الرحمۃ''، حضرت ''حفص بن غیاث علیہ الرحمۃ''، حضرت ''حبان بن علی علیہ الرحمۃ''، حضرت ''مندل بن علی علیہ الرحمۃ'' جیسے حافظ الحدیث لوگ موجود تھے۔ حضرت ''قاسم بن معن علیہ الرحمۃ'' لغت کے ماہران کے پاس موجود تھے۔ حضرت ''داؤد طائی علیہ الرحمۃ'' حضرت ''فضیل بن عیاض علیہ الرحمۃ'' جیسے زاہد اور متقی لوگ ان کے پاس موجود تھے ان کے پاس اس طرح کے ۳۶ آدمی ہیں، ان میں سے ۲۸ آدمی مسند قضا کے قابل تھے اور اصحاب فتویٰ تھے۔

اللہ تعالیٰ کا کروڑ ہا بار شکر ہے جس نے اس امت میں محدثین کی بدولت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کو جمع کروایا اور فقہاء و مجتہدین کی بدولت امت کے لئے قرآن و حدیث سے ثابت ہونے والے مسائل واضح فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ان کے مزارات پر

اپنے نور و رضوان کی بارشیں نازل فرمائے اور پوری امت کی طرف سے ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اظہار تشکر

جامع المسانید کی عربی عبارات پر اعراب لگانے کا کام عزیزم جناب علامہ مولانا محمد علیم صاحب زید مجدہ نے کیا، جو کہ جامعہ کنزالایمان کے شعبہ کتب کے قابل فخر مدرس ہیں۔ مزید معاونت جناب قاری ظفر اقبال صاحب زیدہ مجدہ کی حاصل رہی نیز عزیزم مولانا مطیع اللہ جاوید صاحب (خطیب اعظم ونجاری) نے پہلی اس کو بغور پڑھ کر متعدد مقامات کی نشاندہی کر کے تصحیح کروائی۔

المعجم الاوسط اور جامع المسانید کی تیاری کے دوران موقع بموقع حضرت علامہ مولانا محبوب عالم صاحب خطیب مرکزی جامع مسجد دتو چوڑ تھیوہ منڈی بہاؤالدین، اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مخلصانہ کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ اس خدمت حدیث کو قبلہ والد گرامی حضرت صوفی محمد رفیق رحمۃ اللہ علیہ کے لئے باعث مغفرت اور ترقی درجات کا ذریعہ بنائے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے مزار پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ اللہ کریم ملک محمد شبیر صاحب کی زندگی میں برکت عطا فرمائے اوران کے ادارے کو اللہ تعالیٰ مزید ترقی عطا فرمائے جن کی بدولت حدیث شریف کی ترویج واشاعت ہو رہی ہے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

نیازمند: محمد شفیق الرحمٰن قادری رضوی

بانی ومہتمم: جامعہ کنزالایمان، الفرید ٹاؤن، عقب چیمہ کولڈ سٹور، میاں چنوں

فہرست مضامین

باب(۱)''امام اعظم'' کے وہ فضائل جن میں آپ اجماعًا یکتا ہیں

❁ امام اعظم ابو حنیفہ جو کہ صاحب رائے (یعنی مجتہد) سیدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں

چوتھی نوع: امام اعظم نے تابعین کے زمانہ میں اجتہاد کیا ہے اور فتویٰ دیا ہے

پانچویں نوع: کبار تابعین نے آپ سے حدیث روایت کی ہے

چھٹی نوع: امام اعظم ابو حنیفہ نے ۴۰۰۰ کے قریب ائمہ و تابعین کی شاگردی اختیار کی ہے

ساتویں نوع: آپ کی رائے کے ساتھ آپ کے بہت سارے اصحاب کا اتفاق ہے

آٹھویں نوع: آپ وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے شریعت کو ابواب میں مرتب فرمایا، امام اعظم وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے سب سے پہلے ''کتاب الشروط'' وضع کی ''علم الاحکام'' ایجاد کیا اور احکام کے لئے اجتہاد کے قواعد مقرر فرمائے

نویں نوع: آپ اپنی گزر اوقات اپنی کمائی سے کیا کرتے تھے

دسویں نوع: آپ کا وصال مبارک مظلومیت میں ہوا، قید میں ہوا، یا زہر سے ہوا

باب(۲)

ان مسانید میں رواۃ کے طرق کا بیان

❁ پہلی مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ دوسری مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ تیسری مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ چوتھی مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ ساتویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ آٹھویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ نویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ دسویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ گیارہویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ بارہویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

❁ تیرہویں مسند (امام خوارزمی سے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک رواۃ کا متصل سلسلہ)

باب (۳) ایمانیات سے متعلق روایات (اس میں چار فصلیں ہیں)

پہلی فصل: نیکیوں میں دلچسپی پیدا کرنے اور گناہوں سے نفرت دلانے کے بیان میں

دوسری فصل: ایمان لانے، قضاء و قدر پر اور شفاعت وغیرہ کا یقین رکھنے کا بیان

چوتھی فصل فضائل کے بیان میں

باب(۴) طہارت کا بیان

پہلی فصل: وضو اور تیمّم کرنے کا طریقہ

دوسری فصل ان چیزوں کے بیان میں جن سے وضو اور تیمّم ٹوٹ جاتا ہے اور حدث کے احکام کے بیان میں

تیسری فصل ''جن امور سے غسل لازم ہوجاتا ہے اور جنابت کے احکام کے بیان میں''

چوتھی فصل پانی اور نجاستوں کے بیان میں

پانچویں فصل موزوں پر مسح اور دیگر امور کے بیان میں

باب (۵) نماز کا بیان (یہ سات فصلوں پر مشتمل ہے)

پہلی فصل نماز کے اوقات اور قبلہ اور اذان کے بیان میں

چوتھی فصل: نماز عید جمعہ سنتوں اور نوافل کے بیان میں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم

(اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ *وَصَلّٰى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ)(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَحْقَرُهُمْ وَاَحْوَجُهُمْ اِلٰى عَفْوِهٖ وَاَفْقَرُهُمْ مُحَمَّدٍ ابْنِ مَحْمُوْدِ الْعَرَبِيُّ مُحْتداً الْخَوارَزمِيُّ مَوْلِداً (اَلْحَمْدُ) لِلّٰهِ الَّذِىْ سَقَانَا بِطُوْلِهٖ مِنْ اَصْفٰى شَرَائِعَ وَكَسَانَا بِفَضْلِهٖ مِنْ اَصْفٰى الْمَدَارِعِ الرَّوَائِعَ *وَاطَّلَعَ وَهُوَ مُطَّلِعُ دَرَارِى شَرَائِفِهَا مِنْ اَشْرَفِ الْمَطَالِعِ سَيِّدِ الاَصْفِيَاءِ *وَخَاتَمِ الأَنْبِيَاءِ *وَشَفِيْعِ الاُمَمِ يَوْمَ الْجَزَاءِ *صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَنْجَمَ الظُّلَمَاءِ *وَسُيُوْفُ الاَوْلِيَاءِ وَحَتُوْفُ الاَعْدَاءِ *

(وَبَعْدُ) فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَضَّلَ نَبِيَّنَا عَلٰى سَائِرِ الاَنْبِيَاءِ *فَجَعَلَ فِى اُمَّتِهٖ مُجْتَهِدِيْنَ عُلَمَاءَ *مُتَبَحِّرِيْنَ فُقَهَاءَ * عَلٰى مَا وَصَفَهُمْ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فَقَالَ فُقَهَاءُ كَاَنَّهُمْ مِنَ الْفِقْهِ اَنْبِيَاءُ *وَقَالَ تَعَالٰى:(اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءَ) *وَقَدْ شَرَفَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالثَّنَاءِ عَلَيْهِمْ فِى مَوَاضِعَ مِنَ التَّنْزِيْلِ وَجَعَلَهُمْ بِلِسَانِ نَبِيِّهٖ كَاَنْبِيَاءِ اَهْلِ التَّوْرَاةِ والاِنْجِيْلِ فَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عُلَمَاءُ اُمَّتِى كَاَنْبِيَاءِ بَنِى اِسْرَائِيْلَ كَانَ اَسْبَقُهُمْ اِجْتِهَاداً وَاَطْيَبُهُمْ اِعْتِقَاداً *وَاَبْيَنُهُمْ رِشَاداً وَاَقْوَمُهُمْ طَرِيْقاً وَسَدَاداً *اِمَامُ الأَئِمَّةِ وَسِرَاجُ هٰذِهِ الاُمَّةِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ الْكُوْفِىُّ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فَحَطَّ عَنْ وَّجْهِ الشَّرِيْعَةِ لِثَامَ الاِنْكِتَامِ *وَكَشَفَ عَنْ جَبِيْنِ الْفِقْهِ غَمَامَ الظَّلَامِ *وَقَدَمَ حَلُوْقَ عُلَمَاءِ عَصْرِهٖ بِقَدَامِ الاَفْحَامِ *وَاَرْسٰى قَدَمَهُ فِى مَزَالِقِ الاَقْدَامِ وَبَذَلَ مَجْهُوْدَهُ فِى اِحْكَامِ الاَحْكَامِ *فَمَنْ بَعْدَهُ يَغُوْصُوْنَ فِى عَمَانِ النُّعْمَانِ فَيَسْتَخْرِجُوْنَ مِنْهُ دُرَرَ فَوَائِدِهٖ *وَيَرْتَضِعُوْنَ اَصْفَى دُرَرِ فَرَائِدِهٖ *وَيَتَنَاوَلُوْنَ اَشْهٰى اَغْذِيَةِ الدَّقَائِقِ مِنْ مَوَائِدِهٖ *فَمَنِ اسْتَطْعَمَهُ وَاسْتَعْظَمَهُ فَقَدْ تَنَاوَلَ حَلَالاً *وَجَعَلَ النَّاسُ لَهُ فِى الْفِقْهِ عِيَالاً *مِثْلُ الاِمَامِ الْمُعَظَّمِ وَالصَّدْرِ الْمَفْخَمِ الشَّافِعِىُّ الْمُطَّلَبِىُّ ابْنُ عَمِّ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَضِىَ عَنْهُ حَيْثُ قَالَ النَّاسُ عِيَالُ اَبِى حَنِيْفَةَ فِى الْفِقْهِ (وَقَدْ نَظَمَ) هٰذَا الْمَعْنٰى اَخْطَبُ الْخُطَبَاءِ شَرْقاً وَغَرْباً اَبُو الْمُؤَيِّدِ الْمَكِّىُّ الْخَوارَزمِىُّ عَلٰى مَا اَنْشَدَنِى الصَّدْرُ الْكَبِيْرُ شَرَفُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُؤَيِّدُ بْنُ مَوْفِقَ الْمَكِّىُّ بِخَوارَزْمَ قَالَ اَنْشَدَنِى فِى جَدِّىْ الصَّدْرُ الْعَلَّامَةُ اَخْطَبُ خُطَبَاءِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ صَدْرُ الاَئِمَّةِ اَبُو الْمُؤَيِّدِ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدُ الْمَكِّىُ الْخَوارَزمِىُّ لِنَفْسِهٖ فِى عِدَةِ اَبْيَاتٍ يَمْدَحُ بِهَا اَبَا حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ*

شعر

اَئِمَّةُ هٰذِهِ الدُّنْيَا جَمِيْعاً ...بِلَا رَيْبَ عِيَالُ اَبِى حَنِيْفَةَ

(وَقَدْ بَلَغَ) اللّٰهُ تَعَالٰی مَذْهَبَهُ حَيْثُ اَشْرَقَتْ اَنْوَارُ الصَّبَاحِ وَانْسَحَبَتْ اَذْيَالُ الرِّيَاحِ مِنْ حَيْثُ مَدَّتِ الشَّمْسُ جَنَاحَيْهَا اِلٰى اَنْ ضَمَّتْهَا لِلْوُقُوْعِ فِي اُفُقِ الْغُرُوْبِ فَثَوّٰى ثَوَاءَ عَلٰى مَذْهَبِهِ وَطَرِيْقَتِهِ وَمَحَبَّتِهِ اَكْثَرَ اَهْلِ الْاِسْلَامِ مِنْ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَالسِّنْدِ وَالْهِنْدِ وَالرُّوْمِ وَطَائِفَةٌ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ وَالشَّامِ عَلٰى رَغْمِ حَاسِدٍ مُنْكِرٍ لِتَقَدُّمِهِ بَغْياً وَّعُدْوَاناً وَجَاحِدٍ (وَقَدْ سَمِعْتُ) بِالشَّامِ عَنْ بَعْضِ الْجَاهِلِيْنَ مِقْدَارُهُ اَنَّهُ يَنْقُصُهُ وَيَسْتَصْغِرُهُ وَيَسْتَعْظِمُ غَيْرَهُ وَيَسْتَحْقِرُهُ وَيُنْسِبُهُ اِلٰى قِلَّةِ رِوَايَةِ الْحَدِيْثِ وَيَسْتَدِلُّ بِاشْتِهَارِ الْمُسْنَدِ الَّذِى جَمَعَهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْاَصَمُّ لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَمُوَطَّأَ مَالِكٍ وَمُسْنَدُ الْاِمَامِ اَحْمَدُ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَزَعَمَ اَنَّهُ لَيْسَ لِأَبِى حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ مُسْنَدٌ وَكَانَ لَا يَرْوِى اِلَّا عِدَّةَ اَحَادِيْثَ فَلَحِقَتْنِى حَمِيَّةٌ دِيْنِيَّةٌ رَبَّانِيَّةٌ وَعَصَبِيَّةٌ حَنَفِيَّةٌ نُعْمَانِيَّةٌ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَجْمَعَ بَيْنَ خَمْسَةَ عَشَرَ مِنْ مَسَانِيْدِهِ الَّتِى جَمَعَهَا لَهُ فُحُوْلُ عُلَمَاءِ الْحَدِيْثِ

(اَلْاَوَّلُ) مُسْنَدٌ لَّهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ ابْنِ الْحَارِثِ الْحَارِثِيُّ الْبُخَارِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِعَبْدِ اللّٰهِ الْاُسْتَاذُ رَحِمَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً وَاسِعَةً

(اَلثَّانِى) مُسْنَدٌ لَّهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ الْقَاسِمِ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الشَّاهِدُ الْعَدْلُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلثَّالِثُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْمُحَمَّدٍ الْخَيْرُ مُحَمَّدٌ بْنُ الْمُظَفَّرِ بْنِ مُوْسٰى بْنِ عِيْسٰى بْنِ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلرَّابِعُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ نُعَيْمٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَصْفَهَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلْخَامِسُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الشَّيْخُ الْاِمَامُ الثِّقَةُ الْعَدْلُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِىْ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلسَّادِسُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ صَاحِبُ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيْلِ اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَدِيِّ الْجُرْجَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلسَّابِعُ) مُسْنَدُ لَهُ رَوَاهُ عَنْهُ الْاِمَامُ الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اللُّؤْلُؤِىُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلثَّامِنُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْنَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلتَّاسِعُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ بْنِ خَلِيِّ الْكَلَاعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(اَلْعَاشِرُ) مُسْنَدُ لَهُ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ خُسْرُو الْبَلْخِيُّ

رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(اَلْحَادِیْ عَشَرَ) مُسْنَدُ لَہٗ جمعه الإمام اَبُوْ یُوْسُفَ الْقَاضِیُّ یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْاَنْصَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَرَوَاهُ عَنْهُ یُسَمّٰی نُسْخَةَ اَبِیْ یُوْسُفَ*

(اَلثَّانِی عَشَرَ) مُسْنَدُ لَہٗ جَمَعَهُ الاِمَامُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَرَوَاهُ عَنْهُ یُسَمّٰی نُسْخَةَ مُحَمَّدٍ*

(اَلثَّالِثُ عَشَرَ) مُسْنَدُ لَهٗ جَمَعَهُ ابْنُهُ الاِمَامُ حَمَّادُ بْنُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَرَوَاهُ عَنْ اَبِیْهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا*

(اَلرَّابِعُ عَشَرَ) مُسْنَدُ لَہٗ جَمَعَهُ اَیْضاً اَلْاِمَامُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ مُعَظَّمُهُ عَنِ التَّابِعِیْنَ وَرَوَاهُ عَنْهُ یُسَمّٰی الْآثَارُ*

(اَلْخَامِسُ عَشَرَ) مُسْنَدُ لَهٗ جَمَعَهُ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِی الْعَوَّامِ السَّعْدِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَاسْتَوْفَقْتُ اللّٰهَ تَعَالٰی وَاسْتَخْرَجْتُهُ فِیْ جَمْعِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ عَلٰی تَرْتِیْبِ اَبْوَابِ الْفِقْهِ فِیْ اَقْرَبِ حَدٍ *وَنَظَمَهَا فِیْ اَقْصَرِ عِقْدٍ *بِحَذْفِ الْمَعَادِ وَتَرْكِ تَكْرِیْرِ الاِسْنَادِ اِلَّا اِذَا كَانَ الْحَدِیْثُ الْوَاحِدُ مُشْتَمِلاً عَلٰی مَسَائِلَ لِاَبْوَابٌ مُّخْتَلِفَةٌ اَوِ اخْتَلَفَتْ اَسَانِیْدُهُ لِیَغْلِبَ بِحُجَّتِهِ الْعَالِمُ الْمُسَاعِدُ *وَیَدْحَضُ شُبْهَةَ الْجَاهِلِ الْمُعَانِدِ *وَیَسْتَیْقِنُ مِصْدَاقَ قَوْلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارِكِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی حِیْنَ سَمِعَ طَعْناً فِیْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ مُنْشِداً هٰذَیْنِ الْبَیْتَیْنِ الْمُكَرَّمَیْنِ*

حَسَدُوا الْفَتٰی اِذْ لَمْ یَنَالُوا سَعْیَهٗ ...فَالْقَوْمُ اَعْدَآءٌ لَّهٗ وَخُصُوْمُ

كَضَرَائِرِ الْحَسَنَآءِ قُلْنَ لِوَجْهِهَا ...حَسَداً وَّبُغْضاً اِنَّهٗ لَذَمِیْمُ

(وَذَكَرَ) الْقَاضِی اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّیْمَرِیُّ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی الْمَاْمُوْنِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنَّهٗ جُمِعَ فِیْ عَصْرِهٖ كِتَابٌ فِی الاَحَادِیْثِ وَوُضِعَ فِیْ یَدِهٖ وَقَالُوا اِنَّ اَصْحَابَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ الَّذِیْنَ هُمْ مُقَدِّمُوْنَ عِنْدَكَ فُلَانٌ وَّفُلَانٌ لا یَعْلَمُوْنَ بِهَا فِیْ قِصَّةٍ طَوِیْلَةٍ اِلٰی اَنْ صَنَّفَ عِیْسٰی بْنِ اَبَانٍ (كِتَابَ الْحَجَّةِ الصَّغِیْرَةِ) وَبَیَّنَ فِیْهِ وُجُوْهُ الاَخْبَارِ وَمَا یَجِبُ قُبُوْلُهٗ وَمَا یَجِبُ رَدُّهٗ وَمَا یَجِبُ تَاْوِیْلُهٗ وَمَا یَجِبُ بِالْعَمَلِ بِالْمُتَضَادَّیْنِ وَبَیَّنَ فِیْهِ حِجَجُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَمَّا قَرَاَهُ الْمَاْمُوْنُ تَرَحَّمَ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَتَمَثَّلَ بِبَیْتَیِ ابْنِ الْمُبَارَكَ *حَسَدُوا الْفَتٰی اِلٰی آخِرِهِمَا*

(وَذَكَرَ) اَكْثَرُ اَصْحَابِ الْمَنَاقِبِ بِاَسَانِیْدَهُمْ اِلٰی مُكَرَّمِ بْنِ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ حِبَّانٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ كَانَ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِیْثِ الَّذِیْ بِیَدِهٖ زَمَامُ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِیْلِ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِذَا ذَكَرَ لَهٗ مَنْ یَّتَكَلَّمُ فِیْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَتَمَثَّلُ بِهٰذَیْنِ الْبَیْتَیْنِ لِابْنِ الْمُبَارِكِ *حَسَدُوْا الْفَتٰی اِلٰی آخِرِهِمَا*

(اَنْشَدَنِی) الصَّدْرُ الْكَبِیْرُ شَرْفُ الدِّیْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُوَیَّدِ بْنِ مُوَفَّقِ الْمَكِّیُّ الْخَوَارَزْمِیُّ قَالَ اَنْشَدَنِی جَدِّیْ الصَّدْرُ الْعَلَّامَةُ اَخْطَبُ خُطَبَآءِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ اَبُوْ الْمُؤَیَّدُ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَكِّیُّ الْخَوَارَزْمِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

تَعَالیٰ لِنَفْسِہ*

شعر

أیا جلی نُعْمَانَ اِنْ حَصَاکُمَا	لَتُحْصیٰ وَلَا تُحْصیٰ فَضَائِلُ نُعْمَانَ
جَلائِلُ کُتُبِ الْفِقْہِ طَالَعَ تَجِدُبِھَا	دَقَائِقَ نُعْمَانَ شَقَائِقَ نُعْمَانَ

اَسْاَلُ اللّٰہَ الَّذِیْ سَبَغَتْ نِعْمَتُہٗ *وَسَبَقَتْ رَحْمَتُہٗ غَضَبَہٗ *اَنْ یَرُشَّ عَلَیْنَا اَھْلَ الْمَعَاصِی مِنْ بَرِیَّتِہٖ *قَطْرَۃً مِنْ بَحَارِ مَغْفِرَتِہٖ *یَغْسِلُ بِھَا اَوْضَارَنَا *وَیَغْفِرُ بِھَا اَوْزَارَنَا *اِنَّہٗ ھُوَ الْجَوَّادُ الْکَرِیْمُ *الْبَرُّ الرَّحِیْمُ*

(وَاَرَدْتُّ) اَنْ اَجْمَعَ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ فِی اَرْبَعِیْنَ بَاباً عَلٰی تَرْتِیْبِ الْمُخْتَصَرِ مُبَوَّبَۃً رَجَاءَ مَثُوْبَۃٍ فِی ذٰلِكَ مَأْثُوْرَۃٌ مَرْوِیَّۃٌ رَوَاھَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبَّاسٍ وَعَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ عُمَرَ وَاَبُوْ سَعِیْدٍ وَاَبُوْ ھُرَیْرَۃَ وَاَبُوْ الدَّرْدَآءِ وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ بِاَلْفَاظٍ مُّخْتَلِفَۃِ الْمَبَانِی مُتَقَارِبَۃِ الْمَعَانِی عَنِ النَّبِیِّ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہ وَسَلَّمَ لمن ینقل عنہ أربعین حدیثاً *ویحفظ علی أمتہ أربعین حدیثاً*

(اَمَّا حَدِیْثُ) ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَدْ اَخْبَرَنِی بِہٖ سُلْطَانُ الطَّرِیْقَۃِ بُرْھَانُ الْحَقِیْقَۃِ نَجْمُ الدِّیْنِ اَبُو الْجَنَابِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْخُیُوْقِیُّ الْخَوَارَزْمِیُّ فِی قِرَاءَۃٍ عَلَیْہِ وَاَنَا اَسْمَعُ بِجُرْجَانِیَۃِ خَوَارَزْمَ عَمَّرَھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثَانِیاً وَاَمَّرَ عَلَیْھَا بَانِیاً بِالنِّظَامِیَۃِ مِنْھَا سَنَۃَ خَمْسَ عَشَرَۃَ وَسِتَّ مِائَۃٍ (وَالشَّیْخُ) الْعَدْلُ الثِّقَۃُ الْمُعَمَّرُ صَالِحُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُدْلَجِیُّ بِمِصْرَ حَرَسَھَا اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ *(وَالشَّیْخُ) الْمُعَمَّرُ اَبُو نَصْرٍ الاَغَرُّ بْنُ اَبِی الْفَضَائِلِ ابْنِ اَبِی نَصْرِ بْنِ الْعَلِیْقِ قِرَاءَۃً عَلَیْہِ بِجَامِعِ الْمَنْصُوْرِ مِنْ مَدِیْنَۃِالسَّلَامِ وَاَنَا اَسْمَعُ بِرِوَایَتِھِمْ عَنِ الاِمَامِ الْحَافِظِ شَیْخِ الاِسْلَامِ اَبِی طَاھِرٍ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ السَّلَفِیِّ الاَصْفَھَانِیِّ *الشَّیْخُ الاَوَّلُ نَجْمُ الدِّیْنِ سَمَاعاً وَالآخَرَانِ اِذْناً *(قَالَ) اَخْبَرَنِی اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ الْقَاسِمُ بْنُ فَضْلِ بْنِ مَحْمُوْدٍ الثَّقَفِیُّ رَئِیْسُ اَصْحَابِ اَصْفَھَانَ سَنَۃَ ثَمَانٍ وَّثَمَانِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَۃٍ وَتُوُفِّیَ سَنَۃَ تِسْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَکَانَ مَوْلِدُہٗ سَنَۃَ ثَمَانٍ وَّتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَۃٍ (قَالَ) اَنْبَانَا اَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ الْکَرَخِیّ (قَالَ) اَنْبَانَا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَیْنِ الآجِرِیُّ (قَالَ) اَنْبَانَا اَبُو عَبْدِ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ

ابْنِ مُخَلَّدٍ الْعَطَّارُ (قَالَ) اَنْبَانَا اَبُو مُحَمَّدٍ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَنْدَقِیُّ وَکَانَ لَہٗ حِفْظٌ (قَالَ) اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ السَّائِحُ (قَالَ) حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِیْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِی رَوَّادٍ (عَنْ) اَبِیْہِ (عَنْ) عَطَآءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ (عَنْ) ابْنِ عَبَّاسٍ (عَنْ) مَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِی اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثاً مِنْ اَمْرِ دِیْنِھَا بَعَثَہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فِی زُمْرَۃِ الْفُقَھَآءِ *

(وَاَخْبَرَنِی) بِہٖ أَیْضاً الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَۃُ اَبُو الدُّرِّ یَاقُوْتُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْجَوْھَرِیُّ بِقِرَآءَتِی عَلَیْہِ (وَالشَّیْخُ) الثِّقَۃُ الْعَدْلُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی الْفَضْلِ السُّلَمِیِّ (وَالشَّیْخُ) الْمُعَمَّرُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

مُحَمَّدٍ بِمِصْرَ قَالُوا (اَنْبَاَنَا) الإِمَامُ تَاجُ الدِّينِ اَبُوْ الْقَاسِمِ مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْعِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ الْفَزَارِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ بِشَاذْ بَاخْ نِيْسَابُوْرَ (قَالَ اَنْبَاَنَا) جَدُّ اَبِي مُحَمَّدُ بْنُ صَاعِدٍ الْفَزَارِيُّ (قَالَ اَنْبَاَنَا) الشَّيْخُ الزَّكِيُّ اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَارِسِيُّ كِتَابَةً (قَالَ اَنْبَاَنَا) اَبُو حَمْزَةَ مُحَمَّدُ ابْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ الْجِيزِيُّ (قَالَ اَنْبَاَنَا) الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ (قَالَ اَنْبَاَنَا) عَلِيُّ بْنُ حَجَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ نُجَيْحٍ عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَآءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَلٰى اُمَّتِي اَرْبَعِينَ حَدِيْثاً مِنَ السُّنَّةِ كُنْتُ لَهُ شَفِيْعاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ*

(وَاَمَّا حَدِيْثُ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ (فَقَدْ اَخْبَرَنِي) بِهٖ شَيْخُ شُيُوْخِ الطَّرِيْقَةِ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَقِيْقَةِ نَجْمُ الدِّيْنِ اَبُو الْجَنَابِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَوَارَزْمِيُّ الْخُيُوْقِيُّ بِقِرَآءَتِي عَلَيْهِ بِجُرْجَانِيَّةَ خَوَارَزْمَ سَنَةَ سِتَّ عَشَرَةَ وَسِتَّ مِائَةٍ قَالَ اَخْبَرَنِي الْحَافِظُ اَبُوْ طَاهِرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ السِّلَفِيُّ الاَصْفَهَانِيُّ بِالاِسْكَنْدَرِيَّةِ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى الْقَاضِي اَبِي نَصْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ وَدْعَانَ حَاكِمُ الْمُوْصَلِ قَدِمَ عَلَيْنَا بَغْدَادَ فَاَقَرَّ بِهٖ قُلْتُ لَهُ اَخْبَرَكَ عَمُّكَ

الشَّيْخُ الإِمَامُ اَبُو الْفَتْحِ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدِ بْنِ وَدْعَانَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُو سَعِيدٍ الآمِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَاحِ الْبَزَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ نَقَلَ عَنِّي اِلٰى مَنْ لَّمْ يَلْحَقْنِي مِنْ اُمَّتِي اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثاً كُتِبَ فِي زُمْرَةِ الْعُلَمَآءِ وَحُشِرَ فِي جُمْلَةِ الشُّهَدَآءِ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ*

(وَاَمَّا حَدِيْثُ) اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَدْ اَخْبَرَنِي بِهٖ هٰذَا الشَّيْخُ الْمَذْكُوْرُ بِاِسْنَادِهٖ هٰذَا اِلٰى اَبِي الْفَتْحِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ وَدْعَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَزَّارُ بِالرَّمْلَةِ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الاَسَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَفِظَ عَلٰى اُمَّتِي اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثاً مِنْ سُنَّتِي اَدْخَلْتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي شَفَاعَتِي*

(وَاَمَّا حَدِيْثُ) اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَدْ اَخْبَرَنِي الْمَشَايِخُ الثَّلَاثَةُ نَجْمُ الدِّيْنِ اَبُو الْجَنَابِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَوَارَزْمِيُّ الْخُيُوْقِيُّ قِرَآءَةً عَلَيْهِ بِجُرْجَانِيَّةِ خَوَارَزْمَ وَاَنَا اَسْمَعُ *وَالشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ الصَّالِحُ صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُدْلَجِيُّ بِمِصْرَ *وَالشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ اَبُو نَصْرٍ الاَغَرُّ بْنُ اَبِي الْفَضَائِلِ فَضَائِلُ ابْنُ اَبِي نَصْرِ بْنِ الْعَلِيْقِ بِرِوَايَتِهِمْ عَنْ اَبِي طَاهِرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ السِّلَفِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُظَفَّرِ سَعْدُ

بْنُ الْحَسَنِ الْجَصَّاصُ عَنْ اَبِی سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّیْرَفِیُّ
عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَیْثَمِ عَنْ سَهْلِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ نُجَیْحٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ رَوٰی عَنِّی اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثاً حُشِرَ فِی زُمْرَةِ الْعُلَمَآءِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ*

(وَاَمَّا حَدِیْثُ) اَبِی الدَّرْدَآءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ بِهٖ الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَةُ عَنْ اَبِی طَاهِرٍ السَّلَفِیِّ عَنْ اَبِی سَعْدٍ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْفَضْلِ الشِّیْرَازِیِّ عَنْ اَبِی طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ غَیْلَانَ عَنْ اَبِی بَکْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ الشَّافِعِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الدُّنْیَا عَنِ الْفَضْلِ بْنِ غَانِمٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ هَارُوْنَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قال قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِی اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثاً مِنْ اَمْرِ دِیْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِیْهاً وَکُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَافِعاً وَشَهِیْداً *فَاَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِیْقُ وَهُوَ حَسْبِی وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ*

(اَلْبَابُ الاَوَّلُ) فِی ذِکْرِ شَیْءٍ مِّنْ فَضَائِلِهٖ الَّتِی تَفَرَّدَ بِهَا اِجْمَاعاً*
(اَلْبَابُ الثَّانِی) فِی ذِکْرِ طُرُقِنَا فِی هٰذِهٖ الْمَسَانِیْدِ اِلٰی اَصْحَابِهَا*
(اَلْبَابُ الثَّالِثُ) فِیْمَا یَتَعَلَّقُ بِالاِیْمَانِ مِمَّا لَا یُذْکَرُ فِی الْفِقْهِ غَالِباً*
(اَلْبَابُ الرَّابِعُ) فِی الطَّهَارَةِ*
(اَلْبَابُ الْخَامِسُ) فِی الصَّلَاةِ*
(اَلْبَابُ السَّادِسُ) فِی الزَّکٰوةِ*
(اَلْبَابُ السَّابِعُ) فِی الصَّوْمِ*
(اَلْبَابُ الثَّامِنُ) فِی الْحَجِّ*
(اَلْبَابُ التَّاسِعُ) فِی الْبُیُوْعِ*
(اَلْبَابُ الْعَاشِرُ) فِی الصَّرْفِ*
(اَلْبَابُ الْحَادِیْ عَشَرَ) فِی الرَّهْنِ*
(اَلْبَابُ الثَّانِی عَشَرَ) فِی الْحَجْرِ*
(اَلْبَابُ الثَّالِثُ عَشَرَ) فِی الاِجَارَاتِ*
(اَلْبَابُ الرَّابِعُ عَشَرَ) فِی الشُّفْعَةِ*
(اَلْبَابُ الْخَامِسُ عَشَرَ) فِی الْمُضَارَبَةِ وَالشَّرْکَةِ*
(اَلْبَابُ السَّادِسُ عَشَرَ) فِی الْکَفَالَةِ*

(اَلْبَابُ السَّابِعُ عَشَرَ) فِی الصُّلْحِ*
(اَلْبَابُ الثَّامِنُ عَشَرَ) فِی الْھِبَةِ*
(اَلْبَابُ التَّاسِعُ عَشَرَ) فِی الْغَصَبِ*
(اَلْبَابُ الْعِشْرُوْنَ) فِی الْقَرْضِ وَالْوَدِیْعَةِ وَالْعَارِیَةِ*
(اَلْبَابُ الْحَادِی وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الْمَاذُوْنِ*
(اَلْبَابُ الثَّانِی وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الْمُزَارَعَةِ وَالْمُسَاقَاةِ*
(اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی النِّکَاحِ*
(اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الطَّلَاقِ*
(اَلْبَابُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی النَّفَقَاتِ*
(اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الْعِتَاقِ*
(اَلْبَابُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الْمُکَاتِبِ*
(اَلْبَابُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الْوَلَاءِ*
(اَلْبَابُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ) فِی الْجَنَایَاتِ*
(اَلْبَابُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الْحُدُوْدِ*
(اَلْبَابُ الْحَادِیْ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی السَّرِقَةِ*
(اَلْبَابُ الثَّانِی وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الْاُضْحِیَةِ وَالصَّیْدِ وَالذَّبَائِحِ*
(اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الْاَیْمَانِ*
(اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الدَّعْوٰی*
(اَلْبَابُ الْخَامِسُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الشَّھَادَاتِ*
(اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی اَدَبِ الْقَاضِی*
(اَلْبَابُ السَّابِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی السِّیَرِ*
(اَلْبَابُ الثَّامِنُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الْحَظْرِ وَالْاِبَاحَةِ*
(اَلْبَابُ التَّاسِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ) فِی الْوَصَایَا وَالْمَوَارِیْثِ*
(اَلْبَابُ الْاَرْبَعُوْنَ) فِی مَعْرِفَةِ مَشَائِخِ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ عَلٰی حُرُوْفِ الْمُعْجَمِ وَفِی ھٰذَا الْبَابِ فُصُوْلٌ*
(فَصْلٌ) فِی مَعْرِفَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الَّذِیْنَ لَھُمْ ذِکْرٌ فِی ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ*
(فَصْلٌ) فِی مَعْرِفَةِ مَشَائِخِ اَبِی حَنِیْفَةَ مِنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِیْنَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْھُم اَجْمَعِیْنَ وَیَقْرُبُ عَدَدُھُمْ

مِنْ ثَلَاثَ مِائَةِ شَيْخٍ*

(فَصْلٌ) فِي مَعْرِفَةِ اَصْحَابِ اَبِي حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِي هٰذَا الْكِتَابِ وَهُمْ خَمْسُ مِائَةٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ * وَفِيْهِ ذِكْرُ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الاِمَامُ الْمُعَظَّمُ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي مُسْنَدِهِ الَّذِي جَمَعَهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الاَصَمُّ وَجَمِيْعُ مَشَائِخِهِ فِيْهِ مِنْ اَصْحَابِ اَبِي حَنِيْفَةَ وَغَيْرِهِمْ اثْنَانِ وَثَلاثُوْنَ شَيْخاً *وَفِيْهِ ذِكْرُ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَالْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ وَّشُيُوْخُهُمْ مِنْ اَصْحَابِ اَبِي حَنِيْفَةَ*

(فَصْلٌ) فِي مَعْرِفَةِ اَصْحَابِ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

(فَصْلٌ) فِي مَعْرِفَةِ غَيْرِهِمْ مِنْ مَشَائِخِ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

....

اَلْبَابُ الاَوَّلُ فِي ذِكْرِ شَيْءٍ مِّنْ فَضَائِلِهِ الَّتِي تَفَرَّدَ بِهَا اِجْمَاعاً

فَنَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ مَنَاقِبُهُ وَفَضَائِلُهُ كَالْحِصٰى وَلاَ تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى وَلاَ يُمْكِنُ اَنْ يَسْتَقْصِيَ لٰكِنْ مِنْ فَضَائِلِهِ خَاصَّةً الَّتِي تَفَرَّدَ بِهَا وَلَمْ يُشَارِكْهُ اَحَدٌ اِجْمَاعاً مِنْ بَعْدِهِ فِيْهَا يُمْكِنُ حَصْرُهَا وَضَبْطُهَا فِي اَنْوَاعٍ عَشَرَةٍ*

(اَلْاَوَّلُ) فِي الاَخْبَارِ وَالآثَارِ الْمَرْوِيَةِ فِي مَدْحِهِ دُوْنَ مَدْحٍ مِّنْ بَعْدِهٖ*

(الثاني) فِي أنه ولد فِي زمن الصحابة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم والقرن الذى شهد له صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دون من بعده*

(اَلثَّالِثُ) فِي اَنَّهُ رُوِيَ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلرَّابِعُ) فِي تَبَرُّزِهٖ فِي عَهْدِ التَّابِعِيْنَ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلْخَامِسُ) فِي رِوَايَةِ الْكِبَارِ عَنْهُ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَعُلَمَآءِ الْمُسْلِمِيْنَ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلسَّادِسُ) فِي اَنَّهُ تَلَمَّذَ وَاسْتَفَادَ عَنْ اَرْبَعَةِ آلافٍ مِّنَ التَّابِعِيْنَ وَغَيْرِهِمْ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلسَّابِعُ) فِي اَنَّهُ اتَّفَقَ لَهُ مِنَ الاَصْحَابِ الْعُظَمَآءِ الْمُجْتَهِدِيْنَ مَا لَمْ يَتَّفِقْ لاَحَدٍ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلثَّامِنُ) فِي اَنَّهُ اَوَّلُ مَنِ اسْتَنْبَطَ حِكَمَ الاَحْكَامِ وَاَسَّسَ قَوَاعِدَ الْاِجْتِهَادِ وَبَالَغَ فِي الْاَحْكَامِ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلتَّاسِعُ) فِي اَنَّهُ لَمْ يَقْبَلِ الْعَطَايَا عَنْ خُلَفَاءِ الْبَرَايَا بَلْ اَفْضَلَ مَنْ كَسَبَهُ الْحَلَالُ عَلٰى جَمَاعَاتِ الْفُقَهَآءِ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

(اَلْعَاشِرُ) فِي وَفَاتِهٖ وَشَهَادَتِهٖ لِسَبَبِ تَوَرُّعِهٖ عَنِ الدُّنْيَا وَجَاهِهَا دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ*

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلام عَلَيۡكَ يَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ ، وَعَلٰى آلِكَ وَاَصۡحَابِكَ يَا حَبِيۡبَ اللّٰهِ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ کامل رحمتیں نازل فرمائے ہم سب کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر، آپ کی آل پاک پر اور آپ کے تمام اصحاب پر۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سب سے زیادہ کمزور اور حقیر شخص، جو عفو و درگزر کا سب سے زیادہ ضرورتمند ہے، اور جو سب سے زیادہ نادار ہے، یعنی محمد بن محمود جو کہ اقامت کے لحاظ سے عربی ہے اور پیدائش کے لحاظ سے ''خوارزمی'' ہے، وہ کہتا ہے: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے فضل سے اپنی شریعت کا مشروب پلایا جو کہ سب سے زیادہ صاف ستھرا ہے اور اپنے لطف اور مہربانی سے ہمیں شاندار لباس پہنائے ، اور اس نے سب سے اعلیٰ مطلع سے سید الاصفیاء، خاتم الانبیاء، شفیع الامم یوم الجزاء ﷺ (جو کہ قیامت کے دن امت کی شفاعت کرنیوالے ہیں) کو طلوع فرمایا، اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں آپ ﷺ پر، آپ کی آل پر اور ان اصحاب پر جنہوں نے اندھیرں کو دور فرمایا، جو کہ اولیاء کی تلواریں ہیں، اور دشمنوں کے لئے نشانہ ہیں۔

امابعد:

اللہ تعالیٰ نے ہمارے رسول اکرم ﷺ کو تمام انبیاء پر فضیلت عطاء فرمائی اور آپ ﷺ کی امت میں مجتہد علماء اور متبحر فقہاء پیدا فرمائے جیسا کہ خود رسول اللہ ﷺ نے ان کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے ''وہ ایسے فقہاء ہیں گویا کہ فقہ کے لحاظ سے وہ نبیوں کی مانند ہیں'' اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے

انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء

''بے شک اللہ کے بندوں میں سے علماء ہی اللہ سے ڈرتے ہیں''۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں متعدد مقامات پر ان کی تعریف و ثناء بیان کی ہے، اور اپنے نبی علیہ السلام کی زبانی ان کو اہل توراۃ و انجیل کے انبیاء کی مانند قرار دیا ہے چنانچہ ارشاد فرمایا

علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل

''میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی مانند ہیں''۔(۱)

اور اس امت کے سب سے اعلیٰ مجتہد، سب سے نفیس اعتقاد والے، سب سے زیادہ واضح ہدایت والے، اور سب سے زیادہ اچھے طریق سے صراط مستقیم پر گامزن وہ شخصیت ہیں جو امام الائمہ، اس امت کے چراغ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی رضی اللہ عنہ'' ہیں آپ نے شریعت کے چہرے سے چھپانے والے نقاب کو ہٹایا اور فقہ کی پیشانی سے اندھیروں کا بادل ہٹایا، آپ اپنے دلائل کی پختگی کی بناء پر اپنے زمانے کے علماء سے آگے نکلے، اور جہاں پاؤں پھسلنے کا ظن غالب تھا وہاں بھی ان کے قدم جمے

رہے انہوں نے اپنی تمام تر کاوشیں احکام واضح کرنے میں خرچ فرمائیں، ان کے بعد آنے والے علماء ومحدثین بھی امام اعظم کے بحر علم میں غوطے لگاتے ہیں، آپ کے افادات کے موتی چنتے ہیں، اور آپ کے یگانہ روزگار قیمتی موتیوں کو حاصل کرتے ہیں۔

جس نے ان کی تعظیم کی اور ان کو دل سے اپنانا چاہا اس نے حلال کو پالیا، اور دیگر فقہاء کو فقہ میں امام اعظم کے عیال قرار دیا، جیسا کہ حضرت امام شافعی مطلبی رحمۃ اللہ علیہ جو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کی اولاد امجاد میں سے ہیں: فرماتے ہیں

''لوگ (یعنی علماء) فقہ میں امام اعظم ابوحنیفہ کے عیال (یعنی بچے) ہیں''

اور اسی مفہوم کو شعر کی صورت میں بیان کیا ہے مشرق ومغرب کے سب سے بڑے خطیب ابوموئید مکی خوارزمی نے، وہ کہتے ہیں کہ یہ اشعار خوارزم میں مجھے صدر کبیر شرف الدین احمد بن موید بن موفق مکی رحمۃ اللہ علیہ نے سنائے، وہ کہتے ہیں کہ: میرے دادا صدر علماء، اخطب خطباء الشرق والغرب، صدر الائمہ، ابوالموید، موفق بن احمد مکی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کی مدح میں متعدد اشعار لکھے ہیں ان میں سے یہ بھی ہیں

''اس دنیا کے تمام امام بے شک وشبہ امام اعظم ابوحنیفہ کے عیال ہیں''

اللہ تعالیٰ نے حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کو اس مقام تک پہنچایا ہے جہاں صبح کی کرنیں پھوٹتی ہیں، اور ہواؤں کے دامن وہاں تک پہنچتے ہیں، جہاں سورج غروب ہونے کے لئے اپنی روشنیاں سمیٹ کر افق کی دوسری جانب لپیٹ لیتا ہے۔ اس مقام تک آپ کے مذہب، آپ کے طریقہ کار اور آپ کے انداز کو مشرق کے اکثر اہل اسلام نے، سند کے لوگوں نے، اہل روم نے اور عراق کی ایک جماعت نے اور شام کے لوگوں نے بہت پسندیدگی کے ساتھ اپنایا ہے، آپ سے حسد کرنے والے آپ سے بغض وعناد رکھنے والے اسی جلن میں جلتے رہیں۔

میں نے شام میں کچھ جاہل لوگوں کو دیکھا جو آپ کی شان میں تنقیص کرتے ہیں، آپ کے مقام کو چھوٹا قرار دیتے ہیں، دوسرے لوگوں کی برائی بیان کرتے ہیں، امام اعظم کی تحقیر کرتے ہیں اور کہتے ہیں: انہوں نے بہت کم احادیث روایت کی ہیں اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ حضرت ''ابوالعباس محمد بن یعقوب الاصم رحمۃ اللہ علیہ'' نے امام شافعی کی مسند کو جمع کیا ہے جو کہ مشہور ہے۔ حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کا مؤطا مشہور ہے اور حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند مشہور ہے اور وہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ امام اعظم ابوحنیفہ کی کوئی مسند نہیں ہے، بلکہ وہ چند گنی چنی احادیث روایت کیا کرتے ہیں۔

مجھے دینی ربانی غیرت آئی اور حنفی نعمانی تعلق نے مجھے ابھارا، میں نے ارادہ کرلیا کہ ان ۱۵ مسندات کو جمع کروں گا جن کو معتبر علمائے حدیث نے جمع کیا، ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام حافظ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب ابن حارث حارثی بخاری جو کہ ''عبداللہ الاستاذ'' کے نام سے مشہور ہیں، اللہ تعالیٰ ان پر وسیع رحمت فرمائے۔

(۲) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام حافظ ابو القاسم طلحہ بن محمد بن جعفر شاہد عدل رحمۃ اللہ علیہ نے جمع کیا ہے۔

(۳) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام حافظ ابوالخیر محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد نے جمع کیا ہے۔

(۴) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام حافظ ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد اصفہانی نے جمع کیا ہے۔

(۵) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام ثقہ عدل ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری نے جمع کیا ہے۔

(۶) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام حافظ صاحب الجرح والتعدیل ابواحمد عبداللہ بن عدی جرجانی رحمۃ اللہ علیہ نے جمع کیا ہے۔

(۷) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے امام حسن بن زیاد لولوی نے روایت کیا ہے۔

(۸) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو حضرت ''امام حافظ عمر بن الحسن الاشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے۔

(۹) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے، اس کو حضرت ''امام حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی الکلاعی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔

(۱۰) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو حضرت ''امام حافظ ابوعبداللہ محمد بن الحسین بن محمد ابن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے۔

(۱۱) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو حضرت ''امام ابویوسف قاضی یعقوب بن ابراہیم الانصاری نے جمع کیا ہے، امام ابویوسف نے جن احادیث کو امام اعظم سے روایت کیا ہے اس کو ''نسخہ ابویوسف'' کہا جاتا ہے۔

(۱۲) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو حضرت ''امام محمد بن الحسن شیبانی نے روایت کیا ہے۔ امام محمد نے یہ روایات امام اعظم سے لی ہیں اس مجموعے کو ''نسخہ محمد'' کہا جاتا ہے۔

(۱۳) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو امام اعظم کے صاحبزادے حضرت ''امام حماد بن ابی حنیفہ نے جمع کیا ہے۔ اور انہوں نے یہ روایات خود اپنے والد سے روایت کی ہیں۔

(۱۴) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو حضرت ''امام محمد بن حسن نے جمع کیا ہے ان میں زیادہ تر ایسی روایات ہیں جو امام اعظم نے تابعین سے روایت کی ہیں۔ اور امام محمد نے یہ احادیث امام اعظم سے روایت کی ہیں۔ ان کو ''آثار'' کہا جاتا ہے۔

(۱۵) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند ہے اس کو حضرت ''امام حافظ ابوالقاسم عبداللہ بن محمد ابن ابی العوام

السندی ''رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے۔

میں نے اللہ تعالیٰ سے توفیق مانگی اور ان تمام مسانید کی روایات کو فقہی ابواب کی ترتیب کے مطابق جمع کرنا شروع کیا اور انتہائی مختصر انداز میں ان کو سمیٹنا شروع کیا، ان میں معاد کو حذف کر دیا جہاں دو حدیثوں کی سند من وعن ایک جیسی تھی وہاں دوسری حدیث کی سند کو ترک کر دیا البتہ جہاں کہیں ایسی حدیث پائی جس میں دو مختلف ابواب کے احکام موجود تھے یا ان کی اسانید میں فرق تھا ان کو میں نے الگ ذکر کیا ہے تاکہ محنت اور کوشش کرنے والے عالم کی دلیل میں مضبوطی آئے اور وہ ہٹ دھرم جاہل کے شبہ کو ختم کر دے۔ اور اس کو یوں یقین حاصل ہو جائے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن مبارک نے جب امام اعظم کے بارے میں طعن سنا تو اس کے جواب میں آپ نے یہ دو اشعار کہے۔

لوگ اس جوان کے مرتبے کو جب نہ پہنچ پائے تو ان سے حسد کرنے لگ گئے اس لئے لوگ ان کے دشمن اور مخالف ہیں۔

جیسا کہ حسین وجمیل شخص سے جلنے والیاں حسد اور بغض کی بنا پر کہا کرتی ہیں ''وہ تو بدصورت ہے''

اور قاضی ابوعبداللہ صمیری مامون تک اپنی اسناد بیان کر کے فرماتے ہیں: انہوں نے خلیفہ مامون کے زمانے میں احادیث کی ایک کتاب لکھی اور مامون کو پیش کی، لوگوں نے کہا: امام اعظم ابوحنیفہ کے فلاں فلاں شاگرد جو آپ کی بارگاہ میں بہت مقرب ہیں وہ ان احادیث سے واقف نہیں ہیں۔ ایک لمبا قصہ بیان کیا پھر بات یہاں تک پہنچی کہ عیسیٰ بن ابان نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ''کتاب الحجۃ الصغیرۃ'' ہے، اس میں انہوں نے وجوہ الاخبار بھی بیان کی ہیں جن روایات کو قبول کرنا واجب ہے وہ بھی بیان کی ہیں اور جن کو رد کرنا واجب ہے ان کو بھی بیان کیا ہے، جن کی تاویل واجب ہے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ اور متضاد احادیث میں سے کس پر عمل واجب ہے یہ بھی بیان کیا ہے۔ اور اس میں انہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ کے دلائل بھی ذکر کئے ہیں، جب خلیفہ مامون نے اس کتاب کو پڑھا تو امام اعظم کا گرویدہ ہو گیا اور ابن المبارک کے وہ دونوں اشعار پڑھے، اکثر اصحاب مناقب نے اپنی سند ''مکرم بن احمد'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے کہ ہمیں علی بن حسین بن حبان نے اپنے والد کا یہ بیان سنایا ہے (وہ فرماتے ہیں) امام ائمۃ الحدیث جن کے ہاتھ جرح وتعدیل کی لگام ہے یعنی حضرت ''امام یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے سامنے جب کسی ایسے شخص کا ذکر کیا جاتا جو امام اعظم پر طعن کرتا تھا تو وہ بھی علامہ ابن المبارک کے وہ دو شعر پڑھتے۔

صدر الکبیر شرف الدین احمد بن موید بن موفق مکی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے وہ اشعار سنائے اور انہوں نے فرمایا: میرے دادا صدر علامہ، شرق وغرب کے سب سے بڑے خطیب، ابوالموید موفق بن احمد مکی خوارزمی نے مجھے یہ اشعار سنائے۔

ایا جبلی نعمان ان حصا کما   لتحصی ولا تحصیٰ فضائل نعمان

اے نعمان کے دو پہاڑ و تمہاری کنکریاں گنی جا سکتی ہیں لیکن نعمان کے فضائل نہیں گنے جا سکتے

جلائل کتب الفقہ طالع تجد بھا   دقائق نعمان شقائق نعمان

فقہ کی بڑی بڑی کتابوں کا مطالعہ کر کے دیکھ لو تمہیں ان میں نعمان کی باریکیاں اور نعمان کی تشریحات ملیں گی۔

میں نے اللہ سے سوال کیا جس کی نعمتیں بے انتہا ہیں اور جس کی رحمت اس کے غضب پر حاوی ہے کہ وہ ہم گنہگاروں پر اپنی

مغفرت کے سمندروں کی برسات کر دے اس کے ساتھ ہماری سیاہیوں کو دھو دے اور ہمارے گناہوں کو بخش دے بے شک وہی سخی ہے، کریم ہے، اچھا صلہ دینے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے۔

اور میں نے ارادہ کیا کہ میں ان مسانید کو مختصر کی ترتیب کے مطابق ۴۰ ابواب میں جمع کروں اور اس عمل میں نیت خالص ثواب کی تھی کیونکہ جو شخص رسول اکرم ﷺ کی ۴۰ احادیث نقل کرے اور امت تک پہنچائے اس کی فضیلت کے بارے میں ایک حدیث شریف مروی ہے، اس کو حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت ابو سعید، حضرت ابو ہریرہ، حضرت ابوالدرداء، اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہم نے روایت کیا ہے، سب نے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کیا ہے ان کے الفاظ اگرچہ مختلف ہیں لیکن مطلب سب کا ایک ہی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی حدیث

اس حدیث کی اسناد درج ذیل ہے

(۱) حضرت ''سلطان الطریقہ، برہان الحقیقہ، نجم الدین ابو جناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خیوفی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''۔ ۶۱۵ ہجری میں ان کے پاس حدیث کی سماعت ہوئی اور میں بھی وہاں سن رہا تھا یہ بات جرجانیہ خوارزم کی ہے اللہ تعالیٰ اس کو دوبارہ آباد کرے اور اللہ تعالیٰ اس پر کوئی اچھے نظام والا حکمران بھیج دے۔

(۲) حضرت ''شیخ عدل ثقہ معمر صالح بن شجاع بن محمد مدلجی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے مصر میں حدیث پڑھائی (اللہ تعالیٰ قیامت تک اس کی حفاظت فرمائے)

(۳) حضرت ''شیخ معمر ابونصر اغر بن ابی نصر بن علیق رحمۃ اللہ علیہ''۔ شہر سلام کی جامع مسجد المنصور میں ان کی مجلس میں یہ حدیث پڑھی گئی اور میں بھی ان کی روایت کو سن رہا تھا۔

(۴) حضرت ''امام حافظ شیخ الاسلام ابو طاہر احمد بن محمد بن احمد سلفی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے پہلے شیخ سے یہ حدیث سنی ہے۔ اور دوسرے شیخ سے اس حدیث کی روایت کی اجازت ملی ہے۔

(۵) حضرت ''ابوعبداللہ قاسم بن فضل بن محمود ثقفی رحمۃ اللہ علیہ'' (اصفہان کے علماء کے رئیس ہیں) ۴۸۸ ہجری میں ان سے حدیث پڑھی۔ ان کی ولادت ۳۹۸ ہجری کو ہوئی اور ان کا وصال ۴۸۹ کو ہوا۔

(۶) حضرت ''ابواحمد عبداللہ بن عمر عبدالعزیز کرخی رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۷) حضرت ''ابوبکر محمد بن حسین آجری رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۸) حضرت ''ابوعبداللہ بن محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۹) حضرت ''ابومحمد جعفر بن محمد خندفی رحمۃ اللہ علیہ''۔ وہ صاحب حفظ شخص ہیں۔

(۱۰) حضرت ''محمد بن ابراہیم سائح رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۱) حضرت ''عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابی رواد رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۲) حضرت ''عبدالعزیز بن ابورواد رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۳) حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۴) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے مروی ہے' حضرت ''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے دینی معاملات میں ۴۰ حدیثیں میری امت تک پہنچائیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو فقہاء کی جماعت میں اٹھائے گا''

اسی حدیث کی دوسری سند

(۱) حضرت ''ابوالدر یاقوت بن عبداللہ جوہری رحمۃ اللہ علیہ (میں نے یہ حدیث پڑھ کر ان کو سنائی)

○ حضرت ''شیخ ثقہ عدل محمد بن عبداللہ بن محمد بن ابوفضل سلمی رحمۃ اللہ علیہ

○ حضرت ''شیخ معمر حسن بن محمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ نے مصر میں بیان کیا۔ تینوں شیخ فرماتے ہیں:

○ یہ حدیث مجھے حضرت ''امام تاج الدین ابوقاسم منصور بن عبدالمنعم بن عبداللہ بن محمد بن صاعد فراری رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کی اس طرح کہ میں نے یہ حدیث نیشاپور کے شاذباخ کے علاقے میں پڑھ کر ان کو سنائی۔

○ وہ فرماتے ہیں: ہمیں یہ حدیث حضرت ''ابومحمد بن صاعد فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ہے۔

○ وہ فرماتے ہیں: ہمیں حضرت ''شیخ ذکی ابوالحسن عبدالقاہر بن محمد فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ حدیث لکھوائی ہے۔

○ وہ فرماتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوحمزہ محمد بن احمد بن حمدان حیزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ہے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''حسن بن سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ہے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''علی بن حجر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ہے۔

○ وہ فرماتے ہیں: ہمیں حضرت ''اسحاق بن نجیح رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

○ انہوں نے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○ انہوں نے حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○ انہوں نے حضرت ''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے سنت میں سے ۴۰ احادیث میری امت تک پہنچائیں قیامت کے دن میں اس کی شفاعت کروں گا''

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی حدیث

حدیث کی سند درج ذیل ہے

○ حضرت ''شیخ شیوخ الطریقہ امام ائمۃ الحقیقہ نجم الدین ابوجناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خوارزمی خیوفی رحمۃ اللہ علیہ''، میں

نے یہ حدیث ان کے سامنے خوارزم جرجانیہ میں ۶۱۷ ہجری میں پڑھی۔

○حضرت ''حافظ ابوطاہر احمد بن محمد بن احمد سلفی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ''۔(انہوں نے اسکندریہ میں یہ حدیث پڑھائی)

○حضرت ''قاضی ابونصر محمد بن علی بن عبداللہ بن احمد بن صالح بن سلیمان بن ودعان رحمۃ اللہ علیہ''۔ جب وہ ہمارے پاس بغداد تشریف لائے تو میں نے حضرت ''حاکم موصل رحمۃ اللہ علیہ'' کے سامنے یہ حدیث بیان کی، انہوں نے میری حدیث کی تائید کی۔ میں نے کہا: آپ کو آپ کے چچا حضرت ''شیخ امام ابوالفتح احمد بن عبداللہ بن احمد بن ودعان رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ہے۔انہوں نے اس کی سند یوں بیان کی

○حضرت ''ابوسعید الآملی رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''قاضی ابومحمد عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''قاضی ابومحمد عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے والد۔

○حضرت ''ابوالحسن بن صباح بزار رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما'' سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے ان لوگوں تک میری ۴۰ حدیثیں پہنچائیں جن کو مجھ سے ملاقات کا شرف حاصل نہ ہوسکا، میں اس کو علماء کے زمرہ میں دیکھ رہا ہوں اور اس کا حشر شہداء کے ہمراہ کرونگا اور جس نے میری طرف جھوٹ منسوب کیا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے''

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث

مذکورہ شیخ نے اپنی سند حضرت ''ابوالفتح احمد بن عبداللہ بن احمد بن ودعان رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر آگے یہ سند بیان کی

○حضرت ''ابوالعباس احمد بن حسن مؤدب رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''رملہ میں علی بن شعیب بزار رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''اسماعیل بن ابراہیم اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''عباد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''عبدالرحمن بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ''

○حضرت ''ابن سباع کے آزاد کردہ غلام رحمۃ اللہ علیہ''

○مذکورہ سند کے ہمراہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے میری سنتوں پر مشتمل ۴۰ حدیثیں میری امت تک پہنچائیں قیامت کے دن میں اس کو اپنی شفاعت میں شامل کرونگا''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث

○ حضرت ''نجم الدین ابو جناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خوارزمی خیوقی رحمۃ اللہ علیہ''

○ خوارزم جرجانیہ میں یہ حدیث ان کے سامنے پڑھی گئی اور میں اس کو سن رہا تھا۔

○ حضرت ''شیخ معمر صالح، صالح بن محمد مدلجی رحمۃ اللہ علیہ'' (مصر میں بیان کی)

○ حضرت ''شیخ معمر ابونصر اغر بن ابی الفضائل فضائل بن ابی نصر بن علیق رحمۃ اللہ علیہ''

○ انہوں نے حضرت ''ابو طاہر احمد بن محمد بن احمد سلفی رحمۃ اللہ علیہ'' کی روایت کے مطابق حدیث بیان کی ہے۔ (اس کے بعد سند یہ ہے)

○ حضرت ''ابوظفر سعد بن حسن جصاص رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ہے

○ حضرت ''ابوسہل احمد بن احمد صیرفی۔ رحمۃ اللہ علیہ''

○ حضرت ''عبداللہ بن احمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ حضرت ''محمد بن عمر بن حفص رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ حضرت ''عبداللہ بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ حضرت ''سہل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ حضرت ''اسحاق بن نجیح رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ حضرت ''عطاء (ابن ابی رباح) رحمۃ اللہ علیہ''۔

○ (مذکورہ سند کے ہمراہ) حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے میری ۴۰ حدیثیں روایت کیں اس کو قیامت کے دن علماء کی جماعت میں اٹھایا جائے گا''

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث

یہ حدیث بھی تین مشائخ سے مروی ہے (وہ تین مشائخ یہ ہیں)

(۱) حضرت ''ابوطاہر سلفی رحمۃ اللہ علیہ''

(۲) حضرت ''ابوسعد ہبۃ اللہ بن علی بن فضل شیرازی رحمۃ اللہ علیہ''

(۳) حضرت ''ابوطالب محمد بن محمد بن محمد بن ابراہیم بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ (ان کے بعد سند اس طرح ہے)

○ حضرت ''ابوبکر محمد بن ابراہیم شافعی رحمۃ اللہ علیہ''

○ حضرت ''عبداللہ بن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ''

○ حضرت ''فضل بن غانم رحمۃ اللہ علیہ''
○ حضرت ''عبدالملک بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''
○ حضرت ''عبدالملک بن ہارون کے والد رحمۃ اللہ علیہ''
○ حضرت ''عبدالملک بن ہارون کے دادا رحمۃ اللہ علیہ''
○ (مذکورہ سند کے ہمراہ) حضرت ''ابودرداء رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے' وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس نے میری امت کے دینی امور کے متعلق ۴۰ حدیثیں امت تک پہنچائیں، اللہ تعالیٰ اس کو فقہاء میں اٹھائے گا اور قیامت کے دن میں اس کا گواہ و شفیع ہونگا''

اب میں اللہ کی توفیق سے (اپنا مدعیٰ) عرض کرتا ہوں، میرے لئے وہی کافی ہے اور وہی کارساز ہے۔

جامع المسانید کے ابواب کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(باب۔۱) اس میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے فضائل کا ذکر ہے۔ جو صرف حضرت ''امام اعظم کا خاصہ ہیں اور اس پر امت کا اجماع ہے۔

(باب۔۲) اس میں ہمارے ان طرق کا تذکرہ ہے جو ان مسانید میں ان کے اصحاب تک پہنچتے ہیں۔

(باب۔۳) اس میں ایمانیات سے متعلق ایسی احادیث کا ذکر ہے جن کو عموماً فقہ میں بیان نہیں کیا جاتا۔

(باب۔۴) طہارت کے بیان میں

(باب۔۵) نماز کے بیان میں

(باب۔۶) زکوٰۃ کے بیان میں

(باب۔۷) روزہ کے بیان میں

(باب۔۸) حج کے بیان میں۔

(باب۔۹) بیوع کے بیان میں۔

(باب۔۱۰) صرف کے بیان میں۔

(باب۔۱۱) رھن کے بیان میں۔

(باب۔۱۲) حجر کے بیان میں۔

(باب۔۱۳) اجارہ کے بیان میں۔

(باب۔۱۴) شفعہ کے بیان میں۔

(باب۔۱۵) مضاربت اور شرکت کے بیان میں۔

(باب۔۱۶) کفالہ کے بیان میں۔

(باب۔۱۷) صلح کے بیان میں۔

(باب۔۱۸) ہبہ کے بیان میں۔

(باب۔۱۹) غصب کے بیان میں۔

(باب۔۲۰) قرض، ودیعت اور عاریت کے بیان میں۔

(باب۔۲۱) ماذون کے بیان میں۔

(باب۔۲۲) مزارعہ اور مساقاۃ کے بیان میں۔

(باب۔۲۳) نکاح کے بیان میں۔

(باب۔۲۴) طلاق کے بیان میں۔

(باب۔۲۵) نفقات کے بیان میں۔

(باب۔۲۶) عتاق کے بیان میں۔

(باب۔۲۷) مکاتب کے بیان میں۔

(باب۔۲۸) ولاء کے بیان میں۔

(باب۔۲۹) جنایات کے بیان میں۔

(باب۔۳۰) حدود کے بیان میں۔

(باب۔۳۱) سرقہ کے بیان میں۔

(باب۔۳۲) اضحیہ، صید، ذبائح کے بیان میں۔

(باب۔۳۳) ایمان کے بیان میں۔

(باب۔۳۴) دعویٰ کے بیان میں۔

(باب۔۳۵) شہادات کے بیان میں۔

(باب۔۳۶) ادب القاضی کے بیان میں۔

(باب۔۳۷) السیر کے بیان میں۔

(باب۔۳۸) حظر واباحت کے بیان میں۔

(باب۔۳۹) وصایا اور مواریث کے بیان میں۔

(باب۔۴۰) اس میں ان مسانید کے راویوں کا ذکر حروف تہجی کے لحاظ سے کیا گیا ہے اور اس میں چند فصلیں ہیں۔

(پہلی فصل) اس میں ان صحابہ کرام کا تذکرہ ہے جن کے اسمائے گرامی ان مسانید میں مذکور ہیں۔

(دوسری فصل) اس میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان مشائخ کا ذکر ہے جو صحابہ کرام اور تابعین میں سے

ہیں۔ان کی تعداد ۳۰۰ کے قریب ہے۔

(تیسری فصل) اس میں حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان کے شاگردوں کا ذکر ہے جنہوں نے اس کتاب میں حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ان کی تعداد ۵۰۰ یا اس سے بھی زیادہ ہے۔اور ان میں ان محدثین کا ذکر ہے جو حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد ہیں اور ان سے حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں روایت کی ہے۔جس کو حضرت ''ابوالعباس محمد بن یعقوب اصم رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے۔اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ایسے جمیع مشائخ کا ذکر ہے جو کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد ہیں اور کچھ شیوخ کا بھی تذکرہ ہے۔یہ ۳۲ شیوخ ہیں۔اسی فصل میں ان مسانید میں مذکور دیگر محدثین کا تذکرہ ہے۔

(چوتھی فصل) اس میں ان مسانید میں مذکور دیگر محدثین کا تذکرہ ہے۔

(پہلا باب) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے وہ فضائل جن میں آپ اجماعاً یکتا ہیں۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے فضائل و مناقب اس قدر ہیں کہ ان کو شمار نہیں کیا جاسکتا اور نہ مکمل طور پر ان کو بیان کیا جاسکتا ہے۔تاہم حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے وہ فضائل جو صرف انہی کا خاصہ ہیں اور ان فضائل میں دوسرا کوئی بھی آپ کا شریک نہیں ہے،اور آپ کے بعد یہ مقام و مرتبہ اور کسی کے حصہ میں نہیں آیا۔ان کو ۱۰ انواع میں بیان کیا جارہا ہے۔

(پہلی نوع)

اس میں ان اخبار و آثار کا ذکر ہے جو بنفس نفیس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی شان میں مروی ہیں اور آپ کے بعد کسی اور کو یہ مقام نہیں ملا۔

(دوسری نوع)

اس نوع میں یہ بیان ہے کہ

''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' صحابہ کرام کے زمانہ میں پیدا ہوئے''

اور یہ وہ زمانہ ہے جس کے بارے میں خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گواہی دی ہے۔اور یہ مرتبہ بعد کے زمانے والوں کو میسر نہیں ہے۔

(تیسری نوع)

اس بارے میں کہ

''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' وہ شخصیت ہیں جنہوں نے صحابہ کرام سے روایت کی ہے''

آپ کے بعد والوں کو یہ منصب نصیب نہیں ہوا۔

(چوتھی نوع)

اس بارے میں کہ

''آپ کا ظہور تابعین کے زمانہ میں ہے''

آپ کے بعد والوں کو یہ مقام بھی نہیں ملا۔

(پانچویں نوع)

اس بارے میں کہ

''کبار تابعین نے اور علماء مسلمین نے ان سے روایت کی ہیں''

آپ کے بعد والوں کو یہ فضیلت بھی نہیں ملی۔

(چھٹی نوع)

اس بارے میں کہ

''کم وبیش ۴۰۰۰ تابعین سے آپ نے تلمذ کیا (یعنی شاگردی کی)''

آپ کے بعد اور کسی کو یہ مقام نہیں ملا۔

(ساتویں نوع)

اس بارے میں کہ

''بڑے بڑے عظیم مجتہدین آپ کی رائے سے متفق ہو جاتے ہیں''

جب کہ اور کسی مجتہد کی رائے سے اس قدر اتفاق بہت کم ہوتا ہے۔

(آٹھویں نوع)

اس بارے میں کہ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے احکام مستنبط کئے اور اجتہاد کے قواعد مقرر کئے''

اور احکام مستنبط کرنے میں بہت محنت فرمائی، آپ کے بعد اور کسی نے ایسا نہیں کیا۔

(نویں نوع)

اس بارے میں کہ

''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حکمرانوں کے تحائف کبھی قبول نہیں کئے''

بلکہ اپنی حق حلال کی کمائی میں سے فقہاء کی جماعت کی خدمت کیا کرتے ہیں۔ آپ کے بعد یہ فضیلت بھی کسی کے حصہ میں نہیں آئی۔

(دسویں نوع)

اس بارے میں کہ

''آپ کی وفات اور آپ کی شہادت دنیا سے بے رغبتی کے باعث ہوئی''

اور اس سے دور رہنے کے سبب ہوئی یہ مقام بھی کسی اور کو نہیں ملا۔

☆أما النوع الأول☆

[1]

فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ الصَّدْرُ الْكَبِيْرُ شَرْفُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُؤَيَّدِ بْنِ مُوَفَّقِ بْنِ اَحْمَدَ الْمَكِيِّ بِخَوَارَزْم **قَالَ** اَخْبَرَنِیْ جَدِّیْ الصَّدْرُ الْعَلَّامَةُ اَبُو الْمُؤَيَّدِ مُوَفَّقُ ابْنُ اَحْمَدِ الْمَكِيِّ قَالَ اَخْبَرَنَا الشَّيْخُ الزَّاهِدُ **مُحَمَّدُ بْنُ** اِسْحَاقَ السِّرَاجِیُّ الْخَوَارَزِمِیُّ اَخْبَرَنَا اَبُو جَعْفَرٍ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ الْكَرَابِيْسِیُّ اَخْبَرَنَا الإمَامُ اَبُو الْفَضْلِ **مُحَمَّدُ** بْنُ الْحَسَنِ النَّاصِحِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُو سَهْلٍ عَبْدُ الْحَمِيْدِ ابْنِ مُحَمَّدٍ **الطَّوَّافِیُّ** حَدَّثَنَا اَبِی حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ يُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ الْبَصَرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو يُوْسُفَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاعِظُ **فِی رِبَاطِ** اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَدْهَمٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ نَصِيْرٍ الْوَرَّاقُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰه الْمَامُوْنِ بْنِ **اَحْمَدِ بْنِ** خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِیِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِیِّ الْحَنَفِیِّ حَدَّثَنَا فَضْلُ بْنُ مُوْسٰی السِّيْنَانِیُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ **عَمْرٍو عَنْ اَبِی** سَلْمَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِی اُمَّتِی رَجُلٌ يُّقَالُ لَهٗ اَبُوْحَنِيْفَةَ هُوَ سِرَاجُ **اُمَّتِی يَوْمَ** الْقِيَامَةِ *

(پہلی نوع)

اس میں ان اخبار و آثار کا ذکر ہے جو بنفس نفیس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی شان میں مروی ہیں اور آپ کے **بعد کسی** اور کو یہ مقام نہیں ملا۔

(۱)

○ مجھے خبر دی ہے حضرت ''الصدر الکبیر شرف الدین احمد بن مؤید بن موفق احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خوارزم میں

○ وہ کہتے ہیں: مجھے خبر دی ہے میرے دادا حضرت ''الصدر العلامہ ابوالمؤید موفق بن احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''الشیخ الزاہد محمد بن اسحاق سراجی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوجعفر عمر بن احمد کراسی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''امام ابوالفضل محمد بن حسن ناصحی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوسہیل عبدالمجید بن محمد طوانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوالقاسم یونس بن طاہر بصری رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابویوسف احمد بن محمد واعظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ابراہیم بن ادہم کے قلعہ میں)

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن نصیر وراق رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوعبداللہ مانون بن احمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوعلی حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○انہوں نے حضرت ''محمد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابوسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

''میری امت میں ابوحنیفہ نامی ایک شخص ہوگا، وہ قیامت کے دن میری امت کا چراغ ہوگا''

[2,3]

(وَاَنْبَانَاهُ) عَالِياً الْمَشَائِخُ الْخَمْسَةِ *الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بِنِ مَسْلِمَةَ *وَالشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ اَبُو الْفَضْلِ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ الْعِرَاقِيُّ كِلَاهُمَا بِدِمَشْقٍ وَالشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ ضِيَاءُ الدِّيْنِ صَفْرُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ صَفْرٍ *وَالشَّيْخُ الْفَقِيْهُ شَرَفُ الدِّيْنِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كِلَاهُمَا بِحَلَبٍ * وَالشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ عِيْسٰى بْنُ سَلَامَةَ بْنِ سَالِمِ الْخَيَّاطُ الْحِرَانِيُّ بِحِرَانَ كُلُّهُمْ عَنْ اَبِی الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِيِّ بْنِ أَحْمَدَ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْبَطِّيِّ عَنْ اَبِی الْفَضْلِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ عَنِ الْقَاضِی اَبِی الْعَلَاءِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الْوَاسِطِيُّ وَاَبِی عَبْدِ اللّٰه اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الْقَصْرِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ اَبِی زَيْدِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَامِرِ الْكِنْدِيِّ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ الْمَرْوَزِيُّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ يَاسِر بْنِ جَابِرٍ عَنْ بَشْرِ بْنِ يَحْيٰى عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى السِّيْنَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَوَ هُوَ ابْنُ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصِ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِی سَلْمَةَ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّ فِی اُمَّتِی رَجُلاً *وَفِی حَدِيْثِ الْقَصْرِيِّ *يَكُوْنُ فِی اُمَّتِی رَجُلٌ اسْمُهُ النُّعْمَانَ وَ كُنْيَتُهُ اَبُوْحَنِيْفَةَ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِی هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِی هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِی *

(قَالَ) اَبُوْ الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيُّ كَتَبَ عَنِّی هٰذَا الْحَدِيْثَ الْقَاضِیُّ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الصَّيْمَرِيُّ *وَاَخْرَجَهُ الْحَافِظُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خِسْرُو الْبَلْخِيُّ فِی مُسْنَدِهِ عَنْ اَبِی الْفَضْلِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيُّ وَاَبِی عَبْدِ اللّٰهِ الْقَصْرِيُّ كَمَا اَخْرَجْنَاهُ *وَاَخْرَجَهُ الْحَافِظُ اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ

ثَابِتٍ الْخَطِيْبُ فِي تَارِيْخِهٖ لِبَغْدَادٍ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيِّ وَاَبِي عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ بْنِ عَلِيِّ الْقَصَرِيِّ كَمَا اَخْرَجْنَاهُ * وَاَخْرَجَهُ الْقَاضِيُّ اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي ابْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطِيْبِ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ وَاَبِي عَبْدِ اللّٰهِ كَمَا اَخْرَجْنَاهُ *

(۴،۲)

سند عالی کے ساتھ ہمیں پانچ مشائخ نے حدیث بیان کی (۱) حضرت ''الشیخ المعمر احمد بن مفرج بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''

(۲) حضرت ''الشیخ المعمر ابوالفضل اسماعیل بن احمد بن حسین عراقی رحمۃ اللہ علیہ'' ان دونوں بزرگوں نے دمشق میں حدیث بیان کی

(۳) حضرت ''الشیخ المعمر ضیاء الدین صفر بن یحییٰ بن صفر رحمۃ اللہ علیہ''

(۴) حضرت ''الشیخ الفقیہ شرف الدین عبدالرحمٰن بن عبدالرحیم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' ان دونوں بزرگوں نے حلب میں حدیث بیان کی

(۵) حضرت ''الشیخ معمر عیسیٰ بن سلامہ بن سالم بن سالم خیاط اکرانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حران میں بیان کی۔

○ یہ پانچوں بزرگ حضرت ''ابوالفتح محمد بن عبدالباقی بن احمد معروف بابن البطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

○ انہوں نے حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

○ انہوں نے حضرت ''قاضی ابوالعلاء محمد بن علی واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ اور حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن علی قصوبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے

○ ان دونوں نے حضرت ''ابوزید حسین بن حسن بن علی بن عامر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

○ انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن سعید مرزوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○ انہوں نے حضرت ''سلیمان بن جابر بن سلیمان بن یاسر بن جابر رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○ انہوں نے حضرت ''بشر بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○ انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○ انہوں نے حضرت ''محمد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے (یہ حضرت ''علقمہ بن وقاص لیثی رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحبزادے ہیں)

○ انہوں نے حضرت ''ابوسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ انہوں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اس کے مطابق حدیث میں ''ان فی امتی رجلا'' کے الفاظ ہیں جبکہ قصری سے مروی حدیث میں یہ الفاظ ہیں ''یکون فی امتی رجل'' یعنی)

''میری امت میں ایک شخص ہوگا اس کا نام ''نعمان'' ہوگا اس کی کنیت ''ابوحنیفہ'' ہوگی وہ میری امت کا چراغ ہوگا، وہ میری امت کا چراغ ہوگا، وہ میری امت کا چراغ ہوگا''

حضرت ''ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں کہ یہ حدیث مجھ سے حضرت ''قاضی ابوعبداللہ صمیری رحمۃ اللہ علیہ'' نے لکھی ہے اور اس کو حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ قصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے جیسا کہ ہم نے بھی اس کو نقل کیا ہے۔ اور اسی حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابوالعلاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ جیسا کہ ہم نے اس کو نقل کیا ہے۔

[4,5]

(وَاَخْبَرَنِی الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَةُ) شَرَفُ الدِّیْنِ الْحَسَنُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ یُوْسُفَ بِمَحْرُوْسَةِ دِمَشْقٍ * وَشَرَفُ الدِّیْنِ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمُحْسِنِ الْاَنْصَارِیّ بِحَمَاهُ مِنْ بِلَادِ الشَّامِ حَمَاهَا اللّٰهُ تَعَالٰی وَعِزُّ الدِّیْنِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ ابْنِ رِزْقِ اللّٰهِ اِذْنًا كُلُّهُمْ عَنْ اَبِی الْیُمْنِ زَیْدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَیْدٍ الْكِنْدِیّ عَنْ اَبِی مَنْصُوْرٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِی الْحَسَنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ رَوْحٍ النَّهْرَوَانِیُّ عَنْ اَبِی بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسٰی الْقَطِیْعِیُّ عَنْ اَبِی اَحْمَدَ مُحَمَّدِ ابْنِ حَامِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِیِّ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ قَیْسٍ عَنْ اَبِی الْمُعَلَّاتِ الْمُهَاجِرِ عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِی عَیَّاشٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَیَأْتِی مِنْ بَعْدِیْ رَجُلٌ یُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ وَیُكَنّٰی اَبَا حَنِیْفَةَ لَیُحْیِیَنَّ دِیْنَ اللّٰهِ وَسُنَّتِی عَلٰی یَدَیْهِ *

وَاَخْرَجَهُ الْحَافِظُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خِسْرُو عَنْ اَبِی الْحَسَنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ رَوْحٍ النَّهْرَوَانِیّ كَمَا اَخْرَجْنَاهُ * وَاَخْرَجَهُ الْحَافِظُ اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِیٍّ ابْنِ ثَابِتٍ الْخَطِیْبُ فِی تَارِیْخِهٖ عَنْ اَبِی الْحَسَنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ رَوْحِ النَّهْرَوَانِیِّ كَمَا اَخْرَجْنَاهُ * وَاَخْرَجَهُ الْقَاضِیُ اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِی عَنْ اَبِی بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِیٍّ بْنِ ثَابِتِ الْخَطِیْبِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ رَوْحِ النَّهْرَوَانِیّ بِاِسْنَادِهٖ كَمَا اَخْرَجْنَاهُ * وَقَدْ اَخْرَجَ هٰذَیْنِ الْحَدِیْثَیْنِ جَمَاعَةٌ مِنَ الْحُفَّاظِ الثِّقَاتِ یَطُوْلُ ذِكْرُ طُرُقِهِمَا * وَقَدْ قَالَ الْخَطِیْبُ فِی تَارِیْخِهٖ اَحْمَدُ بْنُ رَوْحٍ كَانَ صَدُوْقًا اَدِیْبًا اَحْسَنَ الْمُذَاكَرَةِ مَلِیْحَ الْمُحَاضَرَةِ *

(۵،۴)

اور مجھے مشائخ ثلاثہ نے یہ حدیث بیان کی ہے (مشائخ ثلاثہ سے مراد یہ محدثین ہیں)

(۱) حضرت ''شرف الدین حسن بن ابراہیم بن حسین بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے محروسہ دمشق میں یہ حدیث بیان کی

(۲) حضرت ''شرف الدین ابو محمد عبدالعزیز بن محمد عبدالمحسن انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بلاد شام میں یہ حدیث بیان کی اللہ تعالیٰ اس علاقے کی حفاظت فرمائے۔

(۳) حضرت ''عزالدین عبدالرزاق بن رزق اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کی ، اسطرح کہ اس حدیث کی روایت کی اجازت عطا فرمائی

○ان تینوں بزرگوں نے حضرت ''ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

○انہوں نے حضرت ''ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''احمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابوالحسن احمد بن عمر بن روح نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن اسحاق بن محمد بن عیسیٰ قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابواحمد محمد بن حامد بن محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''محمد بن یزید بن عبداللہ سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''سلیمان بن قیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابوالعلاء مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابان بن ابی عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

''میرے بعد عنقریب ایک شخص پیدا ہوگا ، اس کا نام ''نعمان بن ثابت'' ہوگا اس کی کنیت ''ابوحنیفہ'' ہوگی ، اس کے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ کا دین اور میری سنت زندہ ہوگی۔

○اسی حدیث کو حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوحسن احمد بن عمر بن روح نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے جیسا کہ ہم نے اس کو روایت کیا ہے۔ اسی کو حضرت ''حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب ''تاریخ بغداد'' میں حضرت ''ابوحسن احمد بن عمر بن روح نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے جیسا کہ ہم نے اس کو روایت کیا ہے۔

○ان دونوں حدیثوں کو حافظ اور ثقہ محدثین کی پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے ان کے طرق کو بیان کرنا طوالت کا باعث ہوگا۔ خطیب بغدادی نے اپنی کتاب ''تاریخ بغداد'' میں فرمایا ہے ''احمد بن روح صدوق تھے۔ ادیب تھے حسن المذاکرہ (یعنی اچھے انداز میں مذاکرہ کرنے والے) تھے اور ملیح المحاضرہ (یعنی میٹھی گفتگو کرنے والے) تھے۔

[6]

وَقَدْ اَنْبَاَنِي الصَّدْرُ الْكَبِيْرُ شَرَفُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُؤَيَّدِ بْنِ مُوَفَّقِ ابْنِ اَحْمَدَ الْمَكِّي الْخَوَارَزِمِيّ عَنْ جَدِّهٖ

صَدْرُ الأئِمَّةِ اَبِی الْمُؤَیِّدِ مُوَفَّقِ بْنِ اَحْمَدَ الْمَکِّیِّ عَنْ عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ اَحْمَدَ الْبَرَاتِقِیْنِیِّ عَنِ الإمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ السِّرَاجِیِّ الْخَوَارَزْمِیِّ عَنْ اَبِی حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ الْکَرَابِیْسِیِّ عَنْ اَبِی الْفَتْحِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ النَّاصِحِیِّ عَنِ الزَّاهِدِ اَبِی مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِی سَهْلٍ عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الطَّوَّافِیِّ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِی الْقَاسِمِ یُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ النَّضَرِیِّ عَنْ اَبِی نَصْرٍ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَیْنِ الاَدِیْبِ عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بَشَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ بَشَرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ یَظْهَرُ مِنْ بَعْدِی رَجُلٌ یُعْرَفُ بِاَبِی حَنِیْفَةَ یُحْیِی اللّٰهُ سُنَّتِی عَلٰی یَدَیْهِ*

(۶)

- اور مجھے حضرت ''صدر الکبیر شرف الدین احمد بن مؤید بن موفق ابن احمد مکی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے
- انہوں نے ان کے دادا حضرت ''صدر الائمہ ابو مؤید موفق بن احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے
- انہوں نے حضرت ''عبدالحمید بن احمد برتقینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''امام محمد بن اسحاق سراجی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''ابوحفص عمر بن احمد کربیسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''ابوالفتح محمد بن حسن ناصحی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''الزاہد ابومحمد حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''ابوسہل عبدالحمید بن محمد طوافی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،
- انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم یونس بن طاہر نضری رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن حسین ادیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''ابوسعید احمد بن محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''محمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''سعید بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے ایک آدمی سے
- انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

''میرے بعد ایک آدمی ظاہر ہوگا جو''ابوحنیفہ'' کے نام سے پہچانا جائے گا، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر میری سنت کو زندہ کرے گا''

[7]

(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) إِلٰى يُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ النَّصْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّازِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى الْقُزْوِيْنِيِّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ قَحْطَبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْقَاضِيْ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ بِسْطَامٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيَّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ رَجُلٌ مِنْ كُوْفَانَ مِنْ بَلْدَتِكُمْ هٰذِهٖ اَوْ مِنْ كُوْفَتِكُمْ هٰذِهٖ يُكَنّٰى بِاَبِي حَنِيْفَةَ قَدْ مُلِئَ قَلْبُهُ عِلْماً وَّحِكْماً وَّسَيُهْلَكُ بِهٖ قَوْمٌ فِي آخِرِ الزَّمَانِ الْغَالِبُ عَلَيْهِمُ التَّنَابُزُ يُقَالُ لَهُمُ الْبَنَانِيَّةُ كَمَا هَلَكَتِ الرَّافِضَةُ بِاَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا*

(۷)

یہی اسناد حضرت ''یونس بن طاہر نضری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر

- فرماتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوعلی حسین بن محمد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''احمد بن یحییٰ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''اسماعیل بن حسن بن قحطبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''محمد بن سعید قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''حجاج بن بسطام رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''عبیداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''عبداللہ بن مغفل رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- وہ کہتے ہیں کہ میں نے امیر المومنین حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ

''کیا میں تمہیں کوفان کے ایک ایسے شخص کی خبر نہ دوں جو تمہارے اسی شہر سے تعلق رکھتا ہوگا یا تمہارے اسی کوفہ سے تعلق رکھتا ہوگا اس کی کنیت ''ابوحنیفہ'' ہوگی اس کا دل علم اور حکمت سے بھرا ہوا ہوگا اور اس کی وجہ سے آخری زمانہ میں ایک قوم ہلاک ہو جائے گی جو ان پر تبرا کریں گے ان کا نام بنانیہ ہے جیسا کہ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر تبرا کر کے ہلاک ہوئے''

[8]

(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) اِلٰى يُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ النَّصْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ قَتَادَةَ الْحِرَانِيُّ عَنْ عَبْدِ

اللّٰهِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ جُوَيْبِرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الضَّحَاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ يَطْلُعُ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَدْرٌ عَلٰى جَمِيْعِ خُرَاسَانَ يُكَنّٰى بِاَبِي حَنِيْفَةَ*

(۸)

اسی اسناد کو حضرت ''یونس بن طاہر نصری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر

○بیان کرتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن طور رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں مجھے یہ حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''یوسف بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن عبدالملک مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوقتادہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''عبداللہ بن واقد رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○وہ روایت کرتے ہیں، حضرت ''اجبیر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے

وہ فرماتے ہیں

''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پورے خراسان پر ایک چاند طلوع ہوگا اس کی کنیت ''ابوحنیفہ'' ہوگی''

[9]

(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) إِلٰى يُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ النَّضَرِيِّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيِّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى الْقُزْوَيْنِيُّ ثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْهَزْهَازُ قَالَ شَهِدْتُّ حَمَّاداً وَّجَاءَهٗ أَبُو حَنِيْفَةَ فَقَالَ لَهٗ حَمَّادُ يَا اَبَا حَنِفَةَ اَنْتَ النُّعْمَانُ الَّذِي ذَكَرَ لَنَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ سَقَى اللّٰهُ زَمَاناً يَكُوْنُ فِيْهِ رَجُلٌ يُّقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ يُكَنّٰى بِاَبِي حَنِيْفَةَ يُحْيِي اَحْكَامَ اللّٰهِ تعالٰى وَرَسُوْلِهٖ وَتَجْرِي بَعْدَهٗ أبداً مَا بَقِيَ الإِسْلَامُ وَلَا يَهْلِكُ مَنِ اتَّخَذَهَا وَعَمِلَ بِهَا فَإِنْ اَنْتَ لَقِيْتَهٗ فَاقْرَأْهُ مِنِّي السَّلَامُ*

(۹)

اسی اسناد کو حضرت ''یونس بن طاہر نصری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچایا گیا ہے، انہوں نے فرمایا ہے کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''احمد بن یحییٰ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''حسن بن اسماعیل بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ اسے روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوعبدالرحمٰن ہزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس گیا یا ان کے پاس حضرت ''ابوحنیفہ'' آئے تو حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اے ابوحنیفہ! کیا آپ وہی نعمان ہیں جن کا ذکر ہمارے لئے حضرت ''ابراہیم نے کیا ہے؟، انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اس زمانے کو سیراب کرے جس کے اندر ایسا شخص ہو جس کا نام نعمان اور کنیت ''ابوحنیفہ'' ہے، جو اللہ تعالیٰ کے احکام کو اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کا مذہب اس کے بعد ہمیشہ ہمیشہ جاری رہے گا جب تک کہ اسلام رہے گا اور وہ شخص کبھی ہلاک نہیں ہوگا جو ان کے مذہب پر عمل کرے گا اور ان کی تحقیقات کو اپنا لے گا، اگر تو اس کو ملے تو اس کو میرا اسلام کہنا۔

[10]

(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) اِلٰى يُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ النَّضْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى الْقَزْوِيْنِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئُ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ كَعْبِ الاَحْبَارِ قَالَ اِنِّي لاَجِدُ اَسَامِي الْعُلَمَاءِ وَاَهْلِ الْعِلْمِ مَكْتُوْبَةً بِصِفَاتِهِمْ وَاَنْسَابِهِمْ اَهْلَ زَمَانٍ زَمَانٍ وَاِنِّي لاَجِدُ اسْمَ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ يُكَنّٰى بِاَبِي حَنِيْفَةَ وَاَجِدُ لَهُ شَأناً عَظِيْماً فِي الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ وَالْحِكْمَةِ وَالْعِبَادَةِ وَالزَّهَادَةِ وَقَدْ سَادَ اَهْلَ زَمَانِهِ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِمَّنْ يُشْبِهُهُمْ وَهُوَ بِدِرْهَمٍ يَعِيْشُ مَغْبُوطاً وَيَمُوْتُ مَغْبُوطاً*

(۱۰)

یہی اسناد حضرت ''یونس بن طاہر نضری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچتی ہے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن موسیٰ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''احمد بن یحییٰ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''حسن بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ اس حدیث کو روایت کرتے ہیں حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○وہ حضرت ''محمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○وہ حضرت ''کعب الاحبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں:

حضرت ''کعب الاحبار رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: میرے پاس ہر زمانے کے لحاظ سے اہل علم کے اسماء گرامی انکی صفات اور انکے نسب لکھے ہوئے ہیں۔ میں ان میں ایسے شخص کو پاتا ہوں جن کا نام ''نعمان بن ثابت'' ہے، کنیت ''ابوحنیفہ'' ہے اور علم، حکمت، فقہ، عبادت اور زہد و تقویٰ میں انکی عظیم شان پاتا ہوں اور وہ اپنے زمانے کے اہل علم لوگوں سے آگے بڑھ جائیں گے اور یہ انکے لئے

چودھویں کے چاند کی حیثیت رکھتے ہوں گے، یہ زندگی اس حال میں گزاریں گے کہ لوگ ان سے حسد کریں گے اور ان کی وفات بھی اسی حال میں ہی ہوگی۔

[11]

(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) اِلٰی یُوْنُسَ بْنِ طَاهِرٍ النَّضْرِیِّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبِی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرٍ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ آدَمَ الْمَرْوَزِیُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ لَهِیْعَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی كُلِّ قَرْنٍ مِنْ اُمَّتِی سَابِقُوْنَ وَاَبُوْ حَنِیْفَةَ سَابِقُ هٰذِهِ الاُمَّةِ*

(۱۱)

اسی اسناد کو حضرت ''یونس بن طاہر نضری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر

- وہ فرماتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن طور رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی میرے والد نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن عباد رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''حامد بن آدم مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: مجھے خبر دی حضرت ''ابن لہیعہ رضی اللہ عنہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ہر صدی میں میری امت میں کوئی نہ کوئی سب سے آگے بڑھنے والا ہوگا اور میری امت میں سب سے آگے بڑھنے والا ''ابوحنیفہ'' ہے۔

[12]

(وَبِهٰذَا الْإِسْنَادِ) قَالَ رَاٰی اَبُوْحَنِیْفَةَ فِی الْمَنَامِ كَاَنَّهٗ نَبَشَ قَبْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَجَمَعَ عِظَامَهٗ اِلٰی صَدْرِهٖ فَهَالَهٗ ذٰلِكَ فَارْتَحَلَ اِلَی الْبَصْرَةِ فَسَاَلَ مُحَمَّدَ بْنَ سِیْرِیْنَ عَنْ هٰذِهِ الرُّؤْیَا وَقِیْلَ نَفَذَ رَجُلاً فَقَالَ لَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ لَسْتَ بِصَاحِبِ هٰذِهِ الرُّؤْیَا صَاحِبُ هٰذِهِ الرُّؤْیَا أَبُو حَنِیْفَةَ فَحَضَرَ اَبُوْحَنِیْفَةَ فَقَالَ اَنَا اَبُو حَنِیْفَةَ فَقَالَ اكْشِفْ عَنْ ظَهْرِكَ وَیَسَارِكَ فَكَشَفَ فَرَاٰی بَیْنَ كَتِفَیْهِ اَوْ عَضُدِ یَسَارِهٖ خَالاً فَقَالَ لَهٗ ابْنُ سِیْرِیْنَ صَدَقْتَ اَنْتَ اَبُوْحَنِیْفَةَ الَّذِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی حَقِّهٖ یَخْرُجُ فِی أُمَّتِی

رَجُلٌ يُّقَالُ لَهُ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَبَيْنَ كَتِفَيْهِ *وَفِي رِوَايَةٍ *عَلٰى يَسَارِهٖ خَالٌ يُحْيِي اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى يَدَيْهِ سُنَّتِي

(۱۲)

اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خواب میں دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کو کھودا گیا ہے اور آپ کی ہڈیاں مبارک آپ کے سینہ مبارک کی جگہ اکھٹی کی گئیں ہیں، آپ یہ خواب دیکھ کر بہت گھبرائے اور سفر کر کے بصرہ تشریف لے گئے اور حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے اپنے اس خواب کی تعبیر پوچھی اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت ''امام اعظم نے کسی آدمی کو حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس اپنے اس خواب کی تعبیر پوچھنے کے لئے بھیجا، حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس آدمی سے فرمایا کہ یہ خواب تو نے نہیں دیکھی یہ خواب دیکھنے والا ''ابوحنیفہ'' ہے، پھر حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کے پاس گئے اور عرض کیا: میں ابوحنیفہ ہوں حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اپنی پشت سے کپڑا ہٹائیے اور اپنے بائیں کندھے سے پردہ ہٹائیے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے جب پردہ ہٹایا تو حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان یا بائیں بازو پر ایک تل دیکھا، دیکھ کر امام سیرین نے فرمایا: تم نے سچ کہا ہے، تم ''ابو حنیفہ'' ہی ہو، تم وہی ہو جن کے حق میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میری امت میں ایک شخص پیدا ہوگا جس کی کنیت ''ابوحنیفہ'' ہوگی اسکے دونوں کندھوں کے درمیان یا ایک روایت کے مطابق بائیں کندھے پر ایک تل ہوگا، اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر میری سنت کو زندہ کرے گا۔

(اَخْرَجَهُ) الْحَافِظُ طَلْحَةُ ابْنُ مُحَمَّدٍ فِي مُسْنَدِهٖ مُخْتَصِراً عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ بَهْرَامَ عَنْ اَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنِّي اُنَبِّشُ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ الرَّائِيُّ لِهٰذَا عَالِمٌ يُفَحِّصُ عَنْ عِلْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر مختصر طور پر حضرت ''ابو العباس بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابراہیم بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن بہرام رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''اسباط بن محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ، میں نے خواب میں دیکھا جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر کو کھود دیا گیا ہو، ابن سیرین نے کہا: اس خواب کو دیکھنے والا شخص ایسا عالم ہے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم پر تحقیق کرے گا۔

[13]

(اَخْبَرَنِيْ) سَيِّدُ الْوُعَاظِ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ الْحَجِيُّ بِخَوَارَزْمَ اِجَازَةً قَالَ اَخْبَرَنِي الصَّدْرُ الْعَلَّامَةُ صَدْرُ الْاَئِمَّةِ اَبُو الْمُؤَيَّدِ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَكِّيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي الْاِمَامُ اَبُو الْمَحَاسِنِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ فِي كِتَابِهٖ اَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الزَّاهِدُ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّفَّارُ اَخْبَرَنَا اَبُو نَصْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا الْاُسْتَاذُ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ

اَلْحَارِثِیُّ الْبُخَارِیُّ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی اَبِی الْبَخْتَرِیِّ قَالَ دَخَلَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ عَلٰی جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا نَظَرَ اِلَیْهِ جَعْفَرٌ قَالَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْكَ وَاَنْتَ تُحْیِیْ سُنَّةَ جَدِّیْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا انْدَرَسَتْ وَتَکُوْنُ مُفْزِعاً لِکُلِّ مَلْهُوْفٍ وَغِیَاثاً لِکُلِّ مَهْمُوْمٍ بِكَ یَسْلُكُ الْمُتَحَیِّرُوْنَ اِذَا وَقَفُوا وَتَهْدِیْهِمْ اِلَی الْوَاضِحِ مِنَ الطَّرِیْقِ اِذَا تَحَیَّرُوْا فَلَكَ مِنَ اللّٰهِ الْعَوْنُ وَالتَّوْفِیْقُ حَتّٰی یَسْلُكَ بِكَ الرَّبَّانِیُّوْنَ الطَّرِیْقَ*

(۱۳)

مجھے خبر دی ہے حضرت ''سید الوعاظ اسماعیل بن محمد جی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (خوارزم کے اندر اس طور پر کہ مجھے اس حدیث کی روایت کی اجازت دی ہے)

- وہ کہتے ہیں: مجھے خبر دی حضرت ''صدر علامہ صدر الائمہ ابوالمؤید موفق بن احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: مجھے خبر دی ہے حضرت ''ابوالمحاسن حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب میں۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''ابواسحق ابراہیم بن اسماعیل زاہد صفار رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوعلی حسین بن علی صفار رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''ابونصر محمد بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی الاستاذ حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ اپنی اسناد حضرت ''ابوختری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر کہتے ہیں: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' حضرت ''جعفر رضی اللہ عنہ'' کے

پاس گئے، جب حضرت ''جعفر رضی اللہ عنہ'' نے ان کی طرف دیکھا تو فرمایا: میں تمہیں دیکھ رہا ہوں گویا کہ تو میرے دادا کی سنت مٹنے کے بعد زندہ کر رہا ہے، تم ہر خوف زدہ کے لئے ٹھکانہ ہو گے اور ہر پریشان کی مدد کرنے والے ہو گے، پریشان ہونے والے لوگ جب کھڑے ہو جائیں گے تو تمہارے ذریعے وہ راہ پائیں گے، اور جب وہ حیران و ششدر ہو کر رک جائیں گے تو آپ ان کو واضح راستہ دکھاؤ گے، اللہ پاک کی بارگاہ سے تمہیں مدد بھی ملے گی اور توفیق بھی ملے گی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں چلنے والے بھی تم سے راستہ پوچھیں گے۔

[14]

(وَبِهٰذَا الاِسْنَادِ) اِلٰی اَبِی الْمَحَاسِنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ رَوٰی مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْفَقِیْهُ بِاِسْنَادِهٖ اِلَی الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ اِنَّ الرَّأیَ الْحَسَنَ یُغْنِی صَاحِبَهٗ وَاَنَّهٗ سَیَکُوْنُ مِنْ بَعْدِنَا رَأْیُ حَنِیْفٌ تَجْرِیْ بِهِ الاَحْکَامُ مَا بَقَی الاِسْلَامُ وَاَنَّهٗ کَرَأْیِنَا وَاَحْکَامِنَا یَقُوْمُ بِهٖ رَجُلٌ یُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ وَیُکَنّٰی بِاَبِیْ حَنِیْفَةَ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْکُوْفَةِ جَهْبَذٌ فِی الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ یُصَرِّفُ الاَحْکَامَ عَلٰی وُجُوْهِهَا حَنِیْفِیُّ الدِّیْنِ وَالرَّأْیُ الْحَسَنِ*

(۱۴)

اسی اسناد کو حضرت ''ابوالمحاسن حسن بن علی ﷫'' تک پہنچا کر بیان کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ''محمد بن حسن فقیہ ﷫'' نے اپنی اسناد حضرت ''ضحاک ﷫'' تک پہنچا کر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عباس ﷠'' سے فرمایا: اچھی رائے اپنے رائے دہندہ کو بے نیاز کر دیتی ہے، ہمارے بعد ایک ایسی الگ تھلگ رائے والا شخص ہوگا کہ جب تک اسلام باقی ہے اس پر احکام جاری ہونگے اسکی رائے ہماری رائے کی طرح ہوگی اور اس کے احکام ہمارے احکام کی طرح ہونگے اس کو ایک آدمی قائم کرے گا جس کا نام ''نعمان بن ثابت'' ہے اور اس کی کنیت ''ابوحنیفہ'' ہے اور وہ کوفہ سے تعلق رکھتا ہوگا اور علم اور فقہ کے اندر ماہر ہوگا، اور احکام کو دین حنیفی اور اچھی رائے پر وہی پھیر کر لائے گا۔

[15]

(اَخْبَرَنِیْ) الشَّیْخُ الثِّقَةُ تَاجُ الدِّیْنِ اَبِی اَحْمَدُ بْنُ اَبِی الْحُسَیْنِ الْعَرَبِیُّ الْحَنْبَلِیُّ بِقِرَاءَتِی عَلَیْهِ بِالْجَابِیَةِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَةُ اَبُو عَلِیٍّ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ اَبِی الْخَطَّابِ وَاَبُوْ بَکْرٍ عَتَّابُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ الْبَنَّاءِ وَاَبُوْ مُحَمَّدٌ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بِنِ اَبِی الْمَجْدِ قَالُوْا أَخْبَرَنَا الْقَاضِیُّ اَبُو بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِی بْنِ مُحَمَّدٍ الأَنْصَارِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِیٍّ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطِیْبُ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الصَّیْمَرِیُّ اَخْبَرَنَا الْقَاضِیُّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْمُقْرِی حَدَّثَنَا مُکْرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مَیْمُوْنِ قَالَ سَمِعْتُ الإِمَامَ الشَّافِعِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ اِنِّی لَأَتَبَرَّكُ بِاَبِی حَنِیْفَةَ وَاَجِیْءُ اِلٰی قَبْرِهٖ فَاَسْاَلُ اللّٰهَ تَعَالٰی الْحَاجَةَ عِنْدَهٗ فَمَا تَبْعُدُ عَنِّی حَتّٰی تَنْقَضِیَ*

(۱۵)

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''شیخ ثقہ تاج الدین ابی احمد بن ابی حسین عربی حنبلی ﷫'' نے (جابیہ کے اندر میں نے ان کے سامنے یہ روایت پڑھی تھی)

- وہ کہتے ہیں: مجھے خبر دی ہے مشائخ ثلاثہ یعنی حضرت ''ابوعلی عبدالسلام بن ابی خطاب ﷫'' اور حضرت ''ابوبکر عتاب بن حسن بن سعید بن بناء ﷫'' اور حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد ابی الجد ﷫'' نے
- یہ تینوں بزرگ فرماتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری ﷫'' نے
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب ﷫'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''ابوعبداللہ صمیری ﷫'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''قاضی حسین بن علی بن محمد ﷫'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''ابراہیم مقری ﷫'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''مکرم بن احمد ﷫'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''محمد بن اسحق بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی حضرت ''علی بن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے تبرک حاصل کرتا ہوں۔ میں آپ کی قبر انور پر جاتا ہوں اور وہاں پر کھڑا ہو کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرتا ہوں، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' مجھے دور ہونے سے پہلے میری حاجت کو پورا کر دیتے ہیں۔

(اَنْشَدَنِی) الصَّدْرُ الْکَبِیْرُ شَرْفُ الدِّیْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُؤَیَّدِ الْمَکِّیُّ بِخَوارَزَمَ قَالَ اَنْشَدَنِی جَدِّیُ الصَّدْرُ الْعَلَّامَۃُ صَدْرُ الائِمَّۃِ اَبُو الْمُؤَیَّدِ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَکِّیُّ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لِنَفْسِہٖ*

شعر

رَسُوْلُ اللّٰہِ قَالَ سِرَاجُ دِیْنِی وَاُمَّتِی الْھُدَاۃِ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ

غَدا بَعْدَ الصَّحَابَۃِ فِی الْفَتَاوَی لاَحْمَدَ فِی شَرِیْعَتِہٖ خَلِیْفَۃَ

سَدَی دِیْبَاجُ فُتْیَاہُ اجْتِھَادٌ وَلُحْمَتُہٗ مِنَ الرَّحْمٰنِ خَیْفَۃَ

حضرت ''صدر کبیر شرف الدین احمد بن مؤید مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خوارزم کے اندر مجھے یہ شعر سنائے، وہ کہتے ہیں: مجھے یہ اشعار میرے دادا حضرت ''صدر علامہ صدر الائمہ ابوالمؤید موفق بن احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سنائے ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے دین کا، میری امت کا اور ہدایت دینے والوں کا چراغ ''ابوحنیفہ'' ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فتاویٰ شریعت کے بارے میں دینے کے حوالے سے یہ آپ کے نائب ہیں۔

ان کے فتاویٰ کے دیباچے کا تانا اجتہاد کا ہوتا ہے اور اس کا بانا خوف خدا ہوتا ہے۔

(اس کتاب جامع المسانید کے مولف حضرت شیخ امام ابوالموید محمد بن محمود خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب کے آغاز میں دس فصول کا ذکر کیا ہے اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے فضائل پر مشتمل یہ پہلی نوع ان کی کتاب کا حصہ تھی، بعد میں شیخ نجم الدین محمد درکانی نے جامع المسانید پر تحقیق کا کام کیا، اس کی احادیث کی تخریج کی، لیکن افسوس ہے کہ انہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ کے فضائل پر مشتمل یہ نوع کتاب سے نکال دی ہے اور عذر یہ پیش کیا ہے کہ اس فصل میں ایسی مرویات ہیں جن کی کوئی اصل نہیں ہے۔ اس لئے ہم نے ان کا ذکر نہیں کیا، اس کی بجائے شیخ درکانی نے کچھ اور احادیث ذکر کر دی ہیں جو بالواسطہ طور پر امام اعظم ابوحنیفہ کے فضائل بنتی ہیں۔ حالانکہ ان کا حق یہ تھا کہ امام خوارزمی کی ذکر کردہ روایات بیان کر دیتے، پھر اگر ان کو اُن پر کوئی کلام تھا تو وہ بھی ذکر کرتے ،یوں کسی مصنف کی مرویات سرے سے غائب ہی کر دینا مناسب معلوم نہیں ہوتا، بہرحال ہم نے پرانے نسخہ سے لے کر امام خوارزمی کی تصنیف کردہ پہلی نوع کی احادیث ذکر کر دی ہیں اور اب شیخ درکانی کی روایت کردہ وہ مرویات ذکر کر رہے ہیں جو انہوں نے حافظ ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد اصفہانی کی کتاب تاریخ اصفہان کے حوالے سے ذکر کی ہیں۔)

1/عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ ،قَالَ: كُنَّاعِنْدَالنَّبِيِّ ﷺ ،اِذْاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ ،فَلَمَّاقَرَاَ:(وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّايَلْحَقُوابِهِمْ)،قِيْلَ :مَنْ هٰٓؤُلَآءِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟فَلَمْ يُرَاجِعْهُ النَّبِيُّ ﷺ حَتّٰى سَاَلَهُ مَرَّتَيْنِ اَوْثَلَاثًا،قَالَ:لَوْكَانَ الْاِيْمَانُ عِنْدَالثُّرَيَّالَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ هٰٓؤُلَآءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں موجود تھے، حضور ﷺ پر سورۃ الجمعہ نازل ہوئی، جب آپ ﷺ نے یہ آیت

وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّايَلْحَقُوابِهِمْ

پڑھی، تو عرض کی گئی: یارسول اللہ ﷺ یہ کون لوگ ہیں؟ رسول اکرم ﷺ نے اس سوال کا کوئی جواب نہ دیا، پوچھنے والے نے جب دو یا تین مرتبہ یہ سوال پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر ایمان ثریا پر بھی ہوگا تو ان میں سے ایک شخص ایسا ہوگا جو وہاں سے بھی ایمان کو پالے گا''

2/وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ ،قَالَ كُنَّاجُلُوْسًاعِنْدَالنَّبِيِّ ﷺ ،فَاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ :(وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّايَلْحَقُوابِهِمْ)فَقَالَ رَجُلٌ مَنْ هٰٓؤُلَآءِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟فَلَمْ يُجِبْهُ حَتّٰى سَاَلَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَفِيْنَاسَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ ،فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَدَهُ عَلٰى سَلْمَانَ وَقَالَ:لَوْكَانَ الْاِيْمَانُ بِالثُّرَيَّالَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ هٰٓؤُلَآءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں موجود تھے، آپ ﷺ پر سورۃ الجمعہ نازل ہوئی، اس میں یہ آیت بھی تھی

وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّايَلْحَقُوابِهِمْ

ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ یہ کون لوگ ہیں؟ رسول اکرم ﷺ نے اس کو کوئی جواب نہ دیا، حتیٰ کہ اس شخص نے تین مرتبہ یہی سوال کیا، ہمارے اندر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، رسول اکرم ﷺ نے حضرت سلمان پر اپنا دست مبارک رکھا اور فرمایا: اگر ایمان ثریا پر بھی ہوگا تو ان میں سے ایک شخص وہاں سے بھی ایمان لے آئے گا''

3/وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ ،قَالَ :تَلَارَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ هٰذِهِ الْاٰيَةَ :(وَاِنْ تَتَوَلَّوْايَسْتَبْدِلْ قَوْمًاغَيْرَكُمْ ثُمَّ لَايَكُوْنُوااَمْثَالَكُمْ)فَقَالُوا :مَنْ هٰٓؤُلَآءِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الَّذِي اِنْ تَوَلَّيْنَااسْتَبْدَلَ قَوْمًاغَيْرَنَا،ثُمَّ لَايَكُوْنُوااَمْثَالَنَا،فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَلٰى فَخِذِسَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ ثُمَّ قَالَ:هٰذَاوَقَوْمُهُ ،وَلَوْكَانَ الدِّيْنُ مُعَلَّقًابِالثُّرَيَّالَنَالَهُ رِجَالٌ مِنَ الْفُرْسِ

---

(1) اخرجه احمد 417:2 و مسلم (2546) (231) و ابو نعيم في اخبار اصفهان 2:1 والنسائي في الكبرى (8278)

(2) اخرجه ابن حبان (7123) وابو نعيم في تاريخ اصفهان 3:1 والترمذي (3261) في التفسير: باب و من سورة محمد۔

(3) اخرجه ابونعيم في تاريخ اصفهان 5,4,3,1 والطحاوي في شرح مشكل الآثار 31:3 والبغوي في شرح السنة 186:6 والبيهقي في دلائل النبوة 334:6

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی،

وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ

لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ یہ کون لوگ ہیں؟ کہ اگر ہم اس سے منہ پھیرلیں تو اللہ تعالیٰ ہماری جگہ کوئی اور قوم لے آئے گا اور ہمارا نام ونشان تک نہیں رہے گا۔ رسول اکرم ﷺ نے حضرت سلمان کے ران پر اپنا دست مبارک مارا اور فرمایا: یہ اوراس کی قوم ہے۔ اگر دین ثریا پر بھی ہوگا تو فارس کا ایک شخص ایسا ہوگا جو وہاں سے بھی دین کو لے آئے گا۔

4/وَعَنْ أَبُوْوَائِلٍ، عَنْعَبْدِاللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَوْكَانَ الدِّيْنُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ نَاسٌ مِنْ أَبْنَاءِ فَارِسٍ

حضرت ابووائل سے مروی ہے حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر دین ثریا پر بھی لٹکا ہوگا تو فارس کا ایک شخص وہاں سے بھی اس کو حاصل کرلے گا۔

5/عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ تَلا هٰذِهِ الْآيَةَ: (وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوا أَمْثَالَكُمْ) فَسُئِلَ مَنْ هُمْ؟ قَالَ: فَارِسٌ، لَوْكَانَ الدِّيْنُ بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِنْ فَارِسٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، رسول اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی

وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوا أَمْثَالَكُمْ

آپ ﷺ سے پوچھا گیا: یہ کون لوگ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فارس۔ اگر دین ثریا پر بھی ہوگا تو فارس کا ایک شخص (ایسا ہے) جو وہاں سے بھی دین حاصل کرلے گا۔

6/وَعَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، سَمِعْتُ سَلْمَانَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَاسَلْمَانُ، لَوْكَانَ الدِّيْنُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ فَارِسٍ يَتَّبِعُوْنَ سُنَّتِي وَيَتَّبِعُوْنَ آثَارِي وَيُكْثِرُوْنَ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيَّ، يَاسَلْمَانُ، أُحِبُّ الْمُجَاهِدِيْنَ أُحِبُّ الْمُرَابِطِيْنَ وَأُحِبُّ الْغُزَاةَ

حضرت ابوعثمان نہدی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے، آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر دین ثریا کے ساتھ بھی لٹکا ہوگا تو اہل فارس میں سے ایک شخص وہاں سے بھی دین حاصل کرلے گا، وہ میری سنت کی پیروی کریں گے، میرے آثار کی اتباع کریں گے، مجھ پر کثرت سے درود پڑھیں گے، میں مجاہدین سے محبت کرتا ہوں، میں سرحدوں کے محافظین سے محبت کرتا ہوں اور میں غازیوں سے محبت کرتا ہوں۔

7/وَعَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَوْكَانَ الْعِلْمُ

(4) اخرجه ابو نعيم في تاريخ اصفهان 1:6، والطبراني في الكبير (10470)، والهيثمي في مجمع الزوائد 10:65 (16688)، وفي المناقب: باب ما جاء في ناس من ابناء فارس-

(5) اخرجه ابو نعيم في تاريخ اصفهان 1:7۔

(6) اخرجه ابو نعيم في تاريخ اصفهان 1:7-

مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَنَالَهُ نَاسٌ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد کے واسطے سے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر علم ثریا کے ساتھ بھی لٹکا ہوگا تو فارس سے تعلق رکھنے والا ایک شخص (ایسا ہے جو علم کو وہاں سے بھی) حاصل کرلے گا۔

8/عَنْ عَلِيِ بْنِ اَبِى طَالِبٍ ،قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:لَوْكَانَ الاِيْمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ مِنْ فَارِسٍ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فارس کا ایک شخص ایسا ہے کہ اگر ایمان ثریا کے ساتھ بھی لٹکا ہوگا تو وہ اس کو وہاں سے بھی حاصل کرلے گا۔

(یہ وہ مرویات ہیں جو جامع المسانید کے محقق علامہ درکانی نے پہلی نوع کے مقام پر نقل کی ہیں، اس کتاب میں احادیث کی جو تخریج پیش کی گئی ہے، یہ انہی کی ہے)

☆وأما النوع الثانی☆

فِى مَنَاقِبِهِ وَفَضَائِلِهِ الَّتِى لَمْ يُشَارِكْهُ فِيْهَا مَنْ بَعْدَهُ مِنْ اَرْبَابِ الْمَذَاهِبِ اَنَّهُ وُلِدَ فِى زَمَنِ الصَّحَابَةِ عَلٰى مَا اَنْبَانِى الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ رَشِيْدُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بْنِ مَسْلَمَةَ عَالِياً بِدِمَشْقَ عَنِ الْإِمَامِ الْحَافِظِ اَبِى الْقَاسِمِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَرْجِ سَعِيْدُ بْنُ اَبِى الرَّجَاءِ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ اَنْبَانَا اَبُو الْحُسَيْنِ الاِسْكَافُ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ مَنْدَةَ الاَصْفَهَانِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الاُسْتَاذُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ الْحَارِثِيُّ الْبُخَارِيُّ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ الْخَلَّالُ قَالَ سَمِعْتُ مُزَاحِمَ بْنَ ذَوَّادِ بْنِ عُلَيَّةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ وُلِدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ سَنَةَ إِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَمَاتَ سَنَةَ مِائَةٍ وَّخَمْسِيْنَ *وَهٰذَا الْقَوْلُ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ الْخَلَّال *فَاَمَّا الْقَوْلُ الْمَشْهُوْرُ اَنَّهُ وُلِدَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ عَلٰى مَا اَخْبَرَنِىْ بِهِ الْمَشَايِخُ الثَّلَاثَةُ شَرَفُ الدِّيْنِ الْحَسَنُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ يُوْسُفَ بِدِمَشْقَ وَشَرَفُ الدِّيْنِ بْنُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمُحْسِنِ بِحَمَّاهُ حَمَّاهَا اللّٰهُ وَعِزُّ الدِّيْنِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا رِزْقُ اللّٰهِ بِالْمَوْصِلِ اِجَازَةً كُلُّهُمْ عَنْ تَاجِ الدِّيْنِ اَبِى الْيُمْنِ زَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدِ الْكِنِدِيِّ عَنْ اَبِى مَنْصُوْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازِ عَنِ الْحَافِظِ اَبِى بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطِيْبِ قَالَ اَخْبَرَنَا التَّنُوْخِيُّ حَدَّثَنَا اَبِى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَانَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا نُعَيْمٍ يَقُوْلُ وُلِدَ اَبُوْحَنِيْفَةَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ مِنَ الْهِجْرَةِ *وَهٰكَذَا اَخْرَجَهُ الْقَاضِىْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ ابْنُ عَلِيِّ الصَّيْمَرِيُّ عَلٰى مَا اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بْنِ مَسْلَمَةَ اِجَازَةً عَنِ ابْنِ الْبَطِيِّ عَنْ اَبِى الْفَضْلِ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ عَنِ الْقَاضِىْ الصَّيْمَرِيِّ عَنْ

(7)اخرجه ابو نعيم فى تاريخ اصفهان 7:1-تاريخ اصفهان 1:20-26لابى نعيم الاصفهانى-

(8)اخرجه ابو نعيم فى تاريخ اصفهان 1:8ذواد بالذال المعجمة و تشديد الواو الحارثى الكوفى لا بأس به-

اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَمْرٍ والحَرِيْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ النَّخْعِيِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي اُسَامَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ الْوَاقِدِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ حَمَّادَ بْنَ اَبِي حَنِيْفَةَ يَقُوْلُ وُلِدَ اَبِي سَنَةَ ثَمَانِيْنَ* وَهٰكَذَا اَخْرَجَهُ الْحَافِظُ اَبُو الْقَاسِمِ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ النَّعَّارُ فِي مُسْنَدِهٖ قَالَ تُوُفِّيَ فِي اَيَّامِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَّاَبُو اُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ وَّوَاثِلَةَ بْنِ الاَسْقَعِ وَعَمْرُوٌ بْنُ حُرَيْثٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي اَوْفٰى وَجَمَاعَةٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِاللّٰهِ مُحَمَّدُ الْعَرَبِيُّ الْخَوَارَزِمِيُّ فَثَبَتَ بِهٰذَا اَنَّهُ وُلِدَ فِي زَمَنِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْقَرْنِ الَّذِيْنَ شَهِدَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْخَيْرِيَّةِ وَوَصَّفَهُمْ بِالْعَدَالَةِ فَاِنَّ اَصْحَابَ الْحَدِيْثِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَنْ جَعَلَ اَبَا حَنِيْفَةَ مِنَ الْقَرْنِ الثَّانِي وَاَبَى ذٰلِكَ بَعْضُهُمْ لٰكِنْ اتَّفَقُوْا اَنَّهُ مِنَ الْقَرْنِ الثَّالِثِ الَّذِيْنَ شَهِدَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَيْضاً وَقَدْ اَجْمَعُوا اَنَّ وِلَادَتَهُ كَانَتْ فِي آخِرِ الْقَرْنِ الأَوَّلِ وَنَشْاَتُهُ فِي الْقَرْنِ الثَّانِي وَاجْتَهَدَ وَاَفْتٰى فِي آخِرِ الْقَرْنِ الثَّانِي وَصَدْراً مِنَ الْقَرْنِ الثَّالِثِ*(اَنْشَدَنِي) الصَّدْرُ الْكَبِيْرُ شَرَفُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُؤَيَّدٍ قَالَ اَنْشَدَنِي الصَّدْرُ الْعَلَّامَةُ صَدْرُ الائِمَّةِ اَبُو الْمُؤَيَّدُ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَكِّيُّ الْخَوَارَزْمِّي لِنَفْسِهٖ*

شعر:

غَدَا مَذْهَبُ النُّعْمَانِ خَيْرَ الْمَذَاهِبِ　　كَذَا الْقَمَرُ الْوَضَاحُ خَيْرُ الْكَوَاكِبِ

تَفَقَّهَ فِي خَيْرِ الْقُرُوْنِ مَعَ التُّقٰى　　فَمَذْهَبُهُ لَا شَكَّ خَيْرُ الْمَذَاهِبِ

دوسری نوع

اس میں امام اعظم کے وہ فضائل ومناقب بیان کئے گئے ہیں کہ آپ کے بعد آنے والے دیگر اصحاب مذاہب میں سے کوئی بھی آپ کے ان فضائل میں شریک نہیں ہے اور وہ فضیلت یہ ہے کہ

امام اعظم صحابہ کرام کے زمانے میں پیدا ہوئے

حضرت ''شیخ المعمر رشید الدین احمد بن مفرج بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سند عالی کے ساتھ دمشق میں حضرت ''امام حافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

- وہ فرماتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوفرج سعید بن ابی رجاء صیر فی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوحسین اسکاف رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوعبداللہ بن مندہ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
- وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے الاستاذ حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''احمد بن محمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''عبداللہ بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''مزاحم بن ذواد بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو
○اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے سنا ہے کہ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سن ۶۱ ہجری کو پیدا ہوئے

اور ۱۵۰ ہجری کو فوت ہوئے ،لیکن یہ قول صرف حضرت ''حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔ جب کہ مشہور قول یہ ہے کہ آپ کی ولادت ہوئی ۸۰ ہجری میں ہوئی ،اس کی خبر مجھے مشائخ ثلاثہ نے دی ہے (مشائخ ثلاثہ سے مراد)
○حضرت ''شرف الدین حسن بن ابراہیم بن حسن بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں بیان کی
○حضرت ''شرف الدین بن ابومحمد عبدالعزیز بن محمد بن عبد بن عبدمحسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے ہمیں بیان کی (اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے)
○اور حضرت ''عزالدین عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں کہ
○ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''رزق اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے موصل میں (انہوں نے اس حدیث کی روایت کی اجازت عطا فرمائی ہے)
○سب بزرگ روایت کرتے ہیں، حضرت ''تاج الدین ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔
○رگوہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔
○وہ روایت کرتے ہیں: حضرت ''حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے
○وہ بیان کرتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے میرے والد رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''احمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔
○وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے

''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' ۸۰ ہجری کو پیدا ہوئے۔

یونہی حضرت ''قاضی ابوعبداللہ حسین بن علی صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت نقل کی ہے (وہ فرماتے ہیں) ہمیں خبر دی ہے حضرت ''احمد بن مفرج بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اس طرح کہ حدیث روایت کرنے کی اجازت دی ہے) حضرت ''ابن بطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔
○انہوں نے حضرت ''ابوالفضل حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○انہوں نے حضرت ''قاضی صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○انہوں نے حضرت ''علی بن عمرو حریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○انہوں نے حضرت ''علی بن محمد نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○انہوں نے حضرت ''حارث بن ابی اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○انہوں نے حضرت ''محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے

○میں نے حضرت ''حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے

''میرے والد سن ۸۰ ہجری میں پیدا ہوئے''

یونہی حضرت ''حافظ ابوالقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر نعار رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی مسند میں ذکر کرتے ہیں کہ انہی ایام میں حضرت ''عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوامامہ باہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''واثلہ بن اسقع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کا وصال ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سب سے کمزور حضرت ''محمد عربی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتا ہے، اس تحقیق سے یہ ثابت ہوگیا کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' صحابہ کرام کے زمانے میں پیدا ہوئے تھے، اور آپ اُس زمانے والوں میں سے ہیں جن کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر کی گواہی دی تھی اور ان کو عادل قرار دیا تھا، اس سلسلہ میں محدثین کا اختلاف ہے، بعض محدثین آپ کو دوسری قرن میں قرار دیتے ہیں اور بعض اس کا انکار کرتے ہیں، تاہم اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ آپ تیسری قرن میں سے ہیں، ان کے بارے میں بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عدالت کی گواہی دی ہے، اور سب کا اس بات پر بھی اتفاق ہے کہ آپ کی پیدائش پہلی قرن کے آخر میں ہے اور آپ کی زیادہ عمر دوسری قرن میں گزری ہے، آپ نے اجتہاد اور فتویٰ دینے کا سلسلہ دوسری قرن کے آخر میں شروع کیا، اور تیسری قرن کے شروع تک یہ سلسلہ جاری رہا۔

حضرت ''صدر الکبیر شرف الدین احمد بن مؤید رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھے یہ اشعار سنائے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے یہ اشعار حضرت ''صدر العلامہ صدر الائمہ ابومؤید موفق بن احمد مکی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سنائے

نعمان کا مذہب سب سے اچھا مذہب ہو چکا ہے جیسا کہ چمکتا ہوا چاند، ستاروں سے اچھا ہوتا ہے

آپ نے خیر القرون میں فقہ حاصل کی ساتھ ہی ساتھ تقویٰ بھی حاصل کیا، بے شک آپ کا مذہب سب سے اچھا مذہب ہے

☆و أما النوع الثالث☆

مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَفَضَائِلِهِ الَّتِي لَمْ يُشَارِكْهُ فِيهَا اَحَدٌ بَعْدَهٗ اَنَّهٗ رَوٰى عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَآلِهٖ وَسَلَّمَ*

(فَإِنَّ الْعُلَمَاءَ) اتَّفَقُوْا عَلٰى ذٰلِكَ وَإِنَّ اخْتَلَفُوا فِي عَدَدِهِمْ *فَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ أَنَّهُمْ سِتَّةٌ وَامْرَأَةٌ *وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ خَمْسَةٌ وَامْرَأَةٌ *وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ سَبْعَةٌ وَّامْرَأَةٌ*

(اَمَّا الْقَوْلُ الأَوَّلُ)

9/فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ بِهِ الشَّيْخُ الإِمَامُ اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْمَعَالِي بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاسِمُ ابْنُ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدِ الْهُذَلِيِّ بِقِرَائَةٍ عَلَيَّ بِالْمَدِيْنَةِ النَّبَوِيَّةِ تُجَاهَ الرَّوْضَةِ الشَّرِيْفَةِ زَادَهَا اللّٰهُ عَظْمَةً وَمَهَابَةً قَالَ اَخْبَرَنِی الإِمَامُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْقُرْطَبِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الشَّيْخُ الصَّالِحُ اَبُو الْفَتْحِ مَحْمُوْدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ الْمَحْمُوْدِيِّ*

(وَاَخْبَرَنِیْ) الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ عَبْدُ الْقَادِرِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْقُزْوِيْنِيُّ وَنَاوَلَنِیْ اَصْلَ كِتَابِهٖ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ غَالِبِ الْعُمَرِيِّ اِجَازَةً كِلاهُمَا عَنِ الشَّرِيْفِ اَبِي السَّعَادَاتِ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عِيْسٰى مُحَمَّدِ ابْنِ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ الْمُعْتَصِمِ بْنِ الرَّشِيْدِ بْنِ الْمَهْدِيِّ بْنِ الْمَنْصُوْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ السَّمْنَانِيِّ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عِيْسٰى النَّهْفَقِيِّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ قَدِمَ عَلَيْنَا بَغْدَادَ يُرِيْدُ الْحَجَّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ ابْنِ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرَوَيْهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَرْوَزِيِّ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ الصَّلْتِ بْنِ مُغَلِّسِ الْحِمَانِيُّ اَخْبَرَنَا بَشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقَاضِيُّ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْقَاضِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ*

10/(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ النَّهْفَقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِيُّ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْيَمَانِيُّ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ بَابَوَيْهِ الاَسْوَارِيُّ بِشِيْرَازَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ

(9)اخرجه أبو يعلى في المسند (2837) وابن ماجه (224) في المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، و ابو نعيم في حلية الأولياء 323:8، والخطيب في تاريخ بغداد 4:207-208، و 9:111، وفي الرحلة في طلب الحديث (1-2-3)، والطبراني في الصغير 16:1-

(10)اخرجه الحصكفي في مسند الامام (481)، والحافظ ابن عساكر في تاريخ دمشق 234:4، و يشهد له حديث أبي الدرداء: اخرجه أبو داود (5130) في الأدب: باب في الهوى، واحمد 194:5، والبيهقي في شعب الايمان 368(411)و(412)، والبخاري في التاريخ الكبير 172:1:3-

مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الاَصْفَهَانِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ حَبِيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ وُلِدْتُّ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَقَدِمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُنَيْسٍ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْكُوْفَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَرَاَيْتُهٗ وَسَمِعْتُ مِنْهُ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ*

11/(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) إِلٰى أَبِي الْحَسَنِ عَلِيّ بْنِ اَحْمَدَ النَّهَفْقِيّ اَخْبَرَنَا اَبُو عَلِيّ الْحَسَنُ ابْنُ الدِّمِشْقِيّ حَدَّثَنَا أَبُو زُفَرَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُسَيْنِ الطِّبْرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُكَرَّمٌ ابْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُكَرَّمٍ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَمَاعَةَ حَدَّثَنَا بَشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا اَبُو يُوْسُفَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيْفَةَ قَالَ وُلِدْتُّ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَحَجَجْتُ مَعَ اَبِي سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَاَنَا ابْنُ سِتَّةَ عَشَرَ سَنَةً فَلَمَّا دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ رَاَيْتُ حَلْقَةً عَظِيْمَةً فَقُلْتُ لِاَبِيْ حَلْقَةُ مَنْ هٰذِهٖ فَقَالَ حَلْقَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيّ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقَدَّمْتُ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَفَقَّهَ فِي دِيْنِ اللّٰهِ كَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ*

12/(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ النَّهَفْقِيُّ اَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيّ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ غِيَاثٍ الْقَاضِي الْبَغْدَادِيّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا الْجُلُوْدِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ التِّمْتَامِ يَحْيٰى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِي حَنِيْفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الاَنْصَارِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رُزِقْتُ وَلَدًا قَطُّ وَلَا وُلِدَ لِي قَالَ فَاَيْنَ اَنْتَ مِنْ كَثْرَةِ الِاسْتِغْفَارِ وَكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ تُرْزَقُ بِهِمَا الْوَلَدُ قَالَ فَكَانَ الرَّجُلُ يُكْثِرُ الصَّدَقَةَ وَيُكْثِرُ الِاسْتِغْفَارَ قَالَ جَابِرٌ فَوُلِدَ لَهٗ تِسْعَةُ ذُكُوْرٍ*

(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ النَّهَفْقِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُو عَلِيّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيّ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ غِيَاثٍ الْقَاضِي الْبَغْدَادِيّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا الْجُلُوْدِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ التِّمْتَامِ يَحْيٰى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِي حَنِيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنِ أَبِي أَوفٰى يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَنٰى لِلّٰهِ مَسْجِدًا وَلَوْ كَمَحْفَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ*

13/(وَبِهٰذَا) الْإِسْنَادِ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ النَّهَفْقِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيّ

(11) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (33)، والخطیب فی تاریخ بغداد 32:3، والعراقی فی تخریج أحادیث احیاء علوم الدین 6:1، وذکرہ المتقی الہندی فی کنز العمال (28855)

(12) اخرجه الحافظ عبد المؤمن بن خلف الدمیاطی فی جزء جمعه، قاله الحافظ بدر الدین العینی فی العمدة 481:3 فی ذیل حدیث (450)۔

الدِّمَشْقِی حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ الْحَنَفِیُّ اِمْلاءً بِالْكُوْفَةِ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ سِنَانِ الْیَامِیُّ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السِّرِیِّ عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ الْجُنْدِیِّ عَنْ اَبِی حَنِیْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنِ الاَسْقَعِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُظْهِرْ شَمَاتَةً لِأَخِیْكَ فَیُعَافِیَهُ اللّٰهُ وَیَبْتَلِیْكَ*

14/(وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ) قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ اَحْمَدَ النَّهْفَقِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو عَلِیٍّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الدِّمَشْقِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِیْرٍ الرَّازِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی حَاتِمٍ الرَّازِیُّ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ صَاحِبَ الرَّأْیِ سَمِعَ عَائِشَةَ ابْنَةَ عَجْرَدٍ تَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ اَكْثَرُ جُنْدِ اللّٰهِ فِی الأَرْضِ الْجَرَادُ لَا آكُلُهُ وَلَا اُحَرِّمُهُ *فَهٰؤُلَاءِ سِتَّةٌ مِنَ الصَّحَابَةِ وَّامْرَأَةٍ مِنَ الصَّحَابِیَاتِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

(وَاَمَّا مَنْ) قَالَ بِاَنَّهُمْ خَمْسَةٌ وَّامْرَأَةٌ فَاَخْرَجَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَذٰلِكَ لِوَجْهَیْنِ (اَحَدُهُمَا) اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وُلِدَ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ عِنْدَ اَكْثَرِ الْعُلَمَاءِ وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِیُّ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِیْنَ فَكَیْفَ یُتَصَوَّرُ اَنْ یَّرْوِیَ عَنْهُ (وَالثَّانِی) اَنَّ هٰذَا الْحَدِیْثَ مُعَنْعَنٌ مِنَ الاَحَادِیْثِ الَّتِی یَدْخُلُهَا التَّدْلِیْسُ فَیَظُنُّ الرَّاوِیْ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ مِنْهُ وَلَمْ یَكُنْ سَمِعَهٗ مِنْهُ وَالدَّلِیْلُ عَلٰی ذٰلِكَ اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ فِی سَائِرِ الاَحَادِیْثِ سَمِعْتُ وَفِی رِوَایَتِهٖ عَنْ جَابِرٍ مَا قَالَ سَمِعْتُ وَاِنَّمَا قَالَ عَنْ جَابِرٍ كَمَا هُوَ عَادَةُ التَّابِعِیْنَ فِی اِرْسَالِ الاَحَادِیْثِ حَتّٰی قَالَ اِبْرَاهِیْمُ اِذَا قُلْتُ لَكُمْ اَخْبَرَنِیْ فُلَانٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَهُوَ الَّذِی اَخْبَرَنِیْ عَنْهُ وَاِذَا قُلْتُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ عَنْهُ جَمَاعَةٌ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ*

(وَاَمَّا مَنْ) قَالَ اِنَّهٗ لَقِیَ سَبْعَةً مِنَ الصَّحَابَةِ فَاَلْحَقَ بِهٰؤُلَاءِ السِّتَّةِ مَعْقَلَ بْنَ یَسَارٍ الْمُزَنِیَّ وَفِیْهِ كَلَامٌ اَیْضاً فَاِنَّهٗ مَاتَ فِی اِمَارَةِ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِی سُفْیَانَ وَمَاتَ مُعَاوِیَةُ ابْنُ اَبِی سُفْیَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سَنَةَ سِتِّیْنَ فَكَیْفَ یُتَصَوَّرُ رُؤْیَتُهٗ وَرِوَایَتُهٗ عَنْهُ*

(وَاَمَّا) اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَغَیْرُهٗ مِنْ هٰؤُلَاءِ فَلَا مَانِعَ مِنْ ذٰلِكَ وَقَدِ اشْتَهَرَتِ الرِّوَایَاتُ فِی ذٰلِكَ فَاِنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اخْتَلَفُوا فِی وَفَاتِهٖ *فَقِیْلَ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ *وَقِیْلَ سَنَةَ اثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ *وَقِیْلَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِیْنَ فَیَكُوْنُ عُمْرُ اَبِی حَنِیْفَةَ یَوْمَ مَاتَ اَكْثَرَ مِنْ عَشَرِ سِنِیْنَ بِالاِتِّفَاقِ *وَعِنْدَ الْبَعْضِ ثَلَاثِیْنَ سَنَةً فَاَیُّ مَانِعٍ مِنْ صِحَّةِ رِوَایَتِهٖ عَنْهُ*

---

(13)اضرجه الحصكفی فی مسند الامام (482)والترمذی(2506)فی صفة القیامة، والطبرانی فی الكبیر 22:(127)وابونعیم فی الحلیة 5:186، والخطیب فی تاریخ بغداد 9:95-96-

(14)اضرجه الحافظ صدر الدین الحصكفی فی "مسند الامام"(٤٠٤)قلت: وقد اخرج ابو داود(٣٨١٣)فی الاطعمة:باب فی اكل الجراد، وابن ماجة(٣٢١٩)فی الصید:باب صید الحیتان والجراد، والخطیب فی "تاریخ بغداد" ١٤:٧٢، واللفظ لابی داود، عن سلمان قال: سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن الجراد فقال: "اكثر جنود الله لا آكله ولا

احرمہ"۔

تیسری نوع

اس میں امام اعظم کے وہ فضائل و مناقب ذکر کئے گئے ہیں جس میں آپ کے بعد میں آنے والا کوئی بھی شریک نہیں ہوسکا، وہ یہ کہ

آپ بلا واسطہ صحابہ کرام سے روایت کرتے ہیں

علماء کرام اس بات پر متفق ہیں کہ حضرت "امام اعظم رضی اللہ عنہ" نے صحابہ کرام سے روایت لی ہے، لیکن ان کی تعداد کتنی ہے، اس میں اختلاف ہے بعض کا کہنا ہے کہ ۶ صحابہ اور ایک صحابیہ سے روایت لی ہے، بعض کہتے ہیں: پانچ صحابہ کرام اور ایک صحابیہ سے روایت لی ہے اور کچھ یہ کہتے ہیں کہ آپ نے ۷ صحابہ کرام اور ایک صحابیہ سے روایت لی ہے

پہلے قول کی دلیل:۔

ہمیں خبر دی ہے حضرت "الشیخ الامام ابوبکر عبداللہ بن مبارک بن محمد بن ابی معالی بن محمد بن حسن بن علی بن عبداللہ بن حسن بن علی بن احمد بن علی بن حسن بن محمد بن عقیل بن عثمان بن ابی بکر بن ابی عبداللہ قاسم بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ہذلی رحمۃ اللہ علیہ" نے (اس طرح کہ مدینہ منورہ میں روضہ اطہر "اللہ تعالیٰ اس کی عزت اور احترام میں اضافہ فرمائے" کے سامنے میں نے ان کے سامنے یہ حدیث پڑھ کر سنائی)

○ وہ فرماتے ہیں: یہ حدیث ہمیں بیان کی ہے حضرت "امام ابوعبداللہ محمد بن عمر قرطبی رحمۃ اللہ علیہ" نے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت "الشیخ الصالح ابوالفتح محمود بن احمد بن علی محمودی رحمۃ اللہ علیہ" نے۔

○ ہمیں خبر دی ہے حضرت "الشیخ المعمر عبدالقادر بن عبدالجبار قزوینی رحمۃ اللہ علیہ" نے۔ (اور ان کی اصل کتاب مجھے دی، اس میں روایت ہے) حضرت "عبدالرحمٰن بن احمد بن ابی غالب عمری رحمۃ اللہ علیہ" سے (اس طرح کہ انہوں نے یہ حدیث روایت کرنے کی اجازت عطا فرمائی)

○ دونوں نے حضرت "الشریف ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن ابی عیسیٰ محمد بن متوکل بن معتصم بن رشید بن مہدی بن منصور بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○ وہ فرماتے ہیں: ہمیں یہ حدیث حضرت "ابوالحسن احمد بن ابی حسن سمنانی رحمۃ اللہ علیہ" نے بیان کی ہے۔

○ انہوں نے حضرت "ابوالحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔ (اس طرح کہ ان کے ہاں یہ حدیث پڑھی گئی اور میں سن رہا تھا) آپ سفر حج کے دوران ہمارے پاس بغداد تشریف لائے تھے۔

○ آپ فرماتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت "ابواحمد محمد بن عبداللہ بن خالد بن احمد ذہلی رحمۃ اللہ علیہ" نے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت "ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن عمرویہ بن عبدالرحمٰن مروزی رحمۃ اللہ علیہ" نے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت "ابوالعباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ" نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○انہوں نے روایت کی ہے حضرت ''ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے۔

○آپ فرماتے ہیں کہ

''میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے''

کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے''

(۱) اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے

○آپ فرماتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ فرماتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوعلی حسن بن علی بن محمد بن اسحاق یمانی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ فرماتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوالحسن علی بن بابویہ اسواری رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔ (شیراز میں)

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''جعفر بن محمد بن علی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''یونس بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوداود طیالسی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی۔

حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں ''میں سن ۸۰ ہجری میں پیدا ہوا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں وہ سن ۹۴ ہجری میں کوفہ تشریف لائے

میں نے ان کی زیارت بھی کی اور ان سے حدیث کا سماع بھی کیا

،اس وقت میری عمر ۱۴ برس تھی، میں نے ان کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''**تمہیں کسی چیز کی محبت اندھا** اور بہرہ کر دیتی ہے''

(۲) اسی اسناد کو حضرت ''ابوالحسن علی بن نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر آگے سند یوں بیان کرتے ہیں

○وہ فرماتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالحسن بن دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوزفر عبدالعزیز بن حسن طبری رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوبکر مکرم ابن احمد بن مکرم بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن سماعۃ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے

○وہ کہتے ہیں: میں سن ۸۰ ہجری میں پیدا ہوا اور اپنے والد محترم کے ہمراہ سن ۹۶ ہجری میں حج کیا، اس وقت میری عمر ۱۶ برس تھی جب ہم مسجد حرام میں داخل ہوئے تو وہاں میں نے ایک بہت بڑا حلقہ دیکھا، میں نے اپنے والد محترم سے پوچھا کہ یہ حلقہ کس کا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ یہ حلقہ حضرت ''عبداللہ بن حارث بن جزءزبیدی رضی اللہ عنہ'' جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں ان کا حلقہ ہے،

میں ان کے حلقے میں آیا، میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے

وہ فرمارہے تھے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے ''جو اللہ تعالیٰ کے دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی تمام ضروریات اور اس کے رزق کا انتظام ایسی جگہ سے کردیتا ہے جہاں سے اس کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا''

(۳) اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے

آپ فرماتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالحسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوالحسن علی بن غیاث قاضی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''جلودی محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○انہوں نے حضرت ''تمتام یحییٰ بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○انہوں نے روایت کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ روایت کرتے ہیں' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

:ایک انصاری آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی؟: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کبھی اولاد نہیں ملی اور میرا کوئی بچہ نہیں ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کثرت سے استغفار کیوں نہیں کرتے ہو اور کثرت سے صدقہ کیوں نہیں کرتے ہو؟ کیونکہ ان دونوں کی بدولت اولاد ملتی ہے۔ راوی فرماتے ہیں کہ وہ آدمی کثرت سے صدقہ کرنے لگ گیا اور کثرت سے استغفار کرنے لگ گیا، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کے ہاں ۹ بیٹے پیدا ہوئے۔

(۴) اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے

○ آپ فرماتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالحسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوالحسن علی بن غیاث قاضی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''جلودی محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○انہوں نے اس کو روایت کیا ہے حضرت ''تمتام یحییٰ بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے
○انہوں نے روایت کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

امام اعظم ابوحنیفہ روایت کرتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے

''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے مسجد بناتا ہے اگرچہ کھجور کی گٹھلی کے برابر ہی کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بناتا ہے۔

(۵) اسی اسناد کے ساتھ مروی ہے
○ آپ فرماتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوعلی الحسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن حسین حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○یہ حدیث انہوں نے ہمیں کوفہ میں املاء کروائی وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''طلحہ بن سنان یامی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ہناد بن سری رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○انہوں نے یہ حدیث حضرت ''ابوسعید جندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے
○انہوں نے یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی

امام اعظم فرماتے ہیں میں نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا

''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کی آزمائش کو ظاہر مت کرورنہ اللہ تعالیٰ اس کو عافیت عطاء کردے گا اور تجھے اس میں مبتلا کردے گا''

(۶) اسی اسناد کے ساتھ مروی ہے
○ آپ فرماتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوعلی حسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن کثیر رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''عبدالرحمٰن بن ابی حاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ اس حدیث کو حضرت ''عباس بن محمد دوزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں

○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ

امام اعظم ابوحنیفہ جو کہ صاحب رائے (یعنی مجتہد) سیدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں

،وہ فرماتی ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا لشکر ''ٹڈی'' ہے میں اس کو کھاتا بھی نہیں ہوں اس کو حرام بھی قرار نہیں دیتا۔

یہ ہیں ۶ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ایک صحابیہ خاتون جن کا تعلق صحابیات سے ہے امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ ان سے روایت کرتے ہیں۔

جن لوگوں کا مؤقف یہ ہے کہ وہ صحابہ کرام جن سے امام اعظم روایت کرتے ہیں ان کی تعداد ۵ ہے اور ایک خاتون صحابیہ ہیں وہ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری کو امام اعظم کے شیوخ سے خارج کرتے ہیں اور اس کی دو وجہ ہیں

(۱) اکثر علماء کے نزدیک امام اعظم سن ۸۰ ہجری کو پیدا ہوئے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سن ۷۹ ہجری کو فوت ہو گئے، تو کیسے متصور ہو سکتا ہے کہ امام اعظم ان سے روایت کریں۔

(۲) یہ حدیث معنعن ہے اور معنعن ان احادیث میں سے ہوتی ہے جس کے اندر تدلیس داخل ہو جاتی ہے راوی یہ گمان کرتا ہے کہ اس نے اپنے شیخ سے سنا ہے لیکن اس نے اپنے شیخ سے سنا نہیں ہوتا، اس کی دلیل یہ ہے کہ باقی تمام احادیث میں امام اعظم نے ''سمعت'' فرمایا ہے جبکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ والی حدیث میں آپ نے سمعت نہیں فرمایا بلکہ عن جابر فرمایا جیسا کہ حدیث کے ارسال کرنے میں تابعین کی عادت ہے، حتیٰ کہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ کہا ہے کہ جب میں تمہیں یہ کہوں کہ مجھے اس حدیث کی خبر دی ہے فلاں شخص نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے یہاں پر روایت کرتے ہوئے لفظ یہ بولوں ''اخبرنی فلان عن عبداللہ بن مسعود'' اس کا مطلب یہ ہوگا کہ مجھے اس شخص نے عبداللہ بن مسعود کے حوالے سے خبر دی ہے اور جب میں یہ کہوں'' **قال عبداللہ'' تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ حضرت عبداللہ کے حوالے سے مجھے پوری ایک جماعت نے خبر دی ہے۔**

اور جن کا مؤقف یہ ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ ۷ صحابہ کرام سے ملے ہیں انہوں نے ان ۶ کے ہمراہ حضرت معقل بن یسار مزنی رضی اللہ عنہ کو بھی شامل کیا ہے مگر اس پر بھی اعتراض ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ کی امارت میں فوت ہوئے اور حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ سن ۶۰ ہجری کو فوت ہوئے تو کیسے ہو سکتا ہے کہ امام اعظم نے ان کو دیکھا ہو اور ان سے ملاقات کی ہو۔

بہرحال حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا امام اعظم کے شیوخ میں سے ہونا اس میں کوئی مانع نہیں ہے اس سلسلے میں روایات مشہور ہیں، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی وفات میں اختلاف ہے بعض مؤرخین نے کہا کہ آپ کا وصال سن ۹۱ ہجری میں ہوا اور بعض نے یہ کہا ہے کہ ۹۲ ہجری میں آپ کا وصال ہوا، بعض نے یہ کہا ہے کہ ۹۳ ہجری میں آپ کا وصال ہوا۔ اس طرح امام اعظم کی عمر جس دن حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا وصال ہے وہ بالاتفاق ۱۰ سال سے زیادہ ہی ہے، اور بعض مؤرخین کے

نزدیک ۳۰ سال ہے۔ تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے میں اور ان کی روایت صحیح ہونے میں کونسی چیز مانع ہے؟

☆وأما النوع الرابع☆

مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَفَضَائِلِهٖ الَّتِی تَفَرَّدَ بِهَا وَلَمْ يُشَارِكْهُ فِيْهَا مَنْ بَعْدَهٗ اَنَّهٗ اجْتَهَدَ وَاَفْتٰى فِی زَمَنِ التَّابِعِيْنَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

(عَلٰى مَا اَخْبَرَنِیْ) الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بْنِ مَسْلِمَةَ بِدِمَشْقَ اِجَازَةً قَالَ اَنْبَانِی الْحَافِظُ اَبُو الْقَاسِمِ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ عَنْ اَبِی الْفَرَجِ سَعِيْدِ ابْنِ اَبِی الرَّجَاءِ الصَّيْرَفِیِّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الرَّجَاءِ الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الاِسْكَافُ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ مَنْدَةَ اَخْبَرَنَا الْاُسْتَاذُ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ الْحَارِثِیُّ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ مُسْهِرٍ يَقُوْلُ خَرَجَ الْاَعْمَشُ اِلَى الْحَجِّ فَشَيَّعَهٗ اَهْلُ الْكُوْفَةِ وَاَنَا فِيْهِمْ فَلَمَّا اَتَى الْقَادِسِيَّةَ رَاَوْهُ مَغْمُوماً فَقَالُوا فِی ذٰلِكَ فَقَالَ عَلِیُّ بْنُ مُسْهِرٍ شَيَّعَنَا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ ادْعُوْهُ لِی فَدَعُوْنِی وَكَانَ يَعْرِفُنِی بِمُجَالَسَةِ اَبِی حَنِيْفَةَ فَقَالَ لِی ارْجِعْ اِلَى الْمِصْرِ وَسَلْ اَبَا حَنِيْفَةَ اَنْ يَكْتُبَ لِی الْمَنَاسِكَ فَرَجَعْتُ فَسَاَلْتُهٗ فَاَمْلَا عَلَیَّ ثُمَّ اَتَيْتُ بِهَا اِلَى الْاَعْمَشِ*

(وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ) قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ الْبُخَارِیُّ الْحَارِثِیُّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا اَبِی قَالَ سَمِعْتُ اَبَا مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرَ يَقُوْلُ كَانَتْ اَشْيَاخُنَا يُفْتُوْنَ وَيُهَابُوْنَ فَاِذَا وَافَقَ فُتْيَاهُمْ فُتْيَا اَبِی حَنِيْفَةَ سَرُّوْا بِذٰلِكَ قُلْتُ مَنْ هُمْ قَالَ مِنْهُمُ الْاَعْمَشُ*

(وَبِهٖ) قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَارِثِیُّ الْبُخَارِیُّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ صَاحِبُ الْاِمْلَاءِ بِبَلْخَ حَدَّثَنَا بَشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ قَالَ لَقِيَنِی الْاَعْمَشُ فَقَالَ صَاحِبُ هٰذَا الَّذِی يُخَالِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ قُلْتُ لَهٗ فِيْمَا يُخَالِفُهٗ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بَيْعُ الْاَمَةِ طَلَاقُهَا *وَصَاحِبُكَ يَقُوْلُ لَيْسَ بَيْعُ الْاَمَةِ طَلَاقُهَا فَقُلْتُ لَهٗ اَنْتَ حَدَّثْتَنَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ لَمْ يَجْعَلْ بَيْعَ الْاَمَةِ طَلَاقَهَا فَقَالَ الْاَعْمَشُ وَاَيْنَ حَدِيْثُ ذٰلِكَ قَالَ قُلْتُ لَهٗ اَنْتَ حَدَّثْتَنَا عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتَ الصِّدِّيْقِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خَيَّرَ بَرِيْرَةَ *فَقَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ فَلَو كَانَ بَيْعُ الْاَمَةِ طَلَاقَهَا لَمَا كَانَ لِلتَّخْيِيْرِ مَعْنًى لِاَنَّ عَائِشَةَ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اشْتَرَتْهَا فَلَوْ كَانَ بَيْعُهَا طَلَاقَهَا لَمَا خَيَّرَهَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْاَعْمَشُ يَا يَعْقُوْبُ هٰذَا فِی هٰذَا قَالَ نَعَمْ*

(قَالَ) اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَارِثِیُّ الْبُخَارِیُّ وَفِی رِوَايَةٍ اُخْرٰى اَنَّ الْاَعْمَشَ قَالَ اِنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ يُحْسِنُ الْمَعْرِفَةَ بِمَوَاضِعِ الْفِقْهِ الدَّقِيْقَةِ وَغَوْرِ غَوَامِضِ الْعُلُوْمِ الْخَفِيَّةِ رَآهَا اَبُو حَنِيْفَةَ فِی ظُلْمَةِ اَمَاكِنِهَا مِنْ فَسِيْحِ ضَوْءِ سِرَاجِ قَلْبِهٖ حَيْثُ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِی*

15/(وَبِهٖ) قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَارِثِیُّ الْبُخَارِیُّ اَخْبَرَنَا اَبِی وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَهْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَفْصٍ عَنْ بَشْرِ بْنِ یَحْیٰی عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ سَمِعْتُ الاَعْمَشَ وَجَاءَهٗ رَجُلٌ فَسَاَلَهٗ عَنْ مَسْئَلَةٍ فَقَالَ عَلَیْكَ بِاَهْلِ تِلْكَ الْحَلْقَةِ فَاِنَّهُمْ اِذَا وَقَعَتْ لَهُمْ مَسْئَلَةٌ لَّا یَزَالُوْنَ یُدِیْرُوْنَهَا حَتّٰی یُصِیْبُوْنَهَا یَعْنِی حَلْقَةَ اَبِی حَنِیْفَةَ*

(وَبِهٖ) قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَارِثِیُّ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَمْرٍو الْعَبْقَرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَیَّاشٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَنِیْفَةَ یَقُوْلُ صَحِبْتُ الشَّعْبِیَّ فِی السَّفِیْنَةِ فَقَالَ لَا نَذْرَ فِی مَعْصِیَةٍ وَّلَا كَفَّارَةَ فِیْهِ *فَقُلْتُ لَهٗ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ (وَاِنَّهُمْ لَیَقُوْلُوْنَ مُنْكَراً مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْراً) * وَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰہُ فِیْهِ الْكَفَّارَةَ فَقَالَ اَقِیَاسٌ اَنْتَ*

(وَبِهٖ) قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ الْبُخَارِیُّ الْحَارِثِیُّ اَخْبَرَنَا اَبُو صَالِحِ السَّرْخَسِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی ابْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ عَنْ اَبِی حَنِیْفَةَ قَالَ قُلْتُ لِلشَّعْبِیِّ مَا تَقُوْلُ فِی حُرَّةٍ تَحْتَ عَبْدٍ كَمْ طَلَاقُهَا فَقَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ الطَّلَاقُ وَالْعِدَّةُ بِالنِّسَاءِ فَاَخْبَرْتُ حَمَّاداً فَقَالَ اَخْبَرَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مِثْلَهٗ*

16/(اَنْبَاَنِی) اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بْنِ مَسْلِمَةَ عَنْ اَبِی الْفَتْحِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِی عَنِ الْفَضْلِ ابْنِ خَیْرُوْنِ عَنْ اَبِی بَكْرٍ الْخَیَّاطُ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ الْعَلَّافُ عَنِ الْقَاضِی عُمَرَ الاَشْنَانِیِّ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدٍ بْنِ اَبَانَ النَّخْعِیِّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ الْحَمَانِیُّ حَدَّثَنَا شَرِیْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ الاَعْمَشِ فِی مَرَضِهِ الَّذِی مَاتَ فِیْهِ فَدَخَلَ عَلَیْهِ اَبُو حَنِیْفَةَ وَابْنُ اَبِی لَیْلٰی وَابْنُ شُبْرُمَةَ فَالْتَفَتَ اَبُوْحَنِیْفَةَ اِلَیْهِ وَكَانَ اَكْبَرَهُمْ فَقَالَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ اتَّقِ اللّٰہَ فَاِنَّكَ فِی اَوَّلِ یَوْمٍ مِنْ اَیَّامِ الآخِرَةِ وَآخِرِ یَوْمٍ مِنْ اَیَّامِ الدُّنْیَا وَقَدْ كُنْتَ تُحَدِّثُ فِی عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ بِاَحَادِیْثَ لَوْ سَكَتَّ عَنْهَا كَانَ خَیْراً لَكَ فَقَالَ الاَعْمَشُ اَلِمِثْلِی یُقَالُ هٰذَا اَسْنِدُوْنِی اَسْنِدُوْنِی حَدَّثَنَا اَبُو الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِیُّ عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی لِی وَلِعَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ اَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ اَحَبَّكُمَا وَاَدْخِلِ النَّارَ مَنْ اَبْغَضَكُمَا فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ (اَلْقِیَا فِی جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِیْدٍ) * قَالَ فَقَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ قُوْمُوا لَا یَجِیْءُ بِاَظْهَرَ مِنْ هٰذَا قُوْمُوا لَا یَجِیْءُ بِاَحْكَمَ مِنْ هٰذَا فَوَاللّٰہِ مَا خَرَجْنَا مِنَ الْبَابِ

(۱۵) اخرجه الحافظ صدر الدین الحصكفی فی "مسند الامام" (۲۹۴) وابن حبان (۴۲۷۱) والبخاری (۶۷۵۴) واحمد ۱۸۶:۶ وابوداود (۲۹۱۶) فی الفرائض: باب فی الولاء-

(۱۶) اخرجه الامام عبدالرحمان ابن الجوزی فی "الموضوعات" ۱:۴۰۰ وقال: هذا حدیث موضوع و كذب علی الاعمش والواضع له اسحاق النخعی وكذا قال عبد الرحمان السیوطی فی "اللآلی المصنوعة فی الاحادیث الموضوعة" ۱:۳۸۱ موضوع و "ترتیب الموضوعات" للامام شمس الدین الذهبی: ۱۲۱ و "الفوائد المجموعة فی الاحادیث الموضوعة" ۱:۳۸۲ للشوكانی-

حَتّٰی مَاتَ الاَعْمَشُ "فَثَبَتَ بِمَا ذَکَرْنَا اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ کَانَ مُقَدَّماً فِی الْفَتْوٰی مُعَظَّماً فِی زَمَنِ التَّابِعِیْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی"

چوتھی نوع

(اس میں امام اعظم کے وہ فضائل ومناقب ذکر کئے گئے ہیں جوصرف آپ ہی کا خاصہ ہیں اوران میں آپ کے بعدکوئی شخص ان مناقب میں شریک نہیں ہوا۔اوروہ فضیلت یہ ہے کہ

امام اعظم نے تابعین کے زمانہ میں اجتہادکیاہےاورفتویٰ دیاہے

اس کی دلیل یہ ہے کہ

○ہمیں خبردی حضرت ''شیخ معمراحمد بن مفرج بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں اوراس روایت کی اجازت بھی دی ہے۔
○وہ کہتے ہیں ہمیں خبردی ہے حضرت ''حافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوفرج سعید بن ابی رجاءصیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے
○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبردی ہے حضرت ''ابورجاءحسین بن احمد بن محمد اسکاف رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں خبردی ہے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن اسحاق بن مندہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں خبردی ہے الاستاذ حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''حسن بن معروف رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' کو کہتے ہوئے سنا
○وہ کہتے ہیں حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' حج کے لئے روانہ ہوئے تو کوفہ کے بہت سے لوگ ان کے ہمراہ تھے، میں بھی ان میں شریک ہوگیا، جب آپ قادسیہ پہنچے تو لوگوں نے ان کو پریشان پایا، لوگوں نے ان سے پوچھا تو حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' نے دریافت کیا: کیا یہ ہماری جماعت ہے؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں۔آپ نے فرمایا: اس کو بلاؤ، لوگوں نے مجھے بلایا، وہ مجھے امام اعظم کی مجالس میں اٹھنے بیٹھنے کی وجہ سے پہچانتے تھے۔آپ نے فرمایا: امام اعظم ابوحنیفہ کے پاس جاؤاورکہو کہ وہ ہمیں مناسک حج کے بارے میں کچھ لکھ دیں، میں لوٹ کرآیا تو میں نے امام اعظم سے درخواست کی، انہوں نے مجھے مناسک حج لکھوائے پھر میں وہ لے کرحضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آگیا۔

اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے آپ فرماتے ہیں کہ

○ہمیں خبردی حضرت ''ابومحمد بخاری حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبردی حضرت ''محمد بن احمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابراہیم بن محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی ہمارے والد نے

○ وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ''ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ہمارے بزرگ فتویٰ دیا کرتے تھے اوران کی بہت ہیبت ہوا کرتی تھی لیکن جب ان کا فتویٰ امام اعظم کے فتویٰ کے موافق ہوتا تو وہ خوش ہو جاتے۔ میں نے پوچھا وہ کون ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ ان میں سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' بھی ہیں۔

اسی اسناد کے ساتھ مروی ہے حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں کہ

○ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' (جنہوں نے بلخ کے اندر ہمیں یہ روایات املاء کروائیں)

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ حضرت ''اعمش رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ میری ملاقات ہوئی، انہوں نے کہا: اسی کا ساتھی ہے جو کہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کی مخالفت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: وہ کس معاملے میں ان کی مخالفت کرتے ہیں؟ انہوں نے کہا: عبداللہ نے کہا ہے ''لونڈی کی بیع اس کی طلاق ہے''۔ لیکن تمہارا ساتھی کہتا ہے ''لونڈی کی بیع اس کی طلاق نہیں ہے'' میں نے ان سے کہا کہ آپ رسول اکرم و صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لونڈی کی بیع کو طلاق قرار نہیں دیا''۔ حضرت ''اعمش رضی اللہ عنہ'' نے کہا: وہ حدیث کہاں ہے؟ میں نے کہا: آپ نے ہی ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنت صدیق اکبر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو اختیار دیا۔ چنانچہ اگر لونڈی کی بیع اس کی طلاق ہوتی تو حضرت بریرہ کو اختیار دینے کا کوئی مطلب نہیں بنتا، اس لئے کہ ام المومنین ''سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا'' نے ان کو خرید لیا تھا، اگر لونڈی کی بیع اس کی طلاق ہوتی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو اختیار نہ دیتے تو حضرت ''اعمش نے کہا: اے یعقوب! کیا یہ حدیث اسی بارے میں ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔

حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں اور دوسری روایت میں ہے کہ حضرت ''اعمش رضی اللہ عنہ'' نے کہا کہ ابوحنیفہ فقہ کے دقیق مقامات کو بڑے اچھے انداز میں سمجھتے ہیں اور باطنی علوم کی گہرایوں میں غوطہ زنی کرتے ہیں، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے کہ تاریک مقامات میں بھی امام اعظم کا دل چراغ کی طرح چمکتا ہوتا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ میری امت کا چراغ ہے۔

اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ

○ ہمیں خبر دی میرے والد اور حضرت ''محمد بن عبداللہ بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ دونوں فرماتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''محمد بن احمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○انہوں نے اسے حضرت ''بشر بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا

○اور وہ اس کو حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں

○وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ''اعمش رضی اللہ عنہ'' کو کہتے ہوئے سنا کہ ایک مرتبہ ان کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے حضرت اعمش سے کوئی مسئلہ پوچھا تو حضرت اعمش نے فرمایا کہ تم اس حلقے کو لازم پکڑ لو کیونکہ جب ان کو کوئی مسئلہ درپیش آتا ہے تو یہ اس پر مسلسل غور وفکر کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ حق بات تک پہنچ جاتے ہیں اس سے مراد حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کا حلقہ تھا۔

اسی اسناد کے ساتھ مروی ہے حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں کہ

○ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابراہیم بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''حسین بن عمرو عبقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابوبکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کو سنا آپ فرما رہے تھے کہ میں نے کشتی کے اندر حضرت شعبی کی صحبت اختیار کی ہے انہوں نے فرمایا تھا اللہ کی نافرمانی کے بارے میں کوئی نذر نہیں ہے اور نہ اس کا کوئی کفارہ ہے۔ میں نے ان سے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

''وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا''

''اور وہ بیشک بُری اور نری جھوٹ بات کہتے ہیں''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

جبکہ اللہ تعالیٰ نے تو اس میں کفارہ واجب کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ کیا یہ تمہارا قیاس ہے

○اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے کہ حضرت ''ابو محمد بخاری حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا کہ

○ہمیں خبر دی حضرت ''ابوصالح سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے

آپ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے عرض کی: آپ ایسی آزاد عورت کے بارے میں کیا کہتے ہیں جو کسی غلام کے نکاح میں ہو اس کی طلاق کیسے ہوگی؟۔ انہوں کہا: حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا ہے کہ اس کی طلاق اور اس کی عدت عام عورتوں کی طرح ہوگی، میں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کو بتایا تھا، انہوں نے کہا: مجھے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے واسطے سے اسی کی مثل خبر دی۔

ہمیں خبر دی حضرت ''احمد بن مفرج بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوالفتح محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوبکر خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوعبداللہ علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابواسحاق بن محمد ان ابان نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''یحییٰ بن عبدالمجید دحمانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں ہم حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس تھے جب وہ مرض الموت میں مبتلا ہوئے، تو ان کے پاس حضرت ''امام ابو حنیفہ، حضرت ''ابن ابی لیلیٰ اور حضرت ''ابن شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' آئے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے انکی طرف دیکھا اور وہ ان سب سے بڑے تھے اور کہنے لگے: ابومحمد! اللہ سے ڈرو کیونکہ آپ اس وقت آخرت کے دنوں میں سے سب سے پہلے دن میں ہو اور دنیا کے دنوں میں سب سے آخری دن میں ہو کیونکہ آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ایسی باتیں کرتے رہے ہو کہ اگر آپ ان کے بارے میں خاموشی اختیار کرتے تو یہ آپ کے لئے بہتر ہوتا۔ حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اس طرح کی جو روایات بیان کی جاتی ہیں وہ لوگوں نے میری طرف منسوب کر دی ہیں۔

ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابومتوکل ناجی رحمۃ اللہ علیہ'' نے وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا، اللہ تعالیٰ مجھے اور علی کو فرمائے گا: آپ ان لوگوں کو جنت میں داخل کر دیں جو آپ سے محبت کرتے رہے اور ان لوگوں کو دوزخ میں ڈال دیں جو آپ سے دشمنی کرتے رہے، یہ ہے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا مطلب

''القیا فی جهنم كل كفار عنيد''

''حکم ہوگا تم دونوں جہنم میں ڈال دو ہر بڑے ناشکرے ہٹ دھرم کو''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

یہ سن کر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اٹھ کر کھڑے ہو گئے اور کہا: چلو اٹھو، اس سے زیادہ واضح گفتگو نہیں ہوسکتی، اٹھو تمہارے پاس اس سے اچھی خبر کوئی نہیں لائے گا، اللہ کی قسم! ہم ابھی دروازے سے باہر نہیں آئے تھے کہ حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کا وصال ہو گیا۔

اس گزشتہ گفتگو سے یہ ثابت ہو گیا کہ امام اعظم فتویٰ کے حوالے سے لوگوں سے آگے تھے اور تابعین کے زمانے میں فتویٰ کے حوالے سے سب سے معظم سمجھے جاتے تھے۔

﴿وأما النوع الخامس﴾

مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَفَضَائِلِهِ الَّتِی لَمْ یُشَارِکْهُ فِیْهَا اَحَدٌ مِنَ الَّذِیْنَ بَعْدَهٗ فِی رِوَایَةِ الْکِبَارِ عَنْهُ

(وَالدَّلِیْلُ) عَلٰی ذٰلِکَ مَا اَخْبَرَنِی الشَّیْخُ الْمُعَمَّرُ اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ بِدِمَشْقَ اِجَازَةً قَالَ اَنْبَانِی الْحَافِظُ اَبُو الْقَاسِمِ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الشَّافِعِیُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَرَحِ سَعِیْدُ بْنُ اَبِی الرَّجَاءِ الصَّیْرَفِیُّ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَیْنِ الاِسْکَافُ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ یَحْیٰی ابْنِ مَنْدَةَ الاَصْفَهَانِیُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الاُسْتَاذُ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَعْقُوْبَ الْبُخَارِیُّ الْحَارِثِیُّ فِی کِتَابِ الْکَشْفِ لَهٗ قَالَ لَوْ لَمْ یُسْتَدَلَّ عَلٰی فَضَائِلِ اَبِی حَنِیْفَةَ اِلَّا بِرِوَایَةِ الْکِبَارِ عَنْهُ کَعَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ فَاِنَّهٗ مِنْ شُیُوْخِ اَبِی حَنِیْفَةَ وَکِبَارِ الْعُلَمَاءِ وَقَدْ رَوٰی عَنْهُ وَنُظَرَائِهٖ وَاَشْبَاهِهٖ کَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَکِ -وَیَزِیْدَ بْنِ هَارُوْنَ -قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ یَعْنِی الْبُخَارِیُّ رَوٰی عَنْهُ عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ وَهُشَیْمٌ وَوَکِیْعٌ وَهَمَّامُ بْنُ خَالِدٍ وَاَبُو مُعَاوِیَةَ الضَّرِیْرُ وَقَدْ رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ اَبِی رَوَّادٍ وَعَبْدُ الْمَجِیْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِی رَوَّادٍ -وَسُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ- وَفُضَیْلُ ابْنُ عَیَاضٍ -وَدَاوٗدُ الطَّائِیُّ وَابْنُ جُرَیْجٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ الْمُقْرِیُّ رَوٰی عَنْهُ تِسْعَ مِائَةِ حَدِیْثٍ* وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ وَابْنُ اَبِی لَیْلٰی وَابْنُ شُبْرُمَةَ رَوٰی عَنْهُ حَدِیْثًا وَاحِداً *وَمِسْعَرُ بْنُ کُدَامٍ -وَاِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ -وَشَرِیْکُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

وَحَمْزَةُ بْنُ حَبِیْبٍ الْمُقْرِیُّ -رَوٰی عَنْهُ الْکَثِیْرَ -وَعَاصِمُ بْنُ اَبِی النَّجُوْدِ اِمَامُ الْقُرَّاءِ وَشَیْخُ اَبِی حَنِیْفَةَ کَانَ یَسْاَلُهٗ وَیَاْخُذُ بِقَوْلِهٖ وَیَقُوْلُ جَزَاکَ اللّٰهُ خَیْراً یَا اَبَا حَنِیْفَةَ وَکَانَ یَقُوْلُ اَتَیْتَنَا صَغِیْراً وَاَتَیْنَاکَ کَبِیْراً *وَقَدْ ذَکَرَ اَخْطَبُ خُطَبَاءِ خَوَارَزَمَ صَدْرُ الاَئِمَّةِ اَبُو الْمُؤَیَّدِ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَکِّیُّ فِی مَنَاقِبِ اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَبْعَ مِائَةٍ وَثَلَاثِیْنَ رَجُلاً مِنْ مَشَائِخِ الْمُسْلِمِیْنَ فِی الآفَاقِ وَاَقْطَارِ الاَرَضِیْنَ مِمَّنْ رَوَوْا عَنْهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ*

پانچویں نوع

اس نوع میں امام اعظم ابوحنیفہ کہ وہ فضائل ومناقب ذکر ہیں جن میں آپ کے بعد کوئی بھی شخص شریک نہیں ہے اور وہ یہ ہے

کبار تابعین نے آپ سے حدیث روایت کی ہے

اس کی دلیل یہ ہے کہ ہمیں خبر دی ہے شیخ معمر احمد بن مفرج بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں اس طرح کہ ہمیں حدیث روایت کرنے کی اجازت دی ہے،

- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''حافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوفرج سعید بن ابی رجاء صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوحسین اسکاف رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''استاذ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بخاری حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' نے انہوں نے اپنی کشف کتاب میں لکھا ہے'' کاش کہ امام اعظم کے فضائل پر یہی استدلال لایا جاتا کہ کبار تابعین نے ان سے روایت کی ہے'' مثلاً حضرت ''عمرو بن دینار'' یہ امام اعظم کے شیوخ میں سے ہیں، اسی طرح کبار علماء آپ کے شیوخ میں سے ہیں ، اور یہ لوگ امام اعظم سے بھی روایت کرتے ہیں اور ان جیسے بہت سے علماء بھی آپ سے روایت کرتے ہیں جیسا کہ عبداللہ بن مبارک اور یزید بن ہارون بھی امام اعظم سے روایت کرتے ہیں۔

محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ (درج ذیل محدثین نے) امام اعظم سے روایت کی ہے

○ حضرت عباد بن عوام رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت وکیع رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت ہمام بن خالد رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت عبدالعزیز بن ابی رواد رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت عبدالحمید بن عبدالعزیز بن ابی رواد رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت سفیان بن عیینۃ رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت داود بن طائی رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ (انہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ سے ۹۰۰ حدیثیں روایت کی ہیں۔)

○ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ۔ (انہوں نے امام اعظم سے ایک حدیث روایت کی ہے)

○ حضرت ابن شبرمۃ رحمۃ اللہ علیہ (انہوں نے ان سے ایک حدیث روایت کی ہے۔)

○ حضرت مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ۔

○ حضرت حمزہ بن حبیب مقری رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے بہت ساری حدیثیں روایت کی ہیں

○ حضرت عاصم بن ابی نجود رحمۃ اللہ علیہ، جو کہ امام القراء ہیں اور امام اعظم کے شیخ ہیں، یہ امام اعظم سے پوچھا بھی کرتے تھے اور انہی کے قول کو اختیار بھی کیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے "اے ابوحنیفہ! اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر عطاء فرمائے"۔ اور فرمایا کرتے تھے "تو ہمارے پاس بچپن میں آیا اور ہم تمہارے پاس بوڑھے ہو کر آئے"۔ اور اخطب الخطباء خوارزم صدر الائمہ ابومؤید موفق بن احمد مکی نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے مناقب میں ۷۳۰ ایسے آدمیوں کا ذکر کیا ہے جو روئے زمین پر مسلمانوں کے مشائخ ہیں اور وہ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت لیتے ہیں۔

☆وأما النوع السادس☆

مِنْ مَنَاقِبِه وَفَضَائِلِه الَّتِي تَفَرَّدَ بِهَا اَنَّهُ تَلَمَّذَ عِنْدَ اَرْبَعَةِ آلافٍ مِنْ شُيُوْخِ أئِمَّةِ التَّابِعِيْنَ دُوْنَ مَنْ بَعْدَهُ

(فَالدَّلِيْلُ) عَلَيْهِ مَا اَخْبَرَنَا جَمَاعَةٌ مِنَ الثِّقَاتِ الْمَشَائِخِ عَنِ الصَّدْرِ الْعَلَّامَةِ اَخْطَبُ خُطَبَاءِ خَوَارَزَمَ صَدْرُ الأئِـمَّةِ اَبِى الْمُؤَيَّدِ مُوَفَّقُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَكِّيُّ عَنْ اَبِى حَفْصٍ عُمَرَ ابْنِ الامَامِ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِ الزَّرَنْجَرِيُّ عَنْ وَالِدِهٖ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهُ قَالَ وَقَعَتْ مُنَازَعَةٌ بَيْنَ اَصْحَابِ الاِمَامِ الاَعْظَمِ اَبِى حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابِ الاِمَامِ الْمُعَظَّمِ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنْهُ فَفَضَّلَ كُلُّ طَائِفَةٍ صَاحِبَهَا فَقَالَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ اَبِى حَفْصٍ الْكَبِيْرُ وَهُوَ اِمَامُ أئِمَّةِ الْحَدِيْثِ لاَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ عُدُّوْا مَشَائِخَ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَمْ هُمْ فَعَدُّوْهُمْ فَقَالُوا اِنَّهُمْ بَلَغُوا ثَمَانِيْنَ شَيْخاً فَقَالَ لَهُمْ فَعُدُّوا مَشَائِخَ اَبِى حَنِيْفَةَ فَعَدُّوْهُمْ فَقَالُوا اِنَّهُمْ بَلَغُوا اَرْبَعَةَ آلافٍ وَّقَدْ صَنَّفَ جَمَاعَةٌ مِنَ الْعُلَمَاءِ فِي ذٰلِكَ وَعَدُّوْهُمْ عَلٰى حُرُوْفِ الْمُعْجَمِ

(وَقَدْ) اَخْبَرَنِىْ الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَةُ مُحْيُ الدِّيْنِ اَبُو مُحَمَّدٍ يُوْسُفُ بْنُ اَبِى الْفَرْجِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَلِيِّ ابْنِ الْجَوْزِيُّ -وَاَبُو مُحَمَّدٍ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِى الثَّنَاءِ مَحْمُوْدُ بْنُ سَالِمٍ وَّاَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَقَا قَالُوا اَخْبَرَنَا الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَةُ ذَاكِرُ بْنُ كَامِلٍ وَّاَبُو الْقَاسِمِ يَحْيٰى بْنُ اَسْعَدَ بْنِ يُوْنُسَ وَالْقَاضِى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ الْعُمَرِيُّ قَالُوْا اَخْبَرَنَا الاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خِسْرُو الْبَلْخِيُّ اَخْبَرَنَا الشَّيْخُ اَبُو الْحُسَيْنِ الْمُبَارَكُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَتْحِ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُو حَفْصٍ عُمَرَ بْنُ عُثْمَانَ الْوَاعِظُ اَخْبَرَنَا مُكَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِى حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَطِيَّةَ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى اُوَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ بْنَ يُوْنُسَ يَقُوْلُ دَخَلَ اَبُوحَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَبِى جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرِ وَعِنْدَهُ عِيْسٰى بْنُ مُوْسٰى فَقَالَ لِلْمَنْصُوْرِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ هٰذَا عَالِمُ الدُّنْيَا الْيَوْمَ فَقَالَ لَهُ الْمَنْصُوْرُ يَا نُعْمَانُ مِمَّنْ اَخَذْتَ الْعِلْمَ فَقَالَ عَنْ اَصْحَابِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُم (وَعَنْ) اَصْحَابِ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ (وَعَنْ) اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ (وَعَنْ) اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُم عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَمَا كَانَ فِي وَقْتِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلٰى وَجْهِ الاَرْضِ اَعْلَمُ مِنْهُ فَقَالَ لَهُ الْمَنْصُوْرُ لَقَدِ

اسْتَوْثَقْتَ لِنَفْسِكَ*

چھٹی نوع

اس نوع میں امام اعظم کے وہ فضائل ذکر ہیں جن میں آپ یکتا ہیں، اور آپ کے بعد یہ مقام کسی کو نصیب نہیں ہوا (وہ مقام یہ ہے)

امام اعظم ابوحنیفہ نے ۴۰۰۰ کے قریب ائمہ و تابعین کی شاگردی اختیار کی ہے

اس پر دلیل یہ کہ ہمیں خبر دی ہے ثقہ مشائخ کی پوری ایک جماعت نے

انہوں نے روایت کیا حضرت ''صدر، علامۃ اخطب خطباء خوارزم صدر الائمہ ابومؤید موفق بن احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

وہ روایت کرتے ہیں حضرت ''ابوحفص عمر بن امام بکر بن محمد بن علی زرنجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں اس بارے میں تنازع ہو گیا کہ دونوں میں زیادہ فضیلت کس کی ہے؟۔ ہر جماعت اپنے شیخ کو فضیلت دے رہی تھی تو حضرت ''ابوعبداللہ بن ابی حفص کبیر رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے بہت بڑے امام الحدیث ہیں، انہوں نے کہا کہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے مشائخ کو شمار کرو کہ وہ کتنے ہیں؟ انہوں نے ان کو شمار کیا اور کہنے لگے کہ امام شافعی کے مشائخ کی تعداد ۸۰ تک پہنچ رہی ہے۔ پھر انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے کہا: امام اعظم کے مشائخ کو شمار کرو انہوں نے شمار کیا تو انہوں نے کہا: حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے اساتذہ کی تعداد ۴۰۰۰ تک پہنچ چکی ہے۔ اس بارے میں کئی علماء نے کتابیں بھی لکھی ہیں اور حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے مشائخ کو حروف تہجی کے اعتبار سے ذکر کیا ہے۔

ہمیں مشائخ ثلاثہ نے خبر دی ہے (مشائخ ثلاثہ سے مراد یہ ہیں) حضرت ''محی الدین ابومحمد یوسف بن ابی فرج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن علی ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد ابراہیم بن ابی ثنا محمود بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقا رحمۃ اللہ علیہ''، یہ تینوں بزرگ فرماتے ہیں کہ

ہمیں خبر دی مشائخ ثلاثہ نے (مشائخ ثلاثہ سے مراد یہ ہیں) حضرت ''ذاکر بن کامل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقاسم یحییٰ بن اسعد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی عبدالرحمٰن ابن عمری رحمۃ اللہ علیہ''، یہ تینوں بزرگ فرماتے ہیں کہ

- ہمیں خبر دی حضرت ''امام حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''شیخ ابوحسن مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''ابوالفتح عبدالکریم بن محمد بن احمد بن قاسم بن اسماعیل محالی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''ابوحفص عمر بن عثمان واعظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''احمد بن عطیہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''ابن ابی اویس رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ''ربیع بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا

○وہ کہہ رہے تھے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' امیر المؤمنین حضرت ''ابوجعفر منصور رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس تشریف لائے ،ان کے پاس حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' موجود تھے،انہوں نے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: اے امیر المؤمنین! یہ شخص آج پوری دنیا کا عالم ہے۔حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' نے آپ سے کہا: اے نعمان! آپ نے علم کس کس سے حاصل کیا؟۔امام اعظم نے کہا: حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کے شاگردوں سے اور حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے شاگردوں سے اور حضرت ''عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے شاگردوں سے اور حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' کے شاگردوں سے اور حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے اور حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' کے زمانے میں پوری روئے زمین پر ان سے بڑا عالم کوئی نہیں تھا۔منصور نے کہا: آپ نے اپنے آپ کو بہت مضبوط کرلیا ہے۔

☆وَاَمَّا النَّوْعُ السَّابِعُ☆

مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَفَضَائِلِهٖ الَّتِی تَفَرَّدَ بِهَا وَلَمْ يُشَارِكْهُ فِيْهَا اَحَدٌ مِنْ بَعْدِهٖ بِالْاِجْمَاعِ اَنَّهٗ اتَّفَقَ لَهٗ مِنَ الْاَصْحَابِ مَا لَمْ يُتَّفَقْ لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِهٖ*

(فَالدَّلِيْلُ) عَلَيْهِ مَا اَخْبَرَنِی الْمَشَائِخُ الثِّقَاتُ عَنْ صَدْرِ الْاَئِمَّةِ اَبِی الْمُؤَيَّدِ مُوَفَّقِ ابْنِ اَحْمَدَ الْمَكِّيِّ الْخَوَارَزْمِيِّ اِجَازَةً قَالَ اَخْبَرَنِی الْاِمَامُ الْعَلَّامَةُ رُكْنُ الْاِسْلَامِ اَبُو الْفَضْلِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَمِيْرَوَيْهِ قَالَ اَخْبَرَنَا قَاضِی الْقُضَاةِ اَبُو بَكْرٍ عَتِيْقُ بْنُ دَاوٗدُ الْيَمَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِی تَرْجِيْحِ مَذْهَبِ اَبِی حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلٰی سَائِرِ الْمَذَاهِبِ فِی كَلَامٍ طَوِيْلٍ فَصِيْحٍ بَلِيْغٍ اِلٰی اَنْ قَالَ هُوَ اِمَامُ الْاَئِمَّةِ وَسِرَاجُ الْاُمَّةِ ضَخْمُ الدَّسِيْعَةِ السَّابِقِ اِلٰی تَدْوِيْنِ الشَّرِيْعَةِ ثُمَّ اَيَّدَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی بِالتَّوْفِيْقِ وَالْعِصْمَةِ فَجَمَعَ لَهٗ مِنَ الْاَصْحَابِ وَالْاَئِمَّةِ عِصْمَةً مِنْهُ تَعَالٰی لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ مَا لَمْ يَجْتَمِعْ فِی عَصْرٍ مِنَ الْاَعْصَارِ فِی الْاَطْرَافِ وَالْاَقْطَارِ*

(منهم) ذو الفقه والدراية -المعترف له بعلم الحديث والرواية -إمام المسلمين وقاضی قضاة المؤمنين أبو يوسف يعقوب بن إبراهيم الأنصاری رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وَمِنْهُمْ) ذُوْ الْفَهْمِ وَالْبَيَانِ الْمَاهِرُ فِی عِلْمَيِ الْفِقْهِ وَاللِّسَانِ الْعَالِمُ الرَّبَّانِيُّ مُحَمَّدُ ابْنُ الْحَسَنِ الشَّيْبَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وَمِنْهُمْ) ذُو الذَّكَاءِ الْبَاهِرِ وَالْعِلْمِ الزَّاهِرِ زُفَرَ بْنِ الْهُذَيْلِ التَّمِيْمِيُّ الْعَنْبَرِيُّ*

(وَمِنْهُمْ) الْفَاضِلُ النَّزِيْهُ وَالْكَامِلُ الْفَقِيْهُ الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اللُّؤْلُؤِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ*

(وَمِنْهُمْ) الْفَقِيْهُ الْبَصِيْرُ الْمُقَرُّ لَهٗ بِالتَّفْسِيْرِ الْوَرْعُ الْفَصَاحُ وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ*

(وَمِنْهُمْ) الْفَقِيْهُ الْكَامِلُ الْمَاجِدُ الْوَرْعُ الزَّاهِدُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْمَرْوَزِيُّ*

(وَمِنْهُمْ) اَزْهَدُ الاَئِمَّةِ وَرَاهِبُ هٰذِهِ الاُمَّةِ دَاوٗدُ بْنُ نَصِيْرٍ الطَّائِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ*

(وَمِنْهُمْ) اِمَامُ اَئِمَّةِ حَدِيْثِ النَّبِيِّ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ النَّخْعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(وَمِنْهُمْ) اَلْإِمَامُ الْمُعَظَّمُ وَالْعَالِمُ الْمُقَدَّمُ مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا ابْنِ أَبِي زَائِدَةَ*

(وَمِنْهُمْ) اَلْإِمَامُ ابْنُ الاِمَامِ حَمَّادُ بْنُ اَبِي حَنِيْفَةَ وَيُوْسُفُ بْنُ خَالِدِ السَّمْتِيُّ وَعَافِيَةُ بْنُ يَزِيْدَ الاَوْدِيُّ -وَحَبَّانُ وَمَنْدَلُ ابْنَا عَلِيٍّ وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَّالْقَاسِمُ بْنُ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَّاَسَدِ بْنِ عَمْرٍو الْبَجَلِيِّ قَاضِي وَاسِطٍ وَنُوْحُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ الْجَامِعِ وَغَيْرِهِمْ مِمَّنْ يَّطُوْلُ ذِكْرُهُمْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

(وَقَدْ) قَرَأْتُ بِخَطِّ سَيِّدِيْ وَاُسْتَاذِي وَوَالِدِي رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنِ الإمَامِ سَيْفِ الاَئِمَّةِ السَّائِلِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهٗ قَالَ اشْتَهَرَ وَاسْتَفَاضَ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَلَمَّذَ عِنْدَ اَرْبَعَةِ آلافٍ مِنْ شُيُوْخِ اَئِمَّةِ التَّابِعِيْنَ وَتَفَقَّهَ عِنْدَ اَرْبَعَةِ آلافٍ فَلَمْ يُفْتِ بِلِسَانِهٖ وَلَا بِقَلَمِهٖ حَتّٰى اَمَرُوْهُ فَجَلَسَ فِي مَجْلِسٍ فِي جَامِعِ الْكُوْفَةِ فَاجْتَمَعَ مَعَهُ اَلْفٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ اَجَلُّهُمْ وَاَفْضَلُهُمْ اَرْبَعُوْنَ قَدْ بَلَغُوا حَدَّ الاِجْتِهَادِ فَقَرَّبَهُمْ وَاَدْنَاهُمْ وَقَالَ لَهُمْ اَنْتُم اَجِلَّةُ اَصْحَابِي وَمَسَارُ قَلْبِي وَجِلاءُ اَحْزَانِي وَاِنِّي اَلْجَمْتُ هٰذَا الْفِقْهَ وَاَسْرَجْتُهُ لَكُم فَاَعِيْنُوْنِي فَاِنَّ النَّاسَ قَدْ جَعَلُوْنِي جِسْراً عَلٰى النَّارِ فَاِنَّ الْمُتَهَنَّا لِغَيْرِي وَالْعَبْءُ عَلٰى ظَهْرِي *وَكَانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِذَا وَقَعَتْ وَاقِعَةٌ شَاوَرَهُمْ وَنَاظَرَهُمْ وَحَاوَرَهُمْ وَسَأَلَهُمْ فَيَسْمَعُ مَا عِنْدَهُمْ مِنَ الاَخْبَارِ وَالآثَارِ وَيَقُوْلُ مَا عِنْدَهٗ وَيُنَاظِرُهُمْ شَهْراً أَوْ اَكْثَرَ حَتّٰى يَسْتَقِرَّ اَحَدُ الاَقْوَالِ فَيُثْبِتُهٗ اَبُو يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَتّٰى اَثْبَتَ الاُصُوْلَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْهَاجِ شُوْرٰى لَا اَنَّهٗ تَفَرَّدَ بِذٰلِكَ كَغَيْرِهٖ مِنَ الاَئِمَّةِ (وَالدَّلِيْلُ) عَلٰى ذٰلِكَ مَا اَخْبَرَنِي بِهِ الْمَشَايِخُ الثَّلَاثَةُ شَرَفُ الدِّيْنِ الْحَسَنُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ بِدِمَشْقٍ وَشَرَفُ الدِّيْنِ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنُ عَبْدِ الْمُحْسِنِ الاَنْصَارِيُّ بِحَمَاهُ وَعِزُّ الدِّيْنِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ رِزْقُ اللّٰهِ بِالْمُوْصَلِ اِجَازَةً قَالُوْا اَخْبَرَنَا اَبُو الْيُمْنِ زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ الْكِنْدِيِّ الاَوَّلِ سَمَاعاً وَالآخَرَانِ اِجَازَةً قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو مَنْصُورٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ قَالَ اَخْبَرَنَا الْحَافِظُ اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ ابْنُ عَلِيٍّ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطِيْبُ اَخْبَرَنَا الْخَلَّالُ اَخْبَرَنَا الْجَرِيْرِيُّ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ النَّخْعِيِّ حَدَّثَهُمْ حَدَّثَنَا نَجِيْحُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ كَرَامَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ وَكِيْعٍ بْنِ الْجَرَّاحِ يَوْماً فَقَالَ رَجُلٌ اَخْطَأَ اَبُوْحَنِيْفَةَ فَقَالَ وَكِيْعٌ كَيْفَ يَقْدِرُ اَبُوْحَنِيْفَةَ اَنْ يُخْطِءَ وَمَعَهُ مِثْلُ اَبِي يُوْسُفَ وَزُفَرَ وَمُحَمَّدٌ فِي قِيَاسِهِمْ وَاجْتِهَادِهِمْ وَمِثْلُ يَحْيَى ابْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ وَحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَحَبَّانُ وَمَنْدَلُ ابْنَا عَلِيٍّ فِي حِفْظِهِمْ لِلْحَدِيْثِ وَمَعْرِفَتِهِمْ بِهٖ وَالْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي مَعْرِفَتِهٖ بِاللُّغَةِ وَالْعَرَبِيَّةِ وَدَاوٗدُ بْنُ نَصِيْرٍ الطَّائِيُّ وَفُضَيْلٌ ابْنُ عَيَاضٍ فِي زُهْدِهِمَا وَوَرْعِهِمَا مَنْ كَانَ اَصْحَابُهٗ هٰؤُلَاءِ وَجُلَسَآؤُهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِءَ لِاَنَّهٗ اِنْ اَخْطَأَ رَدُّوْهُ اِلَى الْحَقِّ *ثُمَّ قَالَ وَكِيْعٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَالَّذِي يَقُوْلُ مِثْلُ هٰذَا كَالاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ *فَمَنْ زَعَمَ اَنَّ الْحَقَّ فِيْمَنْ خَالَفَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَوَضَعَ الْمَذْهَبَ وَحْدَهٗ اَقُوْلُ لَهٗ مَا قَالَ الْفَرَزْدَقُ لِجَرِيْرٍ*

شعر

اُولَـٓئِكَ آبَـآئِـي فَـجِـئْـنِـي بِمِثْلِهِمْ — اِذَا جَـمَـعَـتْـنَـا يَـا جَـرِيْـرُ الْمُجَامِعُ

ساتویں نوع

اس نوع میں امام اعظم ابوحنیفہ کے وہ فضائل ومناقب مذکور ہیں جن میں آپ یکتا ہیں ان فضائل میں آپ کے ساتھ دوسرا کوئی شریک نہیں ہے۔اور وہ یہ ہے کہ

آپ کی رائے کے ساتھ آپ کے بہت سارے اصحاب کا اتفاق ہے

اس کی دلیل یہ حدیث ہے:

ہمیں ثقہ مشائخ نے حضرت ''صدرالائمہ ابومؤید موفق بن احمد مکی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کیا، اس طرح کہ انہوں نے یہ حدیث روایت کرنے کی اجازت عطا فرمائی ہے

وہ فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی ہے حضرت ''امام علامہ رکن الاسلام ابوالفضل عبدالرحمٰن نب محمد بن امیرویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''قاضی القضاۃ ابوبکر عتیق بن داؤد یمانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

انہوں نے دیگر تمام مذاہب پر امام اعظم کو ترجیح دینے کے سلسلے میں بہت طویل اور بہت فصیح وبلیغ کلام کیا ہے اس میں یہ بھی فرمایا: وہ امام الائمہ ہیں، وہ امت کے چراغ ہیں، وہ طبیعت کے سخی ہیں، وہ شریعت کے امور کی تدوین میں سب سے آگے نکل گئے، اللہ تعالیٰ توفیق اور حفاظت کے ساتھ ان کی مدد فرمائے۔ اصحاب اور ائمہ، امام اعظم کے لئے اس طرح جمع ہو جاتے ہیں کہ کسی بھی زمانے میں روئے زمین میں کہیں بھی اتنے ائمہ کا ایک مسئلہ پر اجماع نہیں ہوتا۔

ان میں سے چند ایک مشہور فقہاء کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں

(۱) یہ امام اعظم کے لئے علم حدیث اور علم روایت کا اعتراف کرنے والے امام المسلمین قاضی القضاہ المؤمنین ذوالفقہ والدرایۃ حضرت ''امام ابویوسف یعقوب بن ابراہیم انصاری رحمۃ اللہ علیہ''

(۲) ذوالفہم والبیان علم فقہ ولسان کے ماہر عالم ربانی محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۳) ذوالزکاء الباھر والعلم الزاھر زفر بن ھذیل التمیمی عنبری رحمۃ اللہ علیہ۔

(۴) فاضل النزیہہ والکامل الفقیہ حسن بن زیاد لؤلؤی رحمۃ اللہ علیہ۔

(۵) فقیہ البصر جن کے لئے تفسیر کا اقرار کیا گیا، پرہیزگار، فصیح گفتگو کے مالک، حضرت امام وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ

(۶) فقیہ الکامل، الماجد، الورع، الزاھد عبداللہ بن مبارک مہروزی رحمۃ اللہ علیہ۔

(۷) ازہد الائمہ اور اس امت کے راہب حضرت ''داؤد بن نصیر الطائی رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۸) امام الائمہ امام المحدثین حضرت ''حفص بن غیاث نخعی رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۹) امام المعظم العالم المتقدم حضرت ''محمد بن زکریا بن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۰) امام ابن الامام حضرت ''حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۱) حضرت ''یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۲) حضرت ''عافیہ بن یزید اودی رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۳) حضرت ''حبان اور مندل رحمۃ اللہ علیہما'' جو کہ دونوں علی کے بیٹے ہیں۔

(۱۴) حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۵) حضرت ''قاسم بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''۔

(۱۶) حضرت ''اسد بن عمرو بجلی رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ واسط کے قاضی ہیں۔

(۱۷) حضرت ''نوح بن ابی مریم جامع اور دیگر محدثین بھی ہیں جن کا ذکر طوالت کا باعث ہوگا۔

میں نے اپنے استاذ المکرّم جناب والد محترم کی ایک تحریر پڑھی ہے اس میں امام سیف الائمہ السائلی کا یہ بیان لکھا تھا'' یہ بات خوب مشہور و معروف ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ۴۰۰۰ تابعین ائمہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا اور ۴۰۰۰ فقہاء سے فقہ سیکھی لیکن جب تک آپ کے شیوخ نے اجازت نہ دی تب تک آپ نے اپنی زبان سے اور اپنے قلم سے کوئی فتویٰ جاری نہیں فرمایا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ آپ کوفہ کی جامع مسجد میں تشریف فرما تھے۔ آپ کے گرد ایک ہزار کے قریب آپ کے اصحاب جمع ہو گئے، ان میں سے زیادہ علم و فضل والے ۴۰ افراد تھے، یہ سب مقام اجتہاد پر فائز تھے۔ امام اعظم نے ان کو اپنے قریب بلوایا، اپنے نزدیک کیا اور فرمایا: تم میرے انتہائی معتمد علیہ شاگرد ہو، میرے دل کا چین ہو اور میری پریشانیوں کا مداوا ہو۔ میں نے اس فقہ کو سمیٹا ہے اور تمہارے لئے واضح کیا ہے لہٰذا تم میری مدد کرو کیونکہ لوگوں نے مجھے آگ کے اوپر سے گزرنے والا پل بنالیا ہے کیونکہ اس سے شاباش دوسروں کو ملے گی جبکہ اس کا بوجھ میری پشت پر رہے گا۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی عادت کریمہ تھی جب بھی کوئی اہم واقعہ پیش آتا تو آپ اپنے اصحاب سے مشورہ کرتے، ان سے مناظرہ کرتے، ان سے بحث و تمحیص کرتے اور ان سے مسئلہ کا جواب پوچھتے۔ آپ وہ اخبار اور آثار بھی سنتے جو ان کے پاس موجود ہوتے اور اپنے دلائل بھی پیش کرتے، پورا پورا مہینہ بلکہ اس سے بھی زیادہ عرصہ ان کے درمیان مناظرہ چلتا حتیٰ کہ تمام کے اقوال میں سے کوئی ایک قول دلائل سے ثابت ہو جاتا، حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اس ثابت شدہ قول کو لکھ لیتے اور اسی طرح مشاورت کے ساتھ اصول وضع کئے جاتے۔ ایسا نہیں ہے کہ دیگر فقہاء کی طرح اکیلے بیٹھ کر قوانین مرتب نہیں کر لیئے۔

اس بات پر دلیل درج ذیل روایت ہے

ہمیں مشائخ ثلاثہ نے خبر دی ہے (مشائخ ثلاثہ سے مراد) حضرت ''شرف الدین حسن بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں روایت کی، حضرت ''شرف الدین ابومحمد عبدالعزیز بن محمد بن عبدالمحسن انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حماۃ میں بیان کی، حضرت ''عزالدین عبدالرزاق رزق اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے موصل میں بیان کی اس طرح کہ اس کی روایت کی اجازت دی، یہ تینوں کہتے ہیں

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' نے پہلے دو بزرگوں سے یہ حدیث سنی ہے اور دوسرے

دونوں نے اس کی اجازت دی ہے وہ فرماتے ہیں

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''خلال رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں حضرت ''علی بن محمد نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''نجیح بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابن کرامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔

○ وہ فرماتے ہیں: ہم ایک دن حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھے، ایک آدمی نے کہا: حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے غلطی کی ہے۔ حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے غلطی کیسے سرزد ہو سکتی ہے؟ جبکہ ان کے پاس ان کے قیاس اور ان کے اجتہاد میں شریک حضرت ''ابو یوسف، زفر، اور محمد رحمۃ اللہ علیہم'' جیسی شخصیات موجود ہیں۔ یونہی حضرت ''یحییٰ بن زکریا بن زائدہ رحمۃ اللہ علیہما'' حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہما'' حضرت ''حبان بن مندل رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ دونوں حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں ان کے پاس حفظ حدیث اور معرفت حدیث کے سلسلے میں موجود ہیں اور لغت عربی کی معرفت کے معاملے میں حضرت ''قاسم بن معن یعنی ابن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' موجود ہیں اور زہد و ورع میں تقویٰ اور پرہیز گاری میں حضرت ''داؤد بن نصیر الطائی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ'' جیسے لوگ موجود ہیں جس شخص کے دوست واحباب اور ہمنشیں ایسے عظیم المرتبت لوگ ہوں (اور وہ ان سے باہم مشاورت بھی کرتے ہوں تو ایسا شخص غلطی نہیں کر سکتا کیونکہ اگر بالفرض حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' سے غلطی ہوگی تو یہ تمام لوگ ان کو راہ حق پر لے آئیں گے پھر حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: جو شخص ایسی بات کرتا ہے (کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' سے غلطی ہوئی) وہ خود جانور کی مثل ہے بلکہ جانوروں سے بھی گمراہ ہے۔

جو شخص سمجھتا ہے کہ حق اس مذہب میں ہے جو حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کا مخالف ہے اور جو کہتا ہے کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنا الگ مذہب بنایا ہوا ہے میں اس کے بارے میں وہی بات کہتا ہوں جو حضرت ''فرزدق رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے۔ جس کو حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے

وہ میرے آباواجداد ہیں تو ان کی مثل لا کر دکھا اے جریر تو جب ہمارے سامنے تمام خوبیوں والے لوگ جمع کرے گا،

(تب بھی وہ ہمارے آباء کے مقابلے کے نہیں ہیں)

☆ وَاَمَّا النَّوْعُ الثَّامِنُ ☆

مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَفَضَائِلِهِ الَّتِي لَمْ يُشَارِكْهُ فِيهَا مَنْ بَعْدَهُ اَنَّهُ اَوَّلُ مَنْ دَوَّنَ عِلْمَ الشَّرِيْعَةِ وَرَتَّبَهُ اَبْوَابًا ثُمَّ تَابَعَهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي تَرْتِيْبِ الْمُوَطَّأ لَمْ يَسْبِقْ اَبَا حَنِيْفَةَ اَحَدٌ لاَنَّ الصَّحَابَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

وَالتَّابِعِيْنَ بِاِحْسَانٍ لَمْ يَضَعُوا فِي عِلْمِ الشَّرِيْعَةِ اَبْوَاباً مُبَوَّبَةً وَّلَا كُتُباً مُرَتَّبَةً وَّاِنَّمَا كَانُوا يَعْتَمِدُوْنَ عَلٰى قُوَّةِ حِفْظِهِمْ فَلَمَّا رَأى اَبُوْحَنِيْفَةَ الْعِلْمَ مُنْتَشِراً فَخَافَ عَلَيْهِ الْخَلْفَ السُّوْءَ اَنْ يُّضَيِّعُوْهُ عَلٰى مَا قَالَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ

17/ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعاً يَّنْتَزِعُهُ وَاِنَّمَا يَقْبِضُهُ بِمَوْتِ الْعُلَمَاءِ فَيَبْقٰى رُؤساً جُهَالاً فَيُفْتُوْنَ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَيَضِلُّوْنَ وَيُضِلُّوْنَ *فَلِذٰلِكَ دَوَّنَهُ اَبُوْحَنِيْفَةَ فَجَعَلَهُ اَبْوَاباً مُبَوَّبَةً وَّكُتُباً مُرَتَّبَةً فَبَدَأَ بِالطَّهَارَةِ ثُمَّ بِالصَّلَاةِ ثُمَّ بِالصَّوْمِ ثُمَّ سَائِرُ الْعِبَادَاتِ ثُمَّ بِالْمُعَامَلَاتِ ثُمَّ خَتَمَ الْكِتَابَ بِالْمَوَارِيْثِ وَاِنَّمَا بَدَأَ بِالطَّهَارَةِ وَالصَّلَاةِ لِاَنَّهَا اَهَمُّ الْعِبَادَاتِ وَاَعَمِّهَا وَاِنَّمَا خَتَمَهَا بِالْمَوَارِيْثِ لِاَنَّهَا آخِرُ اَحْوَالِ النَّاسِ*

(وَهُوَ اَوَّلُ) مَنْ وَضَعَ كِتَابَ الْفَرَائِضِ وَاَوَّلُ مَنْ وَضَعَ كِتَابَ الشُّرُوْطِ وَالدَّلِيْلُ عَلَيْهِ مَا اَنْبَانِي الشَّيْخُ الثِّقَةُ اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرِّجِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ بِدِمَشْقَ عَنْ اَبِي الْفَتْحِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِي اِجَازَةً عَنْ اَبِي الْفَضْلِ بْنِ خَيْرُوْنَ عَنِ الْقَاضِيْ الصَّيْمَرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا مُكَرَّمٌ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَطِيَّةَ حَدَّثَنَا اَبُو سُلَيْمَانَ الْجَوْزَجَانِيُّ قَالَ لِيْ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَاضِي الْبَصْرَةِ نَحْنُ اَبْصَرُ بِالشُّرُوْطِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ فَقُلْتُ لَهُ اِنَّ الْاِنْصَافَ بِالْعُلَمَاءِ اَحْسَنُ اِنَّمَا وَضَعَ هٰذَا

اَبُوْحَنِيْفَةَ فَاَنْتُمْ زِدْتُّمْ وَنَقَصْتُمْ وَحَسَّنْتُمُ الْاَلْفَاظَ وَلٰكِنْ هَاتُوا شُرُوْطَكُمْ وَشُرُوْطَ اَهْلِ الْكُوْفَةِ قَبْلَ اَبِي حَنِيْفَةَ فَسَكَتَ ثُمَّ قَالَ التَّسْلِيْمُ لِلْحَقِّ اَوْلٰى مِنَ الْمُجَادَلَةِ فِي الْبَاطِلِ*

(وَالدَّلِيْلُ) عَلٰى اَنَّ الْعُلَمَاءَ بَعْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اتَّبَعُوْهُ وَزَادُوا وَنَقَصُوا اِلَّا اَنَّهُمْ وَضَعُوا مَا اشْتَهَرَ وَاسْتَفَاضَ عَنِ الْاِمَامِ الْكَامِلِ الْمُنْصِفِ ابْنِ سُرَيْجٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَهُوَ اَزْكٰى اَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً جَاهِلاً يَّقَعُ فِي اَبِي حَنِيْفَةَ فَقَالَ لَهُ يَا هٰذَا اَتَقَعُ فِي اَبِي حَنِيْفَةَ وَثَلَاثَةُ اَرْبَاعِ الْعِلْمِ مُسَلَّمَةٌ لَّهُ وَهُوَ لَا يُسَلِّمُ لَهُمُ الرُّبْعَ فَقَالَ الرَّجُلُ وَكَيْفَ ذٰلِكَ قَالَ لِاَنَّ الْعِلْمَ -سُؤَالٌ وَّجَوَابٌ وَّهُوَ اَوَّلُ مَنْ وَضَعَ الْاَسْئِلَةَ فَلَهُ نِصْفُ الْعِلْمِ وَاَجَابَ عَنْهَا فَقَالَ مُخَالِفُهُ فِي الْبَعْضِ اَصَابَ وَفِي الْبَعْضِ اَخْطَأَ فَاِذَا قَابَلْنَا صَوَابَهُ بِخَطِئِهٖ فَلَهُ نِصْفُ النِّصْفِ اَيْضاً فَسَلَّمَ لَهُ ثَلَاثَةُ اَرْبَاعِ الْعِلْمِ بَقِيَ الرُّبْعُ فَهُوَ يَدَّعِيْهِ وَمُخَالِفُوْهُ يَدَّعُوْنَهُ وَهُوَ لَا يُسَلِّمُهُ لَهُمْ *وَقَدْ قِيْلَ بَلَغَتْ مَسَائِلُ اَبِي حَنِيْفَةَ خَمْسُ مِائَةِ اَلْفِ مَسْئَلَةٍ وَكُتُبُهُ وَكُتُبُ اَصْحَابِهٖ تَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ مَعَ مَا تَضَمَّنَ مَذْهَبُهُ مِنَ الْمَسَائِلِ الْغَامِضَةِ الْمُشْتَمِلَةِ عَلٰى دَقَائِقِ النَّحْوِ وَالْحِسَابِ مَا يَتْعَبُ فِي اسْتِخْرَاجِهَا الْعُلَمَاءُ بِالْعَرَبِيَّةِ وَالْجَبْرِ وَالْمُقَابَلَةِ وَفُنُوْنِ الْحِسَابِ*

(وَذَكَرَ) اَبُوْ بَكْرٍ الرَّازِيُّ فِي شَرْحِ الْجَامِعِ الْكَبِيْرِ وَقَالَ كُنْتُ اَقْرَأُ بَعْضَ مَسَائِلِ الْجَامِعِ الْكَبِيْرِ عَلٰى بَعْضِ الْمُبْرِزِيْنَ فِي النَّحْوِ قِيْلَ هُوَ اَبُو عَلِي الْفَارِسِيُّ فَكَانَ يَتَعَجَّبُ مِنْ تَغَلْغُلِ وَّاضِعِ هٰذَا الْكِتَابِ فِي النَّحْوِ

(۱۷) اخرجه ابن حبان (۶۷۱۹) واحمد ۲:۱۶۲ والبخاری (۱۰۰) فی العلم: باب کیف یطلب العلم. ومسلم (۲۶۷۳) (۱۳) فی العلم: باب العلم و قبضه. عن عبدالله ابن عمرو رضی اللہ عنہ

يَعْنِي مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ وَاِنَّمَا نَقَلَهَا مِنْ عِلْمِ اَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَهُوَ اَوَّلُ مَنِ اسْتَنْبَطَ عِلْمَ الاَحْكَامِ وَاَسَّسَ قَوَاعِدَ الاِجْتِهَادِ عَلٰى سَبِيْلِ الاَحْكَامِ*

(وَالدَّلِيْلُ) عَلَيْهِ مَا اشْتَهَرَ وَاسْتَفَاضَ عَنِ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهُ قَالَ عِيَالٌ عَلٰى اَبِي حَنِيْفَةَ فِي الْفِقْهِ

*(اَخْرَجَهُ) الْخَطِيْبُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ فِي تَارِيْخِهِ

عَنِ التَّنُوْخِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ اَبِي عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ الشَّافِعِيَّ مُحَمَّدَ بْنَ اِدْرِيْسَ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُوْلُ مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّعْرِفَ الْفِقْهَ فَلْيَلْزَمْ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابَهُ فَاِنَّ النَّاسَ كُلَّهُمْ عِيَالٌ عَلَيْهِ فِي الْفِقْهِ *وَاَخْرَجَهُ الْقَاضِي الصَّيْمَرِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَيْضاً فِي مَنَاقِبِهِ *وَقَدْ اَخْبَرَنِي الْمَشَائِخُ الثَّلَاثَةُ شَرَفُ الدِّيْنِ الْحَسَنُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَسَنِ بِدِمَشْقَ وَشَرَفُ الدِّيْنِ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَبْدِ الْمُحْسِنِ الاَنْصَارِيُّ بِحَمَاهُ وَعِزُّ الدِّيْنِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ بِالْمُوْصَلِ اِجَازَةً قَالُوا اَخْبَرَنَا اَبُو الْيُمْنِ زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ الْكِنْدِيِّ عَنْ اَبِي مَنْصُورٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازِ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اَحْمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اَخْبَرَنَا الْعَتِيْقِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ مَعِيْنٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ الْقَطَّانَ يَقُوْلُ لَا نُكَذِّبُ عَلَى اللّٰهِ مَا سَمِعْنَا بِاَحْسَنَ مِنْ رَأْيِ اَبِي حَنِيْفَةَ وَقَدْ اَخَذَ بِاَكْثَرَ اَقْوَالِهِ *قَالَ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ يَحْيٰى ابْنُ مَعِيْنٍ وَّكَانَ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ يَذْهَبُ فِي الْفَتْوٰى اِلٰى قَوْلِ الْكُوْفِيِّيْنَ وَيَخْتَارُ قَوْلَهُ مِنْ اَقْوَالِهِمْ*

آٹھویں نوع

اس میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے وہ فضائل ومناقب ذکر کئے گئے ہیں جن میں آپ کے بعد کوئی آپ کا شریک نہیں ہے وہ یہ ہیں کہ

❀ آپ وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے شریعت کو ابواب میں مرتب فرمایا ❀

آپ کے بعد حضرت ''امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' نے آپ کی اتباع کرتے ہوئے ''موطا'' کو مرتب کیا لیکن حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے یہ کام کسی نے نہیں کیا کیونکہ صحابہ کرام اور تابعین شریعت کے امور میں نہ کوئی ابواب باندھتے تھے اور نہ کوئی کتاب مرتب کرتے تھے، وہ اپنے قوت حافظہ پر اعتماد کرتے تھے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے جب علم کو بکھرتے دیکھا تو آپ کو یہ خدشہ ہوا کہ بعد میں آنے والے لوگ اس عظیم ورثہ کو ضائع نہ کر دیں گے جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ علماء کے سینوں سے علم نہیں اٹھائے گا بلکہ علماء کو وفات دے کر علم اٹھائے گا۔ (علماء اٹھتے جائیں گے اور) جاہل لوگ سربراہ بن جائیں گے وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔''

اس لئے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے شریعت کو مدون کیا، اس کے ابواب بنائے، اور ترتیب کے لحاظ سے کتابیں

مقرر کیں، کتاب الطہارت، سے آغاز کیا پھر کتاب الصلوٰۃ رکھی، پھر کتاب الصوم، اس کے بعد دیگر عبادات، پھر معاملات، اور آخر میں وراثت، کتاب الطہارت اور کتاب الصلوٰۃ سے آغاز کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ تمام عبادات سے زیادہ بھی ہیں اور سب سے اہم بھی اور کتاب الوراثت پر اختتام اس لئے کیا کہ انسان کے آخری حال سے اس کا تعلق ہے،

امام اعظم وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے سب سے پہلے ''کتاب الشروط'' وضع کی

اس پر دلیل درج ذیل روایت ہے۔

مجھے خبر دی ہے حضرت ''شیخ ثقہ احمد بن مفرج بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں حضرت ''ابوالفتح محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اس طرح کہ روایت کرنے کی اجازت دی ہے۔

- انہوں نے روایت کیا ہے حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- انہوں نے روایت کیا ہے حضرت ''قاضی صمیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے
- وہ فرماتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے حضرت ''احمد بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے
- وہ کہتے ہیں ہمیں بیان کیا ہے حضرت ''ابوسلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

وہ فرماتے ہیں: مجھے قاضی بصرہ حضرت ''احمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا کہ وہ اہل کوفہ سے زیادہ شروط کو سمجھنے والے ہیں، میں نے ان سے کہا: علماء کے ساتھ انصاف بہتر ہوتا ہے، یہ قانون حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے مقرر کیا ہے تم لوگوں نے اس میں کمی زیادتی کر کے الفاظ میں ردوبدل کر لیا ہے تم اپنی شرائط اور اہل کوفہ کی کوئی ایسی شرط کو پیش کرو جو حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے کی مقرر شدہ ہوں، وہ خاموش ہو گئے، پھر کہنے لگے: حق کو قبول کر لینا بلاوجہ جھگڑتے رہنے سے بہتر ہے۔

اس بات پر دلیل یہ ہے کہ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بعد علماء کرام نے آپ کی پیروی کی ہے، اور (آپ کے مسائل میں) کچھ کمی زیادتی بھی کی ہے۔ اس سلسلے میں امام الکل، منصف حضرت ''ابن سریج رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سب سے زیادہ بااعتماد ہیں، ان کے بارے میں مشہور ہے کہ انہوں نے ایک جاہل شخص کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی شان میں نازیبا الفاظ بولتے سنا، انہوں نے فرمایا: اے شخص! تو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں ایسے الفاظ بول رہا ہے، حالانکہ ان کو تین چوتھائی علم حاصل تھا جبکہ تمہیں تو ایک چوتھائی بھی میسر نہیں ہے۔ اُس آدمی نے پوچھا: وہ کیسے؟ ان (سریج) نے کہا: اس لئے کہ علم ''سوال و جواب'' کا نام ہے۔ اور سب سے پہلے (دینی امور کے بارے میں) سوالات حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ہی مرتب کئے ہیں، اس لئے نصف علم تو ان کا ہے، پھر آپ نے ان سوالوں کے جوابات بھی دیئے، تاہم ان کے کئی مخالفین کہتے ہیں کہ بعض سوالات کے جوابات درست ہیں اور بعض کے غلط ہیں۔ (فرض کر لیں کہ آپ کے آدھے جوابات غلط

اور آدھے درست ہیں تب بھی) جب ہم موازنہ کریں گے تو آدھا درست ہوگا، اور یہ باقی نصف کا نصف ہوا، اس سے ثابت ہوا کہ علم کا تین چوتھائی حصہ تو حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس ہے باقی بچا ایک چوتھائی، اس کے بارے میں بھی امام اعظم کا اور مخالفین کا دعویٰ ہے کہ وہ ان کے پاس ہے۔ یعنی وہ چوتھائی بھی مکمل طور پر مخالفین کے پاس نہیں ہے۔ (ایک موقف یہ بھی ہے کہ) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے سوالات پانچ لاکھ سے بھی زیادہ ہیں۔ آپ کی کتابیں اور آپ کے اصحاب کی کتب اس بات کا بین ثبوت ہیں، ان کتب میں آپ کے مذہب مہذب کے وہ دقیق مسائل موجود ہیں جو کہ نحو اور حساب کی ان پیچیدگیوں پر مشتمل ہیں، جن کے استخراج میں لغت عرب، جبر، مقابلہ اور فنون حساب کے ماہرین عاجز آچکے ہیں۔

حضرت ''ابوبکر رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے جامع کبیر کی شرح میں فرمایا ہے: میں جامع کبیر کے کچھ مسائل، نحو کے ایک بہت بڑے عالم (کہا جاتا ہے کہ وہ حضرت ''ابوعلی الفارسی رحمۃ اللہ علیہ'' تھے) کے سامنے بیان کئے، وہ اس کتاب کے مصنف کی نحو میں مہارت سے بہت متعجب ہورہے تھے (اس کتاب کے مصنف حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ کتاب حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے افادات سے اخذ کرکے لکھی تھی۔) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے

''علم الاحکام'' ایجاد کیا اور احکام کے لئے اجتہاد کے قواعد مقرر فرمائے''

اس بات پر دلیل حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ ارشاد ہے ''(دوسرے علماء) فقہ میں امام اعظم کے (سامنے) بچوں کی طرح ہیں، اس کو حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے۔ آپ روایت کرتے ہیں حضرت ''تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت ''محمد بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''احمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوعبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''امام شافعی محمد ادریس رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جو فقہ میں مہارت حاصل کرنا چاہتا ہو، وہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے اصحاب کو اختیار کرے، کیونکہ فقہ میں سب لوگ ان کے بچے ہیں''۔

حضرت ''قاضی صمیری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی اس روایت کو آپ کے مناقب میں ذکر کیا ہے۔

اور مجھے مشائخ ثلاثہ یعنی حضرت ''شرف الدین حسن بن ابراہیم بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں یہ حدیث بیان کی اور حضرت ''شرف الدین ابومحمد عبدالعزیز بن محمد بن عبدالمحسن انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حماہ میں بیان کی اور حضرت ''عزالدین عبدالرزاق بن رزق اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے موصل میں بیان کی، (اس طرح کہ انہوں نے حدیث بیان کرنے کی اجازت عطا فرمائی) تینوں بزرگ فرماتے ہیں:

ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

انہوں نے حضرت ''ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے

انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے

وہ کہتے ہیں: مجھے حدیث بیان کی ہے حضرت ''عتیقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''عبدالرحمن دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے میرے والد نے

وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''احمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے

(وہ فرماتے ہیں) میں نے حضرت ''سعید بن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر جھوٹ نہیں باندھتے، ہم نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی رائے سے زیادہ اچھی رائے کسی کی نہیں سنی، اور انہوں نے اکثر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہی کے اقوال کو اپنایا ہے۔

امام ائمہ حدیث حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' فتویٰ دینے میں کوفہ کے فقہاء کے موقف کو اپناتے تھے اور ان میں سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے قول کو ترجیح دیتے تھے۔

☆وَاَمَّا النَّوْعُ التَّاسِعُ☆

مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَفَضَائِلِهٖ الَّتِی لَمْ يُشَارِكْهُ فِيهَا اَحَدٌ مِنْ بَعْدِهٖ اَنَّهٗ كَانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَتَعَيَّشُ بِكَسْبِهٖ وَحَلَالِهٖ وَيَفْضُلُ وَيُنْفِقُ عَلٰى جَمَاعَةِ الْمَشَايِخِ وَلَمْ يَقْبَلِ الْجَوَائِزَ وَالْعَطَايَا*

(اَمَّا الدَّلِيْلُ) عَلَى الاَوَّلِ فَمَا اَنْبَانِی الْمَشَايِخُ الثَّلَاثَةُ الْحَسَنُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ الْحَسَنِ بِدِمَشْقَ وَاَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ بِحَمَاهُ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ اِذْنًا بِالْمَوْصِلِ عَنْ اَبِی الْيُمْنِ زَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنِ الْقَزَّازِ عَنْ اَبِی بَكْرٍ الْخَطِيْبِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الاَصْفَهَانِيِّ اِذْنًا عَنْ اَبِی اَحْمَدَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَكْبَرِیِّ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰى مِسْعَرِ بْنِ كُدَامٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ كُلَّمَا اشْتَرٰى شَيْئًا لِعِيَالِهٖ اَنْفَقَ عَلٰى شُيُوْخِ الْعُلَمَاءِ مِثْلَهٗ وَاِذَا اكْتَسٰى ثَوْبًا فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاِذَا جَاءَ تِ الْفَاكِهَةُ اَوِ الرُّطَبُ فَكُلُّ شَیْءٍ يُرِيْدُ اَنْ يَّشْتَرِيَهٗ لِنَفْسِهٖ وَعِيَالِهٖ لَا يَفْعَلُ حَتّٰى يَشْتَرِیَ لِشُيُوْخِ الْعُلَمَاءِ مِثْلَهٗ وَكَذٰلِكَ اِذَا اكْتَسٰى ثَوْبًا ثُمَّ يَشْتَرِی بَعْدَ ذٰلِكَ لِنَفْسِهِ الْحِكَايَةَ بِطُوْلِهَا وَاَخْرَجَهَا الْقَاضِی الصَّيْمَرِی اَيْضًا*

(وَبِهٖ) اِلَى الْخَطِيْبِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ بَشْرٍ حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ سَمِعْتُ شَقِيْقَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ الْبَلْخِیَّ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِی حَنِيْفَةَ فِی طَرِيْقٍ نَّعُوْدُ مَرِيْضًا فَرَآهُ رَجُلٌ مِنْ بَعِيْدٍ فَاخْتَبَاَ مِنْهُ وَاَخَذَ فِی طَرِيْقٍ آخَرَ فَلَمَّا عَلِمَ الرَّجُلُ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ اَبْصَرَهٗ خَجِلَ وَوَقَفَ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ حَنِيْفَةَ لِمَ عَدَلْتَ عَنِ الطَّرِيْقِ فَقَالَ لَكَ عَلَیَّ عَشَرَةُ آلَافِ دِرْهَمٍ وَّقَدْ طَالَ الْوَقْتُ وَامْتَدَّ وَلَمْ اَقْدِرْ اَنْ اُؤَدِّیَ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ حَنِيْفَةَ سُبْحَانَ اللّٰهِ بَلَغَ بِكَ الْاَمْرُ اِلٰى هٰذَا حَتّٰى اِذَا رَاَيْتَنِی تَوَارَيْتَ عَنِّی قَدْ وَهَبْتُهٗ لَكَ كُلَّهٗ وَاجْعَلْنِی فِی حِلٍّ مِّمَّا دَخَلَ فِی قَلْبِكَ حِيْنَ رَاَيْتَنِی قَالَ شَقِيْقٌ فَعَلِمْتُ اَنَّهٗ زَاهِدٌ حَقِيْقِیٌّ*

نویں نوع

اس میں امام اعظم رضی اللہ عنہ کے ان فضائل ومناقب کا ذکر کے جن میں آپ کے ساتھ دوسرا کوئی شریک نہیں ہے۔ وہ یہ کہ

آپ اپنی گزر اوقات اپنی کمائی سے کیا کرتے تھے

لوگوں سے تحائف وغیرہ قبول نہیں کرتے تھے بلکہ اپنے علماء ومشائخ پر بھی خرچ کرتے تھے۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ

○ ہمیں مشائخ ثلاثہ یعنی حضرت ''حسن بن ابراہیم بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے ہمیں دمشق میں بیان کیا

○ حضرت ''ابو محمد عبدالعزیز بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حماہ میں ہمیں بیان کیا

○ حضرت ''عبدالرزاق بن رزق اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے موصل میں ہمیں اس کی (روایت کی) اجازت عطا فرمائی

○ وہ حضرت ''ابوالیمن زید بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں

○ وہ حضرت ''قزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ حضرت ''ابوبکر خطیب احمد بن علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے

○ وہ حضرت ''محمد بن علی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت (اجازت کے ساتھ) کرتے ہیں

○ وہ حضرت ''ابواحمد حسن بن عبداللہ عکبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں

○ وہ اپنی اسناد حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کرتے ہیں کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' (کی عادت کریمہ تھی کہ آپ) جب بھی اپنے گھر والوں کے لئے کوئی چیز خریدتے تو اسی طرح کی چیز علماء ومشائخ کے لئے بھی خریدتے، یونہی جب کبھی اپنے لئے کوئی کپڑا خریدتے تو علماء ومشائخ کے لئے بھی خریدتے (یہ روایت اسی طرح بہت طویل بیان کی ہے اور اس کو حضرت ''قاضی صمیری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی بیان کیا ہے۔

اور اسی اسناد کو حضرت ''خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچانے کے بعد (آگے یوں سند بیان کی)

○ ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''اسلم بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے

○ وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''شقیق بن ابراہیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے

''میں ایک مریض کی عیادت کرنے کے لئے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے ہمراہ کسی راستہ سے گزر رہا تھا، امام اعظم رضی اللہ عنہ کی نظر ایک آدمی پر پڑ گئی، وہ بندہ چھپ گیا اور اس نے دوسرا راستہ اختیار کر لیا، جب اُس شخص کو پتہ چلا کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اس کو دیکھ لیا ہے تو وہ بہت شرمندہ ہوا، اور وہیں رک گیا، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: تو نے راستہ کیوں بدل لیا؟ اس نے کہا: میں نے آپ کے دس ہزار درہم دینے ہیں، وقت بہت گزر گیا ہے اور میں آپ کا قرضہ واپس نہیں کر سکا ہوں۔ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: سبحان اللہ! نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ تو مجھے دیکھ کر چھپ رہا ہے؟ میں نے تمام قرضہ تجھے معاف

کر دیا ہے، اور مجھے دیکھ کر تیرے دل پر جو گھبراہٹ طاری ہوئی، وہ مجھے معاف کر دے۔ حضرت ''شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: تب مجھے یقین ہو گیا کہ آپ حقیقی زاہد ہیں۔

☆وَاَمَّا النَّوْعُ الْعَاشِرُ☆

مِنْ مَنَاقِبِهِ الَّتِي لَمْ يُشَارِكْهُ فِيهَا اَحَدٌ مِّمَّنْ بَعْدَهُ اَنَّهُ مَاتَ مَظْلُوماً اَوْ مَحْبُوساً مَسْمُوماً*

(فَالدَّلِيْلُ) عَـلٰـى ذٰلِكَ مَا اَنْبَأَنِي الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَرَّجِ بْنُ اَحْمَدِ بْنِ مَسْلِمَةَ بِدَمَشْقٍ عَنْ اَبِي الْفَتْحِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِي عَنْ اَبِي الْفَضْلِ بْنِ خَيْرُوْنٍ عَنِ الْقَاضِي الصَّيْمَرِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ مُكَرَّمٍ بْنِ اَحْـمَـدَ بْـنِ عَبْـدِ الْـوَهَّـابِ ابْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ بَعَثَ الْمَنْصُوْرُ اِلٰى اَبِي حَنِيفَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَشَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَادْخُلُوا عَلَيْهِ فَقَالَ لَهُمْ لَمْ اَدْعُكُمْ اِلَّا لِخَيْرٍ وَّكَتَبَ قَبْلَ ذٰلِكَ ثَلاثَةَ عُهُودٍ *فَقَالَ لِسُـفْيَانَ هٰذَا عَهْدُكَ عَلَيَّ قَضَاءُ الْبَصْرَةِ فَخذْهُ وَالْحَقْ بِهَا وَقَالَ لِشَرِيْكٍ هٰذَا عَهْدُكَ عَلَى قَضَاءِ الْكُوْفَةِ فَخُذْهُ والْحَقْ بِهَا *وَقَـالَ لِاَبِـي حَـنِيْفَةَهٰذَا عَهْدُكَ عَلَى مَدِيْنَتِي هٰذِهٖ ثُمَّ قَالَ لِحَاجِبِهٖ وَجِّهْ مَعَهُمْ اَوْ كَمَا قَالَ فَمَنْ اَبٰى فَاضْرِبْهُ مِائَةَ سَوْطٍ *فَاَمَّا شَرِيْكٌ فَاَخَذَ عَهْدَهُ وَمَضٰى *وَاَمَّـا سُفْيَانُ فَاَخَذَ عَهْدَهُ وَتَرَكَهُ فِي الْمَنْزِلِ وَهَرَبَ اِلَى الْيَمَنِ *وَاَمَّـا اَبُوْحَنِيْفَةَ فَلَمْ يَقْبَلِ الْعَهْدَ فَضَرَبَ مِائَةَ سَوْطٍ وَحَبَسَ فَمَاتَ بِالْحَبْسِ *وَقَدِ اتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى اَنَّهُ ضُـرِبَ عَـلٰى الْقَضَاءِ فَلَمْ يَقْبَلْ وَمَاتَ فِي الْحَبْسِ ثُمَّ اخْتَلَفُوا *فَـقَالَ بَعْضُهُمْ مَاتَ مِنَ الضَّرْبِ *وَقَالَ بَعْضُهُم سُقِيَ السُّمُ *وَذَكَرَ بَعْضُهُمْ اَشْيَاءَ اُخَرَ وَاللّٰهُ تَعالٰى اَعْلَمُ بِالْحَقِيْقَةِ*

دسویں نوع

اس نوع میں آپ کے وہ فضائل ومناقب مذکور ہیں جن میں آپ کے ساتھ دوسرا کوئی شریک نہیں ہے، وہ یہ کہ

آپ کا وصال مبارک مظلومیت میں ہوا، قید میں ہوا، یا زہر سے ہوا۔

اس کی دلیل یہ ہے

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''شیخ معمر احمد بن مفرج بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق میں

انہوں نے حضرت ''ابوالفتح محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

انہوں نے حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے

انہوں نے حضرت ''قاضی صمیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے

انہوں نے حضرت ''عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے

انہوں نے حضرت ''مکرم بن احمد بن عبدالوہاب بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے

انہوں نے حضرت ''عبید بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

(وہ فرماتے ہیں) حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو اپنے پاس بلوایا، یہ سب لوگ اس کے پاس گئے۔ اس نے کہا: میں نے تمہیں فقط بھلائی کے لئے بلوایا ہے، اس سے پہلے اس نے ۳ عہدنامے تیار کر رکھے تھے، اس نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: یہ لو بصرہ کی قضا کی ذمہ داری تمہارے پاس ہے، یہ سنبھالو اور وہاں چلے جاؤ۔

حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: کوفہ کی مسند قضاء تمہارے سپرد ہے، یہ اپنا خط لو اور وہاں جا کر اپنی ذمہ داریاں سنبھالو۔

پھر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' سے کہا: میرے شہر کا منصب قضاء آپ کے سپرد ہے، پھر اُس نے اپنے محافظ سے کہا: ان کو روانہ کر دو، اور اگر یہ منصب کے قبول کرنے سے انکار کریں تو ان کو ۱۰۰ کوڑے مارو۔ حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذمہ داری قبول کر لی اور وہاں چلے گئے۔ حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے وہ اتھارٹی لیٹر وصول تو کر لیا، لیکن گھر جا کر اس کو رکھ دیا اور خود یمن کی جانب فرار ہو گئے۔ جبکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے وہ خط ہی قبول نہیں کیا۔ جس کی پاداش میں آپ کو ۱۰۰ کوڑے مارے گئے اور آپ کو قید کر دیا گیا، اور قید ہی میں آپ کا وصال ہوا۔

اس بات پر علماء کا اتفاق ہے کہ آپ کو منصب قضاء کی پیشکش کی گئی تھی لیکن آپ نے اس کو ٹھکرا دیا تھا اور آپ کا وصال قید کی حالت میں ہوا تھا لیکن اس کے آگے علماء کا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ کوڑے لگنے سے آپ کا وصال ہوا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ آپ کو زہر پلا دیا گیا تھا اس کی وجہ سے وصال ہوا۔ کچھ دیگر مورخین نے اور بھی کئی وجوہ کا ذکر کیا ہے جبکہ حقیقت حال اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

(فَإِنْ قِيلَ) قَدْ ذَكَرَ اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الخَطِيْبُ فِي تَارِيْخِ بَغْدَادَ مِنَ الْمَطَاعِنِ فِي اَبِي حَنِيْفَةَ وَمَعَائِبَهُ وَنَقَائِصَهُ وَمَثَالِبَهُ مَا يُعَارِضُ مَا ذُكِرَتْ مِنْ فَضَائِلِهِ وَمَنَاقِبِهِ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ خَمْسَةٍ (اَرْبَعَةٌ) مِنْ حَيْثُ الإِجْمَالِ (وَالْخَامِسُ) مِنْ حَيْثُ التَّفْصِيْلِ*

(أَمَّا الاَوَّلُ) فَإِنَّ الاَخْبَارَ إِذَا تَعَارَضَتْ تَسَاقَطَتْ وَتَهَادَرَتْ وَتَهَاتَرَتْ وَجُعِلَتْ كَأَنَّهَا لَمْ تَرِدْ وَلَمْ تُرْوَ عَنْ اَحَدٍ وَّقَدْ ذَكَرَ الْخَطِيْبُ الْحَسُوْدُ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ مَنَاقِبِ الإِمَامِ الْمَحْسُوْدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَمَفَاخِرِهِ وَمَحَامِدِهِ وَمَاثِرِهِ الَّتِي حَدَّثَتْ بِهَا الرُّكْبَانُ فِي الْفَلَوَاتِ وَالنِّسْوَانُ فِي الْخَلَوَاتِ وَجَرَتْ بِهَا اَلْسِنَةُ اَهْلِ الآفَاقِ وَخِيَارِ اَهْلِ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ وَاَنَّهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَفَضَائِلُهُ*

شِعْرٌ

كَالشَّمْسِ فِي كَبَدِ السَّمَاءِ وَضَوْئُهَا ۔۔۔ يُغْشِي الْبِلَادَ مَشَارِقاً وَّمَغَارِباً

اَضْعَافَ اَضْعَافَ مَا حُكِيَ عَنْ حُسَّادِهِ وَمَنَاوِيْهِ ظَنّاً مِنْهُ اَنَّ ذٰلِكَ يُدْنِيْهِ اِلٰى مَبَاغِيْهِ فَلَمَّا تَعَارَضَتْ رِوَايَاتُهُ وَتَنَاقَضَتْ تَهَادَرَتْ وَتَسَاقَطَتْ وَجُعِلَتْ كَأَنَّ الْخَطِيْبَ مَا هٰذَا بِهَا وَلَا ذَكَرَهَا فِي تَارِيْخِهِ وَلَا رَوَاهَا وَبَقِيَ مَا ذَكَرْنَا وَسَائِرُ اَئِمَّةِ الاِسْلَامِ

فَحُوِّلَ الأنَامُ بِلَا مُعَارِضٍ*

(وَالدَّلِيلُ) عَلٰى مَا ذَكَرْنَا اَنَّ التَّعْدِيلَ مَتٰى تُرَجَّحُ عَلَى الْجَرْحِ يُجْعَلُ الْجَرْحُ كَانَ لَمْ يَكُنْ وَقَدْ ذَكَرَ ذٰلِكَ إِمَامُ اَئِمَّةِ التَّحْقِيقِ اَبُو الْفَرَجِ ابْنُ الْجَوْزِيِّ فِي (كِتَابِ التَّحْقِيقِ فِي اَحَادِيْثِ التَّعْلِيقِ) فِي مَوَاضِعَ مِنْهُ فَقَالَ فِي حَدِيْثِ الْمَضْمَضَةِ وَالاِسْتِنْشَاقِ الَّذِي يَرْوِيْهِ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الْمَضْمَضَةُ وَالاِسْتِنْشَاقُ مِنَ الْوُضُوْءِ الَّذِي لَا يَتِمُّ الْوُضُوْءُ اِلَّا بِهِمَا (فَإِنْ قَالَ) الْخَصْمُ اَعْنِي الشَّافِعِيَّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَاِنَّهُ يَرَاهُمَا سُنَّةً فِيْهُ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ قَدْ كَذَّبَهُ اَيُّوبُ السُّخْتِيَانِيُّ وَزَائِدَةُ*

(قُلْنَا) قَدْ وَثَّقَهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَكَفٰى بِهِمَا *وَقَالَ فِي حَدِيْثِ الاُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ *فِيْمَا يَرْوِيْهِ سِنَانُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ

18/ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الاُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ*

(فَإِنْ) قَالَ الْخَصْمُ اَعْنِي الشَّافِعِيَّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَاِنَّهُ قَالَ يَاْخُذُ لَهُمَا مَاءً جَدِيْدًا سِنَانُ ابْنُ رَبِيْعَةَ مُضْطَرِبُ الْحَدِيْثِ وَشَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ قَالَ ابْنُ عَدِيٍّ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَلَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ*

(قُلْنَا) فِي الْجَوَابِ اَمَّا شَهْرٌ فَقَدْ وَثَّقَهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَيَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَمَّا سِنَانٌ فَاضْطِرَابُ حَدِيْثِهِ لَا يَمْنَعُ ثِقَتَهُ *وَقَالَ فِي حَدِيْثِ مَسِّ الَّذِي يَرْوِيْهِ اِسْحَاقُ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرَوِيُّ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

19/ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوءَهُ لِلصَّلٰوةِ*

(فَإِنْ) قَالَ الْخَصْمُ اِسْحَاقُ لَيْسَ بِثِقَةٍ قَالَ النَّسَائِيُّ اِسْحَاقُ لَيْسَ بِثِقَةٍ*

(قُلْنَا) وَثَّقَهُ يَحْيٰى وَشُعْبَةُ وَهٰكَذَا فَعَلَ غَيْرُهُ مِنْ عُلَمَاءِ الْحَدِيْثِ مَتٰى تُرَجَّحُ التَّعْدِيْلُ جُعِلَ الْجَرْحُ كَاَنْ لَمْ يَكُنْ فَالَّذِي يُرْوٰى عَنْ بَعْضِ الْمُحَدِّثِيْنَ تَوْثِيْقُهُ لَا يُعْتَبَرُ

فِيْهِ طَعْنُ الطَّاعِنِيْنَ فَاِمَامُ الْمُسْلِمِيْنَ الَّذِي قَلَّدَتْهُ الاُمَّةُ اِلٰى اَقْطَارِ الاَرَضِيْنَ اَوْلٰى اَنْ لَّا يُعْتَبَرَ فِيْهِ طَعْنُ الْحَاسِدِيْنَ الْمُعَانِدِيْنَ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) اَنَّ شَهَادَةَ الَّذِي لَيْسَ بِعَدْلٍ وَّرِوَايَتُهُ غَيْرُ مَقْبُوْلَةٍ وَّالْمُحَدِّثُوْنَ طَعَنُوا فِي الْخَطِيْبِ وَذَكَرُوا فِيْهِ خِصَالاً مُّوْجِبَةً عَدَمَ قَبُولِ رِوَايَتِهِ وَلَوْلَا مَوَانِعُ ثَلَاثٍ لَذَكَرْنَاهَا*

(اَلْمَانِعُ الاَوَّلُ) اَنَّ اِمَامَنَا الَّذِي نُقَلِّدُهُ وَهُوَ اَبُوْحَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَمْ يُنْقَلْ عَنْهُ اَنَّهُ ذَكَرَ اَعْدَاءَهُ بِسُوْءٍ اَوْ

(۱۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۳) وابوداود (۱۳۴) فی الطهارۃ: باب صفة وضوء النبی صلی اللہ علیہ وسلم والترمذی (۳۷) فی الطهارۃ: باب الاذنان من الرأس-

(۱۹) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۷۴:۱ فی الطهارۃ: باب مس الفرج والبزار (۱۴۸:۱- کشف) (۲۸۵) والدار قطنی ۱۴۷:۱ فی الطهارۃ: باب ما روی فی لمس القبل والحاکم فی "المستدرک" ۱۳۸:۱-

سَبَّ اَحداً مِنَ الاَمْوَاتِ بَلْ مَذْهَبُهُ حُسْنُ الظَّنِّ بِالْمُسْلِمِينَ حَتّٰى قَالَ بَعْدَ التُّهَمِ اِلَّا اِذَا وُجِدَ دَلِيْلٌ *وَمَذْهَبُهُ اَنَّهُ لَا يَخْرُجُ اَحَدٌ مِنَ الاِيْمَانِ بِذَنْبٍ وَّلَا يُوْجَدُ فِي كُتُبِ اَصْحَابِنَا رَحِمَهُمُ اللّٰهُ ذِكْرُ اَحَدٍ مِّنَ الاَئِمَّةِ اِلَّا بِخَيْرٍ قَالُوْا يَجِبُ عَلَيْنَا الاِهْتِدَاءُ بِهِمْ وَالاِقْتِدَاءُ بِهَدْيِهِمْ*

(وَالْمَانِعُ الثَّانِي)

20/ظَاهِرُ قَوْلِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا تَذْكُرُوا اَمْوَاتَكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ وَّالْخَطِيْبُ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ وَاِنْ كَانَ قَدْ ظَلَمَنَا فِيْمَا اَحَبَّ اَنْ يُشَنِّعَ فِي اِمَامِنَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ قَالَ تَعَالٰى (لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ) لٰكِنَّ الْوَاجِبَ الْاِقْتِدَاءُ بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَيْثُ رَاٰى رَجُلاً يَّتَنَفَّلُ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْعِيْدِ فَلَمْ يَنْهَهُ فَقِيْلَ لَهُ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّ الصَّلَاةَ قَبْلَ الْعِيْدِ مَنْهِيٌّ عَنْهَا فَقَالَ اَخَافُ اَنْ اَدْخُلَ تَحْتَ قَوْلِهِ تَعَالٰى (اَرَاَيْتَ الَّذِي يَنْهٰى عَبْداً اِذَا صَلّٰى)*

(وَالْمَانِعُ الثَّالِثُ) اَنَّ سَبَّ الْخَطِيْبِ وَذِكْرَ مَا قِيْلَ فِيْهِ اشْتِغَالٌ بِمَا لَا يَعْنِيْنَا

21/ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ *وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَعْرِفَ سَرِيْرَةَ الْخَطِيْبِ فَلْيُطَالِعْ تَرْجَمَتَهُ مِنْ (كِتَابِ التَّارِيْخِ الْكَبِيْرِ لِدِمَشْقَ) الَّذِيْ جَمَعَهُ الْحَافِظُ اَبُو الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ وَ (كِتَابَ الاِنْتِصَارِ لِاِمَامِ اَئِمَّةِ الاَمْصَارِ) الَّذِيْ جَمَعَهُ الْحَافِظُ يُوْسُفُ سِبْطُ ابْنِ الْجَوْزِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَتَرٰى مِنْ سِيْرَتِهِ وَسَرِيْرَتِهِ مَا يَقْضِي مِنْهُ الْعَجَبُ كَيْفَ يَتَكَلَّمُ مِثْلُهُ فِي الاِمَامِ اَبِي حَنِيْفَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّ رِوَايَةَ مَنْ كَانَ كَثِيْرُ الْغَلَطِ وَالزَّلَلِ وَاِنْ كَانَ وَرِعاً غَيْرُ مَقْبُوْلَةٍ وَّالْخَطِيْبُ بِهٰذِهِ الْمَثَابَةِ وَقَدْ كَفٰى تَقْرِيْرُ ذٰلِكَ الاِمَامُ الْحَافِظُ ابْنُ الْجَوْزِيِّ فِي كِتَابِهِ الْمَوْسُوْمِ (بِالسَّهْمِ الْمُصِيْبِ فِي الرَّدِّ عَلَى الْخَطِيْبِ) وَغَيْرُهُ مِنَ الْعُلَمَاءِ فَلَا نَذْكُرُهَا عَمَلاً بِالْمَوَانِعِ السَّابِقَةِ*

(وَالْجَوَابُ الرَّابِعُ) اَنَّ الَّذِي حُكِيَ عَنْهُمُ الْمَطَاعِنُ حَمَلَهُمُ الْحَسَدُ فَاِنَّ ذَا الْفَضْلِ لَا يَزَالُ مَحْسُوْداً وَاَنَّ الْحَاسِدَ لَمْ يَزَلْ مَطْرُوْداً وَلَعَمْرِي اِنَّ الْحَسَدَ قَلَّمَا يَنْجُو مِنْهُ اَحَدٌ وَّسَبَبُهُ اَنَّ الآدَمِيَّ لَا يُحِبُّ اَنْ يَّفُوْقَهُ اَحَدٌ مِنْ اَبْنَاءِ جِنْسِهِ فَاِذَا رَاٰى مَنْ قَدْ بَرَزَ عَلَيْهِ امْتَعَضَ فِي بَاطِنِهِ فَاِنْ كَانَ عَاقِلاً تَقِيّاً قَهَرَ نَفْسَهُ وَحَفِظَ لِسَانَهُ وَتَمَنّٰى مِثْلَ تِلْكَ النِّعْمَةِ لِنَفْسِهِ وَلَا يَتَمَنّٰى زَوَالَهَا عَنْهُ فَهُوَ فِي غِبْطَةٍ وَّهُوَ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

22/ لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ الْحَدِيْثَ وَاِنْ كَانَ غَيْرَ تَقِيٍّ

(۲۰) اورده المتقی الہندی فی "کنز العمال" (۴۲۷۱۳)، والمرتضی الزبیدی فی "اتحاف سادة المتقین" ۷:۴۹۰، والنسائی ۴:۵۲۔

(۲۱) اخرجه احمد ۱:۲۰۱، والطبرانی فی "الکبیر" (۲۸۸۶)، وفی "الصغیر" (۱۰۸۰)، والقضاعی فی "مسند الشہاب" (۱۹۴)، والھناد فی "الزھد" (۱۱۱۷)، من حدیث حسین بن علی رضی اللہ عنہم۔

غَلَبَتْ نَفْسُهُ الاَمَّارَةُ بِالسُّوْءِ فَتَعَرَّضَ لِلْمَحْسُوْدِ *ثُمَّ هُمْ عَلٰی مَرَاتِبَ *فَمِنْهُمْ مَنْ یَتَعَرَّضُ لَهٗ بِالسَّیْفِ وَالسِّنَانِ* وَمِنْهُمْ مَنْ یَتَعَرَّضُ لَهٗ بِاللِّسَانِ *وَمِنْهُمْ مَنْ تَغْلِبُهُ النَّفْسُ الْاَمَّارَةُ بِالسُّوْءِ تَارَةً وَّتَارَةً یَغْلِبُهَا وَهُمُ الْعُلَمَاءُ الَّذِیْنَ حَسَدُوا اَبَا حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ فَتَارَةً مَدَحُوْهُ وَتَارَةً قَدَحُوا فِیْهِ وَهٰکَذَا حَالُ الْمُؤْمِنِ یَغْلِبُ الشَّیْطَانُ تَارَةً وَّیَغْلِبُهٗ اُخْرٰی وَقَدْ صَرَّحُوا بِذٰلِكَ وَاعْتَرَفُوا بِهٖ مِنْهُمْ ابْنُ اَبِی لَیْلٰی فَاِنَّهٗ کَانَ یَقَعُ فِی اَبِی حَنِیْفَةَ تَارَةً وَیَمْدَحُهٗ تَارَةً اُخْرٰی فَقِیْلَ لَهٗ فِی ذٰلِكَ فَقَالَ الْفَتٰی مَحْسُوْدٌ*

(یہاں یہ اعتراض کیا جاسکتا ہے)

آپ نے حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے اس قدر فضائل ومناقب بیان کر دیئے ہیں جبکہ خطیب بغدادی حضرت ''ابو بکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب ''تاریخ بغداد'' میں اُن پر بہت طعن کیا ہے اور ان کے بہت سارے عیوب اور نقائص بیان کئے ہیں اور اُن کا بیان آپ کے بیان سے بالکل ٹکراتا ہے۔ اس کی وجہ کیا ہے؟

جواب: اس اعتراض کے پانچ جواب ہیں، چار اجمالی طور پر ہیں اور ایک قدرے تفصیل کے ساتھ ہے۔

جواب نمبر (۱)

قانون یہ ہے کہ جب کسی کے بارے میں روایات آپس میں ٹکراتی ہیں تو وہ ساقط ہو جاتی ہیں، ان میں سے کسی کا بھی کوئی اعتبار نہیں رہتا، ان کی حیثیت یوں ہو جاتی ہے گویا کہ وہ روایات کسی سے مروی ہی نہیں۔ اور خطیب بغدادی نے حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ حسد کی وجہ سے وہ باتیں ذکر کی ہیں (اللہ تعالیٰ اُن کی یہ لغزش معاف فرمائے) جبکہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے فضائل ومناقب تو ایسے ظاہر باہر ہیں کہ میدانوں میں قافلوں والے، گھروں میں عورتیں ان کو کثرت سے بیان کرتی ہیں۔ پوری دنیا کی زبان پر حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے فضائل کے چرچے ہیں، شام اور عراق کے معتبر لوگ آپ کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ جیسا کہ کسی نے کہا ہے

جیسا کہ آسمان کے جگر پر سورج، جس کی روشنی مشرق ومغرب میں تمام کائنات کو روشن کرتی ہے۔

حسد کرنے والوں نے اپنے مقاصد کے حصول کے لئے جو باتیں ذکر کی ہیں، اُن کے مقابلے میں آپ کے فضائل بیان کرنے والوں کی تعداد کئی گنا زیادہ ہے۔ اور جب روایات آپس میں ٹکراتی ہیں تو ان کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے۔ اس لئے خطیب بغدادی کی مرویات کی حیثیت دوسرے لوگوں کی مرویات سے ٹکرا کر اپنی معنویت اس طرح کھو چکی ہیں گویا کہ خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کچھ لکھا ہی نہیں ہے۔ اور نہ انہوں نے کوئی روایت ذکر کی ہے۔ اس کے بعد وہ باتیں باقی بچ جاتی ہیں جو ہم نے ذکر کی ہیں اور جن کو باقی دیگر ائمہ مسلمین نے ذکر کیا ہے۔ اور یہ دلائل ایسے ہیں جن سے ٹکراتی ہوئی کوئی روایت موجود نہیں ہے۔

(۲۲) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱۹۱:۱، والحمیدی (۶۱۷)، وابن ابی شیبه ۵۵۷:۱۰، والبخاری (۷۵۲۹) فی التوحید، والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱۸۸:٤۔

دلیل۔

ہمارے دعوے کی دلیل یہ ہے کہ جب کسی شخص کے بارے میں تعدیل بھی موجود ہو اور جرح بھی موجود ہو (یعنی کچھ علماء نے اس کو عادل قرار دیا ہو اور دیگر نے اس پر طعن کیا ہو اور تعدیل والے لوگ قوی ہوں) تو ایسی صورت میں جرح کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے۔اس بات کا ذکر امام ائمہ التحقیق حضرت ''ابوالفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''کتاب التحقیق فی احادیث التعلیق ''میں کئی مقامات پر کیا ہے۔ان میں سے ایک جگہ یہ ہے

وضو کے دوران کلی کرنے اور ناک میں پانی چڑھانے والی حدیث جو کہ حضرت ''جابر جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہما'' کے واسطے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا وضو سے ہے۔اور ان کی حیثیت یہ ہے کہ ان کے بغیر وضو مکمل نہیں ہوتا۔مقابلے میں حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اس عمل کو سنت سمجھتے ہیں۔اگر وہ فرمائیں کہ اس روایت میں حضرت ''جابر جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' موجود ہے اور حضرت ''ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور زائدہ نے ان کو جھوٹا قرار دیا ہے۔

اس کے جواب میں ہم یہ کہیں گے کہ اس روایت کی توثیق حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کی ہے ،اور کسی بھی حدیث کی توثیق کے لئے ان دونوں کی رائے کافی ہوتی ہے۔(لہذا حضرت ''جابر جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' پر جرح کی حیثیت ختم ہو گئی)

اور ''الاذنان من الراس ''والی حدیث جو کہ حضرت ''سنان بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابوامامہ رضی اللہ عنہ'' کے ذریعے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا'' کان سر میں سے ہیں''۔

اس حدیث کے مقابلے میں حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا کہنا ہے کہ کانوں کے لئے نیا پانی لیا جائے گا۔اور اِس حدیث میں حضرت ''سنان بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' مضطرب الحدیث ہیں اور حضرت ''شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' کی مروی حدیث سے دلیل نہیں پکڑی جاسکتی۔حضرت ''ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ''لیس بقوی ''وہ قوی نہیں ہیں اور نہ ہی ان کی حدیث کو دلیل کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے۔

ہم جواب میں یہ کہیں گے کہ حضرت '' شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' کو حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے مضبوط قرار دیا ہے اور حضرت ''سنان بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' اگرچہ مضطرب الحدیث ہیں لیکن ان کی حدیث کا اضطراب ان کے ثقہ ہونے میں کوئی فرق نہیں ڈالتا۔(حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے موقف کے بعد حضرت ''شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' پر جرح کی حیثیت ختم ہو گئی)

حضرت ''اسحاق بن محمد فروی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت '' عبیداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے آلہ تناسل کو ہاتھ لگایا، وہ نماز کے

وضو جیسا وضو کرے۔

اب اگر سامنے والا کہے کہ ''اسحاق'' ثقہ راوی نہیں ہیں جیسا کہ حضرت ''امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہہ بھی دیا ہے کہ ''اسحاق ثقہ نہیں ہے''

ہم جواب میں یہ کہیں گے کہ حضرت ''یحیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔(اوران کے ثقہ قرار دینے کے بعدان پر جرح کی حیثیت ختم ہو جاتی ہے)

الغرض: علماء حدیث کا یہی وطیرہ ہے کہ جب جرح وتعدیل میں سے تعدیل کو ترجیح مل جائے تو جرح کو یوں کر دیتے ہیں گویا کہ جرح ہوئی ہی نہیں۔

وہ روایات جن کی توثیق چند محدثین کر دیں، ان مرویات میں کسی طعن کرنے والے کے طعن کو قبول نہیں کیا جاتا، تو وہ امام المسلمین، کہ روئے زمین پرامت کی ایک تعداد ان کی مقلد ہے، ان کے بارے میں کسی حسد کرنے والے کے حسد اور کسی بغض رکھنے والے کا طعن قابل قبول کیسے ہوسکتا ہے۔

دوسرا جواب:

خطیب بغدادی ایسا شخص ہے جس کی گواہی سچی نہیں ہے، جس کی روایت قابل قبول نہیں ہے، محدثین کرام نے اس پر طعن کیا ہے، اوراس میں ایسی عادات ثابت کی ہیں جو کسی بھی شخص کی روایت قبول کئے جانے میں رکاوٹ ہیں۔ اگر میرے پیش نظر تین چیزیں نہ ہوتیں تو میں خطیب بغدادی کی وہ خصال کھول کھول کر بیان کر دیتا۔

وہ تین باتیں یہ ہیں۔

(۱)

ہمارے وہ امام جن کی ہم تقلید کرتے ہیں وہ ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' ہیں۔ آپ نے اپنے کسی فوت شدہ دشمن کی کبھی بھی عیب جوئی نہیں کی اور نہ کبھی کسی کو سب وشتم کیا ہے، بلکہ آپ نے ہمیشہ مسلمانوں کے ساتھ حسن ظن ہی رکھا۔ اوراگر کسی کو متہم کیا بھی ہے تو اس کے بعد فرمایا: مگر جب کہ دلیل مل جائے۔

حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف یہ ہے کہ کوئی مومن کسی گناہ کی وجہ سے ایمان سے خارج نہیں ہوتا اور ہمارے اصحاب کی جمیع کتب میں تمام ائمہ کا ذکر اچھائی کے ساتھ ہی ملتا ہے، سب یہی درس دیتے ہیں کہ ہمیں ان کی اقتداء اور پیروی کرنی چاہئے۔

(۲)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے فوت شدگان کو اچھے لفظوں میں یاد کیا کرو۔ (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے)

حَـدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اِيَاسُ بْنُ اَبِي تَمِيمَةَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عَائِشَةَ، ذُكِرَ عِنْدَهَا رَجُلٌ فَنَالَتْ مِنْهُ، فَقِيلَ لَهَا اِنَّهُ قَدْ مَاتَ فَتَرَحَّمَتْ عَلَيْهِ فَقِيلَ لَهَا تَرَحَّمْتَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَذْكُرُوا مَوْتَاكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ

''ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ان کے پاس ایک آدمی کا ذکر ہوا تو ام المومنین نے ان سے بیزاری کا اظہار کیا، ان کو بتایا گیا کہ وہ تو فوت ہوگیا ہے تب ام المومنین نے اس کے لئے دعائے رحمت مانگی۔ ان سے عرض کی گئی کہ آپ اب ان کے لئے دعائے رحمت کیوں مانگ رہی ہیں؟ تو فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ''اپنے فوت شدگان کو ہمیشہ اچھے لفظوں میں یاد کیا کرو'' (الدعاء للطبرانی، حدیث نمبر ۲۰۶۵)

خطیب بغدادی نے ہمارے حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' پر تشنیع کر کے اگرچہ ہم پر ظلم کیا ہے (میں نے ان کے عمل کو ظلم اس لئے قرار دیا ہے کہ) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا (النساء:148)

''اللہ پسند نہیں کرتا بُری بات کا اعلان کرنا مگر مظلوم سے اور اللہ سنتا جانتا ہے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

لیکن ہم پر لازم ہے کہ ہم امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اقتداء کریں، جیسا کہ ایک مرتبہ انہوں نے ایک آدمی کو دیکھا، وہ عید والے دن نماز عید سے پہلے نوافل پڑھ رہا تھا، آپ نے اس کو نفل پڑھنے سے منع نہیں فرمایا۔ آپ سے کسی نے کہا: آپ تو جانتے ہیں کہ عید سے پہلے نوافل پڑھنا منع ہے (تو پھر آپ نے اس شخص کو روکا کیوں نہیں؟) آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس بات کا خوف تھا کہ میں کہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد مبارک کی زد میں نہ آجاؤں۔

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى عَبْدًا اِذَا صَلّٰى

''بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے بندہ کو جب وہ نماز پڑھے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(۳)

خطیب بغدادی کو برا بھلا کہنا اور مورخین نے اس کے بارے میں جو اعتراضات کئے ہیں، ان کا ذکر کرنا، یہ فضول کام میں مشغول ہونے کے مترادف ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کے حسن میں سے یہ بھی ہے کہ بندہ فضولیات کو چھوڑ دے۔

تاہم جو شخص خطیب بغدادی کے بارے میں حقائق جاننے کا شوق رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ حضرت ''حافظ ابوالقاسم علی بن حسن ابن ہبۃ اللہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کی تحریر کردہ کتاب ''کتاب التاریخ الکبیر لدمشق'' کا مطالعہ کرے اور حضرت ''امام حافظ یوسف سبط ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' کی لکھی ہوئی کتاب ''کتاب الانتصار لامام ائمۃ الانصار'' کو پڑھے، اس میں آپ کے سامنے خطیب بغدادی صاحب کی شخصیت کے بارے میں ایسے ایسے حیرت انگیز انکشافات ہونگے جن کو پڑھ کر آپ یہ سوچنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ ایسے شخص کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں طعن کرنے کا حق کیسے پہنچتا ہے۔

تیسرا جواب:

ایسا شخص جو اکثر غلطیاں کرتا ہو اور اس سے بہت زیادہ خطاء سرزد ہوتی ہو، وہ اگرچہ بذات خود بہت نیک اور متقی ہی کیوں نہ ہو، اس کی روایت قابل قبول نہیں رہتی۔ اور خطیب بغدادی صاحب کی کیفیت بھی اس سے کچھ مختلف نہیں ہے۔ امام ابن جوزی نے اپنی کتاب ''السھم المصیب فی الرد علی الخطیب'' میں اور دیگر کئی علماء نے اپنی اپنی کتابوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔ لیکن

سابقہ تین رکاوٹوں کی بناء پر ہم اس کا ذکر بھی چھوڑ دیتے ہیں۔

چوتھا جواب:

خطیب بغدادی نے جن لوگوں کے حوالے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر طعن نقل کیا ہے، یہ سب حسد کی وجہ سے تھا کیونکہ فضیلت والے شخص سے ہمیشہ حسد کیا گیا ہے اور حاسد کی بات کو کبھی بھی مانا نہیں جاتا، اور یہ بات امر واقعی ہے کہ حسد سے بہت کم لوگ محفوظ ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان کو یہ کبھی بھی اچھا نہیں لگتا کہ اسی جیسا کوئی دوسرا بندہ اس سے اوپر ہو جائے، اور جب وہ دیکھتا ہے کہ دوسرا شخص اس سے آگے بڑھ گیا ہے تو اس کے دل میں اس کی برائی آنا شروع ہو جاتی ہے، اگر وہ عقل مند اور متقی شخص ہوگا تو اپنے نفس کو دبالے گا اور اپنی زبان کو بچائے گا، اور یہ تمنا کرے گا کہ اُسی جیسی نعمت مجھے بھی مل جائے جبکہ اُس کی نعمت کے زوال کی خواہش نہیں کرے گا، اس کو رشک کہتے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حسد (یعنی رشک) صرف دو آدمیوں پر جائز ہے، وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا، وہ اُس میں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتا ہے الحدیث۔

اور اگر وہ شخص متقی نہیں ہے تو اس کا نفس امارہ اس پر غالب آ جاتا ہے اور وہ حسد کا شکار ہو جاتا ہے۔ پھر حسد کے کئی درجے ہیں۔

(۱) ایک یہ ہے کہ بندہ اپنی تلوار اور زبان کے ساتھ اس سے دشمنی کرتا ہے

(۲) دوسرا یہ ہے کہ بندہ اُس کے خلاف اپنی زبان استعمال کرتا ہے۔

کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن پر کبھی ان کا نفس امارہ غالب آ جاتا ہے اور کبھی وہ نفس پر غالب آ جاتے ہیں، اس بات کی کئی بزرگوں نے تصریح بھی کی ہے اور اعتراف کیا ہے۔ مثلاً حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، کبھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بہت عیب بیان کرتے اور کبھی بہت تعریف کرتے ہیں۔ ان سے اس بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے جواباً کہا: وہ جوان (یعنی امام اعظم) محسود ہے (یعنی اس کے ساتھ حسد کیا گیا ہے)

(وَالْجَوَابُ) الْخَامِسُ مِنْ حَيْثُ التَّفْصِيلِ عَمَّا ذَكَرَهُ الْخَطِيبُ (فَمِنْهَا) مَا شَنَعَ هُوَ وَغَيْرُهُ عَلٰى اَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ لَا يَعْمَلُ بِالْخَبَرِ وَاِنَّمَا يَعْمَلُ بِالرَّاْيِ وَهٰذَاقَوْلُ مَنْ لَا يَعْرِفُ شَيْئاً مِنَ الْفِقْهِ وَمَنْ شَمَّ رَائِحَتَهُ وَاَنْصَفَ اعْتَرَفَ اَنَّ اَبَا حَنِيفَةَ مِنْ اَعْلَمِ النَّاسِ بِالْاَخْبَارِ وَاِتِّبَاعِ الْآثَارِ ٭وَالدَّلِيلُ عَلٰى بُطْلَانِ مَا قَالُوا مِنْ وُجُوهٍ ثَلَاثَةٍ٭

(اَحَدُهَا) اَنَّ اَبَا حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَرَى الْمَرَاسِيلَ حُجَّةً وَيُقَدِّمُهَا عَلَى الْقِيَاسِ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ٭

(وَالثَّانِي) اَنَّ اَنْوَاعَ الْقِيَاسِ اَرْبَعَةٌ (اَحَدُهَا) الْقِيَاسُ الْمُؤَثِّرُ وَهُوَ الَّذِي يَكُونُ بَيْنَ الْاَصْلِ وَالْفَرْعِ مَعْنًى مُشْتَرِكٌ مُؤَثِّرٌ (وَالثَّانِي) الْقِيَاسُ الْمُنَاسِبُ وَهُوَ اَنْ يَكُونَ بَيْنَ الْاَصْلِ وَالْفَرْعِ مَعْنًى مُنَاسِبٌ (وَالثَّالِثُ) قِيَاسُ الشِّبْهِ وَهُوَ اَنْ يَكُونَ بَيْنَ الْاَصْلِ وَالْفَرْعِ مُشَابَهَةٌ صُورَةً فِي الْاَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ (وَالرَّابِعُ) قِيَاسُ الطَّرْدِ وَهُوَ اَنْ

يَكُوْنَ بَيْنَ الاَصْلِ وَالْفَرْعِ مَعْنًى مُّطَّرِدٌ *وَاَبُوْحَنِيْفَةَ وَاَصْحَابُهٗ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ قَالُوا بِاَنَّ قِيَاسَ الشِّبْهِ وَالْمُنَاسَبَةِ بَاطِلٌ وَاخْتَلَفَ هُوَ وَاَصْحَابُهٗ فِي قِيَاسِ الطَّرْدِ فَاَنْكَرَهٗ بَعْضُهُمْ*

(وَقَالَ) اَبُوْ زَيْدِ الْكَبِيْرُ رَحِمَهُ اللّٰهُ بِاَنَّ الْقِيَاسَ الْمُؤَثِّرَ حُجَّةٌ (وَالْبَاقِي) لَيْسَ بِحُجَّةٍ *وَقَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ بِاَنَّ الاَنْوَاعَ الاَرْبَعَةَ مِنَ الْقِيَاسِ حُجَّةٌ وَّيُسْتَعْمَلُ قِيَاسُ الشِّبْهِ كَثِيْراً فَمِنْ ذٰلِكَ قِيَاسُ الْمَطْعُوْمَاتِ عَلَى الْمَنْصُوْصَاتِ لِلْمُشَابَهَةِ بَيْنَهُمَا فِي الطَّعْمِ وَاِنْ لَّمْ يَكُنِ الطَّعْمُ مُؤَثِّراً فِي الزِّيَادَةِ وفِي الْمِقْدَارِ كَالْكَيْلِ وَالْوَزْنِ (وَمِنْ ذٰلِكَ) قَوْلُهٗ اَنَّ الْعَاقِلَةَ تَتَحَمَّلُ قَلِيْلَ الْجِنَايَةِ لِمُشَابَهَتِهَا الْكَثِيْرَةِ (وَمِنْ ذٰلِكَ) قَوْلُهُمْ اَلْخَلُّ مَائِعٌ لَا تَبْنِي الْقَنْطَرَةُ عَلٰى جِنْسِهَا فَلَا يُزِيْلُ النَّجَاسَةَ كَالدُّهْنِ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ ذٰلِكَ مُؤَثِّراً فَجَمَعَ الشَّافِعِيُّ بَيْنَ الْخَلِّ وَالدُّهْنِ لِمُشَابَهَتِهِمَا فِي الصُّوْرَةِ وَاَبُوْحَنِيْفَةَ جَمَعَ بَيْنَ الْخَلِّ وَالْمَاءِ فِي الْمَعْنَى الْمُؤَثِّرِ فِي اِزَالَةِ النَّجَاسَةِ مِنَ التَّرْقِيْقِ بِالْمُجَاوَرَةِ وَالشُّيُوْعِ بِالدَّلْكِ وَالتَّقَاطُرِ وَالزَّوَالِ بِالْعَصْرِ وَلِذٰلِكَ اَمْثِلَةٌ كَثِيْرَةٌ

ثُمَّ الْعَجَبُ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَا يَسْتَعْمِلُ اِلَّا نَوْعاً وَنَوْعَيْنِ وَالشَّافِعِيُّ يَسْتَعْمِلُ الاَنْوَاعَ الاَرْبَعَةَ وَيَرَاهَا حُجَّةً*

پانچواں جواب:

خطیب بغدادی کے ذکر کئے ہوئے اعتراضات کا تفصیلی جواب

خطیب بغدادی اور دیگر کئی لوگوں کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر یہ اعتراض ہے کہ وہ حدیث پر عمل نہیں کرتے بلکہ اپنی رائے پر عمل کرتے ہیں۔

جواب:

یہ بات ایسا شخص کرسکتا ہے جو فقہ کی بنیادی اکائی سے بھی واقف نہیں ہے، اور جس نے فقہ کی تھوڑی سی خوشبو بھی سونگھی ہے اور وہ منصف مزاج ہو، وہ اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اخبار و آثار پر دوسرے لوگوں سے زیادہ عمل کرتے تھے۔ اس بات کا اعتراض کرنے والوں کے موقف کے باطل ہونے پر تین دلیلیں پیش کر رہا ہوں۔

دلیل نمبر ا۔

(احادیث صحیحہ تو بہت عظیم چیز ہے) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' تو مرسل احادیث کو بھی حجت مانتے ہیں اور اس کو قیاس پر مقدم رکھتے ہیں، جبکہ حضرت ''امام شافعی علیہ الرحمۃ'' مرسل حدیث پر قیاس کو ترجیح دیتے ہیں۔

دلیل نمبر ۲۔

قیاس کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) قیاس موثر۔ یہ وہ قیاس ہے جس کی اصل اور فرع میں کوئی معنی مشترک موثر ہو۔

(۲) قیاس مناسب۔ یہ وہ قیاس ہے جس میں اصل اور فرع کے درمیان مناسبت رکھنے والا کوئی مفہوم موجود ہو۔

(۳) قیاس شبہ۔ یہ وہ قیاس ہے جس میں اصل اور فرع کے مابین احکام شرعیہ میں صورت کے لحاظ سے مشابہت ہوتی ہے۔

(۴) قیاس طرد۔ یہ وہ قیاس ہے، جس کی اصل اور فرع کے مابین معنی مطرد موجود ہو۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اور آپ کے اصحاب کا موقف یہ ہے کہ قیاس شبہ اور قیاس مناسبت باطل ہے جبکہ قیاس طرد کے بارے میں بھی حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' اور آپ کے اصحاب میں اختلاف پایا جاتا ہے، کچھ احناف علماء نے اس کا بھی انکار ہی کیا ہے۔

حضرت ''ابوزید الکبیر رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: صرف قیاس موثر حجت ہے اور باقی کوئی بھی قیاس حجت نہیں ہے۔ جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں کہ قیاس کی چاروں قسمیں حجت ہیں اور قیاس شبہ تو بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے اسی بناء پر مطعومات (کھائی جانے والی چیزوں) کو منصوصات (بیان کی جانے والی چیزوں) پر قیاس کرتے ہیں کیونکہ ان دونوں کے درمیان ''طعم'' کی مشابہت پائی جاتی ہے اگرچہ ''طعم'' زیادت اور مقدار میں ''کیل اور وزن'' کی مانند موثر نہیں ہے۔ اسی بناء پر انہوں نے یہ فیصلہ بھی کرڈالا کہ مجرم کے قریبی رشتہ دار معمولی جرم کی بھی دیت دینے کے پابند ہونگے کیونکہ معمولی جرم کو غیر معمولی جرم کے ساتھ مشابہت حاصل ہے۔ (توجس طرح بڑے جرم کے مرتکب کی دیت اس کے عاقلہ یعنی قریبی رشتہ داروں کے ذمہ ہوتی ہے اسی طرح معمولی جرم کی دیت بھی ان کے ذمہ لازم ہوگی)

اسی بناء پر انہوں نے یہ فیصلہ بھی کرڈالا کہ سرکہ مائع ہے اس کے قطرے نہیں ٹپکتے لہذا تیل کی مانند یہ بھی نجاست کو زائل نہیں کرسکتا۔ اس میں جو علت ہے وہ سرکہ اور تیل میں موثر نہ ہونے کے باوجود حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے قیاس کرڈالا صرف اتنی بات پر کہ بظاہر دیکھنے میں سرکہ اور تیل ایک جیسے لگتے ہیں۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سرکہ اور پانی کو ایک جیسا قرار دیا اور اس کی وجہ یہ بیان کی کہ یہ دونوں نجاست زائل کرنے میں موثر ہیں کیونکہ یہ جس چیز میں شامل ہوجاتے ہیں، اس میں رقت (یعنی نرمی) پیدا کردیتے ہیں، اور رگڑنے سے یہ پھیل جاتے ہیں، اور نچوڑنے سے یہ الگ بھی ہوجاتے ہیں اور ان کے قطرے بھی ٹپکتے ہیں، اس کی دیگر بہت ساری مثالیں موجود ہیں۔

تعجب اور حیرانگی کی بات تو یہ ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' قیاس کی صرف ایک قسم کو استعمال کرتے ہیں (تین کو چھوڑتے ہیں) پھر بھی اُن پر یہ الزام ہے کہ وہ قیاس کو ترجیح دیتے ہیں، جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' قیاس کی چاروں قسموں کو مانتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کا حدیث پر زیادہ عمل ہے۔

(وَيَقُوْلُ) الْخَطِيْبُ وَاَمْثَالُهُ بِاَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ كَانَ يَسْتَعْمِلُ الْقِيَاسَ دُوْنَ الْاَخْبَارِ وَهٰذَا لِغَلَبَةِ الْهَوٰى وَقِلَّةِ الْوُقُوْفِ عَلَى الْفِقْهِ *وَالْوَجْهُ لِاِبْطَالِ مَا قَالَ اَنَّهُ كَانَ لَا يَتَّبِعُ الْاَخْبَارَ اَنَّ مَنْ عَرَفَ مَآخِذَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابِهٖ عَرَفَ بُطْلَانَ مَا قَالَهُ* (وَبَيَانُ) ذٰلِكَ مِنْ حَيْثُ التَّفْصِيْلِ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ بِاَنَّ الْقَهْقَهَةَ فِى الصَّلَاةِ نَاقِضَةٌ لِحَدِيْثِ الْاَعْمٰى الَّذِىْ وَقَعَ فِى الزُّبْيَةِ فَضَحِكَ بَعْضُ الْقَوْمِ قَهْقَهَةً

23/ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَّا مَنْ قَهْقَهَ مِنْكُمْ فَلْيُعِدِ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ وَهٰذَا

(۲۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۶٤) والدار قطني في "السنن" ۱:۱٦٦ في الطهارة: باب احاديث القهقهة في الصلاة' وعبد الرزاق (۳۷٦۰) في الصلاة: باب التبسم والضحك في الصلاة-

اَلْحَدِيْثُ وَاِنْ كَانَ ضَعِيفاً فَقَدْ قَالَ بِهٖ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَتَرَكَ بِهٖ قِيَاسَ الْقَهْقَهَةِ فِى الصَّلَاةِ عَلٰى غَيْرِ الصَّلَاةِ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَاِنَّهٗ اَخَذَ بِالْقِيَاسِ *

وَقَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ يَجُوْزُ الْوُضُوْءُ بِنَبِيْذِ التَّمَرِ لِحَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَيْلَةَ الْجِنِّ وَاِنْ كَانَ ضَعِيفاً فَقَدْ اَخَذَ بِهٖ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَتَرَكَ بِهٖ قِيَاسَ النَّبِيْذِ عَلٰى سَائِرِ الاَشْرِبَةِ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاِنَّهٗ اَخَذَ بِالْقِيَاسِ *

(فَعُلِمَ) اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ يُقَدِّمُ الاَحَادِيْثَ الضَّعِيْفَةَ عَلَى الْقِيَاسِ وَلٰكِنَّ رَاَى الْخَطِيْبِ وَاَمْثَالِهٖ اَنَّهٗ تَرَكَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ الْعَمَلَ بِبَعْضِ الاَحَادِيْثِ الَّتِى اَخَذَ بِهَا الشَّافِعِيُّ وَظَنُّوا اَنَّهٗ تَرَكَهَا بِالْقِيَاسِ وَلَمْ يَعْلَمُوا اَنَّهٗ تَرَكَهَا لِاَحَادِيْثَ اَصَحَّ مِنْهَا *

خطیب بغدادی صاحب اور دیگر کئی انہی جیسے لوگ کہتے ہیں کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' قیاس استعمال کرتے ہیں اور حدیث کو چھوڑ دیتے ہیں، یہ محض نفسانی خواہشات کے غلبہ اور فقہ کے بارے میں معلومات کم ہونے کا شاخسانہ ہے۔

ان لوگوں نے اپنے موقف پر یہ دلیل دی کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' احادیث کا تتبع اور چھان بین نہیں کرتے تھے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جو شخص حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی مرویات کے ماخذ کو جانتا ہے، اس کو پتہ ہے کہ ان کا یہ موقف سراسر غلط ہے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: نماز کے دوران قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ ایک نابینا صحابی گڑھے میں گر پڑے اور کچھ لوگ قہقہہ لگا کر ہنس پڑے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو شخص قہقہہ لگا کر ہنسا، وہ وضو اور نماز لوٹائے، یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس کو اپنایا ہے (اور یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو شخص بھی نماز میں قہقہہ لگا کر ہنسے گا اس کا وضو اور نماز ٹوٹ جائے گی) لیکن اس پر قیاس کرتے ہوئے یہ نہیں کہہ سکتے کہ جس طرح نماز میں قہقہہ لگانے سے نماز اور وضو ٹوٹ جاتے ہیں اسی طرح خارج نماز بھی قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے قیاس کو اپنایا ہے اور یہ خارج نماز بھی قہقہہ کو ناقض وضو قرار دیا ہے۔

حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں مروی ہے کہ ''لیلۃ الجن'' میں حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے، جب صبح کے وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے) پوچھا: اے ابن مسعود! تمہارے پاس پانی ہے؟ انہوں نے کہا: (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، پانی تو نہیں ہے تاہم) ایک برتن میں نبیذ تمر موجود ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اچھا پھل ہے اور اس کا پانی پاک ہے، یہ کہہ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ نبیذ تمر پکڑ کر اس سے وضو کیا۔

یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن پھر بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس کو اپنایا ہے اور ایسا نہیں کیا کہ اس پر قیاس کرتے ہوئے دیگر مشروبات سے بھی وضو جائز قرار دیا جائے۔ جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس موقع پر بھی قیاس کا سہارا لیا اور نبیذ تمر پر قیاس کرتے ہوئے دیگر مشروبات کے ساتھ بھی وضو جائز قرار دیا۔

ان دونوں مثالوں سے اتنا ثابت ہوگیا کہ حدیث پاک چاہے ضعیف ہی کیوں نہ ہو، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اس کو قیاس پر ترجیح دیتے ہیں۔

24/(فَمِنْهَا) قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ خُبْثاً *تَرَكَهُ أَبُوحَنِيْفَةَ لِأَنَّهُ لَيْسَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلِأَنَّ الْقُلَّةَ اِسْمٌ مُشْتَرَكٌ وَإِسْنَادُهُ مُضْطَرِبٌ وَأَخَذَ بِالْحَدِيْثِ الَّذِي اتَّفَقَ عَلَيْهِ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلَى إِخْرَاجِهِ فِي صَحِيْحَيْهِمَا وَهُوَ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

25/ لَا يَبُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ *وَلَفْظُ مُسْلِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ*

(۱) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ خُبْثاً

''جب پانی دو قلے ہوجائے تو وہ نجاست کا احتمال نہیں رکھتا''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کو ترک کردیا کیونکہ ''قلہ'' مشترک لفظی ہے (یعنی اس کا صرف ایک ہی معنیٰ نہیں ہے بلکہ اس کے معانی ایک سے زیادہ ہیں) اور اس کی اسناد میں بھی اضطراب ہے۔ اس حدیث کو بخاری و مسلم میں درج نہیں کیا گیا۔ جبکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے جس حدیث کو اپنایا ہے، اس کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں نے اپنی اپنی صحیح میں لکھا ہے وہ حدیث یہ ہے

لَا يَبُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ

''کوئی شخص ایسا ہرگز نہ کرے کہ وہ کھڑے پانی میں پیشاب کرلے، پھر اسی میں سے وضو کرلے''۔

اوپر دیئے گئے الفاظ حدیث بخاری کے ہیں جبکہ امام مسلم نے وضو کی جگہ غسل کا لفظ استعمال کیا ہے (اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ جب پانی کھڑا ہو تو نجاست گرنے سے وہ ناپاک ہوجاتا ہے، اس حدیث میں کوئی لفظ مشترک استعمال نہیں ہوا، اس کی سند میں بھی کوئی اضطراب نہیں ہے، اس لئے امام اعظم نے اضطراب والی، مشترک الفاظ والی روایت کو اگر چھوڑا ہے تو اُس سے زیادہ صحیح حدیث پر عمل کرتے ہوئے چھوڑا ہے، پھر یہ الزام دینا کہ امام اعظم حدیث پر عمل نہیں کرتے کتنی بڑی زیادتی ہے)

(وَمِنْهَا) حَدِيْثُ أُمِّ هَانِىءٍ أَنَّهَا كَرِهَتْ أَنْ تَتَوَضَّأَ بِالْمَاءِ الَّذِي يَبُلُّ فِيْهِ شَيْءٌ *تَرَكَهُ أَبُوْحَنِيْفَةَ لِأَنَّ أُمَّ هَانِىءٍ رَوَتْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثاً يُخَالِفُ هٰذَا وَالْحَدِيْثُ الصَّحِيْحُ الَّذِي اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلَى إِخْرَاجِهِ وَهُوَ حَدِيْثُ أُمِّ عَطِيَّةَ

26/قَالَتْ تُوُفِّيَتْ إِحْدٰى بَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا بِسِدْرٍ وَّاجْعَلْنَ فِي

(۲۴) اخرجه ابوداود (۶۳) فی الطهارة: باب ماینجس الماء" والترمذی (۵۰) فی الطهارة والشافعی فی "الام" ۱۸:۱ فی الطهارة: باب الماء الراکد، واحمد ۲۷:۲، وابن ماجة (۵۱۷) فی الطهارة: باب مقدار الماء الذی لاینجس-

(۲۵) اخرجه ابن حبان (۱۲۵۱) واحمد ۴۹۲:۲، وعبدالرزاق (۳۰۰) وابو عوانة ۲۷۶:۱، وابن الجارود فی "المنتقی" (۵۴)، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱۴:۱-

الاٰخِیـرَۃِ کَافُوْراً *فَلِھٰذَا الْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ قَالَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ بِاَنَّ الْمَاءَ الْمُطْلَقَ اِذَا زَالَ بِاخْتِلَاطِ شَیْءٍ طَاھِرٍ کَالسِّدْرِ وَالْکَافُوْرِ وَالْاُشْنَانِ وَالصَّابُوْنِ وَالزَّعْفَرَانِ یَجُوْزُ الْوَضُوْءُ بِہٖ خِلَافاً لِلشَّافِعِیِّ رَحِمَہُ اللّٰہُ *

(۲) سیدہ ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' کے بارے میں مروی ہے کہ وہ ایسے پانی کے ساتھ وضو کرنا مکروہ سمجھتی تھیں جس میں کوئی دوسری چیز مل گئی ہو۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس روایت کو ترک کیا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ خود حضرت ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ایک حدیث روایت کی ہے اور وہ حدیث اس روایت کے مخالف ہے

۔ اور وہ صحیح حدیث جس کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی اپنی صحیح میں درج کیا ہے، وہ حضرت ''ام عطیہ رضی اللہ عنہا'' کی روایت ہے۔ (وہ حدیث یہ ہے

- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ، قَالَ: حَدَّثَنِی مَالِکٌ، عَنْ اَیُّوبَ السَّخْتِیَانِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اُمِّ عَطِیَّۃَ الاَنْصَارِیَّۃِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَیْنَا رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِینَ تُوُفِّیَتِ ابْنَتُہُ، فَقَالَ: اغْسِلْنَھَا ثَلاثًا، اَوْ خَمْسًا، اَوْ اَکْثَرَ مِنْ ذَلِکَ اِنْ رَاَیْتُنَّ ذَلِکَ، بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاجْعَلْنَ فِی الآخِرَۃِ کَافُورًا - اَوْ شَیْئًا مِنْ کَافُورٍ -فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِی ،(البخاری:1253)(المسلم:939)

''آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی صاحبزادی کا وصال ہوگیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو بیری کے پتوں کے ساتھ غسل دو اور آخر میں کافور (یعنی خوشبو) شامل کر دو''۔

اس صحیح حدیث کی بناء پر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: مطلق پانی میں جب کوئی پاک چیز مل جائے مثلاً بیری کے پتے، کافور، اشنان (ایک خاص قسم کی گھاس) صابن اور زعفران وغیرہ۔ تو اس سے وضو جائز ہے۔ جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اس روایت پر عمل نہیں کرتے۔

(وَمِنْھَا) اَحَادِیْثُ وَرَدَتْ فِی عَدَمِ جَوَازِ الْوُضُوْءِ بِفَضْلِ وَضُوْءِ الْمَرْاَۃِ لَیْسَ شَیْءٌ مِنْھَا فِی الصِّحَاحِ تَرَکَ الْعَمَلُ بِھَا لِلْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ الَّذِی ذَکَرَہُ التِّرْمَذِیُّ فِی جَامِعِہٖ وَھُوَ حَدِیْثُ مَیْمُوْنَۃَ

27/قَالَتْ اُجْنِبْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَاغْتَسَلْتُ فِی جَفْنَۃٍ فَفَضُلَتْ فَضْلَۃٌ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ لِیَغْتَسِلَ مِنْھَا قُلْتُ اِنِّی اغْتَسَلْتُ مِنْھَا قَالَ اِنَّ الْمَاءَ لَیْسَ عَلَیْہِ جَنَابَۃٌ وَلَا یُنَجِّسُہُ شَیْءٌ فَاغْتَسَلَ مِنْہُ قَالَ اَبُوْ عِیْسٰی التِّرْمَذِیُّ رَحِمَہُ اللّٰہُ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ حَسَنٌ فَلِھٰذَا قَالَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ یَجُوْزُ الْوُضُوْءُ بِذٰلِکَ خِلَافاً لِبَعْضِ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ*

(۳۶) اخرجہ احمد ۶:۴۰۸، وابن سعد فی ''الطبقات'' ۸:۴۵۵، والشافعی فی ''المسند'' ۱:۲۰۳، وعبد لرزاق (۴۰۹۰)، والبخاری (۱۲۶۳)، وابو داود (۴۱۴۴)، وابن الجارود فی ''المنتقی'' (۵۲۰)۔

(۲۷) اخرجہ البخاری (۲۵۳) فی الغسل: باب الغسل بالصاع ونحوہ، ومسلم (۴۷) فی الحیض: باب القدر المستحب من الماء فی غسل الجنابۃ، والترمذی (۶۳) فی الطہارۃ: باب ماجاء فی وضوء الرجل والمرأۃ من اناء واحد۔

(۳) ایسی بہت ساری روایات ہیں کہ عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا جائز نہیں ہے۔ مثلاً مسند امام احمد بن حنبل میں ہے

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَاجِبٍ، يُحَدِّثُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ، "اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يَتَوَضَّاَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ (1) وَضُوءِ الْمَرْاَةِ
(مسند احمد: 20657)

لیکن ان میں سے کوئی بھی روایت بخاری اور مسلم میں نہیں ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ان احادیث پر عمل ترک کیا اور اُس صحیح حدیث پر عمل کیا جس کو امام ترمذی نے اپنی جامع کے اندر ذکر کیا ہے، (وہ حدیث یہ ہے

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي مَيْمُونَةُ قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ مِنَ الْجَنَابَةِ هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ. (الترمذی: 62)

سیدہ ''میمونہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں: مجھ پر اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر غسل فرض ہو گیا، میں نے ایک ٹب میں پانی ڈال کر غسل کیا، کچھ پانی بچ گیا، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پانی سے وضو کرنے کے لئے تشریف لائے، میں نے عرض کی: اس پانی سے تو میں نے غسل کیا ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی پر جنابت نہیں ہوتی اور کوئی چیز اس کو ناپاک نہیں کرتی، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پانی سے غسل فرمایا۔ حضرت ''امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح حسن ہے۔

اس حدیث کی بناء پر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: عورت کے بچے ہوئے پانی کے ساتھ وضو کرنا جائز ہے۔ جبکہ کئی محدثین اس حدیث پر عمل نہیں کرتے اور عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنے سے منع کرتے ہیں)

(وَمِنْهَا) الْاَحَادِيثُ الْعَامَّةُ الَّتِي وَرَدَتْ فِي نِجَاسَةِ الْمَاءِ بِمَوْتِ الْحَيَوَانِ تَرَكَهَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِي مَوْتِ مَا لَيْسَ لَهُ دَمٌ سَائِلٌ كَالْبَقِّ وَالذُّبَابِ وَالزَّنَابِيْرِ وَالْعَقَارِبِ لِلْحَدِيْثِ الْخَاصِّ الَّذِي اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ فِي صَحِيْحِهِ **28**/اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ ثُمَّ لِيَطْرَحْهُ فَاِنَّ فِي اَحَدَ جَنَاحَيْهِ شِفَاءٌ وَّفِي الْآخَرِ دَاءٌ *

(۴) بہت ساری ایسی احادیث بھی ہیں جن کا مفہوم یہ ہے کہ پانی میں کسی جانور کے مر جانے سے پانی ناپاک ہو جاتا ہے، لیکن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ایسے جانوروں کے معاملے میں اس حدیث پر عمل چھوڑ دیا ہے جن میں خون جاری نہیں ہوتا۔ مثلاً مچھر، مکھی، بھڑ اور بچھو وغیرہ۔ اس کی وجہ یہ حدیث پاک ہے

(حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، مَوْلَى بَنِي تَيْمٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، مَوْلَى بَنِي زُرَيْقٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي اِنَاءِ

(۲۸) اخرجه الطحاوی فی "شرح مشکل الآثار" (۳۲۹۰) والنسائی فی "المجتبی" ۱۷۸:۷ وابو یعلی (۹۸۶) وابن حبان

اَحَدِکُمْ فَلْیَغْمِسْهُ کُلَّهُ، ثُمَّ لِیَطْرَحْهُ، فَإِنَّ فِی اَحَدِ جَنَاحَیْهِ شِفَاءً، وَفِی الآخَرِ دَاءً (بخاری: 5782)

حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو وہ اس کو مکمل طور پر ڈبوکر باہر نکالے، کیونکہ اس کے ایک پر میں شفاء ہوتی ہے اور دوسرے میں بیماری ہوتی ہے۔ اس حدیث پاک کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ (آپ غور کریں، کیا جرم کیا ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے؟ سوائے اس کے کہ ایک صحیح حدیث پر عمل کیا ہے، خطیب صاحب کو ضعیف احادیث کا ترک تو نظر آجاتا ہے لیکن صحیح حدیث پر حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے عمل سے اُن کی آنکھیں کیوں بند ہو جاتی ہیں؟)

(وَمِنْهَا) اَلْعُمُومَاتُ الَّتِی وَرَدَتْ فِی الْمَیْتَةِ تَرَکَهَا اَبُوْحَنِیْفَةَ فِی جَوَازِ دِبَاغِ جِلْدِهَا خَاصَّةً لِلْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ الَّذِی اتَّفَقَ الشَّیْخَانِ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰی اِخْرَاجِهٖ وَهُوَ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ

29/ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مَیِّتَةٍ فَقَالَ اَلاانْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا فَقَالُوا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَیْتَةٌ فَقَالَ اِنَّمَا حَرَّمَ اَکْلَهَا *فَلِهٰذَا قَالَ یُطَهَّرُ جِلْدُهَا بِالدِّبَاغِ خِلَافاً لِجَمَاعَةٍ*

(۵) کچھ احادیث ایسی ہیں جن کا مفہوم یہ ہے کہ مردار کا جسم پاک نہیں ہوتا، حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' ان روایات پر عمل نہیں کرتے کیونکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے پیش نظر وہ حدیث ہے جس کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں نے نقل کیا ہے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے مروی حدیث ہے (حدیث یہ ہے:

حَدَّثَنَا زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا یَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، حَدَّثَنَا اَبِی، عَنْ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ شِهَابٍ، اَنَّ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَخْبَرَهُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ مَیِّتَةٍ، فَقَالَ: (ص:82) هَلَّا اسْتَمْتَعْتُمْ بِاِهَابِهَا؟، قَالُوا: اِنَّهَا مَیِّتَةٌ، قَالَ: اِنَّمَا حَرُمَ اَکْلُهَا (البخاری:2221)(مسلم:363))

آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک مری ہوئی بکری سے ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی کھال سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ مردار ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا کھانا حرام ہے (اس کو کھائے بغیر استعمال میں لانا حرام نہیں ہے)

اس حدیث کے پیش نظر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: مردار کی کھال دباغت سے پاک ہو جاتی ہے۔ جبکہ فقہاء کی ایک جماعت ہے جو اس موقف کے قائل نہیں ہیں۔ (اور وہ اس صحیح حدیث کے ترک کے مرتکب ہوتے ہیں۔ لیکن پھر بھی ترک حدیث کا الزام حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے سر ہے۔)

(وَمِنْهَا) هٰذِهِ الْعُمُومَاتُ الْوَارِدَةُ فِی الْمَیْتَةِ اَیْضاً تَرَکَهَا اَبُو حَنِیْفَةَ لِهٰذَا الْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ وَهُوَ قَوْلُهُ

(۲۹) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱:۴۶۹، وابن حبان (۱۲۸۳) ومسلم (۳۶۴) فی الحیض: باب طهارة جلود المیتة بالدباغ، والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱:۲۳، والحمیدی (۴۹۱) وابو عوانة ۱:۲۱۱، والطبرانی فی "الکبیر" (۱۱۳۸۳)۔

اِنَّمَا حَرَّمَ اَكْلَهَا *فَقَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّ شَعْرَ الْمَيْتَةِ وَعَظْمَهَا وَقَرْنَهَا وَصُوْفَهَا طَاهِرٌ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ*

(۶) ایسی روایات بھی عموماً منقول ہیں کہ مردار کے جسم کو استعمال میں نہ لایا جائے، لیکن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ان روایت پر عمل ترک کیا کیونکہ آپ کے پیش نظر صحیح حدیث تھی، وہ یہ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا کھانا حرام ہے، (یہ حدیث اوپر گزر چکی ہے) اس بناء پر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: مردار کے بال، ہڈیاں، سینگ اور اون پاک ہیں۔ اس میں حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے وہ مردار کے بال، ہڈیوں، سینگوں اور اون کو پاک تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

(وَمِنْهَا) اَحَادِيْثُ وَرَدَتْ فِي عَدَمِ وُجُوْبِ غَسْلِ الْمَنِيِّ وَجَوَازِ الْقُرْصِ وَالْفَرْكِ ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَهَا حَيْثُ قَالَ بِنَجَاسَةِ الْمَنِيِّ وَلَمْ يَتْرُكْهَا بَلْ عَمِلَ بِهَا فَقَالَ يُجْزِى الْفَرْكُ فِي الْيَابِسِ وَيَجِبُ غُسْلُ الرَّطْبِ لِلْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِى اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا وَهُوَ حَدِيْثُ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ

30/ اَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ اَنَّهَا كَانَتْ تَغْسِلُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَخْرُجُ وَيُصَلِّي وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْبُقْعِ فِي ثَوْبِهٖ مِنْ اَثَرِ الْغُسْلِ فَلِهٰذَا قَالَ اِنَّهٗ نَجَسٌ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(۷) کچھ احادیث اس بارے میں منقول ہیں کہ منی کو دھونا ضروری نہیں ہے بلکہ کپڑے سے اس کو کھرچ دینا بھی جائز ہے وہ حدیث یہ ہے

عَنْ عَائِشَةَ فِي الْمَنِيِّ قَالَتْ: كُنْتُ اَفْرُكُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "(مسلم:106)

اور خطیب صاحب اور ان کے ساتھیوں کو یہ خدشہ ہوا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کو ترک کر دیا ہے، کیونکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے منی کے پلید ہونے کا فتویٰ دیا ہے (اس وجہ سے کئی لوگوں کو یہ خدشہ ہو گیا کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا حالانکہ بات یہ نہیں ہے۔ بلکہ بات دراصل یہ ہے کہ) حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث کو ترک نہیں کیا بلکہ آپ نے تو اس پر عمل کیا ہے اور فرمایا: اگر منی خشک ہے (جو کپڑے میں جذب نہ ہوئی ہو) اس کو کھرچ دینا ہی کافی ہے (کیونکہ ام المومنین اپنے ناخن کے ساتھ اس کو کھرچتی تھیں جیسا کہ اس حدیث میں ہے

وَاِنِّي لَاَحُكُّهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَابِسًا بِظُفُرِي(مسلم:109)

اور ناخن کے ساتھ کسی چیز کو تبھی کھرچا جا سکتا ہے جب وہ خشک ہو چکی ہو۔ اسی لئے حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے موقف اپنایا ہے کہ اگر خشک ہو تو اس کو کھرچ دینا کافی ہے، کیونکہ اس طرح وہ کپڑے سے الگ ہو جائے گی اور کپڑا پاک ہو جائے گا)

اور اگر منی تر ہے (اور وہ کپڑے میں جذب ہو گئی) تو اس کو دھونا ضروری ہے۔ اس پر دلیل ایک صحیح حدیث ہے

(۳۰) اخرجه ابن حبان (۱۳۸۱) وابو داود الطيالسي ۱:۴۴' والبخاری (۲۲۹) فی الوضوء' ومسلم (۲۸۹) وابن خزيمة في "صحيحه" (۲۸۷) وابن ماجة (۵۳۶) والبيهقي في "السنن الكبرى" ۲:۴۱۸و۴۱۹۔

سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ اَغْسِلُ الجَنَابَةَ مِنْ ثَوْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ، وَاِنَّ بُقَعَ المَاءِ فِي ثَوْبِهِ (بخاری:229)

حضرت ''عطاء (سلیمان) بن یسار رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ مجھے ام المومنین حضرت ''عائشہ رضی اللہ عنہا'' نے بتایا ہے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑوں سے مادہ کو دھو دیتی تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہ کپڑے پہن کر نماز کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے اور میں کپڑے کا وہ دھلا ہوا مقام دیکھ رہی ہوتی تھی۔

(مادہ کو دھونے کی ضرورت تب پیش آتی جب وہ تر ہوتی کیونکہ گیلے مادہ کو ناخن سے کھرچا نہیں جا سکتا اور کپڑا پاک نہیں ہو سکتا اس لئے اس کو پانی کے ساتھ دھونا ضروری ہے۔ بہرحال مادہ کو کھرچنا، اور دھونا، یہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ منی کپڑے پر ہوتے ہوئے نماز نہیں ہوگی اس کو کپڑے سے بہر طور جدا کرنا ضروری ہے کیونکہ اگر مادہ پاک ہوتا تو کوئی ایک روایت تو ایسی ہوتی کہ اس کے کپڑے پر موجود ہوتے ہوئے نماز پڑھی گئی)

اس بناء پر حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے کہ مادہ منویہ ناپاک ہے۔ اس میں بھی حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے، اُن کے نزدیک منی ناپاک نہیں ہے۔ (بتائیے، حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے صحیح حدیث پر عمل کیا ہے، اور خطیب صاحب کو نظر آ رہا ہے کہ امام اعظم حدیث کو ترک کر رہے ہیں)

31/(وَمِنْهَا) حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ رَقِيْتُ يَوْماً عَلٰى بَيْتِ حَفْصَةَ فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى حَاجَتِهٖ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ مُسْتَدْبِرَ الشَّامِ فَظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَ الْعَمَلَ بِهٖ بَلْ قَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ يَحْتَمِلُ اَنَّهُ كَانَ قَاعِداً لِيَقْضِيَ حَاجَتَهُ فَلَمَّا ابْتَدَأَ فِي قِضَائِهَا اسْتَدْبَرَ الْقِبْلَةَ جَمْعاً بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى إِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا وَهُوَ حَدِيْثُ اَبِي اَيُّوْبَ

32/ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ وَّلَا بَوْلٍ وَّلٰكِنْ شَرِّقُوا اَوْ غَرِّبُوا فَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَا يَجُوْزُ اسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ فِي قَضَاءِ الْحَاجَةِ فِي الصَّحَارٰى وَالْبُنْيَانِ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَبَعْضِ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ*

کئی فقہاء نے یہ موقف اپنایا ہے کہ قضائے حاجت کرتے وقت قبلہ کی جانب پشت کر سکتے ہیں اس پر دلیل یہ حدیث لاتے ہیں

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: ارْتَقَيْتُ فَوْقَ بَيْتِ حَفْصَةَ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

(۳۱) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۲۳۴:۴ وابن حبان (۱۴۱۸) واحمد ۴۱:۲ والبخاری (۱۴۹) فی الوضوء: باب التبرز فی البیوت، وابن ماجة (۳۲۲) وابو عوانة ۲۰۱:۱۔

(۳۲) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۲۳۴:۴ واحمد ۴۲۱:۵ وابو عوانة: ۱۹۹:۱ والطبرانی فی ''الکبیر'' (۳۹۳۵) والشافعی فی ''المسند'' ۲۵:۱ والحمیدی (۳۷۸) والبخاری (۳۹۴) فی الصلاة: باب قبلة اهل المدینة واهل الشام

وَسَلَّمَ يَقْضِي حَاجَتَهُ مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةِ، مُسْتَقْبِلَ الشَّأْمِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک دن میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی چھت پر چڑھا، میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ قبلہ کی جانب پیٹھ کر کے اور شام کی جانب چہرہ کر کے بیٹھے قضائے حاجت فرمارہے تھے۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اس کو ناجائز قرار دیتے ہیں، اور حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے اس موقف کو دوسرے فقہاء یہ سمجھتے ہیں کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک کردیا ہے۔ حالانکہ یہ بات درست نہیں ہے، امام اعظم نے اس حدیث کو ترک نہیں کیا بلکہ اس کی تاویل کی ہے اور اس میں یہ احتمال بیان کیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے جب بیٹھے ہوں تو اس وقت چہرہ قبلہ کی جانب ہو، لیکن جب قضائے حاجت کا آغاز فرمایا تو قبلہ سے رُخ ہٹالیا ہو۔ اس حدیث میں یہ احتمال ثابت کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے پیش نظر حضرت ''ابوایوب رضی اللہ عنہ'' سے مروی وہ حدیث ہے کہ

عن اَبِى اَيُّوبَ الاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَى أَحَدُكُمُ الْغَائِطَ، فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يُوَلِّهَا ظَهْرَهُ، شَرِّقُوا أَوْ غَرِّبُوا (بخاری:144)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پیشاب یا پاخانہ کرتے وقت قبلہ کی جانب نہ چہرہ کرو اور نہ پیٹھ کرو، بلکہ مشرق یا مغرب کی جانب کرلو۔ اس حدیث کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی نقل کیا ہے اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی نقل کیا ہے۔ اس حدیث کی بناء پر حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا کہ قضائے حاجت میدان میں کررہے ہوں یا مکان میں، کسی بھی صورت میں قبلہ کی جانب چہرہ یا پشت کرنا جائز نہیں ہے۔ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حدیث دانی کے کئی دیگر دعوے داروں کو اس سے اختلاف ہے۔ (حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے تو دونوں حدیثوں پر عمل کیا ہے، کسی کو بھی ترک نہیں کیا، اور صاحبوں کو ناراضگی ہے کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' حدیث کو ترک کررہے ہیں)

(وَمِنْهَا) الاَحَادِيْثُ الَّتِي وَرَدَتْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا *فَظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَمْ يَعْمَلْ بِهِ حَيْثُ لَمْ يَرَ تَكْرَارَ الْمَسْحِ مُسْتَحَبًّا وَاَبُوْحَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ اَلْوُضُوْءُ هُوَ الْغُسْلُ فَيُسْتَحَبُّ فِيْهِ التَّكْرَارُ فَاَمَّا الْمَسْحُ فَلَيْسَ بِوُضُوْءٍ فَلَا يُسْتَحَبُّ فِيْهِ التَّكْرَارُ لِلْحَدِيْثِ الَّذِي رَوَاهُ اَبُو عِيْسَى التِّرْمَذِيُّ فِي جَامِعِهِ فِي حَدِيْثِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ حَكَى وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ فِيْهِ اَنَّهُ مَسَحَ بِرَاْسِهِ مَرَّةً *ثُمَّ قَالَ التِّرْمَذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ*

(۹) کچھ احادیث کا مفہوم ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین تین مرتبہ وضو کیا (اس سلسلے میں ایک حدیث درج ذیل ہے)

عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا. (الترمذی:43)

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے مسح کو تین مرتبہ کرنا مستحب قرار نہیں دیا۔ اس سے خطیب صاحب نے یہ فتویٰ جڑ دیا کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث کو ترک کردیا۔ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف یہ ہے کہ وضو تو دھونے کا نام ہے، لہٰذا جن

اعضاء کو دھویا جائے گا ان میں تکرار مستحب ہوگا، اور مسح کیونکہ وضو (یعنی دھونا) نہیں ہے اس لئے اس میں تکرار بھی مستحب نہیں ہے اور حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ موقف اپنی رائے سے قائم نہیں کیا، بلکہ آپ کے سامنے ایک صحیح حدیث ہے جس کو حضرت ''امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی جامع میں نقل بھی کیا ہے، (وہ حدیث یہ ہے)

عَنْ اَبِی حَیَّۃَ، قَالَ: رَاَیْتُ عَلِیًّا تَوَضَّاَ، فَغَسَلَ کَفَّیْهِ حَتّٰی اَنْقَاهُمَا، ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلاثًا، وَاسْتَنْشَقَ ثَلاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا، وَذِرَاعَیْهِ ثَلاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ مَرَّةً، ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَیْهِ اِلَی الْکَعْبَیْنِ، ثُمَّ قَامَ فَاَخَذَ فَضْلَ طَهُوْرِهِ فَشَرِبَهُ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ قَالَ: اَحْبَبْتُ اَنْ اُرِیَکُمْ کَیْفَ کَانَ طُهُوْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

(الترمذی: 48)

حضرت ''ابوحیہ رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کو دیکھا کہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو جیسا وضو کر کے دکھایا، اس میں یہ بھی ذکر ہے کہ حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' نے اس دوران اپنے سر کا ایک مرتبہ مسح کیا۔ پھر حضرت ''امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی جامع میں اس کو نقل بھی کیا ہے اور اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ (اس میں بھی حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' حدیث پر عمل کرتے ہوئے سر کے مسح کے تکرار کے عدم استحباب کا قول فرما رہے ہیں اور خطیب صاحب کہتے ہیں کہ امام اعظم حدیث کا ترک فرما رہے ہیں)

(وَمِنْهَا) الاَحَادِیْثُ الَّتِی وَرَدَتْ فِی تَعْجِیْلِ الْمَغْرِبِ وَکَرَاهَةِ تَاْخِیْرِهٖ فَظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ لَمْ یَعْمَلْ بِهَا حَیْثُ قَالَ لِلْمَغْرِبِ وَقْتَانِ کَسَائِرِ الصَّلَاةِ وَاَبُوْ حَنِیْفَةَ یَقُوْلُ یُکْرَهُ تَاْخِیْرُهٗ لِهٰذِهِ الْاَحَادِیْثِ وَلَا تَدُلُّ کَرَاهَةُ التَّاْخِیْرِ عَلٰی اَنَّهٗ لَیْسَ لَهٗ وَقْتُ جَوَازِ الاَدَاءِ کَتَاْخِیْرِ الْعَصْرِ اِلٰی وَقْتِ اصْفِرَارِ الشَّمْسِ فَیَجُوْزُ الْمَغْرِبُ لَوْ اَدَّاهُ قَبْلَ غَیْبُوْبَةِ الشَّفَقِ لِلْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ الَّذِی اتَّفَقَ الشَّیْخَانِ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰی اِخْرَاجِهٖ فِی صَحِیْحَیْهِمَا

33/عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا قُدِّمَ الْعَشَاءُ فَابْدَؤُا بِهٖ قَبْلَ اَنْ تُصَلُّوا صَلَاةَ الْمَغْرِبِ وَلَا تَعَجَّلُوا عَنْ عَشَائِکُمْ "فَلِهٰذَا قَالَ بِالْجَوَازِ خِلَافاً لِلشَّافِعِیِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی"

(۱۰) کچھ احادیث اس بارے میں مروی ہیں کہ مغرب کی نماز جلدی پڑھنی چاہئے اور اس میں تاخیر مکروہ ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر شفق کے غائب ہونے سے پہلے نماز پڑھ لی تو نماز ادا ہو جائے گی۔ (اس پر خطیب صاحب کو اعتراض ہے کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک کر دیا ہے، حالانکہ اصل بات خطیب بغدادی صاحب کو سمجھ ہی نہیں آئی وہ یہ ہے کہ) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: باقی نمازوں کی طرح اس نماز کے بھی دو وقت ہیں۔ اس حدیث سے یہ تو ثابت ہوتا ہے کہ اگر کسی نے نماز مغرب میں تاخیر کی تو وہ کراہت سے خالی نہیں ہوگی، اس کو امام اعظم بھی مانتے ہیں لیکن اس حدیث سے یہ

(۳۳) اخرجه الطحاوی فی "شرح مشکل الآثار" (۱۹۸۶) والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱:۴۵۷ وابو داود (۳۷۵۷) واحمد ۲:۲۰ والبخاری (۶۷۳) ومسلم (۵۵۹) والطبرانی فی "الصغیر" (۹۹۵) عن ابن عمر رضی اللہ عنہ

ثابت نہیں ہوتا کہ جس نے تاخیر سے مغرب کی نماز پڑھی، اس کی نماز ادا بھی نہیں ہوگی، جیسا کہ عصر کی نماز کو سورج کے زرد ہونے تک لیٹ کرنا مکروہ ہے لیکن اگر کوئی شخص اتنی تاخیر سے پڑھے گا تو اس کی نماز میں اگرچہ کراہت ہوگی لیکن اس کی نماز بہرحال ادا ہو جائے گی۔ اسی طرح مغرب کی نماز بھی اگرچہ لیٹ کرنا مکروہ ہے، لیکن شفق کے غائب ہونے سے پہلے کسی نے پڑھ لی تو ادا ہو جائے گی۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے یہ موقف اس لئے اپنایا ہے کہ آپ کے سامنے ایک صحیح حدیث پاک موجود تھی اور اس کو امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں بھی نقل کیا ہے، وہ یہ ہے

عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَاُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَابْدَءُ وْا بِالْعَشَاءِ (بخاری: 671)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جب شام کا کھانا تیار ہو جائے (اور نماز کے لئے اقامت ہو جائے، پھر بھی) نماز مغرب پڑھنے سے پہلے کھانا کھاؤ (اور کھانا چھوڑ کر پہلے نماز مت پڑھو)'' اس حدیث کے پیش نظر امام اعظم شفق سے پہلے پڑھی گئی نماز کے جائز ہونے کے قائل ہیں۔ لیکن حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کو اس سے اختلاف ہے (اور خطیب بغدادی صاحب کو یہاں بھی یہی لگ رہا ہے کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک فرما دیا)

(وَمِنْهَا) الأَحَادِيْثُ الَّتِي وَرَدَتْ فِي اَدَاءِ الصَّلَوَاتِ لِمَوَاقِيْتِهَا وَفِي اَوَّلِ الْوَقْتِ فَظَنُّوا اَبَا حَنِيْفَةَ لَمْ يَعْمَلُوْا بِهَا حَيْثُ قَالَ بِاَنَّ الاِسْفَارَ اَفْضَلُ وَاِنَّمَا جَمَعَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بَيْنَهَا لاِحْتِمَالِهَا وَبَيْنَ الْحَدِيْثِ الآخَرِ الصَّحِيْحِ الصَّرِيْحِ الَّذِي رَوَاهُ اَبُو عِيْسٰى التِّرْمَذِيُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ

34/قَالَ اَصْبِحُوا بِالصُّبْحِ فَاِنَّهُ اَعْظَمُ لِلاَجْرِ "قَالَ التِّرْمَذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ فَلِهٰذَا قَالَ يَسْتَحِبُّ الْاُسْفَارُ جَمْعاً بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْحَدِيْثِ الآخَرِ الصَّحِيْحِ اَفْضَلُ الاَعْمَالِ اَدَاءُ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا "فَاِنَّ آخِرَ الْوَقْتِ اَيْضاً وَقْتُهَا "وَاَمَّا قَوْلُهُ اَوَّلُ الْوَقْتِ رِضْوَانُ اللّٰهِ وَآخِرُهُ عَفْوُ اللّٰهِ فَهُوَ مِنَ الْمَوْضُوْعَاتِ اَشَارَ اِلَيْهِ ابْنُ الْجَوْزِيُّ فِي (كِتَابِ التَّحْقِيْقِ) وَلَمْ يُصَرِّحْ بِكَوْنِهِ مَوْضُوعاً وَقَدْ صَرَّحَ بِهِ غَيْرُهُ"

(۱۱) کچھ احادیث اس بارے میں مروی ہیں کہ نمازیں اول وقت میں ادا کرو۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ فجر کی نماز دن اچھی طرح روشن ہونے پر پڑھنا افضل ہے۔ (اس سے خطیب بغدادی صاحب کو یہ سمجھ آئی کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک کر دیا ہے، حالانکہ حدیث کو ترک نہیں کیا گیا بلکہ امام اعظم اس حدیث سمیت دیگر احادیث پر عمل کر رہے ہیں۔ (وہ اس طرح کہ) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کو بھی اپنایا ہے اور ایک دوسری حدیث صحیح صریح ہے

(عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَسْفِرُوا بِالْفَجْرِ، فَاِنَّهُ اَعْظَمُ لِلاَجْرِ. (الترمذی: 154)

(۳٤) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱:۱۷۹- والبیہقی فی "السنن الکبری" ۱:٤۵۷ والطیالسی (۹۵۹) والترمذی (۱۵٤) فی الصلاۃ: باب ماجاء فی الاسفار بالفجر والطبرانی فی "الکبیر" (٤۲۸٦) عن رافع بن خدیج قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر"۔

حضرت ''رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: فجر کی نماز کواچھی طرح صبح ہونے پر پڑھو کہ اس میں ثواب زیادہ ہے۔) امام ترمذی نے اس حدیث کواپنی جامع میں نقل کیا ہے اوراس کے بارے میں فرمایا ہے کہ ''یہ حدیث حسن صحیح ہے'' اس حدیث کی بناء پر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا کہ فجر کی نماز روشنی میں پڑھنا مستحب ہے اورایک دوسری صحیح حدیث پاک ہے

(عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا

حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ سب سے افضل عمل کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''وقت کے اندر نماز پڑھنا'' اور صبح کا آخری وقت بھی کیونکہ نماز کا وقت تو بہر حال ہوتا ہی ہے، اس طرح دونوں حدیثوں پر عمل ہوگیا کہ پہلی حدیث کی بناء پر فجر کو روشن کر کے پڑھ لیا گیا اوردوسری کی بناء پر وقت کے اندر پڑھا گیا۔ اورایک حدیث جوپیش کی جاتی ہے

(عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَقْتُ الْاَوَّلُ مِنَ الصَّلَاةِ رِضْوَانُ اللهِ، وَالْوَقْتُ الْآخِرُ عَفْوُ اللّٰهِ. (الترمذی:172)

''اول وقت اللہ کی رضا ہے اورآخری وقت اللہ کی معافی ہے'' یہ موضوع (یعنی من گھڑت) ہے، علامہ ابن جوزی نے اپنی کتاب (کتاب التحقیق) میں اس کی جانب اشارہ کیا ہے (امام ترمذی نے فرمایا ہے کہ محدثین کے نزدیک یہ حدیث قوی نہیں ہے) ابن جوزی نے وضاحت کے ساتھ اس کا موضوع (یعنی من گھڑت) ہونا بیان نہیں کیا ہے البتہ دیگر محققین نے صراحت کے ساتھ اس کوموضوع قرار دیا ہے۔

(وَمِنْهَا) الاَحَادِيْثُ الَّتِي وَرَدَتْ اَنَّ الصَّلَاةَ الْوُسْطٰى صَلَاةُ الْفَجْرِ *فَظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَمْ يَعْمَلْ بِهَا حَيْثُ قَالَ الْوُسْطٰى صَلَاةُ الْعَصْرِ وَاِنَّمَا قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ بِمَوْجَبِ الْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِىْ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِىُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ يَوْمَ الاَحْزَابِ

35/مَلَأَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَاراً كَمَا شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ * فَلِهٰذَا قَالَ اِنَّ الْوُسْطٰى صَلَاةُ الْعَصْرِ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فإنه قال الفجر *

(۱۲) کچھ احادیث ایسی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ صلوٰۃ الوسطیٰ (یعنی درمیانی نماز) نماز فجر ہے۔

جیسا کہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے

---

(۳۵) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۱:۱۷۳، واحمد ۱:۷۹، وابو یعلی (۳۸۴)، ومسلم (۶۲۷) (۲۰۳) فی المساجد، والنسائی (۴۷۴) فی الصلاۃ: باب المحافظة علی صلاۃ العصر، والبخاری (۲۹۳۱) فی الجهاد: باب الدعاء علی المشرکین بالحضرمیة۔

(مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: سَالْتُ اَبَا اُمَامَةَ، عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطٰى، فَقَالَ: لَا اَحْسَبُهَا اِلَّا الصُّبْحَ(مصنف ابن ابی شیبة:8601)

''حضرت''معاویہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت''موسیٰ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا کہ میں نے حضرت'' ابوامامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے''نمازِ وسطیٰ'' کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں تو نمازِ وسطیٰ فجر کی نماز کو سمجھتا ہوں'')

حضرت''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے کہ:صلوٰۃ الوسطیٰ''نمازِ عصر'' ہے۔(اس پر خطیب صاحب پھر پریشان ہو گئے کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک کر دیا حالانکہ اصل بات یہ ہے کہ) حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے پیش نظر وہ صحیح حدیث ہے جو

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الاَحْزَابِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَلَا اللّٰهُ بُيُوتَهُمْ وَقُبُورَهُمْ نَارًا، شَغَلُونَا عَنِ الصَّلَاةِ (ص:44) الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ(بخاری:2931،مسلم:627)

حضرت''علی رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ احزاب کے دن فرمایا: اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کے دلوں کو اور ان کی قبروں کو آگ سے بھر دے، انہوں نے ہمیں''صلوٰۃ الوسطیٰ''نمازِ عصر سے مصروف رکھا حتیٰ کہ سورج غروب ہو گیا(جس کی وجہ سے ہم صلوٰۃ الوسطیٰ یعنی نمازِ عصر نہ پڑھ سکے) حضرت''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کی بناء پر کہا ہے کہ صلوٰۃ الوسطیٰ سے مراد ''نمازِ عصر'' ہے۔اس میں بھی حضرت''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کو اختلاف ہے، وہ فرماتے ہیں کہ صلوٰۃ الوسطیٰ سے مراد''نمازِ فجر'' ہے۔

(وَمِنْهَا) الاَحَادِيْثُ الَّتِي وَرَدَتْ فِي الْجَهْرِ بِالتَّسْمِيَةِ ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ خَالَفَهَا بِالْقِيَاسِ وَاِنَّمَا لَمْ يَعْمَلْ بِهَا لاَنَّهَا لَمْ تَصِحَّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ فَاَمَّا عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ فَقَدْ صَحَّ مِنْهُ شَيءٌ وَلَمْ يَصِحَّ الْبَاقِي وَالْعَجَبُ كُلَّ الْعَجَبِ مِنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِي حَيْثُ صَنَّفَ كِتَاباً فِي الْجَهْرِ بِالْبَسْمَلَةِ تَعَصَّبَ وَاَوْرَدَ فِيْهِ اَحَادِيْثَ مَوْضُوْعَةٍ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ الْمُحَدِّثُوْنَ وَرَمَوْهُ عَنْ قَوْسٍ وَّاحِدَةٍ فَلَمَّا قَدِمَ مِصْرَ قَالَ لَهُ بَعْضُ الْمَالِكِيَّةِ اُنْشِدُكَ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هَلْ صَحَّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَدِيْثٌ فِي الْجَهْرِ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَقَالَ لَا فَلِهٰذَا لَمْ يَعْمَلْ بِهَا اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاِنَّمَا عَمِلَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا

36/عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَخَلْفَ اَبِي بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَكَانُوا لَا يَجْهَرُوْنَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَفِي لَفْظٍ فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَداً مِنْهُمْ يَقُوْلُ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَفِي لَفْظٍ كَانُوا لَا يَسْتَفْتِحُوْنَ الْقِرَاءَةَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ *فَلِهٰذَا قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَا يَجْهَرُ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(۱۳) کچھ احادیث اس بارے میں وارد ہیں کہ نماز میں''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بلند آواز سے پڑھی جائے۔حضرت''امام

(۳۶) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۲۰۲:۱ والبخاری فی ''القراء ة خلف الامام'' (۱۳۱) وابو یعلیٰ (۲۹۸۱) وابو عوانة ۱۲۲:۲ وابن حبان (۱۷۹۸) وابن ماجة (۴۹۱)۔

اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ ''اس بات کے قائل نہیں ہیں۔اس سے (خطیب صاحب اور دوسرے) لوگوں کو یہ خدشہ لاحق ہو گیا کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے قیاس پر عمل کیا ہے اور اپنے قیاس کے مقابلے میں حدیث کو ترک کر دیا ہے۔ حالانکہ ایسی بات ہرگز نہیں ہے۔اصل وجہ یہ ہے کہ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بلند آواز سے پڑھنے کے بارے میں کوئی بھی صحیح حدیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے البتہ کچھ صحابہ کرام سے ثابت ہے۔لیکن اگر بعض صحابہ کرام سے ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کا بلند آواز سے پڑھنا ثابت ہے تو دیگر صحابہ کرام سے بلند آواز سے نہ پڑھنا بھی ثابت ہے اور انتہائی حیرانگی کی بات تو یہ ہے کہ حضرت ''علی بن عمر الدارقطنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ'' نے تو تعصب کی حد کر دی۔انہوں نے ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کے بلند پڑھنے کے موضوع پر پوری کتاب لکھ ماری۔اور اس میں من گھڑت روایت ڈالنے سے بھی گریز نہ کیا۔محدثین نے ان کی اس کتاب کا انکار کر دیا ہے اور سب نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ دارقطنی کی وہ کتاب ''موضوع'' یعنی من گھڑت ہے۔ جب دارقطنی مصر میں آئے تو ایک مالکی عالم صاحب نے ان سے کہا: میں تجھے اس ذات کی قسم دے کر پوچھتا ہوں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے کیا ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بلند آواز سے پڑھنے کی بابت کوئی حدیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح ثابت ہے؟ انہوں نے (صاف لفظوں میں کہہ دیا) جی نہیں۔اس بناء پر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' اس حدیث پر عمل نہیں کیا۔ہاں حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' کی اس حدیث پر عمل کیا ہے

(عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: " صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِى بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ، فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا مِنْهُمْ يَقْرَاُ (بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ)(الفاتحة:)(صحيح مسلم : كتاب الصلاة،باب حجة من قال لايجهر بالبسملة،حديث نمبر399)

حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے، حضرت ''ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ'' کے پیچھے، حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' کے پیچھے اور حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' کے پیچھے نمازیں پڑھی ہیں، یہ لوگ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بلند آواز سے نہیں پڑھا کرتے تھے۔ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں

فلم أسمع أحداً منهم يقول ببسم الله الرحمن الرحيم

''میں نے ان میں سے کسی کو بھی ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھتے نہیں سنا''

اور ایک روایت کے یہ الفاظ ہیں

كانوا لا يستفتحون القراء ة ببسم الله الرحمن الرحيم

''یہ نفوس قدسیہ قرأت کا آغاز ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' سے نہیں کیا کرتے تھے''

ان روایات کی بناء پر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے نہیں پڑھی جائے گی۔اس میں بھی حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے (اور خطیب صاحب کو یہ خدشہ ہو رہا ہے کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک کر دیا)

37/(وَمِنْهَا) الاَحَادِيْثُ الَّتِى وَرَدَتْ فِى الْفَاتِحَةِ نَحْوُ قَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ *

38/وَقَوْلُهٗ كُلُّ صَلٰوةٍ لَمْ يُقْرَاْ فِيْهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَهِىَ خِدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَمْ يَعْمَلْ بِهَا

حَيْثُ قَالَ بِاَنَّ الصَّلَاةَ بِدُوْنِ قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ صَحِيْحَةٌ اِذَا قَرَاَ غَيْرَهَا وَلَمْ يَعْلَمُوا اَنَّهُ اِنَّمَا عَمِلَ بِهَا اَبُوْحَنِيْفَةَ وَاِنَّمَا جَمَعَ بَيْنَ الْكُلِّ اَبُوْحَنِيْفَةَ لِاَنَّهُ قَالَ الصَّلَاةُ بِغَيْرِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ خِدَاجٌ نَاقِصَةٌ غَيْرُ تَامَّةٍ فَاِنْ كَانَ تَرَكَهَا عَمَدًا فَهُوَ عَاصٍ وَصَلَاتُهُ نَاقِصَةٌ غَيْرُ تَامَّةٍ وَاِنْ كَانَ تَرَكَهَا نَاسِياً يُجْبَرُ ذٰلِكَ النُّقْصَانُ بِسُجُوْدِ السَّهْوِ وَقَالَ لَا صَلٰوةَ كَامِلَةً فَاضِلَةً اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ لٰكِنْ لَا تَبْطُلُ بِتَرْكِ الْفَاتِحَةِ لِلْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِىْ تَلَقَّتْهُ الْاُمَّةُ بِالْقَبُوْلِ وَاتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا

39/ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَّمَ الْاَعْرَابِيَّ الصَّلَاةَ فَرَائِضَهَا كُلَّهَا فَقَالَ كَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ *وَالْعَمَلُ بِهٖ وَاجِبٌ لِاَنَّهُ مُوَافِقٌ لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى حَيْثُ قَالَ: (فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ) * فَلِهٰذَا قَالَ لَا تَبْطُلُ الصَّلَاةُ بِتَرْكِهَا خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(۱۴) کچھ احادیث نماز میں سورت فاتحہ پڑھنے کے بارے میں منقول ہیں مثلاً ان میں سے ایک یہ ہے

(عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (ص: 152) قَالَ: لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ (صحيح البخاری، كتاب الاذان، باب وجوب القراءة للامام والماموم، حديث نمبر756)

حضرت ''عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کی نماز نہیں ہوئی جس نے سورت فاتحہ نہ پڑھی''

ایک دوسری حدیث ہے

(عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةً لَمْ يَقْرَأْ فِيهَا بِاُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ (صحيح المسلم، كتاب الصلاة، باب وجوب قراءة الفاتحة فی كل ركعة، حديث نمبر395)

حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر وہ نماز جو سورۃ فاتحہ کے بغیر پڑھی جائے وہ نامکمل ہے'')

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا مذہب یہ ہے کہ اگر نماز میں قرآن کریم کی کوئی دوسری سورت پڑھ لی گئی ہو اور سورت فاتحہ نہ پڑھی ہو تب بھی (سجدہ سہو کر لینے سے) نماز ہو جائے گی (اس سے خطیب صاحب اور دیگر علماء کو یہ خدشہ ہوا کہ امام اعظم نے

(۳۷) اخرجه ابن حبان (۱۷۸۲) وابن ابی شيبة ۱:۳۶۰ ومن طريقه اخرجه مسلم (۳۹۴) فی الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة فی كل ركعة والشافعی فی ''المسند'' ۱:۷۵ والحميدی (۳۸۶) واحمد ۵:۳۱۴ والبخاری (۷۵۶) فی الاذان: باب وجوب القراءة للامام والمأموم فی الصلوات كلها عن عبادة بن الصامت۔

(۳۸) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۱:۲۱۶ واحمد ۲:۲۴۱ والحميدی (۹۷۳) ومسلم (۳۹۵) (۳۸) فی الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة فی كل ركعة والبيهقی فی ''السنن الكبرىٰ'' ۲:۴۰ عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ۔

(۳۹) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۱:۲۳۳ وابن حبان (۱۸۹۰) والبخاری (۷۵۷) فی الاذان: باب وجوب القراءة للامام والمأموم فی الصلوات كلها والبيهقی فی ''السنن الكبرىٰ'' ۲:۱۲۲ واحمد ۲:۴۳۷ من حديث ابی هريرة رضی اللہ عنہ۔

حدیث کوترک کردیا، حالانکہ اصل بات ان لوگوں کوسمجھ ہی نہیں آئی ،اصل بات یہ ہے کہ) حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' تمام احادیث پرعمل کررہے ہیں ، مذکورہ حدیث کی بناء پر آپ کا کہنا ہے کہ جونماز سورت فاتحہ کے بغیر پڑھی جائے وہ نامکمل ہے ، پوری نہیں ہے ،اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر بندہ جان بوجھ کرچھوڑے گا تو وہ گنہ گار ہوگا اوراس کی پڑھی ہوئی نماز ناقص اورغیرتام ہوگی اوراگراس نے بھول کرچھوڑا ہے تواس نقصان کوسجدہ سہو کے ذریعے پورا کیا جاسکتا ہے ، آپ کا کہنا ہے کہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نماز فاتحہ کے بغیر کامل نہیں ہوتی ،اس کا مطلب یہ ہرگزنہیں ہے کہ ترک فاتحہ سے نمازسرے سے باطل ہی ہوجائے گی۔

حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے یہ موقف ایک صحیح حدیث کے پیش نظراپنایا ہے ، وہ حدیث امت مسلمہ میں مشہورمعروف ہے ،اس کوامام بخاری اورامام مسلم نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے ،وہ حدیث یہ ہے

(عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَدَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ الرَّجُلُ فَصَلَّى كَمَا كَانَ صَلَّى، ثُمَّ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ حَتَّى فَعَلَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .فَقَالَ الرَّجُلُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُحْسِنُ غَيْرَ هَذَا عَلِّمْنِي، قَالَ: إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ

حضرت''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے ،ایک آدمی نے مسجد میں آکرنماز پڑھی ، پھراس نے آکر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دے کرفرمایا: تم واپس جاکر دوبارہ نماز پڑھوکیونکہ تمہاری نمازنہیں ہوئی ،اس آدمی نے جاکردوبارہ پہلے کی طرح نماز پڑھی ، پھرحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آکر سلام عرض کیا۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دے کرفرمایا: جاکردوبارہ نماز پڑھوکیونکہ تمہاری نمازنہیں ہوئی ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار اس کونماز دہرانے کا فرمایا: تیسری مرتبہ نماز پڑھنے کے بعداس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس ذات کی قسم جس نے آپ کوحق کے ساتھ بھیجا ہے مجھے اس سے زیادہ بہتر انداز میں نماز پڑھنا نہیں آتی ،آپ مجھے سکھا دیجئے ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تونماز کے لئے کھڑا ہوتو''اللہ اکبر'' پڑھ، پھر تجھے قرآن کریم میں سے جوآتا ہو،وہ پڑھ، پھراطمنان کے ساتھ رکوع کر پھر رکوع سے سر اٹھا اوراطمنان کے ساتھ کھڑا ہوجا پھرتسلی کے ساتھ سجدہ کر، پھرسجدے سے سراٹھا اوراطمنان سے بیٹھ جا، اپنی پوری نماز اسی طرح (اطمنان کے ساتھ)ادا کر۔

اس حدیث کی بنیاد پرحضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا ہے کہ سورت فاتحہ ترک کرنے سے نماز باطل نہیں ہوتی (البتہ کمی ضرور واقع ہوتی ہے ،جس کوسجدہ سہو کے ذریعے پورا کیا جاسکتا ہے)

حضرت''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اس میں بھی اختلاف ہے (اورخطیب صاحب کو یہاں بھی یہی لگ رہا ہے کہ امام اعظم نے حدیث کوترک کردیا حالانکہ امام اعظم تو دونوں حدیثوں پرعمل کررہے ہیں)

(وَمِنهَا) تَشَهُّدُ ابنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُما ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيفَةَ تَرَكَهُ بِرَأيِهِ وَلَم يَعلَمُوا اَنَّ اَبَا حَنِيفَةَ اِنَّمَا اَخَذَ بِتَشَهُّدِ ابنِ مَسعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ فَاِنَّهُ اَصَحُّ مَا نُقِلَ قَالَ اَبُو عِيسٰى التِّرمَذِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَصَحُّ حَدِيثٍ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي التَّشَهُّدِ حَدِيثُ ابنِ مَسعُودٍ ثُمَّ قَالَ التِّرمَذِيُّ وَعَلَيهِ اَكثَرُ اَهلِ العِلمِ مِنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِينَ*

(۱۵) حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے ایک تشہد مروی ہے (وہ تشہد یہ ہے)

(ابنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ القُرآنِ فَكَانَ يَقُولُ: التَّحِيَّاتُ المُبَارَكَاتُ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَينَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ، اَشهَدُ اَن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ، وَاَشهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ

حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں قرآن کی سورت کی طرح یہ تشہد سکھایا کرتے تھے

التَّحِيَّاتُ المُبَارَكَاتُ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَينَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِينَ، اَشهَدُ اَن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ، وَاَشهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' یہ تشہد نہیں پڑھتے۔ اس سے خطیب صاحب کو لگتا ہے کہ امام اعظم حدیث کو ترک کر رہے ہیں حالانکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اُس حدیث پر عمل کر رہے ہیں جو حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے (وہ حدیث یہ ہے)

(ابنَ مَسعُودٍ، يَقُولُ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ، وَكَفِّي بَينَ كَفَّيهِ، التَّشَهُّدَ، كَمَا يُعَلِّمُنِي السُّورَةَ مِنَ القُرآنِ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَينَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اَشهَدُ اَن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبدُهُ وَرَسُولُهُ

(صحیح البخاری، کتاب الاستئذان، باب الاخذ بالیدین، حدیث نمبر 6265)

حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ میرے دونوں ہاتھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں میں تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ تشہد اُس طرح سکھایا جیسے آپ ہمیں قرآن کریم کی سورتوں کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ (وہ تشہد یہ ہے)

التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَينَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اَشهَدُ اَن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبدُهُ وَرَسُولُهُ

حضرت ''امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس حدیث کے بارے میں فرمایا ہے ''یہ حدیث تشہد کے بارے میں مروی تمام روایات سے زیادہ صحیح ہے'' پھر امام ترمذی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ''اسی حدیث پر اکثر اہل صحابہ کرام اور تابعین کا عمل ہے۔ (دیکھ لیجئے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ترک حدیث نہیں کر رہے بلکہ عمل بالحدیث کر رہے ہیں جس کی سمجھ خطیب بغدادی صاحب اور دیگر حاسدین کو نہیں آ رہی)

40/(وَمِنهَا) قَولُهُ عَلَيهِ السَّلَامُ اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَبْنِ عَلَى الْيَقِيْنِ ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ عَمِلَ بِهٖ فِيْمَا اِذَا لَمْ يَكُنْ لَّهُ غَالِبُ ظَنٍّ وَاِذَا كَانَ لَهُ غَالِبُ ظَنٍّ تَحَرَّى الصَّوَابَ عَمَلاً بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلَى اِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ

41/اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ *خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ*

(۱۶) رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی کو نماز میں شک واقع ہو، اس کو چاہئے کہ یقینی صورت پر عمل کرے (یعنی اگر دو اور تین رکعتوں میں شک ہوا تو ۲ رکعتوں کا ہونا تو یقینی ہے شک تو تیسری میں ہے اس لئے وہ دو رکعتیں ہی سمجھے اور تیسری پڑھ لے)۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا موقف ہے کہ یہ اس وقت ہے جب اس کا کوئی غالب گمان نہ ہو، اگر اس کا کسی طرف غالب گمان ہو تو غور و فکر کر کے اس بات پر عمل کرے جس پر اس کا غالب گمان ہو۔ (خطیب صاحب اور دیگر مخالفین) بہت سارے لوگوں کو یہاں بھی یہ خدشہ ہوا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا ہے، حالانکہ بات یہ نہیں ہے، اصل وجہ یہ ہے کہ امام اعظم کے پیش نظر ایک صحیح حدیث تھی

(عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -قَالَ اِبْرَاهِيمُ: لَا اَدْرِي زَادَ اَوْ نَقَصَ -فَلَمَّا سَلَّمَ قِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ، قَالُوا: صَلَّيْتَ كَذَا وَكَذَا، فَثَنَى رِجْلَيْهِ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَلَمَّا اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، قَالَ: اِنَّهُ لَوْ حَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ لَنَبَّاْتُكُمْ بِهِ، وَلَكِنْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ، اَنْسَى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَاِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُونِي، وَاِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيُسَلِّمْ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ (صحيح البخاری، كتاب الصلاة، باب التوجه نحو القبلة حيث كان، حديث نمبر 401) (صحيح المسلم، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب السهو فی الصلاة والسجود له، حديث نمبر 572)

حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے نماز پڑھائی، ابراہیم کہتے مجھے یہ یاد نہیں کہ آپ ﷺ نے نماز میں کوئی رکعت چھوڑ دی تھی یا زیادہ پڑھا دی تھی (بہر حال معاملہ کچھ اسی طرح کا تھا) جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا تو صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ کیا نماز کا طریقہ کار تبدیل ہو گیا ہے؟ حضور ﷺ نے پوچھا: کیا ہوا؟ لوگوں نے وجہ بیان کی تو رسول اکرم ﷺ دوبارہ قبلہ رو ہوئے

---

(۴۰) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱:۲۳۳، وابن حبان (۲۶۶٤) وابن خزيمة (۱۰۲۳) وابو داود (۱۰۲٤) وابن ماجة (۱۲۱۰) فی اقامة الصلاة: باب فيمن شك فی صلاته فرجع الی اليقين، وابن ابی شيبة ۲:۲۵، من حديث ابی سعيد الخدری رضی اللہ عنہ۔

(۴۱) اخرجه ابن حبان (۲۶۵٦)، واحمد ۱:۴۱۹، والحميدی (۹٦)، والبخاری (٦٦٧١) فی الايمان: باب اذا حنث ناسياً فی الايمان، ومسلم (۵۷۲) (۹) فی المساجد: باب السهو فی الصلاة والسجود له، وابن ماجة (۱۲۱۱) فی اقامة الصلاة: باب ما جاء فيمن شك فی صلاته فتحرى الصواب، عن عبدالله بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

اور سجدہ سہوادا کیا پھر سلام پھیر دیا، پھر ہماری جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا: اگر نماز کا طریقہ تبدیل ہوا ہوتا تو میں تمہیں ضرور آگاہ کرتا، میں تمہاری طرح انسان ہوں تمہاری طرح مجھے بھی بھول ہو جاتی ہے اسلئے (آئندہ کبھی) بھول جاؤں تو مجھے یاد دلا دیا کرو اور جب تمہیں نماز میں شک ہو تو درستگی پر غور کرلو (پھر جدھر دل ٹھہرے) اسی کے مطابق نماز مکمل کر کے سلام پھیر دو اور آخر میں سجدہ سہو کرلو''۔

اس حدیث کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں نے روایت کیا ہے۔ اس میں بھی حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے۔ وہ فرماتے ہیں: جو صورت یقینی ہو اسی پر عمل کیا جائے گا۔ حالانکہ اس بارے میں مذکور حدیث کا مطلب (یہ نہیں ہے بلکہ اُس کا مطلب) یہ ہے کہ غور و فکر کیا جائے اور جدھر یقین ٹھہرے اس پر عمل کیا جائے۔ امام احمد بن حنبل نے اسی حدیث کو روایت کیا ہے

عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ یَدْرِ كَمْ صَلَّی، فَلْیَبْنِ عَلَی الْیَقِینِ، حَتَّی اِذَا اسْتَیْقَنَ اَنْ قَدْ اَتَمَّ، فَلْیَسْجُدْ سَجْدَتَیْنِ قَبْلَ اَنْ یُسَلِّمَ، (مسند امام احمد بن حنبل 11689)

حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی کو نماز میں شک واقع ہو اور اس کو پتا نہ چلے کہ کتنی رکعتیں پڑھ چکا ہے تو اس کو چاہئے کی یقینی صورت حال کو اپنا لے اور اگر اس کو یہ یقین ہو کہ اس نے نماز مکمل کر لی ہے تو وہ سجدہ سہو کرلے''

اس حدیث کا آخری جملہ یہی بتا رہا ہے کہ اس کو غور و فکر کرنا چاہئے، غور و فکر کے بعد اگر فیصلہ ہو کہ نماز مکمل کر چکا ہے تو مزید کوئی رکعت پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ صرف دو سجدے کر لے اس کی نماز ہو جائے گی۔ یہی موقف حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اپنایا ہے اور یہ تمام احادیث کے عین موافق ہے)

(وَمِنْهَا) الاَحَادِیْثُ الَّتِی وَرَدَتْ فِی الْقُنُوْتِ فِی صَلٰوةِ الْفَجْرِ ظَنُّوْا اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ تَرَكَهَا بِرَاْیِهٖ وَلَمْ یَعْلَمُوْا اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ عَلِمَ اَنَّهَا مَنْسُوْخَةٌ وَالدَّلِیْلُ عَلَیْهِ مَا اَخْرَجَاهُ فِی الصَّحِیْحَیْنِ

42/عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الْفَجْرِ شَهْراً یَدْعُو عَلٰی اَحْیَاءٍ مِنَ الْعَرَبِ ثُمَّ تَرَكَهٗ*

(۱۷) کچھ احادیث نماز فجر میں دعائے قنوت پڑھنے کے بارے میں مروی ہیں۔

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَدْعُوَ عَلَی اَحَدٍ اَوْ یَدْعُوَ لِاَحَدٍ، قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوعِ، فَرُبَّمَا قَالَ: " اِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الحَمْدُ اللّٰهُمَّ اَنْجِ الوَلِیْدَ بْنَ الوَلِیْدِ، وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ، وَعَیَّاشَ بْنَ اَبِی رَبِیعَةَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلَی مُضَرَ، وَاجْعَلْهَا سِنِینَ كَسِنِی یُوسُفَ "یَجْهَرُ بِذَلِكَ، وَكَانَ یَقُولُ فِی بَعْضِ صَلَاتِهِ

(٤٢) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ٢٤٥:١ وابن حبان (١٩٨٢) والبخاری (٤٠٨٩) فی المغازی: باب غزوة الرجیع ومسلم (٦٧٧) (٣٠٤) فی المساجد: باب استحباب القنوت فی جمیع الصلاة۔

فِی صَلاۃِ الفَجرِ: اللّٰھُمَّ العَنْ فُلَانًا وَفُلَانًا، لِاَحْیَاءٍ مِنَ العَرَبِ حَتّٰی اَنْزَلَ اللّٰہُ: (لَیْسَ لَکَ مِنَ الاَمْرِ شَیْءٌ)(آل عمران:128) الآیَۃَ

حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے حق میں دعا کرنا چاہتے یا کسی کو بددعا دینا چاہتے تو رکوع کے بعد دعا مانگتے۔ بعض اوقات یوں ہوتا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سمع اللہ لمن حمدہ پڑھ لیتے تو ''اللّٰھم ربنا لک الحمد کہنے کے بعد ولید بن ولید، سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کے لئے بددعا فرماتے، اور آپ یہ دعا بلند آواز سے مانگتے اور بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر میں عرب کے مخصوص قبیلوں کے لئے بددعا فرماتے۔ حتی کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمادیں۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اس کو جائز نہیں سمجھتے۔ اس سے خطیب صاحب اور دیگر کئی لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوگئی کہ امام اعظم نے حدیث کو ترک کر دیا۔ جبکہ اصل بات یہ ہے کہ امام اعظم جانتے تھے کہ یہ حدیث منسوخ ہے، اس لئے اس پر عمل نہیں کیا۔ اور اس حدیث کے منسوخ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کے کئی قبیلوں کے لئے ایک مہینہ تک نماز فجر میں بددعا فرمائی۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چھوڑ دیا۔ اس حدیث کو امام بخاری نے بھی نقل کیا ہے اور امام مسلم نے بھی۔

(وَمِنْھَا) الْعُمُومَاتُ الْوَارِدَۃُ فِی صَلاۃِ الْجَنَازَۃِ ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ خَالَفَھَا بِرَاْیِہٖ حَیْثُ کَرِہَ صَلاۃَ الْجَنَازَۃِ فِی الاَوْقَاتِ الْمَکْرُوْھَۃِ الثَّلاثَۃِ وَاِنَّمَا خَصَّصَھَا اَبُوْ حَنِیْفَۃَ بِالْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ الْخَاصِّ الَّذِی اَخْرَجَہُ مُسْلِمٌ فِی صَحِیْحِہٖ فَرَوَاہُ عَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ ثَلاثُ سَاعَاتٍ کَانَ نَھَانَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ نُّصَلِّیَ فِیْھِنَّ وَاَنْ نُّقْبِرَ فِیْھِنَّ مَوْتَانَا*

(۱۸) نماز جنازہ کے بارے میں احادیث وارد ہیں، جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مکروہ اوقات میں جیسے عام نماز منع ہے اس طرح نماز جنازہ مکروہ نہیں ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عام نماز کی طرح مکروہ اوقات میں نماز جنازہ بھی مکروہ ہے۔ (اس سے خطیب بغدادی اور دیگر لوگوں کو غلط فہمی ہوئی کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے قیاس کی وجہ سے حدیث کو ترک کر دیا حالانکہ اصل بات یہ ہے کہ) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے قیاس کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک دوسری حدیث کی وجہ سے اس کو ترک کیا ہے، وہ حدیث یہ ہے

43/عَنْ عُقْبَۃَ بْنَ عَامِرٍ الْجُھَنِیَّ، یَقُوْلُ: ثَلاثُ سَاعَاتٍ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْھَانَا اَنْ نُصَلِّیَ فِیھِنَّ، اَوْ اَنْ نَقْبُرَ فِیھِنَّ مَوْتَانَا: حِینَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَۃً حَتّٰی تَرْتَفِعَ، وَحِینَ یَقُومُ قَائِمُ الظَّھِیرَۃِ حَتّٰی تَمِیلَ الشَّمْسُ، وَحِینَ تَضَیَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوبِ حَتّٰی تَغْرُبَ

حضرت ''عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: تین اوقات میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں (عام) نماز اور نماز جنازہ پڑھنے

(۴۳) اخرجہ الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۱:۱۵۵ وابن حبان (۱۵۴۶) واحمد ۴:۱۵۲ والنسائی ۴:۸۲ فی الجنائز: باب الساعات التی نہی عن اقبار الموتی فیہا والبغوی فی ''شرح السنۃ'' (۷۷۸)-

سے منع فرمایا ہے(۱) جب سورج طلوع ہورہا ہو، اچھی طرح بلند ہونے تک (۲) جب سورج بالکل سر پرآ جائے، اس کے ڈھلنے تک (۳) جب سورج غروب ہونے سے پہلے زرد ہوجائے، غروب ہونے تک۔

44/(وَمِنْهَا) قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَفَوْتُ عَنْ اُمَّتِي صَدَقَةَ الْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ *ظَنُّوْا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَمْ يَعْمَلْ بِهٖ بِرَأْيِهٖ وَاِنَّمَا اَخَذَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي صَحِيْحَيْهِمَا

45/ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْخَيْلَ فَقَالَ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَعَفُّفاً ثُمَّ لَمْ يَمْنَعْ حَقَّ اللّٰهِ تَعَالٰى فِي رِقَابِهَا وَلَا ظُهُوْرِهَا فَهِيَ لِذٰلِكَ سِتْرٌ *فَلِهٰذَا قَالَ فِي الْخَيْلِ زَكٰوةٌ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ*

(۱۹) حدیث پاک میں ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا''میری امت کو گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ معاف کردی گئی ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے کہ گھوڑوں کی زکوٰۃ دی جائے گی، اس سے خطیب صاحب اوران کے رفقاء کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث کو ترک کردیا ہے حالانکہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے پیش نظر ایک دوسری حدیث تھی جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑوں کا تذکرہ کیا اور فرمایا: ایک آدمی تھا، جس نے گھوڑے کو باندھ رکھا تھا، پھر اس نے اس کی گردن اور اس کی پشت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کے حق کو روکا نہیں، وہ (قیامت کے دن) اس کیلئے (عذاب سے) بچاؤ (کا باعث) ہوگا۔ اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم دونوں نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے، اس حدیث کی بناء پر امام اعظم نے فرمایا کہ گھوڑوں کی زکوٰۃ بھی دی جائے گی۔ جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اس میں اختلاف ہے۔

46/(وَمِنْهَا) قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَ الْعَمَلَ بِهٖ بِرَأْيِهٖ وَلَمْ يَعْلَمُوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ عَلِمَ مَعْنَاهُ وَتَأْوِيْلَهُ فَعَمِلَ بِمَعْنَاهُ وَالْحَجَامَةُ لَا تُفْطِرُ لِلْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي رَوَاهُ اَبُوْ عِيْسٰى التِّرْمَذِيُّ

47/ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ *قَالَ التِّرْمَذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ

(٤٤) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۲۹:۲ واحمد ۱۲۱:۱ والحمیدی (٥٤) وابن ابی شیبة ۱۵۲:۳ وابن ماجة (۱۸۱۳) وابو یعلی (۲۹۹) والخطیب فی "تاریخ بغداد" ۱٤۱:۷ والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱۱۸:٤ من حدیث علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔

(٤٥) اخرجه البخاری (۱٤۰۲) ومسلم (۹۸۷) والعثمانی فی "اعلاء السنن" ۳۳:۹ (۲۳٦۳) فی الزکاة: باب الزکاة فی الضبیین وعدمه۔

(٤٦) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۹۸:۲ والحاکم فی "المستدرک" ٤۲۷:۱ واحمد ۲۸۰:٥ وابن خزیمة (۱۹٦۳) والبیهقی فی "السنن الکبری" ۲٦٥:٤ وعبدالرزاق (۷٥۲۲) والطیالسی (۹۸۹) والدارمی ۱٤:۲ وابو داود (۲۳٦۷) فی الصوم: باب فی الصائم یحتجم۔

(٤۷) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱۰۱:۲ واحمد ۲۱٥:۱ وابو یعلی (۲٤۷۱) والشافعی ۲٥٥:۱ وعبدالرزاق (۷٥٤۱) والحمیدی (٥۰۱) وابن ماجة (۱٦۸۲) والطبرانی فی "الکبیر" (۱۲۱۳۸) والبیهقی فی "السنن الکبری" ۲٦۳:٤۔

صَحِیْحٌ

(۲۰) رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حجامہ کرنے والے والے اور کروانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ حجامہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اس سے خطیب صاحب کو اور دیگر کئی علماء کو خدشہ ہو گیا کہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے قیاس کی وجہ سے حدیث کو ترک کر دیا ہے، حالانکہ یہ بات نہیں ہے، اصل بات یہ ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اس حدیث کے اصل معنیٰ اور تاویل کو سمجھتے ہیں، اس لئے آپ نے اس کے حقیقی معنیٰ پر عمل کیا ہے، اور یہ فتویٰ دیا ہے کہ حجامہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے پیش نظر حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے مروی وہ حدیث تھی کہ ''رسول اکرم ﷺ نے روزہ کی حالت میں حجامہ کروایا''۔ امام ترمذی نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور فرمایا ہے ''یہ حدیث صحیح ہے''

48/(وَمِنْهَا) اَلْحَدِيْثُ الَّذِى اَوْرَدَهُ مُسْلِمٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَهُ بِرَأْيِهٖ حَيْثُ قَالَ الْقُرْآنُ اَفْضَلُ وَاِنَّمَا رَجَّحَ اَبُوْحَنِيْفَةَ الْحَدِيْثَ الصَّحِيْحَ الَّذِى اتَفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ

49/عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ*

(۲۱) حضرت ''امام مسلم نے ایک حدیث نقل کی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ''حج افراد'' کیا تھا (وہ حج جس میں حج اور عمرہ کا احرام الگ الگ باندھا جاتا ہے) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: حج قران (جس میں حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھا جائے) افضل ہے۔ اس سے خطیب بغدادی صاحب اور دیگر علماء نے یہ سمجھا کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا حالانکہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' ایک دوسری حدیث پر عمل پیرا ہیں، یہ حدیث حضرت ''انس رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ کہتے ہوئے سنا ہے۔ اس حدیث کو امام بخاری نے بھی نقل کیا ہے اور امام مسلم نے بھی نقل کیا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کی بناء پر فرمایا ہے کہ افضل حج ''قران'' ہے۔

50/(وَمِنْهَا) قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ وَلَا يَخْطِبُ *اِنْفَرَدَ مُسْلِمٌ بِاِخْرَاجِهٖ فَظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَ الْعَمَلَ بِهٖ بِالْقِيَاسِ وَاِنَّمَا عَمِلَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الَّذِى اتَّفَقَا عَلٰى صِحَّتِهٖ وَاَخْرَجَاهُ فِىْ صَحِيْحَيْهِمَا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ*

(٤٨) اخرج الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ١٤٠:٢، واحمد ٣٩٤:٣، ومسلم (١٢١٣) (١٣٦)، وابوداود (١٧٨٥)، والنسائی ١٦٤:٥، وابن خزیمة (٣٠٢٥)، والحاکم فی "المستدرک" ٤٨٠:١، والبغوی فی "شرح السنة" (١٨٨٨)، عن جابر ابن عبدالله، قال: اقبلنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم مهلین بالحج مفردا......

(٤٩) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ١٥٣:٢، واحمد ٩٩:٣، وابوداود (١٧٩٥)، ومسلم (١٢٥١)، وابن خزیمة (٢٦١٩)، وابن ماجة (٢٩٦٩)، وابویعلی (٣٦٤٨)۔

(٥٠) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ٢٨٦:٢، واحمد ٥٧:١، والشافعی فی "المسند" ٣١٦:١، ومسلم (١٤٠٩) (٤١)، وابوداود (١٨٤١)، وابن ماجة (١٩٦٦)، وابن خزیمة (٢٦٤٩)، وابن الجارود (٤٤٤)، من حدیث عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔

(۲۲) رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: محرم نکاح نہ کرے، نہ اُس سے نکاح کیا جائے اور نہ وہ پیغام نکاح دے۔ حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا موقف ہے کہ احرام کی حالت میں نکاح جائز ہے، خطیب صاحب کو یوں لگا جیسے امام اعظم نے حدیث کو ترک کر دیا، حالانکہ حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کے پیش نظر حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے مروی ایک دوسری حدیث ہے جس میں یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے احرام کی حالت میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا۔ اس حدیث کو امام بخاری نے بھی نقل کیا ہے اور امام مسلم نے بھی۔

51/(وَمِنْهَا) قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلشُّفْعَةُ فِيْمَا لَمْ يَقْسِمْ *ظَنُّوْا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَهُ بِالْقِيَاسِ وَاِنَّمَا اَخَذَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِى اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ وَهُوَ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِسَقْبِهٖ*

(۲۳) رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: شفعہ اس جائیداد میں ہے جو قابل تقسیم نہیں ہوتی، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' فرماتے ہیں جو چیز قابل تقسیم ہے اس میں بھی شفعہ ہوسکتا ہے (خطیب صاحب سمجھے کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا ہے حالانکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے پیش نظر رسول اکرم ﷺ کا یہ ارشاد ہے ''پڑوسی اپنے شہتیر کا زیادہ حقدار ہے، اس حدیث کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں نے نقل کیا ہے۔

(وَمِنْهَا) اَلْعُمُوْمَاتُ الْوَارِدَةُ فِى الْحَثِّ عَلٰى نَوَافِلِ الْعِبَادَاتِ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَهَا بِالْقِيَاسِ حَيْثُ قَالَ الْاِشْتِغَالُ بِالنِّكَاحِ اَفْضَلُ وَاِنَّمَا اَخَذَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ

52/ وَلٰكِنِّى اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِى فَلَيْسَ مِنِّى*

(۲۴) کچھ احادیث نفلی عبادت کی ترغیب میں وارد ہیں، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: نکاح میں مشغولیت، نفلی عبادت میں مصروف ہونے سے بہتر ہے۔ خطیب بغدادی سمیت کئی علماء کو یہ سمجھ آئی کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا ہے حالانکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے صحیح حدیث پر عمل کیا ہے۔ وہ حدیث یہ ہے کہ (رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:) میں روزہ رکھتا بھی ہوں اور چھوڑتا بھی ہوں، اور میں عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں اور جس نے میری سنت سے منہ موڑا وہ مجھ سے نہیں۔ (اس حدیث کی بنیاد پر حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: نکاح میں مشغولیت نفلی عبادت سے بہتر ہے۔)

(وَمِنْهَا) اَلْعُمُوْمَاتُ الْوَارِدَةُ فِى اشْتِرَاطِ الْوَلِيِّ فِى النِّكَاحِ نَحْوُ قَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ

53/لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَ الْعَمَلَ بِهَا بِالْقِيَاسِ حَيْثُ قَالَ بِاَنَّهٗ يَصِحُّ النِّكَاحُ بِغَيْرِ وَلِيٍّ

(۵۱) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۴:۱۲۱ وابن حبان (۵۱۸۵) والبیهقی فی ''السنن الکبری'' ۶:۱۰۳ وابن ماجة (۲۴۹۷) فی الشفعة: باب اذا وقعت الحدود فلا شفعة، وابو داود (۳۵۱۵) فی البیوع: باب فی الشفعة من حدیث ابی هریرة رضی اللہ عنہ۔

(۵۲) اخرجه ابن حبان (۱۴)، واحمد ۳:۲۴۱ ومسلم (۱۴۰۱) فی النکاح: باب استحباب النکاح لمن تاقت نفسه الیه ووجد المؤونة والنسائی ۶:۶۰ فی النکاح: باب النهی عن التبتل والبیهقی فی ''السنن الکبری'' ۷:۷۷ من حدیث انس رضی اللہ عنہ۔

فِی الْبَالِغَةِ وَاِنَّمَا عَمِلَ اَبُوْحَنِیْفَةَ بِالْحَدِیْثِ الْخَاصِّ الصَّحِیْحِ الَّذِی رَوَاهُ اَبُو عِیْسٰی التِّرْمَذِیُّ فِی جَامِعِهٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ

54/ الاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا وَالْبِکْرُ تُسْتَأْذَنُ فِی نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صَمَاتُهَا * وَبِالْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ الَّذِیْ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِی صَحِیْحِه

55/ اَنَّ خُنَسَاءَ زَوَّجَهَا اَبُوهَا وَهِیَ کَارِهَةٌ وَکَانَتْ ثَیِّبَةً فَرَدَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نِکَاحَهُ فَلِهٰذَا قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ الاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا وَالْبِکْرُ تُسْتَأْذَنُ خِلَافاً لِلشَّافِعِیِّ *

(۲۵) رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ نکاح ولی (کی اجازت) کے بغیر نہیں ہوتا۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ بالغہ لڑکی کا نکاح ولی کی اجازت کے بغیر بھی ہو جاتا ہے۔ اس سے خطیب بغدادی اور دیگر علماء کو یہ خدشہ ہوا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے حدیث پاک کو ترک کر دیا ہے۔ یہ بات نہیں، بلکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس صحیح حدیث پر عمل کیا ہے جس میں رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے ''ثیبہ اپنی ذات کا ولی کی بہ نسبت زیادہ حق رکھتی ہے جبکہ نابالغہ سے بھی اس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے اور اس کی اجازت، خاموشی ہے۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے اپنی جامع کے اندر ذکر کیا ہے۔

ایک اور صحیح حدیث ہے جس میں یہ ہے کہ خنساء (نامی عورت) کا نکاح اس کے والد نے کر دیا، خنساء کو یہ نکاح پسند نہیں تھا یہ عورت ثیبہ (یعنی بالغہ) تھی۔ رسول اکرم ﷺ نے اس نکاح کو کالعدم قرار دے دیا۔ اس حدیث کی بناء پر امام حضرت ''اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: بالغہ اپنے ولی کی بہ نسبت اپنی ذات کا زیادہ حق رکھتی ہے جبکہ باکرہ (یعنی کنواری) سے اجازت لی جائے۔ اس میں بھی حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے۔

(وَمِنْهَا) الْعُمُوْمَاتُ الدَّالَّةُ عَلٰی اشْتِرَاطِ التَّسْمِیَةِ فِی النِّکَاحِ ظَنُّوْا اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ تَرَکَ الْعَمَلَ بِهَا بِالْقِیَاسِ وَاِنَّمَا عَمِلَ اَبُوْحَنِیْفَةَ بِالْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ الَّذِی رَوَاهُ اَبُو عِیْسٰی التِّرْمَذِیُّ فِی جَامِعِهٖ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَدْ تَزَوَّجَهَا رَجُلٌ وَمَاتَ عَنْهَا وَلَمْ یَفْرِضْ لَهَا صَدَاقاً وَلَمْ یَدْخُلْ بِهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَرٰی لَهَا مِثْلُ صَدَاقِ نِسَائِهَا وَلَهَا الْمِیْرَاثُ وَعَلَیْهَا الْعِدَّةُ فَشَهِدَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانِ الاَشْجَعِیُّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ

(۵۳) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۹:۳ وابن حبان (۴۰۷۷) وابن الجارود (۷۰۳) والحاکم فی ''المستدرک'' ۱۷۱:۲ والبیہقی فی ''السنن الکبری'' ۱۰۷:۷ والترمذی (۱۱۰۱) فی النکاح: باب ماجاء لانکاح الا بولی' وابن ماجة (۱۸۸۱) فی النکاح: باب لا نکاح الا بولی' من حدیث ابی موسی الأشعری-

(۵۴) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۱۱:۳ واحمد ۲۱۹:۱ ومالک ۵۲۴:۲ ومن طریقه اخرجه الشافعی فی ''المسند'' ۱۲:۲ وعبد الرزاق (۱۰۲۸۲) وسعید بن منصور (۵۵۶) وابن ابی شیبة ۱۳۶:۴ وابن حبان (۴۰۸۴) من حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ-

(۵۵) اخرجه احمد ۳۲۸:۶ ومالک فی ''الموطأ'' ۵۳۵:۲ ومن طریقه اخرجه الشافعی فی ''المسند'' ۱۲:۲ وابن سعد فی ''الطبقات'' ۴۵۶:۸ والبخاری (۵۱۳۸) وابوداود (۲۱۰۱) والنسائی فی ''المجتبی'' ۸۶:۶ وابن الجارود فی ''المنتقی'' (۷۱۰)-

وَسَلَّمَ

56/قَضٰى فِي بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ الْاَشْجَعِيَّةِ مِثْلَ مَا قَضٰى بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ *قَالَ التِّرْمَذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَلِهٰذَا قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ يَصِحُّ النِّكَاحُ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى *

(۲۶) کچھ احادیث کے مفہوم سے ثابت ہے کہ نکاح میں حق مہر مقرر کرنا ضروری ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ اگر حق مقرر نہ بھی کیا، تب بھی نکاح منعقد ہو جائے گا اور مہر مثل واجب ہوگا۔ اس سے خطیب بغدادی اور دیگر علماء کو یہ خدشہ لاحق ہوا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا ہے جبکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے صحیح حدیث پر عمل کیا ہے، وہ صحیح حدیث یہ ہے ''ایک عورت حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے پاس آئی، اس نے ایک آدمی سے نکاح کیا تھا، اُس نے اِس عورت کا حق مہر مقرر نہیں کیا تھا، وہ آدمی ہمبستری کرنے سے پہلے فوت ہو گیا۔ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: اس مرد کے خاندان کی خواتین کو جیسا مہر عام طور پر دیا جاتا ہے، وہ عورت اتنے حق مہر کی حقدار ہے اور یہ عدت بھی گزارے گی۔ حضرت معقل بن سنان الاشجعی رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر گواہی دے کر کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''بروع بنت واشق اشجعیہ رضی اللہ عنہا'' کے بارے میں بالکل اسی طرح فیصلہ فرمایا تھا جیسا کہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے اِس خاتون کے بارے میں کیا ہے۔ امام ترمذی نے فرمایا ''یہ حدیث صحیح ہے'' اس حدیث کی بناء پر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: حق مہر مقرر کئے بغیر بھی نکاح صحیح ہو جاتا ہے۔ اس میں بھی حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے۔

(وَمِنْهَا) اَلْعُمُوْمَاتُ الْوَارِدَةُ فِي اِبَاحَةِ الطَّلَاقِ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ تَرَكَهَا بِالْقِيَاسِ حَيْثُ قَالَ بِحُرْمَةِ اِرْسَالِ الثَّلَاثِ اِنَّمَا اعْتَمَدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِهٖ فِي الصَّحِيْحَيْنِ

57/وَهُوَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ فِي حَالِ الْحَيْضِ فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكُهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ اِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا بَعْدُ وَاِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ تَبِيْنَ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ يُّطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ *

(۲۷) احادیث سے طلاق کا جائز ہونا ثابت ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: تین طلاقیں اکٹھی دینا حرام ہے۔ خطیب بغدادی اور دیگر علماء کو غلطی لگی کہ شاید حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کر دیا ہے حالانکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' والی اس صحیح حدیث پر عمل کیا ہے جس میں یہ ہے کہ انہوں نے حیض کی حالت میں اپنی بیوی کو طلاق دے دی، حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں مسئلہ پوچھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

(۵۶) اخرجه ابن حبان (۴۰۹۸) وابن ابی شیبة ۴:۳۰۰ وابو داود (۲۱۱۴) فی النکاح: باب فیمن تزوج ولا یفرض لها فیموت علی ذلك والحاکم فی ''المستدرك'' ۲:۱۸۰ والبیهقی فی ''السنن الکبری'' ۷:۲۴۵-

(۵۷) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۳:۵۲-۵۳ واحمد ۲:۶ ومسلم (۱۴۷۱) (۳) وعبد الرزاق (۱۰۹۵۴) والطبرانی فی ''الاوسط'' (۱۶۴۶) والدار قطنی فی ''السنن'' ۴:۹-۱۰ وابو یعلی (۵۶۵۰) وابن حبان (۴۲۶۴) والنسائی فی ''المجتبی'' ۶:۱۴۱-

فرمایا: اُس سے کہو کہ اپنی بیوی سے رجوع کرلے اور اس کو پاکی کے ایام آنے تک اپنے پاس رکھے، پھر جب اس کو حیض آئے اور وہ اُس حیض سے بھی پاک ہوجائے تو اس کے بعد چاہے تو اپنے پاس رکھے اور چاہے تو بائن ہونے سے پہلے طلاق دے دے، یہ وہ عدت ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ عورتوں کو ان کی عدت کے لئے طلاق دو۔ (اس حدیث سے ثابت ہوا کہ تین طلاقیں اکٹھی دینا جائز نہیں ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اسی حدیث پر عمل کیا ہے) اس حدیث کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی نقل کیا ہے اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی۔

(وَمِنْهَا) جَرَيَانُ الْقِصَاصِ فِي كَسْرِ السِنِّ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ قَالَهُ بِالْقِيَاسِ وَاِنَّمَا اعْتَمَدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِى اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ فِي صَحِيْحِهٖ وَهُوَ حَدِيْثُ اَنَسٍ اَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ عَمَّتَهُ لَطَمَتْ جَارِيَةً فَكَسَرَتْ سِنَّهَا فَعَرَضُوا عَلَيْهِمُ الْاَرْشَ فَاَبَوْا فَاَعْرَضُوا عَلَيْهِمُ الْعَفْوَ فَاَبَوْا فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ*

(۲۸) اگر کسی نے کسی کا دانت توڑ ڈالا تو اس میں دیت اور معافی کے بارے میں احادیث وارد ہیں، جبکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ اگر صاحب حق معاف نہ کرے اور دیت بھی نہ لے تو قصاص ضروری ہے۔ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں خطیب صاحب کی یہ رائے ہے کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے یہ فیصلہ اپنے قیاس سے کیا ہے، ان کا یہ خیال فاسد ہے کیونکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اپنے قیاس سے نہیں، بلکہ حضرت ''انس رضی اللہ عنہ'' سے مروی ایک صحیح حدیث کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا ہے، وہ حدیث یہ ہے کہ ''ربیع بنت النضر کی پھوپھی نے اپنی لونڈی کو تھپڑ مارا، جس کی وجہ سے اس کا دانت ٹوٹ گیا، اُس کے گھر والوں نے دیت پیش کی، لیکن لونڈی کے گھر والوں نے اس کو قبول نہ کیا، انہوں نے معافی طلب کی تو انہوں نے اس کو بھی قبول نہ کیا، یہ لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قصاص کا حکم صادر فرمایا۔ اس حدیث کو امام بخاری نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے (اس کے بعد مفصل حدیث بیان کی)

(وَمِنْهَا) الْعُمُوْمَاتُ الْوَارِدَةُ بِقَتْلِ الْمُشْرِكِيْنَ ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ مَا عَمِلَ بِهَا بَلْ بِالْقِيَاسِ حَيْثُ قَالَ لَا تُقْتَلُ الْمَرْاَةُ وَلَا الشَّيْخُ الْفَانِي وَلَا الرُّهْبَانُ وَلَا الْعُمْيَانُ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ وَاِنَّمَا اعْتَمَدَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِىْ رَوَاهُ التِّرْمَذِيُّ فِي جَامِعِهٖ

58/ اَنَّ امْرَاَةً وُجِدَتْ مَقْتُوْلَةً فِي بَعْضِ مَغَازِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَنْكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَتْلَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ قَالَ التِّرْمَذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ

(۲۹) مشرکین کے قتل کے بارے میں بھی کچھ احادیث وارد ہیں، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں کہ عورتوں، بچوں، بوڑھوں، عبادت گزاروں اور اندھوں کو قتل نہیں کیا جائے گا (اس میں حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا اختلاف ہے)، اس سے خطیب

(۵۸) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۳:۲۲۰ واحمد ۲:۲۲ وابن ابی شیبة ۱۲:۳۸۱ وابوعوانة ۴:۹۳ والدارمی ۲:۲۲۲ والبخاری (۳۰۱۵) ومسلم (۱۷۴۴) (۲۵) من حدیث عبدالله بن عمر رضی اللہ عنہ۔

بغدادی اور دیگر لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے حدیث کو ترک کیا، حالانکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے ایک صحیح حدیث پر عمل کیا ہے، وہ حدیث یہ ہے کہ ایک غزوہ میں ایک عورت مقتول پائی گئی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کے قتل کرنے کو بہت ناپسند فرمایا۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے جامع ترمذی میں نقل کیا ہے اور اس کے بارے میں فرمایا ہے ''یہ حدیث صحیح ہے''

(وَمِنْهَا) اَلْعُمُوْمَاتُ الْوَارِدَةُ فِي اِبَاحَةِ صَيْدِ الْكَلْبِ ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَمْ يَعْمَلْ بِهَا بَلْ بِالْقِيَاسِ حَيْثُ قَالَ بِاَنَّهُ لَا يُؤْكَلُ صَيْدُ الْكَلْبِ اِذَا اَكَلَ مِنْهُ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ فِي اَحَدِ قَوْلَيْهِ وَاِنَّمَا اعْتَمَدَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ فِي صَحِيْحَيْهِمَا اَنَّ عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ

59/ اِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُعَلَّمَ فَقَتَلَ فَكُلْ وَاِذَا اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّمَا اَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ*

(۳۰) کتے کے شکار کے جواز میں کئی احادیث وارد ہیں، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: اگر کتے نے اس میں سے کھالیا تو اس کا شکار کھانا جائز نہیں ہے، حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا ایک قول اس موقف کے خلاف ہے، اس سے خطیب بغدادی اور دیگر علماء کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اپنے قیاس پر عمل کیا اور حدیث کو ترک کر دیا، حالانکہ بات دراصل یہ ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ایک صحیح حدیث پر عمل کیا ہے، وہ یہ کہ حضرت ''عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (کتے کے شکار کے بارے میں) پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنا سدھایا ہوا کتا (شکار پر) چھوڑو، وہ شکار کو مار ڈالے، اس کو کھالو اور اگر وہ خود اس کو کھانے لگ جائے تو اس کو مت کھاؤ، کیونکہ اس نے یہ شکار خود اپنے لئے کیا ہے۔ اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ (حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کی بناء پر فرمایا ہے کہ اگر کتا اُس میں سے کھائے تو وہ حلال نہیں ہے)

*(وَمِنْهَا) اَلرَّدُّ عَلٰى ذَوِي السِّهَامِ اِلَّا عَلَى الزَّوْجِ وَالزَّوْجَةِ وَعِنْدَ الشَّافِعِيِّ يُوْضَعُ فِي بَيْتِ الْمَالِ *ظَنُّوا اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ قَالَ ذٰلِكَ بِالْقِيَاسِ وَاِنَّمَا اعْتَمَدَ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِالْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ الَّذِي اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ فِي صَحِيْحَيْهِمَا وَهُوَ حَدِيْثُ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

60/ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي جَنِيْنِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِي لِحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتاً بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ ثُمَّ تُوُفِّيَتِ الْمَرْاَةُ الَّتِي قُضِيَ لَهَا بِالْغُرَّةِ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا

(۵۹) اخرجه ابن حبان (۵۸۸۱) ومسلم (۱۹۲۹)(۱) فی الصید: باب الصید بالکلاب المعلمة والبیہقی فی ''السنن الکبری'' ۹:۲۳۵ وابو داود (۲۸۴۷) فی الصید: باب فی اتخاذ الکلاب للصید واحمد ۴:۲۵۸ عن عدی بن حاتم۔

(۶۰) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' ۳:۲۰۵ وابو یعلی (۵۹۱۷) واحمد ۲:۴۳۸ وابو داود (۴۵۷۹) فی الدیات: باب ما جاء فی دیة الجنین وابن ماجة (۲۶۳۹) فی الدیات: باب دیة الجنین ومالک (۵) فی العقول: باب عقل الجنین والبخاری (۵۷۵۹) فی الطب: باب الکہانة من حدیث ابی ھریرة رضی اللہ عنہ۔

وَزَوْجِهَا وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا وَاَحَادِيْثُ اُخَرُ اَخْرَجَهَا مُسْلِمٌ فِي صَحِيْحِهٖ

(۳۱) جب ذوی الفروض کوان کے حصص دینے کے بعد میت کا کوئی عصبہ رشتہ دار (ایسا رشتہ دار جو ذوی فرض سے بچا ہوا تمام مال لیتا ہے اور ذوی الفروض نہ ہونے کی صورت میں کل مال لیتا ہے) نہ ہو تو ذوی الفروض کو دوبارہ حصے دیئے جاتے ہیں اور اس صورت میں شوہر اور بیوی کو دوبارہ حصہ نہیں ملتا۔ جبکہ حضرت''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں کہ ذوی الفروض کو دوبارہ نہیں دیا جائے گا، بلکہ ان کے حصے دینے کے بعد اگر مال بچ جائے تو وہ بیت المال میں رکھا جائے گا۔ خطیب بغدادی اور دیگر علماء کو یہ فکر ہے کہ حضرت''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اپنے قیاس کی بناء پر حدیث کو ترک کر دیا ہے حالانکہ آپ نے ایک صحیح حدیث پر عمل کیا ہے، وہ حدیث یہ ہے کہ حضرت''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے کہ بنی لحیان کی ایک عورت کا پیٹ کا بچہ مر گیا تھا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں ایک لونڈی یا غلام دینے کا فیصلہ فرمادیا، پھر وہ عورت فوت ہوگئی جس کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لونڈی یا غلام کا فیصلہ فرمایا تھا۔ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا کہ اس عورت کی میراث اس کے بیٹوں اور شوہر کے لئے ہے اور دیت عورت کے عصبات کے ذمہ لازم ہوگی۔ اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ اسی طرح کئی احادیث امام مسلم نے اپنی صحیح میں نقل کی ہیں۔

(فَعُلِمَ) بِهٰذَا كُلِّهٖ اَنَّ الَّذِىْ قَالَهُ الْخَطِيْبُ وَغَيْرُهٗ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ كَانَ يَعْمَلُ بِالْقِيَاسِ وَالرَّاْيِ دُوْنَ الْاَخْبَارِ بُهْتٌ وَافْتِرَاءٌ وَهُوَ وَاَصْحَابُهٗ بُرَآءٌ وَاِنَّمَا يَعْمَلُوْنَ بِالْقِيَاسِ عِنْدَ عَدَمِ الْحَدِيْثِ وَكَذٰلِكَ جَمِيْعُ الْمُجْتَهِدِيْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ فَهٰذَا هُوَ الْجَوَابُ بِقَدْرِ الْاِسْتِطَاعَةِ عَنْ قَوْلِهٖ هٰذَا*

(وَاَمَّا) قَوْلُهٗ بِاَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ لَحَنَ حَيْثُ قَالَ فِيْ مَسْئَلَةِ الْقَتْلِ بِالْمُثَقَّلِ وَلَوْ رَمَاهُ بِاَبَا قُبَيْسٍ*

(فَالْجَوَابُ عَنْهُ) مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّهَا لُغَةٌ مَّشْهُوْرَةٌ قَالَ ابْنُ الْاَنْبَارِىْ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذِهٖ لُغَةُ الْحَارِثِيِّيْنَ قَالَ شَاعِرُهُمْ*

اِنَّ اَبَاهَا وَاَبَا اَبَاهَا ۔۔۔ قَدْ بَلَغَا فِي الْمَجْدِ غَايَتَاهَا

وَقَالَ سِيْبَوَيْهِ قَدْ جَاءَ نَا الْقُرْآنُ بِذٰلِكَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (اِنْ هٰذَانِ لَسَاحِرَانِ) وَاَنْشَدَ سِيْبَوَيْهِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

اَىُّ قُلُوْصٍ رَّاكِبٌ نَرَاهَا ۔۔۔ طَارَ وَاَعْلَاهُنَّ فَطَرَ عَلَاهَا

وَاَنْشَدَ الزُّجَاجُ وَهُوَ بَيْتُ الْكِتَابِ*

شِعْرٌ

تَزَوَّجَهَا مَا بَيْنَ اُذُنَاهُ ضَرْبَةً ۔۔۔ دَعَتْهُ اِلٰى هَالِي التُّرَابِ عَقِيْمٌ

يَقُوْلُ الْعَبْدُ الضَّعِيْفُ وَلَقَدْ رَاَيْتُ بِخَطِّ اِمَامِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ بِدِيَارِ مِصْرَ عِنْدَ اَوْلَادِ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ تَوَارَثُوْهُ عَنْ آبَائِهِمْ مَا كَتَبَهٗ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ دَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جَيْرُوْنَ وَكَذَا وَكَذَا قُرًى مِنَ الشَّامِ مِنْهَا قَرْيَةٌ

اَلْحِلِیْلِ عَلَیْهِ السَّلَامِ لِتَمِیْمِ الدَّارِیِّ وَاِخْوَتِهٖ وَکَتَبَ فِیْ آخِرِهٖ بِخَطِّهِ الشَّرِیْفِ کَتَبَهٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَشَهِدَ بِذٰلِكَ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبُوْ قُحَافَةَ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ وَمُعَاوِیَةُ بْنُ اَبُوْ سُفْیَانُ وَاَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیّاً اَفْصَحُ الْعَرَبِ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَکَتَبَ اَبُوْ طَالِبٍ وَّاَبُوْ قُحَافَةَ وَاَبُوْ سُفْیَانَ *لِاَنَّهَا اشْتَهَرَتْ کَذٰلِكَ فَلَمْ یُغَیِّرْهَا فَاَنّٰی یُعَابُ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ لَوْ قَالَ اَبَا قُبَیْسٍ لِاَنَّ الْجَبَلَ اشْتَهَرَ بِذٰلِكَ فَلَا یُغَیِّرُ بِعَامِلٍ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِیْ) اَنَّهٗ ذَکَرَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ سِبْطُ ابْنِ الْجَوْزِیِّ اَنَّهٗ افْتِرَاءٌ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاِنَّمَا الْمَنْقُوْلُ بِاَبِیْ قُبَیْسٍ کَذَا قَالَهُ الثِّقَاتُ مِنْ اَرْبَابِ النَّقْلِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) مَنْ اَرَادَ اَنْ یُّعْرَفَ مِقْدَارَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ عِلْمِ النَّحْوِ وَالْاِعْرَابِ وَیَزِنُ مَا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ غَیْرِهٖ مِنَ الْاَئِمَّةِ فَلْیُطَالِعْ مَسَائِلَ الْاِیْمَانِ مِنَ الْجَامِعِ الْکَبِیْرِ یَعْرِفُ تَبَحُّرَهٗ فِیْ عِلْمِ الْاِعْرَابِ لِاَنَّ مُحَمَّداً رَحِمَهُ اللّٰهُ مَا اَخَذَهَا وَمَا اغْتَرَفَهَا اِلَّا مِنْ بَحْرِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَقَدْ شَرَّحَهَا اَئِمَّةُ النَّحْوِ ابْنُ جِنِّیٍّ وَالْقَاضِیْ اَبُوْ سَعِیْدِ السِّیْرَافِیْ وَاَبُوْ عَلِیِّ الْفَارِسِیْ وَشَهِدُوْا بِاَجْمَعِهِمْ عَلٰی تَوَغُّلِ صَاحِبِهَا وَبُلُوْغِهٖ فِیْ عِلْمِ النَّحْوِ الدَّرَجَةَ الْعُلْیَا وَالنِّهَایَةِ الْقُصْوٰی وَاَنَّهٗ دَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّ الْخَطِیْبَ مَا طَالَعَ مِنْ مَسَائِلِ الْاِیْمَانِ وَمَا یَتَعَلَّقُ بِالنَّحْوِ وَمَا وَقَفَ عَلَیْهَا اِذْ لَوْ وَقَفَ عَلٰی شَیْءٍ مِنْهَا لَمَا اجْتَرٰی مِثْلَ هٰذِهِ الْجُرْاَةِ وَاِنْ غَلَبَهُ الْهَوٰی لِاَنَّ الْعَالِمَ بِمِقْدَارِ الْعَالِمِ الْآخَرِ لَا یُمْکِنُهٗ بِالطَّبْعِ الْقَدْحِ فِیْهِ وَالْمُکَابَرَةُ وَاَمَّا الْجَاهِلُ فَیَجْتَرِیْ لِجَهْلِهٖ*

(وَقَدْ اَجَادَ وَاَفَادَ) اَلسُّلْطَانُ الْفَاضِلُ الْکَامِلُ الْمَلِكُ الْمُعَظَّمُ عِیْسٰی ابْنُ الْمَلِكِ الْعَادِلِ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَیُّوْبَ صَاحِبِ الشَّامِ قَدَّسَ اللّٰهُ رُوْحَهٗ فِیْ کِتَابِهِ الَّذِیْ صَنَّفَهٗ فِی الرَّدِّ عَلَی الْخَطِیْبِ فِیْمَا طَعَنَ عَلٰی اِمَامِ الْاَئِمَّةِ وَسِرَاجِ الْاُمَّةِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَبَیَّنَ فِیْهِ مَا یَلِیْقُ بِهٖ جَزَاهُ اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ خَیْراً*

ہمارے مذکورہ دلائل سے یہ ثابت ہوگیا کہ خطیب بغدادی اور دیگر علماء نے جو کہا ہے کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' صرف رائے اور قیاس پر عمل کرتے تھے، احادیث کو ترک کرتے تھے، یہ سراسر بہتان اور الزام تراشی ہے، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' اور ان کے اصحاب اس جرم سے بری ہیں، یہ لوگ صرف وہاں پر قیاس سے کام لیتے ہیں جہاں کوئی حدیث نہیں ملتی، بلکہ تمام مجتہدین کا یہی دستور ہے۔ میرا خیال ہے ہمارے اس قدر جواب سے معترضین کے اعتراضات اٹھ گئے ہونگے اور ان کو حقیقت حال کا صحیح ادراک ہوگیا ہوگا۔

(یہاں یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے)

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے قتل کے مسئلہ میں ایک بہت بڑی غلطی ہوئی ہے، کیونکہ انہوں نے قتل کا قصاص بیان کرتے ہوئے یہ لفظ بولے ہیں ''ولو رماہ باباقبیس'' اس میں انہوں نے ''اب'' (جو کہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے) کو (حرف جار کے بعد الف کے ساتھ منصوب) پڑھا ہے، (اس کی حالت نصبی الف کے ساتھ آتی ہے حالانکہ حرف جار کے بعد یاء کے ساتھ اس کی حالت جری آنی چاہیے تھی)

اس اعتراض کے تین جواب ہیں۔

جواب نمبر(۱)

یہ مشہور لغت ہے۔حضرت ''ابن الانباری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: یہ حارثین کی لغت ہے،ان کے کسی شاعر نے کہا ہے

إن أباها و أبا أباها ...قد بلغا في المجد غايتاها

اس شعر میں ''وابااباھا'' کے اندر پہلا ''ابا'' مضاف اور دوسرا ''اباہا'' مضاف الیہ ہے اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔یہ بھی وہی لفظ ہے،یہاں بھی تو یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہی ہے۔مضاف کے بعد اس کو مجرور ہونا چاہئے لیکن شاعر نے اس کو یہاں پر منصوب پڑھا ہے۔صاحب لسان شاعر خود ''اب'' کو ''جر'' کے مقام پر الف کے ساتھ پڑھ رہے ہیں،اگر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اس لفظ کو الف کے ساتھ پڑھ دیا تو لغت کا ایسا کون سا نقصان ہو گیا جس کی تلافی نہیں ہو سکتی۔

سیبویہ نے کہا: قرآن کریم میں بھی یہ وارد ہے،اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے

إن هذان لساحران

اس آیت میں بھی ''ان'' حرف مشبہ بالفعل کے بعد ''ہذان'' آیا،حالانکہ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم کو نصب دیا کرتا ہے اور تثنیہ کی حالت نصبی یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسور کے ساتھ آتی ہے،اس قانون کے مطابق ''ان ھذین لساحران'' ہونا چاہئے۔لیکن قرآن کریم میں بھی یاء کے ساتھ آنے کا تقاضا ہونے کے باوجود اس کو الف کے ساتھ پڑھا گیا۔

اور سیبویہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ اشعار پڑھے

أی قلوصٍ راكب نراها ...طار وأعلاهن فطر علاها

ان اشعار میں بھی ''فطر'' مضاف اور ''علاہا'' مضاف الیہ ہے۔مضاف الیہ مجرور ہونا چاہئے الف کے ساتھ نہیں آنا چاہئے لیکن الف کے ساتھ آیا۔

اور زجاج نے یہ اشعار پڑھے اور یہ اشعار کتاب کا بیت ہے

تزوجها ما بين أذناه ضربة ...دعته إلى هالي التراب عقيم

اس شعر میں ''بین'' مضاف ہے اور ''اذناہ'' مضاف الیہ ہے۔قانون کے مطابق ''اذنیہ'' (یاء کے ساتھ) ہونا چاہئے تھا لیکن یہاں بھی اس کو الف کے ساتھ پڑھا گیا۔

مصنف کہتے ہیں: میں نے مصر کے علاقے میں حضرت ''تمیم داری رحمۃ اللہ علیہ'' کی اولاد امجاد کے ہاں امیر المومنین،امام المسلمین حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کے ہاتھ کے لکھے ہوئے وہ خطوط دیکھے ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو لکھوائے تھے،اس میں یہ تھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جیرون (کی سرزمین) اور شام کے فلاں فلاں علاقے جن میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی بستی بھی شامل ہے تمیم داری اور ان کے بھائیوں کو عطا فرمائی۔اس خط کے آخر میں آپ رضی اللہ عنہ نے بقلم خود لکھا ''اس کو حضرت ''علی ابن ابوطالب رضی اللہ عنہ'' نے لکھا ہے اور حضرت ''ابوبکر بن ابوقحافہ رضی اللہ عنہ''،حضرت ''معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ'' اور فلاں فلاں شخص نے اس کی گواہی دی

ہے۔اس بارے میں شک نہیں ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے بعد حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سب سے زیادہ فصیح ہیں، آپ نے بھی اس خط میں یہ الفاظ اسی طرح استعمال کئے ہیں

آپ نے لکھا ہے ''کتبه علی ابن ابوطالب'' حالانکہ یہاں ''ابو'' مضاف الیہ واقع ہو رہا ہے، اس کو ''ابی'' ہونا چاہئے تھا۔

آپ نے لکھا ہے ''ابو بکر بن ابو قحافه'' اور ''معاویه بن ابوسفیان'' ان دونوں مقامات پر بھی ''ابو'' مضاف الیہ ہے، ان کو بھی ''ابی'' ہونا چاہئے تھا۔لیکن کیونکہ یہ الفاظ اسی طرح مشہور ہیں، اس لئے ان کو اسی طرح استعمال کیا گیا ہے بالکل اسی طرح قبیس پہاڑ بھی ''اباقبیس'' کے لفظ کے ساتھ مشہور ہے اس لئے اس میں بھی عامل کا اثر نہیں ہوگا۔حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اس کو حرف جر کے دخول کے باوجود الف کے ساتھ ''اباقبیس'' پڑھ دیا ہے تو آپ پر کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔

دوسرا جواب:

یہ جواب امام حافظ حضرت ''سبط ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب سے ہے، وہ فرماتے ہیں کہ یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر صریح بہتان ہے۔امام اعظم سے ''بابی قبیس'' (حالت جری یاء کے ساتھ) ہی منقول ہے علوم نقلیہ کے ماہر بااعتماد علماء نے یہی کہا ہے۔

تیسرا جواب:

جس کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے نحو اور اعراب میں علمی تبحر کا اندازہ کرنے کا شوق ہو، اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا دیگر ائمہ کے ساتھ تقابلی جائزہ لینا چاہتا ہو، اس کو جامع کبیر میں ایمان کے مسائل کا مطالع کرنا چاہئے، اس کو پتا چلے گا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' علم اعراب میں کس قدر مضبوط علم کے حامل تھے۔

آپ اس بات سے اندازہ لگائیے کہ یہ کتاب حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کی لکھی ہوئی ہے، اور حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے ہی سیکھا ہے، حضرت ''ابن جنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید سیرافی ابوعلی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' ایسے جلیل القدر ائمہ نحو نے اس کتاب کی شرح لکھی ہے، سب نے اس بات کی گواہی دی ہے کہ حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' علم نحو میں سب سے بلند پایہ عالم ہیں اور اس علم میں (بھی) آپ مہارت تامہ اور دقت نظر رکھتے ہیں۔اور یہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ خطیب بغدادی صاحب نے مسائل الایمان اور اس میں نحو سے متعلق جو ابحاث شریفہ ہیں ان کا مطالعہ ہی نہیں کیا اور نہ ہی ان کو اس بارے میں کچھ واقفیت ہے۔کیونکہ خطیب صاحب کو اگر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے شاگرد (حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'') کے علم کا تھوڑا سا بھی ادراک ہوتا ہے، تو وہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر اتنی جسارت نہ کرتے، بس اُن (خطیب صاحب) پر خواہشات کا غلبہ تھا، ورنہ جس کو دوسرے کے علم کا اندازہ ہو، ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ وہ اس پر اس طرح ضد بازی میں اعتراضات کرے، اور اس کی شخصیت پر کیچڑ اچھالے، ہاں جس کو سامنے والے کے علم کا اندازہ ہی نہیں ہے وہ اپنی جہالت کی وجہ سے ایسی حرکت کرتا ہے (جیسا کہ خطیب بغدادی نے کی ہے)

سلطان الفاضل الکامل الملک المعظم حضرت ''عیسیٰ بن ملک عادل ابوبکر بن ایوب شامی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خطیب بغدادی کے

حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' پر کئے ہوئے اعتراضات کے رد میں ایک کتاب لکھی ہے، اس میں انہوں نے خطیب بغدادی صاحب کو صحیح آئینہ دکھایا ہے، اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

(وَاَمَّا) قَوْلُهُ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ فِيمَا حُكِيَ عَنِ ابْنِ عَيَّاشٍ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ مَا ضَرَبَ عَلَى الْقَضَاءِ وَاِنَّمَا ضَرَبَ عَلٰى اَنْ يَّكُوْنَ عِرِّيْفاً عَلَى الْخَزَّازِيْنَ*

(فَالْجَوَابُ عَنْهُ) مِنْ وُجُوْهٍ ثَلاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ الْخَطِيْبَ اَرَادَ اَنْ يُفْضِحَ الاِمَامَ فَمَا فَضَحَ اِلَّا نَفْسَهُ اِذِ الْمَعْرُوْفُ الْمَشْهُوْرُ الَّذِى بَلَغَ قَرِيْباً مِنْ حَدِّ التَّوَاتُرِ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ ضُرِبَ عَلَى الْقَضَاءِ وَقَدْ رَوَاهُ الْخَطِيْبُ بِنَفْسِهِ وَحَكَاهُ عَنْ جَمَاعَةٍ فَكَيْفَ يُمْكِنُ اِنْكَارُهُ بَلْ كُلُّ مَنْ رَاٰى هٰذَا مِنَ الْخَطِيْبِ يَقْضِى الْعَجَبَ مِنْ غَلَبَةِ الْهَوٰى وَقِلَّةِ الْحَيَاءِ عَلَيْهِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِى) اَنَّ الْخَطِيْبَ ذَكَرَ فِى مَوَاضِعَ مِنْ كِتَابِهٖ طَعْناً فِى ابْنِ عَيَّاشٍ وَقَالَ كَانَ كَثِيْرُ الْغَلَطِ وَحَكَاهُ عَنْ اَبِى نُعَيْمٍ وَّيَحْيٰى بْنِ مَعِيْنٍ فَلَيْتَ شَعْرِىْ مَا الَّذِى جَرَحَهُ ثَمَّه وَعَدَّلَهُ هُنَا وَاَقَلُّ دَرَجَاتِ الْعَاقِلِ اَنْ لَّا يُنَاقِضَ فِى كَلَامِهٖ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّ اِمْتِنَاعَ الاِمَامِ عَنْ اَنْ يَّكُوْنَ عَرِيفاً وَاَمَرَ مُلُوْكُ بَنِى مَرْوَان اِيَّاهُ لِمَحَبَّتِهٖ آلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لا يَدُلُّ عَلٰى نَقْصِ اَبِى حَنِيْفَةَ بَلْ يَدُلُّ عَلٰى قُبْحِ ظُلْمِ ظَالِمِهٖ كَيْفُ وَقَدْ حَكَى الْخَطِيْبُ بِنَفْسِهٖ اَنَّ ابْنَ هُبَيْرَةَ ضَرَبَ اَبَا حَنِيْفَةَ عَلَى الْقَضَاءِ *

حضرت ''ابن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے منقول ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کو قضاء کی وجہ سے نہیں مارا گیا تھا بلکہ ان کو خزازین کے ذمہ دار ہونے پر مارا گیا تھا۔

اس کے تین جواب ہیں۔

پہلا جواب:

خطیب بغدادی صاحب حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کو رسوا کرنا چاہتے ہیں، لیکن انہوں نے یہ رسوائی خود اپنے گلے ڈال لی ہے کیونکہ یہ بات اس قدر مشہور و معروف ہے بلکہ تقریباً حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہے کہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کو قضاء کی وجہ سے مارا گیا تھا۔ خطیب بغدادی نے خود بھی یہ بیان کیا ہے اور اس کو متعدد راویوں سے روایت کیا ہے تو (جس چیز کو وہ خود بیان کر رہے ہیں) اس کا انکار کیسے کر سکتے ہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ جو بھی خطیب بغدادی کے اس موقف کو دیکھتا ہے وہ حیران ہو جاتا ہے اور وہ اسی نتیجے پر پہنچتا ہے کہ خطیب بغدادی پر خواہشات کا شدید غلبہ تھا اور اس میں حیاء کی بہت زیادہ کمی تھی۔

دوسرا جواب:

خطیب بغدادی صاحب نے اپنی کتاب میں کئی مقامات پر ابن عیاش پر طعن کیا ہے اور کہا ہے کہ ''ابن عیاش بہت زیادہ غلطیاں کیا کرتا تھا'' اور اس بات کو ابونعیم اور یحییٰ بن معین کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ مجھے یہ بات سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ کونسا فارمولا

ہے جس کی وجہ سے وہاں تو ابن عیاش پر جرح کی ہے اور یہاں وہی ابن عیاش عادل قرار پایا۔ کسی عقل مند کی گفتگو کا کم از کم درجہ یہ ہوتا ہے کہ اس کی اپنی باتوں میں تضاد نہ ہو۔

تیسرا جواب:

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا ذمہ دار بننے سے انکار کرنا اور بنی مروان کے ملوک کا حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کو اہل بیت اطہار کے محب ہونے کی بناء پر ان کو عریف بننے کا حکم دینا، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے عیب پر دلالت نہیں کرتا بلکہ ظالم کے ظلم کی قباحت پر دلالت کرتا ہے۔ اور خطیب صاحب نے بذات خود یہ بیان بھی کیا ہے کہ ابن ہبیرہ نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کو قضاء کے معاملے میں سزا دی تھی۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) بِاَنَّهُ عَمِلَ بِالاَخْبَارِ ثُمَّ رَجَعَ عَنْهَا*

(فَالْجَوَابُ عَنْهُ) مِنْ وُجُوْهٍ ثَلاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ الرُّجُوْعَ اِلَى الْحَقِّ خَيْرٌ مِنَ التَّمَادِى فِى الْبَاطِلِ وَاِذْ لَاحَ لَهُ اَنَّ تِلْكَ الاَخْبَارَ مَنْسُوْخَةٌ اَوْ مَأوَلَةٌ اَوْ مَرْجُوْحَةٌ اَوْ مُخَالِفَةٌ لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَجِبُ الرُّجُوْعُ عَنْهَا وَلَا يَجُوْزُ الفَتْوٰى عَلَيْهَا اِصْرَاراً عَلَى الْبَاطِلِ وَمَحَامَاةً عَلَى الرِّيَاسَةِ وَالْجَاهِ فَقَدْ اَرَادَ الْخَطِيْبُ اَنْ يَّذُمَّهُ وَوَصَفَهُ بِالْوَرْعِ وَالدِّيَانَةِ وَعَدَمِ الاِصْرَارِ عَلَى الْبَاطِلِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِى) اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاِنْ رَجَعَ عَنْ بَعْضِ اَقْوَالِهِ فَرُجُوْعُ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنْ اَقْوَالِهِ الْقَدِيْمَةِ اَضْعَافُ اَضْعَافِ ذٰلِكَ وَكَذٰلِكَ فَعَلَ ذٰلِكَ غَيْرُهُ وَهُوَ دَلِيْلٌ عَلٰى دِيَانَتِهِمْ وَوَرْعِهِمْ وَاِيْثَارِهِمُ الْحَقَّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّ الرُّجُوْعَ فِى الْمَذْهَبِ وَالْقَوْلُ لَا يَتَعَلَّقُ بِهِ غَرَضٌ دُنْيَوِيٌّ بِوَجْهٍ مِنَ الْوُجُوْهِ بَلْ يَتَعَلَّقُ بِهِ نَقْصٌ فِى الاُمُوْرِ الدُّنْيَوِيَّةِ فَكَيْفَ يَذْكُرُ هٰذَا عَلٰى وَجْهِ الذَّمِّ وَالْقَدْحِ فِيْهِ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر ایک اعتراض یہ بھی کیا جاتا ہے)

حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے کئی اخبار پر اولاً عمل کیا، بعد میں ان پر عمل چھوڑ دیا۔

اس اعتراض کے تین جواب ہیں۔

پہلا جواب:

حق کی جانب لوٹ آنا، باطل پر ہٹ دھرمی سے بہتر ہے۔ جب حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' پر یہ بات روشن ہوئی کہ فلاں حدیث منسوخ ہے، یا اس کی تاویل کی گئی ہے یا وہ مرجوح ہے یا کتاب اللہ تعالیٰ کے مخالف ہے، تو ان احادیث سے رجوع واجب ہوگیا، ایسا ہرگز جائز نہیں ہے کہ اپنے باطل موقف پر بلاوجہ اڑے رہیں اور حکومت اور منصب کی حمایت میں اُن احادیث پر فتویٰ دیں۔ خطیب بغدادی صاحب کا ارادہ تو حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کی برائی بیان کرنے کا تھا لیکن ثابت یہ کر بیٹھے کہ آپ بہت متقی اور پرہیزگار تھے اور بہت دیانتدار تھے اور باطل پر ہٹ دھرمی نہیں دکھاتے تھے۔

دوسرا جواب:

اگر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اپنے کچھ اقوال سے رجوع کیا ہے تو کیا ہوا، رجوع تو حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی بہت سارے پرانے اقوال سے کیا ہے اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے رجوع، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ ہیں۔ اسی طرح دیگر کئی مجتہدین سے بھی رجوع ثابت ہے اور یہ رجوع ان کے لئے وجہ تنقید نہیں ہے بلکہ یہ تو ان کی دیانتداری، تقویٰ اور قبول حق کو ترجیح دینے کی دلیل ہے۔

تیسرا جواب:

مذہب اور موقف سے رجوع کرنے میں کسی قسم کی کوئی دنیاوی غرض نہیں ہوتی، بلکہ اس میں دنیاوی طور پر انسان کی عزت نفس میں فرق آ تا ہے، تو اس بات کو خطیب صاحب نے برائی کے طور پر پتہ نہیں کس طرح ذکر کر دیا۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) حَاكِياً عَنْ وَكِيْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ اَنَّهُ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ نَحْنُ مُؤْمِنُوْنَ وَلَا نَدْرِيْ مَا حَالُنَا عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ وَكِيْعٌ وَقَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ مَنْ قَالَ بِقَوْلِ سُفْيَانَ فَهُوَ شَاكٌّ فِيْ اِيْمَانِهٖ نَحْنُ الْمُؤْمِنُوْنَ هُنَا وَعِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ وَكِيْعٌ وَنَحْنُ نَقُوْلُ بِقَوْلِ سُفْيَانَ وَقَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ جُرْاَةٌ عَلَى اللّٰهِ *فَالْجَوَابُ عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ اَرْبَعَةٍ*

(اَحَدُهَا) اِنْ اَرَادَ الْخَطِيْبُ بِهٖ اَنْ يَّذُمَّ اَبَا حَنِيْفَةَ فَمَدَحَهُ وَحَكٰى مَا ظَهَرَ الْفَرْقُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ غَيْرِهٖ فِيْ مَعْرِفَتِهٖ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَصِفَاتِهٖ وَتَبَحُّرِهٖ فِيْ عِلْمِ الْكَلَامِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِيْ) اَنَّ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةُ مِنْ عِلْمِ الْكَلَامِ وَلٰكِنْ ذٰلِكَ لَا يَخْفٰى عَلَى الْعُلَمَاءِ وَاِنَّمَا يَرُوْجُ كَلَامُ الْخَطِيْبِ عَلَى الْجُهَّالِ الَّذِيْنَ مَا لَهُمْ حَظٌّ مِنَ الْعِلْمِ غَيْرَ رِوَايَةِ اَلْفَاظِ الْحَدِيْثِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّ الشَّكَّ فِي الْاِيْمَانِ شَكٌّ فِيْ اَصْلِ الدِّيْنِ دِيْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ حَقٌّ اَمْ بَاطِلٌ وَقَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِحَارِثَةَ كَيْفَ اَصْبَحْتَ قَالَ اَصْبَحْتُ مُؤْمِناً حَقّاً *حُجَّةٌ عَلٰى مَنْ يُّثْبِتُ الشَّكَّ فِي الْاِيْمَانِ *وَقَدْ حُكِيَ عَنْ سُفْيَانَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ اَنَا مُؤْمِنٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ اِلٰى اَنْ يَّبْلُغَهُ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنْ قَوْلِهٖ وَكَذَا مُعْظَمُ مَسَائِلِ سُفْيَانَ مُسْتَفَادَةٌ مِنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ*

(وَالْجَوَابُ الرَّابِعُ) اَنَّ الْخَطِيْبَ ضَعَّفَ وَكِيْعاً وَحَكٰى عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ اَنَّهُ قَالَ غَيْرُ وَكِيْعٍ اَثْبَتُ عِنْدِيْ مِنْ وَكِيْعٍ وَالْعَجَبُ مِنَ الْخَطِيْبِ كَيْفَ يُضَعِّفُ رَجُلاً ثُمَّ يَنْقُلُ عَنْهُ طَعْناً فِيْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَكَاَنَّهُ يُثْبِتُ بِهٖ طَعْنَهُ فِيْهِ لَا فِيْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ*

خطیب بغدادی نے حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ قول نقل کیا ہے ''سفیان ثوری نے کہا ہے کہ ''ہم مومن ہیں، ہمیں نہیں معلوم کہ اللہ کی بارگاہ میں ہمارا کیا حال ہوگا (یعنی معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہم مومن ہیں بھی یا نہیں) وکیع کہتے ہیں: اور ابوحنیفہ کا موقف یہ ہے کہ جس نے سفیان کا موقف اپنایا، وہ اپنے ایمان میں شک کرنے والا ہے'' ہم یہاں بھی مومن ہیں اور اللہ

تعالیٰ کی بارگاہ میں بھی مومن ہیں'' وکیع کہتے ہیں: ہم سفیان کے موقف کو تسلیم کرتے ہیں اور ابوحنیفہ کا موقف اللہ تعالیٰ کی ذات پر بہت بڑی جرات ہے۔

اس کے چار جواب ہیں۔

پہلا جواب:

خطیب صاحب چاہتے تو تھے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی مذمت کرنا ،لیکن کر بیٹھے اُن کی تعریف۔ اور ایسی گفتگو کر گئے جس سے معرفت الٰہی میں حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کا دیگر علماء سے فرق واضح ہو گیا اور علم الکلام میں امام اعظم کا تبحر علمی ثابت ہو گیا۔

دوسرا جواب:

یہ مسئلہ علم کلام کا ہے اور یہ علماء پر مخفی بھی نہیں ہے، خطیب صاحب کا کلام صرف ان جاہل لوگوں میں عام ہوا ہے جن کو الفاظ حدیث کی روایت کے سوا علم کی ہوا تک نہیں لگی۔

تیسرا جواب:

ایمان کے بارے میں شک، دراصل رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین میں شک ہے یعنی اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہمیں معلوم ہی نہیں ہے کہ یہ دین حق ہے یا باطل۔ جبکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حارثہ سے پوچھا: تم نے کیسے صبح کی؟ انہوں نے کہا: میں نے پکا مومن ہونے کی حالت میں صبح کی۔ یہ حدیث ان لوگوں کے خلاف دلیل ہے جو ایمان میں شک رکھتے ہیں، اور سفیان ثوری کے بارے میں مروی ہے کہ وہ کہا کرتے تھے ''میں ان شاء اللہ مومن ہوں'' پھر ان تک امام اعظم کا موقف پہنچا (انہوں نے امام اعظم کے قول کو اپنا لیا) اسی طرح حضرت سفیان کے بہت سارے بڑے بڑے مسائل امام اعظم کے موقف سے اخذ کئے ہوئے ہیں۔

چوتھا جواب:

خطیب صاحب نے خود وکیع کو ضعیف قرار دیا ہے، اور حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ''میرے نزدیک دیگر محدثین وکیع کی بہ نسبت زیادہ ثبت ہیں'' ہمیں تو خطیب صاحب پر حیرانگی ہو رہی ہے کہ ایک شخص کو خود ضعیف قرار دے رہے ہیں اور جب بات آتی ہے امام اعظم پر طعن کی تو اُسی اپنے ضعیف قرار دیئے ہوئے راوی کی روایت نقل بھی کر لیتے ہیں۔ خطیب صاحب کا کیا ہوا یہ طعن، وکیع پر ثابت ہوتا ہے، امام اعظم پر نہیں۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) حَاكِياً عَنْ وَكِيعٍ اَنَّهُ اجْتَمَعَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنُ اَبِي لَيْلٰى وَشَرِيْكٌ وَالْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ وَاَبُوْحَنِيْفَةَ فَقَالُوا لِاَبِي حَنِيْفَةَ مَا تَقُوْلُ فِيْمَنْ قَتَلَ اَبَاهُ وَزَنٰى بِاُمِّهِ وَشَرِبَ الْخَمْرَ فِي رَأْسِ اَبِيْهِ اَيَخْرُجُ عَنِ الْاِيْمَانِ فَقَالَ لَا فَقَالَ لَهُ ابْنُ اَبِي لَيْلٰى لَا قَبِلْتُ لَكَ شَهَادَةً اَبَداً *وَقَالَ لَهُ سُفْيَانُ لَا كَلَّمْتُكَ اَبَداً *وَقَالَ لَهُ شَرِيْكٌ لَوْ كَانَ لِيْ اَمْرٌ لَفَعَلْتُ وَفَعَلْتُ *وَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ وَجْهِي مِنْ وَجْهِكَ حَرَامٌ

فَالْجَوَابُ عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ اَرْبَعَةٍ*

(اَحَدُهَا) اَنَّ الْخَطِیْبَ اَرَادَ اَنْ یُشْنِعَ بِهَا عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ فَاَظْهَرَ بِهٖ فَضْلَهٗ وَصِدْقَهٗ بِالْحَقِّ وَقَدَحَ فِیْ ذٰلِكَ عَلٰی هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةِ لِاَنَّ اِخْرَاجَ صَاحِبِ الْكَبِیْرَةِ بِكَبِیْرَتِهٖ عَنِ الْاِیْمَانِ مَذْهَبُ الْخَوَارِجِ فَاَمَّا مَذْهَبُ الْجُمْهُوْرِ اَنَّهٗ لَا یَخْرُجُ عَنِ الْاِیْمَانِ الْمُطْلَقِ وَلَا یَصِیْرُ كَافِراً فَمَا قَالَهٗ اَبُوْحَنِیْفَةَ هُوَ الْحَقُّ وَمَا قَالُوْهُ هُوَ مَذْهَبُ الْخَوَارِجِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِیْ) اَنَّ الْخَطِیْبَ قَدْ ضَعَّفَ وَكِیْعاً فَكَیْفَ یُنَاقِضُ فِیْ كَلَامِهٖ وَمَا الَّذِیْ ضَعَّفَهٗ ثُمَّ وَعَدَّلَهٗ فِی الطَّعْنِ عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ*

(اَلْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّهٗ مُنَاقَضَةٌ مِنْ وَكِیْعٍ وَّالْخَطِیْبِ حَیْثُ حَكَی الْخَطِیْبُ عَنْ وَكِیْعٍ مَدْحَهٗ لِاَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَنَّهٗ مِنْ اَصْحَابِهٖ*

(وَالْجَوَابُ الرَّابِعُ) اَنَّ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةِ لَا یُعْتَبَرُ طَعْنُهُمْ فِیْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ لِوَجْهَیْنِ (اَحَدُهُمَا) اَنَّهٗ لَا خَفَاءَ اَنَّهٗ اَعْلَمُ مِنْهُمْ وَاَفْقَهُ (وَالثَّانِیْ) اَنَّهُمْ حَسَدُوْهُ وَاَظْهَرُوا الْحَسَدَ وَرُبَّمَا اعْتَرَفُوْا بِذٰلِكَ فَكَیْفَ یُعْتَبَرُ طَعْنُهُمْ فِیْهِ*

(یہاں یہ اعتراض بھی کیا جاسکتا ہے)

حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' ایک جگہ پر اکٹھے ہوئے، باقی لوگوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے کہا: جو شخص اپنے باپ کو قتل کرے، ماں کے ساتھ زنا کرے، شراب پیئے، کیا وہ ایمان سے خارج ہو جاتا ہے؟ حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا: نہیں۔ تو حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہنے لگے: میں آج کے بعد کبھی بھی تمہاری گواہی قبول نہیں کروں گا۔ سفیان نے کہا: میں تم سے کبھی بھی کلام نہیں کروں گا اور شریک نے کہا: اگر میرے پاس حکومت ہوتی تو میں یہ کر دیتا، میں وہ کر دیتا۔ حسن بن صالح نے کہا: میرا چہرا تیرے چہرے پر حرام ہے (یعنی آج کے بعد میں کبھی تیرے سامنے نہیں آؤں گا)

اس کے چار جواب ہیں۔

(۱) خطیب صاحب نے یہ واقعہ بیان کر کے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی تنقیص کرنا چاہی تھی، لیکن کر بیٹھے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کی تعریف۔ اور حقیقت پر مبنی فیصلہ دے بیٹھے، اور اس بارے میں چاروں بزرگوں پر الزام لگا بیٹھے کیونکہ کبیرہ گناہ کے مرتکب کا گناہ کبیرہ کے باعث ایمان سے خارج ہونا یہ خوارج کا مذہب ہے، جبکہ جمہور اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ کبیرہ گناہ کے ارتکاب سے انسان مطلق ایمان سے نہیں نکلتا اور نہ کافر ہوتا ہے، اس لئے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے جو کچھ فرمایا ہے، وہ برحق ہے اور جوان لوگوں نے کہا، وہ خوارج کا مذہب ہے۔

(۲) خطیب صاحب تو خود ''وکیع'' کو ضعیف قرار دیتے ہیں، اب وہ اپنی بات کا رد بھی کر رہے ہیں، کیونکہ آخر کوئی تو وجہ ہوگی کہ ایک مقام پر خطیب صاحب ''وکیع'' کو ضعیف قرار دے رہے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر طعن کے موقع پر اسی

''وکیع'' کو عادل بھی مان لیا۔

(۳) یہاں پر وکیع اور خطیب کے موقف میں ٹکراؤ موجود ہے کیونکہ خطیب صاحب نے وکیع کے حوالے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی تعریف بھی نقل کی ہے اور ویسے بھی حضرت وکیع علیہ الرحمہ، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے تلامذہ میں سے ہیں۔

(۴)

ان چاروں لوگوں کا طعن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں قابل قبول نہیں ہے، اس کی دو وجہیں ہیں

(۱) اس بارے میں کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ'' ان چاروں سے زیادہ علم اور زیادہ فقہ والے تھے (تو کم علم والے کا طعن زیادہ علم والے کے بارے میں کیسے مانا جاسکتا ہے)

دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ چاروں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے حسد رکھتے تھے اور ان لوگوں نے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ اپنے حسد کا اظہار بھی کیا ہے۔ بلکہ کئی مقامات پر انہوں نے اس حسد کا اعتراف بھی کیا ہے۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) عَـفَا اللّٰهُ عَنْهُ حَاكِياً عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَاصِمٍ حَدَّثْتُ اَبَا حَنِيْفَةَ بِحَدِيْثٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا آخُذُ بِهٖ*

(فَالْجَوَابُ) عَـنْهُ اَيْضاً مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ الْـخَـطِيْبَ هُوَ طَعَنَ فِي عَلِيِّ ابْنِ عَاصِمٍ وَحَكَى عَنْ يَـحْيٰـى بْـنِ مَـعِيْنٍ اَنَّهُ لَمَّا قِيْلَ لَهُ اَنَّ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ لَا بَأْسَ بِهٖ لَيْسَ بِكَذَّابٍ قَالَ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عِنْدَهُ بِثِقَةٍ وَّلَا حَدَّثَ عَنْهُ بِحَدِيْثٍ فَكَيْفَ صَارَ الْيَوْمَ ثِقَةً عِنْدَهُ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) مَـا بَيَّـنَّـا مِـنْ مَـذْهَبِ اَبِي حَنِيْفَةَ فِي الْاَخْذِ بِالْمَرَاسِيْلِ وَرِوَايَاتِ الضُّعَفَاءِ فَضْلاً عَنِ الْاَحَادِيْثِ الصِّحَاحِ فَكَيْفَ يَتْرُكُ مَذْهَبَهُ فِي ذٰلِكَ*

(وَالْـجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّـهُ اِنْ صَـحَّ ذٰلِكَ عَـنْـهُ فَـالْـحَقُّ مَا قَالَهُ اَنِّي لَا آخُذُ بِهٖ لِكَوْنِهٖ مَنْسُوخاً اَوْ مُاَوَّلاً اَوْ مُـعَـارِضـاً لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَوْ غَيْرُ صَحِيْحٍ وَكَمْ مِنْ اَحَادِيْثَ مَا اَخَذَ بِهَا الشَّافِعِيُّ وَمَالِكٌ وَغَيْرُهُمَا وَلَا يُظَنُّ بِهِمْ اِلَّا اَنَّهُمْ مَا اَخَذُوا بِهَا اِلَّا لِمَا عَلِمُوا فِيْهَا مِنَ الْاِعْتِلَالِ بِاِحْدَى الْمَعَانِي الَّتِي ذَكَرْنَاهَا*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ'' پر یہ اعتراض بھی ہے)

خطیب صاحب نے یہ اعتراض علی بن عاصم کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ حضرت ''ابوحنیفہ علیہ الرحمہ'' کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنائی جاتی تو وہ آگے سے کہتے ''میں اس پر عمل نہیں کرتا''

اس اعتراض کے تین جواب ہیں

(۱) خطیب صاحب نے علی بن عاصم پر طعن کیا ہے اور یحیٰی بن معین کے حوالے سے لکھا ہے کہ جب ان سے کہا گیا کہ ''احمد بن حنبل ''علی بن عاصم'' کو ''لا باس بہ'' قرار دیتے اور کہتے ہیں کہ ''وہ کذاب نہیں ہے'' تو یحیٰی بن معین نے کہا: اللہ کی قسم! اُن کے

نزدیک وہ ثقہ نہیں ہیں، اور نہ ہی انہوں نے اس سے کوئی حدیث لی ہے تو آج وہ اُن کے نزدیک ثقہ کیسے ہو گئے۔

(۲) ہم پہلے بھی بیان کر چکے ہیں کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' تو مرسل اور ضعیف احادیث کو بھی حتی الامکان ترک نہیں فرماتے، چہ جائیکہ صحیح احادیث کو ترک کریں، تو اب امام صاحب اپنا مذہب کیوں چھوڑیں گے۔

(۳) فرض کریں کہ امام صاحب نے واقعی کسی حدیث کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ میں اس کو نہیں لیتا تو اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ وہ حدیث منسوخ ہوگی، یا اس کی کوئی دوسری تاویل ہوگی یا وہ کتاب اللہ کے معارض ہوگی یا غیر صحیح ہوگی۔ پھر یہ بھی تو دیکھیں کہ بے شمار احادیث ایسی ہیں کہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر فقہاء نے ان کو نہیں لیا، ان لوگوں کے بارے میں بھی تو یہی گمان ہے کہ ان کو اُن احادیث کے بارے میں کسی علت یا ترک حدیث کی کسی دوسری وجہ کا علم ہو گیا ہوگا۔ (اگر دیگر فقہاء ان وجوہات کی بناء پر احادیث ترک کردیں تو کوئی بات نہیں اور یہی کام حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کریں تو اعتراض شروع ہو جاتا ہے)

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ حَاكِياً عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى السِّيْنَانِيِّ قُلْتُ لِاَبِي حَنِيْفَةَ حَدِيْثُ الْقُلَّتَيْنِ مَشْهُوْرٌ قَالَ لَا اَعْتَمِدُ عَلَيْهِ *فَالْجَوَابُ *عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ*

(اَحَدُهَا) اَنَّ مَا قَالَهُ حَقٌّ بِدَلِيْلِ اَنَّ حَدِيْثَ الْقُلَّتَيْنِ لَمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِي اَحَدِهِمَا وَحَدِيْثُ الاغْتِسَالِ مِنَ الْمَاءِ الدَّائِمِ بَعْدَ الْبَوْلِ فِيْهِ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ بِلَفْظِ الْغُسْلِ وَالْبُخَارِيُّ بِلَفْظِ الْوُضُوْءِ *

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) مَا قَرَّرَهُ الطَّحَاوِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّ اسْمَ الْقُلَّةِ اِسْمٌ مُشْتَرِكٌ وَقَدْ جَعَلَهُ الشَّافِعِيُّ اسْماً لِقَلَالِ هَجَرٍ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثٍ صَحِيْحٍ وَلَا دَلِيْلٍ مَعْقُوْلٍ وَالْمُشْتَرَكُ لَا يَجُوْزُ الْعَمَلُ بِهٖ اِلَّا بِدَلِيْلٍ مِنْ خَارِجٍ وَقَدْ انْعَدَمَ فَكَيْفَ يَعْتَمِدُ عَلَيْهِ مِثْلُ الاِمَامِ اَبِي حَنِيْفَةَ مَعَ عِلْمِهٖ بِكَيْفِيَّةِ التَّمَسُّكِ بِالاَحَادِيْثِ وَمَعَانِيْهَا*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّهٗ اَخْبَرَ عَنْ حَالِ نَفْسِهٖ اَنِّي لَا اَعْتَمِدُ عَلَيْهِ وَاَنَّهٗ لَا يُنَاقِضُ مَا اعْتَمَدَ عَلَيْهِ الشَّافِعِيُّ لِاَنَّ الدَّلِيْلَ الْوَاحِدَ يَتَرَجَّحُ عَلَى الْبَاقِي عِنْدَ بَعْضِ الْمُجْتَهِدِيْنَ وَلَا يَتَرَجَّحُ عِنْدَ الْبَعْضِ وَذٰلِكَ لِاَسْبَابٍ مُخْتَلِفَةٍ مَوْضِعُ ذِكْرِهَا عِلْمُ اُصُوْلِ الْفِقْهِ وَلِهٰذَا اجْتَمَعَتِ الاُمَّةُ عَلٰى رَفْعِ الاِثْمِ عَنْهُمَا*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر یہ بھی اعتراض کیا گیا)

خطیب بغدادی نے فضل بن موسیٰ سینانی کا یہ قول نقل کیا ہے (وہ کہتے ہیں) میں نے حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے کہا: ''قلتین'' والی حدیث مشہور ہے، انہوں نے جواب دیا: میں اس کو نہیں اپناتا۔

اس کے تین جواب ہیں۔

(۱) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے جو فرمایا وہ بالکل برحق ہے، اس کی دلیل یہ بھی ہے کہ ''قلتین'' والی حدیث کو نہ امام بخاری نے نقل کیا ہے اور نہ امام مسلم نے نقل کیا ہے جبکہ کھڑے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کے بعد اُس کے پانی سے غسل کرنے کی بابت حدیث کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی نقل کیا ہے اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی۔ فرق صرف اتنا ہے کہ حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس میں ''غسل'' کے الفاظ استعمال کئے ہیں اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''وضو'' کے الفاظ

استعمال کئے ہیں۔

(۲) جیسا کہ حضرت ''امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: لفظ ''قلہ'' مشترک ہے۔ اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس کو ''قلال ہجر'' کا نام قرار دیا ہے حالانکہ اس موقف پر ان کے پاس نہ کوئی صحیح حدیث ہے اور نہ کوئی عقلی دلیل ہے۔ اور مشترک لفظ پر اس وقت تک عمل نہیں کر سکتے جب تک اس پر الگ سے کوئی دلیل موجود نہ ہو۔ اور یہاں پر کوئی خارجی دلیل بھی موجود نہیں ہے تو پھر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' جیسا متبحر عالم دین جو کہ احادیث سے استدلال اور ان کے معانی کا خوب علم رکھتے ہیں، وہ ایسی حدیث پر کیسے اعتماد کر سکتے ہیں۔

(۳) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے تو اپنے حال کی خبر دی ہے کہ میں اس پر اعتماد نہیں کرتا اور یہ بات حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' والی حدیث کے منافی نہیں ہے کیونکہ ایک دلیل کسی مجتہد کی نگاہ میں ترجیح پاتی ہے اور وہی دلیل دوسرے مجتہد کی نگاہ میں راجح نہیں ہوتی۔ اس کی مختلف وجوہات ہیں، اس کو اصول فقہ میں بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے، اسی لئے پوری امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ خطاء پر بھی مجتہد گنہگار نہیں ہے۔

(وَاَمَّا قَوْلُہٗ) عَفَا اللّٰہُ عَنْہُ حَاکِیاً عَنِ ابْنِ الْمُبَارَکِ اَنَّہٗ قَالَ لِاَبِی حَنِیْفَۃَ فِی رَفْعِ الْیَدَیْنِ عِنْدَ الرُّکُوْعِ حَدِیْثُ الْبَرَّاءِ فَقَالَ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ کَاَنَّہٗ یُرِیْدُ اَنْ یَّطِّیْرَ*

(فَالْجَوَابُ عَنْہُ مِنْ وُجُوْہٍ ثَلَاثَۃٍ)(اَحَدُھَا) اَنَّ حَدِیْثَ الْبَرَّاءِ بْنِ عَازِبٍ فِی رَفْعِ الْیَدَیْنِ لَمْ یَصِحَّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ فِی تَارِیْخِہٖ حَدِیْثُ الْبَرَاءِ فِی رَفْعِ الْیَدَیْنِ لَمْ یَصِحَّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا عَلِمَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ اعْتِلَالَہٗ وَلَمْ یَسْتَحْسِنْ ذِکْرَ الرُّوَاۃِ الْاَمْوَاتِ بِسُوْءٍ دَفَعَ ابْنَ الْمُبَارَکِ عَلٰی وَجْہِ الْمُدَاعَبَۃِ وَالْمُلَاطَفَۃِ اِکْرَاماً مِنْہُ اِذْ لَمْ یَرِدْ اَنْ یُلْقِمَہٗ حَجَراً کَمَا فَعَلَہٗ فِی حَقِّ الْاَوْزَاعِیِّ لَمَّا سَاَلَہٗ عَنْ رَفْعِ الْیَدَیْنِ عَلٰی مَا حَکٰی عَنْہُ سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَۃَ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِی) اَنَّ مُسْلِماً رَحِمَہُ اللّٰہُ ذَکَرَ فِی صَحِیْحِہٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَالِی اَرَاکُمْ تَرْفَعُوْنَ اَیْدِیَکُمْ فِی الصَّلَاۃِ کَاَنَّھَا اَذْنَابُ خَیْلٍ شُمْسٍ اُسْکُنُوا فِی الصَّلٰوۃِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) مَا یَجِیْءُ فِی بَابِ الصَّلَاۃِ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی مِمَّا اَسْنَدَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ مِنَ الْاَحَادِیْثِ وَالْآثَارِ مَا یَظْھَرُ بِہٖ اَنَّ الرَّفْعَ بِدْعَۃٌ وَّالدَّلِیْلُ عَلٰی ھٰذَا اَنَّ حَدِیْثَ رَفْعِ الْیَدَیْنِ حَدِیْثٌ رُوَاتُہٗ مَدَنِیُّوْنَ وَمَالِکُ بْنُ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لَمْ یَاْخُذْ بِہٖ وَلَمْ یَعْمَلْ بِہٖ وَاَنَّہٗ اَعْلَمُ بِرِوَایَۃِ اَھْلِ بَلَدِہٖ مِنْ غَیْرِہٖ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر ایک اور اعتراض)

''خطیب بغدادی'' نے حضرت ''ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ'' کی یہ بات لکھی ہے (وہ کہتے ہیں) میں نے رفع الیدین کے معاملے میں حضرت ''براء بن عازب رضی اللہ عنہ'' والی حدیث حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کو سنائی تو حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا: یوں لگتا ہے جیسے وہ اڑنا چاہتا ہو۔

اس اعتراض کے تین جواب ہیں

(۱) رفع الیدین کے بارے میں حضرت ''براء بن عازب رضی اللہ عنہ'' والی حدیث صحیح نہیں ہے، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے ''رفع الیدین کے بارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حضرت ''براء بن عازب رضی اللہ عنہ'' کی جو روایت پیش کی جاتی ہے، وہ صحیح نہیں ہے۔ جب حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کو اس حدیث کی علت کا علم ہوا اور آپ فوت شدگان کو برے الفاظ میں یاد کرنا اچھا نہیں سمجھتے تھے، اس لئے آپ نے ابن المبارک کے احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کو ترک کر دیا ہے کیونکہ آپ نہیں چاہتے تھے کہ ان کو لاجواب کیا جائے۔ جیسا کہ اوزاعی کے ساتھ ہوا، جس وقت ان سے رفع الیدین کے بارے میں پوچھا گیا، سفیان بن عیینہ نے اس کو بیان کیا ہے۔

(۲) حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وجہ ہے، میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم نماز کے دوران سرکش گھوڑوں کی دموں کی مانند اپنے ہاتھ اٹھاتے ہو، نماز میں سکون اختیار کیا کرو۔

(۳) نماز کے باب میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی مسند احادیث اور آثار آ رہے ہیں، جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نماز میں رفع یدین کرنا بدعت ہے اور اس پر دلیل یہ ہے کہ رفع الیدین والی حدیث کے تمام راوی مدنی ہیں اور حضرت ''مالک بن انس رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث کو نہیں لیا اور نہ اس پر عمل کیا ہے حالانکہ آپ دیگر محدثین بہ نسبت اپنے شہر والوں کی روایات سے زیادہ واقف ہیں۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) حَاكِياً عَنْ يُوْسُفَ بْنِ اَسْبَاطٍ اَنَّهُ قَالَ رَدَّ اَبُوْحَنِيْفَةَ اَرْبَعَ مِائَةِ حَدِيْثٍ اَوْ اَكْثَرَ وَعَدَّ مِنْهَا قَوْلُهُ لِلْفَارِسِ سَهْمَانِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمٌ *وَاَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ قَالَ لاَ اَجْعَلُ سَهْمَ الْبَهِيْمَةِ اَكْثَرَ مِنْ سَهْمِ الْمُؤْمِنِ وَقَدْ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِلْمِقْدَادِ يَوْمَ بَدْرٍ سَهْمَانِ لِفَرَسِهٖ وَلَهُ سَهْمٌ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ رَدَّ بَعْضِ الاَحَادِيْثِ وَاجِبٌ اِمَّا لِكَوْنِهَا مَنْسُوْخَةً اَوْ مُاَوَّلَةً اَوْ مُعَارِضَةً لِكِتَابِ اللّٰهِ وَبِهٖ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَيْثُ قَالَ

61 سَيَاتِيْكُمْ عَنِّي اَحَادِيْثُ مُخْتَلِفَةٌ فَمَا يَكُوْنُ مُوَافِقاً لِكِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ مِنِّي وَمَا يَكُوْنُ مُخَالِفاً لِكِتَابِ اللّٰهِ فَاَنَا مِنْهُ بَرِيْءٌ *وَقَدْ فَعَلَ ذٰلِكَ كِبَارُ الْمُجْتَهِدِيْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ الْعَارِفِيْنَ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهٖ دُوْنَ الْجَهَلَةِ بِالْعُلُوْمِ الَّذِيْنَ يَنْقُلُوْنَ كَمَا يَسْمَعُوْنَ وَيَعْمَلُوْنَ بِهٖ نَاسِخاً كَانَ اَوْ مَنْسُوْخاً مُوَافِقاً لِكِتَابِ اللّٰهِ اَوْ مُخَالِفاً*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) اَنَّ قَوْلَهُ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِلْمِقْدَادِ يَوْمَ بَدْرٍ بِسَهْمَيْنِ * فَقَدْ ذَكَرَهُ الْوَاقِدِيُّ كَذٰلِكَ فِي الْمَغَازِيْ وَقَدْ طَعَنُوا فِيْهِ فَقَالَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَضَعَ الْوَاقِدِي عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عِشْرِيْنَ اَلْفَ حَدِيْثٍ *وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ الْوَاقِدِي يَرْكَبُ الْاَسَانِيْدَ *وَقَالَ ابْنُ

(٦١) اخرجه الديلمي في "مسند الفردوس" ٣٢١:٢ (٣٤٥٦) من حديث ابي هريرة رضي الله عنه۔

الْمَدِيْنِيُّ لَا يُكْتَبُ حَدِيثَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ * وَقَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ كُتُبُ الْوَاقِدِيِّ كِذْبٌ * وَلَمْ يَعْمَلِ الْاِمَامُ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِحَدِيْثِهِ هٰذَا وَلٰكِنْ لَّمْ يَسُبَّهُ كَمَا فَعَلَ غَيْرُهُ فَاَىُّ مَاْخَذٍ عَلَيْهِ *

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) مَا يَأْتِي فِي مَسَانِيْدِ اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي بَابِ السَّيْرِ مَا يَظْهَرُ بِهِ صِحَّةُ مَذْهَبِ اَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِي هٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ لٰكِنْ لَمْ نَذْكُرُهُ هاهُنَا احْتِرَازاً مِنَ التَّطْوِيْلِ *

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر یہ بھی اعتراض ہے)

خطیب بغدادی نے یہ یوسف بن اسباط کے حوالے سے یہ اعتراض بھی کیا ہے کہ انہوں (یوسف بن اسباط) نے کہا ہے'' حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ۴۰۰ بلکہ اس سے بھی زائد احادیث کو رد کیا ہے'' ان میں وہ حدیث بھی ذکر کی ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے'' سوار کے لئے دو حصے ہیں اور پیدل کیلئے ایک'' جبکہ حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا ہے'' میں جانور کا حصہ مومن کے حصے سے زیادہ قرار نہیں دے سکتا'' حالانکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے موقع پر حضرت مقداد کو دو حصے دیئے تھے، ایک اُن کا اور ایک ان کے گھوڑے گا۔

اس اعتراض کے تین جواب ہیں۔

(۱) کچھ احادیث ایسی ہوتی ہیں جن کو رد کرنا ضروری ہوتا ہے کیونکہ یا تو وہ منسوخ ہوتی ہیں، یا ان کی کوئی تاویل کی جاتی ہے یا وہ کتاب اللہ کے مدمقابل ہوتی ہے۔ اور یہی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ عنقریب تمہارے پاس میرے حوالے سے مختلف احادیث لائی جائیں گی، اُن میں تم جو احادیث کتاب اللہ کے موافق پاؤ، ان کو میری حدیث سمجھنا اور جو کتاب اللہ کے مخالف ہو، میں اُن سے بری ہوں۔ یہ کام کبار مجتہدین رضی اللہ عنہم نے کیا ہے جو کتاب اللہ اور سنت رسول کی جزئیات کو گہرائی سے جاننے والے ہیں، البتہ وہ لوگ جو ان علوم سے ناواقف ہیں، وہ جو کچھ سنتے ہیں اُسی طرح نقل کر دیتے ہیں، وہ ہر حدیث پر عمل کرتے ہیں، چاہے وہ ناسخ ہو یا منسوخ، کتاب اللہ کے موافق ہو یا مخالف۔

(۲) یہ کہنا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو جنگ بدر کے موقع پر دو حصے عطا فرمائے، واقدی نے یہ روایت اسی طرح مغازی میں نقل کی ہے، محدثین نے اس پر جرح کی ہے۔

یحییٰ بن معین اس سلسلے میں کہتے ہیں:

''واقدی نے بیس ہزار حدیثیں خود بنائی ہیں''

حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں:

''واقدی اسانید کو جوڑ دیتا ہے''

ابن مدینی کہتے ہیں:

''حضرت ''واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کردہ کوئی حدیث نہ لکھی جائے''

حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا:

''واقدی کی کتابیں جھوٹ کا پلندہ ہیں''

حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' نے واقدی کی اِس حدیث پر عمل نہیں کیا لیکن دیگر محدثین کی طرح واقدی کو برا بھلا نہیں کہا، تو حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے کیا برا کیا؟

(۳) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی مسانید میں باب السیر میں وہ روایات آ رہی ہیں جن سے اس مسئلہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے مذہب کی سچائی ثابت ہوتی ہے۔ طوالت کے خوف سے وہ روایات ہم یہاں درج نہیں کر رہے۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَشْعَرَ الْبُدْنَ وَقَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ الْاِشْعَارُ مُثْلَةٌ* (وَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُّجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّهٗ اِنَّمَا یُنْکِرُ هٰذَا مَنْ لَّا یَعْرِفُ مَذْهَبَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فَاِنَّ مَذْهَبَهٗ اَنَّ اِشْعَارَ زَمَانِهٖ مُثْلَةٌ وَّهُوَ مُخَالِفَةٌ لِاِشْعَارِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَقَّ سِنَامَهَا مِنَ الْجَانِبِ الْاَیْسَرِ شِقّاً لَطِیْفاً غَیْرَ مُوْجِعٍ لِلْحَیَوَانِ وَلَا مُؤَدٍّ اِلٰی تَعْذِیْبِهٖ وَقَدْ بَالَغَ الْجُهَّالُ فِیْ ذٰلِكَ فَجَعَلُوْا یَشُقُّوْنَ السِّنَامَ شِقّاً عَنِیْفاً مُخَالِفاً لِشِقِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَیُوْجِعُوْنَ الْحَیَوَانَ اَوَّلاً ثُمَّ یَتَقَیَّحُ الْجُرْحُ فِیْ شِدَّةِ الْحَرِّ وَیَتَدَوَّدُ فَیَصِیْرُ مُثْلَةً فَلَمَّا رَاٰی اَبُوْحَنِیْفَةَ ذٰلِكَ کَرِهَ ذٰلِكَ الْاِشْعَارَ لِکَوْنِهٖ مُخَالِفاً لِلسُّنَّةِ وَمُثْلَةً وَاِنْ کَانَ الْخَطِیْبُ لَمْ یَعْرِفْ مَذْهَبَهٗ اَفَلَمْ یَنْظُرْ اِلٰی لَفْظِهٖ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ حَیْثُ قَالَ الْاِشْعَارُ مُثْلَةٌ اَدْخَلَ الْاَلِفَ وَاللَّامَ وَهُمَا لِلْعَهْدِ فِی الْاَصْلِ یَعْنِی الْاِشْعَارَ الْمَعْهُوْدَ الْمُعَایَنَ ثُمَّ قَالَ مُثْلَةٌ وَّاِشْعَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ مُّثْلَةً *وَالْخَطِیْبُ بِهٰذَا الطَّعْنِ فَضَحَ نَفْسَهٗ حَیْثُ ظَهَرَ بِهٖ اَنَّهٗ کَانَ لَا یَعْرِفُ مَذْهَبَهٗ ثُمَّ عَابَهٗ عَلٰی مَا لَا یَعْرِفُهٗ وَلَیْسَ مِنَ الْعَدْلِ سُرْعَةُ الْعَذْلِ نَصَّ الطَّحَاوِیُّ عَلٰی هٰذَا وَقَالَ اَمَّا الْاِشْعَارُ الْمَسْنُوْنُ فَلَا بَاْسَ بِهٖ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِیْ) اَنَّ الْاِشْعَارَ کَانَ فِیْ ابْتِدَاءِ الْاِسْلَامِ حِیْنَ کَانَتِ الْمُثْلَةُ مُبَاحَةً کَمَا فِیْ حَدِیْثِ الْعُرَنِیِّیْنَ ثُمَّ نُسِخَتِ الْمُثْلَةُ فَنُسِخَ الْاِشْعَارُ کَمَا نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُثْلَةِ لِلْکُفَّارِ الْمُعَانِدِیْنَ الْمُحَارِبِیْنَ فَکَیْفَ بِالْحَیَوَانِ الَّذِیْ هُوَ غَیْرُ مُکَلَّفٍ وَّالْمَقْصُوْدُ مِنَ الْاِشْعَارِ الْاِعْلَامُ وَذٰلِكَ یَحْصُلُ بِتَعْلِیْقِ الْمَزَادَةِ وَالنَّعْلِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّ الْکُفَّارَ فِیْ ابْتِدَاءِ الْاِسْلَامِ کَانُوْا لَا یَتَعَرَّضُوْنَ لِلْهَدَایَا وَیَتَعَرَّضُوْنَ لِغَیْرِهَا فَاحْتِیْجَ اِلَی الْاِعْلَامِ لِئَلَّا یَتَعَرَّضَ لَهَا فَلَمَّا ظَهَرَ الْاِسْلَامُ وَحَصَلَ الْاَمْنُ لَمْ یَبْقَ الْاِشْعَارُ مِنْ تِلْكَ السُّنَنِ *وَاعْتَمَدَ اَبُوْحَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ بِحَدِیْثِ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ اِنْ شِئْتَ فَاَشْعِرْ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا تُشْعِرْ *وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الرَّازِیُّ لَا نَعْلَمُ اَحَداً مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ اَسْنَدَ حَدِیْثَ الْاِشْعَارِ غَیْرُ اَبِیْ حَیَّانَ رَوَاهُ عَنْهُ قَتَادَةُ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر ایک اور اعتراض)

''خطیب بغدادی'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر یہ اعتراض بھی اٹھایا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے

جانوروں کا اشعار (نشانی کے طور پر اونٹ کی کوہان کو چیر دینا) کیا ہے جبکہ ابوحنیفہ اشعار کو مثلہ (شکل بگاڑنا) کہتے ہیں۔

اس اعتراض کے بھی تین جواب ہیں

(۱) اس بات کا انکار صرف وہی شخص کرسکتا ہے جو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے مذہب سے واقف نہیں ہے کیونکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا مذہب یہ ہے کہ ہمارے زمانے میں جس اشعار کا رواج ہو چکا ہے وہ مثلہ کے حکم میں ہے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کی کوہان کی بائیں جانب ہلکا سا چیر ادیا تھا جس سے جانور کو تکلیف نہیں ہوتی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل جانور کو اذیت دینے کی زد میں نہیں آتا تھا لیکن ہمارے زمانے میں جاہلوں نے اس سلسلے میں اس قدر مبالغہ کیا ہے کہ اب لوگ اونٹ کی کوہان کو اچھا خاصا گہرا زخم کر دیتے ہیں، یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اشعار کے خلاف بھی ہے اور جانور کے لئے تکلیف کا باعث بھی ہے مزید برآں یہ کہ سخت گرمی میں جانور کے اس زخم میں پیپ پڑ جاتی ہے، بعض اوقات کیڑے پڑ جاتے ہیں یہ مثلہ ہی بن جاتا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے یہ دیکھا تو اس اشعار کو مکروہ قرار دیا کیونکہ یہ سنت کے مخالف ہے اور مثلہ (شکل بگاڑنا) ہے۔ خطیب بغدادی کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے مذہب کی سمجھ نہیں، اُن کو کم از کم حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی اس عبارت پر ہی غور کر لینا چاہئے تھا آپ نے فرمایا ''الاشعار مثلۃ'' اس میں اشعار پر جو الف لام داخل کیا ہے یہ عہد کے لئے اور اس کا معہود وہ اشعار ہے جو آپ کے زمانے میں مروج تھا، جس کا آپ مشاہدہ کر چکے تھے، پھر آپ نے فرمایا ''الاشعار مثلۃ'' اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اشعار مثلہ نہیں تھا۔ خطیب بغدادی نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر یہ اعتراض کر کے دراصل خود کو ذلیل کر لیا ہے کیونکہ یہ بات کہہ کر انہوں نے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ اُن کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا مذہب سمجھ ہی نہیں آیا، پھر نقص اُس بات میں نکالا جو خود کو سمجھ نہیں آیا، اعتراض قائم کرنے میں جلد بازی کرنا انصاف نہیں ہے۔ حضرت ''امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بیان کیا ہے۔ ہاں جو اشعار سنت ہے، اس کے کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲) اشعار ابتداء اسلام میں جائز تھا جس وقت مثلہ بھی جائز تھا جیسا کہ عرنیین والی حدیث میں ہے پھر مثلہ کو منسوخ کر دیا گیا، ساتھ ہی اشعار بھی منسوخ ہو گیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو ان کفار کا مثلہ کرنے سے بھی منع کیا ہے جو اسلام و مسلمین کے دشمن ہیں بلکہ ان کی مخالفت میں لڑتے ہیں تو بے زبان جانوروں کا مثلہ کیونکر جائز ہوگا۔ نیز یہ بھی وجہ ہے کہ اشعار کا مقصد صرف نشانی رکھنا ہے اور یہ مقصد جانور کے گلے میں کوئی چیز لٹکا کر بھی حاصل ہو سکتا ہے۔

(۳) ابتداء اسلام میں کفار قربانی کے جانوروں کو کچھ نہیں کہتے تھے دیگر جانوروں کو پکڑ لیتے تھے، اس لئے ضرورت تھی کہ جانور پر اس کے قربانی کے لئے ہونے کی کوئی نشانی لگا دی جائے تا کہ وہ اُس جانور کو کچھ نہ ، جب اسلام غالب آ گیا اور ہر طرف امن وامان ہو گیا تو اشعار کی ضرورت ہی نہ رہی۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ''سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا'' کی اُس حدیث کو پیش نظر رکھا ہے جس میں آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہے ''تم اشعار کرنا چاہو تو کر لو، نہ کرنا چاہو تو نہ کرو''

حضرت ''محمد بن مقاتل الرازی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ اہل عراق میں سے ابوحیان کے علاوہ اور کسی محدث نے

اشعار والی حدیث کومسند بیان کیا ہو۔

62/(وَاَمَّا قَوْلُهٗ) عَلَيْهِ السَّلَامُ الْمُتَبَايِعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا عَنْ مَجْلِسِ الْعَقْدِ *وَقَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ اِذَا وَجَبَ الْبَيْعُ فَلَا خِيَارَ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ ثَلَاثَةِ اَوْجُهٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ مَالِكاً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى هُوَ الَّذِىْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ ثُمَّ هُوَ لَمْ يَعْمَلْ بِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِاَحَادِيْثِ نَافِعٍ وَّصِحَّتِهَا وَاعْتِلَالِهَا فَعَدَمُ عَمَلِهٖ بِهٖ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ غَيْرُ صَحِيْحٍ

(اَلْجَوَابُ الثَّانِى) اَنَّ مَالِكاً رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ وَجَدْتُ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى خِلَافِهٖ فَلَو صَحَّ هٰذَا الْحَدِيْثُ لَمَا خَفِيَ عَلٰى اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّهٗ اِنْ صَحَّ فَمَعْنَاهُ خِيَارُ الْقَبُوْلِ جَمْعاً بَيْنَ الْعَمَلِ بِهٖ وَبَيْنَ الْعَمَلِ بِسَائِرِ الاَحَادِيْثِ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر ایک اور اعتراض)

خطیب بغدادی کو یہ بھی اعتراض ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ''خرید وفروخت کرنے والے دونوں افراد جب تک اُس جگہ سے چلے نہ جائیں جہاں پر سودا طے ہوا ہے تب تک دونوں کو سودا کالعدم کرنے کا اختیار ہے'' حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کہتے ہیں ''جب سودا ہو گیا تو کالعدم کرنے کا کسی کو اختیار نہیں ہے''

اس اعتراض کے تین جوابات ہیں

(۱) اس حدیث کو روایت کرنے والے حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، آپ نے یہ حدیث حضرت ''نافع رضی اللہ عنہ'' کے ذریعے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے، خود حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' بھی اس حدیث پر عمل نہیں کر رہے، حالانکہ وہ حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کی احادیث کو، اُن کے صحیح یا معلل ہونے کو سب سے زیادہ جاننے والے ہیں، لہٰذا حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کا اِس حدیث پر عمل نہ کرنا اِس بات کی دلیل ہے کہ اُن کے نزدیک یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔

(۲) حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: میں نے اہل مدینہ کو اس حدیث کے خلاف عمل کرتے ہوئے پایا ہے، اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو یہ اہل مدینہ کی نگاہوں سے اوجھل نہ رہتی۔

(۳) اگر بالفرض یہ حدیث صحیح ثابت ہو بھی جائے تو اس حدیث اور دیگر تمام احادیث پر عمل کرنے کے لئے اس حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ اس حدیث میں اختیار سے مراد ایک شخص کے ایجاب کو قبول کرنے کا اختیار ہے (یعنی مطلب یہ ہے کہ جب خرید وفروخت کرنے والوں میں سے کسی ایک نے ایجاب کر دیا تو وہاں سے ہٹنے سے پہلے سامنے والے کو اس کا ایجاب قبول کرنے کا اختیار ہے وہ قبول کرنا چاہے تو بھی ٹھیک ہے، انکار کرنا چاہے تو بھی ٹھیک ہے)

(۶۱) اخرجه ابن حبان(۴۹۱۶) واحمد ۱:۵۶، والبخاری(۲۱۱۱) فی البیوع:باب البیعان بالخیار مالم یتفرقا،ومسلم(۱۵۳۱) فی البیوع:باب ثبوت خیار المجلس، وابو داود(۳۴۵۴) فی البیوع:باب خیار المتبایعین-

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَرَادَ سَفَراً اَقْرَعَ بَیْنَ نِسَائِهٖ *قَالَ وَقَالَ: اَبُوْحَنِیْفَةَ الْقُرْعَةُ قِمَارٌ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ عَمِلَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ فِیْمَا وَرَدَ فِیْهِ فَقَالَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یُّسَافِرُ یَقْرَعُ بَیْنَ نِسَائِهٖ وَکَذَا فِی الْقِسْمَةِ الَّتِی فِی مَعْنَی الْمُسَافِرَةِ الَّتِی لَیْسَ فِیْهَا اِبْطَالُ حَقٍّ ثَابِتٍ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ تَفَطَّنَ لِلْفَرْقِ بَیْنَ الْمُسَافِرَةِ بِبَعْضِ اَزْوَاجِهٖ وَبَیْنَ الْحَکَمِ لِاَحَدِ الْمُدَّعِیَّیْنِ فَامْتَنَعَ عَنِ الْقِیَاسِ وَعَمِلَ بِالْحَدِیْثِ الَّذِی ورد فیه*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) مَا یَأْتِی مُفَصَّلاً اِنْ شَاءَ اللّٰه تَعَالٰی فِی اَثْنَاءِ الْمَسَانِیْدِ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پرایک اوراعتراض)

''خطیب بغدادی'' نے یہ اعتراض بھی کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی بیویوں میں قرعہ اندازی کرتے (جس کے نام قرعہ نکلتا اس کو سفر میں اپنے ہمراہ لے جاتے) اور حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کہتے ہیں کہ قرعہ ڈالنا قمار یعنی جوا ہے۔

اس اعتراض کے تین جواب ہیں

(۱) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے اس حدیث پر عمل کیا ہے، آپ فرماتے ہیں کہ جب بندہ سفر کا ارادہ کرے، اس کو چاہئے کہ اپنی بیویوں میں قرعہ اندازی کرلے، یونہی جو کام بھی سفر کا مفہوم رکھتا ہے، جس میں کسی کا ثابت شدہ حق ضائع کرنا نہ ہو، اس میں قرعہ اندازی کرنا جائز ہے۔ (اور حدیث پاک سے یہی ثابت ہوتا ہے)

(۲) حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' سمجھ گئے تھے کہ کسی بیوی کو ہمراہ لے کر سفر کرنے میں اور قرعہ اندازی کے جواز کے دعویداروں کے ثابت کئے ہوئے حکم میں کتنا فرق ہے، اس لئے آپ نے حدیث کے مفہوم پر عمل کرلیا اور مزید کسی قرعہ اندازی کو اس پر قیاس کرنے سے منع فرمادیا۔

(۳) تیسرا جواب مسانید کی اثناء میں تفصیل کے ساتھ آئے گا۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ بِاَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ قَالَ لَوْ رَآنِی النَّبِیُّ لَاَخَذَ بِکَثِیْرٍ مِنْ قَوْلِی*

(وَالْجَوَابُ عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ هٰذَا تَصْحِیْفٌ مِنَ الْخَطِیْبِ وَقَعَ مِنْهُ وَافْتَضَحَ بِهٖ فَاِنَّ الرِّوَایَةَ الَّتِی یَرْوِیْهَا اَبُوْ یُوْسُفَ اَنَّهُ لَمَّا ظَهَرَ عُثْمَانُ الْبَتِّی وَاَظْهَرَ مَذْهَبَهُ فِی الْاُصُوْلِ بَلَغَ ذٰلِكَ اَبَا حَنِیْفَةَ فَقَالَ لَوْ اَنَّ الْبَتِّی بِالْبَاءِ وَالتَّاءِ رَآنِی لَاَخَذَ بِکَثِیْرٍ مِّنْ اَقْوَالِی*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِی) اَنَّ الْخَطِیْبَ هُوَ الَّذِیْ رَوٰی اَنَّ اَبَا حَنِیْفَةَ کَانَ مَخْصُوصاً بِالْعَقْلِ وَالذَّکَاءِ وَالْعَاقِلُ لَا یَقُوْلُ هٰذَا*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّهُ اِنْ صَحَّتِ الرِّوَایَةُ فَالْمُرَادُ مِنْهُ اُمُوْرِ الدُّنْیَا وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

كَانَ يُشَاوِرُ اَصْحَابَهٗ فِي اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَيَأْخُذُ بِاَقْوَالِهِمْ وَرُبَمَا يُخْطِءُ فِي ذٰلِكَ وَاِنَّمَا الْاِيْحَاءُ وَالْعِصْمَةُ لَهٗ فِي الزَّلَلِ فِي اَمْرِ الشَّرَائِعِ وَمَوْضِعُ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ اُصُوْلُ الْفِقْهِ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر ایک اور اعتراض)

حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا ہے کہ ''اگر کوئی نبی مجھے دیکھ لیتا تو وہ بھی میرے بہت سارے اقوال کو اپنا لیتا''

اس کے تین جواب ہیں

(۱) یہ ''خطیب بغدادی'' کی غلطی ہے اور یہ اعتراض کر کے وہ خود ہی رسوا ہوا ہے کیونکہ یہ واقعہ حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے منقول ہے، وہ یہ ہے کہ ''عثمان البتی'' جب ظاہر ہوا اور اس نے اپنا مذہب ظاہر کیا تو حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے ''بتی'' کے بارے میں فرمایا تھا کہ ''اگر بتی (یعنی عثمان البتی) مجھے دیکھ لیتا تو میرے بہت سارے اقوال اپنا لیتا''

(۲) ''خطیب بغدادی'' خود کہتے ہیں حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' ''عقل اور سمجھداری میں سب سے زیادہ تھے'' اور عقل مند ایسی بات کر ہی نہیں سکتا۔

(۳) اگر بالفرض یہ روایت درست بھی ہو تو اس سے مراد یہ ہے کہ دنیاوی امور میں میرے مشورے کو ترجیح دیتے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ آپ دنیاوی معاملات میں اپنے اصحاب سے مشورہ کیا کرتے تھے، اور (بسا اوقات) ان کے مشورے کو اپنا بھی لیتے تھے، کبھی کبھی اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطا بھی ہو جاتی تھی کیونکہ انبیاء کرام علیہم السلام کا معصوم ہونا دینی معاملات میں ہے، اس مسئلہ کی مکمل تفصیل اصول فقہ میں ہے۔

(وَاَمَّا قَوْلُهٗ) عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ حَاكِياً عَنْ اَبِي مُطِيْعٍ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنِ الْاَشْرِبَةِ فَمَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهَا اِلَّا قَالَ حَلَالٌ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ (اَحَدُهَا) اَنَّ الَّذِي قَالَهٗ اَبُوْحَنِيْفَةَ مَذْهَبُ كِبَارِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ فَكَيْفَ يُخَالِفُ الْآثَارَ وَيُفَسِّقُ الصَّحَابَةَ وَهُوَ الْمَرْوِيُّ عَنْهُ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ نَبِيْذِ التَّمَرِ وَاِبَاحَتُهٗ مَا لَمْ يُسْكِرْ فَقَالَ كَيْفَ اُحَرِّمُهٗ وَاُفَسِّقُ سَبْعِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) مَا يَأْتِي مُفَصَّلاً فِي اَثْنَاءِ الْمَسَانِيْدِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ الْاَخْبَارِ وَالْآثَارِ مَا يَتَّضِحُ بِهٖ صِحَّةُ مَا قَالَهٗ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) مَا قَالَهٗ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ اَنَّهٗ قَالَ ثَلَاثَةُ اَحَادِيْثَ لَمْ تَصِحَّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ *وَمَنْ مَسَّ ذَكَرَهٗ فَلْيَتَوَضَّأْ *وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ *قَالَ عَبَّاسٌ الدَّوْرِيُّ لَمَّا سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ يَحْيٰى ابْنِ مَعِيْنٍ مَضَيْتُ اِلٰى اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ عُدْ اِلَيْهِ فَقُلْ لَهٗ فِي مَسِّ الذَّكَرِ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَهُوَ حَدِيْثُ مَكْحُوْلٍ عَنْ عَنْبَسَةَ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ *قَالَ عَبَّاسٌ فَغَدَوْتُ اِلَيْهِ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ يَحْيٰى قُلْ لَهٗ مَكْحُوْلٌ لَمْ يَلْقَ عَنْبَسَةَ *وَذَكَرَ ابْنُ الْمُنْذِرِ فِي كِتَابِ الْاَشْرَافِ اَنَّ الْعُلَمَاءَ اخْتَلَفُوْا فِي

الطِّلاءِ وَاَکْثَرُ اَھْلِ الْعِلْمِ عَلٰی اَنَّہٗ اِذَا ذَھَبَ ثُلُثَاہُ وَبَقِیَ ثُلُثُہٗ فَشُرْبُہٗ مُبَاحٌ وَھُوَ قَوْلُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ وَاَبِی عُبَیْدَۃَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَاَبِی طَلْحَۃَ الْاَنْصَارِیِّ وَاَنَسِ ابْنِ مَالِکٍ وَعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَّاَبِی الدَّرْدَاءِ وَمِنَ التَّابِعِیْنَ الْحَسَنُ الْبَصَرِیُّ وَالشَّعْبِیُّ وَاِبْرَاھِیْمُ النَّخْعِیُّ وَعِکْرَمَۃُ وَاللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ* وَالْعَجَبُ مِنَ الْخَطِیْبِ کَیْفَ یُشَنِّعُ عَلٰی اَبِی حَنِیْفَۃَ وَمَا حَمَلَ اَبَا حَنِیْفَۃَ عَلٰی ذٰلِکَ اِلَّا الْاِقْتِدَاءُ بِاَکَابِرِ الصَّحَابَۃِ وَقَالَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ اِذَا شَرِبَ النَّبِیْذَ وَمَنْ عَزَمَہٗ اَنَّہٗ یَشْرَبُ حَتّٰی یَسْکُرَ فَالْجُرْعَۃُ الْاُوْلٰی حَرَامٌ وَکَذَا اِذَا شَرِبَہٗ لَھْوًا وَطَرَبًا وَاَمَّا اِذَا شَرِبَ مِنْہُ مَا یَغْلِبُ فِی ظَنِّہٖ اَنَّہٗ لَا یُسْکِرُہٗ مِنْ غَیْرِ لَھْوٍ وَّلَا طَرَبٍ فَلَا بَاْسَ بِہٖ* فَاَمَّا الْخَمْرُ فَحَرَامٌ قَلِیْلُہٗ وَکَثِیْرُہٗ *وَقَدْ صَرَّحَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَلٰی مَا ھُوَ عَیْنُ مَذْھَبِ اَبِی حَنِیْفَۃَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ قَلِیْلُھَا وَکَثِیْرُھَا لِعَیْنِھَا وَالسُّکْرُ مِنْ کُلِّ شَرَابٍ *قَالَ الْخَطَّابِیُّ السَّکْرُ بِفَتْحِ السِّیْنِ خَطَاءٌ وَاِنَّمَا الصَّوَابُ السُّکْرُ بِضَمِّ السِّیْنِ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر ایک اور اعتراض)

(۱) اللہ تعالیٰ ''خطیب بغدادی'' کو معاف فرمائے، انہوں نے ابومطیع کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے کسی بھی مشروب کے بارے میں مسئلہ پوچھا گیا تو انہوں نے اس کے حلال ہونے کا ہی فتویٰ دیا۔

اس اعتراض کے تین جواب ہیں

(۱) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے جو فرمایا۔ ہے وہ کبار صحابہ کرام اور تابعین کا مذہب ہے، تو آپ اُن کے آثار کی مخالفت کیسے کر سکتے تھے اور صحابہ کرام پر فسق کا فتویٰ کیسے لگاتے؟ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں یہ مروی ہے کہ ان سے نبیذ تمر (کھجوروں کے مشروب) کے بارے میں پوچھا گیا اور جو چیز نشہ آور نہ ہو، اس کے حلال ہونے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: میں اس کو کیسے حرام قرار دے دوں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ستر صحابہ کرام کو فاسق کیسے قرار دے دوں؟

(۲) مسانید کی اثناء میں ایسی احادیث اور آثار آرہے ہیں جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے موقف کا صحیح ہونا ثابت ہوتا ہے۔

(۳) حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: تین حدیثیں (جو) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے (بیان کی جاتی ہیں وہ) صحیح نہیں ہیں۔ ان میں سے ایک ''حجامہ کرنے والے اور کروانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے'' دوسری ''جس نے اپنے آلہ تناسل کو ہاتھ لگالیا، وہ (دوبارا) وضو کرے'' اور تیسری ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے''۔ حضرت ''عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے یہ وضاحت جب حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کی زبان سے سنی تو میں حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس گیا اور ان کو یہ بات بتائی، انہوں نے فرمایا: حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس دوبارہ جاؤ اور ان کو بتاؤ کہ آلہ تناسل کے چھونے کے بارے میں صحیح حدیث موجود ہے اور وہ حضرت ''مکحول رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے عنبسہ کے ذریعے سیدہ ''ام حبیبہ رضی اللہ عنہا'' سے مروی ہے۔ حضرت ''عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں اگلے دن صبح سویرے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کی خدمت میں حاضر ہوگیا، اور

حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کی بات بتائی ، جواب میں حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ''اُن سے کہنا : حضرت ''مکحول رحمۃ اللہ علیہ'' کی تو حضرت ''عنبسہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ملاقات ہی ثابت نہیں ہے''۔اور حضرت ''ابن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''کتاب الاشراف'' میں لکھا ہے کہ علماء کا انگوروں کے گاڑھے رس میں اختلاف ہے، اکثر اہل علم کا یہ مذہب ہے کہ جب اس کا دو تہائی ختم ہو جائے اور صرف ایک تہائی باقی بچ جائے تو اس کا پینا جائز ہے، یہی قول عمر بن خطاب کا ہے، یہی مذہب علی ابن ابی طالب، ابوعبیدہ بن جراح، معاذ بن جبل، ابوطلحہ انصاری، انس بن مالک، عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہم کا ہے۔اور تابعین میں سے حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے، مجھے تو اس بات پر حیرانگی ہے کہ خطیب صاحب حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' پر یہ اعتراض کیسے کر رہے ہیں، جبکہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' تو صرف اکابر صحابہ کرام کی اتباع کرتے ہوئے یہ موقف قائم کر رہے ہیں۔حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے یہ فرمایا ہے ''جو شخص نبیذ پئے اور پیتے وقت اس کا ارادہ ہو کہ اس کے پینے سے اُسے نشہ آئے گا، اس کا پہلا گھونٹ ہی حرام ہے، اسی طرح اگر کوئی نبیذ کو لہو ولعب اور کھیل کود کے طور پر پئے تب بھی حرام ہے۔لیکن اگر کوئی شخص نبیذ پئے اور پیتے وقت اس کے نشہ آور ہونے کا اس کو ظن غالب نہ ہو اور وہ لہو ولعب اور مستی کے لئے اس کو نہ پی رہا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔لیکن جہاں تک تعلق ہے شراب کا تو وہ تھوڑی بھی حرام ہے اور زیادہ بھی حرام ہے۔

حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' نے بھی اس کی تصریح کی ہے جو کہ بعینہٖ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کا مذہب ہے، آپ فرماتے ہیں ''شراب تھوڑی ہو یا زیادہ بذاتِ خود حرام ہے، اور (دیگر ہر طرح کے) مشروب کا نشہ حرام ہے۔خطابی کہتے ہیں ''سکر'' میں سین پر زبر پڑھنا غلط ہے اور درست یہ ہے کہ سین پر پیش پڑھا جائے۔

(وَاَمَّا قَوْلُهٗ) حَاكِياً عَنْ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ التِّرْمَذِيِّ اَنَّهٗ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَرَى مَا فِيْهِ النَّاسُ مِنَ الْاِخْتِلَافِ قَالَ فِي اَيِّ شَيْءٍ قُلْتُ فِيْمَا بَيْنَ اَبِي حَنِيْفَةَ وَمَالِكٍ وَالشَّافِعِيِّ فَقَالَ اَمَّا اَبُو حَنِيْفَةَ فَلَا اَعْرِفُهٗ وَاَمَّا مَالِكٌ فَكَتَبَ الْعِلْمَ وَاَمَّا الشَّافِعِيُّ فَمِنِّي وَلِيْ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وَجْهَيْنِ (اَحَدُهُمَا) اَنَّ فِي مَتْنِهٖ مَا يَدُلُّ عَلٰى وَهْنِهٖ وَكِذْبِهٖ لِاَنَّهٗ صَحَّ فِي الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ يُعْرَضُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَعْمَالُ اُمَّتِهٖ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ *فَكَيْفَ لَا يَعْرِفُهٗ وَاَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَعْرِفُ كُلَّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ تُعْرَضُ اَعْمَالُهُمْ عَلَيْهِ فَكَيْفَ لَا يَعْرِفُ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَعْمَالُ اَكْثَرِ اُمَّتِهٖ عَلٰى مَذْهَبِهٖ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) اَنَّ هٰذِهِ الرُّؤْيَا مُعَارِضَةٌ بِمَا رُوِيَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الصَّالِحِيْنَ وَعُلَمَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ رُؤْيَاهُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَزْكِيَةُ اَبَا حَنِيْفَةَ (مِنْهَا) مَا رُوِيَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ كُنْتُ اَبْغَضُ اَبَا حَنِيْفَةَ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ فَقَالَ كَلَامُ اَبِي حَنِيْفَةَ كَكَلَامِ لُقْمَانَ بَلْ اَزْيَدُ *فَتُبْتُ وَاَحْبَبْتُ اَبَا حَنِيْفَةَ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر ایک اور اعتراض)

''خطیب بغدادی'' نے یہ اعتراض بھی کیا ہے کہ حضرت ''احمد بن حسن ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے لکھا ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کا آپس میں جو اختلاف ہو چکا ہے، اس سلسلے میں آپ کی رائے کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کون سا اختلاف؟ میں نے کہا: جو ابوحنیفہ، مالک اور شافعی کے مابین ہو رہا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوحنیفہ کو تو میں جانتا ہی نہیں ہوں، البتہ مالک علم کی بات لکھتا ہے اور شافعی مکمل طور پر میری بات کرتا ہے۔

اس اعتراض کے دو جواب ہیں

(۱) اس روایت کے متن میں ایسا مفہوم موجود ہے جو اس کے من گھڑت اور جھوٹا ہونے پر دلالت کرتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ صحیح حدیث میں یہ ہے کہ ہر سوموار اور جمعرات کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں، پھر جب سب لوگوں کے اعمال رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کئے جانے کی وجہ سے آپ ہر اچھے برے شخص کو جانتے ہیں تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابوحنیفہ کو جانتے نہ ہوں حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی اکثریت امام اعظم ابوحنیفہ کے مذہب پر ہی عمل پیرا ہے۔

(۲) یہ خواب ان خوابوں کے متضاد ہے جو علماء مسلمین اور صالحین کی ایک جماعت سے منقول ہیں کہ ان لوگوں نے خواب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور اس میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی تعریف کی۔ ذیل میں ایک واقعہ درج کیا جاتا ہے

حضرت ''فضل بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے بغض رکھتا تھا، پھر ایک مرتبہ میں نے خواب میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوحنیفہ کی باتیں لقمان کی باتوں جیسی ہیں بلکہ اس سے بھی اچھی ہیں۔ تب میں نے توبہ کی اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے محبت کرنے لگ گیا۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ حَاكِياً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ غَالِبٍ عَنْ اَبِى حَنِيْفَةَ اَنَّهُ قَالَ لَوْ اَنَّ مَيِّتاً دُفِنَ وَاحْتَاجَتْ وَرَثَتُهُ اِلٰى كَفَنِهٖ فَلَهُمْ اَنْ يُنَبِّشُوْهُ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ*

(اَحَدُهَا) اَنَّ هٰذَا الرَّاوِىَ كُنْيَتُهُ اَبُو جَعْفَرِ الشَّبَّاكُ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ كَذَّابٌ ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فَلَيْتَ شِعْرِىْ مَا الَّذِى عَدَّلَ الْكَذَّابِيْنَ اِذَا رَوَوْا طَعْناً فِى اَبِى حَنِيْفَةَ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِى) اَنَّ مَذْهَبَ اَبِى حَنِيْفَةَ عَلٰى خِلَافِ هٰذَا فَاِنَّ مَذْهَبَهُ اَنَّ الْكَفَنَ اِذَا نُبِشَ يَجِبُ عَلَى الْوَرَثَةِ اَنْ يُكَفِّنُوْهُ*

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) اَنَّهُ اِذَا كَانَ عَلَيْهِ كُفِّنَ زَائِدٌ عَلٰى حَالِهٖ كُفِنَ بِهٖ بِغَيْرِ اِذْنِ الْوَرَثَةِ وَاحْتَاجُوا فَلَهُمْ اَنْ يَأْخُذُوْهُ لِاَنَّهُ حَقُّهُمْ*

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر ایک اور اعتراض)

''خطیب بغدادی'' نے حضرت ''محمد بن غالب رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اگر میت کو دفن کردیا گیا ہو، پھر اس کے وارثوں کو اس کے کفن کی ضرورت پڑ جائے تو ورثاء اُس کی قبر کھود سکتے ہیں۔

اس اعتراض کے تین جواب ہیں

(۱) اس راوی کی کنیت ''ابوجعفر شاک'' ہے، یہ متروک الحدیث ہے، کذاب (جھوٹا) ہے، خطیب بغدادی نے خود اس بات کا ذکر کیا ہے، مجھے نہیں سمجھ آتی کہ آخر وہ کونسی چیز ہے جس نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر طعن کرنے کے لئے کذابوں کو بھی عادل بنادیا۔

(۲) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا مذہب تو اس کے برخلاف ہے، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کا مذہب یہ ہے کہ اگر کسی میت کا کفن چُرالیا جائے تو ورثاء پر لازم ہے کہ وہ اس کو دوبارہ کفن دیں۔

(۳) اگر کسی میت کو اس کے کفن میں اُس کے حال سے زیادہ کپڑا لگادیا جائے اور وہ کفن ورثاء کی اجازت کے بغیر دیا گیا ہو، اور وارثوں کو اس کی ضرورت ہو تو اُن کو وہ زائد کپڑا لینا جائز ہے کیونکہ وہ ان کا حق ہے۔

(وَاَمَّا قَوْلُهُ) حَاكِياً عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ اَنَّهُ قَالَ اسْتُتِيْبَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ مِنَ الْكُفْرِ مَرَّتَيْنِ*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ*

(اَحَدُهَا) اَنَّ سُفْيَانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَبِي حَنِيْفَةَ عَدَاوَةٌ ظَاهِرَةٌ لِاَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ كَانَ يُبْهِتُهُمْ وَيُلْقِمُهُمُ الْحَجَرَ فَلَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يَّتَكَلَّمُوا وَكَانَ سُفْيَانُ وَاَمْثَالُهُ مِنَ الْبَشَرِ تَأْمُرُهُمُ النَّفْسُ الْاَمَّارَةُ بِالسُّوْءِ عَلَى الْوَقِيْعَةِ فِيْهِ بِحُكْمِ الْبَشَرِيَّةِ كَاُخْوَةِ يُوْسُفَ اَوْلَادِ يَعْقُوْبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَتَذَكَّرُوْنَ فَاِذَا هُمْ مُبْصِرُوْنَ فَجَعَلُوا يَمْدَحُوْنَهُ *وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ مَا قُلْنَا اَنَّهُ مَا حُكِيَ عَنْ اَحَدٍ مِّنْ هٰؤُلَاءِ الطَّعْنُ فِي اَبِي حَنِيْفَةَ اِلَّا حُكِيَ عَنْهُ ثَنَاءٌ وَمَدْحٌ فِي وَقْتٍ آخَرَ فَالْاَوَّلُ كَانَ بِحُكْمِ الْبَشَرِيَّةِ وَالنَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالثَّانِي بِحُكْمِ وَرْعِهِمْ وَتَقْوَاهُمْ وَاِلَيْهِ وَقَعَتِ الْاِشَارَةُ بِقَوْلِهِ تَعَالٰى (اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ) *اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَيَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ فَلَمْ يَغْتَبْ اَحَداً كَاَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاِنَّهُ لَمْ يُنْقَلْ عَنْهُ اَنَّهُ ذَكَرَهُمْ بِسُوْءٍ عَلٰى مَا حَكٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ سُفْيَانَ فَوَقَعَ فِي اَبِي حَنِيْفَةَ فَقُلْتُ لَهُ مَا اَبْعَدَ اَبَا حَنِيْفَةَ مِنَ الْغِيْبَةِ مَا رَاَيْتُهُ يَغْتَابُ اَحَداً فَقَالَ سُفْيَانُ اِنَّهُ لَاَعْقَلُ مِنْ اَنْ يُسَلِّطَ اَحَداً عَلٰى حَسَنَاتِهِ*

(وَالْجَوَابُ الثَّانِي) اَنَّ اَبَا يُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَسَّرَ ذٰلِكَ فَقَالَ لَمَّا دَعَا ابْنُ هُبَيْرَةَ اَبَا حَنِيْفَةَ اِلَى الْقَضَاءِ فَامْتَنَعَ وَكَانَ مَذْهَبُ ابْنِ هُبَيْرَةَ اَنَّ مَنْ خَرَجَ عَنْ طَاعَةِ الْاِمَامِ كَفَرَ فَقَالَ لَهُ كَفَرْتَ يَا اَبَا حَنِيْفَةَ تُبْ اِلَى اللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ ثُمَّ دَعَاهُ الثَّانِيَةَ فَفَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ حَبَسَهُ فَقَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ

حَتّٰی اُشَاوِرَ اَصْحَابِی وَاَتَانِی فِی اَمْرِیْ فَخَلّٰی سَبِیْلَهٗ فَرَکِبَ دَابَّتَهٗ وَلَحِقَ بِمَکَّةَ فَلَمْ یَزَلْ بِهَا حَتّٰی تَصَرَّمَتِ الدَّوْلَةُ الْمَرْوَانِیَّةُ وَانْتَقَلَ الْاَمْرُ اِلٰی عَبْدِ اللّٰهِ السَفَاحِ فَوَفَدَ اِلَیْهِ اَبُوْحَنِیْفَةَ فَهٰذَا مَعْنٰی قَوْلِ سُفْیَانَ اسْتُتِیْبَ اَبُوْحَنِیْفَةَ مِنَ الْکُفْرِ مَرَّتَیْنِ *

(وَالْجَوَابُ الثَّالِثُ) مَا قِیْلَ اَنَّ الْخَوَارِجَ دَخَلُوا الْکُوْفَةَ وَقَصَدُوا اَبَا حَنِیْفَةَ بِالسُّیُوْفِ الْمُشْهَرَةِ وَقَالُوا اَنْتَ تَزْعَمُ اَنَّهٗ لَا یُکَفَّرُ اَحَدٌ بِذَنْبٍ * وَالْحِکَایَةُ مَشْهُوْرَةٌ اِلٰی اَنْ قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ فَقَالَ اَعْدَاؤُهٗ اسْتُتِیْبَ اَبُوْحَنِیْفَةَ مِنَ الْکُفْرِ مَرَّتَیْنِ وَعَنَوا بِهٖ هٰذَا * وَحُکِیَ هٰذَا عَنِ الْکَرْخِیِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَقَالَ فِی آخِرِ الْحِکَایَةِ فَلَمَّا اُخْرِجُوْا عَنْهُ قِیْلَ لِکَبِیْرِهِمْ اِنَّمَا عَنٰی اَبُوْحَنِیْفَةَ بِالْکُفْرِ الَّذِی تَابَ عَنْهُ الَّذِی اَنْتَ عَلَیْهِ فَاسْتَرَدَّهٗ فَقَالَ اِنَّمَا تُبْتُ مِنَ الْکُفْرِ الَّذِی تَعْتَقِدُ اَنَا عَلَیْهِ فَقَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ اَتَقُوْلُ هٰذَا عَنْ ظَنٍّ اَمْ عَنْ عِلْمٍ فَقَالَ بَلْ عَنْ ظَنٍّ قَالَ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ (اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ) * وَهٰذِهٖ خَطِیْئَةٌ مِنْکَ وَهِیَ کُفْرٌ فَتُبْ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی مِنَ الْکُفْرِ فَقَالَ وَاَنْتَ فَتُبْ فَقَالَ اَنَا تَائِبٌ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی مِنْ کُلِّ کُفْرٍ فَهٰذَا مَعْنٰی قَوْلِهِمْ اسْتُتِیْبَ اَبُوْحَنِیْفَةَ مِنَ الْکُفْرِ مَرَّتَیْنِ *

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر ایک اور اعتراض)

حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے کفر سے دومرتبہ توبہ کی ہے۔

اس کے تین جواب ہیں

(۱) حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے مابین بالکل واضح عداوت تھی، کیونکہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اُن کو لاجواب کردیا کرتے تھے اس لئے وہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے سامنے تو بولنے کی جرات نہیں کرسکتے تھے بلکہ بتقاضائے بشریت سفیان وغیرہ دیگر لوگوں کو ان کے نفس امارہ نے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' پر یہ الزام عائد کرنے پر مجبور کیا جیسا کہ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ سلوک کیا، حالانکہ وہ تو سب ایک نبی کی اولاد تھے لیکن پھر ان کو سمجھ آ گئی تو وہ لوگ تائب بھی ہوئے اور حضرت یوسف علیہ السلام کے مدح خوان بھی بن گئے

ہم نے جو دعویٰ کیا ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ جس جس شخص سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں طعن مروی ہے، کسی دوسرے مقام پر انہی لوگوں نے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کی تعریف بھی کی ہے۔ پہلی بات (یعنی طعن و تشنیع) بتقاضائے بشریت اور نفس امارہ کے ابھارنے کی وجہ سے ہوتا رہا اور دوسری بات (یعنی تعریف و مدح سرائی) ان کے تقویٰ اور پرہیزگاری کی بناء پر ہوتا رہا، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں اسی بات کی جانب اشارہ کیا گیا ہے

ہاں اللہ تعالیٰ جس کو بچائے تو وہ غصے کی حالت میں خود پر کنٹرول کرلیتا ہے اور کسی کی غیبت میں مبتلا نہیں ہوتا جیسا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' تھے، کہ آپ نے کبھی کسی کو برے الفاظ میں یاد نہیں کیا۔ جیسا کہ حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں ''ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھا، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی

عیب جوئی کی۔ میں نے اُن سے کہا: حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' تو غیبت سے بہت دور ہیں، میں نے ان کو کبھی کسی کی غیبت کرتے ہوئے نہیں سنا، حضرت ''سفیان رضی اللہ عنہ'' نے کہا: وہ بہت سمجھدار ہیں، وہ اپنی نیکیوں پر دوسرے کو قابض نہیں ہونے دیتے۔

(۲) حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ جب ابن ہبیرہ نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کو قاضی بننے کی پیشکش کی، تو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے انکار کردیا، ابن ہبیرہ کا مذہب یہ تھا کہ جو اپنے امام (یعنی حکمران) کی اطاعت نہ کرے، وہ کافر ہوگیا، اُس نے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' سے کہا ''اے ابوحنیفہ! تم نے کفر کیا ہے، تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو'' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا ''میں ہر گناہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں'' ابن ہبیرہ نے دوسری بار پھر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کو بلایا اور (اُسی طرح منصب قضاء کی پیشکش کی، لیکن حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے حسب سابق انکار کردیا) یہ معاملہ تین مرتبہ پیش آیا۔ پھر ابن ہبیرہ نے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کو قید کروادیا، پھر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: مجھے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مشورہ کرنے کا موقع دو، ابن ہبیرہ نے آپ کو چھوڑ دیا، آپ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور مکہ مکرمہ آگئے، پھر آپ مسلسل یہیں پر رہے حتیٰ کہ مروان کی حکومت ختم ہوئی اور عبداللہ سفاح نے اقتدار سنبھالا، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' اُس کے پاس تشریف لائے۔ یہ ہے مطلب حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' کے قول کا کہ'' حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے دومرتبہ کفر سے توبہ کی''

(۳) روایت ہے کہ خوارج کوفہ میں داخل ہوئے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر تلواریں سونت لیں اور کہنے لگے: تم یہ سمجھتے ہو کہ گناہ کی وجہ سے کوئی کافر نہیں ہوتا، یہ واقعہ بہت مشہور ہے، اس واقعہ میں یہ ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا ''میں ہر گناہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں'' اس سے آپ کے دشمن یہ سمجھے کہ حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے دومرتبہ کفر سے توبہ کی۔

یہی واقعہ حضرت ''کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی بیان کیا ہے، انہوں نے اس واقعہ کے آخر میں کہا ہے ''جب وہ (خوارج) لوگ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' سے واپس آئے تو کسی نے ان کے بڑے سے کہا: حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے جس کفر سے توبہ کی ہے، اس سے اُس کی مراد وہ کفر ہے جس پر آپ ہیں۔ وہ دوبارہ لوٹ کر حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے پاس آگیا اور کہنے لگا: آپ نے اس کفر سے توبہ کی ہے جو آپ کے زعم میں میرے اندر پایا جاتا ہے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: آپ یہ بات یقین سے کہہ رہے ہیں یا فقط آپ کا گمان ہے؟ اُس نے کہا: (یقین تو نہیں ہے البتہ) میرا گمان ہے۔ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

''بیشک کوئی گمان گناہ ہو جاتا ہے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اور یہ آپ سے گناہ سرزد ہوا ہے جو کہ (آپ کے مذہب کے مطابق) کفر ہے، اور آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کفر سے توبہ کریں، اُس نے کہا: اور آپ بھی توبہ کریں، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: میں ہر قسم کے کفر سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ

کرتا ہوں۔ یہ مطلب ہے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' کے کہنے کا کہ ''ابوحنیفہ نے دو مرتبہ کفر سے توبہ کی ہے''

(وَاَمَّا) قَوْلُهُ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ حَاكِياً عَنْ اَحْمَدَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ النَّظْرِ فِي كُتُبِ اَبِي حَنِيْفَةَ اَيَجُوْزُ فَقَالَ لَا*

(فَالْجَوَابُ) عَنْهُ مِنْ وُجُوْهٍ ثَلَاثَةٍ*

• (اَحَدُهَا) اَنَّ الْخَطِيْبَ هُوَ الَّذِىْ حَكٰى عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الْحَرْبِيِّ اَنَّهُ ذَكَرَ اَحْمَدُ يَوْماً مَسَائِلَ دَقِيْقَةً فَقُلْتُ لَهُ مِنْ اَيْنَ لَكَ هٰذَا قَالَ مِنْ كُتُبِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ فَاِذَا كَانَ هُوَ يَنْظُرُ فِيْهَا وَيَسْتَفِيْدُ مِنْهَا فَكَيْفَ يَنْهٰى غَيْرَهُ*

(وَالثَّانِي) اَنَّ كُتُبَ اَبِي حَنِيْفَةَ لا يُخَالِفُهَا اَحْمَدُ اِلَّا فِي عِدَةِ مَسَائِلَ اَقَلَّ مِمَّا يُخَالِفُ فِيْهَا الشَّافِعِيُّ وَغَيْرُهُ وَقَدْ كَتَبْتُ مِائَةً وَّخَمْسَةً وَّعِشْرِيْنَ مَسْئَلَةً مِنْ اُصُوْلِ الْمَسَائِلِ الَّتِي وَافَقَ فِيْهَا اَحْمَدُ اَبَا حَنِيْفَةَ وَخَالَفَهُمَا الشَّافِعِيُّ فَكَيْفَ يُتَصَوَّرُ اَنَّ الْمَسَائِلَ الَّتِي هِيَ مَذْهَبُهُ مُخَالِفَةٌ لِمَا اَخَذَ بِهٖ*

(وَالثَّالِثُ) اَنَّ الْخَطِيْبَ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ طَعَنَ فِي اَحْمَدَ اَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَقَالَ قَدْ وَثَّقَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ حَرِيْزَ بْنَ عُثْمَانَ فَقَالَ هُوَ ثِقَةٌ ثِقَةٌ ثِقَةٌ وَحَرِيْزٌ كَانَ يُبْغِضُ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَعَلِياً رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَلَا فَرْقَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مَنْ يُبْغِضُ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ ثُمَّ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ حَرِيْزٌ كَذَّاباً فَاسِقاً *وَرَوٰى عَنْهُ ابْنُ عَيَّاشٍ اَنَّهُ قَالَ هُوَ الَّذِي يَرْوِىْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيِّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ اَنَّهُ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى *خَطَأٌ قَالَ ابْنُ عَيَّاشٍ فَقُلْتُ لَهُ فَمَا هُوَ قَالَ سَمِعْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ عَبْدِ الْمَلِكِ يَرْوِيْهِ عَلَى الْمِنْبَرِ فَيَقُوْلُ عَلِيٌّ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى *ثُمَّ اَكَّدَ الْخَطِيْبُ هٰذِهِ الشَّنَاعَةَ عَلٰى اَحْمَدَ فَقَالَ بَلَغَنِي عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ هَارُوْنَ اَنَّهُ قَالَ رَاَيْتُ رَبَّ الْعِزَّةِ فِي النَّوْمِ فَقَالَ يَا يَزِيْدُ تَكْتُبُ عَنْ حَرِيْزِ بْنِ عُثْمَانَ فَقُلْتُ يَا رَبِّ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ اِلَّا خَيْراً فَقَالَ يَا يَزِيْدُ لَا تَكْتُبْ عَنْهُ فَاِنَّهُ يَسُبُّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ *وَهٰذِهٖ حِكَايَةٌ عَنْ اَحْمَدَ اَنَّهُ طَعَنَ فِي اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَصَدَ الْخَطِيْبُ بِهٖ تَنْفِيْرَ الْقُلُوْبِ عَنْهُ فَكَذٰلِكَ جَازَ اَنْ يَّكُوْنَ مَقْصُوْدُهُ فِي حِكَايَةِ الطَّعْنِ عَنْهُ فِي اَبِي حَنِيْفَةَ تَنْفِيْرُ قُلُوْبِ اَصْحَابِهٖ عَنْهُ *وَقَدْ قَالَ الْخَطِيْبُ اَيْضاً فِي حَقِّ اَحْمَدَ اَنَّهُ وَهِمَ فِي مَوَاضِعَ ذَكَرَهَا الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُو اَحْمَدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِيِّ ابْنِ الْجَوْزِيِّ فِي كِتَابِهِ الْمَوْسُوْمِ (بِالسَّهْمِ الْمُصِيْبِ فِي الرَّدِّ عَلَى الْخَطِيْبِ) وَاَجَابَ عَنْهَا*

(فَهٰذَا تَمَامُ) الْجَوَابِ الْخَامِسِ عَلَى التَّفْصِيْلِ مِمَّا ذَكَرَ الْخَطِيْبُ فِي حَقِّ الْاِمَامِ اَبِي حَنِيْفَةَ وَلْنُصَرِّفِ الْآنَ فِي هٰذَا الْمَقَامِ عَنَانَ الْكَلَامِ لِئَلَّا نَقَعَ فِي اغْتِيَابِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ *جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنَ الْعَامِلِيْنَ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى (يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيراً مِنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضاً) *وَجَعَلَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى مُتَّبِعِيْنَ لِاِمَامِنَا اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَيْثُ يَسْمَعُ مِنْهُمْ مَا يَسْمَعُ وَيَمْلِكُ نَفْسَهُ فَلَمْ يَنْقُلْ عَنْهُ اَنَّهُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ذَكَرَهُمْ وَلَا اَحَداً بِسُوْءٍ بَلْ يَعْفُو وَيَصْفَحُ وَيَحْلِمُ وَيَحْتَمِلُ*

(اَخْبَرَنِىْ) يُوْسُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سِبْطُ ابْنُ الْجَوْزِيِّ بِقِرَاءَتِي عَلَيْهِ بِسَفْحِ جَبَلِ الصَّالِحِيْنَ بِدِمَشْقٍ قَالَ

اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَلِیٍّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ خَیْرُوْنَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَلِی الطَّحَّانِ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِیْ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّزَّاقِ بْنَ هَمَّامٍ یَقُوْلُ مَا رَاَیْتُ اَحْلَمَ مِنْ اَبِی حَنِیْفَةَ کُنَّا جُلُوْساً فِی مَسْجِدِ الْخَیْفِ فَجَاءَهُ رَجُلٌ مُغَطِّی الْوَجْهِ فَسَاَلَ عَنْ اَبِی حَنِیْفَةَ وَقَالَ یَا ابْنَ الْفَاعِلَةِ سَفَّاهَةٌ فَقَالَ عَافَاكَ اللّٰهُ یَا هٰذَا مَا الَّذِی تُرِیْدُ قَالَ الْمَسْئَلَةُ الْفَلَانِیَّةُ سُئِلْتُ عَنْهَا فَاَفْتَیْتُ بِخِلَافِ مَا قَالَ بِهِ الْحَسَنُ الْبَصْرِیُّ فَقَالَ اَخْطَاَ الْحَسَنُ فَقَالَ الرَّجُلُ یَا کَافِرُ یَا زِنْدِیْقُ تُخْطِءُ الْحَسَنَ فَقَامَ اَصْحَابُهُ لِیَضْرِبُوْهُ فَنَهَاهُمْ عَنْهُ وَقَالَ اَصَابَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَخْطَاَ الْحَسَنُ * وَفِی رِوَایَةٍ اَنَّهُ اسْتَطَالَ عَلَیْهِ فَقَالَ لَهُ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ هُوَ یَعْلَمُ مِنِّی خِلَافَ مَا قُلْتَ مَا عَدَلْتُ بِهِ اَحَداً مُنْذُ عَرَفْتُهُ وَلَا رَجَوْتُ قَطُّ اِلَّا عَفْوَهُ وَلَا خَشِیْتُ اِلَّا عِقَابَهُ ثُمَّ بَکٰی عِنْدَ ذِکْرِ الْعِقَابِ حَتّٰی اخْتَلَجَ صُدْغَاهُ فَقَامَ اِلَیْهِ الرَّجُلُ فَقَالَ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِ اللّٰهِ اَلَا جَعَلْتَنِی فِی حِلٍّ فَقَدْ اَخْطَاْتُ وَاعْتَرَفْتُ بِجَهْلِی فَازْدَادَ بُکَاءُ اَبِی حَنِیْفَةَ حَتّٰی تَحَرَّكَ مَنْکِبَاهُ وَقَالَ اَیُّهَا الرَّجُلُ فَقَدْ وَکَّلْتُكَ اِلَی اللّٰهِ رَبِّی فَقَالَ اُرِیْدُ اَیْسَرَ مِنْ هٰذَا فَقَالَ اَنْتَ فِی حِلٍّ وَسِعَةٍ وَکُلُّ مَنْ یَّسُبُّنِی ثُمَّ قَالَ یَا اَخِی مَا اَضَرَّ الشُّهْرَةِ مَا اَضَرُّ الشُّهْرَةِ (وَبِالْاِسْنَادِ) الْمَذْکُوْرِ اِلٰی اَحْمَدَ بْنِ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِیْ قَالَ لِیْ یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ مَا رَاَیْتُ اَحْلَمَ مِنْ اَبِی حَنِیْفَةَ کَانَ اِذَا بَلَغَهُ عَنْ رَجُلٍ اَنَّهُ نَالَ مِنْهُ وَذَکَرَهُ بِسُوْءٍ بَعَثَ اِلَیْهِ بِرِفْقٍ وَّقَالَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ یَا اَخِی فَقَدْ وَکَّلْتُكَ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی مَنْ یَعْلَمُ مِنِّی خِلَافَ مَا قُلْتُ * وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهِ الطَّاهِرِیْنَ *

(حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' پر ایک اور اعتراض)

''خطیب بغدادی'' نے یہ اعتراض بھی کیا ہے کہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا ''کیا ابوحنیفہ کی کتابیں پڑھنا جائز ہے؟'' انہوں نے فرمایا: نہیں۔

اس کے تین جواب ہیں

(۱) خطیب بغدادی ہی نے حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے یہ بھی روایت کیا ہے کہ ایک دن حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے بہت پیچیدہ مسئلہ بیان کیا، میں نے ان سے پوچھا ''آپ نے یہ مسئلہ کس سے لیا؟'' انہوں نے کہا ''حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب سے''۔ جب حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتابوں سے مسائل سیکھتے ہیں تو اُن کے شیخ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کی کتابوں سے منع کیسے کر سکتے ہیں؟

(۲) حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کا حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ چند مسائل میں اختلاف ہے، جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر فقہاء کا تو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ بہت زیادہ اختلاف ہے۔ تقریباً ۱۲۵ اصول مسائل ایسے ہیں جن میں حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ موافقت کی ہے جبکہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اختلاف کیا ہے تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ مسائل جو حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے وہ

،اپنے ماخذ کے مخالف ہو۔

(۳) ''خطیب بغدادی'' کو اللہ تعالیٰ معاف فرمائے ، انہوں نے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' پر اس سے بھی زیادہ اعتراضات کئے ہیں، ایک جگہ پر انہوں نے کہا ''حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حریز بن عثمان کو ثقہ قرار دیا ہے، اور کہا ہے کہ وہ ثقہ ہے، ثقہ ہے جبکہ حریز امیر المومنین حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے بغض رکھتا تھا اور اس بات میں کوئی فرق نہیں ہے کہ کوئی حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے بغض رکھے یا حضرت ''ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما'' سے بغض رکھے'' پھر خطیب بغدادی نے کہا ''اور حریز کذاب تھا فاسق تھا''

حضرت ''عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' نے انہی سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: یہ وہی ہیں جنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں یہ ارشاد روایت کیا ہے ''علی کا میرے ساتھ وہی تعلق ہے جو حضرت ہارون رضی اللہ عنہ کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھا'' یہ غلط ہے، حضرت ''ابن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: اس کی وجہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: میں نے یہی روایت حضرت ''ولید بن عبد ملک رحمۃ اللہ علیہ'' کو منبر پر بیان کرتے ہوئے سنا ہے ''علی کا تعلق میرے ساتھ وہی ہے جو موسیٰ علیہ السلام کا ہارون علیہ السلام کے ساتھ تھا'' پھر ''خطیب بغدادی'' نے حضرت ''امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ'' پر اس شناعت کو مزید پختہ کرنے کے لئے کہا: مجھے حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے یہ روایت پہنچی ہے وہ کہتے ہیں ''میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے یزید تو حریز بن عثمان کی روایات لکھتا ہے؟ میں نے کہا: اے میرے رب میں اُس کے بارے میں خیر کے سوا کچھ نہیں جانتا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے یزید اُس کی مرویات مت لکھا کرو کیونکہ وہ علی ابن ابی طالب کو برا بھلا کہتا ہے۔

یہ واقعہ ہے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کا کہ انہوں نے حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کی شان میں گستاخی کی ہے اور یہ بیان کر کے ''خطیب بغدادی'' صاحب لوگوں کے دلوں میں حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں نفرت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ جب ''خطیب بغدادی'' حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ ایسا سلوک کر سکتے ہیں تو کیا بعید ہے کہ وہ حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے شاگردوں کے دلوں میں بھی اُن کے بارے میں نفرت ڈالنے کے لئے ایسی حکایات بیان کر رہے ہوں۔ مزید برآں یہ کہ خطیب صاحب نے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں یہ بھی کہا ہے ''ان سے کئی مقامات پر غلطی سرزد ہوئی ہے'' حضرت ''امام حافظ ابو احمد عبد الرحمٰن بن علی بن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب ''السھم المصیب فی الرد علی الخطیب'' میں اس کا ذکر کیا ہے اور ان کے اعتراضات کا جواب بھی دیا ہے۔

''خطیب بغدادی'' کے حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' پر کئے گئے اعتراضات کا پانچواں تفصیلی جواب مکمل ہوا، اب ہم اپنی گفتگو کا رُخ موڑ لیتے ہیں تا کہ ہم اہل اسلام کی غیبت کا ارتکاب نہ کر بیٹھیں، اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے اِس فرمان پر عمل کرنے والا بنائے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا

''اے ایمان والو بہت گمانوں سے بچو بیشک کوئی گمان گناہ ہو جاتا ہے اور عیب نہ ڈھونڈو اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو''۔(ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اور اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے امام، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کا سچا پیروکار بنائے جیسے آپ کو اپنی ذات پر مکمل کنٹرول حاصل تھا کسی مورخ نے آج تک آپ کے بارے میں یہ بات نہیں لکھی کہ آپ نے کبھی کسی کی غیبت کی ہو، بلکہ آپ کی عادت کریمہ عفوودرگزر، حوصلے اور بردباری کی تھی۔ آپ کے عفوودرگزر کی چند حکایات درج ذیل ہیں۔

(۱)

یوسف بن عبداللہ (جو کہ ابن جوزی کے نواسے ہیں) نے مجھے دمشق کے جبل الصالحین میں بیان کیا (اس طرح کہ میں نے ان کو پڑھ کر سنایا) وہ کہتے ہیں کہ مجھے خبر دی ہے حضرت ''عبدالوہاب بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے خبر دی ہے حضرت ''محمد بن ابی منصور رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''عبدالعزیز بن علی طحان رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''محمد بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ''عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے (وہ فرماتے ہیں) میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے زیادہ بردبار شخص کوئی نہیں دیکھا، ہم مسجد خیف میں بیٹھے ہوئے تھے، ایک آدمی ان کے پاس آیا، اس نے اپنا چہرہ ڈھانپا ہوا تھا، اس نے آکر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں پوچھا، اور ''یا ابن الفاعله، یا ابن سفاه'' جیسے نازیبا الفاظ میں آپ کو پکارنے لگا، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: اے فلاں شخص! اللہ تعالیٰ تجھے عافیت عطا فرمائے کیا بات ہے؟ تم کیا کہنا چاہتے ہو؟ اُس نے کہا: تم سے فلاں مسئلہ پوچھا گیا تھا، تم نے حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کے موقف کے خلاف فتویٰ دیا ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے خطا ہوئی ہے، یہ سن کر وہ آدمی آپ کو کافر و زندیق قرار دیتے ہوئے کہنے لگا ''تم حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کو غلط کہتے ہو'' حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' کے شاگرد اٹھ کر کھڑے ہوئے اور اس کو مارنے لگے لیکن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' نے ان کو منع فرما دیا اور فرمایا: حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' کا موقف صحیح ہے لیکن حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف غلط ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ کسی شخص نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے بہت زیادہ فضائل ومناقب بیان کئے، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے اُس سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تیری مغفرت کرے، تم نے میرے بارے میں جو کچھ کہا ہے، اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اُس کے برعکس ہوں، میں نے جب سے اُس کو پہچانا ہے تب سے کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہرایا اور میں ہمیشہ اس کے عفوودرگزر کی امید رکھتا ہوں، اور مجھے خوف صرف اُس کے عذاب کا ہے، جب عذاب کا ذکر کیا تو آپ زاروقطار رونے لگ گئے حتی کہ روتے روتے آپ کی ہچکیاں بندھ گئیں، ایک آدمی نے اٹھ کر پوچھا: میں اللہ کی قسم دے کر آپ سے عرض کرتا ہوں کہ آپ مجھے معاف فرما دیں، مجھ سے غلطی ہوگئی ہے اور میں اپنی جہالت کا اعتراف کرتا ہوں۔ یہ سن کر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' مزید رونے لگ گئے حتی کہ آپ کے کندھے ہلنے لگ گئے، آپ نے فرمایا: اے شخص! میں نے تجھے اپنے رب، اپنے اللہ کے سپرد کیا،

اُس نے کہا: میں اس سے بھی زیادہ معافی چاہتا ہوں، حضرت ''امام اعظم رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: میں نے تجھے معاف کیا اور ہر اس شخص کو معاف کیا جو مجھے گالی دے۔ پھر فرمایا: اے میرے بھائی، شہرت کتنی نقصان دہ چیز ہے، شہرت کتنی نقصان دہ چیز ہے۔

مذکورہ اسناد حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھے بتایا ''میں نے حضرت ''ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے زیادہ بردبار شخص نہیں دیکھا، آپ کو اگر اطلاع ملتی کہ کسی شخص کو آپ سے شکایت ہے اور اُس نے آپ کی گستاخی کی ہے تو آپ اس کی جانب بہت نرم پیغام بھیجتے اور فرماتے ''اے میرے بھائی اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے، میں نے تجھے اُس اللہ کے سپرد کیا جو میرے بارے میں جانتا ہے کہ جو باتیں آپ نے میرے بارے میں کہی ہیں، وہ مجھ میں نہیں پائی جاتیں۔ وصلی اللہ علی سیدنامحمد وآلہ وصحبہ الطاھرین۔

اَلْبَابُ الثَّانِي فِي ذِكْرِ طُرُقِنَا فِي هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ عَنْ اَصْحَابِنَا

(اَمَّا الْمُسْنَدُ الأَوَّلُ) وَهُوَ مُسْنَدُ الاُسْتَاذِ اَبِي مُحَمَّدٍ الْحَارِثِيِّ الْبُخَارِيِّ فَقَدْ اَخْبَرَنِيْ بِهِ الاَئِمَّةُ الاَرْبَعَةُ بِقِرَاءَتِي عَلَيْهِم (الإِمَامُ) اَقْضَى قُضَاةِ الاَنَامِ اَخْطَبُ خُطَبَاءِ الشَّامِ

جَمَالُ الدِّيْنِ اَبُو الْفَضَائِلِ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْفَضْلِ الاَنْصَارِيِّ الْحَرَسْتَانِيِّ (وَالشَّيْخُ) الثِّقَةُ صَفِيُّ الدِّيْنِ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَحْيٰى الدَّرَجِيُّ الْقُرَشِيُّ الْمُقَدَّسِيُّ بِقِرَاءَتِي عَلَيْهِمَا بِجَامِعِ دِمَشْقٍ (وَالشَّيْخُ) الْإِمَامُ شَمْسُ الدِّيْنِ يُوْسُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَرَاعَلَى سِبْطُ الإِمَامِ الْحَافِظِ اَبِي الْفَرَجِ الْجَوْزِيِّ بِقِرَاءَتِي عَلَيْهِ بِسَفْحِ جَبَلِ الصَّالِحِيْنَ بِظَاهِرِ دِمَشْقٍ (وَالشَّيْخُ) الإِمَامُ اَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ الْفَرْغَانِيُّ بِجَامِعِ دِمَشْقٍ عِنْدَ رَاسِ يَحْيٰى بْنِ زَكَرِيَّا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ (قَالُوا) جَمِيْعاً اَخْبَرَنَا الْقَاضِي الإِمَامُ شَيْخُ الإِسْلَامِ جَمَالُ الدِّيْنِ اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبِي الْفَضْلِ الاَنْصَارِيِّ الْحَرَسْتَانِيِّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَنَحْنُ نَسْمَعُ بِجَامِعِ دِمَشْقٍ اِلَّا شَمْسُ الدِّيْنِ سِبْطُ ابْنِ الْجَوْزِيِّ فَاِنَّهُ قَالَ اِجَازَةً (قَالَ) اَخْبَرَنِي الإِمَامَانِ اَبُوْ الْفَرَجِ سَعِيْدُ بْنُ اَبِي الرَّجَاءِ الصَّيْرَفِيُّ وَاَبُو الْخَيْرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْبَاغْبَانِيُّ اِجَازَةً (قَالَ الْبَاغْبَانِيُّ) اَخْبَرَنَا اَبُو عَمْرٍو عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ ابْنِ يَحْيٰى بْنِ مَنْدَةَ الاَصْفَهَانِيُّ (وَقَالَ الصَّيْرَفِيُّ اَخْبَرَنَا) اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَاطِرْقَانِيُّ (قَالَا اَخْبَرَنَا) الشَّيْخُ الْإِمَامُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ اِسْحَاقَ ابْنِ مَنْدَةَ الاَصْفَهَانِيُّ (قَالَ اَخْبَرَنَا) الْحَافِظُ اَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ ابْنِ الْحَارِثِ الْحَارِثِيِّ الْبُخَارِيِّ صَاحِبِ الْمُسْنَدِ*

دوسرا باب

اس باب میں ہمارے اصحاب کے وہ طرق بیان کئے گئے ہیں جو ان مسانید میں مذکور ہیں۔

پہلی مسند

یہ استاذ حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند ہے، ہمیں ائمہ اربعہ نے خبر دی ہے

(۱) سب سے بڑے قاضی اور شام کے سب سے بڑے خطیب حضرت ''جمال الدین ابوالفضائل عبدالکریم بن عبدالصمد بن محمد بن ابی الفضل انصاری حرستانی رحمۃ اللہ علیہ''

(۲) حضرت ''شیخ الثقہ صفی الدین اسماعیل بن ابراہیم بن یحییٰ درجی قرشی مقدسی رحمۃ اللہ علیہ'' (انہوں نے جامع دمشق میں بیان کیا)

(۳) حضرت ''شیخ الامام شمس الدین یوسف بن عبداللہ قزاعلی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ امام حافظ ابوفرج جوزی کے نواسے ہیں، انہوں نے جبل الصالحین دمشق میں بیان کیا ہے)

(۴) حضرت ''شیخ الامام ابوبکر بن محمد بن عمر فرغانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے جامع دمشق حضرت ''یحییٰ بن زکریا علیہما السلام'' کے مزار مبارک کے سر کے قریب بیان کیا۔

سب نے کہا کہ ہمیں بیان کیا ہے حضرت ''قاضی امام شیخ الاسلام جمال الدین ابوقاسم عبدالصمد بن محمد ابوالفضل انصاری حرستانی رحمۃ اللہ علیہ'' (ان کے سامنے حدیث پڑھی گئی اور ہم سن رہے تھے، یہ حدیث جامع دمشق میں بیان کی گئی) البتہ حضرت ''شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' کے نواسے ہیں) نے یہ روایت اجازت کے طور پر کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے دو امام، حضرت ''ابوالفرج سعید بن ابی رجاء صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوخیر محمد بن احمد باغبانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اجازت کے طور پر بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''عبدالوہاب بن محمد بن اسحاق بن یحییٰ بن مندہ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور صیرفی نے کہا: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوبکر احمد بن فضل باطرقانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ان دونوں نے کہا ہے کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''شیخ الامام ابوعبداللہ محمد بن یحییٰ بن اسحاق بن مندہ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''حافظ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' صاحب المسند نے۔

(وَاَمَّا الْمُسْنَدُ الثَّانِی) وَهُوَ جَمَعَ طَلْحَةُ (فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ) بِهِ الْمَشَایِخُ الثَّلَاثَةُ (الصَّاحِبُ) الصَّدْرُ الْكَبِیْرُ الْعَالِمُ الْمُتَبَحِّرُ النِّحْرِیْرُ الْعَلَّامَةُ اُسْتَاذُ دَارِ الْخَلَافَةِ الْمُعَظَّمَةِ وَالْاِمَامَةِ الْمُكَرَّمَةِ ضَاعَفَ اللّٰهُ تَعَالٰی جَلَالَهَا وَمَدَّ عَلَی الْخَافِقَیْنِ ظِلَالَهَا مُحْیُ الدِّیْنِ اَبُو مُحَمَّدٍ یُوْسُفُ ابْنُ شَیْخِ الْاِسْلَامِ اَبِی الْفَرَجِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْجَوْزِیِّ بِقِرَاءَتِی عَلَیْهِ بِدَارِ الْخَلَافَةِ (وَالْقَاضِیْ) الْاِمَامُ فَخْرُ الدِّیْنِ نَصْرُ اللّٰهِ بْنُ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ الرَّشِیْدِ سِبْطِ الْحَافِظِ اَبِی الْعَلَاءِ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ الْهَمْدَانِیْ اِذْناً قَالَا اَخْبَرَنَا الْاِمَامُ ابْنُ الْاِمَامِ الْمُسْتَضِیءُ بِاَمْرِ اللّٰهِ اَبِی مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ابْنِ الْاِمَامِ اَبِی الْمُظَفَّرِ یُوْسُفَ الْمُسْتَنْجِدُ بِاللّٰهِ اِجَازَةً (قَالَ اَخْبَرَنِیْ) الشَّیْخُ عَبْدُ الْمُغِیْثِ بْنُ زُهَیْرِ الْحَرْبِیُّ اِجَازَةً (ح) وَاَخْبَرَنِیْهِ عَالِیاً الشَّیْخَانِ الْمُعَمَّرَانِ اَبُو مَنْصُوْرٍ عَبْدُ الْقَادِرِ بْنِ اَبِی نَصْرٍ الْقُزْوِیْنِیُّ بِقِرَاءَتِی عَلَیْهِ اَیْضاً (وَ) الشَّیْخُ یُوْسُفُ بْنُ اَحْمَدَ مُنَاوَلَةً كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الْمُغِیْثِ بْنِ زُهَیْرِ بْنِ زُهَیْرٍ اِجَازَةً (قَالَ اَخْبَرَنَا) اَبُو الْبَرَكَاتِ عَبْدُ الْوَهَّابِ ابْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَنْمَاطِیِّ (قَالَ اَخْبَرَنَا) اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّقُّوْرِ (قَالَ اَخْبَرَنَا) اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ یُوْسُفَ بْنِ دُوْسَتِ الْعَلَّافِ (قَالَ اَخْبَرَنَا) الْحَافِظُ اَبُو الْقَاسِمِ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ جَعْفَرٍ الْعَدْلُ الْمَعْرُوْفُ بِالْغَارِ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ*

دوسری مسند

اس مسند کو حضرت ''طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے، وہ کہتے ہیں: مجھے تین مشائخ نے خبر دی (ان تین مشائخ کے اسمائے گرامی یہ ہیں)

(۱) صاحب صدر الکبیر العالم المتبحر النحریر العلامہ، استاذ دار الخلافہ المعظمہ والامامۃ المکرّمہ، اللہ تعالیٰ ان کا مرتبہ بلند فرمائے اوران کے پیروکاروں پران کا سایہ تادیرقائم ودائم فرمائے ''حضرت ''محی الدین ابومحمد یوسف بن شیخ الاسلام ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' (دارالخلافہ میں، مَیں نے یہ احادیث پڑھ کران کوسنائیں)

(۲) حضرت ''قاضی الامام فخر الدین نصراللہ بن علی بن عبدالرشید رحمۃ اللہ علیہ'' (جوکہ حضرت ''حافظ ابوالعلاء حسن بن احمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے نواسے ہیں، انہوں نے احادیث روایت کرنے کی مجھے اجازت دی) یہ دونوں بزرگ فرماتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے، حضرت ''امام بن امام مستضیء بامراللہ ابومحمد حسن امیر المومنین بن امام ابومظفر یوسف مستنجد باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' (انہوں نے روایتِ حدیث کی اجازت دی) وہ فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی ہے حضرت ''شیخ عبدالمغیث بن زہیر حربی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (انہوں نے بھی روایت حدیث کی اجازت دی ہے)

التحویل

سند عالی کے ہمراہ مجھے دوشیوخ نے خبر دی ہے (دونوں شیوخ کے اسمائے گرامی یہ ہیں) حضرت ''ابومنصور عبدالقادر بن ابونصر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' (میں نے احادیث ان کے سامنے بھی پڑھی ہیں) اورحضرت ''شیخ یوسف بن احمد مناولہ رحمۃ اللہ علیہ''، دونوں نے حضرت ''عبدالمغیث بن زہیر بن زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے (اس طرح کہ انہوں نے اِن کوروایت حدیث کی اجازت دی ہے) وہ فرماتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوالبرکات وہاب ابن مبارک بن احمد انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوحسن احمد بن محمد بن عبداللہ بن نقور رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں خبر دی ہے بلغار میں حضرت ''حافظ ابوالقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر عدل معروف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، یہ صاحب مسند ہے۔

(وَاَمَّا الْمُسْنَدُ الثَّالِثُ) وَهُوَ جَمَعَ ابْنُ الْمُظَفَّرِ (فَقَدْ اَخْبَرَنِیْ بِهٖ) الْمَشَائِخُ الْاَرْبَعَةُ الصَّدْرُ الصَّاحِبُ الْكَبِیْرُ الْمُعَظَّمُ ابْنُ الْجَوْزِیُّ الْمَذْكُوْرُ بِقِرَاءَتِیْ عَلَیْهِ دَاخِلَ دَارِ الْخَلَافَةِ (وَالشَّیْخُ) اَبُو الْمُظَفَّرِ یُوْسُفُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ حَسَنٍ وَ (الشَّیْخُ) عَلِیُّ بْنُ مَعَالِی (وَالشَّیْخُ) عَبْدُ اللَّطِیْفِ الْمَعْرُوْفُ بِالْخَیْمِیِّ اِذْنًا كُلُّهُمْ (عَنِ) الْقَاضِی الْاِمَامُ شَمْسُ الدِّیْنِ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَلِیْلِ السَّاوِیُّ اِجَازَةً قَالَ اَخْبَرَنَا الشَّیْخُ اَبُو الْبَرَكَاتِ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ اَحْمَدِ الْاَنْمَاطِی (قَالَ اَخْبَرَنَا) الشَّیْخُ اَبُو الْحَسَنِ الْمُبَارَكُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّیْرَفِیُّ (قَالَ اَخْبَرَنَا) اَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَوْهَرِیُّ (قَالَ اَخْبَرَنَا) اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدٌ بْنُ الْمُظَفَّرِ بْنِ مُوْسٰی بْنِ عِیْسٰی بْنِ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمُسْنَدِ*

تیسری مسند

اس کو حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے، وہ کہتے ہیں ہمیں خبر دی ہے چار مشائخ نے (ان چار مشائخ عظام کے اسمائے گرامی یہ ہیں) حضرت ''صدر الصاحب الکبیر المعظم ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے (دارالخلافہ میں، مَیں نے

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین ابن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اور اس کی اسناد میں راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''شیخ العدل ابوالفضل احمد ابن حسن بن محمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی رحمۃ اللہ علیہ''، ان کے والد حضرت ''قاضی ابوبکر عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواحمد محمد بن عبداللہ ابن بنت وزیر بن ابی العباس اسفراینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسین بن علی بن غیاث قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن موسیٰ جلودی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''تمتام یحییٰ بن القاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ''

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ساتھ بھی روایت کیا ہے (اس کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابونصر معمر بن محمد بن حسن بن محمد بن جامع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید بن علی رازی سمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن غیاث قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جلودی محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''تمتام یحییٰ بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ''

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ساتھ بھی روایت کیا ہے (اس کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابوالعلاء صاعد بن یسار بن محمد دہان ہروی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی ابومحمد عبداللہ بن ابی حفص عمر بن محمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی امام ابوالعلاء محمد بن ابی الفضل حمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی فقیہ ابوالقاسم عبدالجبار بن زید بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں نے اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور آگے راویوں کی ترتیب یوں ہے'' حضرت ''ابوسعید اسماعیل بن حسن سمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسین ابن علی بن محمد بن اسحاق دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن علی بن غیاث قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جلودی محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''تمتام یحییٰ بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ''

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اور اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد متوکلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن غیاث قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت "جلودی محمد بن عیاش [illegible]" حضرت "[illegible] یحییٰ بن قاسم [illegible]" حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ [illegible]"

☆ علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے ☆

67 (اَبُوْحَنِيْفَةَ) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكِ الاَنْصَارِيِّ الْخَزْرَجِيِّ النَّجَّارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُه يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

☆☆ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ [illegible]" حضرت "انس بن مالک انصاری خزرجی نجاری [illegible]" سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اکرم [illegible] کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے "علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"

(أخرجه) أبو عبد الله الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) الشيخ أبي محمد عبد الله بن علي بن عبد الله (و) أبي منصور محمد بن عبد الملك بن الحسن كلاهما (عن) أحمد بن علي بن ثابت (عن) أبي إسحاق إبراهيم بن محمد الأرموي (عن) أبي عبد الله محمد بن عبد الله (عن) (أبي إسحاق إبراهيم بن محمد الواعظ المعروف بالعبد الذليل (عن) أبي العباس أحمد بن الصلت بن المغلس الحماني (عن) بشر بن الوليد القاضي (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(ورواه) أيضا (عن) أبي محمد عبد الله بن علي الأنصاري (عن) أبي بكر أحمد ابن علي بن ثابت (عن) القاضي أبي العلاء الواسطي محمد بن يعقوب (عن) أبي غسان بن أبي سعيد وهو سعيد بن أحمد بن محمد بن جعفر النيسابوري (عن) أبي إسحاق إبراهيم بن محمد بن عبد ربه المروزي (عن) أبي العباس أحمد ابن الصلت بن مغلس الحماني (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة رحمه الله تعالى*

(ورواه) أيضاً (عن) أبي العلاء صاعد بن يسار بن محمد الهروي (عن) القاضي أبي محمد بن عبد الله بن أبي حفص عمرو بن محمد (عن) [illegible] أبي العلاء محمد بن أبي المعتصم (عن) أبي بكر محمد بن أحمد بن محمد الطالقاني (عن) إسماعيل بن الحسن [illegible] (عن) أبي الحسن [illegible] محمد بن محمود التستري (عن) أبي سعيد الحسن بن أحمد بن الصلت (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة رحمه الله تعالى*

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب (عن) إسحاق بن إبراهيم بن محمد [illegible] (عن) أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحافظ (عن) أبي إسحاق إبراهيم بن محمد الواعظ (عن) أبي العباس أحمد بن الصلت بن المغلس الحماني (عن (بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة رحمه الله تعالى*

(ورواه) أيضاً (عن) أبي السعادات أحمد بن أحمد بن عبد الواحد المتوكلي عن أبي الحسين أحمد بن محمد بن أحمد السمناني (عن) أبي الحسن علي بن أحمد ابن عيسى (عن) أبي أحمد محمد بن عبد الله بن خالد الذهلي (عن) أبي إسحاق إبراهيم بن أحمد بن عمرويه (عن) أبي العباس أحمد بن الصلت (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي

(٦٧) اخرجه ابو يعلى (٢٨٣٨) وابو نعيم في "الحلية" ٣٢٣:٨ والخطيب في "تاريخ بغداد" ٢٠٧:٤ وفي "الرحلة في طلب الحديث" (١) والطبراني في "الصغير" ١٦:١ وابن ماجة (٢٢٤) في "المقدمة" والبيهقي في "شعب الايمان" (١٦٦٤) والبغوي في "شرح السنة" في ذيل (١٣٥)-

یوسف (عن) اَبی حَنِیفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''حضرت ''شیخ ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومنصور محمد بن عبدالملک بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق ابراہیم بن محمد ارموی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق ابراہیم بن محمد واعظ المعروف بالعبد الذلیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو العباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن علی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' قاضی ابو العلاء واسطی محمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعثمان بن ابی سعید رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ حضرت ''سعید بن احمد بن محمد بن جعفر نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں)، حضرت ''ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن عمرویہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو العباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''حضرت ''ابوالعلاء صاعد بن یسار بن محمد ہروی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' قاضی ابومحمد بن عبداللہ بن ابی حفص عمرو بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' قاضی ابو العلاء محمد بن ابی الفضل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد بن محمد طالقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن حسن رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن احمد بن محمد بن محمود تستری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید حسن بن احمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کو حضرت '' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) '' حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق بن براہیم بن محمد مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن عبد اللہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق ابراہیم بن محمد واعظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو العباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کو حضرت '' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ساتھ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) '' حضرت ''ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبد الواحد متوکلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن علی بن احمد ابن عیسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواحمد محمد بن عبداللہ بن خالد ذہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن عمرویہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس احمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

☼ نیکی کی ہدایت کرنا بھی نیکی ہے اور مظلوم کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے ☼

68/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) رَحِمَهُ اللّٰهُ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنْ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه قَالَ اَلدَّالُ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِه وَاللّٰهُ یُحِبُّ اِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ*

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: نیکی پر راہنمائی کرنے والا، خودنیکی کرنے والے کی طرح ہے، اوراللہ تعالیٰ مظلوم کی امداد کرنا پسند کرتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو بلخى فِى مسنده (عن) أبى الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفِى (عن) القاضى الإمام أبى عبد الله الحسن بن على الصيرفِى (عن) هلال بن محمد بن محمد بن أخى هلال الرازى (عن) أبيه (عن) محمد بن حمدان الطنافسى (عن) أحمد بن الصلت بن المغلس الحمانى (عن) بشر بن الوليد القاضى (عن) أبى يوسف يعقوب بن إبراهيم القاضى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ*

(وروى أيضاً أول الحديث) وقوله الدال على الخير كفاعله (عن) أبى نصر المعمر بن على بن الحسن بن جامع (عن) القاضى أبى جعفر محمد بن أحمد بن حامد (عن) أبى سعيد إسماعيل بن أبى على الرازى السمان (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسين بن أحمد (عن) أبى العباس أحمد بن الصلت بن المغلس (عن) بشر بن الوليد القاضى (عن) أبى يوسف (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ*

(وروى أيضاً) آخر الحديث وهو أن الله يحب إغاثة اللهفان بهذا الإسناد*

(ورواه أيضاً)(عن) أبى العلاء صاعد بن يسار (عن) القاضى عبد الله بنأبى حفص (عن) القاضى أبى العلاء محمد بن أبى الفضل الحمدانى (عن) أبى بكر محمد بن أحمد بن محمود الطالقانى (عن) أبى سعيد إسماعيل بن الحسن الرازى (عن) أبى الحسين أحمد بن محمد بن محمود التسترى (عن) أبى سعيد الحسن بن أحمد ابن المبارك الطوسى (عن) أحمد بن الصلت (عن) بشر بن الوليد (عن) أبى يوسف (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ

(وروى أيضاً) أول الحديث بهذا الإسناد*

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکرکیا ہے(اس کی اسناد میں راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابوحسین مبارک بن عبدالجبارصیر فی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی امام ابوعبداللہ حسن بن علی صیر فی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہلال بن محمد بن محمد بن اخی ہلال رازی رحمۃ اللہ علیہ''، ان کے والد حضرت ''محمد بن حمدان طنافسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف یعقوب بن ابراہیم قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کا اول حصہ اور'' الدال علی الخیر کفاعله ''کے الفاظ، حضرت ''ابونصر معمر بن علی بن حسن بن جامع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کئے ہیں (ان کی روایت کے رواۃ کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''قاضی ابوجعفر محمد بن احمد بن حامد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید اسماعیل بن ابی علی رازی سمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس احمد بن صلت بن مغلس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ''

---

(٦٨) اخرجه الترمذی(٢٦٧٠) فی العلم: باب الدال علی الخیر کفاعله' وابن عبدالبر فی ''جامع بیان العلم'' ۱۳-

نیز حدیث کا آخری حصہ ''ان اللہ یحب إغاثۃ اللّٰہفان '' بھی اسی اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت '' حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ساتھ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) '' حضرت ''ابوالعلاء صاعد بن یسار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' قاضی عبداللہ بن ابی حفص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' قاضی ابوالعلاء محمد بن ابی الفضل حمدانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد بن محمود طالقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید اسماعیل بن حسن رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسین احمد بن محمد بن محمود تستری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید حسن بن احمد ابن مبارک طوسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○نیز انہوں نے اسی اسناد کے ہمراہ حدیث کا اول حصہ بھی روایت کیا ہے۔

☼ کسی کی تکلیف پر ہنسنے والے ایسا نہ ہو کہ اُسے عافیت مل جائے اور تو پھنس جائے ☼

69/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) وَاثِلَۃَ بْنِ الاَسْقَعْ (عَنْ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّہ قَالَ لاَ تَظْھَرَنَّ شَمَاتَۃَ لِاَخِیْکَ فَیُعَافِیْہِ اللّٰہُ وَیُبْتَلِیْکَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت '' واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کی آزمائش (دوسرے کے سامنے) ہرگز بیان مت کر (ایسا نہ ہو) کہ اللہ تعالیٰ اُسے عافیت عطا فرما دے اور تجھے اُس آزمائش میں مبتلا کر دے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو بلخي فِي مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن ابن خيرون (عن) أبيه القاضي أبي سعيد عبد الملك بن عبد الرحمن بن محمد السرخسي (عن) أبيه القاضي أبي بكر عبد الرحمن بن محمد (عن) أبي أحمد محمد بن عبد الله ابن بنت الوزير أبي العباس الإسفرائني (عن) أبي علي الحسين بن علي الدمشقي (عن) أبي محمد عبد الله بن محمد بن الحسن الحنفِي (عن) طلحة بن سنان (عن) هناد بن السرى (عن) أبي سعيد (عن) اَبي حَنِيْفَةَ رحمه الله قال سمعت واثلة بن الأسقع رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يقول سمعت رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يقول الحديث*

(ورواه)(عن) أبي نصر المعمر بن محمد بن الحسن بن محمد بن جامع (عن) القاضي الإمام المؤتمن أبي جعفر محمد بن أحمد بن حامد بن عبيد الله البخاري (عن) أبي سعيد إسماعيل بن علي الرازي السمان (عن) علي بن أحمد بن عبيد الله بن حزام (عن) المظفر بن سهل (عن) موسى بن عيسى بن المنذر عن أبيه (عن) إسماعيل بن عياش (عن) اَبي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ*

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي فِي مسنده (عن) أبي السعادات أحمد بن أحمد بن عبد الواحد المتوكلي (عن) أبي الحسين أحمد بن محمد بن أحمد السمناني (عن) أبي الحسن علي بن أحمد بن عيسى (عن) أبي علي الحسن بن علي الدمشقي (عن) أبي محمد عبد الله بن محمد بن الحسين (عن) طلحة بن سنان اليامي (عن) هناد بن السرى (عن) أبي سعيد (عن) اَبي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ*

(٦٩) قد تقدم في (١٣)

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن ابن خیرون رحمۃ اللہ علیہ''، ان کے والد حضرت ''قاضی ابوسعید عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی رحمۃ اللہ علیہ''، ان کے والد حضرت ''قاضی ابوبکر عبدالرحمٰن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواحمد محمد بن عبداللہ ابن بنت وزیر ابوالعباس اسفرائنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسین بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن حسن حنفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''طلحہ بن سنان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہناد بن سری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''،'' حضرت ''واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے (اس کے بعد سابقہ حدیث بیان کی)''

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابونصر معمر بن محمد بن حسن بن محمد بن جامع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی امام مؤتمن ابوجعفر محمد بن احمد بن حامد بن عبید اللہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید اسماعیل بن علی رازی سمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن احمد بن عبیداللہ بن حزام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مظفر بن سہل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن عیسیٰ بن منذر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن عیسیٰ بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' کے والد، حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد متوکلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''طلحہ بن سنان یامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہناد بن سری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

☼ صدقہ اور کثرت سے استغفار کے ذریعے بے اولادوں کو اولاد مل جاتی ہے ☼

70/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رُزِقْتُ وَلَداً قَطُّ وَلَا وَلَدَ لِیْ قَالَ فَاَيْنَ اَنْتَ مِنْ كَثْرَةِ الْاِسْتِغْفَارِ وَكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ تُرْزَقُ بِهِمَا الْوَلَدُ قَالَ جَابِرٌ فَكَانَ الرَّجُلُ يُكْثِرُ الصَّدَقَةَ فَوُلِدَ لَه تِسْعَةُ ذُكُوْرٍ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: (وہ فرماتے ہیں:) ایک آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں اولاد نہیں ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کثرت سے استغفار کیوں نہیں کرتے اور کثرت سے صدقہ کیوں نہیں کرتے؟ انہی دو چیزوں کی بدولت اللہ تعالیٰ بندے کو اولاد عطا فرماتا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (اس نے صدقہ دینا شروع کر دیا اور استغفار شروع کر دی) اُس آدمی کے ہاں اُس کے بعد ۹ لڑکے پیدا ہوئے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي في مسنده (عن) أبي السعادات أحمد بن عبد الواحد المتوكلي (عن) أبي الحسين أحمد بن محمد بن أحمد السمناني (عن) أبي الحسن علي بن أحمد بن عيسى النهفقني (عن)

أبی علی الحسن بن علی الدمشقی (عن) أبی الحسن علی بن غیاث القاضی (عن) محمد بن موسی (عن) الجلودی محمد بن عیاش (عن) التمتام یحیی بن القاسم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(وأخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو بلخی فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی ابوبکرمحمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے(اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)''حضرت ''ابوالسعادات احمد بن عبدالواحد متوکلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسن بن علی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن علی بن غیاث قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جلودی محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''تمتام یحییٰ بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے اس کو ذکر کیا ہے۔

☼دین کی تعلیم دینے والے کے میزان کا نیکیوں والا پلڑا تعلیم کی وجہ سے بھاری کردیا جائے گا☼

71/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ وُضِعَتْ حَسَنَاتُ الرَّجُلِ فِی کَفَّةِ الْمِیْزَانِ وَوُضِعَتْ سَیِّئَاتُه فِی الْکَفَّةِ الاُخْرٰی فَشَالَتْ سَیِّئَاتُه حَسَنَاتِه حَتّٰی اِذَا اَیِسَ فَظَنَّ النَّارَ جَاءَه شَیْءٌ مِثْلَ السَّحَابِ فَیَقَعُ فِیْ حَسَنَاتِه فِی کَفَّةِ الْمِیْزَانِ فَتَشِیْلُ حَسَنَاتُه سَیِّئَاتِه فَیُقَالُ اَتَدْرِی مَا هٰذا فَیَقُوْلُ مَا اَعْرِفُ هٰذامِنْ عَمَلِیْ فَیُقَالُ هٰذا مَا عَلَّمْتَ لِلنَّاسِ مِنَ الْخَیْرِ فَعَمِلُوْا بِه بَعْدَکَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، (وہ فرماتے ہیں) قیامت کے دن ایک آدمی کی نیکیاں میزان کے ایک پلڑے میں رکھی جائیں گی اور دوسرے پلڑے میں اس کے گناہ رکھے جائیں گے، گناہوں والا پلڑا بھاری ہوجائے گا، وہ شخص بہت مایوس ہوگا اور اس کو اپنے دوزخ میں جانے کا غالب گمان ہوجائے گا، اس وقت بادل کی صورت میں کوئی چیز آئے گی اور آکر اس کے نیکیوں والے پلڑے میں شامل ہوجائے گی، اس کی وجہ سے نیکیوں والا پلڑا بھاری ہوجائے گا، (اور اس کی نجات ہوجائے گی) اس آدمی سے پوچھا جائے گا: یہ کیا چیز تھی جو آکر تیری نیکیوں میں شامل ہوئی؟ وہ کہے گا: یہ میرا کوئی عمل تو نہیں تھا۔ اس کو بتایا جائے گا کہ یہ تیرا وہ علم ہے جو تو نے لوگوں کو سکھایا تھا، تیرے بعد لوگ اس پر عمل کرتے رہے (اور اس کا ثواب تجھے بھی ملتا رہا)

(أخرجه) القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی الأنصاری فِی مسنده (عن) والده أبی طاهر عبد الباقی الأنصاری (عن) أبی القاسم عبید الله بن أحمد بن عثمان الصیرفِی (عن) عبید الله بن عثمان الدقاق (عن) أبی الحسین علی بن محمد بن یحیی المصری (عن) مالك بن یحیی بن مالك بن غسان الهمدانی (عن) علی بن عاصم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(ورواه)(عن) أبی الحسن محمد بن علی المهتدی بالله (عن) أبی حفص عمر ابن أحمد بن شاهین (عن) علی بن محمد المصری (عن) مالك بن یحیی (عن) علی ابن عاصم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

لےOحضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری ''نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے(اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)''ان کے والد حضرت ''ابوطاہر عبدالباقی انصاری ''، حضرت ''ابوالقاسم عبیداللہ بن احمد بن عثمان صیر فی ''، حضرت ''عبیداللہ بن عثمان دقاق ''، حضرت ''ابوحسین علی بن محمد بن یحیی مصری ''، حضرت ''مالک بن یحیٰی بن مالک بن غسان ہمدانی ''، حضرت ''علی بن عاصم ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''

Oاسی حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے(اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت ''ابوحسن محمد بن علی مہتدی باللہ ''، حضرت ''ابوحفص عمر ابن احمد بن شاہین ''، حضرت ''علی بن محمد مصری ''، حضرت ''مالک بن یحیٰی ''، حضرت ''علی ابن عاصم ''، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''

☼ کبریائی اور عظمت، فقط اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہے ☼

72/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بِنْ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِـى مُسْلِمِ الْاَغَرْ صَاحِبِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ (عَنْ) اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِـىَ اللّٰهُ عَنْهُ *قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِىْ وَالْعَظْمَةُ إِزَارِىْ فَمَنْ نَازَعَنِى وَاحِداً مِنْهُمَا اَلْقَيْتُه فِىْ جَهَنَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ '' حضرت ''عطاء بن سائب ''کے واسطے سے حضرت ''ابومسلم الاغر '' (جو کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے صاحب ہیں) سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے'' کبریائی میری چادر ہے، اور عظمت میرا ازار ہے، جس نے ان میں سے ایک چیز بھی مجھ سے چھیننے کی کوشش کی، میں اس کو دوزخ میں ڈال دوں گا''

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو بلخی فِی مسنده (عن) الشيخ أبى السعود أحمد بن على بن محمد (عن) محمد بن أحـمد الخطيب (عن) عـلى بن ربيعة (عن) الـحسن بن رشيق (عن) مـحـمد بن أحمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِى حَنِيْفَةَ (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رحمه الله*

Oاس حدیث کو حضرت ''حافظ ابن خسرو بلخی ''نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے(اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) '' حضرت ''شیخ ابوسعود احمد بن علی بن محمد ''نے، انہوں نے محمد بن احمد خطیب '' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیعہ '' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق '' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن حفص '' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد '' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ '' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ '' سے روایت کیا ہے۔

☼ ظلم سے بچو، کیونکہ (آج کا ایک) ظلم قیامت کے دن کئی ظلم شمار ہوگا ☼

73/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءَ بن السَّائِب (عَنْ) مَحَارِبْ بِنْ دِثَارِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰه بِنْ عُمَر رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما

---

(۷۲) اخرجه احمد ۲:۴۱٤'والطيالسى (۲۳۸۷)'وابوداود(٤٠٩٠)'وابن حبان(۳۲۸)۔

(عَنْ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه، قَالَ اِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ظلم سے بچو، کیونکہ (دنیا کا) ایک ظلم قیامت کے دن کئی ظلم بن کر سامنے آئے گا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری فِی مسنده (عن) إبراهيم ابن عمروس الهمدانی (عن) العباس بن يزيد (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''انہوں نے حضرت ''ابراہیم ابن عمروس ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ آزمائشیں اور تکالیف بھی انسان کے لئے بلندیٔ درجات کا باعث ہے ☼

74/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ (عَنْ) رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه، قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَكْتُبُ لِلْاِنْسَانِ اَلدَّرَجَةَ الْعُلْيَا فِي الْجَنَّةِ وَلَا يَكُوْنُ لَه، مِنَ الْعَمَلِ مَا يبلغها فَلَا يَزَالُ يُبْتَلِيْهِ حَتّٰى يَبْلُغَهَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا'' بیان کرتی ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ایک بندے کے لئے جنت میں ایک بلند مقام (اس کی قسمت میں) لکھ دیتا ہے لیکن وہ بندہ ایسے عمل نہیں کرتا جن کی بدولت وہ اس مقام تک پہنچ پائے، چنانچہ اللہ تعالیٰ اُس بندے کو مسلسل آزمائشوں میں ڈالے رکھتا ہے (بندہ ان آزمائشوں پر صبر کرتا ہے) اس طرح وہ اُس مقام کو پالیتا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری فِی مسنده (عن) أحمد بن صالح ابن أبی صالح (عن) أحمد بن يعقوب بلخی (عن) أبی يحيی الحمانی*

(ورواه) علی (عن) علی بن الفتح بن عبد الله العسكری (عن) حميد بن الربيع (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد النعال فِی مسنده (عن) علی بن عبيد (عن) الحسن بن محمد والقاسم بن الحسن الهمدانيين كلاهما (عن) يحيی بن هاشم الغسانی عن اَبِی حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو بلخی فِی مسنده (عن) الشيخ أبی محمد بن السراج عن أحمد بن علی عن أبی

(۷۳) اخرجه ابن حبان (۵۱۷۶) والطیالسی (۲۲۷۲) واحمد ۲:۱۹۵ والحاکم فی "المستدرک" ۱:۱۱ والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱۰:۲۴۳ والدارمی ۲:۲۴۰-

الطیب محمد بن أحمد بن موسی الشروطی (عن) محمد بن أحمد بن یعقوب المدنی (عن) محمد بن أیوب بلخی (عن) یحیی بن ھاشم الغسانی عن اَبی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ*

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو بلخی فِی مسنده (عن) الشیخ أبی محمد بن السراج عن أحمد بن علی عن أبی الطیب محمد بن أحمد بن موسی الشروطی (عن) محمد بن أحمد بن یعقوب المدنی (عن) محمد بن أیوب بلخی (عن) یحیی بن ھاشم الغسانی عن اَبی حَنِیْفَةَ رحمه الله*.

(وأخرجه) القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی عن القاضی أبی الحسین محمد ابن علی بن المھتدی بالله (عن) أبی القاسم عبد الله بن أحمد بن علی بن الحسین الصیدلانی (عن) ابن مخلد بن جعفر العطار (عن) أحمد بن الحسن الھمدانی (عن) یحیی بن ھاشم (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ*

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد البخاری رحمة اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)''انہوں نے حضرت''احمد بن صالح ابن ابی صالح رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''احمد بن یعقوب بلخی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابو یحییٰ حمانی رحمة اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اسی حدیث کوحضرت''ابومحمد بن بخاری رحمة اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''انہوں نے حضرت''علی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''علی بن فتح بن عبداللہ عسکری رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حمید بن ربیع رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاسم بن حکم رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمة اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد نعال رحمة اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''انہوں نے حضرت''علی بن عبید رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسن بن محمد ہمدانی رحمة اللہ علیہ'' اور حضرت''قاسم بن حسن ہمدانی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یحییٰ بن ہاشم غسانی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمة اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اسی حدیث کوحضرت''حافظ ابن خسرو بلخی رحمة اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)''انہوں نے حضرت''شیخ ابومحمد بن سراج رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''احمد بن علی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابو الطیب محمد بن احمد بن موسیٰ شروطی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن احمد بن یعقوب مدنی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن ایوب بلخی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یحییٰ بن ہاشم غسانی رحمة اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' رحمة اللہ علیہ سے روایت کیا ہے''

○اسی حدیث کوحضرت''حافظ ابن خسرو بلخی رحمة اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)''انہوں نے حضرت''شیخ ابومحمد بن سراج رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''احمد بن علی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابو الطیب محمد بن احمد بن موسیٰ شروطی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن احمد بن یعقوب مدنی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن ایوب بلخی غسانی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یحییٰ بن ہاشم غسانی رحمة اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمة اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اسی حدیث کوحضرت''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمة اللہ علیہ'' نے بھی روایت کیا ہے (اور اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)'' حضرت''قاضی ابوحسین محمد ابن علی بن مہتدی باللہ رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوالقاسم عبداللہ بن احمد بن علی بن حسین صیدلانی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابن مخلد بن جعفر عطار رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''احمد بن حسن ہمدانی رحمة اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یحییٰ بن

ہاشم رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ“ سے روایت کیا ہے“

☼ قبروں پر جانے کی اجازت ہے، لیکن وہاں خلاف شرع بات کرنا منع ہے ☼

75/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثد وَحَمّاد اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَیْدَة (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه، قَالَ کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ (عَنْ) زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا وَلَا تَقُوْلُوْا هَجَراً

✦✦ حضرت ”امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ“ حضرت ”علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ“ اور حضرت ”حماد رحمۃ اللہ علیہ“ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں، حضرت ”عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ“ اپنے ”والد رضی اللہ عنہ“ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں قبروں پر جانے سے منع کیا تھا (اب میں تمہیں اجازت دیتا ہوں اب) تم قبروں کی زیارت کے لئے جاسکتے ہو (لیکن وہاں جاکر) خلاف شرع کوئی بات مت کرنا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری عن أحمد ابن محمد (عن) محمد بن إسماعیل (عن) أبی صالح (عن) اللیث (عن) أبی عبد الرحمن الخراسانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد (عن) القیاس السندی الأنطاکی (عن) أبی صالح (عن) اللیث (عن) أبی عبد الرحمن الخراسانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد بن جریر بن المسیب اللؤلؤی بلخی (عن) یحیی بن أکثم (عن) عبد الله بن صالح (عن) اللیث (عن) أبی عبد الرحمن الخراسانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رضی الله تعالی عنه*

○ اس حدیث کو حضرت ”ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ“ نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ”انہوں نے حضرت ”احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”لیث رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”ابوعبدالرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ“ سے روایت کیا ہے“

○ اسی حدیث کو حضرت ”ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ“ نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے اور اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ”انہوں نے حضرت ”احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”قیاس سندی انطاکی رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”لیث رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”ابوعبدالرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ“ سے روایت کیا ہے۔

○ اسی حدیث کو حضرت ”ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ“ نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے اور اس کی اسناد کے روایوں کی ترتیب یوں ہے) ”انہوں نے حضرت ”احمد بن جریر بن مسیّب لولوئی بلخی رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”عبداللہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”لیث رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت ”ابوعبدالرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ“ سے، انہوں نے حضرت“

(۷۵) اخرجه احمد ۵:۳۵۶ و مسلم (۹۷۷) و الترمذی (۱۰۵٤) و ابو عوانة (۷۸۷۹) و الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ٤:۱۸۶ و فی "شرح مشکل الآثار" (٤۷٤۵) و الحازمی فی "الاعتبار" ۲۲۸ و الطیالسی (۸۰۷) و ابن حبان (۳۱۶۸)-

امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ" سے روایت کیا ہے"

✿ رسول اکرم ﷺ نے بچوں اور عورتوں پر رحم کرنے کا حکم دیا ✿

76/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) شَیْخٍ لَہ یَرْفَعُہ' اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِرْحَمُوْا الضَّعِیْفَیْنِ اَلصَّبِیَّ وَالْمَرْاَةَ

✧ ✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ" اپنے شیخ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں (کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا) دو نازک صنفوں (یعنی) بچوں اور عورتوں پر ترس کھایا کرو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ*

○اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے آثار میں حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

✿ متکبر کا سر اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان باندھ کر اس کو آگ کے تابوت میں ڈالا جائے گا ✿

77/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرْ اَنَّہ' بَلَغَہ' اَنَّ الْمُتَکَبِّرَ رَأْسُہ' بَیْنَ رِجْلَیْہِ فِی تَابُوْتٍ مِنْ نَارٍ مُقَفَّلٌ عَلَیْہِ فَلا یَخْرُجُ مِنَ التَّابُوْتِ اَبَداً فِی النَّارِ

✧ ✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ" اور حضرت "محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: ان تک یہ خبر پہنچی کہ (رسول اکرم ﷺ نے فرمایا) متکبر کا سر آگ کے تابوت کے اندر اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان باندھ دیا جائے گا اور وہ اس آگ کے تابوت سے کبھی بھی باہر نہیں نکل سکے گا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو بلخی فِی مسنده (عن) أحمد بن علی بن محمد الخطیب (عن) علی بن ربیعة (عن) الحسن بن رشیق (عن) محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی *

○اس حدیث کو حضرت "حافظ ابن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) "انہوں نے حضرت "احمد بن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

✿ بندہ خود چیز کو چھپانے کی کوشش کرتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی اس پر پردہ ڈال دیتا ہے ✿

78/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ اَسِرُّوْا مَا شِئْتُمْ وَاَعْلِنُوْا مَا شِئْتُمْ فَمَا مِنْ عَبْدٍ یُسِرُّ شَیْئاً اِلَّا

(۷۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۲۳)-الطبع الجدید-فی الادب:باب من عمل عملاً البسه الله رداء ه"فارحموا الضعیفین: المراۃ والصبی"-

(۷۷) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۴۵۵)-

اَلْبَسَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی رِدَاءَهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) تم جو چاہو چھپالو اور جو چاہو ظاہر کردو (لیکن اتنی بات ضرور یاد رکھنا کہ) بندہ جس چیز کو (اپنے طور پر) چھپاتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ بھی چادر اوڑھا دیتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے آثار میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

☼ خوش اخلاقی دکھائی دینے والی چیز ہوتی تو یہ سب سے خوبصورت ہوتی ☼

☼ بداخلاقی اگر دکھائی دینے والی چیز ہوتی تو اس سے بدصورت کچھ نہ ہوتا ☼

79/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ الرِّفْقَ خَلْقٌ یُرٰی لَمَا رُئِیَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ اَحْسَنُ مِنْهُ وَلَوْ اَنَّ الْحَرْقَ خَلْقٌ یُرٰی لَمَا رُئِیَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ اَقْبَحُ مِنْهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے اور سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں' (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اگر ''نرم مزاجی'' دکھائی دینے والی چیز ہوتی تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں اس سے زیادہ خوبصورت کوئی چیز نہ ہوتی، اور اگر بداخلاقی کوئی دکھائی دینے والی چیز ہوتی تو اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں اس سے بدصورت کوئی چیز نہ ہوتی''

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن الحسن بن سعيدعن عمر بن حميد عن نوح بن دراجعن اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) يحيی بن إسماعيل الجريری عن أسد بن عمروعن اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خيرون عنخاله أبی علی الباقلانی عن أبی عبد الله بن دوست العلاف عن القاضی عمر الأشنانی باسناده المذكور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن حسن بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن حمید رحمۃ اللہ علیہ''

(۷۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۹۲۲) الطبع الجديد-فی الادب:باب من عمل عملا البسه الله رداءه فارحموا الضعيفين المرأة والصبی. وابونعيم فی "الحلية" ۳۶:۵ وابن الشجری فی "اماليه" ۲۲۱:۲-

(۷۹) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفی فی "مسند الامام" (۴۵۷) والشهاب فی "المسند" ۲۱:۱ وعبد بن حميد ۴۳۳ وذكره العجلونی فی "كشف الخفاء" ۱۶۱:۲ والخرائطی فی "مكارم الاخلاق" ۶ وفيه: "لو كان حسن الخلق رجلا يمشی فی الناس لكان رجلا صالحا"-

سے،انہوں نے حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت '' قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل جریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت '' حافظ ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''انہوں نے حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت '' قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک اسناد مکمل کر کے روایت بیان کی ہے۔

☼ حسن خلق سے زیادہ خوبصورت اور بداخلاقی سے زیادہ بدصورت کوئی چیز نہیں ☼

80/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَیُّوْبَ بْنِ عَائِذٍ (عَنْ) مُجَاهِدٍ یَرْفَعُهٗ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَوْ نَظَرَ النَّاسُ اِلٰى صُوْرَةِ الرِّفْقِ لَمَا نَظَرُوْا اَحْسَنَ مِنْهُ وَلَوْ نَظَرُوْا اِلٰى صُوْرَةِ الْحَرْقِ لَمَا نَظَرُوْا اَقْبَحَ مِنْهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت '' مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) ''اگر لوگ حسن خلق کی شکل دیکھ پاتے تو ان کو اس سے زیادہ حسین کوئی چیز نہ دکھائی دیتی اور اگر لوگ بدخلقی کی شکل دیکھ پاتے تو ان کو اس سے زیادہ بدصورت کوئی چیز نظر نہ آتی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) يحيى بن إسماعيل (عن) الحسين ابن إسماعيل (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رضی الله تعالى عنه*

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) يحيى بن إسماعيل الجريرى (عن) الحسين بن إسماعيل الجريرى (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِی مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) خاله أبى على (عن) أبى عبد الله العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني بإسناده المذكور (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت '' قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل جریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن اسماعیل جریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت '' حافظ حسین بن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے) ''انہوں

---

(۸۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۸۹۷) فی الادب:باب الرفق والحزق وھو الاثر المتقدم-

نے حضرت'' ابو الفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت'' ابو علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' ابوعبد اللہ علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک اسناد مکمل کر کے حدیث روایت کی ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں روایت کیا ہے۔

☼ جماعت کے ساتھ رہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ امت محمدیہ کو کبھی گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا ☼

81/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اِيَاسٍ (عَنْ) اَبِىْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ لَمَّا خَرَجَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِتَّبَعْتُهٗ فَقُلْتُ لَهٗ اَوْصِنِى فَقَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَنْ يَّجْمَعَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰى ضَلَالَةٍ وَاصْبِرْ حَتّٰى تَسْتَرِيْحَ اَوْ يُسْتَرَاحَ مِنْ فَاجِرٍ

✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''عبدالملک بن ایاس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''عمر شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب حضرت''ابومسعود رضی اللہ عنہ'' مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تو میں ان کے پیچھے گیا، میں نے ان سے عرض کی: آپ مجھے کوئی نصیحت فرمادیں،انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور جماعت کے ساتھ رہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ امت محمدیہ کو کبھی گمراہی پر جمع نہیں کرے گا اور صبر اختیار کرنا یہاں تک کہ تمہیں سکون مل جائے ،یا فسادی شخص سے دوسروں کو سکون مل جائے۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسرو بلخي في مسنده (عن) الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) المنذر بن محمد (عن) الحسن بن محمد بن علي (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد کے راویوں کی ترتیب یوں ہے)''انہوں نے حضرت''فضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے اپنے ماموں حضرت''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد سے،انہوں نے حضرت''حسن بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت'' قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۸۱) قلت:وقد اخرج ابن حبان(۲۱۰۱)واحمد۵:۱۹۶ وابو داود(۵۴۷) فی الصلاة:باب فی التشدید فی ترک الجماعة، والحاکم فی "المستدرک"۱:۲۱۱؛والبیهقی فی "السنن الکبری"۳:۵۴؛والبغوی فی "شرح السنة" (۷۹۳)عن ابی الدرداء،قال:سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: "مامن ثلاثة فی قریة ولا بدو لا تقام فیهم الصلاة الا استحوذ علیهم الشیطان،فعلیک بالجماعة فانما یأکل الذئب القاصیة"۔

☼ فوت شدگان کو برے الفاظ سے یاد نہیں کرنا چاہئے ☼

☼ اس کو مبارک ہو جس کے نامہ اعمال میں کثرتِ استغفار موجود ہے ☼

82/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ (عَنْ) مَنْصُوْرِ ابْنِ صَفِيَّةَ (عَنْ) أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ سَبِّ الْاَمْوَاتَ وَقَالَ طُوْبٰى لِمَنْ وُجِدَ فِي صَحِيْفَتِهِ اِسْتِغْفَاراً كَثِيْراً

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور ابن صفیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' کے واسطے سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مُردوں کو برا بھلا کہنے سے منع فرمایا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کو مبارک ہو جس کے نامہ اعمال میں کثرت سے استغفار ہو۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي القاضي (عن) أبي بكر الخطيب البغدادي عن أبي نعيم (عن) محمد بن إسماعيل الوراق عن سعيد بن القاسم الحافظ عن محمد بن يحيى ابن مندة عن الهذيل بن معاوية عن إبراهيم بن أيوب عن اَبي حَنِيْفَةَ رحمه الله*

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسماعیل وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن قاسم حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یحییٰ ابن مندۃ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہذیل بن معاویۃ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اہل وعیال کی پریشانی میں وفات پانے والا شہداء کے مقام کو پالیتا ہے ☼

83/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ اَحَدُكُمْ مَغْمُوْماً مَهْمُوْماً مِنْ سَبَبِ الْعَيَالِ كَانَ اَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ اَلْفِ ضَرْبَةٍ بِالسَّيْفِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' کے واسطے سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اہل وعیال کی وجہ سے دکھ اور پریشانی کے عالم میں وفات پائے، اس کا رتبہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس شخص سے بھی بلند ہے جس کے جسم پر جہاد فی سبیل اللہ میں ہزاروں زخم آئے ہوں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن هشام بن همام الشيرازي (عن) محمد بن يحيى بن يزيد

(۸۲) اخرجه النسائي ٤:٥٢ والمرتضى الزبيدي في "الاتحاف" ٧:٤٩١ والمتقي الهندي في "الكنز" (٤٢٧١٣) والسيوطي في "الجامع الصغير" ٦:٢٩٤ مع فيض القدير (٩٧٦٥)-

(۸۳) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (٣٠٢)-

النیسابوری عن المقری عن اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ہشام بن ہمام شیرازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن یحییٰ بن یزید نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے مقری حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حکومت،ایک امانت ہے جس نے اسکا حق ادا نہ کیا،وہ قیامت میں ذلیل ورسوا ہوگا ☼

84/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ غَسَّان عَنِ الْحَسَنِ الْبَصرِی عَنِ النَّبِیِّ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه قَالَ یَا اَبَا ذَرٍّ اَلْاِمَارَةُ اَمَانَةٌ وَهِیَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ خِزْیٌ وَنَدَامَةٌ اِلاَّ مَنْ اَخَذَ بِحَقِّهَا وَاَدَّی الَّذِیْ عَلَیْهِ مِنَ الْحَقِّ فِیْهَا وَاَنّٰی لَه ذٰلِكَ یَا اَبَا ذَرٍّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ'' اور'' حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اے ابوذر! امارت (حکومت) امانت ہوتی ہے یہ قیامت کے دن ذلت اورندامت کا باعث ہوگی تاہم جواس کا مستحق ہونے کی بنا پراس کو لے گا اوراس کی تمام ذمہ داریاں پوری کرے گا (اس کے لئے ذلت اور ندامت نہیں ہوگی) لیکن اے ابوذر: ایسا کون کرسکتا ہے؟

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبِی حَنِیْفَةَ*

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کےحوالے سے آثار میں اس کوذکرکیا ہے۔

☼ علم حاصل کرنا ہرمسلمان پرفرض ہے ☼

85/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: ''علم حاصل کرنا ہرمسلمان پرفرض ہے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رمیح (عن) العباس بن محمد عن معاویة (عن) عمر (عن) داود بن علیة عن أبی حنفیة رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابی رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عباس بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت ''معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''داود بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے

(۸٤) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۲۵) والحافظ صدر الدین الحصکفی فی "مسند الامام" (٤٨۹) ومسلم (۱۸۲۵) فی الامارة: باب کراهیة الامارة بغیر ضرورة واحمد ۱۷۳:۵-

(۸۵) اخرجه صدر الدین الحصکفی فی "مسند الامام" (۳۱) والطبرانی فی "الکبیر" (۱۰٤۳۹) وفی "الاوسط" (۱۸ مجمع البحرین) والہیثمی فی "مجمع الزوائد" ۱۱۹:۱ والحافظ فی "المطالب العالیه" (۳۰٦۵)-

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مرنے کے بعد بھی اولاد کی دعاؤں، تعلیم اور صدقہ جاریہ کا ثواب ملتا رہتا ہے ☼

86/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ یُوْجَرُ فِیْهِنَّ الْمَیِّتُ بَعْدَ مَوْتِهٖ وَلَدٌ یَدْعُوْ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِهٖ فَهُوَ یُوْجَرُ فِیْ دُعَائِهٖ - وَرَجُلٌ عَلَّمَ عِلْماً یَعْمَلُ بِهٖ وَیُعَلِّمُهُ النَّاسَ فَهُوَ یُوْجَرُ عَلٰی مَا عَمِلَ وَعَلَّمَ - وَرَجُلٌ تَرَكَ اَرْضًا صَدَقَةً

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) ''تین آدمی ایسے ہیں کہ ان کو وفات کے بعد بھی ان کے کاموں کا اجر ملتا رہتا ہے۔

○ آدمی کی اولاد جو آدمی کے مرنے کے بعد اس کے لئے دعا کرتی ہے اس کی دعا کی بناء پر مرنے والے کو ثواب دیا جاتا ہے۔

○ ایسا آدمی جس نے علم حاصل کیا پھر اس عمل پر کرتا رہا اور لوگوں کو وہ علم سکھاتا رہا اس کو اس علم اور عمل دونوں کا ثواب ملتا رہتا ہے۔

○ ایسا آدمی جس نے کوئی زمین صدقہ کر دی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ انسان عام طور اپنی باتوں کی وجہ سے پھنستا ہے ☼

87/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَلْبَلَاءُ مُوَکَّلٌ بِالْکَلَامِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) آزمائش گفتگو کے تابع کر دی گئی ہے'' (یعنی عام طور پر انسان پر آزمائش اس کی باتوں کی وجہ سے آتی ہے۔)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد ﷫'' نے حضرت'' غیلان بن یعقوب علاف ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' صالح بن یحییٰ بن غیلان ﷫'' سے، انہوں نے اپنے'' والد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن بزیع ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے''

---

(١٦٠) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفى فى " مسند الامام "(٣١)-

امام اعظم فرماتے ہیں: میں نے حضرت زید بن علی بن حسین سے زیادہ حاضر جواب کوئی نہیں دیکھا

161/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) قَالَ مَا رَاَیْتُ اَحْضَرَ جَوَاباً مِنْ زَیْدِ بْنِ عَلِیٍ بْنِ الْحُسَیْنِ قُلْتُ لَهٗ اَقْدَرَ اللّٰهُ الْمَعَاصِیَ قَالَ اَفَیُعْصٰی قَهْراً فَاَلْقَمَنِیْ حَجَراً

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''زید بن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ حاضر جواب کوئی شخص نہیں دیکھا، میں نے ایک دفعہ ان سے کہا: کیا اللہ تعالیٰ گناہ پر قادر ہے؟ انہوں نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ کی زبردستی نافرمانی کی جاسکتی ہے؟ اس طرح انہوں نے مجھے لاجواب کردیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده عن أبي العباس بن عقدة (عن) جعفر بن أحمد بن يزيد الحارسي (عن) الحسن بن زياد بن عمر (عن) مطلب بن زياد قال سمعت أبا حنيفة يقول ما رأيت أحضر جواباً من زيد بن علي*

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن احمد بن یزید حارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' مطلب بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے'' میں نے حضرت'' زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ حاضر جواب کوئی شخص نہیں دیکھا''

جو شخص ان پانچ چیزوں کی معیت میں اللہ تعالیٰ سے ملے گا، اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا

162/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ)(عَنْ) یُوْنُسَ بْنِ زَهْرَانَ (عَنِ) الْحَشْخَاشِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَقِیَ اللّٰهَ تَعَالٰی بِخَمْسٍ اَعْتَقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی مِنَ النَّارِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یونس بن زہران رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''خشخاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا'' جو شخص اللہ تعالیٰ سے پانچ چیزوں کی معیت میں ملے گا، اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا (وہ پانچ چیزیں یہ ہیں) (۱) سبحان اللہ (۲) الحمد للہ (۳) لا الہ الا اللہ (۴) اللہ اکبر (۵) لاحول ولاقوۃ الا باللہ

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده عن أبي العباس بن عقدة (عن) عبد الله بن إبراهيم بن قتيبة (عن) الحسن بن مالك نسيب بن أبي عنان (عن) زافر بن سليمان (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن مالک نسیب بن ابی عنان رحمۃ اللہ علیہ

(۱٦۲) اخرجہ احمد ۲:۴۴۳ والحاکم فی "المستدرک" ۱:۵۱۱ وابن سعد فی "الطبقات" ٦:۵۸ وابن حبان (۸۳۳) عن مولی لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال " بخ بخ لخمس ما اثقلھن فی المیزان: لا الہ الا اللہ واللہ اکبر وسبحان اللہ والحمد للہ..."۔

سے، انہوں نے حضرت ''زافر بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ سب سے اچھا شخص وہ ہے جو خود قرآن پڑھے اور دوسروں کو پڑھائے ☼

163/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) وَشُعْبَةُ وَمِسْعَرٌ وَسُفْيَانُ وَقَيْسٌ كُلُّهُمْ (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ (عَنْ) اَبِى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ (عَنْ) عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قیس رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعد بن عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سب سے بہتر شخص وہ ہے جو خود قرآن پڑھے اور دوسروں کو پڑھائے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي فِي مسنده عن كتاب تاريخ بخارى لأبى عبد الله محمد بن محمد بن سليمان بن كامل يعرف بغنجار (عن) محمد بن موسى بن جعفر (عن) أبى على بكر بن عبد الله بن محمد بن خالد بن يزيد الحبال الرازى وكان على حسبة بخارى (عن) أبيه (عن) سليمان بن الربيع (عن) كادح الزاهد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ وشعبة ومسعر وسفيان وقيس رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُم*

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى (عن) القاضى أبى يعلى محمد بن الحسن بن الفراء (عن) أبى محمد عبد الله بن أحمد بن مالك البيع (عن) عبد الله ابن أحمد بن ربيعة (عن) أحمد بن عبيد بن ناصح (عن) صالح بن بسام (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف غنجار رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب تاریخ بخاری کے حوالے سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''محمد بن موسیٰ بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بکر بن عبداللہ بن محمد بن خالد بن یزید حبال رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے (بخاری کے رہنے والے تھے) انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''کادح زاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ نیز حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ، حضرت مسعر، حضرت سفیان اور حضرت قیس رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''قاضی ابویعلیٰ محمد بن حسن بن الفراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد بن مالک بیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبید بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن بسام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

---

(۱۶۳) اخرجه احمد ۱:۵۷، والبخاری (۵۲۷) فی فضائل القرآن: باب خیرکم من تعلم القرآن وعلمه، وابو داود (۱۴۵۲) فی الصلاة: باب ثواب قراءة القرآن، والترمذی (۲۹۰۹) فی ثواب القرآن: باب ما جاء فی تعلیم القرآن۔

☼ بچھو سے حفاظت کی دعا ☼

164/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) عَنِ الْهَیْثَمِ بْنِ حَبِیْبِ الصَّیْرِفِیِّ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ قَالَ حِیْنَ یُصْبِحُ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ یَضُرُّهٗ عَقْرَبٌ حَتّٰی یُمْسِیَ وَمَنْ قَالَهَا حِیْنَ یُمْسِی لَمْ یَضُرُّهٗ عَقْرَبٌ حَتّٰی یُصْبِحَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے صبح کے وقت یہ دعا مانگی

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

اس کو شام تک بچھو نہیں کاٹے گا اور جو شام کے وقت یہ کلمات پڑھ لے گا اس کو صبح تک بچھو نہیں کاٹے گا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) نصر ابن أحمد الکندی و محمد بن المنذر بن سعید کلاهما (عن) محمد بن عمران (عن) القاسم بن الحکم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(ورواه)(عن) عبد الله بن محمد (عن) زکریا بن یحیی بن کثیر الأصفهانی (عن) أحمد بن ربیعة (عن) محمد بن المغیرة (عن) الحکم عن زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غیر أنه قال حین یصبح قبل طلوع الشمس ثلاث مرات لم یضره عقرب یومئذ وإن قالها حین یمسی لم یضره لیلتئذ*

(ورواه)(عن) محمد بن الحسن البزار (عن) بشر بن الولید (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عن) ذکوان فیما أحسب (عن) أبی هریرة مثل لفظ زفر*

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(ورواه)(عن) صالح بن أحمد (عن) شعیب ابن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ طلحة ابن محمد فِی مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) أبو عبد الله البلخی فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) أبی بکر الخیاط المقری (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) عبد الله بن محمد الأعور (عن) محمد بن شوکة (عن) قاسم بن الحکم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ*

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده هذا إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه الله*

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''نصر بن احمد کندی اور محمد بن منذر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''محمد بن عمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

---

(١٦٤) اخرجه ابن حبان (١٠٢٠) ومسلم (٢٧٠٩) فی الذکر والدعاء: باب التعوذ من سوء القضاء، والنسائی فی '' عمل الیوم واللیلة'' (٥٨٧)-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں :اگر وہ صبح کے وقت طلوع آفتاب سے پہلے تین مرتبہ پڑھ لے گا تو شام تک اس کو کوئی بچھو نقصان نہیں پہنچا سکتا اور اگر وہ شام کے وقت پڑھ لے گا تو پوری رات کوئی بچھو نہیں کاٹے گا۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ذکوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے (میرے خیال کے مطابق) انہوں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے اُنہی الفاظ میں روایت کیا ہے جو حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی روایت کے ہیں۔ انہوں نے احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد اعور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اور اسی حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں جان بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے ☼

165/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ (عَنْ) اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدَرِيِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے

(۱۶۵) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (۳۸) وابن ماج (۳۷) في المقدمة: باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم وابن ابي شيبة ۸:۵۷۴ وقد تقدم۔

روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنا لے۔

(أخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی (عن) أبی بكر الخطيب (عن) أحمد بن الحسين السكری (عن) جده علی بن عمر (عن) أبی بكر محمد بن الحسن بن علی بن حامد البخاری (عن) عبد الله بن يحيی السرخسی (عن) الحسن بن المبارك (عن) إسماعيل بن عياش (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حسین سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''علی بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن حسن بن علی بن حامد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یحییٰ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ جس نے رسول اکرم ﷺ کے بارے میں جان بوجھ کر جھوٹ بولا، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنا لے ☼

166/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) يَـحْيٰى بِنْ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِیْ (عَنْ) اَنَـسِ بْـنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ''جس نے جان بوجھ کر میرے بارے میں جھوٹ بولا، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنا لے''

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رميح (عن) علی بن الحسن ابن بشر (عن) داود بن المحبر (عن) القاسم بن معن (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رحمه الله*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابی رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حسن ابن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داود بن محبر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایسی ذمہ داری قبول نہیں کرنی چاہئے جو نبھا نہ سکتے ہوں ☼

167/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنْ) عَبْـدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يَذُلَّ نَفْسَهٗ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَذُلُّ نَفْسَهٗ قَالَ يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ مَالَا يَطِيْقُ

(۱٦٦) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفی فی "مسند الامام" (٤٠) وابو يعلی (٢٩٠٩) واحمد ٢٧٨:٣ والطيالسی (٣٨) برقم (٩٧)۔

(۱٦٧) اخرجه الطبرانی فی "الكبير" (١٣٥٠٧) وفی "الاوسط" (٥٢٥٧) والبزار (٣٣٢٣-كشف الاستار) واورده الهيثمی فی "مجمع الزوائد" ٢٧٤:٧ وفی "مجمع البحرين" ١٤٣:٤ (٤٣٩٥)۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ''مومن کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ خودکو ذلیل کرے، کسی نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بندہ خودکو کیسے ذلیل کرسکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اپنے اوپر خود ایسی ذمہ داری ڈال لیتا ہے جس کو وہ نبھانہیں سکتا۔''

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أبي سعيد البجيري فِي كتابه (عن) أحمد بن سعيد (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوسعید بجیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی کتاب کے حوالے سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

قرآن کے ہرحرف کی تلاوت پر دس نیکیاں ملتی ہیں

168/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَاصِمِ بْنِ اَبِیْ النَّجُوْدِ (عَنْ) اَبِی الْاَحْوَصِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أنه قَالَ اِنَّ لَكَ بِكُلِّ حَرْفٍ تَتْلُوْهُ عَشَرَ حَسَنَاتٍ اَمَّا اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ الم حَرْفٌ وَلٰكِنْ اَلْفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِیْمٌ حَرْفٌ فَتِلْكَ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عاصم بن ابی النجود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوالاحوص رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' قرآن کریم کے ہرحرف کی تلاوت کے بدلے دس نیکیاں ملتی ہیں، میں یہ نہیں کہتا کہ ''الم'' ایک حرف ہے بلکہ الف الگ حرف ہے، لام الگ اور میم الگ حرف ہے۔ اس طرح ان حروف کی تلاوت پر تیس نیکیاں ملتی ہیں۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن أحمد بن شاذان (عن) القاضي أبي بكر بن أشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوالفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوبکر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

چھینکنے والا الحمدللہ کہے، سننے والا یرحمنا اللہ وایاک کہے

169/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اِذَا عَطَسَ الرَّجُلُ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَقُلْ

(۱۶۸) اخرجه الحاكم فى "المستدرك" ۷۴۱:۱ والترمذى (۲۹۱۰) والدارمى فى "السنن" ۵۲۱:۲ (۳۳۰۸)-

يَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكَ وَلْيَقُلِ الَّذِىْ عَطَسَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب کسی کو چھینک آئے تو وہ ''الحمدللہ'' پڑھے، سننے والا ''یَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكَ'' کہے، پھر چھینکنے والا کہے' يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكَ'

(أخرجه) محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ راہ گیروں سے مذاق کرنا اور ان سے جاہلانہ سلوک کرنا بڑی برائیاں ہیں ☼

170/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) سَمَّاكِ بْنِ حَرْبٍ (عَنْ) اَبِىْ صَالِحٍ (عَنْ) اُمِّ هَانِءٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَانَ الْمُنْكَرُ الَّذِىْ كَانُوْا يَاْتُوْنَ قَالَ يَحْبِقُوْنَ وَيَسْخُرُوْنَ مِنْ اَهْلِ الطَّرِيْقِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے سیدہ ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگ جن برائیوں کا ارتکاب کیا کرتے تھے وہ کیا برائیاں تھیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ راستے سے گزرنے والوں سے مذاق کیا کرتے تھے، اور ان سے جاہلانہ سلوک کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) صالح بن أبى رميح (عن) الحسن بن سلام السواق (عن) عبيد الله بن موسى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ*

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابی رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن سلام سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ تفرقہ ڈالنے والا واجب القتل ہے ☼

171/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) زِيَادِ بْنِ عَلَاقَةِ (عَنْ) عَرْفَجَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَيَكُوْنُ بَعْدِىْ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ فَمَنْ اَتَاكُمْ لِيُشَتِّتَ اَمْرَكُمْ وَهُوَ مُجْتَمِعٌ فَاقْتُلُوْهُ كَائِناً مَنْ كَانَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''زیاد بن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عرفجہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت

(۱۶۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (۲۰۰) قلت: وقد اخرج الطبرانى فى "الكبير" (۹۹۹۸) عن عبدالله قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمنا اذا عطس احدنا ان نشمته۔

(۱۷۰) اخرجه الحافظ فى "مسند الامام" (۵۰۷) واحمد ۳۴۱:۶ و۴۲۴ والطبرى فى "التفسير" ۱۴۵:۲۰ والبخارى فى "التاريخ الكبير" ۱۹۶:۶ وذكر ابن كثير فى "التفسير" فى تفسير هذه الآية وعزاه لاحمد۔

(۱۷۱) اخرجه ابن حبان (۴۴۰۶) والطيالسى (۱۲۲۴) واحمد ۲۶۱:۴ ومسلم (۱۸۵۲) (۵۹) فى الامارة: باب حكم من فرق امر المسلمين وهو مجتمع وابوداود (۴۷۶۲) فى السنة: باب قتل الخوارج۔

کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عنقریب میرے بعد تم پر طرح طرح کی مصیبتیں آئیں گی، ان میں جو بھی تمہارے پاس، تمہاری اجتماعیت اور اتفاق کو بکھیرنے کے لئے آئے (یعنی تمہارے اندر اختلافات پیدا کرنے کے لئے آئے) تم اس کو مار ڈالو، وہ کوئی بھی ہو۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) أبي محمد عبد الله بن محمد الدمشقي (عن) أحمد بن عبيد ابن ناصح (عن) صالح بن بيان (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) محمد بن سليمان (عن) عثمان بن أبي شيبة (عن) أمه (عن) العوام ابن حوشب (عن) زياد بن علاقة (عن) عرفجة الحديث*

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفِي (عن) أبي محمد الحسن بن على الفارسى (عن) محمد بن المظفر الحافظ باسناده إلى اَبِي حَنِيْفَةَ*

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر ﷫'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابومحمد عبد اللہ بن محمد دمشقی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبید ابن ناصح ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن بیان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے''

○اسی حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر ﷫'' نے حضرت ''محمد بن سلیمان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن ابی شیبہ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امہ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عوام بن حوشب ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن علاقہ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عرفجہ ﷫'' سے مفصل حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن بن علی فارسی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ ﷫'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ انسان کی خوبیوں میں سب سے اچھی چیز حسن اخلاق ہے ☼

172/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) زِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ (عَنْ) اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ شَهِدتُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَالْاَعْرَابُ يَسْاَلُوْنَهٗ يَقُوْلُوْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْعَبْدُ قَالَ خُلُقٌ حَسَنٌ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''زیاد بن علقمہ ﷫'' کے حوالے سے حضرت ''اسامہ بن یکثیر ﷜'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''اسامہ بن شریک ﷜'' بیان کرتے ہیں، میں رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھا، دیہاتی لوگ آپ ﷺ سے پوچھا کرتے تھے: یارسول اللہ ﷺ بندے کو جو بھلائی عطا کی گئی ہے، اس میں سب سے اچھی چیز کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: حسن اخلاق۔

(۱۷۲) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (۴۵۶) وابن حبان (۴۷۸) وابن ابي شيبة ۸:۵۱۴ والطبراني في "الكبير" (۴۷۰) والطيالسي (۱۲۳۳) واحمد ۴:۲۷۸-

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) حاتم بن موسی (عن) إسحاق بن القاسم (عن) محمد بن عبید (عن) اَبی حَنِیفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حاتم بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا تھا کہ ہر مسلمان کے ساتھ بھلائی کریں☼

173/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) زِیَادِ بْنِ عَلاقَةَ یَرْفَعُهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اُمِرَ بِالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر مسلمان کے ساتھ بھلائی کا حکم دیا گیا تھا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن محمد ابن عبد الرحمن السرخسی (عن) محمد بن حمید (عن) علی بن مجاهد (عن) اَبی حَنِیفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼نماز قائم کرنے، زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیرخواہی پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی جاتی تھی☼

174/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) زِیَادِ بْنِ عَلاقَةَ (عَنْ) جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَایَعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰی اِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوةِ وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''زیاد بن علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے نماز قائم کرنے، زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کے لئے خیرخواہی پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِی مسنده (عن) عبد الله بن محمد (عن) أحمد بن عبید بن ناصح (عن) صالح بن بیان (عن) اَبی حَنِیفَةَ

(ورواه)(عن) عبد الله بن محمد بن عبد العزیز (عن) خلف بن هشام (عن) أبی عوانة (عن) زیاد بن علاقة*

(ورواه) بطریق آخر غیر طریق اَبی حَنِیفَةَ*

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی محمد الحسن

(۱۷۳) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۴۵۳) وابن حبان (۴۵۴۶) والطبرانی فی "الکبیر" (۲۴۱۴) وابو داود (۴۹۴۵) فی الادب: باب فی النصیحة والنسائی ۷: ۱۴۰ والبیهقی فی "السنن الکبری" ۵: ۲۷۱-

(۱۷۴) وقد تقدم وهو الحدیث السابق-

بن علی الفارسی (عن) محمد بن المظفر الحافظ باسناده المذکور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبید بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن بیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک دوسری اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس میں حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا تذکرہ نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن بن علی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

اَلْفَصْلُ الثَّانِی فِی الْاِیْمَانِ وَالتَّصْدِیْقِ بِالْقَضَاءِ وَالْقَدْرِ وَالشَّفَاعَةِ وَغَیْرِہٖ

(دوسری فصل: میں ایمان لانے، قضاء وقدر پر اور شفاعت وغیرہ کا یقین رکھنے کا بیان ہے)

☼حضرت جبریل امین علیہ السلام بارگاہ مصطفیٰ میں دین سکھانے کے لئے بھی سائل کے انداز میں آتے ہیں☼

175/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ جِبْرِیْلُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی صُوْرَةِ شَابٍ عَلَیْهِ ثِیَابٌ بَیَاضٌ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ وَعَلَیْكَ السَّلَامُ اُدْنُوْ فَقَالَ اُدْنُهُ فَدَنَا ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَلْاِیْمَانُ قَالَ اَلْاِیْمَانُ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا لِقَوْلِهٖ صَدَقْتَ کَاَنَّهٗ یَدْرِیْ ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا شَرَائِعُ الْاِسْلَامِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِقَامُ الصَّلَاةِ وَاِیْتَاءُ الزَّکٰوةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَغُسْلُ الْجَنَابَةِ قَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا لِقَوْلِهٖ صَدَقْتَ کَاَنَّهٗ یَدْرِیْ ثُمَّ قَالَ فَمَا الْاِحْسَانُ قَالَ اَنْ تَعْمَلَ لِلّٰهِ کَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَمْ تَکُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ یَرَاكَ قَالَ صَدَقْتَ ثُمَّ قَالَ فَمَتٰی قِیَامُ السَّاعَةِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَهْ مَهْ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ فَقَفَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَیَّ بِالرَّجُلِ فَطَلَبْنَاهُ فَلَمْ نَرَ اَثَرَهٗ فَاَخْبَرَنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذٰلِكَ جِبْرِئِیْلُ جَاءَ کُمْ یُعَلِّمُکُمْ دِیْنَکُمْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت

(۱۷۵) اخرجه الحافظ صدر الدین الحصکفی فی ''مسند الامام'' (۳)-

''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں' حضرت جبریل امین علیہ السلام ایک نوجوان کی شکل میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے ،انہوں نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے،(انہوں نے آکر) عرض کی السلام علیك یار سول اللّٰه۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کوسلام کا جواب دیا۔اس نے عرض کی: کیا میں قریب ہو جاؤں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو قریب ہونے کی اجازت دے دی، پھر اس نے عرض کی:

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایمان کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ پر، اس کے فرشتوں پر،اس کی کتابوں پر ،اس کے رسولوں پر، اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لائے۔

(یہ سن کر اس نوجوان نے) کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے۔

ہمیں اس کی یہ بات '' آپ نے سچ فرمایا ہے'' سن کر بہت حیرانگی ہوئی ،لگتا تھا کہ وہ اس سوال کا جواب پہلے سے جانتا تھا۔

اس نے پھر عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسلام کے ارکان کیا ہیں؟

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، ماہ رمضان کے روزے رکھنا، جنابت کا غسل کرنا۔

اس نے پھر کہا'' آپ نے سچ فرمایا'' ہمیں پھر تعجب ہوا کہ یہ جواب میں '' آپ نے سچ فرمایا'' کیوں کہہ رہا ہے۔یوں لگ رہا تھا جیسے وہ اس کا جواب پہلے سے جانتا ہو۔

اُس نے پھر پوچھا: احسان کیا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کے لئے اس طرح عمل کرو جیسا کہ تم اس کو دیکھ رہے ہو اور اگر تم اس کو نہیں دیکھ پا رہے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

اس نے کہا'' آپ نے سچ فرمایا''

پھر اس نے کہا: قیامت کب قائم ہوگی؟ (یعنی وقوع قیامت کا معین ومقرر وقت کونسا ہے؟) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رک جا رک جا، کیونکہ (وقوع قیامت کے معین وقت کے بارے میں) جس سے سوال کیا گیا ہے وہ سائل سے زیادہ نہیں جانتا۔ تو اس نے یہ سوال چھوڑ دیا (وہ آدمی اٹھ کر چلا گیا) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کو بلا کر میرے پاس لاؤ، (صحابہ کرام فرماتے ہیں) ہم اس کو ڈھونڈنے نکلے لیکن ہمیں اس کا کہیں بھی نام ونشان تک نہ ملا، ہم نے واپس آکر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا (کہ وہ ہمیں کہیں دکھائی نہیں دیا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ حضرت ''جبریل امین علیہ السلام'' تھے، وہ تمہارے پاس تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) عبد الواحد بن حماد بن الحارث أبی سهل الخجندی (عن) أبیه حماد بن الحارث الخجندی عن نوح بن أبی مریم فی کتاب الإیمان (عن) أَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالواحد بن حماد بن حارث ابو سہل خجندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''حماد بن حارث خجندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح بن ابی مریم رحمۃ اللہ علیہ'' سے

کتاب الایمان میں، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

☼ جس نے کلمہ پڑھ لیا وہ جنتی ہے چاہے چور ہو، چاہے زانی ہو ☼

176/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا اَنَا رَدِيْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ مَنْ شَهِدَ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ قُلْتُ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ قَالَ فَسَكَتَ عَنِّىْ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً فَقَالَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ فَسَكَتَ عَنِّىْ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً فَقَالَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ قُلْتُ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ فَقَالَ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ وَاِنْ رَغِمَ اَنْفُ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ وَكَاَنِّىْ اَنْظُرُ اِلٰى اِصْبَعِ اَبِى الدَّرْدَاءِ السَّبَابَةِ يُوْمِیْ بِهَا اِلٰى اَرْنَبَتِهٖ

✧ ✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "عبداللہ بن ابی حبیبہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے حضرت "ابودرداء رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر سوار تھا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو درداء! جس نے اس بات کی گواہی دی "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں" وہ جنتی ہے، حضرت "ابودرداء رضی اللہ عنہ" فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: وہ اگر چہ چور ہو اور زانی ہو؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر خاموش رہے، پھر کچھ سفر طے کیا پھر فرمایا: جو اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں، وہ جنتی ہے، میں نے پھر کہا: اگر چہ وہ چور اور زانی ہو؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھر خاموش ہو گئے، پھر کچھ سفر طے کرنے کے بعد فرمایا: جو اس بات کی گواہی دے کہ "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں" وہ جنتی ہے۔ میں نے پھر کہا: وہ آدمی اگر چہ چور اور زانی ہو؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر چہ چور اور زانی ہو، اور اگر چہ ابودرداء کی ناک خاک آلود ہو جائے (حضرت "عبداللہ ابن ابی حبیبہ رحمۃ اللہ علیہ" فرماتے ہیں) مجھے آج بھی یونہی دکھائی دے رہا ہے جیسے حضرت "ابودرداء رضی اللہ عنہ" اپنی ناک کی جانب اشارہ کر کے بتا رہے ہوں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) العباس بن عزيز القطان المروزی (عن) بشر بن يحيى (عن) النضر بن محمد وأسد بن عمر وكلاهما عن اَبِى حَنِيْفَةَ

(ورواه)(عن) أبى موسى هارون بن هشام (عن) أبى حفص ومحمد بن سلام كلاهما (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ *

(ورواه)(عن) أحمد بن هارون البخارى (عن) يوسف بن عيسى (عن) الفضل بن موسى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ غير أنه زاد فيه فكان أبو الدرداء يقوم كل جمعة عند منبر رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يحدث بهذا الحديث عن رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ *

(١٧٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (٣٧٣) واحمد ٦:٤٤٢ والطبرانى فى "الاوسط" (٢٩٥٣) وفى "مسند الشاميين" (٢١١٣) وابونعيم فى "الحلية" ١٠:٣٩٨-

(ورواه) كذلك (عن) عبد الله بن عبيد الله (عن) عيسى بن أحمد (عن) زكريا بن يحيى (عن) محمد بن الفضل كلاهما (عن) المقرى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه)(عن) الربيع بن حسان (عن) يحيى بن عبد الغفار (عن) أبى عتاب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد ابن سعيد (عن) على بن الحسن الذهلى (عن) يحيى بن اليمان الهمدانى (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه)(عن) على بن الحسن الذهلى (عن) يحيى بن اليمان (و) عمرو بن محمد العبقرى وعلى بن عاصم كلهم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِى الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد الشاهد العدل البقا (عن) أبى عبد الله محمد بن مخلد (عن) محمد بن الفضل بن سعيد بن سليمان (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) ابن مخلد (عن) على بن إبراهيم الواسطى (عن) يزيد بن هارون (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخى (عن) أبى الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبى على بن شاذان (عن) القاضى أبى نصر بن اشكاب البخارى (عن) عبد الله ابن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه الله *

(ورواه)(عن) أبى سعيد محمد بن عبد الملك بن عبد القاهر بن أسد (عن) أبى الحسن بن قشيش (عن) أبى بكر الأبهرى (عن) أبى عروبة الحرانى (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(ورواه) أيضاً (عن) الشيخ أبى طالب بن يوسف (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) أبى بكر الأبهرى (عن) أبى عروبة (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ*

(وأخرجه) القاضى عمر الأشنانى (عن) محمود بن محمد (عن) الشاه بن مخلد (عن) أبى سليمان الجوزجانى (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ*

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''عباس بن عزیز قطان مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''بشر بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''ابوموسیٰ ہارون بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوحفص رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''احمد بن ہارون بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یوسف بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔تاہم اس میں یہ اضافہ

ہے" حضرت" ابودرداء رضی اللہ عنہ" ہر جمعہ کے دن رسول اکرم ﷺ کے منبر شریف کے پاس کھڑے ہو جاتے اور یہی حدیث بیان کرتے۔

○اسی حدیث کو حضرت" ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت" عبداللہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" عیسیٰ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" زکریا بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" محمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" مقری رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت" ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت" ربیع بن حسان رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" یحییٰ بن عبدالغفار رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" ابوعتاب رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت" ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت" احمد بن محمد ابن سعید رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" علی بن حسن ذہلی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" یحییٰ بن یمان ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے" والد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○اسی حدیث کو حضرت" ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت" علی بن حسن ذہلی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" یحییٰ بن یمان رحمۃ اللہ علیہ" اور حضرت" عمرو بن محمد عبقری رحمۃ اللہ علیہ" اور حضرت" علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ" سے، ان سب نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

○اس حدیث کو حضرت" امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت" حافظ طلحہ بن محمد شاہد عدل بقاء رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت" ابوعبداللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" محمد بن فضل بن سعید بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

○اس حدیث کو حضرت" حافظ طلحہ بن محمد شاہد عدل بقاء رحمۃ اللہ علیہ" نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت" ابن مخلد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" علی بن ابراہیم واسطی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

○اس حدیث کو حضرت" ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت" ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" قاضی ابونصر بن اشکاب بخاری رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" اسماعیل بن توبہ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت" ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت" ابوسعید محمد بن عبدالملک بن عبدالقاہر بن اسد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" ابوحسن بن قشیش رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے" دادا رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت" امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

○اس حدیث کو حضرت" ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے)

حضرت ''شیخ ابو طالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت'' ابوبکرابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' ابوعروبہ رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے اپنے'' دادا رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمود بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''شاہ بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوسلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼الٓمٓرٰ حروف مقطعات کی ایک تاویل☼

177/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِی الضُّحٰی (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما فِی قَوْلِهٖ تَعَالٰی المر انا اللّٰهَ اَعْلَمُ وَاَرٰی

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے،وہ حضرت''ابوالضحیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد(المر)،یعنی حروف مقطعات) کے بارے میں فرماتے ہیں(اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے) میں اللہ ہوں، میں جانتا ہوں، دیکھتا ہوں''یعنی ''ا''اور''ل'' سے مراد''انا اللہ'' ہے اور''م'' سے مراد''اعلم'' ہے اور''ر'' سے مراد''اری'' ہے)

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخی (عن) أبی السعود أحمد بن علی بن محمد بإسناده المذكور فِی الحدیث المتقدم حدیث الكبریاء إلی حماد بن اَبی حَنِیْفَةَ (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں(ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوسعود احمد بن علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے اپنی اس اسناد کے ہمراہ جو''الکبریاء''والی حدیث میں گزری ہے حضرت'' امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پتھروں اور ڈھیلوں کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سلام کہا،سب نے جواب دیا☼

178/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) ابْنِ عُبَیْدَةَ السَّلْمَانِیِّ (عَنْ) اَبِیهِ (عَنْ) عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِرْكَبْ نَاقَتِیْ ثُمَّ اَمْضِ اِلَی الْیَمَنِ فَاِذَا وَرَدتَّ عُقْبَةَ الشَّقِ وَرَقِیْتَ عَلَیْهَا وَرَاَیْتَ النَّاسَ مُقْبِلِیْنَ یُرِیْدُوْنَكَ فَقُلْ یَا حَجَرُ یَا مَدَرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ یُقْرِاُ عَلَیْكُمُ السَّلاَمَ فَلَمَّا رَقِیْتُ العَقَبَةَ رَاَیْتُ قَوْماً مُقْبِلِیْنَ فَقُلْتُ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكُمْ یَا حَجَرُ یَا مَدَرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ یُقْرِاُ عَلَیْكُمُ السَّلاَمَ فارْتَجَّتِ الاَرْضُ وَقَالُوا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلسَّلاَمُ فَلَمَّا سَمِعَ الْقَوْمُ اَقْبَلُوا اِلَیْهِ مُسْلِمِیْنَ

(۱۷۷) اخرجه الحصكفی فی '' مسند الامام ''(۵۰۲)،وابن كثیر فی '' التفسیر '' ۱:۳۶،والطبری فی '' التفسیر '' ۱:۶۷،والبغوی فی '' التفسیر '' فی اول البقرة-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبیداللہ سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اونٹنی پر سوار ہو جاؤ اور یمن چلے جاؤ، جب تم پہاڑی کی گھاٹی کے پیچھے پہنچ جاؤ گے اور اس پر چڑھ جاؤ گے، جب تم دیکھو کہ لوگ تمہاری جانب آرہے ہیں، تو وہاں کے پتھروں اور ڈھیلوں کو میرا سلام کہنا (انہیں کہنا) اللہ کے رسول تمہیں سلام کہہ رہے ہیں۔ جب میں گھاٹی پر چڑھا اور لوگوں کو اپنی جانب آتے ہوئے دیکھا تو میں نے کہا: اے پتھرو! اے مٹی کے ڈھیلو: السلام علیکم، اللہ کے رسول تمہیں سلام کہتے ہیں۔ تو زمین ہلنے لگ گئی اور انہوں (سب پتھروں اور مٹی کے ڈھیلوں) نے سلام کا جواب دیا۔ جب لوگوں نے (پتھروں کا جواب سنا تو) سب حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي على (عن) أبي عبد الله العلاف عن القاضي أبي الحسن الأشناني (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ*

(وأخرجه) الحافظ عمر بن الحسن الأشناني فِي مسنده (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ*

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده لكن عطاء غير منسوب وقال فيه نظر (عن) العباس بن أحمدابن محمد بن سعيد (عن) الحسن بن على بن رفيع (و) الحسن بن على بن زريع كلاهما (عن) محمد بن عمرو الجرجاني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ*

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) أبي بكر أحمد بن على بن ثابت الخطيب (عن) أحمد بن أحمد القصري (عن) محمد بن أحمد بن سفيان (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) الحسن ابن على بن زريع (عن) محمد بن عمرو الجرجاني (عن) بشر بن غياث (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوحسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) لیکن اس سند میں عطاء غیر منسوب ہے، اور فرمایا: اس میں غور و فکر کی ضرورت ہے) انہوں نے حضرت ''عباس بن احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن علی بن زریع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''محمد بن عمرو جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی ابوبکرمحمد بن عبدالباقی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوبکراحمد بن علی بن ثابت خطیب ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن احمد قصری ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن سفیان ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن علی بن زریع ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن عمرو جرجانی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''بشر بن غیاث ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابویوسف ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے''

☼وہ کیسا شخص تھا جوجہنم میں مبتلائے عذاب ہوکر بھی اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوا،اور بخشا گیا☼

179/(اَبُوْ حَنِیْفَۃَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ (عَنْ) عَلْقَمَۃَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلْ یَبْقٰی اَحَدٌ مِّنَ الْمُوَحِّدِیْنَ فِی النَّارِ قَالَ نَعَمْ رَجُلٌ فِی قَعْرِ جَھَنَّمَ یُنَادِیْ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ حَتّٰی یَسْمَعَ صَوْتَہٗ جِبْرَئِیْلُ (عَلَیْہِ السَّلَامُ) فَیَتَعَجَّبُ مِنْ ذٰلِکَ الصَّوْتِ فَقَالَ اَلْعَجَبُ اَلْعَجَبُ حَتّٰی یَصِیْرَ بَیْنَ یَدَیْ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ سَاجِداً فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی اِرْفَعْ رَاْسَکَ یَا جِبْرَئِیْلُ مَا رَاَیْتَ مِنَ الْعَجَائِبِ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِمَا رَآہُ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ سَمِعْتُ صَوْتاً مِنْ قَعْرِ جَھَنَّمَ یُنَادِیْ بِالْحَنَّانِ وَالْمَنَّانِ فَتَعَجَّبْتُ مِنْ ذٰلِکَ الصَّوْتِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی یَا جِبْرَئِیْلُ اِذْھَبْ اِلٰی مَالِکٍ وَقُلْ لَہٗ اَخْرِجِ الْعَبْدَ الَّذِیْ یُنَادِیْ بِالْحَنَّانِ وَالْمَنَّانِ فَیَذْھَبُ جِبْرَئِیْلُ اِلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ جَھَنَّمَ فَیَضْرِبُہٗ فَیَخْرُجُ اِلَیْہِ مَالِکٌ فَیَقُوْلُ لَہٗ جِبْرَئِیْلُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَخْرِجِ الْعَبْدَ الَّذِیْ یُنَادِیْ بِالْحَنَّانِ وَالْمَنَّانِ فَیَدْخُلُ فَیَطْلُبُہٗ فَلَا یَجِدُہٗ وَاِنَّ مَالِکاً اَعْرَفُ بِاَھْلِ النَّارِ مِنَ الْاُمِّ بِاَوْلَادِھَا فَیَخْرُجُ فَیَقُوْلُ اِنَّ جَھَنَّمَ زَفَرَتْ زَفْرَۃً لَا اَعْرِفُ الْحِجَارَۃَ مِنَ الْحَدِیْدِ وَلَا الْحَدِیْدَ مِنَ الرِّجَالِ فَیَرْجِعُ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَتّٰی یَقَعَ بَیْنَ یَدَیْ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ سَاجِداً فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اِرْفَعْ رَاْسَکَ یَا جِبْرَئِیْلُ لِمَ لَمْ تَجِیْءْ بِعَبْدِیْ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ اِنَّ مَالِکاً یَقُوْلُ اِنَّ جَھَنَّمَ زَفَرَتْ زَفْرَۃً لَا اَعْرِفُ الْحِجَارَۃَ مِنَ الْحَدِیْدِ وَلَا اَعْرِفُ الْحَدِیْدَ مِنَ الرِّجَالِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی یَا جِبْرَئِیْلُ قُلْ لِمَالِکٍ اَنَّ عَبْدِیْ فِی قَعْرِ کَذَا وَکَذَا فِی بِئْرِ کَذَا وَکَذَا فِی زَاوِیَۃِ کَذَا وَکَذَا فَیَدْخُلُ مَالِکٌ فَیَجِدُہٗ مَطْرُوْحاً مَنْکُوْساً مَشْدُوْداً نَاصِیَتُہٗ اِلٰی قَدَمِہٖ وَاجْتَمَعَ عَلَیْہِ الْحَیَّاتُ وَالْعَقَارِبُ وَیَجْذِبُہٗ جَذْبَۃً حَتّٰی تَسْقُطَ عَنْہُ الْحَیَّاتُ وَالْعَقَارِبُ ثُمَّ یَجْذِبُہٗ جَذْبَۃً اُخْرٰی تَنْقَطِعُ عَنْہُ السَّلَاسِلُ وَالْاَغْلَالُ ثُمَّ یُخْرِجُہٗ مِنَ النَّارِ فَیَضْرِبُہٗ فِی مَاءِ الْحَیَوَانِ وَیَدْفَعُہٗ اِلٰی جِبْرَئِیْلَ فَیَاْخُذُ بِنَاصِیَتِہٖ وَیَمُدُّہٗ مَدّاً فَمَا مَرَّ عَلٰی مَلَاءٍ مِنَ الْمَلَائِکَۃِ اِلَّا وَھُمْ یَقُوْلُوْنَ اُفٍّ لِھٰذَا الْعَبْدِ اُفٍّ لِھٰذَا الْعَبْدِ حَتّٰی یَصِیْرَ بَیْنَ یَدَیْ رَبِّ الْعَرْشِ وَیَخِرُّ جِبْرَئِیْلُ سَاجِداً فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اِرْفَعْ رَاْسَکَ یَا جِبْرَئِیْلُ وَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی عَبْدِیْ اَمَا اَخْلُقْکَ بِخَلْقٍ حَسَنٍ اَلَمْ اُرْسِلْ

(۱۷۹) اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" (۲۸) وابن حبان (۷۴۲۷) واحمد۱:۳۷۸ ومسلم (۱۸۶) (۳۰۹) في الايمان: باب آخر اهل النار خروجاً والترمذي (۲۵۹۵) في صفة جهنم: باب (۱۰) مختصراً بنحوه-

اِلَیْكَ رَسُوْلاً اَلَمْ یُقْرَاُ عَلَیْكَ كِتَابِیْ اَلَمْ یَأْمُرُكَ اَلَمْ یَنْهَكَ حَتّٰی یَقِرَّ الْعَبْدُ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی فَلِمَ فَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا فَیَقُوْلُ الْعَبْدُ یَا رَبِّ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ حَتّٰی بَقِیْتُ فِی النَّارِ كَذَا وَكَذَا خَرِیْفاً لَمْ اَقْطَعْ رَجَائِیْ عَنْكَ یَا رَبِّ دَعَوْتُكَ بِالْحَنَّانِ الْمَنَّانِ فَاَخْرَجْتَنِیْ بِفَضْلِكَ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا مَلَائِكَتِیْ اِشْهَدُوْا عَلٰی اَنِّیْ قَدْ رَحِمْتُهٗ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، وہ حضرت ''علقمہ رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور کہنے لگا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا مؤحدین (اللہ کو ایک ماننے والوں) میں سے کوئی شخص دوزخ میں ہمیشہ رہے گا؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! ایک شخص دوزخ کی گہرائیوں میں ہوگا، وہاں سے ''یا حنان یا منان'' کی آوازیں بلند کرے گا، حتیٰ کہ حضرت ''جبریل امین علیہ السلام'' اس کی آواز سنیں گے، وہ آواز سن کر بہت حیران ہوں گے اور کہیں گے: العجب العجب۔ یہ کہتے ہوئے حضرت ''جبرائیل علیہ السلام'' اللہ تعالیٰ کے عرش کے سامنے سجدے میں گر پڑیں گے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے جبرائیل! اپنا سر اٹھاؤ! (اور مجھے بتاؤ کہ) تم نے کونسی عجیب بات دیکھ لی ہے؟ حالانکہ جو کچھ جبرائیل امین نے دیکھا، اللہ تعالیٰ اس کو بہتر جانتا ہے۔ حضرت ''جبریل امین علیہ السلام'' عرض کریں گے: اے میرے رب! میں نے دوزخ کی گہرائی سے ایک بندے کو ''یا حنان یا منان'' پکارتے ہوئے سنا ہے، مجھے اس پر تعجب ہو رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے جبریل: مالک (داروغہ جہنم) کے پاس جاؤ اور اس سے کہو: اس بندے کو باہر نکالو جو ''یا حنان یا منان'' پکار رہا ہے۔ جبریل امین علیہ السلام دوزخ کے دروازے کے پاس جائیں گے اور اس پر دستک دیں گے، مالک (داروغہ جہنم) باہر نکلے گا، جبریل امین علیہ السلام اس سے کہیں گے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اس بندے کو دوزخ سے باہر نکال دو جو ''یا حنان یا منان'' پکار رہا ہے، مالک اس بندے کو لینے دوزخ میں جائیں گے، لیکن وہ شخص وہاں موجود نہ ہوگا، حالانکہ مالک تو دوزخیوں کو اتنا پہچانتے ہیں کہ ماں بھی اپنی اولاد کو اتنا نہیں پہچانتی۔ مالک باہر آئیں گے اور آکر کہیں گے: بے شک دوزخ میں آگ بھڑک رہی ہے اور اس میں لوہے، پتھر اور انسان میں فرق کرنا مشکل ہے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے جبریل! مالک سے کہو: میرا وہ بندہ دوزخ کے فلاں فلاں گڑھے کی فلاں فلاں وادی میں فلاں زاویئے پر موجود ہے۔ مالک دوزخ میں جائیں گے، اس مقام پر وہ بندہ گرا ہوا ہوگا، اس کی پیشانی اس کے قدموں کے ساتھ باندھی گئی ہوگی، سانپ اور بچھوؤں نے اس کا گھیراؤ کیا ہوا ہوگا، مالک اس کو ایک جھٹکا دیں گے تو سانپ اور بچھو اس کے بدن سے جھڑ جائیں گے، پھر دوبارہ جھٹکا دیں گے تو اس کی زنجیریں ٹوٹ جائیں گی پھر اس کو دوزخ سے نکال لیں گے اور اسے آب حیات میں غوطہ دیں گے، اور پھر وہ بندہ حضرت ''جبریل امین'' کے سپرد کر دیں گے، حضرت ''جبریل علیہ السلام'' اس کو پیشانی (کے بالوں) سے پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے لے جائیں گے، فرشتوں کی جس جماعت کے قریب سے گزریں گے وہ اس پر اظہار افسوس کرے گی، حتیٰ کہ اس کو اللہ تعالیٰ کے عرش کے سامنے لے جائیں گے اور جبریل امین علیہ السلام پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو جائیں گے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے جبریل! اپنا سر اٹھاؤ، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے میرے بندے! کیا میں نے تجھے

اچھی صورت میں پیدا نہیں کیا تھا؟ کیا میں نے تیری جانب اپنا رسول نہیں بھیجا تھا؟ کیا میرے رسول نے میری کتاب پڑھ کر تجھے نہیں سنائی تھی؟ کیا اس نے تجھے نیکی کا حکم نہیں دیا تھا؟ کیا اس نے تجھے برائی سے منع نہیں کیا تھا؟ وہ بندہ تمام چیزوں کا اقرار کرے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تو پھر تو نے فلاں فلاں برے اعمال کیوں کئے؟ وہ بندہ کہے گا: اے میرے رب میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، میں نے اتنا لمبا عرصہ دوزخ میں بھی گزارا ہے، لیکن تیری بارگاہ سے میری امیدیں نہیں ٹوٹی ہیں، اے میرے اللہ! میں نے تجھے تیرے نام "حنان اور منان" کے ساتھ تجھے پکارا، تو نے اپنے فضل سے مجھے دوزخ سے نکال لیا، اب تو مجھ پر اپنی رحمت بھی کر دے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے میرے فرشتو! گواہ ہو جاؤ میں نے اس پر رحمت کر دی ہے"۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمذانی (عن) إسماعيل بن إسماعيل المقدمی الضرير (عن) أبی عصمة سعد بن معاذ (عن) شقيق (عن) عبد الله بن المبارك (عن) اَبی حَنِیْفَةَ*

○ اس حدیث کو حضرت "ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "اسماعیل بن اسماعیل مقدمی ضریر رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابوعصمہ سعد بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "شقیق رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

☼ اللہ تعالیٰ کو ایک ماننے والے جہنم میں کوئلہ بھی ہو جائیں تب بھی ان کو جہنم سے نکال لیا جائے گا ☼

180/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ (عَنْ) حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ یُخْرِجُ اللّٰهُ قَوْماً مِنَ الْمُوَحِّدِیْنَ مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا امْتَحَشُوْا فَصَارُوْا فَحماً فَیُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ فَیَسْتَغِیْثُوْنَ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی مِمَّا یُسَمِّیْهِمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ اَلْجَهَنَّمِیِّیْنَ فَیَذْهَبُ اللّٰهُ عَنْهُمْ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ربعی بن حراش رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے حضرت "حذیفہ رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ موحدین (اللہ تعالیٰ کو ایک ماننے والے) دوزخ میں جل کر کوئلہ ہو چکے ہونگے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ ان کو دوزخ سے نکال کر داخل جنت فرمائے گا، جنتی لوگ ان کو (جنت میں) "دوزخی" کہہ کر پکاریں گے، یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے "لوگ ہمیں دوزخی کہہ کر پکارتے ہیں" اللہ تعالیٰ ان کی یہ پریشانی بھی دور فرما دے گا"۔ (اور ان کا یہ نام ختم فرما دے گا)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) زكريا بن يحيى النيسابوری كتابة (و) قبيصة بن الفضل الطبری عنه سماعاً (عن) أحمد بن عبد الله بن زياد (عن) محمد بن خليل البصری (عن) أبی نعامة مؤذن مسجد أيوب السجستانی قال سمعت قتادة عمن حدثه حماد الحديث إلى آخره من هو هو أبو حنيفة رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ* وأخرجه الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رحمه الله*

(۱۸۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۳۸۱) (الطبع الجديد) والحصكفی فی "مسند الامام" (۲٤) وابو داود الطيالسی: ٥٦ (٤١٩) وابن المبارك فی "الزهد" (۱۲٦٦) والمتقی الهندی فی "الكنز" (۳۹٤٤٤)-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد ﷫'' نے حضرت ''زکریا بن یحییٰ نیشاپوری ﷫'' سے تحریری طور پر اور حضرت ''قبیصة بن فضل طبری ﷫'' سے سننے کے طور پر روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ بن زیاد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خلیل بصری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونعامہ ﷫'' (جو کہ حضرت ''ایوب سجستانی ﷫'' کی مسجد کے موذن تھے) سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ''قتادہ ﷫'' سے، انہوں نے اس محدث سے روایت کیا ہے جس کو حضرت ''حماد ﷫'' نے حدیث بیان کی ہے اور یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے مروی ہے

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ بے شک اللہ تعالیٰ ہی سلام ہے اور اسی کی جانب سے سب سلامتی ہے ☼

181/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اَبِیْ وَائِلٍ (عَنْ) ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ وَمِنْهُ السَّلَامُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد سے، وہ حضرت ''ابووائل ﷠'' کے حوالے سے حضرت ''ابن مسعود ﷠'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ہی سلام ہے اور اسی کی جانب سے سلام (یعنی سلامتی) ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد الکوفی (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد ﷫'' نے حضرت ''احمد بن محمد کوفی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد ﷫'' سے، انہوں نے اپنے ''والد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے''

☼ سب سے بڑا شیطان بھی قیامت کے دن شفاعت کی امید لگائے بیٹھا ہے ☼

182/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) جَوَابِ التَّیْمِیْ (عَنِ) الْحَارِثِ بْنِ سَوَیْدٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اِبْلِیْسَ الْاَبَالِسَةِ لَتَتَطَاوَلُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ رَجَاءً اَنْ تَنَالَهُ الشَّفَاعَةَ غَداً مِمَّا یَرٰی مِنَ الشَّفَاعَةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''جواب تیمی ﷫'' سے، وہ حضرت ''حارث بن سوید ﷫'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن مسعود ﷠'' سے روایت کرتے ہیں، سب سے بڑا ابلیس قیامت کے دن کے بارے میں بڑی خوش گمانیاں رکھتا ہے، اس کو یہ امید ہے کہ کل قیامت کے دن اس کو بھی شفاعت سے حصہ مل جائے گا، کیونکہ وہ شفاعت کی صورت حال دیکھ رہا ہے۔

---

(۱۸۱) اخرجه الحصکفی فی " مسند الامام" (۱۱۹) (۱۲۰)، (۴۵۰) وابن حبان (۱۹۵۰) وعبدالرزاق (۳۰۶۱) واحمد ۴۲۳:۱ وابن ماجة (۸۹۹) فی المقدمة: باب ماجاء فی التشهد-

(۱۸۲) اخرجه الطبری فی " التفسیر " ۳:۱۴ والطبرانی فی " الکبیر " ۲۱۵:۱۰ (۱۰۵۱۳) وفی " الاوسط " (۵۰۸۲) وکذا اورده الهیثمی فی " مجمع الزوائد " ۳۸۰:۱۰-

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبى سعد أحمد بن عبد الجبار (عن) أبى القاسم على بن على (عن) أبى القاسم الثلاج (عن) أبى القاسم بن عقادة (عن) الحسن بن حماد بن حكيم الطالقانى (عن) أبيه (عن) خلف بن ياسين (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعد احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوقاسم علی بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوقاسم ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت''ابوقاسم بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن حماد بن حکیم طالقانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے'' والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ ظاہری طور پر اور باطنی طور پر ایمان لانے کے حوالے سے لوگوں کی تین قسمیں ہیں ☼

183/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) جَوَابِ التَّيْمِيِّ (عَنِ) الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مَعَ مَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ يَخْدِمُهٗ فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَدِمَ حَتّٰى كَانَ فِي اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ اَنْتَ الَّذِیْ يَزْعَمُ اَنَّكَ مُؤْمِنٌ حَقًّا قَالَ اَشْهَدُ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى ثَلَاثَةِ مَنَازِلَ مُظْهِرٌ لِلتَّصْدِيْقِ وَمُسِرٌّ مِثْلَ مَا اَظْهَرَ فَهُوَ مُؤْمِنٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ وَعِنْدَ النَّاسِ وَمُظْهِرٌ لِلتَّكْذِيْبِ وَمُسِرٌّ مِثْلَ مَا اَظْهَرَ فَهُوَ كَافِرٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ وَعِنْدَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمُظْهِرٌ لِلتَّصْدِيْقِ وَمُسِرٌّ لِلتَّكْذِيْبِ فَهُوَ مُنَافِقٌ يَرْضٰى بِالْاِيْمَانِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَنَا مِمَّنْ يُظْهِرُ الْاِيْمَانَ وَيُسِرُّهٗ

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''جواب تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت''حارث بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں'حضرت''حارث بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں:ایک آدمی حضرت''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ'' کے ہمراہ ہوتا تھا،ان کی خدمت کیا کرتا تھا،جب اس کی موت کا وقت قریب آیا تو وہ آیا اور حضرت''عبداللہ رضی اللہ عنہ'' کے ساتھیوں میں وہ موجود تھا،(اس نے حضرت''عبداللہ سے) کہا:تم ہی وہ شخص ہو جو اپنے بارے میں پکا مؤمن ہونے کا دعویٰ رکھتے ہو؟انہوں نے کہا:میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں لوگ تین طرح کے تھے

○ کچھ لوگ ایمان ظاہر کرتے تھے،اور دل میں بھی اسی کی مثل رکھتے تھے،یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھی مؤمن تھے،اس کے رسول کی نگاہ میں بھی مؤمن تھے،اور لوگوں کے نزدیک بھی مؤمن تھے۔

○ کچھ لوگ انکار کا اظہار کرتے تھے،اسی طرح دل میں بھی انکار رکھتے تھے،یہ لوگ اللہ کی بارگاہ میں کافر تھے،اس کے رسول کی نگاہ میں بھی کافر تھے اور لوگوں کے نزدیک بھی کافر تھے۔

○ کچھ لوگ ایمان کا اظہار کرتے تھے لیکن دل میں انکار کرتے تھے،یہ لوگ منافق تھے،یہ ایمان پر راضی نہیں تھے،حضرت'' عبداللہ رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا:میں وہ شخص ہوں جو ظاہر بھی ایمان رکھتا تھا اور باطن بھی ایمان رکھتا تھا''۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون عن خاله أبى على (عن) عبد الله بن دوست

(عن) القاضی عمر الأشنانی (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبیه (عن) عبد اللہ بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه اللہ*

(وأخرجه) القاضی الأشنانی باسناده المذکور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن دوست رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ بدبخت ماں کے پیٹ سے ہی بدبخت پیدا ہوتا ہے، سعادت مند دوسروں کو دیکھ کر نصیحت پکڑتا ہے ☼

184/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) یَزِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اَلشَّقِیُّ مَنْ شَقِیَ فِی بَطْنِ اُمِّهٖ وَالسَّعِیْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَیْرِهٖ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یزید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ایک آدمی کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں'بدبخت وہ ہوتا ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت ہوتا ہے، اور سعادت مند وہ ہوتا ہے جو دوسروں کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرے''۔

(أخرجه) ابو عبد اللہ الحسین بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد ابن خیرون (عن) أبی بکر الخیاط (عن) أبی علی (عن) عبد اللہ بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) بشر بن موسی (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(وأخرجه) القاضی عمر ابن الحسن الأشنانی باسناده هذا إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد ابن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ خود کو پکا مومن نہ کہنے کا مطلب ہے کہ خود کو جھوٹا مومن قرار دیا ہے ☼

185/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

(۱۸۴) اخرجه ابن حبان (۶۱۷۷) ومسلم (۲۶۴۵) فی القدر: باب کیفیة الخلق الآدمی والحمیدی (۸۲۶) واحمد ۶:۴ وابن عاصم فی "السنة" (۱۷۷) والطبرانی فی "الکبیر" (۳۰۳۷)۔

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ کُنَّا جُلُوْساً عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذْ دَخَلَ عَلَیْنَا عُوَیْمِرُ اَبُو الدَّرْدَاء فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اِنِّیْ اَقُوْلُ اَنَا مُؤْمِنٌ حَقّاً فَقَالَ یَا اَبَا الدَّرْدَاءِ اِنْ لَّمْ تَقُلْ حَقّاً کَاَنَّکَ قُلْتَ اَنَا مُؤْمِنٌ بَاطِلاً

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عویمر ابودرداء آئے، اور عرض کی: یا نبی اللہ! میں کہتا ہوں کہ میں پکا مؤمن ہوں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر خود کو پکا مؤمن نہیں کہو گے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ تم نے خود کو ''جھوٹا مؤمن'' کہا ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين ابن محمد بن خسرو في مسنده قال قرأت في كتاب أبي عبد الله محمد بن أبي بكر ابن أحمد بن محمد بن سليمان بن كامل المعروف بغنجار في تاريخ بخارى له قال حدثنا أبو علي الحسن بن يوسف بن يعقوب حدثنا أبو حفص عمر بن حفص حدثنا أبو سعيد عطاء بن موسى الجرجاني (عن) شداد بن حكيم (عن) زفر (عن) أَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے) آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف غنجار رحمۃ اللہ علیہ'' کی تاریخ بخاری میں پڑھا ہے، وہ فرماتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوعلی حسن بن یوسف بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوحفص عمر بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوسعید عطاء بن موسیٰ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت ''شداد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم تھا کہ جب تک لوگ کلمہ کا اقرار نہ کریں، ان کے خلاف جہاد کریں ☼

186/ (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَاِذَا قَالُوْھَا عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَاءَ ھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ اِلَّا بِحَقِّھَا وَحِسَابُھُمْ عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوزبیر محمد بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جہاد کروں جب تک کہ وہ ''لا الہ الا اللہ'' کا اقرار نہ کرلیں، جب وہ کلمہ پڑھ لیں تو انہوں نے مجھ سے اپنی جانوں اور مالوں کو محفوظ کرلیا، سوائے اس کے کہ اس کی جان یا مال لینے کا حق بنتا ہو، اور اس کا حساب اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) علي بن الحسين الكشي (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) أَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

---

(۱۸۶) اخرجه احمد ۳:۳۰۰ وابن ابی شیبة ۱۰:۱۲۳ ومسلم (۲۱) (۳۵) والترمذی (۳۳۴۱) والنسائی فی "الکبری" (۱۱۶۷۰)۔

○اس حدیث کو حضرت "ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "علی بن حسین کشی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے"

☼ تقدیر لکھی جا چکی ہے، ہر شخص کو اپنی تقدیر کے موافق اعمال میسر کر دیئے جاتے ہیں ☼

187/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ سُرَاقَةَ ابْنَ مَالِكٍ الْاَنْصَارِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدِّثْنَا عَنْ دِیْنِنَا كَاَنَّنَا وُلِدْنَا لَهُ اَلْعَمَلُ لِشَیْءٍ جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِیْرُ وَجَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ اَمْ لِشَیْءٍ مُسْتَقْبَلٍ قَالَ لِمَا جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِیْرُ وَجَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ قَالَ فَفِیْمَ الْعَمَلُ قَالَ اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُیَسَّرٌ ثُمَّ قَرَاَ (فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی * وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی)

✧✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے حضرت "جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' حضرت "سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ" نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے ہمارے لئے ہمارا دین یوں بیان فرمایا ہے، لگتا ہے کہ ہم پیدا ہی اس کے لئے ہوئے ہیں، کیا ہم اس چیز کے لئے عمل کریں جس کے بارے میں تقدیر لکھی جا چکی ہے اور قلم خشک ہو چکا ہے، یا عمل اس چیز کے لئے ہوتا ہے جو مستقبل میں رونما ہونے والی ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس چیز کے لئے عمل کرو جس کے بارے میں تقدیر لکھی جا چکی ہے، اور قلمیں خشک ہو چکی ہیں۔ انہوں نے پوچھا: تو پھر عمل کی کیا حیثیت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم عمل کرو، ہر شخص کو اس کی لکھی ہوئی تقدیر کے موافق اعمال میسر آتے ہیں، اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیات پڑھیں

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَ اتَّقٰی وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی وَ اَمَّا مَنْ بَخِلَ وَ اسْتَغْنٰی وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی

"تو وہ جس نے دیا اور پرہیزگاری کی اور سب سے اچھی کو سچ مانا تو بہت جلد ہم اسے آسانی مہیا کر دیں گے اور وہ جس نے بُخل کیا اور بے پرواہ بنا اور سب سے اچھی کو جھٹلایا تو بہت جلد ہم اسے دشواری مہیا کر دیں گے"

(ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی جعفر محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن زیاد الأصفهانی (عن) أحمد بن رستمة (عن) محمد بن المغیرة (عن) الحكم بن أیوب (عن) زفر بن الهذیل (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً (عن) القاسم بن عباد ومحمد بن الحسن بن علی الترمذیین قالا حدثنا صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) أبیه *

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(۱۸۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۳۸۶) ومسلم (۲۶۴۸) فی القدر: باب كیفیة الخلق الآدمی فی بطن امه واحمد ۳:۲۹۳ والطبرانی فی "الكبیر" (۶۵۶۲)۔

رحمه الله *

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن عبد الله (و) ابن رضوان كلاهما (عن) الحسن بن عثمان عن الحسن ابن زياد (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ *

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بنالحسن (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) الحسين بن محمد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانىء (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رحمه الله *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن على قال هذا كتاب الحسين بن على وفيه (عن) يحيى بن الحسن (عن) زياد بن الحسين (عن) أبيه (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فِي كتاب حمزة بن حبيب (عن) اَبی حَنِیْفَةَ *رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن الحسن (عن) عبد الرحيم بن موسى (عن) محمد بن عمير (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد (عن) على بن إبراهيم بن عبد المجيد (عن) عمرو بن عوف (عن) أبي يوسف (عن) اَبی حَنِیْفَةَ (عن) أبي الزبير عن جابر بن عبد الله قال سأل سراقة بن مالك بن جعشم رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أعمرتنا هذه لعامنا أم للأبد فقال للأبد قال فديننا هذا نعمل فيه لما قد جرت به الأقلام أم لأمر مستقبل قال لما جرت به الأقلام والمقادير قال ففيم العمل قال اعملوا وسددوا وقاربوا فكل ميسر لما خلق له ثم قرأ (فأما من أعطى واتقى وصدق بالحسنى) الآيتين *

(ورواه) أيضاً عن ابن مخلد (عن) سليمان بن توبة النهرواني (عن) على بن يزيد الأنصارى ثم الصدائى (عن) اَبی حَنِیْفَةَ

(ورواه)(عن) أحمد ابن محمد بن سعيد (عن) بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رحمه الله *

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبي على محمد بن سعيد الحرانى (عن) أبي فروة يزيد بن محمد بن سنان (عن) أبيه (عن) سابق (عن) اَبی حَنِیْفَةَ (عن) أبي الزبير (عن) جابر بن عبد الله قال سأله سراقة بن جعشم فقال يا رسول الله أعمرتنا هذه لعامنا أم للأبد قال بل للأبد قال فأخبرنا عن ديننا كأنما خلقنا اليوم فِي أى شيء نعمل أم فِي شيء سبقت فيه المقادير وجرت به الأقلام أم شيء مستأنف قال بل شيء سبقت فيه المقادير وجرت به الأقلام قال ففيما العمل فقال اعملوا فكل ميسر لما خلق له من كان من أهل الجنة يسر لعمل أهل الجنة ومن كان من أهل النار يسر لعمل أهل النار ثم قرأ هذه الآية (فأما من أعطى واتقى وصدق بالحسنى) الآيتين*

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخى (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن ابن خيرون (عن) أبي على أحمد بن الحسن بن شاذان (عن) القاضى أبي نصر أحمد (عن) محمد بن نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن)

إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ بإسناده ولفظ قريب المعنى *
(ورواه)(عن) أبي الغنائم محمد بن علي بن الحسن (عن) أبي الحسن محمد بن زرقويه (عن) أبي سهل محمد بن أحمد بن عبد الله بن زياد القطان (عن) بشر بن موسى الأسدي (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *
(ورواه)(عن) الشيخ أبي الحسين (عن) الحسن (عن) محمد (عن) أبي علي ابن سعيد الحراني (عن) أبي فروة (عن) أبيه (عن) سابق (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *
(ورواه)(عن) الشيخ أبي سعيد محمد بن عبد الملك الأسدي (عن) أبي الحسين بن قشيش (عن) أبي بكر الأبهري و (عن) الشيخ أبي طالب ابن يوسف (عن) أبي محمد الفارسي الأبهري (عن) أبي عروبة الحراني (عن(جده عمر بن أبي عمر (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *بألفاظ متقاربة المعاني*
(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) أبي الحسين محمد بن علي بن محمد بن المهتدي بالله (عن) أبي أحمد الفرضي (عن) أبي الحسن علي ابن أحمد بن محمد بن أحمد بن يزيد الرياحي (عن) أبي بكر محمد بن أحمد أبي العوام (عن) أبيه أبي العوام أحمد بن يزيد (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *
(ورواه) أيضاً فِي موضع آخر فِي مسنده (عن) القاضي محمد بن علي بن محمد بن المهتدي بالله (عن) أبي أحمد بن أبي مسلم الفرضي (عن) أبي الحسن علي بن أحمد بن محمد بن أحمد بن يزيد الرياحي (عن) أبي بكر محمد بن أحمد أبي العوام (عن) أبيه أبي العوام أحمد بن يزيد (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *
(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ
(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي فِي مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) أحمد بن خالد الوهبي (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *
(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي نسخته (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''ابوجعفرمحمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاداصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن رستمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن مغیرۃ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حکم بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' قاسم بن عباد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت''محمد بن حسن بن علی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' محمد بن عبد

اللہ ''اور حضرت ''ابن رضوان ''سے،ان دونوں نے حضرت'' حسن بن عثمان ''سے،انہوں نے حضرت'' حسن ابن زیاد ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' محمد بن حسن ''سے،انہوں نے حضرت''بشر بن ولید ''سے،انہوں نے حضرت''ابویوسف ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابو حنیفہ ''سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد '' سے،انہوں نے حضرت'' منذر بن محمد ''سے،انہوں نے حضرت''حسین بن محمد ''سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو '' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد ''سے،انہوں نے حضرت'' منذر بن محمد ''سے،انہوں نے اپنے ''والد ''سے،انہوں نے حضرت'' ایوب بن ہانی ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد ''سے،انہوں نے حضرت''حسن بن علی ''سے روایت کیا ہے،وہ کہتے ہیں: یہ حضرت''حسین بن علی '' کی تحریر ہے،انہوں نے حضرت'' یحییٰ بن حسن ''سے،انہوں نے حضرت'' زیاد بن حسین ''سے،انہوں نے اپنے''والد '' سے ، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد '' روایت کرتے ہیں:وہ کہتے ہیں میں حضرت''مزہ بن حبیب ''کی کتاب میں پڑھا ہے ،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابو حنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد '' سے،انہوں نے حضرت''بشر بن موسیٰ ''سے،انہوں نے حضرت''مقری ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ '' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد '' سے،انہوں نے حضرت'' احمد بن حسن ''سے،انہوں نے حضرت'' عبد الرحیم بن موسیٰ ''سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن عمیر ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد ''نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوعبداللہ محمد بن مخلد ''سے،انہوں نے حضرت''علی بن ابراہیم بن عبد المجید ''سے،انہوں نے حضرت''عمرو بن عوف ''سے ،انہوں نے حضرت''ابویوسف ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے،حضرت''ابوزبیر ''سے مروی ہے

حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں

حضرت ''سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کرنے کا یہ طریقہ صرف اسی سال کے لئے ہے یا ہمیشہ کے لئے یہی حکم ہے؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (صرف اسی سال کے لئے نہیں ہے) بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ انہوں نے کہا: تو ہمارا جو یہ دین ہے جس کے مطابق ہم عمل کرتے ہیں، کیا یہ پہلے ہی تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے یا یہ آنے والے زمانے میں وقوع پذیر ہوتا ہے؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جو عمل کرتے ہو یہ سب پہلے ہی تقدیر میں لکھے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، پھر عمل کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمل کرتے رہو، گناہوں سے بچتے رہو اور نیکیوں کے قریب رہو کیونکہ جس شخص کو جن اعمال کے لئے پیدا کیا گیا ہے، اس کو وہ اعمال میسر کر دیئے جاتے ہیں، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دو آیات پڑھیں فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسنی

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت ''ابن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن توبہ نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن یزید انصاری ثم صدائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی محمد بن سعید حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ابی زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے

حضرت ''سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کرنے کا یہ طریقہ صرف اسی سال کے لئے ہے یا ہمیشہ کے لئے یہی حکم ہے؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (صرف اسی سال کے لئے نہیں ہے) بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ انہوں نے کہا: تو ہمارا جو یہ دین ہے جس کے مطابق ہم عمل کرتے ہیں، کیا یہ پہلے ہی تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے یا یہ آنے والے زمانے میں وقوع پذیر ہوتا ہے؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جو عمل کرتے ہو یہ سب پہلے ہی تقدیر میں لکھے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، پھر عمل کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمل کرتے رہو گناہوں سے بچتے رہو اور نیکیوں کے قریب رہو کیونکہ جس شخص کو جن اعمال کے لئے پیدا کیا گیا ہے، اس کو وہ اعمال میسر کر دیئے جاتے ہیں، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دو آیات پڑھیں فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسنی

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن ابن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی احمد بن حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر

احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن نصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ان کی روایت میں اسناد وہی ہے اور الفاظ قریب المعنیٰ ہیں۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوغنائم محمد بن علی بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسہل محمد بن احمد بن عبد اللہ بن زیاد قطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت ''شیخ ابوحسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی ابن سعید حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو فروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت ''شیخ ابوسعید محمد بن عبد الملک اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین بن قشیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شیخ ابوطالب ابن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد فارسی ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمر بن ابوعمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اور ان کی روایت کے الفاظ ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحسین محمد بن علی بن محمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواحمد فرضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن احمد بن محمد بن احمد بن یزید ریاحی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد ابوالعوام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوالعوام احمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے آخر میں (ذکر کیا ہے، اس سند یوں ہے) حضرت ''قاضی محمد بن علی بن محمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواحمد بن ابومسلم فرضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن احمد بن محمد بن احمد بن یزید ریاحی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد ابوالعوام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوالعوام احمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے''

☼ جب ستارہ طلوع ہوتا ہے تو ہر شہری سے آفت اٹھالی جاتی ہے ☼

188/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ (عَنْ) اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا طَلَعَ النَّجْمُ رُفِعَتِ الْعَاهَةُ عَنْ اَهْلِ كُلِّ بَلْدَةٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ستارہ طلوع ہوتا جاتا ہے تو ہر شہری سے آفت اٹھالی جاتی ہے۔ (کیونکہ ستاروں کا طلوع ہونا زمین والوں کے لئے امان کی علامت ہے)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن إسحاق بن عثمان السمساری (عن) جمعة بن عبد الله السلمی (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *

(وأخرجه) أيضاً (عن) عبد الله بن محمد بن علی البلخی (عن) محمد بن أبان عن وكيع (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *و (عن) سهل بن بشر ومحمد بن عبد الله بن محمد السعدی (عن) يحيى ابن جعفر (عن) وكيع (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) أيضاً (عن (صالح بن أحمد بن أبی مقاتل القيراطی (عن) عيسى بن يوسف الطباع (عن) محمد بن ربيعة (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *

(وأخرجه أيضاً)(عن) أحمد بن أبی صالح البلخی (عن) محمد بن خشنام (عن) مصعب بن المقدام (عن) داود الطائی (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *

(وأخرجه أيضاً)(عن) قبيصة بن الفضل بن عبد الرحمن الطبری (عن) زكريا بن يحيى (عن) ياسين بن النضر وإبراهيم بن عبد الله السعدی قالا حدثنا مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *

(وأخرجه أيضاً)(عن) أحمد بن محمد ابن سعيد الهمذانی (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول قال هذا كتاب جدی فقرأت فيه قال حدثنی أبی والقاسم بن معن (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *

(وأخرجه) أيضاً (عن) أبی عبدة محمد بن عبد الله بن شريح (عن) أحمد بن عبد الجبار (عن) يونس بن بكير (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ *

---

(۱۸۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۱۷) واحمد ۲:۳۴۱ والطحاوی فی "شرح مشکل الآثار" (۲۲۸۷) والطبرانی فی "الاوسط" (۱۳۲۷) والبزار (۱۲۹۲- کشف الاستار) وابو نعیم فی "تاریخ اصفہان" ۱:۱۲۱-

(وأخرجه أيضاً)(عن) أحمد بن محمد ابن سعيد (عن) يحيى بن زكريا بن سفيان (عن) عيسى بن عبد الرحيم الكندى (عن) السلط بن الحجاج (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه أيضاً)(عن) محمد ابن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه) أيضاً (عن) محمد بن عبد الله السعدى (عن) الحسن بن عثمان (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه) أيضاً (عن) عبد الله بن عبيد الله ابن شريح (عن) على بن سلمة (عن) عبد الله بن يزيد المقرى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه) أيضاً (عن) محمد بن خزيمة البخارى (عن) محمد بن يحيى (عن) أبى عمر المكى (عن) سفيان بن عيينة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد بن البقا فِي مسنده (عن) صالح بن أبى مقاتل (عن) عيسى بن يوسف الطباع (عن) محمد بن ربيعة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) إبراهيم بن إسحاق الزهرى (عن) جعفر بنعون (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن مخلد (عن) محمد بن غالب (عن) محمد بن ربيعة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) صالح بن أحمد (عن) سعيد بن أيوب (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن مخلد (عن) على بن إبراهيم الواسطى (عن) يزيد ابن هارون (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) أبى يعقوب إسحاق بن عبد الله بن سلمة الكوفِي (عن) الحسن بن محمد ابن الصباح (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً عن محمد بن محمد بن سليمان الباغندى (عن) شعيب بن أيوب (عن) مصعب بن المقدام (عن) داود الطائى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) إسحاق بن عبد الله ابن سلمة (عن) إبراهيم بن أبى العنبس (عن) جعفر بن عون (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواه) أيضاً (عن) أبى عبد الله الحسين بن الحسن بن عبد الرحمن الأنطاكى (عن) أحمد بن عبد الله الكندى عن على بن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى (عن) أبى بكر الخطيب البغدادى (عن) أبى سعيد محمد بن موسى بن الفضل بن شاذان (عن) أبى العباس محمد بن يعقوب بن الأصم (عن) أحمد بن عبد الجبار العطاردى (عن) يونس بن بكير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلى الكلاعى فِي مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد (عن) أبيه خالد بن خلى (عن) محمد بن خالد الوهبى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) الشيخ أبي الفضل بن خيرون (عن) أبي علي بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر بن اشكاب (عن) عبد الله ابن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ *

(ورواه) أيضاً (عن) أبي الحسين بن عبد الجبار الصيرفِي (عن) أبي محمد بن الحسن بن علي الجوهري (عن) أبي الحسين محمد بن المظفر (عن) أبي يعقوب إسحاق بن عبد الله بن سلمة الكوفِي بإسناده الذي قدمناه فِي مسند ابن المظفر *

(ورواه) أيضاً (عن) أبي الحسين بن عبد الجبار الصيرفِي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) أبي الحسن (عن) محمد بن محمد بن سليمان (عن) شعيب بن أيوب (عن) مصعب بن المقدام (عن) داود الطائي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أبي الحسين الصيرفِي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) أبي الحسن (عن) إسحاق بن عبد الله (عن) إبراهيم بن أبي العنيس (عن) جعفر بن عون (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ *

(ورواه) أيضاً (عن) أبي الحسين الصيرفِي عن أبي محمد الجوهري عن أبي الحسين عن أبي عبد الله الحسين بن الحسن بن عبد الرحمن الأنطاكي (عن) أحمد بن عبد الله الكندي (عن) علي بن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ *

(وأخرجه) فِي نسخته فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اسحاق بن عثمان سمساری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبداللہ سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبداللہ بن محمد بن علی بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عبداللہ بن محمد سعدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن یوسف طباع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن ابوصالح

بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' محمد بن خشنام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' داود طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' قبیصہ بن فضل بن عبد الرحمٰن طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی روایت کیا ہے،انہوں نے حضرت'' زکریا بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' یاسین بن نضر رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت''ابراہیم بن عبد اللہ سعدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،دونوں فرماتے ہیں، ہمیں حضرت'' مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمذانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،وہ کہتے ہیں: یہ میرے دادا کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے''انہوں نے کہا: مجھے میرے'' والد رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت'' قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوعبدہ محمد بن عبداللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد ابن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' یحییٰ بن زکریا بن سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' عیسی بن عبد الرحیم کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''تسلط بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت'' محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن عبد اللہ سعدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''عبداللہ بن عبیداللہ ابن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن خزیمہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعمر مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''سفیان بن

عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد بن بقاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عیسیٰ بن یوسف طباع رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد بن بقاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن اسحاق زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد بن بقاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن غالب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد بن بقاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''سعید بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد بن بقاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد بن بقاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن ابراہیم واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یزید ابن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابویعقوب اسحاق بن عبد اللہ بن سلمہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن محمد ابن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''داود طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے،وہ اسناد یوں ہے) حضرت''اسحاق بن عبد اللہ ابن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن ابوعنبس رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن

عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت'' ابوعبداللہ حسین بن حسن بن عبدالرحمٰن انطا کی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' ابوبکر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوسعید محمد بن موسیٰ بن فضل بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوعباس محمد بن یعقوب بن الاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن عبد الجبار عطاردی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت'' محمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت'' خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت'' ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' شیخ ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' قاضی ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' عبداللہ ابن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' اسماعیل بن توبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلى الكلاعى فِى مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلى (عن) أبيه خالد بن خلى (عن) محمد بن خالد الوهبى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) محمد فِى نسخته فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''یحییٰ بن اسماعیل بن حسن ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے اپنے دادا حضرت''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،انہوں نے حضرت''مخلد بن عمر قاضی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''عبدالصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''خلف بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبدالوہاب بن حماد بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسین بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن علی سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبدان بن وہب بن زمعہ وحامد بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت''محمد بن یعقوب اور سعید بن ذاکر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''احمد بن زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن قدامہ بن سیار زاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید صاغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''بدر بن ہیثم بن خلف حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن قدامہ بن سیار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوکریب محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں: یہ حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے (درب میں اور حضرت ''ابو ہریرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے (بغداد میں) انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح ابن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں ہے کہ ہمیں ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے الفاظ یوں ہیں ''اللہ تعالیٰ کچھ لوگوں کو حضرت ''محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' کی شفاعت کی بدولت دوزخ سے نکالے گا، ان کو ''حیوان'' نامی نہر پر لایا جائے گا، وہ اس میں غسل کریں گے تو وہ چھوٹی ککڑی کی مانند اگیں گے پھر یہ لوگ

جنت میں داخل ہونگے ،ان کو جنت میں بھی ''جہنمی'' کے نام سے پکارا جائے گا، پھر یہ لوگ اپنے نام کی تبدیلی کا مطالبہ کریں گے تو انکا وہ نام ختم کر دیا جائے گا''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ﷫'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عباد بن زید بن عبدالرحمٰن ہروی ﷫'' سے، انہوں نے اپنے ''والد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن ہیاج ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے اور حضرت ''مسعودی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''یزید الفقیر ﷫'' سے روایت کیا ہے ،وہ کہتے ہیں: میرا موقف بھی خوارج کے موقف جیسا تھا پھر میں نے رسول اکرم ﷺ کے صحابہ کرام سے پوچھا تو انہوں نے رسول اکرم ﷺ کے حوالے اُن کی بابت ارشادات بتائے، میری رائے تو ان ارشادات کے بالکل برعکس تھی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے بچالیا

○اسی حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد ﷫'' نے اپنی مسند میں حضرت ''صالح بن احمد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ﷫'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ﷫'' سے، انہوں نے سیدہ'' فاطمہ بنت محمد بن حبیب ﷫'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت'' حمزہ بن حبیب ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ﷫'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد بن سعید ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن علی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے حضرت ''ابوسعود احمد بن علی بن محمد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطاہر محمد بن احمد ابن ابو صقر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن زید بن علی بن ربیعہ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن جعفر بن محمد بن عبدالملک طالقانی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد ترمذی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' ابوفضل بن خیرون ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوعلی بن شاذان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' ابونصر بن اشکاب ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' عبداللہ بن طاہر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' ابوطالب بن یوسف ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' ابومحمد جوہری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوبکر ابہری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی ﷫'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن

حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے)'' انہوں نے اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے''

☼ حضرت وحشی کے مطالبے پر توبہ کی قبولیت میں وسعت ہی وسعت کر دی گئی ☼

231/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ الْکَلْبِیِّ (عَنْ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ وَحْشِیًّا لَمَّا قَتَلَ حَمْزَةَ مَکَثَ زَمَاناً ثُمَّ وَقَعَ فِی قَلْبِهِ الْاِسْلَامُ فَاَرْسَلَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُعْلِمُهُ اَنَّهُ وَقَعَ فِی قَلْبِهِ الْاِسْلَامُ وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰی (وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهاً آخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ) الآیة وَاِنِّیْ قَدْ فَعَلْتُهُنَّ جَمِیْعاً فَهَلْ مِنْ رُخْصَةٍ قَالَ فَنَزَلَ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ قُلْ لَهُ (اِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً) الآیَةَ قَالَ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِهٰذِهِ الآیَة فَقَالَ وَحْشِیٌّ اِنَّ فِی هٰذِهِ الآیَةِ شُرُوْطاً وَاَخْشٰی اَنْ لَا اَفِی بِهَا وَلَا اُطِیْقُ اَنْ اَعْمَلَ عَمَلاً صَالِحاً اَمْ لَا فَهَلْ عِنْدَكَ شَیْءٌ اَلْیَنُ مِنْ هٰذَا یَا مُحَمَّدُ قَالَ فَنَزَلَ جِبْرَئِیْلُ بِهٰذِهِ الآیَةِ (اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَاءَ) قَالَ فَکَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِهٰذِهِ الآیَةِ وَبَعَثَ بِهَا اِلٰی وَحْشِیٌّ فَلَمَّا قُرِئَتْ عَلَیْهِ قَالَ اِنَّهُ یَقُوْلُ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَاءَ وَاَنَّا لَا اَدْرِیْ لَعَلِّی اَنْ لَا اَکُوْنَ فِی مَشِیْئَتِهٖ اَنْ یَّشَاءَ لِیَ الْمَغْفِرَةَ فَلَوْ کَانَتِ الآیَةُ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلَمْ یَقُلْ لِمَنْ یَّشَاءَ کَانَ ذٰلِكَ فَهَلْ عِنْدَكَ اَوْسَعُ مِنْ ذٰلِكَ یَا مُحَمَّدُ قَالَ فَنَزَلَ جِبْرَئِیْلُ بِهٰذِهِ الآیَة (قُلْ یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰی اَنْفُسِکُمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعاً اِنَّهُ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْم) قَالَ فَکَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَبَعَثَ بِهَا اِلٰی وَحْشِی فَلَمَّا قُرِئَتْ عَلَیْهِ قَالَ اَما هٰذِهِ فَنِعَمْ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ فَاْذَنْ لِیْ فِی لِقَائِكَ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ وَارِ عَنِّی وَجْهَكَ فَاِنِّیْ لَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اَمْلَاَ عَیْنَیَّ مِنْ قَاتِلِ عَمِّیْ حَمْزَةَ قَالَ فَسَکَتَ وَحْشِیٌّ حَتّٰی کَتَبَ مُسَیْلَمَةُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ مُسَیْلَمَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰی مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ اُشْرِکْتُ فِی الْاَرْضِ فَلِیْ نِصْفُ الْاَرْضِ وَلِقُرَیْشٍ نِصْفُهَا غَیْرَ اَنَّ قُرَیْشاً قَوْمٌ یَعْتَدُوْنَ قَالَ فَقَدِمَ بِکِتَابِهٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ فَلَمَّا قُرِئَ الْکِتَابُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ

(۲۳۱) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۵۱۳) والبیهقی فی "شعب الایمان" (۷۱۴۰) والطبرانی فی "الکبیر" (۱۱۴۸۰) واورده الهیثمی فی "مجمع الزوائد" ۱۰۱:۷-

وَسَلَّمَ قَالَ لِلرَّسُوْلَیْنِ لَوْلَا اَنَّکُمَا رَسُوْلَانِ لَقَتَلْتُکُمَا ثُمَّ دَعَا عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالَ اُکْتُبْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی مُسَیْلَمَۃَ الْکَذَّابِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ یُوْرِثُھَا مَنْ یَّشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ فَبَلَغَ وَحْشِیًّا مَا کَتَبَ مُسَیْلَمَۃُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَاَخْرَجَ الْمَرَاقَ الَّذِیْ قَتَلَ بِہٖ حَمْزَۃَ فَصَقَلَہٗ وَھَمَّ بِقَتْلِ مُسَیْلَمَۃَ فَلَمْ یَزَلْ عَلٰی عَزْمِہٖ ذٰلِکَ حَتّٰی قَتَلَہٗ یَوْمَ الْیَمَامَۃِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''محمد بن سائب کلبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''وحشی رضی اللہ عنہ'' نے حضرت ''حمزہ رضی اللہ عنہ'' کو شہید کر دیا، کچھ عرصہ بعد اس کے دل میں اسلام کی محبت پیدا ہوئی، اس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہ پیغام بھیجا کہ اس کے دل میں اسلام کی رغبت پیدا ہوگئی ہے (اور اب وہ مسلمان ہونا چاہتا ہے) اور میں آپ کو یہ فرماتے ہوئے بھی سن چکا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِکَ یَلْقَ اَثَامًا (الفرقان:68)

''اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پوجتے اور اس جان کو جس کی اللہ نے حرمت رکھی ناحق نہیں مارتے اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

جب کہ میں تو یہ سب کر چکا ہوں، کیا اب میرے لئے کوئی گنجائش موجود ہے؟ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''جبریل امین علیہ السلام'' تشریف لائے اور فرمایا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اس سے کہئے:

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صٰلِحًا فَاُولٰٓئِکَ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِھِمْ حَسَنٰتٍ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا (الفرقان:68)

''مگر جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ پیغام وحشی کی جانب بھیجا، وحشی نے کہا: اس آیت میں کچھ شرائط کا ذکر ہے اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں میں ان شرائط پر پورا نہ اتر سکا تو؟ اور یہ کہ پتہ نہیں میں عمل صالح کر بھی پاؤں گا یا نہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ کے پاس اس سے نرم کوئی صورت نہیں ہے؟ پھر حضرت ''جبریل امین علیہ السلام'' نازل ہوئے اور عرض کی:

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِیْدًا (النساء:116)

''اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کا کوئی شریک ٹھہرایا جائے اور اس سے نیچے جو کچھ ہے جسے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے وہ دور کی گمراہی میں پڑا''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت لکھ کر وحشی کی جانب روانہ فرما دی، جب وہ آیت حضرت ''وحشی رضی اللہ عنہ'' کو سنائی گئی تو وہ کہنے لگے:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ

اگر اللہ تعالیٰ نے میری بخشش چاہی بھی ہے تو مجھے نہیں پتا کہ میں اس کی چاہت میں شامل ہوں یا نہیں۔ یہ آیت صرف ''ویغفر ما دون ذٰلک'' تک ہوتی اس میں ''لمن یشاء'' والی بات نہ ہوتی تو مجھے اطمنان ہو جاتا، اے محمد ﷺ! کیا آپ کے پاس اس سے بھی زیادہ وسعت والا کوئی حکم نہیں ہے؟ پھر حضرت ''جبریل امین علیہ السلام'' یہ آیت لے کر حاضر ہوئے

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ (الزمر:53)

''تم فرماؤ اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے نا امید نہ ہو بیشک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' فرماتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے یہ آیت لکھ کر وحشی کی جانب روانہ فرمادی، جب ان کو یہ آیت پڑھ کر سنائی گئی تو انہوں نے کہا: یہ آیت ٹھیک ہے، پھر اس نے بارگاہ رسالت میں پیغام بھیجا کہ میں اسلام لا چکا ہوں، اب مجھے اجازت عطا فرمائیں، میں آپ ﷺ کی زیارت کے لئے حاضر ہونا چاہتا ہوں، رسول اکرم ﷺ نے یہ کہتے ہوئے اجازت عطا فرمادی کہ میری نگاہوں کے سامنے مت آنا، کیونکہ اپنے چچا کے قاتل کو دیکھ نہیں سکوں گا۔ حضرت ''عبداللہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''وحشی'' خاموش ہو گئے، پھر مسیلمہ کذاب نے رسول اکرم ﷺ کی جانب ایک مکتوب بھیجا جس کی تحریر یہ تھی،

''مسیلمہ رسول اللہ کی طرف سے محمد رسول اللہ کی جانب، امابعد! میں بھی زمین میں شریک ہوں، آدھی زمین میری ہے اور باقی آدھی قریش کی، اور قریش حد سے بڑھنے والی قوم ہے'' دو آدمی مسیلمہ کذاب کا یہ خط لے کر رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئے، جب وہ خط رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پڑھ کر سنایا گیا تو آپ ﷺ نے دونوں سے فرمایا: اگر سفیروں کو قتل کرنے کی ممانعت نہ ہوتی تو میں تم دونوں کو قتل کروا دیتا۔

پھر رسول اکرم ﷺ نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کو بلوایا اور ان سے فرمایا کہ لکھو:

''بسم اللہ الرحمن الرحیم محمد رسول اللہ کی جانب سے مسیلمہ کذاب کی جانب، سلامتی ہو اس پر جس نے ہدایت کو اپنایا، امابعد! بے شک زمین اللہ کی ہے اور وہ اپنے بندوں میں جس کو چاہتا ہے اس کا مالک بنا دیتا ہے، اور آخرت صرف پرہیز گاروں کے لئے ہے، اور رحمتیں نازل ہوں محمد ﷺ پر''

حضرت ''وحشی رضی اللہ عنہ'' کو اس خط کی اطلاع ملی، جو مسیلمہ نے رسول اکرم ﷺ کی جانب لکھا تھا، انہوں نے وہی نیزہ نکالا جس کے ساتھ انہوں نے حضرت ''حمزہ رضی اللہ عنہ'' کو شہید کیا تھا، اس کو زہر آلود کیا اور مسیلمہ کے قتل کا ارادہ کر لیا، وہ مسلسل کوشش میں رہے حتیٰ کہ جنگ یمامہ میں انہوں نے مسیلمہ کذاب کو واصل جہنم کر دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی عبد اللہ رجاء بن سوید النسفی (عن (أبی غالب جبرئیل بن سهل

السمرقندی (عن) محمد بن حمید السمرقندی (عن) جعفر بن عون (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن أحمد بن سعید (عن) موسی بن عمر بن محمد بن عمران السمرقندی (عن) أبی سلیمان محمد بن حمید (عن) جعفر ابن عون (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رحمه الله*

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیاہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوعبداللہ رجاء بن سوید نسفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابو غالب جبرئیل بن سہل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن حمید سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے'' اپنی مسند میں (ذکرکیاہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد بن احمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''موسیٰ بن عمر بن محمد بن عمران سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوسلیمان محمد بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفرابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼الـمر حروف مقطعات کی تاویل☼

232/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَطَاء بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِیْ الضُّحٰی (عَنْ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما فِی قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی (آلمر) اَنَا اللّٰهُ اَعْلَمُ وَاَرٰی

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت'' ابوالضحیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت''ابن مسعود رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں'اللہ تعالیٰ کے ارشاد'' الـمر'' کے بارے میں حضرت''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' فرماتے ہیں:(اس آیت میں الم کی تاویل یہ ہے)''ا،ل'' سے مراد''انـا اللّٰه''(میں اللہ ہوں) ہے''م'' سے مراد''اعـلـم''(میں جانتا ہوں) ہے اور''ر'' سے مراد''اری''(میں دیکھتا ہوں) ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِی مسنده (عن) أبی السعود أحمد بن علی بن محمد (عن) محمد بن أحمد الخطیب (عن) علی بن ربیعة (عن) الحسن بن رشیق (عن) محمد حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبی حَنِیْفَةَ (عن) اَبی حَنِیْفَةَ*

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''ابوسعود احمد بن علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن احمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۲۳۲) اخـرجـه الـحـصـكـفی فی '' مسند الامام''(۵۰۲)والطبری فی '' التفسیر'' ۱:۶۷ فی تفسیر اول البقرة'وابن کثیر فی'' التفسیر'' ۱:۳۶-

رسول اکرم ﷺ نے نظر بد کا دم کرنے کی اجازت عطا فرمائی

233/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ زِيَادٍ (عَنْ) اَبِیْ نُجَيْحٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا مِنْ اَبِیْ بَكْرٍ وَابْنٍ لَهَا مِنْ جَعْفَرٍ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَخَافُ عَلَيْهِمَا الْعَيْنَ فَاَرْقِيْهِمَا قَالَ نَعَمْ اِذْ لَوْ كَانَ شَیْءٌ يَسْبِقُ الْقَدْرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابونجیح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' سیدہ ''اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا'' اپنا ایک بیٹا جو حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' سے تھا اور ایک بیٹا جو حضرت ''جعفر رضی اللہ عنہ'' سے تھا کو رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لائیں، اور عرض کی: یارسول اللہ ﷺ مجھے ان کے بارے میں نظر بد کا ڈر رہتا ہے، کیا میں ان کو دم کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں، کیونکہ اگر کوئی چیز تقدیر سے آگے نکل سکتی تو وہ نظر ہوتی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة ابن محمد فِي مسنده (عن) إبراهيم بن محمد بن شهاب (عن) عبد الله بن عبد الرحمن الواقدى مولى المهدى (عن) أبيه (عن) محمد بن الحسن الشيبانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخى فِي مسنده (عن) أبى طالب بن يوسف (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) أبى بكر الأبهرى (عن) أبى عروبة الحرانى (عن) جده (عن) محمد بن الحسن الشيبانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابراہیم بن محمد بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عبدالرحمٰن واقدی مولی المہدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ جبریل علیہ السلام کی حاضری، ایمان، اسلام اور احسان کے بارے سوالات

234/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ يَعْمَرَ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا مَعَ صَاحِبٍ لِیْ بِمَدِيْنَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذْ بَصُرْنَا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ لِصَاحِبِیْ هَلْ لَكَ اَنْ تَاْتِيَهٗ فَتَسْاَلُهٗ عَنِ الْقَدْرِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ دَعْنِیْ حَتّٰی اَكُوْنَ اَنَا الَّذِیْ اَسْاَلُهٗ فَاِنَّهٗ اَعْرَفُ بِیْ مِنْكَ قَالَ فَانْتَهَيْنَا اِلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَسَلَّمْنَا

(۲۳۳) قد تقدم فی (۲۲۳)۔

(۲۳۴) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۲) وابن حبان (۱۶۸) ومسلم (۸) وابو داود (۴۶۹۵) فی السنة: باب فی القدر والترمذی (۲۶۱۰) فی الایمان: باب ماجاء فی وصف جبرئیل للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الاسلام والایمان۔

عَلَیْہِ وَقَعَدْنَا اِلَیْہِ فَقُلْنَا لَہٗ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّا نَتَقَلَّبُ فِی ھٰذِہِ الْاَرْضِ فَرُبَمَا قَدِمْنَا الْبَلْدَۃَ بِھَا قَوْمٌ یَقُوْلُوْنَ لَا قَدْرَ فَبِمَا نَرُدُّ عَلَیْھِمْ فَقَالَ اَبْلِغْھُمْ اَنِّیْ مِنْھُمْ بَرِیْءٌ وَلَوْ اَنِّیْ وَجَدْتُّ اَعْوَانًا لَجَاھَدْتُّھُمْ ثُمَّ اَنْشَاَ یُحَدِّثُنَا قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَمَعَہٗ رَھْطٌ مِّنْ اَصْحَابِہٖ اِذْ اَقْبَلَ شَابٌّ جَمِیْلٌ اَبْیَضُ حَسَنُ اللِّمَّۃِ طِیْبُ الرِّیْحِ عَلَیْہِ ثِیَابٌ بِیْضٌ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ قَالَ فَرَدَّ عَلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَرَدَدْنَا مَعَہٗ فَقَالَ اَدْنُو یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اُدْنُ فَدَنَا دَنْوَۃً اَوْ دَنْوَتَیْنِ ثُمَّ قَامَ مُوَقِّرًا لَہٗ ثُمَّ قَالَ اَدْنُوْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اُدْنُ فَدَنَا حَتّٰی اَلْصَقَ رُکْبَتَیْہِ بِرُکْبَتَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِیْمَانِ فَقَالَ اَلْاِیْمَانُ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰہِ وَمَلَائِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَلِقَائِہٖ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی فَقَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا مِنْ تَصْدِیْقِہٖ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَقَوْلِہٖ صَدَقْتَ کَاَنَّہٗ یَعْلَمُ ثُمَّ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنْ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ مَا ھِیَ قَالَ اِقَامُ الصَّلَاۃِ وَاِیْتَاءُ الزَّکٰوۃِ وَحَجُّ الْبَیْتِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَالْاِغْتِسَالُ مِنَ الْجَنَابَۃِ قَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا مِنْ قَوْلِہٖ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِحْسَانِ مَا ھُوَ قَالَ اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْمَلَ لِلّٰہِ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ قَالَ فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِکَ فَاَنَا مُحْسِنٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ السَّاعَۃِ مَتٰی ھِیَ قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْھَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلٰکِنْ لَھَا اَشْرَاطًا فَھِیَ مِنَ الْخَمْسِ الَّتِیْ اِسْتَاْثَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِھَا فَقَالَ (اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ) قَالَ صَدَقْتَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَنَحْنُ نَرَاہُ اِذْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ عَلَیَّ بِالرَّجُلِ فَقُمْنَا فِیْ اَثَرِہٖ فَمَا نَدْرِیْ اَیْنَ تَوَجَّہَ وَلَا رَاَیْنَا لَہٗ شَیْئًا فَذَکَرْنَا ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ ھٰذَا جِبْرَئِیْلُ اَتَاکُمْ یُعَلِّمُکُمْ مَعَالِمَ دِیْنِکُمْ وَاللّٰہِ مَا اَتَانِیْ فِیْ صُوْرَۃٍ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُہٗ فِیْھَا اِلَّا ھٰذِہِ الصُّوْرَۃِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''یحییٰ بن یعمر رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں اپنے ساتھی کے ہمراہ مدینہ منورہ میں تھا، ہم نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کو دیکھا، میں نے اپنے ساتھی سے کہا: کیا تم ان کے پاس جا کر ان سے تقدیر کے بارے میں سوال کر سکتے ہو؟ اس نے کہا: جی ہاں ،میں نے کہا: مجھے موقع دینا تا کہ میں خود ہی ان سے یہ سوال کروں کیونکہ وہ تم سے زیادہ مجھے جانتے ہیں۔ حضرت ''یحییٰ بن یعمر رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ہم دونوں حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کے پاس چلے گئے ،ان کو سلام کر کے ہم ان کے پاس بیٹھ گئے ،ہم نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم اس زمین پر چلتے پھرتے رہتے ہیں، بسا اوقات ایسے علاقوں میں بھی جانا ہوتا ہے جہاں لوگ تقدیر کا انکار کرتے ہیں، تو ہم ان کو کس طرح مطمئن کریں؟ آپ نے (پہلے تو) فرمایا: ان تک میرا یہ پیغام پہنچا دو کہ میں ان سے بیزار ہوں ،اور مجھ سے بن پڑا تو میں ان سے جہاد کروں گا ،اس کے بعد انہوں نے سنانا شروع کیا، آپ نے فرمایا: ایک دفعہ کا ذکر ہے، ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صحابہ کرام کی ایک جماعت موجود تھی، ایک انتہائی خوبصورت

نوجوان جس نے زلفیں رکھی ہوئی تھیں، خوشبو کی لپٹیں آ رہی تھیں، سفید کپڑے زیب تن کئے ہوئے تھے، وہ آیا اور کہنے لگا: اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جواب دیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم نے بھی جواب دیا۔ اس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہونے کی اجازت مانگی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اجازت دے دی، وہ تھوڑا سا قریب ہوگیا، وہ بہت احترام کے ساتھ کھڑا ہوگیا، اس نے پھر مزید قریب ہونے کی اجازت مانگی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اجازت دے دی، وہ مزید قریب ہوگیا، حتیٰ کہ اس نے اپنے گھٹنے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنوں کے ساتھ ملا دیئے، پھر اس نے کہا: آپ مجھے ایمان کے بارے میں بتائیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تو اللہ پر ایمان لائے، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، اس سے ملاقات پر، قیامت کے دن پر، اور اچھی بری تقدیر کے منجانب اللہ ہونے پر ایمان لائے، (یہ سن کر) اس نے کہا: آپ نے سچ فرمایا ہمیں اس کے ''صدقت'' کہنے (اور یہ کہہ کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کی تصدیق) پر بہت حیرت ہوئی، یوں لگ رہا تھا جیسے وہ اس سوال کا جواب پہلے سے جانتا ہو۔

اس نے پھر کہا: مجھے اسلام کے ارکان کے بارے میں بتایئے کہ کون کون سے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، بیت اللہ کا حج کرنا، ماہ رمضان کے روزے رکھنا، جنابت کا غسل کرنا۔ اس نے کہا'' آپ نے سچ فرمایا'' اس کی اس بات سے ہمیں پھر تعجب ہوا۔ اس نے کہا: آپ مجھے احسان کے بارے میں بتائیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کے لئے عمل اس طرح کرو گویا کہ تم اس کو دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اس کو نہیں دیکھ سکتے تو (کم از کم یہ یقین رکھو کہ) وہ تمہیں دیکھ رہا ہے، اس نے کہا: اگر میں یہ کروں تو کیا میں محسن ہونگا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ اس نے کہا: آپ مجھے وقوع قیامت (کے معین وقت) کے بارے میں بتائیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بارے میں مسئول عنھا (جس سے سوال کیا گیا ہے وہ) سائل (سوال کرنے والے) سے زیادہ نہیں جانتا، لیکن اس کی کچھ علامات ہیں (وہ بتائی جاسکتی ہیں) اور یہ (وقوع قیامت کا معین وقت) ان پانچ چیزوں میں سے ہے جن کا بیان اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں کیا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ وَ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ

''بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم اور اتارتا ہے مینھ اور جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹ میں ہے اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کمائے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی بیشک اللہ جاننے والا بتانے والا ہے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اس نے کہا: آپ نے سچ فرمایا، پھر ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے وہ شخص چلا گیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کو دوبارہ میرے پاس بلاؤ، ہم اس کے پیچھے نکلے، لیکن نہیں سمجھ آئی کہ وہ کدھر چلا گیا اور نہ ہی دور دور تک اس کے کوئی آثار دکھائی دیئے، ہم نے یہ بات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ جبریل امین علیہ السلام تھے جو تمہارے پاس تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے، اللہ کی قسم: وہ اس سے پہلے جب بھی میرے پاس آئے ہیں، وہ میری دیکھی بھالی صورت میں آئے

ہیں، سوائے اس صورت کے (کہ اس صورت میں وہ پہلی بار آئے ہیں، لیکن پھر بھی رسول اکرم ﷺ نے ان کو پہچان لیا تھا)

(أخرجه) أبو محمد البخاری عن صالح بن أحمد بن أبی مقاتل وأحمد بن محمد بن عمر کلاهما (عن) شعیب بن أیوب الصیرفی (عن) مصعب بن مقدام (عن) داود الطائی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) عبد الله بن محمد بن أحمد بن نوح (عن) أبیه (عن) خالد بن سلیمان (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعید قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب الزیات (عن) اَبی حَنِیْفَةَ بألفاظ متقاربة المعانی

(ورواه) أیضاً (عن) العباس بن عزیز القطان المروزی (عن) علی بن حشرم ومحمد بن حرب کلاهما (عن) الفضل بن موسی السینانی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) العباس بن عزیز (عن) علی بن سلیمان الرازی (عن) حکیم بن زید قال سألت أبا حنیفة رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عن الإیمان فحدثنا

(ورواه) أیضاً (عن) أبی سهل محمد بن عبد الله بن سهل (عن) موسی بن نصر الرازی (عن) بشار بن قیراط (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن قدامة بن سیار (عن) اللیث بن مساور (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) زکریا بن یحیی ومحمد بن عبد الرحمن الأصفهانیین (عن) أحمد بن رسته (عن) الحکم بن أیوب (عن) زفر (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن إسحاق السمسار البخاری(عن) جمعة بن عبد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) منذر بن محمد (عن) حسین ابن محمد (عن) أسد بن عمرو عن اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن الحسین البزاز البلخی (عن) بشر بن الولید (عن) أبی یوسف (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أیضاً عن محمد بن زید بن أبی خالد البخاری (عن) الحسن بن عمر (عن) شقیق (عن) أبی یوسف (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد الهمدانی (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن على قال هذا كتاب حسين بن على فقرأت فيه (عن) يحيى بن الحسين (عن) زياد بن الحسن (عن) أبيه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد عن عبد الله بن المستورد (عن) عقبة بن مكرم (عن) يونس بن بكير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد ابن محمد (عن) على بن المهتدى (عن) عمرو بن زرارة (عن) أبى شهاب مسروح ابن عبد الرحمن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه سعيد بن أبى الجهم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) صالح بن منصور الصغانى (عن) جده أبى سعيد(عن) أبى مقاتل السمرقندى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) زكريا بن الحارث النيسابورى (عن) يحيى بن الجنيد القشيرى (عن) محمد ابن سعيد (عن) الهياج بن بسطام (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) زكريا بن يحيى (عن) يحيى بن الجنيد (عن) محمد بن سعيد الهروى (عن) أبى معاوية (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) أبى العباس أحمد ابن عبد الرحمن بن خالد الرازى القلانسى (عن) عبد الله بن الجراح القهستانى عن أبيه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ غير أنه قال دخلنا مسجد الرسول فوجدنا ابن عمر قاعداً فِی ناحية وكان معى صاحب لى الحديث بتمامه

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

قال الحافظ رواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ حمزة الزيات وجماعة *

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِی مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) أبى على بن شاذان (عن) أبى نصر بن اشكاب عن عبد الله بن طاهر القزوينى (عن) إسماعيل بن توبة القزوينى عن محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أبى طالب بن يوسف (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) أبى بكر الأبهرى (عن) أبى عروبة (عن) جده (عن) محمد بن الحسن الشيبانى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى (عن) أبى بكر أحمد بن على بن ثابت الخطيب (عن) أبى بكر محمد بن بكير المقرى (عن) القاضى عمر بن أحمد بن عمر بن محمد (عن) أبى على محمد بن حاتم بن شرف بن نوح الأزدى (عن) موسى بن نصر (عن) بشار بن قيراط (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) أَبِي حَنِيفَةَ رضي الله عنه *

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي فِي مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) أَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) محمد بن الحسن فِي نسخته فرواه (عن) أَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''احمد بن محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''داود طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن احمد بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''خالد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔(ان کی روایت میں جوالفاظ استعمال ہوئے ان کے معانی ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عباس بن عزیز قطان مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''علی بن حشرم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عباس بن عزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''علی بن سلیمان رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حکیم بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ایمان کے بارے پوچھا تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسہل محمد بن عبد اللہ بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن نصر رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''بشار بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن قدامہ بن سیار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''لیث بن مساور رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابویحیٰی حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''زکریا

بن یحییٰ اصفہانی ؒ'' اور حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن اصفہانی ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن رستہ ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم بن ایوب ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن اسحاق سمسار بخاری ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبداللہ ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین ابن محمد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن حسین بزاز بلخی ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویوسف ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن زید بن ابوخالد بخاری ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''شقیق ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویوسف ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ہمدانی ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد ؒ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی ؒ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں: یہ حضرت ''حسین بن علی ؒ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسین ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن ؒ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری ؒ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مستورد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''عقبہ بن مکرم ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''یونس بن بکیر ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن مہتدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عمرو بن زرارہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' ابوشہاب مسروح ابن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے چچا حضرت''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' صالح بن منصور صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے دادا حضرت''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' زکریا بن حارث نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یحییٰ بن جنید قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد ابن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ہیاج بن بسطام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' زکریا بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یحییٰ بن جنید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوعباس احمد ابن عبدالرحمٰن بن خالد رازی قلانسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبداللہ بن جراح قہستانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔(اس میں کچھ الفاظ یوں ہیں) ہم مسجد نبوی میں داخل ہوئے،حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مسجد کے ایک کونے میں تشریف فرما تھے،میرے ساتھ میرا ساتھی تھا،اس کے بعد مفصل حدیث بیان کی۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت''حافظ طلحہ رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: یہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت''حمزہ زیات رحمۃ اللہ علیہ''اور محدثین کی پوری ایک جماعت نے روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت '' ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' ابوعروبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے '' دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت '' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت '' ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن بکیر مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' قاضی عمر بن احمد بن عمر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی محمد بن حاتم بن شرف بن نوح الازدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' موسیٰ بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت '' بشار بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت '' حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) انہوں نے اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اگر نحوست ہوسکتی ہے تو مکان، عورت اور گھوڑے میں ہوسکتی ہے ☼

235/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) ابْنِ بُرَیْدَةَ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ تَذَاكَرُوْا الشُّؤْمَ عِنْدَهٗ ذَاتَ یَوْمٍ فَقَالَ اَلشُّؤْمُ فِیْ ثَلَاثٍ الدَّارِ وَالْمَرْاَةِ وَالْفَرَسِ -فَشُؤْمُ الدَّارِ اَنْ تَكُوْنَ ضَیِّقَةً لَهَا جِیْرَانُ سُوْءٍ -وَشُؤْمُ الْفَرَسِ اَنْ یَّكُوْنَ جَمُوْحاً یَمْنَعُ ظَهْرَهٗ -وَشُؤْمُ الْمَرْاَةِ اَنْ تَكُوْنَ عَاقِراً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابن بریدہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں نحوست کا ذکر ہوا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نحوست (اگر ہوسکتی ہے تو) تین چیزوں میں ہوسکتی ہے، مکان، عورت، گھوڑا۔

(۲۳۵) اخرجه الحافظ صدر الدین الحصكفی فی "مسند الامام" (۲۶۴) واخرجه البخاری (۲۸۵۸) فی الجهاد وابو داود (۳۹۲۲) ومسلم (۲۲۲۵) فی السلام والبغوی فی "الشرح السنة" (۲۲۳۷) واحمد ۲:۱۳۶ من حدیث عبد الله بن عمر۔

گھر کی نحوست یہ ہے کہ وہ تنگ ہو، وہاں کے پڑوسی برے ہوں۔گھوڑے کی نحوست یہ ہے کہ وہ مالک کو اپنے اوپر سوار نہ ہونے دے، اورعورت کی نحوست یہ ہے کہ وہ بانجھ ہو''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سهل بن ماهان الترمذى (عن) صالح بن ماهان الترمذى (ورواه)(عن) الحسن بن سفيان النسوى (عن) جمعة بن عبد الله كلاهما (عن) أبي مقاتل حفص بن سليم (عن) اَبى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) على بن الحسن بن عبدة البخارى (عن) حفص بن عمر الربعي ونصر بن المغيرة البخاريين كلاهما (عن) عيسى بن موسى التيمي (عن) أبي يوسف (عن) اَبى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما *غير أنه لم يجاوز به علقمة *

(ورواه)(عن) زكريا بن يحيى الأصفهانى (عن) أحمد بن سليمان بن يوسف (عن) أبيه (عن) النعمان بن عبد السلام (عن) اَبى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ غير أنه قال وشؤم المرأة أن تكون سيئة الخلق عاقراً *

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) الحسن صاحب الشساسى (عن) إسماعيل بن بشر (عن) صالح بن محمد الترمذى (عن) أبي مقاتل السمرقندى (عن) اَبى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ * قال الحافظ هذا حديث مضطرب (عن) علقمة (عن) ابن بريدة (عن) أبيه (عن) النبى صلى الله عليه وسلم وروى (عن) علقمة (عن) النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ*

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سہل بن ماہان ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' صالح بن ماہان ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' حسن بن سفیان نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابومقاتل حفص بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''علی بن حسن بن عبدہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص بن عمر ربعی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''نصر بن مغیرہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔تاہم اس میں حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے تجاوز نہیں کیا۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،وہ ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: میں جب سے مسلمان ہوا ہوں تب سے صرف ایک بار جھوٹ بولا ہے وہ اس طرح کہ میں رسول اکرم ﷺ کے لئے کجاوہ تیار کیا کرتا تھا، حضور ﷺ کی بارگاہ میں سواری کے کچھ جانور پیش کئے گئے،(پیش کرنے والے نے) مجھ سے پوچھا: رسول اکرم ﷺ کو کس قسم کا کجاوہ پسند ہے؟ میں نے کہا'' طائف ﷺ مکیہ ﷺ'' حالانکہ رسول اکرم ﷺ کو وہ پسند نہ تھا ،(جب سواری تیار کر کے رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کی گئی تو) حضور ﷺ نے دریافت فرمایا: یہ سواری ہمارے لئے کس نے تیار کی ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ آپ ہی کی سواری ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا: ابن ام معبد کہاں ہے؟اے ابن ام معبد! ہمارے لئے سواری تم تیار کیا کرو''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) حاتم بن محمد الترمذی (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ وقال فِی آخره فأعیدت إلی الراحلة *

(ورواه)(عن) بدر بن الهیثم الحضرمی (عن) أبی کریب محمد بن العلاء (عن) أبی معاویة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غیر أنهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ من صاحب هذه الراحلة قالوا الطائفی قال لا حاجة به *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) جعفر ابن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) محمد بن سعید الهروی (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) علی بن معبد (عن) محمد بن

(۲۹۱) قد تقدم۔

الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(ورواہ)(عن) یحیی بن إسماعیل بن الحسن بن عثمان (عن) جدہ الحسن بن عثمان (عن) مخلد بن عمرو (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسندہ (عن) صالح بن أحمد الھروی (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(وأخرجه) الحافظ محمد ابن المظفر فِی مسندہ (عن) أبی الحسن أحمد بن إسحاق (عن) عبد اللّٰہ بن عبد اللّٰہ البخاری (عن) عمر بن محمد بن الحسن (عن) عیسی بن موسی المعروف بغنجار (عن) یعقوب یعنی أبا یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(وأخرجه) أبو عبد اللّٰہ الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسندہ (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی محمد الجوھری (عن) الحافظ محمد بن المظفر باسنادہ المذکور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(ورواہ) ابن خسرو (عن) أبی طالب بن یوسف (عن) أبی محمد الجوھری (عن) أبی بکر الأبھری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جدہ (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواہ (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حاتم بن محمد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اور اس کے آخر میں یہ کہا ''پھر اس کو راحلہ کی جانب لوٹا دیا گیا''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''بدر بن ہیثم حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوکریب محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس روایت میں صرف اتنا فرق ہے کہ اس میں یہ الفاظ بھی موجود ہیں ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا: اس کجاوے کا مالک کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: طائف کا رہنے والا ایک باشندہ ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل بن حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مخلد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوحسن احمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عبداللہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ المعروف غنجار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب یعنی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے'' دادا رحمۃ اللہ علیہ '' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی سات خصوصیات کا ذکر

292/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَوْنِ بِنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ فِيْ سَبْعِ خِصَالٍ لَيْسَتْ فِيْ وَاحِدَةٍ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَنِيْ وَاَنَا بِكْرٌ وَلَمْ يَتَزَوَّجْ اَحَداً مِنْ نِسَائِهٖ بِكْراً غَيْرِيْ وَاَرَانِيْ لَهُ جِبْرِيْلَ وَلَمْ يُرِهٖ اَحَداً مِنْ نِسَائِهٖ غَيْرِيْ وَنَزَلَ جِبْرِيْلُ بِصُوْرَتِيْ

(۲۹۲) قد تقدم فی (۲۷۷)۔

وَلَمْ يَنْزِلْ بِصُوْرَةِ اَحَدٍ مِّنْ نِسَائِهٖ غَيْرِىْ وَكُنْتُ مِنْ اَحَبِّهِنَّ اِلَيْهِ نَفْساً وَّوَالِداً وَكَانَ جِبْرِيْلُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ بِالْوَحْيِ وَاَنَا مَعَهٗ فِيْ شِعَارِهٖ وَلَمْ يَكُنْ يَّأْتِيْهِ وَهُوَ مَعَ اَحَدٍ مِّنْ اَزْوَاجِهٖ وَنَزَلَ فِيَّ آيَاتٌ مِّنَ الْقُرْآنِ كَادَ يَهْلِكُ فِيْ فِئَامٍ مِّنَ النَّاسِ وَمَاتَ فِيْ لَيْلَتِيْ وَيَوْمِيْ وَتُوُفِّيَ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عون بن عبداللہ بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،وہ حضرت ''عامر رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے روایت کرتے ہیں'ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں: مجھ میں ۷ فضیلتیں ایسی ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی دوسری زوجہ کو میسر نہیں آئیں

○ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے نکاح کیا تو میں کنواری تھی ،جبکہ آپ کی دوسری کوئی بھی زوجہ کنواری نہ تھی

○ میں نے حضرت ''جبریل امین علیہ السلام کی زیارت کی ہے،آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بھی زوجہ نے ان کی زیارت نہیں کی

○ حضرت ''جبریل علیہ السلام نے میری تصویر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھائی تھی اور کسی بھی زوجہ کی تصویر نہیں دکھائی۔

○ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ مجھ سے اور میرے والد سے محبت فرماتے تھے

○ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر میں ہوتی تو جبریل امین علیہ السلام تب بھی وحی لے کے آجاتے تھے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری کسی زوجہ کے ہاں بستر میں ہوتے تو جبریل امین علیہ السلام تشریف نہیں لاتے تھے

○ میرے حق میں قرآن کریم کی آیات مقدسہ نازل ہوئیں جس وقت میرے معاملے میں بہت سے لوگ تباہی کے دہانے تک جا پہنچے تھے

○ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک میری باری میں ،میری رات میں ،میرے سینے پر ہوا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) صالح بن أحمد بن أبى مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى الحمانى (عن(اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) محمد بن إسحاق السمسار (عن) إبراهيم بن يوسف *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن سعيد العوفى (عن) أبيه كلاهما (عن) أبى يوسف (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ إلا أنه قال قالت كان فِى سبع خصال لم تكن فِى أحد من أزواجه أتاه جبريل بصورتى ولم يأته بصورة أحد من أزواجه غيرى وكنت من أحبهن إليه نفساً ووالداً ونزل فِى آيات من القرآن كاد يهلك فِى فئام من الناس وتوفِى فِى ليلتى وفِى يومى وفِى بيتى وبين سحرى ونحرى *

(ورواه)(عن) عبد الصمد بن الفضل (عن) المقرى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ باللفظ الأول بتمامه *

(وأخرجه) الحافظ طلحة ابن محمد فِى مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن سعيد (عن) أبيه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن ميسرة (عن) المقرى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي فِي مسنده (عن) أبيه محمد ابن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ فِي نسخته فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن اسحاق سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سعید عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ (ان کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں) ''ام المومنین نے فرمایا: سات فضیلتیں ایسی ہیں جو میرے سوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی زوجہ محترمہ کو نصیب نہیں ہوئیں

○حضرت ''جبریل امین علیہ السلام، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس میری تصویر لائے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے اور کسی کی تصویر نہیں لائے

○رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے ساتھ اور میرے والد گرامی کے ساتھ سب سے زیادہ محبت تھی

○میرے بارے میں قرآن کریم کی آیات نازل ہوئی ہیں، میرے حوالے سے لوگوں کی پوری ایک جماعت ہلاک ہونے لگی تھی

○رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال میری باری والے دن ہوا

○میری باری کی رات میں ہوا

○میرے گھر میں ہوا۔

○میرے سینے پر ہوا۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد الصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ (اس روایت میں پہلی روایت والے تمام الفاظ موجود ہیں)

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد ابن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کے ذریعے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کا رہن سہن معلوم کرواتے تھے ☼

293/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ کَانَ اِذَا دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَیْتَهٗ اَرْسَلَ وَالِدَتَهٗ اُمَّ عَبْدٍ تَدْخُلُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ بَیْتِهٖ تَنْظُرُ اِلٰی هَدْیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَدَلِّهٖ وَسَمْتِهٖ فَتُخْبِرُهٗ بِذٰلِكَ فَیَتَشَبَّهُ بِهٖ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عون بن عبداللہ بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں مروی ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب گھر تشریف لے جاتے تو وہ (عبداللہ بن مسعود) اپنی والدہ کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں بھیج دیتے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کار، رہن سہن، بول چال، اور گھر میں رہنے کا انداز دیکھ کر آئیں، وہ آ کر بتاتیں تو حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اس کی اتباع کرنے کی کوشش کرتے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) يحيى بن إسماعيل (عن) الوليد بن حماد (عن) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چٹائی بردار تھے ☼

294/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ کَانَ صَاحِبَ حَصِیْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

(۲۹۳) قد تقدم فی (۲۷٤)-

(۲۹٤) اخرجه الحصکفی ف" مسند الامام" (۳۷٦) وابن سعد فی" الطبقات" ۱۱۳:۳ وابو نعیم فی" الحلیة" ۱۲٦:۱ والبخاری (۳۲۸۷) فی بدء الخلق وابن حبان (٦۳۳۱)-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عون بن عبداللہ بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے بیان کرتے ہیں کہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما'' کے بارے میں مروی ہے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چٹائی مبارک سنبھالا کرتے تھے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) یحیی بن إسماعیل (عن) الولید بن حماد (عن) الحسن ابن زیاد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات سے پہلے خلافت کے لئے مجلس مشاورت قائم کردی تھی ☼

295/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) جَامِعِ بْنِ اَبِی رَاشِدٍ (عَنْ) زِیَادِ بْنِ جُبَیْرٍ لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَرَ صُهَیْباً فَجَمَعَ لَهُ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَنْ یَکُوْنَ اَکْثَرَ دَاخِلٍ عَلَی الْاَنْصَارِ فَلَمَّا تَکَامَلُوا لَدَیْهِ حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰی عَلَیْهِ وَصَلّٰی عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَیُّهَا النَّاسُ قَدْ حَمَلْتُ اَمْرَکُمْ عَلٰی سِتَّةٍ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ وَقَدْ اَجَّلْتُهُمْ ثَلَاثاً یَخْتَارُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ وَلِلْاُمَّةِ فَاِنَّ اِجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰی اَحَدِهِمْ وَاَبٰی وَاحِدٌ مِنْهُمْ اَنْ یُّبَایَعَ فَکُوْنُوْا عَلَیْهِ وَاِن اشْتَجَرُوا فَکُوْنُوْا فِیْ فِئَةِ ابْنِ عَوْفٍ ثُمَّ مَاتَ مِنْ یَوْمِهٖ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''جامع بن ابی راشد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''زیاد بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' جب حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' پر قاتلانہ حملہ ہوا، آپ نے حضرت ''صہیب رضی اللہ عنہ'' کو حکم دیا، انہوں نے مسلمانوں کو جمع کیا، ان کے پاس حاضر ہونے والوں میں اکثریت انصار کی تھی، جب سب لوگ آپ کے پاس جمع ہوگئے، تو حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا پھر فرمایا: اے لوگو! میں نے تمہارا معاملہ ۶ لوگوں کے سپرد کیا ہے، یہ ایسے لوگ ہیں جن پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم راضی تھے، میں نے ان کو تین دن دیئے ہیں، یہ ان تین دنوں میں اپنے لئے اور امت کے لئے (کسی موزوں شخص کا) چناؤ کریں گے، اگر لوگ ان میں سے کسی کی بیعت کرنے پر متفق ہو جائیں لیکن ان میں سے ایک بیعت کئے جانے کا انکار کرے تو سب اس کی بیعت کر لینا، اور اگر ان میں اختلاف واقع ہو جائے تو تم ابن عوف کی جماعت میں شامل ہو جانا، اسی دن حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کا وصال ہو گیا''۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) یعقوب بن أحمد ابن الصباح الوراق (عن) أحمد بن محمد بن حنبل (عن) علی بن مجاهد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(۲۹۵) اخرجه ابن حبان (۲۰۹۱) ومسلم (۵۶۷) والبیهقی فی "السنن الکبری" ۶:۲۲۴ والطیالسی ۱۱: وابن سعد فی "الطبقات" ۳:۳۳۵-

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن احمد ابن صباح وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عصا مبارک سنبھالا کرتے تھے

296/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ صَاحِبَ عَصٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عون بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور وہ اپنے ''والد رضی اللہ عنہ'' سے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما'' کے بارے میں روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما'' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عصا بردار تھے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) يحيى بن إسماعيل (عن) الوليد بن حماد (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (وبإسناده) إلى عبد الله بن مسعود رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أنه كان صاحب رداء رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ *

(وروى) بهذا الإسناد (عن) عبد الله أنه كان صاحب الراحلة لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم *

(وروى) بهذا الإسناد (عن) عبد الله بن مسعود رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أنه كان صاحب سواك رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وصاحب الميضاة وصاحب النعلين *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اور ان کی اسناد حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چادر بردار تھے۔ اور اسی اسناد کے ہمراہ یہ بھی مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کجاوے کی ذمہ داری بھی انہی کے پاس تھی۔

○اور اسی اسناد کے ہمراہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے یہ بھی مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسواک، آپ کا لوٹا مبارک اور آپ کے نعلین مبارک بھی یہی سنبھال کر رکھتے تھے

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! تمہاری پہچان علم اور قرآن ہونی چاہیے

297/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ (عَنْ) اَبِیْ صَالِحٍ (عَنْ) اُمِّ هَانِیْ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ لِيَكُوْنُ شِعَارُكَ الْعِلْمَ وَالْقُرْآنَ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''اسماعیل بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے سیدہ ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! تمہاری پہچان علم اور قرآن ہونی

(۲۹۶) قد تقدم فی (۲۹۴)-

(۲۹۷) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (۳۴)-

چاہئے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن أحمد (عن) أبی جعفر محمد بن القاسم الطائکانی (عن) أبی مقاتل السمرقندی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أحمد بهذا الإسناد سواء *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر محمد بن قاسم طائکانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں سابقہ اسناد کے ہمراہ نقل کیا ہے۔

☼ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فاقہ مستی کا عالم دیکھ کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جنت کی بشارت دی ☼

298/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) اِسْمَاعِیْلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ (عَنْ) اَبِیْ صَالِحٍ (عَنْ) اُمِّ هَانِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلٰی عَلِیٍّ ذَاتَ یَوْمٍ فَرَآهُ جائِعاً فَقَالَ لَهٗ یَا عَلِیُّ مَا اَجَاعَكَ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ لَمْ اَشْبَعْ مُنْذُ کَذَا وَکَذَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''اسماعیل بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے سیدہ ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کو بھوکا دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: اے علی! تم بھوکے کیوں ہو؟ عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے تو فلاں فلاں دن سے پیٹ بھر کر نہیں کھایا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں جنت کی خوشخبری ہو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد ابن محمد بن سعید (عن) محمد بن إبراهیم (عن) محمد بن القاسم (عن) أبی مقاتل (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) طلحة فِی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعید مثل إسناد أبی محمد البخاری سواء غیر أنه قال قال له رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أبشر بشهادة الدنیا وسعادة العقبی *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد ابن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' کی اسناد کی مثل روایت کیا ہے، تاہم یہ فرق ہے'' وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو دنیا کی شہادت اور آخرت کی سعادت پر خوش ہو جا۔

(۲۹۸) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۳۷۱)-

☼سورۃ النساء کی تلاوت سننے کے دوران رسول اکرم ﷺ کی گریہ زاری کا رقت آمیز منظر☼

299/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الْاَعْلَى التَّيْمِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يَّقْرَاَ سُوْرَةَ الْفَرَائِضِ يَعْنِيْ سُوْرَةَ النِّسَاءِ فَفَعَلَ فَلَمَّا بَلَغَ قَوْلَهُ تَعَالٰى (فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا) * غَلَبَ عَلَيْهِ الْبُكَاءُ فَقَالَ لَهُ اَمْسِكْ ثُمَّ قَالَ لَهُ اَعِدْ فَلَمَّا بَلَغَهَا اِشْتَدَّ بُكَاؤُهُ حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالاعلیٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے بیان کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے' رسول اکرم ﷺ نے ان کو سورۃ الفرائض (یعنی سورۃ النساء) پڑھنے کا حکم دیا، انہوں نے یہ سورۃ پڑھنا شروع فرما دی جب آپ اس آیت

فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ شَهِيْدًا

''تو کیسی ہوگی جب ہم ہر اُمت سے ایک گواہ لائیں اور اے محبوب تمہیں ان سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں''

(ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

پر پہنچے تو حضور ﷺ بہت شدید رونے لگ گئے، آپ ﷺ نے ان سے تلاوت روکنے کا فرمایا، پھر فرمایا: پڑھو، (انہوں نے دوبارہ پڑھنا شروع کی) جب اس آیت پر پہنچے تو پہلے سے بھی زیادہ سخت گریہ زاری فرمائی، تین مرتبہ آپ ﷺ نے ایسے ہی کیا''۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد ابن محمد بن سعيد (عن) القاسم بن محمد (عن) محمد بن محمد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما *

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) القاسم بن محمد الدلال (عن) أبي بلال الأشعري (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما *

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی الباقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد دلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے

(٢٩٩) اخرجه ابن حبان(٧٣٥) ومسلم(٨٠٠) في صلاة المسافرين: باب فضل استماع القرآن والطبراني في "الكبير" (٨٤٦١) واحمد ٣٨٠:١ والبخاري (٤٥٨٢) في التفسير-

حضرت ''ابوبلال اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء کرنے کا حکم دیا☼

300/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ (عَنْ) اَبِیْ الزَّعْرَاءِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِقْتَدُوْا بِالَّذَیْنِ مِنْ بَعْدِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوزعراء رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان کی اقتداء کرو جو میرے بعد ہیں، یعنی حضرت ''ابوبکر اور حضرت ''عمر (رضی اللہ عنہما)''

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رمیح کتابة (عن) محمد بن عمر الوراق (عن) خالد بن نزار (عن) یحیی بن نصر بن حاجب قال دخلت علی اَبِی حَنِیْفَةَ فِی بیت مملو کتباً فقلت له ما هذه قال هذه أحادیث کلها ما حدثت بها إلا الیسیر الذی ینتفع به فقلت له حدثنی ببعضها فأملی علی حدثنا سلمة بن کهیل الحدیث *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمر وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن نزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس حاضر ہوا، ان کا گھر کتابوں سے بھرا ہوا تھا، میں نے ان سے کہا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ تمام احادیث ہیں، میں بہت کم احادیث روایت کرتا ہوں، صرف اتنی ہی روایت کرتا ہوں جن سے امت کو فائدہ ہو۔ میں نے کہا: آپ ان میں سے کوئی مجھے بھی سنا دیجئے، تو انہوں نے مجھے یہ املاء کروادی ''ہمیں حضرت ''سلمہ بن کہیل رضی اللہ عنہ'' نے حدیث بیان کی''

☼میں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا، سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھی (حضرت علی)☼

301/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ (عَنْ) حَبَّةِ بْنِ جُوَیْنِ الْعَرَنِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ اَنَا اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ وَصَلّٰی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حبہ بن جون عرنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

(۳۰۰) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۳۶۷) والترمذی (۳۸۰۵) فی مناقب عبدالله بن مسعود والحاکم فی "المستدرک" ۷۶:۳ والبغوی فی "شرح السنة" ۱۹۵:۷ (۳۷۸۹) والطبرانی فی "الکبیر" (۸۴۲۶)۔

(۳۰۱) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۳۷۰) وابن سعد فی "الطبقات" ۱۵:۳ والترمذی (۳۷۳۵) فی المناقب والبیہقی فی "السنن الکبری" ۲۰۷:۶ والحاکم فی "المستدرک" ۱۳۶:۳۔

وایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کو میں نے یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''میں وہ شخص ہوں جس نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے پہلے نماز پڑھی''

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن همام بن خلف الشیرازی (عن) الحسن (عن) عامر بن الفرات (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ہمام بن خلف شیرازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عامر بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ امام اعظم ابوحنیفہ کا موقف ہے کہ ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سب سے بڑے فقیہہ ہیں ☼

302/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) قَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَفْقَهُ مَنْ رَاَیْتُ وَلَقَدْ بَعَثَ اِلَیَّ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرُ اَنَّ النَّاسَ قَدْ فُتِنُوا بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ فَهَیِّءْ لَهٗ مَسَائِلَ شِدَادًا فَلَخَّصْتُ لَهٗ اَرْبَعِیْنَ مَسْئَلَةً وَبَعَثْتُ بِهَا اِلَى الْمَنْصُوْرِ بِالْحِیْرَةِ ثُمَّ اَبْرَدَ اِلَیَّ فَوَافَیْتُهٗ عَلٰی سَرِیْرِهٖ وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ یَمِیْنِهٖ فَتَدَاخَلَنِی مِنْ جَعْفَرٍ هَیْبَةٌ لَمْ اَجِدْهَا مِنَ الْمَنْصُوْرِ فَاَجْلَسَنِیْ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰی جَعْفَرٍ قَائِلاً یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا اَبُوْ حَنِیْفَةَ فَقَالَ نَعَمْ اَعْرِفُهٗ ثُمَّ قَالَ الْمَنْصُوْرُ سِلْهُ مَا بَدَا لَكَ یَا اَبَا حَنِیْفَةَ فَجَعَلْتُ اَسْاَلُهٗ وَیَجِیْبُ الْاِجَابَةَ الْحَسَنَةَ وَیُفْحِمُ حَتّٰی اَجَابَ عَنْ اَرْبَعِیْنَ مَسْئَلَةً فَرَاَیْتُهٗ اَعْلَمَ النَّاسِ بِاخْتِلَافِ الْفُقَهَاءِ فَلِذٰلِكَ اَحْكَمُ اَنَّهٗ اَفْقَهُ مَنْ رَاَیْتُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: میری نگاہ میں حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے بڑا فقیہہ کوئی نہیں'' (اس کی وجہ یہ ہے کہ) ابوجعفر منصور نے میری جانب پیغام بھیجا کہ لوگ جعفر بن محمد کی وجہ سے آزمائش میں ہیں (ان سے بہت متاثر ہورہے ہیں) آپ ان کے لئے بہت سارے مشکل ترین سوالات تیار کریں۔ میں نے ان کو مختصر کرکے چالیس سوال بنالئے، اور یہ سوالات حیرہ میں منصور کی جانب بھیج دیئے۔ منصور نے (وہ سوالات وصول کئے اور) ایک قاصد میری جانب بھیجا، (میں اس قاصد کے ساتھ روانہ ہوگیا) میں منصور کے دربار میں اس کے تخت کے پاس پہنچا، اس وقت جعفر بن محمد ان کے دائیں جانب موجود تھے، حضرت ''جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی مجھ پر ہیبت طاری ہوگئی، میں نے یہ ہیبت منصور کی شخصیت میں کبھی محسوس نہیں کی تھی۔ انہوں نے مجھے بٹھالیا، پھر حضرت ''جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب متوجہ ہوئے اور یہ کہنے لگے: اے ابوعبداللہ! یہ ابوحنیفہ ہے۔ انہوں نے کہا: جی ہاں، میں ان کو پہچانتا ہوں۔ پھر منصور نے کہا: اے ابوحنیفہ! تم جو پوچھنا چاہتے ہو، ان سے پوچھ لو (امام اعظم فرماتے ہیں) میں نے ان سے سوالات پوچھنا شروع کیئے، اور انہوں نے جامع مانع انداز میں بہت احسن جواب دینا شروع کئے، حتیٰ کہ انہوں نے ۴۰ سوالوں کے جوابات دے دیئے۔ میں نے ان کو دیکھا ہے کہ فقہاء کے اختلاف کے وقت وہ سب سے زیادہ علم رکھنے والے شخص ہیں، اسی لئے میں نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ ''میں نے جتنے لوگوں کو دیکھا ہے یہ ان سب سے زیادہ فقیہہ ہیں''۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعید (عن) جعفر بن محمد بن الحسین الحازمی (عن) أبی نجیح إبراهیم بن محمد بن الحسین (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ

اللّٰہُ عَنۡہُ *

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حسین حازمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونجیح ابراہیم بن محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت مسروق رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی کا نقش بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تھا

303/(اَبُوۡحَنِیۡفَةَ)(عَنۡ) اِبۡرَاهِیۡمَ بۡنِ مُحَمَّدِ بۡنِ الۡمُنۡتَشِرِ (عَنۡ) اَبِیۡهِ قَالَ كَانَ نَقۡشُ خَاتَمِ مَسۡرُوۡقِ بۡنِ الۡاَجۡدعِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''مسروق بن اجدع رحمۃ اللہ علیہ'' کی انگوٹھی کا نقش ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' تھا

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن عبيد بن عتبة (عن) الحسين بن عبد الأول (عن) أبي خالد الأحمر (عن) اَبِي حَنِيۡفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُ *

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبید بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن عبد الاول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوخالد الاحمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک خوش الحان شخص سے فرمائش کر کے سورۃ الحجر سنی

304/(اَبُوۡحَنِیۡفَةَ)(عَنۡ) اِبۡرَاهِیۡمَ بۡنِ مُحَمَّدِ بۡنِ الۡمُنۡتَشِرِ (عَنۡ) اَبِیۡهِ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُ لِرَجُلٍ اِقۡرَاۡ الۡحَجَرَ قَالَ اَوَلَیۡسَتۡ مَعَكَ قَالَ بَلٰی وَلٰكِنۡ لَیۡسَ لِیۡ مِثۡلَ صَوۡتِكَ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے ایک آدمی سے کہا: سورۃ الحجر کی تلاوت کرو۔ اس نے کہا: یہ سورت آپ کو نہیں آتی؟ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: آتی تو ہے، لیکن میری آواز تیری آواز جیسی نہیں ہے''۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن محمد بن عبد الله (عن) خالد بن يوسف بن خالد السمتي (عن) أبيه يوسف بن خالد السمتي (عن) اَبِي حَنِيۡفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُ *

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي سعد أحمد بن عبد الجبار (عن) علي بن أبي علي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن عقدة (عن) أحمد بن محمد بن عبد الله (عن) خالد بن يوسف بن خالد السمتي (عن) أبيه يوسف بن خالد السمتي (عن) اَبِي حَنِيۡفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُ *

(۳۰۳) اخرجه ابن ابی شیبة ۸:۲۷۰ فی اللباس:نقش الخاتم وما جاء فیه-

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن محمد بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' خالد بن یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت'' یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوسعد احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' علی بن ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوعباس احمد بن محمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' خالد بن یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت'' یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ استغفار دوزخ سے بچنے کے لئے ڈھال ہے ☼

305/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ اَنَّهٗ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ اَلصِّدِّيْقَةُ بِنْتُ الصِّدِّيْقِ حَبِيْبَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلْاِسْتِغْفَارُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ

✧✧ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' ابراہیم بن محمد منتشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے'' والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت'' مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: مجھے صدیقہ بنت صدیق، حبیبۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیدہ'' عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'') نے بیان کیا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: استغفار دوزخ سے بچنے کے لئے ڈھال ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) إسحاق بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) أبى سليمان الجوزجانى (عن) محمد بن الحسن الشيبانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) الحسين بن الحسين الأنطاكى (عن) أحمد بن عبد الله الكندى (عن) على بن معبد (عن) محمد بن الحسن الشيبانى رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' اسحاق بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے'' والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوسلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ہم نے سب سے افضل و اعلیٰ شخص کو منتخب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا (ابن مسعود) ☼

306/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ خَطَبَ النَّاسَ بِالْكُوْفَةِ

(۳۰۵) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (۳۸۴) وابن سعد فى "الطبقات" ۵۱:۸-۵۳ وابو نعيم ۴۴:۲-

حِيْنَ اسْتَعْمَلَهُ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ مَا آلَوْنا عَنْ اَعْلَاهَا فَرَقاً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کوکوفہ کا عامل مقرر فرمایا تو حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: ہم نے سب سے افضل اوراعلیٰ شخص کومنتخب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبى العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کوحضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت '' جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا،حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اورحضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عمر ۶۳ برس تھی☼

307/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنِ) الْهَيْثَمِ وَرَبِيْعَةَ(عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُبِضَ وَهُوَ اِبْنُ ثَلاثٍ وَّسِتِّيْنَ *وَقُبِضَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهُوَ اِبْنُ ثَلاثٍ وَّسِتِّيْنَ *وَقُبِضَ عُمَرُ وَهُوَ اِبْنُ ثَلاثٍ وَّسِتِّيْنَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت '' ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے بیان کرتے ہیں' حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ۶۳ برس کی عمر میں ہو،حضرت ''ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ'' کا بھی ۶۳ برس میں ہوااورحضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' کا بھی ۶۳ برس میں ہوا''۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) زكرياء بن يحيى النيسابورى (عن) أحمد بن عبد الله ابن زياد البغدادى (عن) محمد بن محمد بن خليل البصرى عن أبى عبد الله بن صخر (عن) سفيان الثورى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت '' زکریاء بن یحییٰ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ ابن زیاد بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' محمد بن محمد بن خلیل بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن صخر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ہمیشہ جماعت کے ساتھ رہنا،اللہ تعالیٰ امت محمدیہ کوکبھی گمراہی پرجمع نہیں کرے گا☼

308/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اِيَاسٍ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ لَمَّا خَرَجَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ

(٣٠٧) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام " (٣٥٦)وقد تقدم-

(٣٠٨) اخرجه الحاكم فى " المستدرك " ١:٢٠٠ والنسرياب فى " المسند " (٢١٦٦)والترمذى (٢١٦٧)من حديث عبد الله بن عمر مرفوعاً-

اللّٰهُ عَنْهُ نَحْوَ الْمَدِيْنَةِ قُلْتُ اَوْصِنِيْ فَقَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَلَزُوْمِ الْجَمَاعَةِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَنْ يُجْمِعَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰى ضَلَالَةٍ وَاصْبِرْ حَتّٰى تَسْتَرِيْحَ بِرًّا اَوْ تُسْتَرَاحَ مِنْ فَاجِرٍ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالملک بن ایاس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعمر شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، جب حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' مدینہ کی جانب روانہ ہوئے تو میں نے کہا: آپ مجھے کوئی نصیحت فرما دیں، انہوں نے فرمایا: تقویٰ اختیار کرو اور ہمیشہ جماعت کے ساتھ رہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت (کی بڑی جماعت) کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا، اور صبر اختیار کرنا کہ تم نیکی کی حالت میں سکون پا جاؤ یا تمہیں فاجر سے سکون میسر آ جائے''۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده عن أحمد ابن محمد (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول (عن) جده إسماعيل بن حماد (عن) أبيه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عشرہ مبشرہ صحابہ کرام کے اسمائے گرامی ☼

309/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ (عَنْ) سَعِيْدِ ابْنِ زَيْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ عَشَرَةٌ فِى الْجَنَّةِ اَبُوْ بَكْرٍ فِى الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِى الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِى الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِى الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِى الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِى الْجَنَّةِ وَسَعْدٌ فِى الْجَنَّةِ وَسَعِيْدٌ فِى الْجَنَّةِ -وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فِى الْجَنَّةِ -وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ فِى الْجَنَّةِ فَقِيْلَ لَهٗ وَاَنْتَ فَبَكٰى

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''سعید بن زید رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دس شخص جنتی ہیں ابوبکر (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، عمر (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، عثمان (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، علی (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، طلحہ (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، زبیر (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، سعد (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، سعید (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، عبدالرحمٰن بن عوف (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، اور ابوعبیدہ بن جراح (رضی اللہ عنہ) جنتی ہے، ان سے پوچھا گیا: اور آپ؟ تو وہ رو پڑے''۔

(أخرجه) الحافظ ابن المظفر في مسنده (عن) على بن الحسين بن أحمد الحرانى (عن) أبى اليقظان عبد الرحمن بن عبد الله بن مسلم (عن) عبد الله بن واقد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رحمه الله *

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) المبارك ابن عبد الجبار الصيرفى (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(۳۰۹) اخرجه ابوداود (٤٦٤٩) والترمذی (۳۷٤۸) والحاکم فی "المستدرك" ۳: ۳۱٦ والمتقی الهندی فی "الکنز" (۳۳۱۰۵)۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''علی بن حسین بن احمد حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویقظان عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن واقد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک ابن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ابوبکر، عمر جنت کے بلند درجات والوں میں سے ہیں جو نیچے والوں کو ستاروں کی مانند دکھائی دیں گے☼

310/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَطِیَّةِ الْعَوْفِیِّ (عَنْ) اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰـهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی لَیَرَاهُمْ مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُمْ کَمَا یُرَی الْکَوْکَبُ الدُّرِّیُّ فِی اُفُقِ السَّمَاءِ وَاَنَّ اَبَا بَکْرٍ وَعُمَرُ مِنْهُمْ وَاَنْعَمَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت کے بلند درجوں میں رہنے والے، نچلے درجے میں رہنے والوں کو یوں دیکھائی دیں گے جیسے آسمان پر ستارے دکھائی دیتے ہیں، حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' انہیں سے ہیں، اور ان پر انعام کیا گیا ہے۔

(أخرجه) أبـو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) خاله أبى على الباقلانى (عن) أبى عبد الله ابن دوست العلاف (عن) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى (عن) الحسن ابن عباس (عن) محمد بن حنفيةالطريفى (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى باسناده المذكور إلى اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ ابن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حنفیہ طریفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۳۱۰) اخرجه الخطيب في "تاريخ بغداد" ۳:۱۹۵و ٤:٦٤و۱۲:۱۲۳و الحافظ الذهبي في "تذكرة الحفاظ" ۲:٤٨٤-

☼ تکبیر و تہلیل ہی پرہیز گاری کا کلمہ ہے ☼

311/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) مُوْسٰی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَمَّنْ حَدَّثَهٗ اَنَّ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْصَرَهُمْ یُهَلِّلُوْنَ وَیُکَبِّرُوْنَ فَقَالَ هِیَ هِیَ وَرَبِّ الْکَعْبَةِ فَقَالَ لَهٗ مَا هِیَ قَالَ کَلِمَةُ التَّقْوٰی وَکَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''موسیٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے لوگوں کو تکبیر و تہلیل پڑھتے دیکھا تو فرمایا: یہی ہے، یہی ہے، رب کعبہ کی قسم۔ کسی نے ان سے پوچھا: کیا یہی ہے؟ آپ نے فرمایا: پرہیز گاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے۔

(أخرجه) القاضی عمر ابن الحسن الأشنانی (عن) المنذر بن محمد بن المنذر (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی باسناده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منذر بن محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''میں بعض اوقات ناخن تراشنے اور بال کٹوانے کے بعد پانی کو چھوئے بنا ہی نماز پڑھ لیتا ہوں۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں اور یہی

(۳۴۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۹) في الطهارة:باب مسح الوجه بالمنديل وقص الشارب'وعبد الرزاق (۷۰۷) في الطهارة:باب المسح بالمنديل'وابن ابي شيبة ۱:۱۵۰ في الطهارات:باب من كره المنديل-

(۳۴۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۴۰) في الطهارة:باب مسح الوجه بالمنديل وقص الشارب'وعبد الرزاق (۴۶۳) في الطهارة:باب قص الشارب و تقليم الاظفار'وابن ابي شيبة ۱:۵۲ في الطهارات:باب من قال:بعد الوضوء'ومن قال:يجري عليه الماء-

موقف حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کا اور حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا

349/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شُرَحْبِیْلٍ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَیْسَ فِیْمَا مَسَّتِ النَّارُ وُضُوْءٌ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوعبدالرحمٰن بن شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' نے ارشاد فرمایا' اس چیز کو کھا کر وضو کرنے کی حاجت نہیں ہے جس کو آگ پر پکایا گیا ہو۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبى العباس (عن) يعقوب بن يوسف بن زياد (عن) إسماعيل بن عليان (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن یوسف بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن علیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

منہ بھر کر قے آئے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، اس سے کم قے سے وضو نہیں ٹوٹتا

350/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اِذْ قَلَسْتَ مَلأَ فِیْكَ فَاَعِدْ وُضُوْءَ كَ وَاِذَا كَانَ اَقَلَّ مِنْ مَلأَ فِیْكَ فَلاَ تُعِدْ وُضُوْءَ كَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں (وہ فرماتے ہیں) جب تجھے منہ بھر کر قے آئے تو تو اپنا وضو لوٹا لے اور جب منہ بھر سے کم ہو تو وضو لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ وبه نأخذ *

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے اور ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزے کی حالت میں اپنی ازواج کا بوسہ لے کر، نیا وضو نہیں کرتے تھے

351/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ (عَنْ) اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُ نِسَاءَ هٗ فِی رَمَضَانَ وَمَا یُجَدِّدُ وُضُوْءاً

(۳۵۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۰) وعبد الرزاق (۵۲۰) في الطهارة: باب الوضوء من القيء والقلس وابن ابي شيبة ۱:۰۴ في الطهارات: باب في القلس الوضوء-

(۳۵۱) اخرجه ابن جرير الطبري في "التفسير" ۴:۱۰۸ (۹۶۳۸) والعثماني في "اعلاء السنن" ۱:۱۵۸ (۱۳۰)-

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سلمان بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے، ام المومنین سیدہ ''ام سلمہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ماہ رمضان میں (روزے کی حالت میں) اپنی ازواج کا بوسہ لے لیا کرتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نیا وضو نہیں کیا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أبي سعيد البصري عن الحارث (عن) علي بن منصور الجرجاني (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن منصور جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✿ عورت بوسہ لے تو مرد کا وضو ٹوٹ جاتا ہے تاہم وہ عورت محرمات میں سے ہو تو نہیں ٹوٹتا ✿

352/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَقْدَمُ مِنَ السَّفَرِ فَتَقَبَّلَهٗ عَمَّتَهٗ اَوْ خَالَتَهٗ اَوْ اِمْرَاَةٌ مِمَّنْ یُحَرَّمُ عَلَیْهِ نِکَاحُهَا قَالَ لَا یَجِبُ عَلَیْهِ الْوُضُوْءُ اِذَا قَبَّلَ مَنْ یُحَرَّمُ عَلَیْهِ نِکَاحُهَا فَاَمَّا اِذَا قَبَّلَ مَنْ یَحِلُّ لَهٗ نِکَاحُهَا وَجَبَ عَلَیْهِ الْوُضُوْءُ وَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْحَدَثِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو سفر سے واپس آئے، تو اس کی خالہ یا اس کی پھوپھی یا کوئی بھی ایسی عورت جس کے اوپر ہمیشہ کے لئے اس کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے، وہ اس کا بوسہ لے (کیا اس سے اس کا وضو ٹوٹ جاتا ہے؟) انہوں نے فرمایا: جب کوئی ایسی خاتون جسکے ساتھ ہمیشہ کے لئے اس کا نکاح حرام ہے بوسہ لے تو اس کا وضو نہیں ٹوٹتا لیکن جب ایسی عورت اس کا بوسہ لے جس کے ساتھ نکاح حلال ہے تو اس پر وضو لازم ہو جاتا ہے یہ وضو ٹوٹنے کے ہی قائم مقام ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال وهو قول إبراهيم ولسنا نأخذ به ولا نرى فِي القبلة وضوأ على حال إلا أن يمذى فيجب للمذى عليه الوضوء وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر فرمایا: یہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے، ہم اس کو نہیں اپناتے، اور بوسہ کو کسی بھی حال میں ناقض وضو نہیں سمجھتے البتہ اگر اس کی وجہ سے مذی خارج ہو جائے تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔

✿ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ازواج کا بوسہ لیتے، لیکن نیا وضو نہ کرتے ✿

353/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَطِیَّةَ بْنِ رَوْقٍ الْهَمْدَانِیِّ الْکُوْفِیِّ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ بْنِ یَزِیْدَ التَّیْمِیِّ (عَنْ) حَفْصَةَ

(۳۵۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۱) في الطهارة:باب ماينقض الوضوء من القبلة والقلس وعبدالرزاق (۵۰۲) في الطهارة:باب الوضوء من القبلة واللمس والمباشرة-

زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ کَانَ یَتَوَضَّأُ لِلصَّلٰوۃِ ثُمَّ یُقَبِّلُنِیْ وَلَا یُحْدِثُ وُضُوْءً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطیہ بن روق ہمدانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ابراہیم بن یزید تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' ام المومنین سیدہ ''سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے وضو کر لیتے پھر میرا بوسہ لیتے لیکن پھر آپ دوبارہ وضو نہ کرتے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد (عن) محمد بن الجارود (عن) يحيى بن نصر بن حاجب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أحمد بن محمد بن الحسين (عن) هارون بن موسى الأشنانی (عن) يحيى بن نصر بن حاجب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''محمد بن جارود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہارون بن موسیٰ اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ صحابہ کرام تھوڑا بہت قرآن بے وضو پڑھ لیا کرتے تھے ☼

354/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ*(وَعَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَأُ اَحَدُهُمْ جُزْءَهٗ مِنَ الْقُرْآنِ وَهُوَ عَلٰی غَیْرِ وُضُوْءٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام تھوڑا بہت قرآن بغیر وضو پڑھ لیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ قال محمد وبه نأخذ لا نرى به بأساً وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ حضرت ''

(۳۵۳) اخرجه الدار قطنی فی "السنن" ۴۹۵:۲۳ فی الطهارة: ما ینقض الوضوء وما روی فی الملامسة والقبلة والبیهقی فی "الخلافیات" ۲۸۱:۱-

(۳۵۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۷۸) فی الجنائز: باب القراءة فی الحمام والجنب وعبد الرزاق (۱۳۱۶) فی الطهارة: باب القراءة علی غیر وضوء وابن ابی شیبة ۱: ۱۰۳ فی الطهارات: باب فی الرجل یقرأ القرآن وهو غیر طاهر والبیهقی فی "السنن الکبری" ۹۰:۱ فی الطهارة: باب قراءة بعد الحدیث-

امام "محمد رحمۃ اللہ علیہ" فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے اور حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کا یہی مذہب ہے۔

٭ ان چار افراد کا ذکر جو قرآن کا ایک حرف بھی نہیں پڑھ سکتے ٭

355/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيمَ اَرْبَعَةٌ لا يَقْرَؤُنَ الْقُرْآنَ اَلْآيَةَ اَوْ نَحْوِهَا اَلْجُنُبُ وَالَّذِیْ عَلَى الْغَائِطِ وَالَّذِیْ يُجَامِعُ وَفِی الْحَمَامِ

✧✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" نے ارشاد فرمایا: چار شخص ایسے ہیں جو قرآن کریم کی ایک آیت بھی نہیں پڑھ سکتے ○ جنبی ○ وہ شخص جو قضائے حاجت کر چکا ہو ○ وہ شخص جو اپنی بیوی سے جماع کر چکا ہو ○ حمام کے اندر (حمام سے مراد کوئی بھی نہانے کی جگہ ہے)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

٭ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کا بوسہ لیا کرتے تھے، لیکن نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھا دیتے تھے ٭

356/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) هِشَامٍ (عَنِ) الزُّهْرِیِّ (عَنْ) عُرْوَةَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَلَا يُجَدِّدُ وُضُوْءًا وَيُصَلِّیْ

✧✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "ہشام رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے حضرت "زہری رحمۃ اللہ علیہ" کے ذریعے حضرت "عروہ رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ "عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا" فرماتی ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا بوسہ لے لیا کرتے تھے لیکن نیا وضو کئے بغیر آپ نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بنْ محمد فِی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) الحسين ابن سعيد (عن) ابيه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت "حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت "ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے "والد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے "چچا رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حسین بن سعید رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے "والد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

---

(۳۵۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۸۲) فی الجنائز: باب القراءة فی الحمام والجنب، وابن ابی شيبة ۱:۱۱۴ فی الطهارات: باب الرجل يذكر الله وهو علی الخلاء او هو يجامع۔

(۳۵٦) اخرجه ابن ابی شيبة (٤٨٥) فی الطهارات: باب من قال: ليس فی القبلة وضوء، وابن ماجة (٥٠٢)، واسحاق بن راهويه فی "المسند" ۲:۹۹ (۲۳)، واحمد ٦:۲۱۰، وابو داود (۱۸۱)۔

☼ ایسی کوئی بھی چیز لپیٹے بغیر بیت الخلاء میں نہ لے جائیں، جس پر قرآنی آیات درج ہوں ☼

357/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ فِي الرَّجُلِ يَبُوْلُ وَمَعَهُ شَيْءٌ مِنَ الدَّرَاهِمِ فِيْهَا كِتَابٌ يَعْنِي الْقُرْآنَ فَكَرِهَهُ وَقَالَ يَكُوْنُ فِي هِمْيَانٍ اَوْ فِي مَصْرُوْرَةٍ اَحْسَنَ

✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ ان سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جو پیشاب کر رہا ہو اور اس کے پاس ایسا درہم موجود ہو جس کے اندر قرآن پاک کی کوئی آیت لکھی ہوئی ہو (کیا ایسا کرنا جائز ہے؟) حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس کو مکروہ قرار دیا اور فرمایا: بہتر یہ ہے کہ وہ درہم کسی تھیلی میں یا کسی چیز میں لپٹا ہوا ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ ويكره أن يأخذها وفيها القرآن بيده *

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہ قول حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے، انہوں نے اس بات کو ناپسند کیا ہے کہ (ایسی حالت میں) ایسی چیز کو ہاتھ میں پکڑا جائے جس میں قرآن کریم تحریر ہو۔

☼ نماز میں قہقہہ لگانے والے صحابیوں کی نماز اور وضو ٹوٹ گئے ☼

358/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ (عَنِ) الْحَسَنِ (عَنْ) مَعْبَدِ بْنِ صَبِيْحٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ فِي الصَّلَاةِ فَاَقْبَلَ اَعْمٰى يُرِيْدُ الصَّلَاةَ فَوَقَعَ فِي زُبْيَةٍ فَضَحِكَ بَعْضُ الْقَوْمِ حَتّٰى قَهْقَهَ فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ قَهْقَهَ فَلْيُعِدِ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ

✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''منصور بن زاذان رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ''معبد بن صبیح رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تھے، اسی حالت میں ایک نابینا شخص نماز پڑھنے کے لئے آیا، وہ ایک گڑھے میں گر گیا، کچھ لوگ ہنس پڑے حتیٰ کہ ان کا قہقہہ نکل گیا، جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے قہقہہ لگایا وہ اپنا وضو بھی لوٹائے اور نماز بھی لوٹائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(۳۵۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۶) في الطهارة: باب ابواب البهائم وغيرها وعبد الرزاق (۱۳۴۱) في الطهارة: باب مس المصحف والدراهم التي فيها القرآن وابن ابي شيبة ۱:۱۱۳ في الطهارات: باب في الرجل يدخل الخلاء ومعه الدراهم۔

(۳۵۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۶۴) في الصلاة: باب القهقهة في الصلاة وما يكره فيها والدار قطني في "السنن" ۱:۱۶۶ (۱۶۷) وعبد الرزاق (۳۷۶۰) في الصلاة: باب الضحك والتبسم في الصلاة۔

(ورواه)(عن) ابن عقدة (عن) إسماعيل بن محمد (عن) مكي بن إبراهيم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(قال) الحافظ رواه أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عن معبد وحدثنا ابن عقدة (عن) محمود بن علی (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ (عن) منصور (عن) الحسن (عن معبد) ثم قال الحافظ وقد روی (عن) معقل بن يسار وهو غلط *

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) إسماعيل بن محمد بن أبی كثير (عن) مكی بن إبراهيم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن بكير بن خالد (عن) عبد الله بن عمر بن أبان (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خيرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناديه إلی اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) ابن خسرو أيضاً (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن خنيس (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' شعیب بن ایوب سے، انہوں نے حضرت'' ابویحیٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' اسماعیل بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: اس حدیث کو حضرت'' اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اور ہمیں حضرت'' ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت'' محمود بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس کے بعد حضرت'' حافظ طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہ حدیث حضرت'' معقل بن یسار رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے، لیکن ان کی یہ بات درست نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن بکیر بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ جو نماز میں زور سے ہنسے، وہ وضو بھی دوبارہ کرے، نماز بھی دوبارہ پڑھے اور توبہ بھی کرے ☼

359/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْـرَاهِيْـمَ فِـي الرَّجُلِ يُقَهْقِهُ فِي الصَّلَاةِ قَالَ يُعِيْدُ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ وَيَسْتَغْفِرُ فَاِنَّهُ اَشَدُّ الْحَدَثِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جو نماز کے دوران قہقہہ لگا کر ہنسے (اس کی نماز اور وضو کے بارے میں کیا حکم ہے؟) آپ نے فرمایا: وہ وضو بھی دوبارہ کرے، نماز بھی دوبارہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ و استغفار بھی کرے، کیونکہ یہ بہت سخت حدث ہے۔

(أخرجه) محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر فرمایا: ہم اسی پر عمل کرتے ہیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

---

(۳۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۶۵) في الصلاة:باب القهقهة في الصلاة وما يكره فيها؛ و عبد الرزاق (۳۷۶۴) في الصلاة:باب الضحك والتبسم في الصلاة؛ وابن ابي شيبة ۲:۳۸۸ في الصلاة:باب من كان يعيد الصلاة والوضوء؛

☼ جو جنابت یا حیض کا غسل نہیں کر سکتا، وہ تیمّم کر لے ☼

360/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْـرَاهِیْمَ فِی الْمَرِیْضِ لاَ یَسْتَطِیْعُ الْغُسْلَ مِنَ الْجَنَابَةِ اَوِالْحَیْضِ قَالَ یَتَیَمَّمُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایسے مریض کے بارے میں پوچھا گیا جو جنابت یا حیض کا غسل نہیں کر سکتا (وہ کیا کرے؟) آپ نے فرمایا: وہ تیمّم کر لے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه(عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ آلہ تناسل کو ہاتھ لگنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ☼

361/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) اَیُّوْبَ بْنِ عُتْبَةَ قَاضِی الْیَمَامَةِ (عَنْ) قَیْسِ بْـنِ طَلْقٍ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ آلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ مَسِّ الذَّکَرِ یَتَوَضَّأُ مِنْهُ فَقَالَ هَلْ هُوَ اِلَّا بُضْعَةٌ مِنْ جَسَدِكَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ایوب بن عتبہ قاضی یمامہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''قیس بن عمق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے ''والد رضی اللہ عنہ'' نے یہ بتایا کہ ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کیا آلہ تناسل کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ بھی تو تمہارے جسم کا ایک حصہ ہی ہے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِی مسنده (عن) علی بن أحمد بن سلیمان (عن) محمد بن الحجاج الحضرمی (عن) علی بن معبد (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الفارسی (عن) الحافظ محمد بن المظفر باسناده المذکور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''علی بن احمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حجاج حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''

(۳٦۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۸) فی الطهارة:باب الوضوء لمس به قروح او جدری او خراج-

(۳٦۱) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۷۵:۱ واحمد ۲۳:٤ وعبد الرزاق (٤۲٦) وابن ماجة (٤۸۳) وابن الجارود فی "المنتقی" (۲۰) وابو نعیم فی "الحلیة" ۱۰۳:۷ وفی "تاریخ اصفهان" ۲۵۲:۲-

ابومحمد فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ آلہ تناسل کو ہاتھ لگنا یونہی ہے جیسے اپنے جسم کے کسی دوسرے عضو کو ہاتھ لگا ہو، اس سے وضو نہیں ٹوٹتا ☼

362/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِی مَسِّ الذَّكَرِ اَنَّهٗ قَالَ مَا اُبَالِی اَنِّیْ اَمَسَّهٗ اَمْ طَرْفَ اَنْفِیْ

✧ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت'' ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت'' علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے آلہ تناسل کے چھونے کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ انہوں (یعنی علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ) نے فرمایا: مجھے اس بات میں کوئی فرق نہیں لگتا کہ میں آلہ تناسل کو چھوؤں یا اپنے ناک کے کنارے کو ہاتھ لگالوں۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت'' امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت'' امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ آلہ تناسل اگر پلید ہے تو ویسے ہی کاٹ دینا چاہئے ☼

363/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنِ الْوُضُوْءِ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ فَقَالَ اِنْ كَانَ نَجِساً فَاقْطَعْهُ

✧ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' رضی اللہ عنہ حضرت'' حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت'' ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت'' عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان سے آلہ تناسل کو ہاتھ لگانے کی وجہ سے وضو ٹوٹنے کے بارے میں مسئلہ پوچھا گیا، آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر وہ (آلہ تناسل) پلید ہے تو اس کو ویسے ہی کاٹ ڈالو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت'' امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

(۳۶۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۲) فی الطهارة:باب الوضوء من مس الذكر'وفی "الموطأ" (۱۸) (۳۶)'وابن ابی شيبة ۱:۱۶۵ فی الطهارات:باب من كان لايری فيه الوضوء'وعبدالرزاق (۴۲۸) فی الطهارة:باب الوضوء من مس الذكر-

(۳۶۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۳) فی الطهارة:باب الوضوء من مس الذكر'وفی "الموطأ" (۱۹)'وعبد الرزاق (۴۳۰) فی الطهارة:باب الوضوء من مس الذكر'وابن ابی شيبة ۱:۱۶۴ فی الطهارة:باب من كان لايری فيه الوضوء-

☼ پیشاب کرتے وقت اس کے چھینٹوں سے بچنے کی کوشش کرنا سنت ہے ☼

364/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَبُوْلُ قَائِماً قَالَ اِنْتَهٰی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰی سُبَاطَةِ قَوْمٍ وَمَعَهُ اَصْحَابُهُ فَتَفَحَّجَ ثُمَّ بَالَ قَائِماً فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ حَتّٰی رَاَیْنَا تَفَحُّجَهُ اِشْفَاقاً مِنَ الْبَوْلِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایسے شخص کے بارے میں مسئلہ پوچھا گیا جو کھڑے ہو کر پیشاب کرے، انہوں نے ارشاد فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم کے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر پہنچے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام بھی آپ کے ہمراہ تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹانگیں پھیلائیں اور کھڑے ہو کر پیشاب کیا، آپ کے بعض صحابہ فرماتے ہیں: ہم نے دیکھا ہے کہ آپ کا ٹانگیں پھیلانا پیشاب (کے چھینٹوں) سے بچنے کے لئے تھا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ دودھ پینے کے بعد نیا وضو کرنے کی ضرورت نہیں ☼

365/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ (عَنْ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَناً فَتَمَضْمَضَ وَصَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّاْ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عدی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' نے ارشاد فرمایا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پیا، پھر کلی کی، پھر نماز پڑھائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو دوبارہ نہیں کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رمیح (عن) یحیی بن خالد بن المهلب (عن) محمد بن المنتشر أبی سعید الصغانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابو رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحیٰ بن خالد بن مہلب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منتشر ابوسعید صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھنا ہوا گوشت کھایا اور نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھی ☼

366/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) دَاوٗدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) شُرَحْبِیْلٍ (عَنْ) اَبِی سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(٣٦٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٣٧) في الطهارة:باب ابوال بهائم وغيرها'ومسلم (٢٧٣) في الطهارة:باب المسح على الخفين'وابوداود (٢٣) في الطهارة:باب البول قائماً-

(٣٦٥) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (٤٦)'وابويعلى (٢٤١٨)'واحمد ٢٢٣:١'والبخاري (٥٦٠٩) في الاشربة:باب شرب اللبن'وابن ماجة (٤٩٨) في الطهارة:باب المضمضة من شرب اللبن'والبيهقي في "السنن الكبرى" ١٥٩:١-

(عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَكَلَ عِنْدَهُمْ لَحماً مَشْوِيّاً ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ وَفَمَهُ ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''داؤد بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ہاں بھنا ہوا گوشت کھایا پھر صرف اپنے ہاتھ دھوئے اور منہ دھویا اور نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھائی۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد ابن خسرو فِي مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفِي (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) أبى الحسين محمد بن المظفر (عن) أبى سعيد أحمد بن محمد ابن عصمة بن وكيع قال قرأت فِي كتاب أبى (عن) أحمد بن الخضر (عن) حماد بن أحمد (عن) محمد بن أبى جميلة (عن) أبى عمرو نعيم بن عمرو المروزى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

ورواه) أيضاً (عن) إسماعيل بن محمد بن أبى كثير القاضى (عن) مكى بن إبراهيم (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى الأنصارى (عن) القاضى أبى القاسم على بن حسن التنوخى (عن) أبى الحسن أحمد بن يوسف الأزرق (عن) عمه إسماعيل بن يعقوب بن إسحاق بن بهلول (عن) إسماعيل بن محمد بن أبى كثير القاضى(عن) مكى بن إبراهيم (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ حسین بن محمد ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے (اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) ''حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید احمد بن محمد ابن عصمہ بن وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''احمد بن خضر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابو جمیلہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعمرو نعیم بن عمرو مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوالحسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوالحسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم

(٣٦٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (١٧) فى الطهارة: باب الوضوء مما غيرت النار، والطبرانى فى "الكبير" ٢٤:٤٤٥-٤٤٦، واورده الهيثمى فى "مجمع الزوائد" ١:٢٥٤-

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' قاضی ابوقاسم علی بن حسن تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوحسن احمد بن یوسف ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت'' اسماعیل بن یعقوب بن اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم ﷺ نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے ہاں بھنا ہوا گوشت کھایا، نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھی☼

367/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) اَبِیْ عَلِیٍّ (عَنْ) شُرَحْبِيْلٍ (عَنْ) اَبِی سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّهُ قَالَ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی بَيْتِیْ فَاَتَيْتُهُ بِلَحْمٍ قَد شُوِّیَ فَطَعَمَ مِنْهُ فَدَعَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَصَلّٰی وَلَمْ يُحْدِثْ وُضُوْءً

✧ ✧ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت'' شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت'' ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: میرے پاس رسول اکرم ﷺ تشریف لائے، میں نے آپ کی بارگاہ میں بھنا ہوا گوشت پیش کیا، آپ ﷺ نے اس میں سے کھایا، پھر پانی منگوایا اور اپنے ہاتھوں کو دھویا پھر کلی کی، پھر نماز پڑھائی اور آپ ﷺ نے نیا وضو نہیں کیا۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِی مسنده (عن) أبی طالب بن يوسف (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده عمرو بن أبی عمرو (عن) محمد بن الحسن الشيبانی (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عن) عبد الرحمن بن زاذان (عن) شرحبيل *

وأخرجه) أيضاً فِی نسخته فرواه (عن) أبی علی (عن) شرحبيل *

ومرة أخرى (عن) عبد الرحمن بن زاذان (عن) شرحبيل *

○اس حدیث کو حضرت'' ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت'' عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے حضرت'' عبدالرحمٰن بن زاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(٣٦٧) قد تقدم وهو حديث سابقه-

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور دوسری مرتبہ انہوں نے یہی حدیث حضرت ''عبدالرحمٰن بن زاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھنی ہوئی ران کھائی اور نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھی☼

368/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) شَیْبَةَ بْنِ الْمُسَاوِرِ قَالَ كُنْتُ قَاعِداً عِنْدَ عَدِیِّ بْنِ اَرْطَاةٍ اِذْ سُئِلَ الْحَسَنُ الْبَصْرِیُّ اَتَتَوَضَّاَ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى عَمَّتِهٖ صَفِیَّةَ ابْنَةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَرَّبَتْ لَهُ مِنْ كَتِفٍ بَارِدٍ فَطَعَمَ مِنْهَا وَلَمْ یُحْدِثْ وُضُوْءاً

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شیبہ بن مساور رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں حضرت ''عدی بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھا، حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا: کیا ہم آگ پر پکی ہوئی چیز کھا کر وضو کریں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ پھر حضرت ''بکر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پھوپھی سیدہ ''صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا'' کے پاس تشریف لے گئے، انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بھنی ہوئی ٹھنڈی ران پیش کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ران میں سے کھایا لیکن نیا وضو نہیں کیا۔

(أخرجه) محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد بن الحسن وبقول بكر ابن عبد الله المزنی نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: ہم حضرت ''بکر بن عبداللہ مزنی رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف اپناتے ہیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼جس کا وضو نہ ٹوٹا ہو، اس کے وضو کا بیان☼

369/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) یَحْیٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیِّ (عَنْ) اَبِی مَاجِدٍ الْحَنَفِیِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ قُعُوْدٌ فِی الْمَسْجِدِ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذْ اَقْبَلُوا بِجَفْنَةٍ وَقُلَّةٍ مِنْ مَاءٍ مِنْ بَابِ الْفِیْلِ نَحْوَنَا فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِنِّیْ لَاَرَاكُمْ تَرَادُّوْنَ بِهٰذِهٖ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَجَلْ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَأْدُبَةٌ كَانَتْ فِی الْحَیِّ فَوُضِعَتْ فَطَعَمَ مِنْهَا وَشَرِبَ مِنَ الْمَاءِ ثُمَّ صُبَّ عَلٰى یَدَیْهِ فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ

(۳۶۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۸) فی الطهارة:باب الوضوء مما غیرت النار'وابویعلی (۷۱۱۵) 'والطبرانی فی "الکبیر" ۳۲۱:۲۴ (۸۰۸) 'واورده الهیثمی فی "مجمع الزوائد" ۲۵۳:۱-

(۳۶۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۹) فی الطهارة:باب الوضوء مما غیرت النار'وعبد الرزاق (۶۵۰) فی الطهارة: باب من قال:لا یتوضأ مما مست النار'وابن ابی شیبة ۴۹:۱ فی الطهارة:باب من کان لا یتوضأ مما مست النار'والطبرانی فی "(۹۲۳۴)-

وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ بِبَلَلِ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ مَنْ لَمْ يُحْدِثْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یحییٰ بن عبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابو ماجد حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: ایک دفعہ ہم مسجد کے اندر حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے ہمراہ موجود تھے، کہ کچھ لوگ ایک تھال اور پانی کا ایک مٹکا باب الفیل سے ہماری جانب لے کر آئے، حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے کہا: میں تمہیں نہیں دیکھ رہا کہ تم اس کی جانب متوجہ ہو رہے ہو (یعنی تم لوگ وضو نہیں کر رہے، اس کی وجہ کیا ہے؟) لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: جی ہاں اے ابوعبدالرحمٰن۔ ایک قبیلے میں ایک دسترخوان تھا، وہ بچھایا گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کھانا کھایا، اس سے پانی پیا، پھر اپنے ہاتھوں پر پانی بہایا، پھر ہاتھوں کو دھویا، اپنے ہاتھوں کی تری کے ساتھ سر اور چہرے کا مسح کیا، اور فرمایا: جس کا وضو نہ ٹوٹا ہو اس کا وضو یہی ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وبه نأخذ ولا بأس بالوضوء فِي المسجد إذا كان من غير قذر *

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے اور ہم بھی اسی پر عمل کرتے ہیں اور مسجد میں وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ اس کی وجہ سے آلودگی نہ ہوتی ہو۔

☼ پیٹ بھر کر گوشت کھانے اور دودھ پینے سے بھی یہ خدشہ نہیں ہے کہ وضو ٹوٹ گیا ہوگا ☼

370/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّهُ قَالَ لَوْ اُتِيْتُ بِجَفْنَةٍ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ فَاَكَلْتُ مِنْهُ حَتّٰى اَشْبَعَ ثُمَّ اُتِيْتُ بِعُسٍّ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ حَتّٰى اَتَضَلَّعَ وَاَنَا عَلٰى وُضُوْءٍ لَمْ اُبَالِ اَنْ لاَ اَمُسَّ مَاءً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عمر بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: اگر میرے پاس روٹی اور گوشت کا تھال لایا جائے، میں اس سے پیٹ بھر کر کھالوں، پھر میرے پاس دودھ کا جگ لایا جائے میں اس سے پی لوں حتیٰ کہ اس سے بھی میرا پیٹ بھر جائے، اس وقت میں وضو کی حالت میں ہوں، تو مجھے اس بات کا کوئی خدشہ نہیں کہ پانی کو ہاتھ تک نہ لگاؤں (یعنی یہ سارے کام کرنے سے بھی میرا وضو نہیں ٹوٹے گا)

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن خنيس (عن) محمد بن شجاع البلخي

---

(۳۷۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار " (۱٦) في الطهارة:باب الوضوء مما غيرت النار'وقد تقدم في (۳٦۵)-

(عن) الحسن ابن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وبه نأخذ ولا وضوء مما غیرت النار إنما الوضوء مما خرج ولیس مما دخل *

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم ابن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی موقف ہے۔ ہمارا اسی پر عمل ہے، آگ پر پکی چیز کھا کر وضو کرنا ضروری نہیں ہے، وضو کسی چیز کے خارج ہونے سے ٹوٹتا ہے، داخل ہونے سے نہیں ٹوٹتا۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باوضو ہوتے، بوسہ لیتے، لیکن نیا وضو نہ کرتے ☼

371/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ رَوْقٍ عَطِیَّةَ بْنِ الْحَارِثِ الْهَمْدَانِیِّ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ بْنِ یَزِیْدَ التَّیْمِیِّ (عَنْ) حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کَانَ یَتَوَضَّأُ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ یُقَبِّلُ وَلَا یُجَدِّدُ وُضُوْءً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوروق عطیہ بن حارث ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ابراہیم بن یزید تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، ام المومنین سیدہ ''حفصہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے وضو کیا کرتے تھے پھر آپ بوسہ لیتے، لیکن وضو نیا نہ کرتے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أحمد بن محمد بن الحسن (عن) هارون بن موسی الأشنانی (عن) یحیی بن نصر بن حاجب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی الأنصاری (عن) أبی القاسم یوسف بن محمد الهمذانی إذناً (عن) عبد الواحد بن محمد بن عبد الله بن مهدی الفارسی (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد العطار (عن) محمد بن الجارود (عن) یحیی بن نصر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''

---

(۳۷۱) قد تقدم فی (۳۵۳)

مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ہارون بن موسیٰ اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوقاسم یوسف بن محمد ہمذانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے (اجازت کے طور پر) انہوں نے حضرت'' عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن مہدی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابوعبداللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' محمد بن جارود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' یحییٰ بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کا بوسہ لیتے لیکن نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھتے ☼

372/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ الْعَرْزَمِيِّ (عَنْ) عَمْرِو اِبْنِ شُعَيْبٍ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) جَدِّهٖ (عَنْ) زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلْمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ فَمَرَّ بِهَا فَقَبَّلَهَا ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

✧✧ حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' محمد بن عبیداللہ بن ابوسلیمان عرزمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت'' عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ اپنے'' والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ ان کے'' دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ'' ام سلمہ رضی اللہ عنہا'' کی صاحبزادی سیدہ'' زینب رضی اللہ عنہا'' روایت کرتی ہیں' ام المومنین سیدہ'' عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا'' نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا، پھر آپ نماز کے لئے تشریف لے جارہے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے، ان کا بوسہ لیا پھر نماز پڑھائی اور نیا وضو نہیں کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن عقدة (عن) داود بن بهرام ابن الزبرقان (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد ابن سعيد (عن) القاسم بن عبد الله بن عامر بن زرارة (عن) أبيه (عن) عبد الله بن وهب الحضرمي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ غير أنه قال قالت عائشة كان رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يتوضأ ثم يقبل ثم يصلي ولم يتوضأ *

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) صالح بن مقاتل (عن) أبيه (عن) داود بن الزبرقان (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسن بن محمد بن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(۳۷۲) اخرجه ابن ابي شيبة ۱:۴۴ في الطهارة:من قال:ليس في القبلة وضوء'واسحاق بن راهويه في " المسند " ۲:۹۹ (۲۳)'واحمد ۶:۲۱۰'وابوداود (۱۸۱)'والترمذي (۸۶)'والدارقطني ۱:۱۳۷(۱۵)-

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داود بن بہرام بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ابن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن عبداللہ بن عامر بن زرارہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن وہب حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس میں یہ الفاظ ہیں ''ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے، پھر بوسہ لیتے اور نیا وضو کئے بغیر نماز پڑھا دیتے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داود بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھنا ہوا گوشت کھا کر صرف ہاتھ دھوئے، نیا وضو نہیں کیا☼

373/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بِنْ زِیَادٍ وَقِیْلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بِنْ زَاذَانَ وَهُوَ الصَّحِیْحُ (عَنْ) شُرَحْبِیْلٍ (عَنْ) اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ زَائِراً فَاَتَیْتُهٗ بِلَحْمٍ مَشْوِیٍّ فَاَکَلَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ یَدَیْهِ وَلَمْ یَتَوَضَّأْ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالرحمٰن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' (سے اور یہ بھی کہا گیا کہ حضرت ''عبدالرحمٰن بن زاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، یہی صحیح ہے) سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ''شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملنے کے لئے ہمارے پاس تشریف لائے، میں نے آپ کی بارگاہ میں بھنا ہوا گوشت پیش کیا، آپ نے اس میں سے کھایا، پھر صرف اپنے ہاتھ دھوئے، وضو نہیں کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) صالح ابن أبي مقاتل (عن) إبراهيم بن عثمان البلخي (عن) مكي بن إبراهيم (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه)(عن) أحمد بن عبد الله (عن) أبي عاصم (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح ابن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن عثمان بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۳۷۳) قد تقدم في (۳٦٦)

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

☼ رسول اکرم ﷺ نے بھنا ہوا گوشت کھانے کے بعد صرف ہاتھ دھوئے، نیا وضو نہیں کیا ☼

374/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شُرَحْبِیْلٍ (عَنْ) اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَکَلَ لَحْماً مَشْوِیّاً ثُمَّ غَسَلَ یَدَیْهِ وَفَمَهُ وَصَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّأْ

✤ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبید بن عبدالرحمٰن بن شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے بھنا ہوا گوشت کھایا پھر صرف اپنے ہاتھوں کو دھو کر نماز پڑھا دی، آپ ﷺ نے نیا وضو نہیں کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن الحسن عن أحمد بن عبد الرحمن (عن) الحكم (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(ورواه) أيضاً (عن) صالح بن أحمد (عن) إبراهيم بن عثمان البلخي (عن) مكي بن إبراهيم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ غير أنه قال دخل على رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فأتيته بلحم مشوى فأكل ثم دعا بماء فغسل كفيه ثم تمضمض ولم يحدث وضوءاً *

قال الحافظ رواه أبو يوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما كذلك

ورواه المقرى عنه فقال (عن) عبد الرحمن بن داود والأول أصح

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) على بن أحمد بن سليمان (عن) محمد بن الحجاج (عن) على بن معبد (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ غير أنه قال عن شرحبيل بن سعد ولم يذكر فيه لا عبد الرحمن ولا ابنه داود *

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سعید بن مسروق ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوعبداللہ جدلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے موزوں پر مسح کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: مسافر کے لئے تین دن اور تین راتیں ہیں اور مقیم کے لئے ایک دن اور ایک رات ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رمیح کتابة (عن) أبی علی الحسن بن علی الحداد (عن) زید بن الحباب (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن علی حداد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زید بن حباب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ موزوں سمیت حمام میں جانا پھر باہر نکل کر ان پر مسح کرنا ☼

453/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) هِشَامِ بْنِ عَائِذِ بْنِ نَصِيْبِ الْاَسَدِيِّ الْكُوْفِيِّ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ كَانَ يَدْخُلُ الْحَمَّامَ وَعَلَيْهِ خُفَّاهُ ثُمَّ يَخْرُجُ فَيَمْسَحُ عَلَيْهِمَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہشام بن عائذ بن نصیب ازدی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں کہ وہ موزوں سمیت حمام میں تشریف لے جاتے پھر باہر نکلتے اور موزوں پر مسح

(٤٥٢) قد تقدم فی (٤٣٦)۔

(٤٥٣) اخرجه ابن ابی شیبة ١:٤٨٢ فی الطہارۃ: باب المسح علی الخفین۔

کر لیتے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة ابن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) الحسن بن جعفر بن مدرار (عن) عمه (عن) خارجة بن مصعب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن جعفر بن مدرار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خارجہ بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ صحابہ کرام نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو موزوں پر مسح کرتے دیکھا تھا، اس لئے وہ بھی مسح کرتے تھے ☼

454/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) اَبِیْ بَکْرِ بْنِ اَبِی الْجَھْمِ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰی غَزْوٍ فِی الْعِرَاقِ فَاِذًا سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ یَمْسَحُ عَلَی الْخُفَّیْنِ فَقُلْنَا لَہٗ مَا ھٰذَا فَقَالَ یَا ابْنَ عُمَرَ اِذَا قَدِمْتَ عَلٰی اَبِیْكَ فَسَلْہُ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَاَتَیْتُہٗ فَسَاَلْتُہٗ فَقَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَمْسَحُ فَمَسَحْنَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوبکر ابن ابی جہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: میں عراق میں ایک غزوے میں تھا تو حضرت ''سعد بن مالک رضی اللہ عنہ'' موزوں پر مسح کیا کرتے تھے، میں نے ان سے پوچھا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: اے ابن عمر! جب تو اپنے والد کے پاس جائے تو ان سے اس بارے میں پوچھنا، حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' فرماتے ہیں: میں حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کی بارگاہ میں آیا اور ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے اس لئے ہم نے بھی مسح کرنا شروع کر دیا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبي عبد الله محمد بن المنذر الأعمش البلخی (عن) إبراهيم بن يوسف (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(ورواه)(عن) محمد بن عبد الرحمن ابن محمد الأصفهانی (عن) أحمد بن رسته (عن) محمد بن المغيرة (عن) الحكم بن أيوب (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(ورواه)(عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ *

(ورواه)(عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) أبي سعيد الصغانی وأبي مقاتل السمرقندی غير أنه قال فِي آخره قال عمر عمك أفقه منك رأينا رسول الله صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ يمسح فمسحنا *

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخی فِي مسنده (عن) أبي طالب بن يوسف (عن) أبي محمد الجوهری (عن) أبي بكر محمد بن عبد الله الأبهری (عن) أبي عروبة الحرانی (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ *

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي كتاب الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (وأخرجه) رحمه الله أيضاً فِي نسخته

(٤٥٤) قد تقدم فی (٤٤٢)-

فرواه (عن) الإمام اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول ابن حنيفة رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وعنا به وعن جميع المسلمين آمين *

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیاہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوعبد اللہ محمد بن منذر اعمش بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیاہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''محمد بن عبدالرحمٰن ابن محمد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن رستہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حکم بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیاہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیاہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوسعید صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت''ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے (اس میں یہ الفاظ ہیں)''حضرت''عمر رضی اللہ عنہ'' نے کہا:تمہارے چچاتم سے زیادہ عالم ہیں،ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کومسح کرتے ہوئے دیکھاہے توہم مسح کرنے لگے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیاہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوبکر محمد بن عبد اللہ ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے۔

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکرکیاہے۔اس حدیث کو حضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے۔اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایاہے:ہم اسی کواختیارکرتے ہیں۔حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کایہی موقف ہے۔

اَلْبَابُ الْخَامِسُ فِی الصَّلاۃِ
وَاِنَّہُ یَشْتَمِلُ عَلٰی سَبْعَۃِ فُصُوْلٍ

''پانچواں باب نماز کے بارے میں، یہ سات فصلوں پر مشتمل ہے''

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِی مَوَاقِیْتِ الصَّلاۃِ وَالْقِبْلَۃِ وفِی الْاَذَانِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فِی الْقِرَاءَ ۃِ وَالْقُنُوْتِ وَاِخْفَاءِ الْبَسْمَلَۃِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِی تَرْكِ رَفْعِ الْیَدَیْنِ عِنْدَ الرَّكُوْعِ وَرَفْعِ الرَّأْسِ وَمَا یُفْسِدُ الصَّلاۃَ وَسَتْرِ الْعَوْرَۃِ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِی الْجُمُعَۃِ وَالْعِیْدَیْنِ وَالسُّنَنِ وَالنَّوَافِلِ

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِی هَیْئَتِهَا وَالشَّكِّ فِیْهَا وَشَرَائِطِ وُجُوْبِهَا

اَلْفَصْلُ السَّادِسُ فِی الْجَمَاعَۃِ وَآدَابِ الْاِمَامِ وَمَا یُكْرَهُ فِی الْمَسْجِدِ

اَلْفَصْلُ السَّابِعُ فِی الْجَنَائِزِ

پہلی فصل: نماز کے اوقات اور قبلہ اور اذان کے بارے میں

دوسری فصل: قراءت، دعائے قنوت اور بسم اللہ پڑھنے کے بیان میں

تیسری فصل: رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین نہ کرنے کے بیان میں

اوران چیزوں کے بیان میں جو نماز کو توڑ دیتی ہیں اور ستر عورت کے بیان میں

چوتھی فصل: جمعہ عیدین سنتوں اور نوافل کے بیان میں

پانچویں فصل: نماز کا طریقہ نماز میں شریک ہونے اور نماز کے واجب ہونے کے بیان میں

چھٹی فصل: جماعت کے بیان میں امامت کے آداب میں اور مسجد کے مکروہات کے بیان میں

ساتویں فصل: جنائز کے بیان میں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِی مَوَاقِیْتِ الصَّلَاةِ وَالْقِبْلَةِ وفِی الْأَذَانِ

پہلی فصل: نماز کے اوقات اور قبلہ اور اذان کے بیان میں

☼ رسول اکرم ﷺ نے تمام نمازوں کے ابتدائی اور انتہائی اوقات بیان کئے ☼

455/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَنَّ رَجُلاً اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَاَمَرَهٗ اَنْ یَّحْضُرَ الصَّلَوٰاتِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَمَرَ بِلَالاً اَنْ یُّبَكِّرَ بِالصَّلَوٰاتِ كُلِّهِنَّ ثُمَّ اَمَرَهٗ فِی الْیَوْمِ الثَّانِی اَنْ یُّؤَخِّرَ الصَّلَوٰاتِ كُلَّهَا ثُمَّ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنِ الْوَقْتِ وَقْتُ الصَّلَوٰاتِ مَا بَیْنَ هٰذَیْنِ الْوَقْتَیْنِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور اس نے نماز کے وقت کے بارے میں آپ سے پوچھا، آپ ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ وہ کچھ نمازیں رسول اکرم ﷺ کے ہمراہ ادا کرے، پھر آپ نے حضرت ''بلال کو حکم دیا کہ ساری نمازیں ابتدائی وقت میں ادا کی جائیں، پھر اگلے دن آپ ﷺ نے حکم دیا کہ ساری نمازیں آخری وقت میں ادا کی جائیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا: وقت کے بارے میں پوچھنے والا شخص کہاں ہے؟ فرمایا: نمازوں کا وقت ان دو وقتوں کے درمیان ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد وبه نأخذ والمغرب وغیرها فِی هذا سواء إلا أنه یکره تأخیرها إذا غابت الشمس وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ مغرب اور دیگر نمازیں اس معاملے میں برابر ہیں تاہم جب سورج غروب ہو جائے تو مغرب کو لیٹ کرنا مکروہ ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔

☼ ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھنی چاہئے کیونکہ گرمی کی شدت دوزخ کی تپش ہوتی ہے ☼

456/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اَبْرِدُوْا بِالظُّهْرِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَیْحِ جَهَنَّمَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عمر بن

(٤٥٥) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (٦٥) فی الصلاة :باب مواقیت الصلاة ومسلم (٦١٣) فی المساجد ومواضع الصلاة: باب اوقات الخمس وابو داود (٣٩٥) فی الصلاة:باب فی المواقیت الصلاة والترمذی (١١٥) فی الصلاة وابن ماجة (٦٦٧) فی الصلاة:مواقیت الصلاة واحمد ٣٤٩:٥-

(٤٥٦) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (٦٢) فی الصلاة: باب مواقیت السلاة وابن ابی شیبة ٣٢٥:١ فی الصلوات:باب من كان یبرد بحو والبزار (٣٦٩) واورده الهیثمی فی "مجمع الزوائد" ٣٠٦:١-

خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھا کرو اس لئے کہ گرمی کی شدت دوزخ کی تپش ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد يؤخر الظهر فِي الصيف حتى يبرد بها ويصلي فِي الشتاء حين تزول الشمس وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ فرمایا ''گرمیوں میں نماز ظہر کو لیٹ کیا جائے تاکہ موسم کچھ ٹھنڈا ہو جائے اور سردیوں میں سورج ڈھلتے ہی پڑھ لی جائے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جب سورج غروب ہو گیا تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ سورج کے ''دلوک'' کا وقت ہے ☼

457/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ نَظَرَ اِلَى الشَّمْسِ حِيْنَ غَرَبَتْ فَقَالَ هٰذَا حِيْنَ دَلَكَتْ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے سورج کی جانب دیکھا جب وہ غروب ہو گیا پھر فرمایا: یہ سورج کے ''دلوک'' کا وقت ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ عصر کی نماز اس وقت پڑھی جاتی تھی جب سورج دوسری رات کے چاند کی مقدار میں ہوتا تھا ☼

458/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِي مِقْدَارِ لَيْلَتَيْنِ مِنَ الْهِلَالِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابوعبداللہ جدلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم عصر کی نماز اس وقت پڑھتے تھے جب سورج دوسری رات کے چاند کی مقدار میں ہوتا تھا (یعنی جتنی دیر تک دوسری رات کا چاند ٹھرتا ہے ہماری عصر کی نماز پڑھ لینے کے بعد مغرب تک اتنا وقت باقی ہوتا تھا)۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد

(٤٥٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٦٧) في الصلاة:باب مواقيت الصلاة-

(٤٥٨) اخرجه عبد الرزاق (٢٠٨٩) في الصلاة:باب وقت العصر'وابن ابي شيبة (٣٣١٠) في الصلوات:من كان يؤخر العصر ويرى تاخيرها'والماردينى في "الجوهر النقي في الرد على البيهقي" ١١٤:١-

الرحمن المقری عن اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه الله *

(وأخرجه) ابن خسرو (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) أبی بکر الخیاط عن أبی عبد الله بن دوست العلاف (أنبأنا) عمر بن الحسن الأشنانی (عن) بشر بنموسی (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) القاضی الأشنانی بإسناده إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن حسن اشنانی سے، انہوں نے بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے''

☼ فجر کو روشن کر کے اور مغرب کو جلدی پڑھنے پر صحابہ کرام کا اتفاق مثالی تھی ☼

459/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ لَمْ یَجْتَمِعْ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ آلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰی شَیْءٍ کَاجْتِمَاعِهِمْ عَلَی التَّنْوِیْرِ فِی الْفَجْرِ وَالتَّعْجِیْلِ فِی الْمَغْرِبِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اس انداز میں کبھی کسی مسئلے پر متفق نہیں ہوئے جتنا اتفاق ان سب کا فجر کی نماز کو روشن کر کے پڑھنے پر تھا اور اسی طرح مغرب کی نماز میں جلدی کرنے پر۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم البغوی (عن) محمد بن شجاع البلخی (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن

(۴۵۹)...قلت وقد اخرج احمد ۴۱۵:۵، والشاشی فی "المسند" (۱۱۲۹)، والطبرانی فی "الکبیر" (۴۰۵۸)، عن ابی ایوب الانصاری، قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: "بادروا بصلاة المغرب قبل طلوع النجم"۔

زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ گھر میں جماعت کروائی ہو تو بغیر اقامت کے کرواسکتے ہیں ☼

460/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ اَمَّ اَصْحَابَهُ فِي بَيْتِهٖ فَصَلّٰى بِهِمْ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَلَا اِقَامَةٍ وَقَالَ اِقَامَةُ النَّاسِ تُجْزِئُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے اپنے گھر میں اپنے ساتھیوں کی امامت کروائی اور ان کو بغیر اذان اور بغیر اقامت کے جماعت کروائی اور فرمایا: لوگوں کی اقامت کفایت کر دیتی ہے (یعنی علاقے میں کسی جگہ پر بھی اذان ہو جائے اور وہاں پر اقامت ہو جائے تو کسی گھر میں نماز پڑھانے کے لئے وہی اقامت اور وہی اذان کافی ہوتی ہے)

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوي (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ موذن بے وضو اذان دے، تو کوئی حرج نہیں ہے ☼

461/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَّهُ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ يُّؤَذِّنَ الْمُؤَذِّنُ وَهُوَ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ

(٤٦٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٣٣) وعبد الرزاق (١٩٦١) و (١٩٦٢) في الصلاة: باب الرجل يصلي في المصر بغير اقامة والبيهقي في "السنن الكبرى" ٤٠٦:١ وابن ابي شيبة ٢٢٠:١ في الاذان: من كان يقول: يجزئه ان يصلي بغير اذان ولا اقامة ومسلم ٣٧٨:١ (٢٦) وابن خزيمة (١٦٣٦)-

(٤٦١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٥٨) في الصلاة: باب الاذان وعبد الرزاق (١٨٠١) في الصلاة: باب الاذان بغير وضوء وابن ابي شيبة ٢١١:١ في الطهارات: باب المؤذن يؤذن وهو على غير وضوء والبغوي في "شرح السنة" ٢٦٧:٢ باب التثويب-

فرماتے ہیں: اگر مؤذن بغیر وضو کے اذان دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) محمد فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيفَةَ ثم قال محمد وبهذا نأخذ لا نرى بذلك بأساً ويكره أن يؤذن جنباً وهو قول اَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی پر عمل کرتے ہیں، ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ،لیکن یہ مکروہ سمجھتے ہیں کہ کوئی شخص جنابت کی حالت میں اذان دے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ دورانِ اذان باتیں نہیں کرنی چاہئیں، لیکن اگر کوئی اس کا مرتکب ہوا تو اذان ہوگئی ☼

462/(اَبُوْ حَنِيفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيمَ فِي الْمُؤَذِّنِ يَتَكَلَّمُ فِي اَذَانِهٖ قَالَ لاَ آمُرُهُ وَلاَ اَنْهَاهُ قَالَ مُحَمَّدٌ وَاَمَّا نَحْنُ نَرٰى اَنْ لاَ يَفْعَلَ فَاِنْ فَعَلَ لَمْ يَنْقُضْ ذٰلِكَ اَذَانَهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: آپ سے ایسے مؤذن کے بارے میں مسئلہ پوچھا گیا جو اپنی اذان کے دوران باتیں کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا: نہ میں اسکو (اذان کے دوران گفتگو کرنے کا) حکم دیتا ہوں اور نہ ہی میں اسکو اس سے منع کرتا ہوں۔ حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہمارا یہ مؤقف ہے کہ ایسا نہیں کرنا چاہیے لیکن اگر اس نے ایسا کر لیا تو اس کی اذان میں کوئی کمی وغیرہ نہیں آئی، اذان ہوگئی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ *

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ تثویب یوں ہوتی تھی کہ مؤذن اذان کے بعد دو مرتبہ اَلصَّلاَةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کے الفاظ بولتا ☼

463/(اَبُوْ حَنِيفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيمَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ سَاَلْتُهُ (عَنِ) التَّثْوِيبِ فَقَالَ هُوَ مِمَّا اَحْدَثَهُ النَّاسُ وَهُوَ حَسَنٌ مِمَّا اَحْدَثُوْا وَذَكَرَ اَنَّ تَثْوِيبَهُمْ كَانَ حِيْنَ يَفْرَغُ الْمُؤَذِّنُ مِنْ اَذَانِهٖ اَنَّ الصَّلاَةَ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: میں نے ان سے تثویب (یعنی اذان کے بعد جماعت کی یاددہانی کے لئے دوبارہ کچھ الفاظ بطور اعلان بولنا) کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: یہ وہ چیز ہے جو لوگوں نے بعد میں بنالی ہے لیکن یہ بہت اچھی چیز ہے اور پھر یہ ذکر کیا کہ ان کی تثویب یہ ہوتی تھی کہ جب مؤذن اپنی اذان سے فارغ ہو جاتا تو وہ دو مرتبہ اَلصَّلاَةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ (نماز نیند سے بہتر ہے) کہتا۔

(٤٦٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٥٩) في الصلاة:باب الاذان وعبد الرزاق (١٨٠٩) في الصلاة:باب الكلام بين ظهراني الاذان وابن ابي شيبة ٢١٢:١ في الطهارات:باب من كرنه الكلام في الاذان-

(٤٦٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٦٠) في الصلاة : باب الاذان-

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ وبه نأخذ

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا:حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے اور ہم اسی پرعمل کرتے ہیں۔

☼ اذان اور اقامت دونوں کے الفاظ دو، دو ہیں ☼

464/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَلاَذَانُ وَالْاِقَامَةُ مَثْنٰی مَثْنٰی

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں'اذان اور اقامت دودوالفاظ ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے،اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے:ہم اسی کواختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ عورتوں کے لئے اذان اور اقامت جائز نہیں ہے ☼

465/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ لَیْسَ عَلَی النِّسَاءِ اَذَانٌ وَلاَ اِقَامَةٌ

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں:عورتوں پر نہ اذان لازم ہے اور نہ اقامت۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے' اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے:ہم اسی کواختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ حضرت''بلال رضی اللہ عنہ'' کی اذان کے آخری الفاظ یہ ہوتے تھے''اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر لاالہ الااللّٰہ'' ☼

466/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ کَانَ آخِرُ أَذَانِ بِلاَلٍ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

(٤٦٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٦٢) في الصلاة:باب الاذان وعبد الرزاق (١٧٩٠) في الصلاة:باب بدء الاذان والدار قطني (٣٤) في الصلاة:باب ذكر الاقامة واختلاف الروايات فيها وابن ابي شيبة ٢٠٦:١ في الاذان والاقامة:من كان يشفع الاقامة والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ١٣٤:١ في الصلاة:باب الاقامة كيف هي؟

(٤٦٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٤٤) في الصلاة:باب الاذان وابن ابي شيبة ٢٢٢:١ في الاذان والاقامة:باب في النساء من قال:ليس عليهن اذان ولا اقامة-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''حضرت ''حماد ''سے وہ حضرت ''ابراہیم ''سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: حضرت ''بلال ''کی اذان کے آخری الفاظ یہ ہوتے تھے ''اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن ''نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔حضرت ''امام محمد ''فرماتے ہیں: ہم اسی کواختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''کا موقف ہے۔

☼ حضرت عمر بن خطاب عصر کے بعد نوافل پڑھنے والوں کوسزا دیا کرتے تھے ☼

467/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ (عَنْ) اَبِی الْغَادِیَةِ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ كَانَ یَضْرِبُ عَلَی الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''حضرت ''عبدالملک بن عمیر ''سے وہ حضرت ''ابوغادیہ ''سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''عمر بن خطاب ''کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ آپ عصر کے بعد نماز پڑھنے والوں کو مارا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) علی بن محمد الحافظ (عن) أحمد بن حرب (عن) هوذة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِي مسنده (عن) أبی الفضل ابن خيرون (عن) أبی علی بن شاذان (عن) القاضی أبی نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوينی (عن) إسماعيل بن توبة القزوينی (عن) محمد بن الحسن الشيبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن ابن زياد فِي مسنده عن اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت'' حافظ طلحہ بن محمد ''نے اپنی مسند میں(ذکرکیاہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' علی بن محمد حافظ ''سے،انہوں نے حضرت'' احمد بن حرب ''سے،انہوں نے حضرت'' ہوذہ ''سے،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

(٤٦٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (٦١) فی الصلاة:باب الاذان'والنسائی (٦٤٩) فی الاذان:باب آخر الاذان'وعبد الرزاق (١٧٧٧) فی الصلاة:باب بدء الاذان'والدار قطنی (٤٤) فی الصلاة:باب ذكر الاقامة واختلاف الروايات فيها-

(٤٦٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (١٥٣) فی الصلاة:باب مايعاد من الصلاة وما يكره منها'وابن ابی شيبة ٢:٣٥٠ فی الصلوات:من قال:لا صلاة بعد الفجر-

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ اذان دینے والے کا گوشت آگ پر حرام ہے ☼

468/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا نَدِمْتُ عَلٰى شَيْءٍ مَا نَدِمْتُ عَلَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَنْ لَا اَكُوْنَ سَاَلْتُ لَهُمَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ قَالَ وَلُحُوْمُ الْمُؤَذِّنِيْنَ حَرَامٌ عَلَى النَّارِ وَقَالَ لَوْ اَنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ فِي الْاَرْضِ لَغَلَبُوا النَّاسَ عَلَى الْاَذَانِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' نے ارشاد فرمایا: مجھے کسی بات پر اتنا افسوس نہیں ہوتا، جتنا افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ''حسن اور حسین'' کے لئے اذان (کی ذمہ داری) کیوں نہیں مانگ لی۔ آپ فرماتے ہیں: اذان دینے والوں کا گوشت آگ پر حرام ہے اور فرمایا: اگر فرشتے زمین پر ہوتے تو یہ اذان کے حوالے سے لوگوں پر غالب آجاتے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد ابن خسرو فِي مسنده عن تاريخ بخاری لأبی عبد الله محمد بن أبی بكر بن محمد ابن سليمان المعروف بغنجار (عن) خلف بن محمد بن إسماعيل (عن) محمد بن يعقوب بن الحارث (عن) أبی إبراهيم إسحاق بن عبد الله (عن) الحسن بن عثمان (عن) مخلد بن عمر (عن) أبی مزاحم البخاری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن ابوبکر بن محمد ابن سلیمان المعروف غنجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب تاریخ بخاری میں لکھا ہے، انہوں نے حضرت ''خلف بن محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یعقوب بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوابراہیم اسحاق بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مخلد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومزاحم

(٤٦٨) اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" ٣٠٥:٧ (٧٥٦٣) والهيثمی فی "مجمع الزوائد" ٣٢٦:١ وفی "مجمع البحرين" ٢٦١:١ فی الصلاة: فصل الاذان-

بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ سب سے افضل عمل وقت پر نماز ادا کرنا ہے ☼

469/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) اَبِیْ سُفْیَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ الصَّلَاةُ فِیْ مَوَاقِیْتِهَا

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''ابوسفیان طلحہ بن نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: کون سا عمل سب سے افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) حاتم بن أحمد بن نور بن الخطاب الترمذی (عن) الجارود بن معاذ (عن) أبی معاوية (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''حاتم بن احمد بن نور بن خطاب ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''جارود بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نماز فجر قضا پڑھنے کے لئے اذان دی گئی، اقامت کہی گئی اور ادا نماز کی طرح جماعت کروائی ☼

470/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ عرس رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَیْلَةً فَقَالَ مَنْ یَحْرُسُنَا اللَّیْلَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ شَابٌّ اَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْرُسُکُمْ فَحَرَسَهُمْ حَتّٰی اِذَا کَانَ مَعَ الصُّبْحِ غَلَبَتْهُ عَیْنَاهُ فَمَا اسْتَیْقَظَ اِلَّا بِحَرِّ الشَّمْسِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّاَ وَتَوَضَّاَ اَصْحَابُهُ وَاَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ اُقِیْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّی الْفَجْرَ بِاَصْحَابِهٖ فَجَهَرَ فِیْهَا بِالْقِرَاءَةِ کَمَا کَانَ یُصَلِّیْ بِهِمْ فِیْ وَقْتِهَا

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رات (سفر کے دوران) پڑاؤ ڈالا، فرمایا: اس رات ہماری حفاظت کون کرے گا؟ ایک انصاری نوجوان نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کی چوکیداری کروں گا۔ اس انصاری نوجوان نے آپ کی چوکیداری کی اور جب صبح کا وقت قریب آیا تو ان پر نیند کا غلبہ ہو گیا (یہ سب لوگ سو گئے) سورج کی گرمی کی وجہ سے آنکھ کھلی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے، آپ نے وضو کیا اور آپ کے صحابہ نے وضو کیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موذن کو کہا، اس نے اذان دی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت (سنت) نماز پڑھی اور پھر نماز کے لئے اقامت کہی گئی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو فجر کی نماز پڑھائی اور اس میں قرأت بلند آواز سے

---

(٤٦٩) اخرجه الطيالسی (٢٥٧٦) وعبد بن حميد ٢٠٥:١ (١٤٥٨)۔

(٤٧٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (١٧٠) فی الصلاة: باب النوم قبل الصلاة وابن حبان (٢٠٦٩) وابن ماجة (٦٩٧) والبيهقی فی "دلائل النبوة" ٢٧٢:٤ وابو داود (٤٣٥) فی الصلاة: باب فی من نام عن الصلاة او نسيها وابو عوانة ٢٥٣:٢ والترمذی (٣١٦٣)۔

کی جیسے آپ فجر کی نماز وقت پر پڑھایا کرتے تھے اور قرات جہر کے ساتھ کیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ وبه نأخذ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی پر عمل کرتے ہیں۔

☼ جب سورج سرخ ہو جائے اس وقت نماز پڑھنا مناسب نہیں ہے ☼

471/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ مَا یَسُرُّنِی صَلاةُ الرَّجُلِ حِیْنَ تَحْمَرُّ الشَّمْسُ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں، جب سورج سرخ ہو جائے، اس وقت کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو تو مجھے یہ اچھا نہیں لگتا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ تكره الصلاة تلك الساعة إلا أن تفوته العصر من يومه ذلك فيصليها تلك الساعة فأما غيرها من الصلوات المكتوبات والتطوع فلا ينبغي أن يفعل

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ ان اوقات میں نماز مکروہ ہے تاہم اگر اس دن کی عصر کی نماز نہ پڑھی ہو اور یہ وقت آ جائے (یہ نماز پڑھ سکتے ہیں) لیکن اس وقت میں دیگر فرضی نمازیں اور نوافل وغیرہ نہیں پڑھ سکتے۔

☼ جس کی عصر کی نماز رہ گئی، گویا کہ اس کا مال و متاع اور اہل و عیال سب تباہ ہو گئے ☼

472/(اَبُوْحَنِیْفَةَ)(عَنْ) شَیْبَانَ (عَنْ) یَحْیٰی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ (عَنْ) بُرَیْدَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ من فاتَتْهُ الْعَصْرُ (فَکَاَنَّمَا وَتَرَ اَهْلَهٗ وَمَالَهٗ)

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شیبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''یحییٰ ابن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''بریدہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کی عصر کی نماز رہ گئی یوں سمجھو کہ اس کے اہل و عیال بھی ہلاک ہو گئے اور اس کا مال بھی ہلاک ہو گیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد الهمداني (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عصمة بن عبد الله (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(٤٧١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٥٥) في الصلاة: باب مايعاد من الصلاة ومايكره منها-

(٤٧٢) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (٨٨) وابن حبان (١٤٦٣) وابن ابي شيبة ٣٤٢:١ واحمد ٣٦١:٥ وابن ماجة (٦٩٤) في الصلاة: باب ميقات الصلاة في الغيم والبيهقي في "السنن الكبرى" ٤٤٤:١ والبخاري (٥٥٣)-

(ورواه) بهذا الإسناد بلفظ آخر قال بكروا بصلوة العصر

(ورواه)(عن) إسماعيل بن بشر (عن) مقاتل بن إبراهيم (عن) نوح بن أبي مريم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) شيبان (عن) يحيى بن أبي كثير (عن) بريدة الأسلمي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بكروا بصلوة العصر فِي يوم الغيم فإن من فاتته صلوة العصر حتى تغرب الشمس فقد حبط عمله (وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عصمة بن عبد الله (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ وزاد فِي أوله بادروا بصلاة العصر

(وأخرجه) أبو عبد الله ابن خسرو فِي مسنده (عن) الشيخ أبي سعيد أحمد ابن عبد الجبار (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عصمة بن عبد الله بن سالم الأسدي (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بتمامه

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''احمد بن محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عصمہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی اسناد کے ہمراہ دیگر الفاظ میں روایت کیا ہے(وہ الفاظ یہ ہیں)بکروا بصلوۃ العصر ''عصر کی نماز جلدی پڑھا کرو''

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مقاتل بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''نوح بن ابی مریم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت''شیبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یحییٰ بن ابوکثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:بادلوں والے موسم میں عصر کی نماز جلدی پڑھ لیا کرو کیونکہ جس نے عصر کی نماز نہ پڑھی حتیٰ کہ سورج غروب ہوگیا،اس کے اعمال ضائع ہوگئے۔

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عصمہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔اوراس کے شروع میں یہ الفاظ ہیں بادروا بصلاۃ العصر ''عصر کی نماز میں جلدی کرو''

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''شیخ ابوسعید احمد بن عبد الجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عصمہ بن عبداللہ بن سالم اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن مسعود کے ساتھی عصر کی نماز آخری وقت تک موخر کر کے پڑھا کرتے تھے ☼

473/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْـرَاهِيْـمَ اَدْرَكْـتُ اَصْـحَابَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُؤَخِّرُوْنَ الْعَصْرَ اِلٰى اٰخِرِ الْوَقْتِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' میں نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود ﷜ کے شاگردوں کو دیکھا ہے یہ لوگ عصر کی نماز آخری وقت تک لیٹ کیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبـي الـحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفِي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) عبد الله بن يزيد المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِـي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ ما لم تتغير الشمس وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب تک سورج کا رنگ تبدیل نہ ہو۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ ایک انصاری شخص اور حضرت ابوبکر صدیق ﷜ کو خواب میں اذان کی تعلیم دی گئی تھی ☼

474/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْـهِ اَنَّ رَجُلاً مِنَ الْاَنْصَارِ مَرَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَآهُ حَزِيْناً وَكَانَ الرَّجُلُ ذَا طَعَامٍ يَجْتَمِعُ اِلَيْهِ فَانْطَلَقَ حَزِيْناً لِمَا رَاٰى مِنْ حُزْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ طَعَامَهُ وَمَا كَانَ يَجْتَمِعُ اِلَيْهِ وَدَخَلَ مَسْجِدَهُ يُصَلِّيْ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ نَعَسَ فَاَتَاهُ آتٍ فِي النَّوْمِ فَقَالَ هَلْ عَلِمْتَ مَا حَزَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا قَالَ فَهُوَ لِهٰذَا النَّاقُوْسِ فَأْتِهٖ فَمُرْهُ اَنْ

(٤٧٣) اخرجه عبد الرزاق (٢٠٤٢) و (٢٠٤٣) في الصلاة: باب المواقيت-قلت: وقد اخرجه احمد ٢٨٩:٦ وابن ابي شيبة ٣٢٣:١ والترمذي (١٦٢) وابو يعلى (٦٩٩٢) قالت ام سلمة: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اشد تعجيلاً للظهر منكم وانتم اشد تعجيلاً للعصر منه-

(٤٧٤) اخرجه الطبراني في "الاوسط" ٢٩٣:٢ (٢٠٢٠) واورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" ٣٢٨:١ وفي "مجمع البحرين" (٦٢٤) في الصلاة: باب بدء الاذان-

يَأْمُرَ بِلَالاً اَنْ يُؤَذِّنَ فَعَلَّمَهُ الْاَذَانَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ مَرَّتَيْنِ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَرَّتَيْنِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ مَرَّتَيْنِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ مَرَّتَيْنِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهِ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ عَلَّمَهُ الْاِقَامَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَقَالَ فِي آخِرِهِ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كَاَذَانِ النَّاسِ وَاِقَامَتِهِمْ فَاَقْبَلَ الْاَنْصَارِيُّ فَقَعَدَ عَلٰى بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ اِسْتَأْذِنْ لِيْ فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَقَدْ رَأَىٰ مِثْلَ ذٰلِكَ فَاَخْبَرَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَأْذَنَ لِلْاَنْصَارِيِّ فَدَخَلَ وَاَخْبَرَ بِالَّذِيْ رَأَىٰ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ بِمِثْلِ ذٰلِكَ فَاَمَرَ بِلَالاً يُؤَذِّنُ بِذٰلِكَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے ''والد رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں ایک انصاری شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا تو اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پریشان دیکھا وہ آدمی دولت والا شخص تھا، اس کے پاس بہت مال جمع ہوتا تھا تو وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پریشان دیکھ کر خود بھی پریشان ہو گیا، اس نے کھانا چھوڑ دیا اور جو کچھ اس کے سامنے موجود تھا، وہ چھوڑ دیا، مسجد میں آ کر نماز پڑھنے لگ گیا، ابھی وہ اسی کیفیت میں تھا کہ اس کو اونگھ آ گئی، کوئی شخص نیند میں اس کے پاس آیا اور کہنے لگا: تجھے معلوم ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیوں پریشان تھے؟ اس نے کہا: جی نہیں، کہنے والے نے کہا: وہ اس ناقوس کی وجہ سے پریشان ہیں (جو اذان کے اعلان کے لئے بجایا جاتا ہے) تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا اور آپ کو مشورہ دے کہ آپ حضرت ''بلال کو حکم دیں کہ وہ اذان دیں اور ان کو اذان سکھا (اذان یہ ہے

الله اکبر الله اکبر دومرتبہ

اشهد ان لااله الا الله دومرتبہ

اشهد ان محمد رسول الله دومرتبہ

حی علی الصلاة دومرتبہ

حی علی الفلاح دومرتبہ

الله اکبر الله اکبر لا اله الا الله

پھر اسی طرح اس کو اقامت سکھائی اور آخر میں کہا

قد قامت الصلاة قد قامت الصلاة الله اکبر الله اکبر لا اله الا الله

جیسا کہ لوگوں کی اذان اور اقامت ہے۔ وہ انصاری شخص اٹھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے در اقدس پر آ کر بیٹھ گیا حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' وہاں سے گزرے، ان سے کہا: میرے لئے اجازت لیجئے حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' اندر تشریف لے گئے حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' نے بھی اسی شخص کی طرح خواب دیکھا تھا حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' نے وہ خواب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا دیا پھر اس انصاری کے لئے اجازت مانگی وہ انصاری اندر آیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا خواب سنایا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر نے بھی اسی جیسا خواب سنایا ہے پھر آپ نے حضرت ''بلال رضی اللہ عنہ'' کو اذان دینے کا حکم دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن عبيد الله بن شريح (عن) أحمد بن نصر العتكی (عن) أبی مقاتل (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) علی بن محمد بن عبد الرحمن السرخسی (عن) خارجة بن مصعب بن خارجة (عن) المغيث بن بديل ابن بنت خارجة بن مصعب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) محمد بن قدامة بن سيار الزاهد البلخی (عن) عبد الله بن عمر بن أبان (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) المثنی بن محمد المروزی (عن) يعلی بن حمزة (عن) بشر بن يحيی (عن) النضر بن محمد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه)(عن) أحمد بن محمد قال قرأت فِی كتاب إسماعيل بن حماد (عن) أبی يوسف رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبی يحيی الحمانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) أبی العباس بن عقدة (عن) داود بن يحيی (عن) أبی كريب(عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ وزاد فيه فمر به أبو بكر فقال له الأنصاری استأذن لی علی رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ففعل فدخل عليه فأخبره بذلك قال أبو بكر قد رأيت مثل ذلك يا رسول الله

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی محمد عبد الله بن علی بن عبد الله (عن) أبی بكر بن بشران (عن) أبی الحسن علی بن عمر الدارقطنی (عن) إبراهيم بن محمد بن إبراهيم المعدل (عن) الحسن ابن محمد بن داود (عن) إبراهيم بن علی بن عبد الجبار (عن) الحسين بن الحسن ابن عطية العوفِی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) أبی الغنائم (عن) ابن زرقويه (عن) أبی سهل (عن) أبی بكر بن موسی بن إسحاق (عن) محمد بن العلاء (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن نصر عتکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خارجہ بن مصعب بن خارجہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مغیث بن بدیل بن بنت خارجہ بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد

بن قدامہ بن سیار زاہد بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' عبد اللہ بن عمر بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''مثنی بن محمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یعلی بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''بشر بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں،وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،انہوں نے حضرت'' امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''داود بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوکریب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔اوراس میں یہ اضافہ ہے''**پھر حضرت'' ابوبکر رضی اللہ عنہ'' کا وہاں سے گزر ہوا،انصاری نے آپ سے کہا: میرے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کی اجازت لے دیجئے،** حضرت'' ابوبکر رضی اللہ عنہ'' نے اجازت لے دی،انصاری اندر آ گیا،اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سارا ماجرا سنایا،حضرت'' ابوبکر رضی اللہ عنہ'' نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے بھی ایسا دیکھا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' اپنی مسند میں حضرت'' ابومحمد عبد اللہ بن علی بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' ابوبکر بن بشران رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' ابوحسن علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن محمد بن ابراہیم معدل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن محمد بن داود رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن علی بن عبد الجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' حسین بن حسن بن عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' ابوغنائم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوسہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوبکر بن موسیٰ

بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ وتر رات کے کسی بھی وقت پڑھے جاسکتے ہیں، جو رات کی عبادت کا شوقین ہو، وہ رات میں پڑھے ☼

475/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْجَدَلِیِّ (عَنْ) اَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَوَّلَ اللَّیْلِ وَاَوْسَطَہٗ وَآخِرَہٗ لِکَیْ یَکُوْنَ وَاسِعاً عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اَیُّ ذٰلِکَ اَخَذُوْا بِہٖ کَانَ صَوَاباً غَیْرَ اَنَّ مَنْ طَمَعَ فِیْ قِیَامِ اللَّیْلِ فَلْیَجْعَلْ وِتْرَہٗ آخِرَ اللَّیْلِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابوعبداللہ جدلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''مسعود انصاری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے رات کے پہلے حصے میں بھی وتر پڑھے ہیں، درمیان میں بھی پڑھے ہیں اور آخر میں بھی پڑھے ہیں تاکہ مسلمانوں پر وسعت رہے، وہ آپ کا جو عمل چاہیں اپنالیں اور جو بھی عمل اپنائے وہ درست ہو، ہاں جو شخص رات کے وقت قیام کی خواہش اور حرص رکھتا ہو اسکو چاہیے کہ اپنے وتر رات کے آخری حصے میں ادا کرے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن الأشرس السلمی النیسابوری (عن) حفص بن عبد الله (و) عن عبد الله بن محمد بن علی (عن) أحمد بن حفص ابن عبد الله (و) قطن بن إبراهیم کلاهما (عن) حفص بن عبد الله (وعن) أحمد بن محمد الشرقی (عن) أحمد بن حفص بن عبد الله (عن) أبیه (عن) إبراهیم بن طهمان (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) أبی بکر بن داود السجزی (و) علی بن محمد بن عبد الرحمن السرخسی کلاهما (عن) أحمد بن حفص ابن عبد الله (عن) أبیه (عن) إبراهیم بن طهمان (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن الأشرس السلمی (عن) الجارود ابن یزید (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) زکریا بن یحیی بن کثیر الأصفهانی (عن) أحمد بن رستة (عن) محمد بن المغیرة (عن) الحکم (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) أبی عثمان سعید بن ذاکر البخاری (عن) سعد بن جناح البخاری (عن) القاسم ابن الحکم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل الهروی بدرب أبی هریرة ببغداد (عن) محمد بن شوکة (عن) القاسم ابن الحکم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) حماد (عن) إبراهیم (عن) أبی عبد الله الجدلی (عن) عقبة بن عمرو أبی مسعود رَضِیَ اللّٰهُ

---

(۴۷۵) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (۱۶۰) وابن ابی شیبة ۲:۲۸۷ باب فیمن اخر الوتر' واحمد ۴:۱۱۹' ۵:۲۱۵' والطبرانی فی "الکبیر" ۱۷:۲۴۴:۶۷۹' وفی "الاوسط" ۲:۱۰ (۶۸۶) والطیالسی ۸۶ (۶۱۶)۔

عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة المؤدب (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِی حَنِيفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) محمد بن إسحاق النيسابوری (عن) أحمد بن حفص (عن) أبيه (عن) إبراهيم بن طهمان (عن) اَبِی حَنِيفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلانی (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي الأشناني بإسناده إلى اَبِی حَنِيفَةَ (وأخرجه) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ فِي مسنده (عن) اَبِی حَنِيفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اشرس سلمی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص ابن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قطن بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''حفص بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن محمد شرقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوبکر بن داود سجزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن محمد بن عبد الرحمٰن سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن حفص بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن اشرس سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جارود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن رستہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعثمان سعید بن ذاکر بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعد بن جناح بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے (درب ابوہریرہ میں بغداد میں)، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''

قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ جدلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عقبہ بن عمرو ابومسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت مؤدب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اسحاق نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ صاحب ترتیب پہلے قضا شدہ نماز پڑھے بعد میں وقتی نماز پڑھے ☼

476/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي رَجُلٍ عَلَيْهِ صَلَوٰاتٌ قَالَ لَا يُصَلِّيْ حَتّٰى يَقْضِيَ مَا عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس کے ذمے کئی نمازیں (یعنی ۵ نمازیں ہیں) وہ وقتی نماز اس وقت تک نہ پڑھے جب تک وہ قضا شدہ نمازیں نہ پڑھ لے (یہ حکم اس شخص کے لئے ہے جس کے اوپر زندگی میں ۵ سے زیادہ نمازیں قضاء نہ ہوئی ہوں ایسا شخص صاحب ترتیب کہلاتا ہے اور صاحب ترتیب کا حکم یہ ہے کہ اس کی جو نماز قضا ہوگئی ہے اگلی نماز کا وقت اگر آ گیا ہے تو پہلے قضاء شدہ نماز پڑھے اس کے بعد وقتی نماز ادا کرے)۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي محمد بن الآبنوسي (عن) أبي بكر بن بشران (عن) على بن عمر الدارقطني (عن) على بن عبد الله بن المبشر (عن) الحسن بن مكرم (عن) على بن عاصم (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

---

(٤٧٦) اخرجه عبد الرزاق (٢٢٥٨) في الصلاة: باب الرجل يأتي الجماعة لصلاة فيجدهم في التي بعدها والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ١:٢٧٠-

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(قال) ابن خسرو وقال علي يعنئ ابن عاصم فحدثت أبا حنيفة (عن) هشام (عن) الحسن أنه قال يقضي ما عليه فإن حضرت'' صلوة مكتوبة فصلاها فِي آخر وقتها ثم يقضي ما عليه ولا يفرط فِي شيء قال فترك أبو حنيفة قول إبراهيم وأخذ بقول الحسن رحمهم الله تعالى

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابومحمد بن آبنوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوبکر بن بشران رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن عمردارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' علی بن عبد اللہ بن مبشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' حسن بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت'' علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت'' ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت''علی رحمۃ اللہ علیہ''یعنی ابن عاصم کہتے ہیں :میں نے یہ حدیث حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

انہوں نے فرمایا ہے:ان نمازوں کی قضا کرے گا جو اس کے ذمہ ہیں،اگر فرض نماز کا وقت ہوجائے تو اس کو اس وقت کے آخر میں پڑھے گا پھر اپنے ذمہ واجب نمازیں قضا کرے اور کسی بھی عمل میں افراط سے کام نہ لے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا قول ترک کردیا ہے اور حضرت''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کا قول اختیار کرلیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغرب سے قبل نوافل نہیں پڑھا کرتے تھے☼

477/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الصَّلَاةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَنَهَانِيْ عَنْهَا وَقَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَمْ يُصَلُّوْهَا

✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں:میں نے حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے مغرب سے پہلے نوافل پڑھنے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھے اس سے منع فرمادیا اور کہا:رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت''عمر رضی اللہ عنہ''(یہ نوافل) نہیں پڑھا کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ إذا غابت الشمس فلا صلاة على جنازة ولا غيرها قبل صلاة المغرب

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے:ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔''جب سورج غروب ہوجائے تو نماز مغرب پڑھے بغیر نہ نماز جنازہ پڑھی جاسکتی ہے،نہ کوئی اور نماز''

(۴۷۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني فى "الآثار" (۱۴۶) فى الصلاة:باب ما يعاد من الصلاة وما يكره منها وعبد الرزاق (۲۹۸۵) فى الصلاة:باب الركعتين قبل المغرب والمتقى الهندى فى "الكنز" (۲۱۳۶۱)-

☼ رسول اکرم ﷺ کی عادت کریمہ تھی کہ موذن جو جولفظ پڑھتا، آپ بھی وہی الفاظ دہراتے ☼

478/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ مِثْلَ مَا يَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: رسول اکرم ﷺ کی عادت کریمہ تھی کہ جب مؤذن اذان دیتا تو آپ وہی الفاظ دہراتے جو مؤذن کہہ رہا ہوتا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعید بن جعفر النجیری (عن) موسی بن بهلول (عن) محمد بن الصلت (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر نجیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اول شب میں وتر پڑھنا شیطان کو بہت غصہ دلاتا ہے اور سحری کھانا اللہ تعالیٰ کو راضی کرتا ہے ☼

479/(اَبُوْحَنِيْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْوِتْرُ اَوَّلَ اللَّيْلِ مُسْخِطَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَاَكْلُ السَّحُوْرِ مَرْضَاةٌ لِلرَّحْمٰنِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: رات کے پہلے حصے میں وتر پڑھ لینا یہ شیطان کو بہت غصہ دلاتا ہے اور سحری کھانا اللہ تعالیٰ کو راضی کر لینا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعید عن أبی جعفر محمد بن إسماعیل عن سالم مولی بنی هاشم عن محمد ابن بشر العبدی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سالم مولی بنی ہاشم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن بشر عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۴۷۸)...وقد اخرج احمد ۱۶۸:۲ ومسلم (۳۸۴) وابوداود (۵۲۳) والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱۴۳:۱ وابن حبان (۱۶۹۰) والبیہقی فی "السنن الکبری" ۴۰۹:۱ عن عبد الله بن عمرو انه سمع رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: "اذا سمعتم مؤذنا فقولوا مثل مایقول"۔

(۴۷۹)...اخرجه ابن ابی شیبة ۲۸۸:۲ واحمد ۲۷۲:۵ والطبرانی فی "الکبیر" ۶۸۱،۶۷۹:۱۷ عن ابن مسعود قال من کل اللیل قد اوتر رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اوله، ووسطه وآخره فانتهی وتره الی السحر۔

☼ فجر کی نماز خوب روشن کر کے پڑھو، کیونکہ اس میں زیادہ ثواب ہے ☼

480/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَسْفِرُوْا بِصَلَاةِ الْفَجْرِ فَاِنَّهٗ اَعْظَمُ لِلثَّوَابِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فجر کی نماز کو خوب روشن کر کے پڑھا کرو کیونکہ اس میں بہت زیادہ ثواب ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعید (عن) یحیی بن فروخ (عن) محمد بن مروان (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن فروخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ میں مغرب وعشاء کی نمازیں اکٹھی پڑھا کرتے تھے ☼

481/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ الْخَطْمِیِّ (عَنْ) اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَّی الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِاَذَانٍ وَاِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن یزید خطمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ کے اندر مغرب اور عشاء کی نماز ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ ادا کیا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر بن سعید الهروی (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) علی بن معبد بن شداد العبدی (عن) محمد بن الحسن الشیبانی رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) محمد بن المنذر (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) علی بن معبد بن شداد العبدی (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غیر أنه قال فاتته صلاة المغرب والعشاء فجمع بینهما بأذان وإقامة واحدة قال الحافظ هذا حدیث لا یثبت عن أبی إسحاق

(۴۸۰) اخرجه احمد ۲:۱۳۵عن ابی الربیع قال: کنت مع ابن عمر... فقلت له: انی اصلی معك الصبح ثم التفت فلا اری وجه جلیسی ثم احیاناً تسفر! قال: کذلك رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی واحببت ان اصلیها کما رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلیها-

(۴۸۱) اخرجه ابن ابی شیبة ۱:۲۹۲:۴واحمد ۵:۴۱۸والطیالسی (۵۹۰)والنسائی (۶۰۳)والدارمی (۱۸۸۳)والبخاری (۱۶۱۴)وابن حبان (۳۸۵۸)وابن ماجة (۳۰۲۰)-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد بن شداد عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد بن شداد عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس روایت میں یہ الفاظ ہیں ''اگر مغرب اورعشاء کی نمازیں قضا ہوگئیں، توان دونوں کوایک اذان اورایک اقامت کے ساتھ پڑھے۔ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: یہ حدیث حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے ثابت نہیں ہے۔

☼ حضرت بلال اور حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم کی اذان کے درمیان وقفے کا بیان ☼

482/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) اَبِی اِسْحَاقِ السبيعی (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَـائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ أَذَانِ بِلَالٍ وَابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ اِلَّا قَدْرَ مَا يَنْزِلُ هٰذَا وَيَصْعِدُ هٰذَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''اسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتی ہیں: حضرت ''بلال رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ'' کی اذان کے دوران وقفہ صرف اتنا ہوتا تھا جتنا یہ اترے اور یہ چڑھ جائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) ابن عقدة (عن) عبد الواحد ابن حماد (عن) أبيه (عن) عبد الحكم بن ميسرة (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الواحد ابن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدحکم بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی رات کی عبادت کے آخر میں وتر پڑھتے اور وتروں میں دعائے قنوت پڑھتے ☼

483/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ جَابِرِ بْنِ يَزِيْدَ الْجُعْفِیِّ الْكُوْفِی (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْعَلُ وِتْرَهٗ آخِرَ صَلَاتِهٖ لَيْلًا وَيَقْنُتُ فِيْهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوعبداللہ جابر بن یزید جعفی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ''

(٤٨٢) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ١:١٣٨ واحمد ٦:٤٤ وابن خزيمة (٤٠٣) و (١٩٣٢) واسحاق بن راهويه (٩٣٤) والبخاری (٦٢٢) ومسلم (١٠٩٢) (٣٨) والبيهقی فی "السنن الكبرى" ١:٣٨١-

(٤٨٣) اخرجه احمد ٢:٢٠ وابو داود (١٤٣٨) وابو عوانة ٢:٣١٠ والبخاری (٩٩٨) ومسلم (٧٥١) (١٥١) والمروزی فی "قيام الليل" ١٣١ والبغوی فی "شرح السنة" (٩٦٥)-

سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ آپ اپنی رات کی نماز کے آخر میں وتر پڑھا کرتے تھے اور وتروں میں دعاءِ قنوت بھی پڑھتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) ابن عقدة أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبد الله بن إبراهيم بن قتيبة (عن) ابن

نمير (عن) عبد الله بن حماد (عن) القاسم بن إسماعيل والقاسم بن معن قالا سمعنا أبا حنيفة يقول ما سألت جابر الجعفِي عن مسئلة قط إلا أورد فيها حديثاً ولقد سألته عن وتر رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فقال حدثني نافع عن ابن عمر الحديث

قال الحافظ حدثنا ابن عقدة حدثنا ابن حازم حدثنا أبو غسان قال سمعت زهيراً يقول إذا قال جابر بن يزيد حدثني أو سمعت فاقطع به فإن جابراً من أصدق الناس عندى

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابن عقدہ احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن نمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، دونوں کہتے ہیں: ہم نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''میں نے حضرت ''جابر جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے جب بھی کوئی مسئلہ پوچھا ہے، آپ نے اس بارے میں حدیث ضرور بیان کی ہے، میں نے ان سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وتروں کے بارے میں مسئلہ پوچھا تو انہوں نے کہا: مجھے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: مجھے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: جب حضرت ''جابر بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھے حدیث بیان کی ہے یا یہ کہتے ہیں: میں نے سنا ہے۔ تو یہ اسناد قطعی ہوتی ہے کیونکہ میرے نزدیک حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سب سے زیادہ سچے ہیں۔

☼ عراق میں رہنے والوں کے لئے جہت قبلہ کا تعین ☼

484/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا جَعَلْتَ الْمَشْرِقَ عَنْ يَسَارِكَ وَالْمَغْرِبَ عَنْ يَمِيْنِكَ فَمَا بَيْنَهُمَا قِبْلَةُ اَهْلِ الْعِرَاقِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: جب تو نے مشرق کو اپنے بائیں جانب اور مغرب کو اپنے دائیں جانب کرلیا تو ان دونوں کے درمیان تیرے سامنے جو سمت ہے وہ اہل عراق کا قبلہ ہے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد

(عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ فجر اور عصر کے بعد نفلی نماز پڑھنا منع ہے ☼

☼ جو عورت ایمان رکھتی ہے، وہ اپنے محرم کے بغیر سفر نہ کرے ☼

485/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ)(عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ (عَنْ) قُزْعَةَ (عَنْ) اَبِی سَعِیْدٍ الْخُدرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لاَ صَلٰوةَ بَعْدَ الْغَدَاةِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَلاَ صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰی تَغِیْبَ الشَّمْسُ وَلاَ یُصَامُ هٰذَانِ الْیَوْمَانِ الْاَضْحٰی وَالْفِطْرُ وَلاَ تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلاثَةِ مَسَاجِدٍ اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی وَمَسْجِدِیْ هٰذَا وَلَا تُسَافِرُ اِمْرَاَةٌ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ اِلَّا مَعَ ذِیْ رَحْمٍ مَحْرَمٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ'' سے وہ حضرت قزعہ رحمۃ اللہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز فجر کے بعد کسی قسم کی کوئی نماز جائز نہیں ہے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور نماز عصر کے بعد کوئی (نفلی) نماز (جائز) نہیں ہے یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے۔ اور ان دو دن کا روزہ نہ رکھا جائے ○عیدالاضحیٰ کے دن ○عیدالفطر کے دن۔ اور سفر کیلئے رخت سفر نہ باندھا جائے مگر صرف تین مسجدوں کیلئے ○مسجد حرام ○مسجد اقصیٰ ○اور میری یہ مسجد۔ اور جو عورت اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتی ہے وہ اپنے ذی رحم محرم کو ہمراہ لئے بغیر سفر نہ کرے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الصمد بن الفضل (و) إسماعیل بن بشر كلاهما (عن) شداد بن حكیم (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن إسحاق السمسار (عن) جمعة بن عبد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(٤٨٥) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (١٤٩) فی الصلاة:باب مایعد من الصلاة وما یكره منها'والطحاوی فی " شرح مشكل الآثار" ٢٤٢:١'وابن حبان(١٦١٧)'واحمد ٣٤:٣'والبخاری(١١٩٧) فی فضل الصلاة فی مسجد مكة والمدینة:باب فضل بیت المقدس'ومسلم(٨٢٧)(٤١٥) فی الحج:باب سفر المرأة مع محرم الی حج وغیره'والبیهقی فی " السنن الكبری" ٤٥٢:٢-

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن محمد(عن) منذر بن محمد (عن) حسین بن محمد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) یحیی بن إسماعیل (عن) الحسن بن عثمان (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد عن أبیه (عن) ابن زیاد (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن أحمد بن عبد الملك (عن) أحمد بن داود (عن) إسحاق بن یوسف (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) عبد الله بن عبید الله (عن) أبی غالب الرافقی (عن) سعید بن مسلمة (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) أیوب بن هانی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) صالح بن أحمد القیراطی (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) عبد الله بن محمد بن علی الحافظ (عن) شعیب بن اللیث (عن) هارون بن هاشم (عن) یوسف بن واقد (عن) العلاء بن الحصین (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن علی بن زیاد اللخمی (عن) أبیه (عن) أبی قرة (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن یحیی (عن) أحمد بن عبد الله بن بهلول قال هذا كتاب جدی فقرأت فیه حدثنی أبی (و) القاسم بن معن (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن علی قال هذا كتاب جدی حسن بن علی فقرأت فیه حدثنا یحیی (عن) زیاد (عن(أبیه (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) محمد بن عبد الله الأصفهانی (عن) أحمد بن سلیمان بن یوسف (عن) أبیه (عن) النعمان بن عبد السلام الأصفهانی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ مختصراً لا یصام یومان

(ورواہ) أیضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن عبد الله المسروقی قال وجدت فِی كتاب جدی (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواہ) أیضاً (عن) عبد الله بن عبید الله (عن) عیسی بن أحمد (عن) المقری (عن) اَبی حَنِیْفَةَ

(ورواه) أيضاً (عن) جعفر بن شعيب الشاشى (عن) محمد بن يوسف (عن) أبى قرة موسى ابن طارق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن إبراهيم ابن زياد (عن) روح بن الفرج (عن) محمد بن الزبرقان (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن على (عن) عمر بن علي (عن) الصباح بن محارب (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) صالح بن أبى مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) صالح (عن) عمار بن خالد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

إلى قوله عليه الصلاة والسلام لا تسافر امرأة

(ورواه) أيضاً (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ النهى عن الصلاة والصوم

(ورواه)(عن) إسحاق ابن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) صالح (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ الحديث بتمامه

(قال الحافظ) ورواه عن اَبِى حَنِيْفَةَ حمزة وزفر والحسن بن زياد والقاسم بن الحكم (و) أبو يوسف (و) أيوب بن هانىء

(و) أسد بن عمرو (و) المنذر وأبو إسحاق (و) محمد بن الحسن (و) العلاء بن الحصين (و) أبو قرة والقاسم بن معن (و) يوسف بن البندار (و) سعيد بن مسلمة (و) عبد الله بن يزيد يعنى المقرى (و) النضر بن محمد رحمة الله عليهم

(وأخرجه) محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) الحسين بن الحسين الأنطاكى (عن) أحمد بن عبد الله الكندى (عن) على بن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه)(عن) الحسين بن القاسم (عن) محمد بن موسى الدولابى (عن) عباد بن صهيب (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ بمعناه

(ورواه)(عن) أحمد بن نصر بن طالب (عن) أحمد بن الحسن بن المحيا (عن) عبد الله بن محمد بن رستم (عن) محمد بن حفص (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخى فِي مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) أبى على بن شاذان (عن) القاضى أبى نصر ابن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزوينى (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أيضاً فِي نسخته فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ لكن أوله إلى قوله حتى تطلع الشمس والله تعالى أعلم

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''عبدالصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ''اورحضرت''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''شداد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن اسحاق سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جمعہ بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسین بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''سہل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد سے،انہوں نے اپنے والد سے،انہوں نے ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن احمد بن عبد الملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن داود رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسحاق بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''عبد اللہ بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوغالب رافقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''سعید بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہارون بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن واقد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علاء بن الحصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن علی بن زیاد لخمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا کی کتاب ہے میں نے اس میں پڑھا ہے، وہ کہتے ہیں: مجھے میرے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، اور حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، وہ کہتے ہیں: مجھے حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن عبداللہ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن سلیمان بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نعمان بن عبد السلام اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختصر طور پر روایت کیا ہے۔ (ان کی روایت میں یہ الفاظ ہیں) لا یصام یومان (دو دن روزہ نہ رکھا جائے)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ مسروقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ میں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد

اللہ بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''جعفر بن شعیب شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوقرہ موسیٰ بن طارق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''روح بن فرج رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عمر بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''صباح بن محارب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عمار بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد لاتسافر امراۃ ''کوئی عورت سفر نہ کرے'' تک روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''اسحاق ابن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے (مخصوص اوقات اور ایام میں) نماز اور روزہ سے ممانعت پر مشتمل احادیث روایت کی ہیں۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حمزہ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ

''، حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''منذر وابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علاء بن حصین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوقرہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یوسف بن بندار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبد اللہ بن یزید یعنی مقری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسین بن حسین انطا کی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حسین بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن موسیٰ دولابی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن صہیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن نصر بن طالب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حسن بن محیا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن رستم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو نصر ابن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ لیکن اس کا ابتدائی حصہ حتی تطلع الشمس تک ہے۔

اَلْفَصَلُ الثَّانِیْ فِی الْقِرَاءَ ةِ وَالْقُنُوْتِ وَاِخْفَاءِ الْبَسْمَلَةِ

قرأت کے بغیر نماز نہیں ہوتی ۴۸۶

486/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَادٰی مُنَادِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْمَدِیْنَةِ لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِقَرَاءَ ةٍ وَلَوْ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ

(۴۸۶) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۲۰۸:۱ واحمد ۳۰۸:۲ والبیهقی فی "القراءة خلف الامام" (۱۳) وابو داود (۸۱۹)۔

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ''حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: مدینہ منورہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے اعلان کیا'' قرأت کے بغیر نماز نہیں ہوتی اگر چہ صرف سورۃ فاتحہ ہی پڑھ لو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر الهروی (عن) أحمد ابن محمد الكندی (عن) نعيم بن حماد (عن) عبد الله بن المبارك (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) ابن عقدة عن إسحاق ابن إبراهيم بن حاتم الأنباری (عن) أحمد بن عبد الله بن محمد الكوفِی (عن) عبد الله بن المبارك (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غير أنه قال لا صلوة إلا بقراء ة بفاتحة الكتاب وقال مرة بقراء ة ولو بفاتحة الكتاب

(وأخرجه) محمد بن المظفر فِی مسنده (عن) الحسين بن الحسين (و) أحمد بن علی بن سعيد كلاهما (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) نعيم بن حماد (عن) عبد الله بن المبارك (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِی مسنده (عن) المبارك ابن عبد الجبار الصيرفِی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ بأسانيده المذكورة

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی (عن) أبی بكر الخطيب (عن) القاضی أبی عبد الله الصيمری (عن) عبد الله بن محمد بن عبد الله بن محمد بن عبد الله المعدل (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) إسحاق بن إبراهيم بن حاتم الأنباری (عن) أحمد بن عبد الله بن محمد الكوفِی مر بنا بالأنبار (عن) نعيم بن حماد (عن) عبد الله بن المبارك (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' محمد بن منذر ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد ابن محمد کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' اسحاق بن ابراہیم بن حاتم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' احمد بن عبداللہ بن محمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں'' نماز سورۃ فاتحہ پڑھے بغیر نہیں ہوتی، اور فرمایا: اس کو قرأت کا حکم دو اگر چہ سورۃ فاتحہ ہی پڑھ لے۔

○اس حدیث کو حضرت'' محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت'' حسین بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' احمد بن علی بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت'' احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت'' ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت'' مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت'' حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسانید کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوعبداللہ صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن عبداللہ معدل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن ابراہیم بن حاتم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے (انبار میں) انہوں نے حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ سورۃ فاتحہ اور مزید کچھ قرآن کے بغیر نماز نہیں ہوتی ☼

487/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِبْنِ زِيَادِ الْحَنْظَلِيْ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لاَ صَلاَةَ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَمَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ بَعْدَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن زیاد حنظلی سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: نماز سورۃ فاتحہ کے بغیر اور اس کے بعد جتنا میسر ہو قرآن کے بغیر نہیں ہوتی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبد الله بن إبراهيم بن قتيبة (عن) العلاء (عن) محمد بن حسان الطائي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسان طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کی تعلیم کے لئے نماز میں ثناء بالجہر پڑھی ☼

488/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عُمَرِ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ نَاساً مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ اَتَوْا عُمَرَ بْنِ الْخِطَّابِ لَمْ يَأْتُوْهُ اِلَّا لِيَسْاَلُوْهُ عَنْ اِفْتِتَاحِ الصَّلاَةِ فَقَامَ عُمَرُ فَافْتَتَحَ الصَّلاَةَ وَهم خَلْفَه' ثُمَّ جَهَرَ فَقَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، حضرت حماد سے، وہ حضرت ابراہیم سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں، بصرہ کے کچھ لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت نماز کے افتتاح کی بابت مسئلہ پوچھنے کے لئے آئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اٹھ کر کھڑے ہوئے، نماز شروع کی، وہ سب لوگ آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بلند آواز

(۴۸۷)...قلت: وقد اخرج ابن ابی شیبة ۱:۳۷۳ فی الصلاة: باب من رخص فی القراء ة خلف الامام ... قال : سألت عمر بن الخطاب عن القراء ة خلف الامام؟ فقال لی: اقرأ. قلت: وان کنت خلفک؟ قال: وان کنت خلفی. قلت: وان قرأت؟ قال: وان قرأت-

(۴۸۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۷۲) فی الصلاة: باب افتتاح الصلاة والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱:۱۹۸ فی الصلاة: باب مایقال فی الصلاة بعد تکبیرة الاحرام والحاکم فی "المستدرک" ۱:۲۳۵-

سے ثناء

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

پڑھی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد رحمه الله وبهذا نأخذ فِي افتتاح الصلاة ولكن لا نرى أن يجهر بذلك الإمام ولا من خلفه وإنما جهر بذلك عمر ليعلمهم ما سألوه عنه وكذلك بلغنا عن إبراهيم النخعي وهو قول اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔
پھر حضرت امام محمد نے فرمایا: نماز کے افتتاح کے حوالے سے ہم اسی حدیث کو اپناتے ہیں، لیکن ہمارا یہ مذہب نہیں ہے کہ امام اور مقتدی ثناء بلند آواز کے ساتھ پڑھیں کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو نماز کے افتتاح سکھانے کی غرض سے یہ بلند آواز سے پڑھی تھی۔ حضرت ابراہیم نخعی کے حوالے سے بھی ہمیں یہ حدیث اسی طرح پہنچی ہے اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ حضرت علقمہ امام کے پیچھے جہری اور سری کسی بھی نماز میں قرأت نہیں کرتے تھے ☼

489/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ لَمْ يَقْرَأْ عَلْقَمَةُ خَلْفَ الْاِمَامِ حَرْفاً لَا فِيْمَا يُجْهَرُ فِيْهِ بِالْقِرَاءَةِ وَلَا فِيْمَا لَا يُجْهَرُ فِيْهِ وَلَا قَرَاَ فِي الْاُخْرَيَيْنِ بِاُمِّ الْكِتَابِ وَلَا غَيْرِهَا خَلْفَ الْاِمَامِ وَلَا اَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ جَمِيْعاً

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت حماد سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے امام کے پیچھے ایک حرف بھی قرأت نہیں کی، نہ جہری نمازوں میں نہ سری نمازوں میں اور نہ ہی امام کے پیچھے بعد والی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ پڑھی نہ کچھ اور پڑھا اور نہ ہی حضرت عبداللہ کے کسی صاحب نے یہ پڑھا۔

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ انکے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حبیب بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی نمازوں میں اور جمعہ کی نماز میں سورۃ هل اتاك حديث الغاشيه، اور سورۃ سبح اسم ربك الاعلى، پڑھا کرتے تھے، اور جب عید اور جمعہ ایک ہی دن میں آتا تب بھی آپ یہی دونوں سورتیں پڑھا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي علي الحسن بن محمد بن سعيد الأنصاري (عن) محمد

---

(٦٠٢) قد تقدم ايضاً في (٥٩٩)-

بن عمران العمرانی (عن) القاسم بن الحکم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد ابن خالد بن عمرو (عن) أبيه (عن) عكرمة بن يزيد الألهانی (عن) الأبيض بن الأغر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قال الحافظ

ورواه شعبة (عن) إبراهيم كذلك

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفِی (عن) أبی محمد الحسن الفارسی (عن) محمد بن المظفر بإسناده المذكور أولاً إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه الله

(ورواه) أيضاً بهذا الإسناد إلی ابن المظفر الحافظ (عن) أحمد بن خالد بإسناده إلی اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن عبد الجبار الصيرفِی (عن) علی بن الحسن البصری إذناً (عن) ابن الثلاج (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) محمد بن عبد الله بن عبد الرحمن بن محمد بن مسروق (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ وسفيان الثوری

(ورواه) (عن) عبد الله بن أحمد الدمشقی (عن) أبی محمد عبد العزيز بن أحمد الكنانی (و) أبی القاسم المسلم بن أحمد الكعكی كلاهما (عن) أبی محمد عبد الرحمن بن عثمان بن أبی نصر (عن) أبی الحسن خيثمة بن سليمان بن حيدرة القرشی (عن) عبد الله بن أحمد بن أبی ميسرة (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ

O اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران عمرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

O اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن خالد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عکرمہ بن یزید الہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابیض بن اغر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

O حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: اس حدیث کو حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اسی طرح روایت کیا ہے۔

O اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

O اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہی اسناد حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر روایت کیا ہے اور انہوں نے یہ حدیث حضرت ''احمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، وہ اپنی اسناد حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر اُن سے روایت کرتے ہیں۔

O اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے (اجازت کے طور پر) انہوں نے

حضرت ''ابن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن احمد دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبد العزیز بن احمد کنانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو قاسم مسلم بن احمد کعکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابومحمد عبد الرحمٰن بن عثمان بن ابونصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن خیثمہ بن سلیمان بن حیدرہ قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن احمد بن ابو میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جمعہ کے دن امام منبر پر چڑھے تو خطبہ سے پہلے کچھ دیر بیٹھے ☼

603/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَطِیَّةَ الْعَوْفِی (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا صَعِدَ الْمِنبَرَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ جَلَسَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ جَلْسَةً خَفِیْفَةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطیہ الاوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن جب منبر پر چڑھتے تو خطبہ سے پہلے کچھ دیر بیٹھتے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعید بن جعفر کتابة (عن) یحیی بن فروخ (عن) عبد الوهاب بن إبراهیم الخراسانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن فروخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الوہاب بن ابراہیم خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ وتر چھوڑ کر سرخ اونٹ بھی ملیں تو منظور نہیں ☼

604/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ مَا اُحِبُّ اَنِّی تَرَکْتُ الْوِتْرَ وَاِنَّ لِیْ مِثْلَ حُمْرِ النَّعَمِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: اگر مجھے وتر چھوڑنے کے بدلے سرخ اونٹ بھی ملیں تب بھی میں یہ ہرگز پسند نہیں کرتا۔

---

(۶۰۳) اخرجه احمد ۲:۳۵ وعبد الرزاق (۵۲۶۱) وابن ماجة (۱۱۰۳) والنسائی فی "الکبری" (۱۷۳۱) وابن الجارود (۲۹۵) والطبرانی فی "الکبیر" (۱۳۲۹۶) والبیهقی فی "السنن الکبری" ۳:۱۹۷ والبخاری (۹۲۰)-

(۶۰۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۳۳) وفی "الموطأ" (۲۶۰) وابو یوسف فی "الآثار" (۳۴۲) ومحمد بن الحسن الشیبانی فی "الحجة علی اهل المدینة" ۱:۱۹۶ وعبد الرزاق (۴۵۷۸) وابن ابی شیبة ۲:۲۹۷-

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن ابن زياد فِي مسنده (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ فتح مکہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ٹب میں غسل کیا، پھر چار رکعتیں پڑھیں ☼

605/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ هِنْدِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اُمِّ هَانِئِ بِنْتِ اَبِيْ طَالِبٍ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اِغْتَسَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ مِنْ جَفْنَةٍ فِيْهَا اَثَرُ الْعَجِيْنِ ثُمَّ صَلّٰى اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوالہند حارث بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ سیدہ ''ام ہانی بنت ابو طالب رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن ایک ایسے ٹب میں غسل کیا جس کے اندر آٹا گوندھنے کے اثرات موجود تھے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چار رکعتیں پڑھیں۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبى عبيد (عن) محمد بن على المداينى فستقه (عن) أحمد بن هشام بن بهرام (عن) أبيه (عن) أبى يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن خيرون (عن) خاله أبى على (عن) أبى عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضى عمر الأشنانى (عن) محمد ابن حنيفة (عن) تميم بن المنتصر (عن) إسحاق الأزرق (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ غير أنه قال ثم صلى ركعتين وهكذا

(أخرجه) القاضى عمر الأشنانى بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی المداینی فستقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن ہشام بن بہرام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے محمد ابن حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''تمیم بن

(٦٠٥) اخرجه ابن خزيمة ١١٩:١ وعبد الرزاق (٤٨٦٠) واحمد ٣٤١:٦ والطبرانی فی "الكبير" ٤٣٦:٢٤ (١٠٣٨) والبيهقی فی "السنن الكبری" ٨:٦ واورده الهيثمی فی "مجمع الزوائد" ٢٦٩:٢ -

مختصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں ''پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھیں''

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ کھڑے ہو کر ارشاد فرماتے تھے☼

606/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ رَجُلاً حَدَّثَهُ اَنَهُ سَاَلَ عبدُ اللّٰهِ ابنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ خُطْبَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ اَمَا تَقْرَاُ سُوْرَةَ الْجُمُعَةِ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لاَ اَعْلَمُ فَقَالَ فَاقْرَؤُا (وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْواً انْفَضُّوْا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِماً) قَالَ فَالْخُطْبَةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِماً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی بیان کرتا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ جمعہ کے بارے میں پوچھا، انہوں نے فرمایا: کیا تم سورۃ جمعہ نہیں پڑھتے ہو؟ اس نے کہا: کیوں نہیں، لیکن مجھے معلوم نہیں ہے (کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ جمعہ کیسا ہوتا تھا) حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: تم یہ آیت پڑھو

وَ اِذَا رَاَوْا تِجٰرَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْۤا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآئِمًا

''اور جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل دیکھا اس کی طرف چل دیئے اور تمہیں خطبہ میں کھڑا چھوڑ گئے''

(ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اس سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ کھڑے ہو کر ارشاد فرماتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن سعيد (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِی حَنِيْفَةَ (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) محمد بن إبراهيم ابن أحمد (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفِي (عن) أبی محمد الحسن بن علی الفارسی (عن) محمد بن المظفر الحافظ (عن) محمد بن إبراهيم بن أحمد (عن) محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أبی طالب ابن يوسف (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

---

(٦٠٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (٢٠٢) وابن ابی شيبة ١١٢:٢ والطبرانی فی "الكبير" (١٠٠٠٣) وابن ماجة (١١٠٨) فی اقامة الصلاة: باب ماجاء فی الخطبة يوم الجمعة-

(وأخرجه) محمد بن الحسن فِي نسخته فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''صالح بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن ابراہیم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابومحمد حسن بن علی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن ابراہیم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوطالب ابن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عیدین کی نمازوں میں کنواری لڑکیوں اور ایام والی خواتین کا آنا ☼

607/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْـرَاهِیْمَ عَمَّنْ سَمِعَ اُمَّ عَطِیَّةَ تَقُوْلُ رُخِّصَ لِلنِّسَاءِ فِی الْخُرُوْجِ اِلَى الْعِیْدَیْنِ حَتّٰی لَقَدْ کَانَتِ الْبِکْرَانِ تَخْرُجَانِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ حَتّٰی لَقَدْ کَانَتِ الْحَائِضُ لَتَخْرُجَ فَتَجْلِسُ فِی عَرْضِ النَّاسِ یَدْعُوْنَ وَلَا یُصَلِّیْنَ .

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اس شخص سے روایت کرتے ہیں جس نے حضرت''ام عطیہ رضی اللہ عنہا'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ عورتوں کو عیدین میں آنے کی اجازت دی گئی ہے حتیٰ کہ دو کنواری لڑکیاں ایک کپڑے میں لپٹ کر نکلتی تھیں حتیٰ کہ حائضہ عورتیں بھی نکلتی تھیں،وہ عیدگاہ میں آ کر لوگوں سے الگ ہو کر بیٹھ جایا کرتی تھیں،وہ دعا میں شریک ہوتیں تھیں،نماز میں شریک نہیں ہوتیں تھیں۔

(أخرجه) أبـو محمد البخاری (عن) علی بن الحسن بن سعید (عن) عـمرو بن حمید (عن) نوح بن دراج (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(٦٠٧) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (٢٠٥) واحمد ٥:٨٤ والبخاری (١٦٥٢) والنسائی ١٩٣:١ والطبرانی فی "الکبیر" ٢٥:(١٣٠) وابن خزیمة (١٤٦٦) والحمیدی (٣٦١) والبیهقی فی "السنن الکبری" ٣:٣٠٦-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن حسن بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورتوں کو عیدین میں شمولیت کی اجازت ہوتی تھی ☼

608/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْکَرِیْمِ بْنِ اَبِیْ الْمَخَارِقِ (عَنْ) اُمِّ عَطِیَّةَ اَنَّهَا قَالَتْ کَانَ یُرَخَّصُ لِلنِّسَاءِ فِی الْخُرُوْجِ فِی الْعِیْدَیْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰی

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالکریم بن ابی مخارق رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ سیدہ ''ام عطیہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتی ہیں: عورتوں کو عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ میں شمولیت کی اجازت ہوا کرتی تھی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی نسخته فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایام معدودات سے مراد ذی الحجہ کے دس دن اور ایام معلومات سے مراد ایام تشریق ہیں ☼

609/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَاذْکُرُوا اللّٰهَ فِی اَیَّامٍ مَعْدُوْدَاتٍ) قَالَ الْاَیَّامُ الْمَعْدُوْدَاتُ اَیَّامُ الْعَشَرِ وَالْمَعْلُوْمَاتُ اَیَّامُ النَّحْرِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''وَاذْکُرُوا اللّٰهَ فِی اَیَّامٍ مَعْدُوْدَاتٍ'' کے بارے میں روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: ایام معدودات سے مراد دس دن ہیں اور معلومات سے مراد ایام النحر یعنی قربانی کے دن ہیں۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبی بکر أحمد بن جعفر بن حمدان القطیعی (عن) بشر بن موسی (عن) أبی عبد الرحمن عبد الله بن یزید المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ظہر کی چار قبلیہ اور جمعہ کی چار قبلیہ رکعتیں ایک سلام کے ساتھ پڑھی جائیں ☼

610/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ وَاَرْبَعٌ قَبْلَ الْجُمُعَةِ لا یَفْصِلُ بَیْنَهُنَّ بِالتَّسْلِیْمِ

(۶۰۸) قد تقدم فی (۶۰۷)۔

(۶۰۹) اخرجه البیهقی فی "معرفة السنن والآثار" ۲۵۵:٤ عن عبد الله بن عباس رضی الله عنهما۔

✧✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں: چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور چار رکعتیں جمعہ سے پہلے ان کے درمیان سلام پھیر کر فاصلہ نہیں کیا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ عشاء کے بعد چار رکعتیں پڑھنے کا ثواب شب قدر میں پڑھی گئی ۴ رکعتوں کے برابر ہے ☼

611/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْحَارِثِ بْنِ دِثَارٍ اَوْ مَحَارِبِ بْنِ دِثَّارٍ شَكَّ مُحَمَّدٌ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ مَنْ صَلّٰی اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ بَعْدَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ قَبْلَ اَنْ یَّخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاِنَّهُنَّ یَعْدِلْنَ اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ مِنْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ

✧✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "حارث بن دثار رحمۃ اللہ علیہ" یا حضرت "محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ" سے (اس میں حضرت "محمد رحمۃ اللہ علیہ" کو شک ہے) وہ حضرت "عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما" سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: جس نے عشاء کی نماز کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعتیں پڑھیں، اس کو لیلۃ القدر میں پڑھی گئیں چار رکعتوں کے برابر ثواب ملے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ تلاوت خوب ٹھہر ٹھہر کر کرنی چاہئے ☼

612/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ وَقِّرُوا التِّلَاوَةَ یَعْنِی السُّكُوْتَ فِیْهَا

✧✧ حضرت "امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "معن بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ ان کے "والد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: تلاوت کی توقیر کیا کرو یعنی اس میں سکوت اختیار کیا کرو۔ (یعنی تلاوت خوب ٹھہر ٹھہر کر کیا کرو)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

---

(٦١٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (١١٠) وابن ابی شيبة ١٣٣:٢ والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ٣٣٥:١-

(٦١١) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (١١٢) وابن ابی شيبة ٢٤٣:٢ فی الصلاة: باب فی اربع ركعات بعد العشاء-

(٦١٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (١١٤) وعبد الرزاق (٣٣٠٥) ٢٦٥:٢ وابن ابی شيبة ٣٤٠:٢ والطبرانی فی "الكبير" (٩٣٤٣) والبيهقی فی "السنن الكبری" ٢٨٠:٢ وابن المبارك فی "الزهد" (١١٥٠)-

☼ نماز جمعہ میں سورۃ الجمعۃ اور سورۃ المنافقون پڑھنا رسول اکرم ﷺ کی سنت ہے ☼

613/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ (عَنْ) مُسْلِمِ الْبَطِیْنِ (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَاُ فِی الْجُمُعَۃِ سُوْرَۃَ الْجُمُعَۃِ وَالْمُنَافِقِیْنَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''مخول بن راشد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مسلم بطین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ جمعہ کے دن سورۃ جمعہ اور سورۃ منافقون پڑھا کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) يعقوب بن يوسف بن زياد (عن) أبي جنادة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن یوسف بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجنادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورتوں کو عیدین میں شمولیت کی اجازت ہوتی تھی ☼

614/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) عَبْدِ الْکَرِیْمِ اَبِیْ اُمَیَّۃَ (عَنْ) اُمِّ عَطِیَّۃَ قَالَتْ کَانَ یُرَخَّصُ لِلنِّسَاءِ فِی الْخُرُوْجِ اِلَی الْعِیْدَیْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰی

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالکریم ابوامیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ سیدہ ''ام عطیہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتی ہیں: عورتوں کو عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ میں شامل ہونے کی اجازت دی گئی تھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) عبد الصمد بن الفضل (و) إسماعيل بن بشر كلاهما (عن) شداد بن حكيم (عن) زفر بن الهذيل (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) محمد بن الحسن البزاز البلخي (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما

(ورواه) (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد ابن الحسن الشيباني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني قال قرأت فِي كتاب حمزة بن حبيب (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبي الجهم (عن)

(٦١٣) اخرجه ابن ابي شيبة ٢:١٤٢ في الصلاة:باب ما يقرأ به في صلاة الجمعة'ومسلم ٢:٥٩٩ (٦٤)'وابو داود (١٠٦٨)'والنسائي (١٧٣٦)-

(٦١٤) قد تقدم في (٦٠٧)-

اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواه) (عن) عبد الله بن عبيد الله بن شريح (عن) عيسى بن أحمد (عن) المقرى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواه) (عن) سهل بن بشر الكندى (عن) الفتح بن عمرو (وعن) محمد بن المنذر (عن) الحسن بن حماد كلاهما (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غير أنه قال إن كانت البكران لتخرجان فِى الثوب الواحد فِى العيدين

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله ابن موسى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ مثله

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) حسين بن محمد (عن) أبى يوسف (و) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ مثله

(ورواه) كذلك (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد(عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبى الجهم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ مثله

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن عبد الله بن محمد بن مسروق قال وجدت فِى كتاب جدى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ مثله

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبى الجهم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غير أنه قال كانت الطامث لتخرج فتجلس فِى عرض النساء وتدعو فِى العيدين

قال أبو محمد أم عطية هذه وإن لم تكن تذكر النبى صَلّٰى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِى هذه الأخبار فحكايتها كلها (عن) النبى صَلّٰى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قد ثبت ذلك فِى أخبار كثيرة رويت عنها من غير وجه نذكر خبراً منها لتعلموا ذلك

(حدثنا) عبد الصمد بن الفضل وإسماعيل بن بشر كلاهما (عن) شداد ابن حكيم (عن) أبى جعفر الرازى (عن) هشام (عن) حفصة بنت سيرين (عن) أم عطية رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهَا قالت أمرنا رسول الله صَلّٰى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أن نخرج يوم النحر ويوم الفطر ذوات الخدور والحيض فأما الحيض فيعتزلن الصلاة ويشهدن الخير ودعوة المسلمين فقالت امرأة يا رسول الله إذا كانت إحدانا ليس لها جلباب قال لتلبسها أختها من جلبابها

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِى مسنده (عن) أبى العباس بن سعيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فِى مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر بن محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواه) (عن) أبى طالب بن يوسف (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) أبى العباس محمد بن نصر بن أحمد بن

محمد بن مکرم الشاھد(عن) الحسین بن الحسن الأنطاکی (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) علی ابن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رحمه الله

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''عبدالصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ''اورحضرت''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''شداد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن حسن بزاز بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد ابن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی کہتے ہیں: میں نے حضرت''حمزة بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ' کی کتاب میں پڑھا ہے،حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے چچا حضرت''رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والد حضرت''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''عبد اللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عیسیٰ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''سہل بن بشر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن

حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ ہے ''کنوری دو دو لڑکیاں ایک کپڑے میں لپٹ کر عیدین میں شامل ہوا کرتی تھیں۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ ابن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اسی طرح روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) کذلک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد سے، انہوں نے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت '' رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا حضرت ''مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرؒ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ ہے کہ حیض والی عورت عیدگاہ میں آئے اور خواتین سے الگ ہو کر بیٹھ جائے اور دعا میں شریک ہو۔

حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے ان روایت میں اگرچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل بیان نہیں کیا ہے لیکن ان کا روایت کیا ہوا واقعہ دیگر بہت ساری احادیث میں موجود ہے، آپ کے علم میں اضافے کے لئے ہم ان میں سے کچھ کا ذکر ذیل میں کر رہے ہیں۔

○ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''عبدالصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ان دونوں نے حضرت ''شداد ابن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفصہ بنت سیرین رحمۃ اللہ علیہا'' سے، انہوں نے حضرت ''ام عطیہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کیا ہے، آپ فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے موقعوں پر عیدگاہ میں آئیں، پردہ دار خواتین بھی آئیں، حیض والیاں بھی آئیں، جو حیض والیاں ہیں، وہ نماز سے الگ ہو کر بیٹھی رہیں، مسلمانوں کی دعا میں شریک ہوں اور صدقہ و خیرات میں شریک ہوں۔ ایک عورت نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کچھ خواتین ایسی ہیں جن کے پاس پردے کے لئے چادر نہیں ہے، وہ کیا کریں؟ ارشاد فرمایا: اپنی بہن کی چادر کے ساتھ پردہ کر کے آجائیں۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اپنی مسند میں حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر بن محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس محمد بن نصر بن احمد بن محمد بن مکرم شاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حسن انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی ابن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ماہ رمضان میں راتوں کے قیام کا انداز ☼

615/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنِ) الْھَیْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا دَخَلَ شَھْرُ رَمْضَانَ نَامَ وَقَامَ فَاِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ الْاَوَاخِرُ شَدَّ الْمِیْزَرَ وَاَحْیَی اللَّیْلَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ایک آدمی سے، وہ ام المؤمنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' جب ماہ رمضان شروع ہوتا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم راتوں کو نیند بھی کرتے تھے اور قیام بھی کرتے تھے۔ لیکن جب آخری عشرہ شروع ہوجاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا ازار بند کس کر باندھ لیتے اور ساری رات قیام کیا کرتے تھے

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) زکریا بن یحیی بن سیف البخاری (عن) محمد بن الفضل (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زکریا بن یحییٰ بن سیف بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جو تنہائی میں نماز پڑھتا ہے، وہ منافق نہیں ہوسکتا، کیونکہ منافق اکیلا نماز نہیں پڑھتا ☼

616/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) جُوَابِ التَّیْمِیِّ اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ اَبَا مُوْسٰی اِنِّیْ خِفْتُ اَنْ اَکُوْنَ مُنَافِقاً قَالَ فَقَالَ ھَلْ صَلَّیْتَ صَلَاۃً وَحْدَکَ قَطُّ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا صَلّٰی مُنَافِقٌ وَحْدَہٗ قَطُّ

(٦١٥) اخرجه عبد الرزاق (٧٧٠٤) والحمیدی (١٨٧) واسحاق بن راهویه (١٤٤٠) والبخاری (٢٠٢٤) ومسلم (١١٧٤) وابوداود (١٣٧٦) والنسائی فی "المجتبی" ٣:٢١٧ وفی "الکبری" (١٣٣٤)۔

(٦١٦) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (١٩٩) فی الصلاۃ: باب صلاۃ من خاف النفاق۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''جواب تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آدمی نے حضرت ''ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ'' سے پوچھا: مجھے یہ خوف ہے کہ میں منافق ہو جاؤں گا۔انہوں نے فرمایا: کیا تو نے تنہا نماز پڑھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔آپ نے فرمایا: منافق کبھی اکیلا نماز نہیں پڑھتا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني (عن) القاسم بن محمد الدلال (عن) أبي بلال الأشعري (عن) أبي يوسف القاضي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما

(وأخرجه) القاضي الأشناني بإسناده المذكور

(وأخرجه) محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ لكن مفصلاً فقال له أبو موسى أما صليت قط حيث لا يراك أحد إلا الله قال بلى قال فإن المنافق لا يصلي حيث لا يراه أحد إلا الله

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے قاسم بن محمد دلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوبلال اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔لیکن مفصل حدیث یوں ہے۔حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: کیا تو نے کبھی ایسی نماز پڑھی ہے؟ جہاں تجھے اللہ کے سوا دیکھنے والا کوئی نہ ہو؟ اس نے کہا: جی ہاں۔انہوں نے فرمایا: (تو تم منافق نہیں ہو کیونکہ) منافق کبھی ایسی جگہ پر نماز نہیں پڑھتا جہاں پر اللہ تعالیٰ کے سوا اس کو کوئی دیکھنے والا نہ ہو۔

☼ فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑا اوڑھ کر نماز پڑھی ☼

617/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِي صَالِحٍ (عَنْ) اُمِّ هَانِئٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَضَعَ لَامَتَهٗ وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهٗ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَا بِثَوْبٍ وَاحِدٍ فَصَلّٰى فِيْهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن اپنا خود اتارا پھر پانی منگوایا اس کو اپنے اوپر بہایا پھر آپ نے ایک کپڑا منگوایا اور اس کو اوڑھ کر نماز ادا کی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري(عن) عبد الصمد بن الفضل (و) إسماعيل بن بشر كلاهما (عن) مكي بن إبراهيم (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(٦١٧) قد تقدم في (٦٠٥)۔

(ورواه) (عن) محمد بن إسحاق بن عثمان السمسار (عن) جمعة بن عبيد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ غير أنه قال فِي آخره متوشحاً

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) أحمد بن الحسن بن سعيد بن عثمان (عن) أبيه (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن أحمد بن عبد الملك (عن) أحمد بن داود الأيلی (عن) إسحاق الأزرق (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ غير أنه قال دعا بماء فأتی به فِي جفنة فيها وضر العجين فاستتر بثوب فاغتسل ثم دعا بثوب فتوشح به ثم صلی ركعتين قال أبو حنيفة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وهی الضحی

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبی الجهم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ غير أنه قال فيها أثر العجين وقال فِي آخره صلی أربعاً أو ركعتين

(ورواه) (عن) محمد بن إسحاق بن عثمان السمسار (عن) محمد بن يزيد (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) عبد الله ابن محمد بن علی البلخی (و) عبد الله بن عبيد الله بن شريح كلاهما (عن) عبد الله ابن أحمد (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) صالح ابن أبی مقاتل (عن) أحمد بن عبد الله بن سويد (عن) أبی عاصم النبيل (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) أحمد بن عبد الله بن سويد (عن) أبی عاصم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) إسماعيل بن محمد بن أبی كثير (عن) مكی بن إبراهيم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً(عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد (عن) نصر بن أحمد (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) الشريف أبی سعيد الحسن ابن الحسين بن علی بن العباس (عن) أبی علی الحسن بن أحمد بن إبراهيم بن شاذان (عن) أبی الحسن عبد الرحمن بن أحمد بن سيماء المجبر (عن) إسماعيل بن أحمد التستری (عن) مكی بن إبراهيم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

قال الحافظ تفرد بروايته أبو حنيفة (عن) الحارث بن عبد الرحمن

(ورواه) (عن) القاضی أبی مسلم عبد الرحمن بن عمر السمنانی الحنفِي (عن) أبی علی الحسن بن أحمد بن إبراهيم بن شاذان بإسناده المذكور سواء

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی الحافظ فِي مسنده (عن) أبی طالب محمد بن علی بن الفتح إذناً (عن) علی بن عمر الحافظ (عن) محمد بن مخلد بن حفص (عن) أبی الليث نصر بن أحمد أبی سورة المروزی (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان

دونوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس کے آخر میں یہ کہا ہے ''کپڑے میں لپٹ کر''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حسن بن سعید بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن داود الایلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق الازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس روایت میں یہ اضافہ ہے ''حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا، ایک ٹب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی پیش کیا گیا، اس ٹب میں آٹے کا اثر موجود تھا، ایک کپڑے کے ساتھ آپ نے ستر کا اہتمام فرمایا، پھر غسل کیا، پھر ایک کپڑا منگوایا، اس کو لپیٹ کر دو رکعتیں پڑھیں۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ دو رکعتیں چاشت کی تھیں۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اس روایت میں یہ ہے ''اس میں آٹے کا اثر تھا، اور اس کے آخر میں فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار یا دو رکعتیں پڑھیں''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبداللہ ابن محمد بن علی بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عبداللہ ابن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح ابن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم نبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسنادیوں ہے) رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن ابو کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''نصر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''شریف ابوسعید حسن ابن حسین بن علی بن عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن عبدالرحمٰن بن احمد بن سیماء مجبر سے،انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن احمد تستری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت حافظ فرماتے ہیں: اس حدیث کو حضرت ''حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' منفرد ہیں۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت قاضی ''ابومسلم عبدالرحمٰن بن عمر سمنانی حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی سابقہ اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوطالب محمد بن علی بن فتح رحمۃ اللہ علیہ'' سے (اجازت کے طور پر)،انہوں نے حضرت ''علی بن عمر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن مخلد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابولیث نصر بن احمد ابو سورہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کو ہر کام میں استخارہ کرنا اس طرح سکھاتے تھے جیسے قرآن سکھاتے تھے☼

618/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْإِسْتِخَارَةَ فِي الْاَمْرِ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمام امور میں استخارہ کرنا اس طرح سکھایا کرتے تھے جس طرح آپ ہمیں قرآن کی کسی سورت کی تعلیم دیا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازی والحارث بن الأسد الأسداباذی كلاهما (عن) عمرو بن حميد القاضی

(ورواه) (عن) عبد الله بن محمد بن عبد العزيز البغدادی (عن) يحيى بن عثمان الحربی

(٦١٨) اخرجه الطبرانی فی "الكبير" (١٠٤٢١) وفی "الاوسط" ١٠٦:٤ (٣٧٢٣) و(٣٧٢٤) وفی "الصغير" ٣١٦:١ (٥٢٤) وعبد الرزاق (٢٠٢١٠) وابن ابی شيبة ٢٩٤:١-

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل الهروی (عن) القاسم بن نصر بن جبرئیل (عن) مالك بن سلیمان الحمصی كلهم جمیعاً (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ واللفظ صالح بن أحمدُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إذا أراد أحدكم أمراً فلیتوضأ ولیركع ركعتین ثم لیقل اللهم إنی أستخیرك بعلمك وأستقدرك بقدرتك وأسألك من فضلك العظیم فإنك تعلم ولا أعلم وتقدر ولا أقدر إنك أنت علام الغیوب اللهم إن كان هذا الأمر خیراً لی فِی دینی وخیراً لی فِی معیشتی وخیراً لی فِی عاقبة أمری فیسره لی وبارك لی فیه

(ورواه) أیضاً (عن) الحارث بن أسد (عن) عمرو بن حمید (عن) محمد بن المنذر (عن) عمران بن بكار الكلاعی الحمصی (عن) الربیع بن روح (وعن) أحمد بن محمد الهمدانی (عن) إسماعیل بن الفضل البلخی أخی عبد الصمد (عن) إبراهیم بن العلاء بن الضحاك (وعن) أحمد بن محمد (عن) یحیی بن إسماعیل (عن) جعفر بن علی كلهم (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وزاد فِی آخره وإن كان غیره خیراً لی فاقدر لی الخیر حیث كان ثم رضنی به

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) صالح بن محمد (عن) القاسم بن نصر بن جبریل (عن) أبی أنس مالك بن سلیمان الحمصی (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أحمد ابن محمد الهمدانی (عن) إسماعیل بن الفضل البلخی (عن) إبراهیم بن العلاء بن الضحاك (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أیضاً (عن) أبی عبید (عن) نصر بن محمد (عن) عبد الوهاب بن الضحاك (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) عبد الله بن أحمد بن حنبل (عن) عمران ابن بكار (عن) الربیع بن روح (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) إسماعیل بن الفضل البلخی (عن إبراهیم بن العلاء بن الضحاك (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) ابن خسرو (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر الأشنانی بإسناده المذكور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت''حارث بن اسداسداباذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''عمرو بن حمید القاضی'' سے،انہوں نے عبد اللہ بن محمد بن عبد العزیز بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یحییٰ بن عثمان حربی '' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن احمد بن ابومقاتل ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاسم بن نصر بن جبرئیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مالک بن سلیمان حمصی سے،ان سب نے حضرت''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔اس میں الفاظ حضرت''صالح بن احمد رضی اللہ عنہ'' کے ہیں،وہ بیان کرتے ہیں'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کوئی کام کرنے کا ارادہ کرو تو وضو کر کے دو رکعت نوافل پڑھو،پھر یوں دعا مانگو

اللّٰھم انی استخیرك بعلمك واستقدرك بقدرتك واسالك من فضلك العظیم فانك تعلم ولا اعلم وتقدر ولا اقدر انك انت علام الغیوب اللّٰھم ان كان ھذا الامر خیرا لی فِی دینی وخیراً لی فِی معیشتی وخیراً لی فِی عاقبه امری فیسره لی وبارك لی فیه

''اے اللہ! میں تیرے علم سے بھلائی طلب کرتا ہوں، اور تیری قدرت سے طاقت مانگتا ہوں، اور تیرے فضل عظیم کا سوال کرتا ہوں، بے شک تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا، بے شک تو قدرت رکھتا ہے، میں قدرت نہیں رکھتا، بے شک تو غیب کو جاننے والا ہے، اے اللہ! اگر یہ کام میرے حق میں میرے دین، دنیا اور آخرت کے لحاظ سے میرے لئے بہتر ہے تو یہ میرے لئے آسان کردے اور مجھے اس میں برکت عطا فرما''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حارث بن اسد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمران بن بکار کلاعی حمصی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ربیع بن روح رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن فضل بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''عبد الصمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں) سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن علاء بن ضحاک اور حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان سب نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اور ان کی روایت کے آخر میں یہ بھی ہے ''اور اگر کوئی دوسرا کام میرے لئے بہتر ہے تو وہ جہاں بھی ہے، وہ میرے نصیب میں کردے اور مجھے اس پر راضی ہونے کی توفیق عطا فرما''

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن نصر بن جبریل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوانس مالک بن سلیمان حمصی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن فضل بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن علاء بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نصر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالوہاب بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمران ابن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ربیع بن روح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''اسماعیل بن فضل بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابراہیم بن علاء بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے)

حضرت''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاضی عمراشانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نفلی نماز سواری پر پڑھتے ،فرض اور وتر نیچے اتر کر پڑھتے تھے

619/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ الْهُذَیْلِ حَصَیْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) مُجَاهِدٍ قَالَ صَحِبْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلٰی مَكَّةَ فَكَانَ یُصَلِّیْ التَّطَوُّعَ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ حَیْثُ تَوَجَّهَتْ بِهٖ فَاِذَا كَانَتْ فَرِیْضَةً اَوْ وِتْراً نَزَلَ فَصَلَّاهُمَا

حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''ابو ہذیل حصین بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں،آپ فرماتے ہیں: میں حضرت''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' کی صحبت میں مکہ تک رہا،آپ نفلی نماز سواری پر ہی پڑھتے جدھر سواری کا رخ ہوتا لیکن جب فرضی نماز پڑھنا ہوتی یا وتر پڑھنے ہوتے تو سواری سے نیچے اتر کر ادا کرتے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي عن أبـي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني (عن) أحمد بن الحسين ابن سعيد بن عثمان (عن) أبيه (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أبـي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبـي القاسم عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أبي سعيد المقرى (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) القاسم بن الثلاج (عن) ابن عقدة (عن) أحمد بن محمد بن يحيى (عن) عبد الله بن يحيى (عن) محمد بن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضي الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِي مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''حافظ حسین بن محمد ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''اپنی مسند میں(ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاضی عمر اشانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے احمد بن حسین ابن سعید بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ حسین بن محمد ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے(اس کی اسنادیوں ہے) ،انہوں نے حضرت''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوقاسم عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(٦١٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٠٢) وفي "الموطأ" ٨٣ (٢٠٥) والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ١:٤٢٩ واحمد ٢:٤ ومسلم (٧٠٠) (٤٨٦، ٤٨٧) في المسافرين: باب صلاة النافلة على الدابة وعبد الرزاق (٤٥١٨) والترمذي (٣٥٢)۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ حسین بن محمد ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) ،انہوں نے ابوسعید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کعبہ میں اس مقام کی نشاندہی جہاں پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی تھی ☼

620/ (اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُما اَنَّ رَجُلاً سَاَلَہٗ عَنْ صَلَاۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِی الْکَعْبَۃِ فَقَالَ صَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِی الْکَعْبَۃِ اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ نَقُلْتُ لَہٗ اَرِنِی الْمَکَانَ الَّذِیْ صَلّٰی فِیْہِ فَبَعَثَ مَعِیَ اِبْنَہٗ فَقَالَ تَعَالَ ثُمَّ ذَھَبَ اِلٰی تَحْتِ الْاُسْطَوَانَۃِ بِحِیَالِ الْجَذَعَۃِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں'ایک آدمی نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کعبہ میں نماز کے بارے میں پوچھا: تو انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ میں چار رکعتیں ادا کیں۔ میں نے ان سے کہا: مجھے وہ جگہ دکھایئے جہاں پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی،تو انہوں نے میرے ہمراہ اپنے صاحبزادے کو بھیجا، پھر فرمایا: تشریف لایئے، پھر وہ ستون کے نیچے لکڑی کے ستون کے سامنے گئے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد عن المنذر بن محمد (عن) حسين بن محمد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(ورواه) (عن) حماد ابن ذی النون (عن) إبراهيم بن سليمان الزيات (عن) زفر رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حماد بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن سلیمان زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۶۲۰) قد تقدم فی (۵۸۳)۔

☼ رسول اکرم ﷺ نفلی نماز سواری پر اشارے سے پڑھ لیا کرتے تھے ☼

621/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) مُجَاهِدٍ اَنَّهُ صَحِبَ اِبْنَ عُمَرَ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى اَنْ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَوَجْهُهٗ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ يُوْمِيْ اِيْمَاءً اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ وَالْوِتْرَ فَاِنَّهٗ كَانَ يَنْزِلُ لَهُمَا فَسَاَلْتُ عَنْ صَلَاتِهٖ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَوَجْهِهٖ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ لِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعاً حَيْثُ كَانَ وَجْهُهٗ يُوْمِيْ اِيْمَاءً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کی صحبت میں مکہ تک رہے یہاں تک کہ وہ شہر میں داخل ہو گئے، آپ مسلسل پورے راستے میں اپنی سواری پر ہی نماز پڑھتے اور سواری کو شہر کی جانب متوجہ کرتے اور آپ یہ نمازیں اشارے کے ساتھ ادا کرتے تھے، سوائے فرضی نماز اور وتر کے کہ ان نمازوں کے لئے آپ سواری سے نیچے اترتے تھے۔ میں نے آپ کی سواری پر نماز اور شہر کی جانب رخ کرنے کے بارے میں آپ سے پوچھا: تو انہوں نے مجھے فرمایا: رسول اکرم ﷺ نفلی نماز اپنی سواری پر پڑھ لیا کرتے تھے سواری کا رخ جدھر بھی ہوتا، آپ اشارے سے نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبي الجهم (عن) اَبِيْ حَنِيْفَةَ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رات کو اٹھ کر نوافل پڑھنے والے میاں بیوی کا نام کثرت سے ذکر کرنے والوں میں لکھ دیا جاتا ہے ☼

622/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) اَبِي الْاَغَرِّ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنْ) رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ وَاَيْقَظَ اَهْلَهٗ وَصَلّٰى كَتَبَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْراً وَالذَّاكِرَاتِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو الاغر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص رات کے وقت خود بھی بیدار ہو اور اپنے گھر والوں کو بھی اٹھائے اور نماز پڑھے، اللہ تعالیٰ ان کا نام کثرت سے ذکر کرنے والوں اور کثرت سے ذکر کرنے والیوں میں

(٦٢١) قد تقدم في (٦١٩)۔

(٦٢٢) اخرجه ابن حبان (٢٥٦٨) وابو داود (١٣٠٩) في الصلاة: باب قيام الليل و(١٤٥١) باب الحث على قيام الليل والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" ٣٣١:٣ والبيهقي في "السنن الكبرى" ٥٠١:٢ والحاكم في "المستدرك" ٣١٦:١۔

لکھ دیتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن الحسن بن عبد الملك (عن) معاذ بن موسى (عن) عافية بن يزيد بن قيس الأودى رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حسن بن عبد الملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''معاذ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عافیہ بن یزید بن قیس الاودی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز بشمولِ وتر اور فجر کی سنتوں کے ۱۳ رکعت تھی ☼

623/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِبْنِ عَلِى بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِى بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُم اَنَّ صَلاةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ ثَلاثَ عَشَرَةَ رَكْعَةً مِنهُنَّ رَكْعَاتُ الْوَتْرِ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوجعفر محمد بن علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز ۱۳ رکعتیں ہوا کرتی تھی، وتر کی رکعتیں اور فجر کی سنتیں انہیں میں شامل ہیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) (أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) أحمد بن محمد بن يحيى الطلحى (عن) أبى يحيى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن حمد (عن) الحسن بن على (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ (عن) أبى جعفر (عن) النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ولم يذكر فيه علياً

قال أبو محمد وهكذا حديث المقرى وإسحاق بن يوسف ومحمد بن الحسن وغيرهم (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنهُم

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) أحمد بن محمد بن يحيى الطلحى والحسين بن على بن عفان كلاهما (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِي مسنده (عن) أبى الحسن على بن الحسين بن أيوب (عن) القاضى أبى العلاء محمد بن على بن أحمد (عن) أبى بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعى (عن) أبى على بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفِى (عن) أبى منصور بن السواق (عن) أبى بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبى عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن یحییٰ

(٦٢٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (١٠١) والبخارى (١٠٨٩) فى التهجد: باب كيف كانت صلاة النبى صلى الله عليه وسلم وكم كان يصلى من الليل ومسلم (٧٣٧) فى صلاة المسافرين ... وابو داود (١٣٣٨) واحمد ٦:١٨٩ وابن ابى شيبة ١:٢٨١ والبيهقى فى "السنن الكبرى" ٣:٦ عن عائشة رضى الله عنها-

طلحی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن حمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے، اس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں ہے۔ حضرت ''ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین کی حدیث بھی اسی طرح ہے۔ ان سب نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن یحییٰ طلحی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسین بن علی بن عفان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسن علی بن حسین بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوعلاء محمد بن علی بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور بن سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نفل سواری پر اور فرض وتر نیچے اتر کر پڑھا کرتے تھے ☼

624/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حُصَيْنٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُصَلِّي التَّطَوُّعَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ اِيْمَاءً اَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهٖ فَاِذَا كَانَتِ الْفَرِيْضَةُ اَوِ الْوِتْرُ نَزَلَ فَصَلّٰى

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں، حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نفلی نماز اپنی سواری پر اشارے کے ساتھ پڑھ لیا کرتے تھے، سواری کا رخ جدھر بھی ہوتا لیکن اگر فرضی نماز یا وتر پڑھنا ہوتے تو سواری سے نیچے اتر کر ادا کرتے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(٦٢٤) قد تقدم في (٦١٩)-

☼ جمعہ کے دن وضو کرنا بھی ٹھیک ہے، لیکن غسل کرنا افضل ہے ☼

625/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبَانَ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه، قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَبِهَا وَنِعْمَتْ وَمَنِ اغْتَسَلَ فَالْغُسْلُ اَفْضَلُ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے جمعہ کے دن صرف وضو کیا تو یہ اس کے لئے کافی ہے، اس نے اچھا کیا لیکن جس نے غسل کیا تو غسل کرنا زیادہ افضل ہے۔

(أخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جمعہ کے لئے غسل کر کے آنے کا فلسفہ ☼

626/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) یَحْیٰی بْنِ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیْ (عَنْ) عَمْرَةَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ كَانُوْا یَرُوحُوْنَ اِلَی الْجُمُعَةِ وَقَدْ عَرَقُوْا وَتَلَطَّخُوا بِالطِّیْنِ فَقِیْلَ لَهُمْ مَنْ رَاحَ اِلَی الْجُمُعَةِ فَلْیَغْتَسِلْ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یحیٰی بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمرہ رحمۃ اللہ علیہا'' سے، وہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتی ہیں: لوگ جمعہ کی جانب روانہ ہوتے تھے، ان کو بہت پسینہ آتا تھا اور یہ لوگ مٹی میں خلط ملط ہو چکے ہوتے تھے۔ اس لئے ان کو کہا گیا کہ جو شخص جمعہ کے لئے آئے اس کو چاہیے کہ وہ غسل کر لے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد ابن قدامة الزاهد البلخی (عن) ليث بن مساور (عن) إسحاق بن سليمان الرازی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن سعيد الكوفِی قال قرأت فِی كتاب حمزة ابن حبيب الزيات (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) صالح بن سعيد بن مرداس الترمذی (عن) محمد بن سماعة (عن) أبی يوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن إسحاق السمسار (عن) جمعة بن عبد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ

---

(٦٢٥) قد تقدم فی (٤١٤)-

(٦٢٦) اخرجه الحصكفی فی " مسند الامام " (١٣٩) والطحاوی فی " شرح معانی الآثار " ١:١١٧ وابن حبان (١٢٣٦) وابو داود (٣٥٢) فی الطهارة: باب الرخصة فی ترك الغسل يوم الجمعة والشافعی فی " المسند " ١:١٥٥ وعبد الرزاق (٥٣١٥)-

عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) سهل بن بشر الكندى (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) إبراهيم بن موسى (عن) عباس بن إبراهيم (عن) حماد بن عمرو (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن أحمد (عن) محمد بن عبد الله بن عبد الرحمن قال قرأت فِى كتاب جدى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن حماد بن حكيم (عن) أبيه (عن(خلف بن ياسين (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) حفص بن محمد بن موسى (عن) أبى فروة (عن) أبيه (عن) سابق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسين بن عمر بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) جده (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أيوب ابن هانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فِى كتاب حسين بن على (عن) يحيى بن حسن (عن) زياد بن الحسن (عن) أبيه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) عبد الله بن محمد ابن على (عن) عيسى بن أحمد (عن) المقرى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) صالح بن أحمد القيراطى (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ غير أن لفظ الحمانى كان الناس عمار أرضهم وكانوا يروحون يخالطهم العرق والتراب فقال لهم رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إذا حضرتم الجمعة إلى آخره وألفاظ بعضهم قريبة من بعض

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِى مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى الحمانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِى مسنده (عن) أبى الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفِى (عن) أبى محمد الفارسى (عن) أبى الحسين محمد بن المظفر الحافظ (عن) محمد بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وبه إلى) ابن المظفر (قال) حدثنا أبو على محمد بن سعيد الحرانى (عن) أبى فروة يزيد بن محمد (عن) أبيه (عن) سابق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وبه إلى) ابن المظفر أيضاً (عن) محمد بن نصر بن طالب (عن) أبى الحسن أحمد بن المحيا (عن) عبد الله بن محمد بن رستم (عن) أبى هاشم محمد بن حفص (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى (عن) إبراهيم بن موسى الرازى (عن) عيسى بن إبراهيم (عن) حماد بن عمر النصيبينى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى (عن) القاضى أبى يعلى محمد ابن الحسين الفراء (عن) أبى نصر أحمد بن الحسن بن محمد بن على بن الشاه المرورودى (عن) أبى نصر الحيرى (عن) أبى طالب على بن محمد بن زيد الحرانى (عن) أبى فروة يزيد بن محمد بن سنان (عن) أبيه (عن) سابق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ''نے حضرت''محمد بن قدامہ زاہد بلخی رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''لیث بن مساور رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''اسحاق بن سلیمان رازی رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن سعید کوفی رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،اس میں حضرت''ابن حبیب زیات رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن سعید بن مرداس ترمذی رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن اسحاق سمسار رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''جمعہ بن عبد اللہ رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''محمد بن سلام رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''سہل بن بشر کندی رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن موسیٰ رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''عباس بن ابراہیم رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''حماد بن عمرو رحمۃ اللہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد

بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن حماد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص بن محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب ابن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد ابن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس میں حمانی کے الفاظ یہ ہیں ''لوگ اپنی زمینوں میں کام کیا کرتے تھے، جب وہ آتے تو مٹی اور پسینے میں شرابور ہوتے تھے، ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم جمعہ کے لئے آؤ تو (اس سے آگے پوری حدیث بیان کی) تمام مرویات کے الفاظ تقریباً ایک جیسے ہیں۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند'' میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد فارسی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

اسی حدیث کو ابن مظفر تک پہنچا کر فرماتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابوعلی محمد بن سعید حرانی رحمۃ اللہ'' نے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ یزید بن محمد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

یہی اسناد ابن مظفر تک پہنچا کر بیان کیا ہے، انہوں نے حضرت ''محمد بن نصر بن طالب رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن احمد بن محیا رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن رستم رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ہاشم محمد بن حفص رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ'' نے حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ رازی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن ابراہیم رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن عمر نصیبینی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی رحمۃ اللہ'' نے حضرت ''قاضی ابویعلیٰ محمد بن حسین فراء رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن حسن بن محمد بن علی بن شاہ مرورودی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر حیری رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطالب علی بن محمد بن زید حرانی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ رسول اکرم ﷺ نماز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم آہستہ آواز میں پڑھا کرتے تھے ☆

627/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ اِسْحَاقِ السَّبِيْعِىْ (عَنِ) الْبَرَاءِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْفٰى بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ'' سے، وہ حضرت ''براء رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں، رسول اکرم ﷺ (نماز میں) بسم اللہ الرحمن الرحیم آہستہ آواز سے پڑھا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبـو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رميح (عن) عبـد الله بن غنام (عن) حـفص بن غياث (وعن) عاصم بن يوسف (عن) القاسم بن معن كلاهما (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن غنام رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ'' اور حضرت ''عاصم بن یوسف رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(٦٢٧) قد تقدم فی (٥٤٤)۔

☼ وتر فرض نمازوں کی طرح تو فرض نہیں ہیں، لیکن اس کا ترک جائز نہیں ہے ☼

628/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ اِسْحَاقِ السَّبِيْعِیْ (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَلِيّاً رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ الْوِتْرِ اَحَقٌّ هُوَ فَقَالَ اَمَّا كَحَقِّ الصَّلَاةِ فَلَا وَلٰكِنَّهٗ سُنَّةٌ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَا يَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ يَّتْرُكَهٗ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''، وہ حضرت ''عاصم بن ضمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے وتروں کے بارے میں پوچھا: کیا وہ فرض ہیں؟ آپ نے فرمایا: نماز کے فرائض کی طرح تو فرض نہیں ہیں لیکن وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہیں اور کسی شخص کو یہ جائز نہیں ہے کہ ان کو ترک کرے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) حفص بن محمد (عن) أبيه(عن) عبد الله بن زبير (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اپنے والد سے، انہوں نے عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ظہر کے بعد دو رکعت پڑھنا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے ☼

629/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ (عَنْ) مُجَاهِدٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ بَعْدَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کے بعد دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعيد بن جعفر (عن) حفص (عن) يعقوب بن يوسف (عن) محمد بن بشر (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(٦٢٨) اخرجه احمد ١:٨٦ وابن ابی شيبة ٢:٢٩٦ والنسائی فی "الكبرى" (١٣٨٥) وابو يعلى (٦١٨) والبزار (٦٨٤) والبيهقی فی "السنن الكبرى" ٢:٤٦٧ والطيالسی (٨٨)-

(٦٢٩) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (١٨١)-قلت: وقد اخرج ابن حبان (٢٤٥٤) وعبد الرزاق (٤٨١١) واحمد ٢:٦ والبخاری (١١٨٠) فی التهجد: باب الركعتان قبل الظهر وابو داود (١٢٥٢) فی الصلاة: باب الصلاة بعد الظهر عن ابن عمر قال: صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان يصلی ركعتين قبل الظهر وركعتين بعدها وركعتين بعد المغرب وركعتين بعد العشاء الآخرة-

تکبیراتِ تشریق ان لوگوں پر واجب ہیں جو جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں

630/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرَى التَّكْبِيْرَ عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا عَلٰى مَنْ صَلّٰى فِي جَمَاعَةٍ فِي اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: تکبیراتِ تشریق پڑھنا صرف اس شخص پر فرض ہے جو ایامِ تشریق میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھتا ہے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) أبي طالب السمسار (عن) أبي الحسن محمد بن جعفر بن محمد التميمي (عن) أبي الحسن عبد الله بن ثابت الغزنوي (عن) أبي سعيد الأشج (عن) حفص بن غياث (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''ابوطالب سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن جعفر بن محمد تمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن عبد اللہ بن ثابت غزنوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید اشج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

عشاء کے بعد مخصوص انداز میں چار نوافل پڑھنے والے کی شفاعت قبول ہوگی

631/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَحَارِب بْنِ دِثَارٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى اَرْبَعاً بَعْدَ الْعِشَاءِ لَا يَفْصِلُ بَيْنَهُنَّ بِسَلَامٍ يَقْرَأُ فِي رَكْعَةٍ وَاحِدَةٍ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَتَنْزِيْلِ السَّجْدَةِ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَحٰمٓ الدُّخَانِ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَيٰسٓ وَفِي الرَّكْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَتَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ كُتِبَ لَهٗ كَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَشُفِّعَ فِي اَهْلِ بَيْتِهٖ مِمَّنْ وَجَبَتْ لَهُمُ النَّارُ وَاُجِيْرَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت ایک سلام کے ساتھ ادا کرے، پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورہ تنزیل السجدہ پڑھے دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ حم الدخان پڑھے اور تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یاسین پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الملک پڑھے، اس کو لیلۃ القدر

(٦٣٠) اخرجه ابن ابي شيبة ٢:١٨٦ في الصلاة:باب في الرجل يصلي وحده:يكبر ام لا؟

(٦٣١) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (١٨٠)-قلت:وقد اخرجه الطبراني في "الكبير" (١٢٢٤٠) عن ابن عباس رضي الله عنه يرفعه الى رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال:"من صلى اربع ركعات خلف العشاء الآخرة:قرأ في الركعتين الاوليين (قل يا ايها الكافرون) و (قل هو الله احد)وقرأ في الركعتين الاخريين (تنزيل السجدة) و (تبارك الذي بيده الملك)كتبن له كاربع ركعات في ليلة القدر -

میں قیام کرنے والے شخص جتنا ثواب دیا جاتا ہے، اور اس کے گھر والوں میں جن لوگوں پر دوزخ لازم ہو چکی ہوتی ہے؛ ان کے حق میں اس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے اور اس کو عذاب قبر سے پناہ دے دی جاتی ہے

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن محمد بن عبد الرحمن السرخی (عن) عیسی بن نصر (عن) خارجة بن مصعب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(قال) البخاری وقد روی هذا الحدیث (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ جماعة موقوفاً علی ابن عمر ولم یسندوه منهم الحسن بن الفرات (و) أبو یوسف (و) أسد بن عمرو (و) سعید بن أبی الجهم (و) أیوب بن هانی (و) الحسن بن زیاد (و) الصلت ابن الحجاج (و) عبد الحمید الحمانی (و) إسحاق بن یوسف (و) عبد الله بن الزبیر (و) محمد بن الحسن وغیرهم رحمهم الله تعالی

(فقال) أبو یوسف فِی روایة إسماعیل بن حماد (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ قال بلغنی (عن) محارب بن دثار (عن) ابن عمر حدیثهم أخصر

قال أبو محمد البخاری وقد روی عبد العزیز بن خالد وأبو عصمة وإبراهیم بن الجراح (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) أیوب بن عائذ (عن) محارب بن دثار بنحو حدیث خارجة بطوله

(قال) أبو محمد البخاری کتب إلی صالح بن أبی رمیح حدثنا محمد بن خلف ابن أیوب ومحمد بن عبد الوهاب قالا حدثنا جعفر بن عون (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) محارب بن دثار (عن) ابن عمر رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ من صلی بعد العشاء أربع رکعات قبل أن یخرج من المسجد عدلن بمثلهن من لیلة القدر

(قال) أبو محمد البخاری کتب إلی صالح بن أبی رمیح حدثنا أبو بکر بن داود السمنانی حدثنا عبد العزیز بن یحیی أبو الأصبغ حدثنا محمد بن سلمة بن الحرانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (عن) محارب بن دثار

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) الحسن بن علی بن عفان (عن) الحمانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ قال الحافظ ورواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ أبو یوسف وأسد بن عمرو والصلت بن حجاج

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم بن خنیس (عن) محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ مختصراً أنه قال من صلی أربع رکعات بعد العشاء الآخرة قبل أن یخرج من المسجد عدلن بمثلهن من لیلة القدر

(وأخرجه) القاضی الأشنانی بإسناده إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن محمد بن عبد الرحمٰن سرخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خارجہ بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں محدثین کی ایک جماعت ہے جس نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے واسطے سے یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے موقوفاً روایت کی ہے۔

○ان میں حضرت ''حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن ابی الجہم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت صلت بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''اسحاق بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر بہت سارے محدثین نے روایت کی ہے۔

○حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی روایت حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

وہ فرماتے ہیں: مجھے یہ حدیث حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' والی حدیث مختصر انداز میں بیان کی ہے۔

حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حدیث حضرت ''عبدالعزیز بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعصمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن عائذ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''خارجہ رحمۃ اللہ علیہ'' والی حدیث کی طرح مفصل حدیث بیان کی ہے۔

حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: مجھے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' نے لکھا کہ ہمیں حضرت ''محمد بن خلف بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''جعفر بن عون رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے عشاء کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعتیں پڑھیں، اس کو شب قدر میں پڑھی گئی چار رکعتوں کے برابر ثواب ملتا ہے۔

○حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: مجھے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' نے لکھا، اس میں بتایا کہ ہمیں حضرت ''ابوبکر بن داؤد سمنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''عبدالعزیز بن یحییٰ ابوالاصبغ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن مسلمہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''محارب بن دثار رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی بن عفان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: اسی حدیث کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صلت بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختصر طور پر روایت کیا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عشاء کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعتیں پڑھیں، اس کو شب قدر میں پڑھی گئی چار رکعتوں کے برابر ثواب ملتا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

فقیہ اُمّت امام اعظم ابوحنیفہ سے مروی احادیث وآثار پر مشتمل ۱۵ مسانید کا مجموعہ

جامع المسانید

الامام ابوالمؤید محمد بن محمود الخوارزمی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضرت علامہ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

August-2018

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلباء

شعبہ حفظ: 145

شعبہ ناظرہ: 200

درسِ نظامی: 105

شعبہ تجوید: 11

اور انہی شعبہ جات میں سے 400 سے زائد طلباء اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم و بیش 100 طلباء مدرسہ میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام و قیام اور میڈیکل کا خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ و ناظرہ: 14 اساتذہ

شعبہ درسِ نظامی و تجوید: 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم (اسکول): 11 اساتذہ

باورچی: 2

خادم: 4

چوکیدار: 2

کل طلباء کم و بیش 461 اور پورا اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD.BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE:MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA(TRUST)
ACC NO:00500025657003 - branchcode:0050

f @markazuloloom

waseem ziyai

www.waseemziyai.com

فقیہ اُمت امام اعظم ابو حنیفہ سے مروی احادیث و آثار پر مشتمل ۱۵ مسانید کا مجموعہ

جامع المسانید

2

الامام ابو المؤید محمد بن محمود الخوارزمی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضرت علامہ ابو الفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی

شبیر برادرز ®
۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006
shabbirbrother786@gmail.com

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نام کتاب ——— جامع المسانید

مترجم ——— حضرت علامہ ابو الفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی

باہتمام ——— ملک شبیر حسین

سن اشاعت ——— نومبر 2016ء

سرورق ——— اے ایف ایس ایڈورٹائزر

طباعت ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ——— روپے

شبیر برادرز ۴۰۔ اردو بازار لاہور فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

فہرست مضامین

پانچویں فصل: نماز کا طریقہ، وجوب نماز کی شرائط اور نماز میں شک کا بیان

ساتویں فصل جنائز کے بیان میں

باب (۶) زکوٰۃ کا بیان (یہ چار فصلوں پر مشتمل ہے)

پہلی فصل زکوٰۃ کے نصاب اور اس کے مصارف کے بیان میں۔

دوسری فصل عشر، خراج اور کنز کے بیان میں

تیسری فصل: زیورات کی زکوٰۃ، یتیم کے مال اور مدیون کے مال کے بارے میں

چوتھی فصل صدقۂ فطر کے بیان میں

باب (۷) روزے کا بیان (یہ پانچ فصلوں پر مشتمل ہے)

پہلی فصل روزے کی فضیلت اور اس کے صحیح ہونے کی شرائط

تیسری فصل:

ان چیزوں کے بیان میں جن سے قضاء واجب ہوتی ہے

دوسری فصل: تلبیہ اور حج افراد، حج تمتع اور حج قران کے تمام افعال کے بیان میں

تیسری فصل: احرام کی پابندیاں، جو پابندیاں نہیں ہیں، اور جزاؤں کا بیان

باب (۹): بیوع کا بیان (یہ چار فصلوں پر مشتمل ہے)

پہلی فصل: تجارت اور اس میں سچ بولنے کی ترغیب دلانے کے بیان میں

دوسری فصل میں خرید و فروخت کے ممنوعہ اور جائز طریقوں کا بیان ہے

باب (۱۰) بیع صرف کا بیان

باب (۱۱) گروی رکھنے کا بیان

باب (۱۲) حجر کا بیان

باب (۱۳) اجارے کا بیان

باب (۱۹): غصب کا بیان

باب (۲۰) قرض، تقاضہ، ودیعت، عاریۃ، لقیط، لقطہ کا بیان

باب (۲۱) ماذون کا بیان

باب (۳۲) مزارعت اور مساقاۃ کا بیان

باب (۳۳): نکاح کا بیان

باب (۳۴) طلاق کا بیان

باب (۴۵) نفقہ کا بیان

باب (۴۶) غلام آزاد کرنے کا بیان

باب (۳۷) مکاتب کا بیان

باب (۳۸): ولاء کا بیان

باب (۲۹) جنایات کا بیان

تیسواں باب (۳۰) حدود کا بیان

باب (۳۸): ولاء کا بیان

باب (۳۹) جنایات کا بیان

تیسواں باب (۳۰) حدود کا بیان

باب (۳۱) چوری کا بیان

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِي هَيْئَةِ الصَّلَاةِ وَالشَّكِّ فِيهَا وَشَرَائِطِ وُجُوبِهَا

پانچویں فصل نماز کے طریقہ کے بیان میں

نماز میں شک ہونے کے بیان میں اور نماز کے واجب ہونے کی شرائط کے بیان میں

☼رسول اکرم ﷺ سے کھڑے ہوکر، بیٹھ کر اور چادر لپیٹ کر نماز پڑھنا ثابت ہے☼

632/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِه وَسَلَّمَ صَلّٰى قَائِماً وَقَاعِداً ومُحْتَبِياً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے کھڑے ہوکر بھی نماز پڑھی اور بیٹھ کر بھی پڑھی اور ایک چادر اپنے گرد لپیٹ کر بھی پڑھی ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن عبد الرحمن السرخسی (عن) عبد الله بن عبد الرحمن (عن) أبی أحمد خلف بن خليفة (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن المظفر فِی مسنده (عن) أبی علی الحسين بن القاسم ابن جعفر الكاتب (عن) محمد بن موسى الدولابی (عن) عباد بن صهيب (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ (عن) عطاء بن أبی رباح (عن) جابر بن عبد الله رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قال صلى النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قائماً وقاعداً وحافياً ومنتعلاً وانصرف عن يمينه وشماله

قال ابن المظفر الحافظ هكذا قال يعنی ابن صهيب (عن) جابر ورواه الحسن بن زياد (عن) عطاء مرسلاً

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ ابن المظفر بإسناده المذكور آنفاً (وأخرجه) الحسن بن زياد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواحمد خلف بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسین بن قاسم ابن جعفر الکاتب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن موسیٰ دولابی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن صہیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے' رسول اکرم ﷺ نے کھڑے ہوکر بھی نماز پڑھی ہے، بیٹھ کر بھی پڑھی ہے، ننگے پاؤں بھی پڑھی ہے اور جوتے پہن کر بھی پڑھی ہے اور حضور ﷺ دائیں بائیں سلام پھیرا کرتے تھے۔

○ابن مظفر کہتے ہیں: یہ حدیث اسی طرح حضرت ''ابن صہیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے، اور اس حدیث

(٦٣٢) اخرجه الطبرانی فی "الكبير" (١١٣٣٤) واورده الهيثمی فی "مجمع الزوائد" ٢:٥٠-

کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے مرسل حدیث کے طور پر روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اس کو اپنی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عمامہ پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ☼

633/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنَّهٗ لَا بَأْسَ بِالسُّجُوْدِ عَلَى الْعِمَامَةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' عمامہ پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سجدہ کرتے وقت اور رکوع کرتے وقت تکبیر کہتے ☼

634/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ اَنَّهٗ صَلّٰى خَلْفَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَكَانَ يُكَبِّرُ كُلَّمَا سَجَدَ وَكُلَّمَا رَكَعَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عثمان بن عبداللہ بن موہب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' کے پیچھے نماز پڑھی، آپ جب سجدہ کرتے تب بھی تکبیر کہتے اور جب رکوع کرتے تب بھی تکبیر کہتے۔

(أخرجه) الإمام محمد فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

---

(٦٣٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٧٦) في الصلاة: باب افتتاح الصلاة ورفع الايدي والسجود على العمامة وعبد الرزاق (١٥٦٨) في الصلاة: باب السجود على العمامة وابن ابي شيبة ٢٦٨:١ في الصلاة: باب من كره السجود على كور العمامة-

(٦٣٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٧٥) وفي "الموطأ" (١٠٣) ومسلم (٣٩٢) ٢٩٣:١ وعبد الرزاق (٢٤٩٢) في الصلاة: باب التكبير والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ٢٢١:١ والبيهقي في "السنن الكبرى" ٦٧:١-

☆ امام صرف سمع اللہ لمن حمدہ پڑھے، ربنالك الحمد مقتدی پڑھے ☆

635/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ وَقَدْ سَالَهُ عَنْ شَأْنِ الْإِمَامِ إِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ اَن يَّقُولَ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ قَالَ مَا عَلَيْهِ اَنْ يَّقُوْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ رَوٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكُوْعِ قَالَ رَجُلٌ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً مُبَارَكاً فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ذَا الْمُتَكَلِّمُ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ رَجُلٌ اَنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَقَالَ وَالَّذِىْ بَعَثَنِىْ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَاَيْتُ بِضْعَةَ عَشَرَ مَلَكاً يَبْتَدِرُوْنَ اَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا لَكَ

☆☆ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے پوچھا: جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو کیا اس کے بعد امام ربنا ولك الحمد بھی کہے گا؟ آپ نے فرمایا: اس کے ذمے یہ کہنا لازم نہیں ہے۔ پھر انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے مروی حدیث بیان کی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع سے سر اٹھایا تو ایک آدمی نے کہا: ربنا لك الحمد حمدا كثيرا مباركا جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا: نماز کے دوران گفتگو کرنے والا شخص کون تھا؟ تین مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات دریافت کی۔ ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے نبی! میں ہوں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے میں نے دس سے زیادہ فرشتوں کو دیکھا ہے کہ وہ تیری نیکیاں لکھنے میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن الحسين بن عبدة البخاری (عن) عبد الوهاب ابن فليح المكی (عن) أبی بقی اليسع بن طلحة قال رأيت أبا حنيفة يسأل عطاء عن الإمام يرفع رأسه الحديث

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن حسین بن عبدہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالوہاب ابن فلیح مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبقی الیسع بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا، وہ حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے امام کے سر اٹھانے کی بابت پوچھ رہے تھے، اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

☆ سجدہ سات ہڈیوں پر کرنے کا حکم ہے ☆

636/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) طَاؤس (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ اَوْ غَيْرِهٖ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ اَنْ يَّسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ

☆☆ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے یا کسی

(٦٣٥) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (١٠٧) والطبرانی فی "الكبير" (١٣٦٠٠) وعبد الرزاق (٢٩١٨) والهيثمی فی "مجمع الزوائد" ١٢٣:٢ والزبيدی فی "عقود الجواهر" ١١٠:١-

(٦٣٦) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ٢٥٦:١ وابن حبان (١٩٢٣) والطبرانی فی "الكبير" (١٠٨٦٢) واحمد ٢٥٥:١ والبخاری (٨١٠) فی الاذان: باب السجود علی سبعة اعظم ومسلم (٤٩٠) (٢٢٨) فی الصلاة: باب اعضاء السجود... وابوداود (٨٩٠) فی الصلاة: باب اعضاء السجود والبيهقی فی "السنن الكبری" ١٠٨:٢-

دوسرے صحابی رسول سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم ﷺ کی جانب وحی فرمائی کہ آپ سات ہڈیوں پر سجدہ کریں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن صالح الطبری (عن) الحسن بن أبی زید عن إسماعیل بن یحیی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن صالح طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن ابو زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جو نماز میں بے ہوش ہو گیا، اگر ایک دن غشی رہے تو نماز دہرائے، زیادہ ہو تو معذور ہے ☼

637(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَنَّه' سَاَلَه' عَنِ الرَّجُلِ الْمَرِیْضِ یُغْمٰی عَلَیْهِ فَیَدَعُ الصَّلاَةَ فَقَالَ إِذَا کَانَ الْیَوْمُ الْوَاحِدُ فَإِنِّیْ اَحَبُّ اَنْ یَّقْضِیَهُ فَإِنْ کَانَ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُوَ فِی عُذْرٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے ایک ایسے مریض کے بارے میں پوچھا: جو بے ہوش ہو گیا ہو، اور وہ نماز چھوڑ دے۔(وہ کیا کرے؟) انہوں نے فرمایا: جب ایک دن ایسی صورت ہو تو میں یہ پسند کرتا ہوں کہ وہ نماز پڑھ لے لیکن اگر ایک دن سے زیادہ اسی طرح غشی رہے تو اس شخص کے لئے یہ عذر ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ قال محمد إذا أغمی علیه یوماً ولیلة قضی وإن کان أکثر من ذلك فلا قضاء علیه وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: جب اس کو ایک دن اور ایک رات غشی رہے تو نماز قضا پڑھے گا، اور اگر اسے زیادہ غشی رہے تو اس پر قضا لازم نہیں ہے، حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ جس کو صرف ایک دن رات غشی رہے، وہ اپنی نمازوں کی قضا کرے ☼

638/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِی الْمُغْمٰی عَلَیْهِ یَوْماً وَلَیْلَةً قَالَ یَقْضِیْ قَالَ مُحَمَّدٌ وَبِه نَأْخُذُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے فرمایا: جس شخص کو ایک دن اور ایک رات غشی رہے وہ اپنی نمازوں کی قضاء کرے۔

---

(٦٣٧) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی '' الآثار '' (١٧١) فی الصلاۃ:باب صلاۃ المغمی علیه'وابن ابی شیبة ٢:٢٦٩ فی الصلاۃ:باب مایعید المغمی علیه من الصلاۃ۔

(٦٣٨) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی '' الآثار '' (١٧٢) فی الصلاۃ:باب صلاۃ المغمی علیه'وعبد الرزاق (٤١٥٢) فی الصلاۃ:باب صلاۃ المریض علی الدابة وصلاۃ المغمی علیه 'وابن ابی شیبة ٢:٢٦٩ فی الصلاۃ:باب مایعید المغمی علیه من الصلاۃ۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼سات ہڈیوں پر سجدہ کرنے اور بال اور کپڑے نہ لپیٹنے کا حکم ہے☼

639/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عِكْرِمَةَ (عَنْ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰی سَبْعَةِ اَعْظُمٍ وَاَنْ لَّا اَكُفَّ شَعْراً وَلَا ثَوْباً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کروں اور یہ بھی حکم دیا گیا کہ نہ میں بالوں کو لپیٹوں نہ کپڑے کو لپیٹوں۔

(أخرجه) ابو محمد البخاری (عن) صالح بن أحمد القيراطی (عن) الحسن بن سلام (عن) سعيد بن محمد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼نماز میں نسیان وغیرہ کی کمی سجدہ سہو کے ذریعے پوری ہوسکتی ہے☼

640/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِی الرَّجُلِ يَشُكُّ فِی السَّجْدَةِ وَالتَّشَهُّدِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ مِنْ صَلَاتِهٖ مَا لَمْ تَكُنْ رَكْعَةٌ تَامَّةٌ يَقْضِیْ مَا شَكَّ فِيْهِ مِنْ ذٰلِكَ وَيَقْضِیْ سَجْدَةَ السَّهْوِ لِذٰلِكَ اَيْضاً فَإِنَّهُمَا يَصْلُحَانِ بِإِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی مَا كَانَ قَبْلَهُمَا مِنَ النِّسْيَانِ وَكَانَ يُقَالُ اَنَّهُمَا الْمُرْغِمَتَانِ لِلشَّيْطَانِ وَاَنَّهٗ قَالَ لَاَنْ اَسْجُدَ لِذٰلِكَ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ فِيْمَا لَمْ يُحِقَّ عَلَیَّ اَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ اَنْ اَدَعَهُمَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایسا شخص جس کو سجدے اور تشہد میں شک واقع ہو، یا اسی طرح نماز کے کسی اور معاملے شک ہو لیکن ایک رکعت مکمل نہ ہوئی ہو تو جس چیز میں شک ہوا ہے اس کی قضاء کرلے اور دو سجدہ سہو بھی ادا کرلے، کیونکہ اللہ کے حکم سے سجدہ سہو نسیان وغیرہ کی کمی کو پورا کر دیتے ہیں اور یہ کہا جاتا تھا کہ یہ دونوں سجدے شیطان کی ناک خاک آلود کرنے والے ہیں اور انہوں نے فرمایا: میں اسی لئے سجدہ سہو کرتا ہوں کہ جس صورت میں مجھ پر سجدہ سہو واجب نہیں بھی ہوا ہوتا ایسی صورت میں سجدہ سہو کرنا، مجھے سجدہ سہو چھوڑنے سے زیادہ بہتر لگتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ قال محمد وبه نأخذ وإن كان يبتلى بذلك

(٦٣٩) قد تقدم فی (٦٣٦)۔

(٦٤٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (١٧٣) فی الصلاة: فی صلاة المغمی عليه وعبد الرزاق (٣٥٣٢) فی الصلاة:...

كثيراً مضى على أكبر رأيه وسجد سجدتى السهو

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور اگر اس کو یہ شکایت اکثر ہوتی ہے تو وہ اپنے غالب گمان پر عمل کرے اور سجدہ سہو کر لے، اس کی نماز ہو جائے گی۔

☼ نماز میں غلطی پہلی بار یا اکثر بار ہونے کے بارے سجدہ سہو کرنے کا حکم ☼

641/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِيمَنْ نَسِيَ فَرِيْضَةً فَلاَ يَدْرِيْ اَرْبَعاً صَلّٰى اَمْ ثَلاثاً قَالَ إِذَا كَانَ اَوَّلُ نِسْيَانِهِ اَعَادَ الصَّلاَةَ وَإِنْ كَانَ يُكْثِرُ النِّسْيَانَ تَحَرّٰى لِلصَّوَابِ فَإِنْ كَانَ اَكْبَرُ ظَنِّهِ اَنَّهُ اَتَمَّ الصَّلاَةَ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَإِنْ كَانَ[1] اَكْبَرُ ظَنِّهِ اَنَّهُ صَلّٰى ثَلاثاً اَضَافَ إِلَيْهَا رَابِعَةً ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اس شخص کے بارے میں روایت کرتے ہیں جو فرض بھول گیا ہو اور اس کو یہ سمجھ نہ آ رہی ہو کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا تین؟ انہوں نے فرمایا: اگر اس کی یہ بھول پہلی مرتبہ ہوئی ہے تو وہ نماز کو لوٹائے اور اگر اکثر بھول ہوتی رہتی ہے تو غور وفکر کرے کہ درست کیا ہے؟ اگر غالب گمان یہ ہو کہ اس نے نماز پوری کر لی ہے تو سجدہ سہو کر کے نماز ختم کر دے اور اگر غالب گمان یہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں ادا کی ہیں تو چوتھی بھی پڑھ لے اور اس کے بعد سجدہ سہو کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ایک رکعت کے سجدے دو سے زیادہ نہیں کر سکتے، البتہ اگر اس کو بھول ہو جائے اور اس کو سمجھ نہ آ رہی ہو کہ اس نے ایک سجدہ کیا ہے یا دو، تو وہ اپنے ظن غالب پر عمل کرے، یہ سب حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔

☼ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان نمازیوں کو مارتے تھے جو ایک رکعت میں دو سے زیادہ سجدے کرتا تھا ☼

642/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْـرَاهِيمَ اَنَّ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَضْرِبُ الرَّجُلَ إِذَا رَآهُ يُتَابِعُ بَيْنَ السُّجُوْدِ فِي غَيْرِ سَهْوٍ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' اس شخص کو مارا کرتے تھے جسے آپ دیکھتے کہ وہ زیادہ سجدے کرتا ہے سوائے سجدہ سہو کے۔

أخرجه) الإمـام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِـي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد لا ينبغي أن يسجد للركعة أكثر من سـجدتين إلا أن يسهو فلا يدرى أسجد واحدة أم ثنتين فيمضى على أكبر رأيه وهذا كله قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(٦٤١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٧٤) في الصلاة:باب صلاة المغمى عليه وعبدالرزاق (٣٤٧٤) في الصلاة:باب السهو في الصلاة وابن ابي شيبة ٢:٢٦ في الصلاة:في الرجل يصلى فلا يدرى زاد او نقص-

(٦٤٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٧٥) في الصلاة:باب السهو في الصلاة-

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ایک رکعت کے دو سے زیادہ سجدے کرنا جائز نہیں ہے، البتہ اگر وہ بھول جائے اور اس کو سمجھ نہ آ رہی ہو کہ ایک سجدہ کیا ہے یا دو؟ وہ اپنے ظن غالب پر عمل کرے، یہ سب حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔

☼ تیسری اور چوتھی رکعت میں شک ہو جائے تو نماز کس طرح پوری کی جاسکتی ہے ☼

643/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) شَقِيْقِ بْنِ سَلْمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ للّٰهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا شَكَّ اَحُدُكُمْ فِي صَلَاتِهٖ فَلَمْ يَدْرِ اَثَلَاثاً صَلّٰى اَمْ اَرْبَعاً فَلْيَتَحَرّ فَلْيَنْظُرْ اَفْضَلَ ظَنِّهٖ فَإِنْ كَانَ اَكْثَرُ ظَنِّهٖ اَنَّهَا ثَلَاثاً قَامَ فَاَضَافَ إِلَيْهَا رَابِعَةً ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَإِنْ كَانَ اَفْضَلُ ظَنِّهٖ اَنَّهُ صَلّٰى اَرْبَعاً تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''شقیق بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' جب تم میں سے کسی شخص کو اپنی نماز کے بارے میں شک ہو، اس کو سمجھ نہ آ رہی ہو کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار؟ تو اس کو چاہیے کہ غور وفکر کرلے اور دیکھے کہ اس کا غالب گمان کدھر جا رہا ہے، اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں تو کھڑا ہو جائے اور ان کے ساتھ چوتھی رکعت بھی پڑھے پھر تشہد پڑھے پھر سلام پھیرے اور پھر سجدہ سہو کرے اور اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے چار رکعتیں پڑھی ہیں تو پھر تشہد کے بعد سلام پھیر دے اور اس بعد سجدہ سہو کرلے۔

(أخرجه) الإمام محمد فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ إلا أنا نستحب له إذا كان ذلك أول ما أصابه أنه يعيد الصلاة وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد (حدثنا) مالك بن مخول (عن) عطاء بن أبي رباح أنه قال يعيد مرة قال محمد وبهذا نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں مگر یہ کہ ہم اس کیلئے یہ مستحب قرار دیتے ہیں کہ اگر اس کے ساتھ یہ معاملہ پہلی بار پیش آیا ہے تو وہ نماز دوبارہ پڑھے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہمیں حضرت ''مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: وہ ایک مرتبہ نماز دہرائے گا۔ حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اپناتے ہیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ امام سجدہ سہو کرے تو مقتدی بھی کرے، امام نہ کرے تو مقتدی بھی نہ کرے ☼

644/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا سَهَا الْإِمَامُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ فَاسْجُدْ مَعَهٗ وَإِنْ لَمْ يَسْجُدْهُمَا فَلَيْسَ عَلَيْكَ اَنْ تَسْجُدَ

---

(٦٤٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٧٦) في الصلاة: باب السهو في الصلاة: وعبدالرزاق (٣٤٦٨) في الصلاة: باب السهو في الصلاة: وابن ابي شيبة ٢: ٢٦ في الصلاة: باب في الرجل يصلي فلا يدري زاد او نقص-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا: جب امام کو غلطی لگے اور وہ سجدہ سہو کرے تو تم بھی اس کے ساتھ سجدہ سہو کرو اور اگر امام سجدہ سہو نہ کرے تو تیرے ذمے بھی سجدہ سہو لازم نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

✿ جو بھول کر تین سجدے کر لے، وہ سجدہ سہو کرے ✿

645/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي رَجُلٍ سَجَدَ ثَلاثَ سَجْدَاتٍ نَاسِياً فَعَلَيْهِ سَجْدَتَا السَّهْوِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے ایک شخص کے بارے میں جو بھول کر تین سجدے کر لے فرمایا: وہ سجدہ سہو کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن(اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

✿ حق کے زیادہ قریب وہ معاملہ ہوگا، جس میں وسعت زیادہ ہو ✿

646(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ إِذَا تَخَالَجَكَ اَمْرَانِ فَظُنَّ اَنَّ اَقْرَبَهُمَا إِلَى الْحَقِّ اَوْسَعُهُمَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں: جب تیرے دل میں دو معاملے کھٹکیں تو یہ سمجھ کہ حق کے زیادہ قریب وہ ہوگا جس میں وسعت زیادہ ہوگی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

✿ نماز سے فارغ ہو کر نماز یا وضو کے بارے شک ہو تو اس پر بالکل توجہ نہ دو ✿

647/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ إِذَا انْصَرَفْتَ مِنْ صَلاتِكَ فَعَرَضَ لَكَ شَكٌّ فِي وُضُوْءٍ اَوْ صَلاةٍ اَوْ قِرَاءَةٍ فَلا تَلْتَفِتْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں'

(٦٤٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٧٩) في الصلاة:باب السهو في الصلاة وعبدالرزاق ٢:٣١٦ في الصلاة:باب هل على من خلف الامام سهو؟ وابن ابي شيبة ٢:٣٩ في الصلاة:باب الامام يسهو فلا يسجد ما يصنع القوم؟

(٦٤٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٨٠) في الصلاة:باب السهو في الصلاة وابن ابي شيبة ٢:٣٩ في الصلاة:باب الامام يسهو فلا يسجد ما يصنع القوم؟ وعبدالرزاق ٢:٣١٦ في الصلاة:باب هل على من خلف الامام سهو؟

(٦٤٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٧٨) في الصلاة:باب السهو في الصلاة-

(٦٤٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٨١) في الصلاة:باب السهو في الصلاة-

آپ فرماتے ہیں: جب تو نماز سے فارغ ہو جائے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد تجھے نماز یا وضو میں شک ہونے لگے یا قرأت میں شک ہونے لگے تو اس پر ہرگز توجہ مت کرو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جانور کو باندھ کر اس پر نشانہ بازی کرنا منع ہے ☼

648/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُجَثَّمَةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجثمہ (جانور کو باندھ کر اس پر نشانہ بازی کرنا) سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أحمد بن أبي مقاتل البزاز البغدادي (عن) أحمد بن إسحاق بن صالح (عن) خالد ابن خداش بن عجلان المهلبي (عن) خويلد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) ابن مخلد وصالح بن أحمد كلاهما (عن) أحمد بن إسحاق بن صالح الوراق (عن) خالد بن خداش (عن) خويلد الصفار (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل بزاز بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن اسحاق بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن خداش بن عجلان مہلبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خویلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابن مخلد و صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن اسحاق بن صالح وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خویلد صفار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا وتر پڑھنے کا منفرد انداز ☼

649/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّه' كَانَ يُوْتِرُ اَوَّلَ اللَّيْلِ ثُمَّ يَنَامُ فَاِذَا قَامَ فِي آخِرِ اللَّيْلِ صَلّٰى رَكْعَةً يُرِيْدُ بِهَا نَقْضَ وِتْرِهٖ ثُمَّ يُصَلِّي فَاِنْ فَرَغَ اَوْتَرَ فِي آخِرِ صَلٰوتِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِبْنَ عُمَرَ مَا عَلِمَهُ بِالْوِتْرِ اَمَّا اِنَّهٗ يُرِيْدُ يَلْعَبُ بِصَلَاتِهٖ فَاِذَا اَوْتَرَ اَحَدُكُمْ فِي اَوَّلِ اللَّيْلِ

(٦٤٨) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (٤٠٦) وابن حبان (٥٦١٧) واحمد ٢:١٠٣ والنسائي ٧:٢٣٨ والدارمي ٢:٨٣ وعبد الرزاق (٨٤٢٨) نحوه۔

(٦٤٩) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (٥٧٤) والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ١:٣٤٣ (٢٠٢٠) في الصلاة: باب التطوع بعد الوتر بدون هذه القصة۔

ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ مَثْنٰى مَثْنٰى حَتّٰى يَسْحَرَ فَإِنَّهُ يَصْبَحُ عَلٰى وِتْرِهٖ (قَالَ حَمَّادٌ سَاَلْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ فِعْلِ اَبِيْهِ فِي الْوِتْرِ فَقَالَ رَاٰیْ رَآهُ فَلَمْ يَاْلُ عَنِ الْخَيْرِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ رات کے ابتدائی حصے میں وتر پڑھ لیا کرتے تھے، پھر سو جاتے تھے، پھر جب آپ رات کے آخری حصے میں اٹھتے تو ایک رکعت پڑھ لیتے، اس کے ساتھ آپ اپنے وتروں کو توڑتے تھے (یعنی سونے سے پہلے جو طاق عدد میں رکعتیں پڑھیں ہوتیں، ان کے ساتھ ایک رکعت مزید شامل کر کے ان کو جفت بنا دیتے) پھر آپ نماز پڑھتے جب آپ نماز سے فارغ ہوتے تو نماز کے آخر میں پھر وتر پڑھتے۔ اس بات کا ام المؤمنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' کی بارگاہ میں ذکر کیا گیا، آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' پر رحم کرے، اس کو وتروں کا علم نہیں ہے، وہ اپنی نماز کے ساتھ کھیلنے کا ارادہ رکھتا ہے، جب کوئی شخص رات کے ابتدائی حصے میں وتر پڑھ لے پھر رات کو اٹھ کر نماز پڑھے تو وہ دو دو رکعتیں پڑھتا رہے یہاں تک کہ سحری ہو جائے تو اس کی صبح وتروں پر ہی ہوئی ہے۔ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''عبیداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' سے ان کے والد کے معاملات کے بارے میں پوچھا: وہ وتر کس طرح پڑھتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: ان کی اپنی ایک رائے تھی لیکن وہ بھلائی سے دور بھی نہیں تھے۔

(أخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) أحمد بن محمد ابن عبد الرحمن (عن) أبيه (عن) جنادة بن سالم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد ابن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جنادہ بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی سند کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ دوران نماز امام کو متنبہ کرنے کیلئے مرد سبحان اللہ کہیں، تصفیق عورتوں کیلئے ہے ☼

650/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَنَّ فِي الصَّلَاةِ إِذَا نَابَهُمْ فِيهَا شَيْءٌ التَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ

(٦٥٠) اخرجه ابن ماجة (١٠٣٦) في الصلاة: باب التسبيح للرجال في الصلاة والتصفيق للنساء۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے نماز میں یہ سنت قرار دیا کہ جب امام کو کوئی لقمہ دینا ہو تو مرد ''سبحان اللہ'' کہیں اور عورتیں تصفیق کریں۔ (تصفیق کا مطلب یہ ہے کہ ایک ہاتھ کی ہتھیلی دوسرے ہاتھ کی پشت پر ماریں)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) العباس بن عبد العزيز القطان المروزی (عن) علی بن سليمان (عن) حكيم بن زيد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده كذلك

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عباس بن عبد العزیز قطان مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکیم بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں اسی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

☼ نماز کے دوران عورتوں کے بیٹھنے کا انداز ☼

651/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ سُئِلَ كَيْفَ كَانَ النِّسَاءُ يُصَلِّيْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّ يَتَرَبَّعْنَ ثُمَّ أُمِرْنَ اَنْ يَّحْتَفِزْنَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کے بارے میں روایت کرتے ہیں' اُن سے پوچھا گیا: رسول اکرم ﷺ کے زمانے میں خواتین کیسے نماز پڑھا کرتی تھیں؟ انہوں نے فرمایا: یہ چارزانوں بیٹھتی تھیں، پھر انہیں دوزانوں بیٹھنے کا حکم دے دیا گیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) قبيصة الطبری (عن) زكريا بن يحيی النيسابوری (عن) عبد الله بن أحمد بن خالد الرازی (عن) أبی ثابت زر بن نجيح البصری (عن) إبراهيم بن المهدی (عن) أبی الجواب الأحوص بن الجواب (عن) سفيان الثوری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) علی بن محمد البزاز (عن) أحمد بن محمد بن خالد (عن) زر بن نجيح (عن) إبراهيم بن المهدی (عن) أبی جواب الأحوص بن جواب عن سفيان الثوری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خيرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی الأشنانی بإسناده المذكور إلٰی اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''قبیصہ طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زکریا بن یحییٰ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن خالد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوثابت زر بن نجیح بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوالجواب احوص بن جواب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے علی بن محمد بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زر بن نجیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجواب احوص بن

(۶۵۱) اخرج ابن ابی شيبة ۱:۲۷۰ فی الصلاة؛ باب فی المرأة كيف تجلس فی الصلاة؛ عن نافع قال: كن نساء ابن عمر يتربعن فی الصلاة-

جواب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ابرآلود موسم میں، فجر کی نماز کے دوران سورج طلوع ہوگیا، رخ قبلہ کی طرف نہ تھا، اب کیا کرے ☼

652/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْـرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يُصَلِّيْ فِي يَوْمٍ غَيْمٍ ثُمَّ تَطْلُعُ الشَّمْسُ وَقَدْ بَقِيَ عَلَيْهِ بَعْضُ صَلاتِهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ كَانَ يُصَلِّيْ إِلٰى غَيْرِ قِبْلَةٍ قَالَ يَتَحَوَّلُ إِلَى الْقِبْلَةِ وَيَحْتَسِبُ بِمَا مَضٰى وَيُصَلِّيْ مَا بَقِيَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو بادلوں کے موسم میں فجر کی نماز پڑھ رہا ہو اور اسی دوران سورج طلوع ہو جائے، اس کی کچھ نماز ابھی رہتی ہو اور جو نماز پڑھی ہے وہ قبلہ کے علاوہ کسی دوسری جانب رخ کر کے پڑھی ہو (وہ کیا کرے؟) انہوں نے فرمایا: اسی وقت قبلہ کی جانب رخ کر لے اور جو باقی رہتی ہے وہ پڑھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِى حَنِيْفَةَ قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِى حَنِيْفَةَ رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ سجدہ سات ہڈیوں پر کرنے کا حکم دیا گیا ہے، رکوع میں سر اور پشت ہموار رکھنی چاہئے ☼

653/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ سُفْيَانَ طَرِيفِ بْنِ شَهَّابٍ (عَنْ) اَبِىْ نَضْرَةَ (عَنْ) اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِىْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْإِنْسَانُ يَسْجُدُ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ جَبْهَتِهٖ وَيَدَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَصُدُوْرِ قَدَمَيْهِ فَإِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ كُلَّ عُضْوٍ مَوْضِعَهٗ وَإِذَا رَكَعَ فَلَا يُدَبِّحْ تَدْبِيْحَ الْحِمَارِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوسفیان ظریف بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابونضرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان ۷ ہڈیوں پر سجدہ کرتا ہے، پیشانی پر، دونوں ہاتھوں پر، دونوں گھٹنوں پر اور پاؤں کے پنجوں پر۔ اس لئے جب کوئی سجدہ کرے اس کو چاہئے کہ وہ ہر عضو کو اس کی جگہ پر رکھے اور جب رکوع کرے تو گدھے کی مانند کمر سے زیادہ سر نہ جھکائے (بلکہ سر اور پشت کو ہموار رکھے)

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) إسماعيل بن بشر (عن) حماد بن قريش (عن) عمر بن الرماح (عن) اَبِى

(٦٥٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٦٣) في الصلاة: باب القهقهة في الصلاة وما يكره فيها' وابن ابي شيبة ١:٣٢٥ في الصلاة: باب في الرجل يصلي بعض صلاته لغير القبلة 'من قال: يعتد بها-

(٦٥٣) اخرجه البيهقي في "السنن الكبرى" ٢:٨٥ في الصلاة: باب صفة الركوع-

حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) محمد بن أشرس السلمي النيسابوري (عن) الجارود بن يزيد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ زاد في أوله إذا سجد أحدكم فلا يمدد صلبه فإن الإنسان يسجد الحديث

(ورواه) (عن) الحارث بن أسد الأسدابادي (عن) عبيد الله بن المرزبان (عن) عبد الله ابن أسلم البلجي (عن) عمار بن بزيع (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) إبراهيم بن عبدوس الهمداني (عن) العباس بن يزيد (عن) أحمد بن بشر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ واللفظ نهى رسول الله صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أن يمد الرجل صلبه في السجود

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن قریش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن رماح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن اشرس سلمی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جارود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے آغاز میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے ''جب کوئی سجدہ کرے وہ اپنی پشت کو لمبا نہ کرے، کیونکہ انسان جب سجدہ کرتا ہے (اس کے آگے پوری حدیث بیان کی)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حارث بن اسد الاسدابادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن مرزبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ ابن اسلم بلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن بزیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابراہیم بن عبدوس ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس میں الفاظ یہ ہیں ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ آدمی سجدے کے دوران اپنی پشت کو لمبا کرے۔

☼ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سلام پھیر کر فوراً وہاں سے اٹھ جاتے تھے ☼

654/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اَبِی الضُّحٰی (عَنْ) مَسْرُوْقٍ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ إِذَا سَلَّمَ كَاَنَّهٗ عَلَى الرَّضْفِ حَتّٰی يَنْفَتِلَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوضحیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' حضرت ''ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ'' جب سلام پھیرتے (اتنی جلدی اٹھ جاتے) گویا کہ کسی گرم پتھر پر بیٹھے ہوں۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر بن أحمد (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوي (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع

(٦٥٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٠٦) في الصلاة:باب تسليم الامام وسجوده وعبد الرزاق (٣٢١٤) في الصلاة:باب مكث الامام بعدما يسلم والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ٢٧٠:١-

الثلجی (عن) الحسن بن زیاد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ فِی الآثار فرواه (عن) اَبی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ نمازی جگہ کی تنگی یا بیماری کے باعث بائیں پہلو نہ بیٹھ سکتا ہو تو دائیں پہلو بیٹھ جائے ☼

655/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یُصَلِّیْ فِی الْمَکَانِ الضَّیِّقِ لَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یَّجْلِسَ عَلٰی جَانِبِهِ الْاَیْسَرِ اَوْ تَکُوْنُ بِهٖ عِلَّةٌ قَالَ فَلْیَجْلِسْ عَلٰی جَانِبِهِ الْاَیْمَنِ وَإِنْ کَانَ یَسْتَطِیْعُ الْجُلُوْسَ عَلٰی جَانِبِهِ الْاَیْسَرِ فَلْیَجْلِسْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایسے شخص کے بارے میں مسئلہ پوچھا گیا جو جگہ کی تنگی یا کسی بیماری کے باعث بائیں پہلو کے بل نہ بیٹھ سکتا ہو (تو وہ کیا کرے؟) انہوں نے فرمایا: اگر وہ بائیں پہلو پر بیٹھ سکتا ہو تو بیٹھے ورنہ دائیں پہلو پر بیٹھ جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بیمار شخص نماز میں جیسے ممکن ہو بیٹھ سکتا ہے ☼

656/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ إِذَا کَانَ لِلرَّجُلِ عِلَّةٌ جَلَسَ فِی الصَّلَاةِ کَیْفَ شَاءَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: بیمار شخص جیسے چاہے نماز میں بیٹھ سکتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ إذا کانت العلة تمنعه من الجلوس فِی الصلاة علی ما أمر به وهو قول اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۶۵۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۰۷) فی الصلاة:باب تسلیم الامام وسجوده-

(۶۵۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۰۸) فی الصلاة:باب تسلیم الامام وسجوده'

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں کہ جب نمازی کو ایسی بیماری ہو جس کی وجہ سے وہ اُس طرح نہ بیٹھ سکتا ہو، جیسے بیٹھنے کا حکم ہے، تو وہ جیسے ممکن ہو بیٹھ جائے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ وتروں (کی دو رکعتوں کے بعد تیسری رکعت) میں فاصلہ نہیں ہے ☼

657/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ سُفْيَانَ طَرِيْفِ بْنِ شَهَابٍ (عَنْ) اَبِىْ نَضْرَةَ (عَنْ) اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدَرِىِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا فَصْلَ فِى الْوِتْرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوسفیان طریف بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابونضرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وتروں (کی دو رکعتوں کے بعد تیسری رکعت) میں فاصلہ نہیں ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) السری بن عاصم البخاری من أهل زنكر (عن) عبد الله بن عبد الرحمن المدینی (عن) جعفر بن عون (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سری بن عاصم بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' (جن کا تعلق اہل زنکر سے ہے) سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن عبد الرحمٰن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ چٹائی پر نماز پڑھنا اور سجدہ بھی چٹائی پر کرنا سنت ہے ☼

658/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ سُفْيَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدَرِىِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَوَجَدَهٗ يُصَلِّىْ عَلٰى حَصِيْرٍ يَسْجُدُ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسفیان طلحہ بن نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم چٹائی پر نماز پڑھ رہے تھے، نماز کا سجدہ بھی چٹائی پر ہی کر رہے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن الحسن بن سلام الدینوری (عن) أحمد بن عباد بن سعید السقفی السراج (عن) عیسی بن یونس (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن حسن بن سلام دینوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عباد

(٦٥٧) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (١٥٨). قلت: وقد اخرج ابن ابي شيبة ٢٩٥:٢ في الصلاة: باب من كان يوتر بثلاث او اكثر، والنسائي (١٤٠٠)، والدار قطني ٣٢:٢ (٧)، والحاكم في "المستدرك" ٣٠٤:١، والخطيب في "تاريخ بغداد" ٢٨٤:١٤ عن عائشة قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسلم في ركعتي الوتر-

(٦٥٨) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (١٢٤)، ومسلم (٦٦١) و (٥١٩) في المساجد: باب الصلاة في ثوب واحد، والترمذي (٣٣٢) في الصلاة: باب ما جاء في الصلاة على الحصير، وابن ماجة (١٠٢٩) في اقامة الصلاة: باب الصلاة على الخمرة-

بن سعید سقفی سراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رکوع میں دونوں ہاتھ گھٹنوں کے اوپر رکھنا سنت ہے ☼

659/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَضَعُ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ إِذَا رَكَعَ وَاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يُطَبِّقُ يَدَيْهِ بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِذَا رَكَعَ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ اَلَّذِىْ كَانَ يَصْنَعُ عَبْدُ اللّٰهِ كَانَ شَيْءٌ يَصْنَعُ فَتَرَكَ وَالَّذِىْ صَنَعَ عُمَرُ اَحَبُّ إِلَيَّ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' رکوع کرتے تو اپنے ہاتھ گھٹنوں پر رکھتے لیکن حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' جب رکوع کرتے تو دونوں ہاتھ ملا کر گھٹنوں کے درمیان کر لیتے تھے۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: جو حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کا طریقہ تھا، وہ پہلے کا عمل تھا، بعد میں چھوڑ دیا گیا تھا اور جو طریقہ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' کا ہے، وہ مجھے زیادہ پسند ہے۔

(أخرجه) القاضى أبو الحسن عمر بن الحسن الأشنانى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ محمد بن حنيفة بن ماهان (عن) تميم بن المنتصر (عن) إسحاق بن يوسف الأزرق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) ابن خسرو (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) خاله أبى على الحسن بن أحمد الباقلانى (عن) أبى عبد الله أحمد بن محمد بن دوست العلاف (عن) القاضى الأشنانى بإسناده إلى اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِى الآثار فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوحسن عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''محمد بن حنیفہ بن ماہان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''تمیم بن منتصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن یوسف ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے'' روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ آنکھوں کی تکلیف کے باعث نفلی نماز چادر لپیٹ کر پڑھنا، سجدے کے وقت کھول دینا ☼

660/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ سُفْيَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ (عَنِ) الْحَسَنِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى مُحْتَبِئاً مِنْ رَمَدٍ كَانَ بِعَيْنَيْهِ

(٦٥٩) فاما حديث عبد الله بن مسعود فاخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (٩٥) وعبدالرزاق (٣٨٨٤) فى الصلاة: باب الرجل يؤم الرجلين والمرأة، وابن ابى شيبة ١:٢٤٥، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" ١:٢٢٩. واما حديث عمر بن الخطاب فاخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (٦٩) وابن ابى شيبة ١:٢٤٤-

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسفیان طلحہ بن نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آنکھوں میں درد تھا، جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر لپیٹ کر نماز پڑھی (جب آپ سجدہ کرنے لگتے تو اس کا پیچ کھول دیتے تھے)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن سریج البخاری (عن) محمود بن خداش (عن) علی ابن یزید الصدائی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غیر أنه قال صلی تطوعاً وهو محتب بثوبه

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ لا نرى بذلك بأساً وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ فإذا بلغ السجود حل حبوته وسجد

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن سریج بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن یزید صدائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس میں یہ الفاظ بھی ہیں ''حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نفلی نماز اپنے گرد چادر لپیٹ کر پڑھی''

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں، ام اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب ہے، جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرنے لگتے تو اس کے پیچ کھول دیتے اور سجدہ کر لیتے۔

☼ جہاں ۱۵ یا زیادہ دن ٹھہرنے کا ارادہ ہو، وہاں قصر نہیں پڑھی جائے گی ☼

661/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) مُوْسٰی بْنِ مُسْلِمٍ (عَنْ) مُجَاهِدٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ إِذَا هَمَّمْتَ بِإِقَامَةِ خَمْسَةَ عَشَرَ یَوْماً فَاَتِمَّ الصَّلَاةَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''موسیٰ بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر اور حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' جب تو کسی جگہ ۱۵ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا ارادہ کرے تو نماز پوری پڑھ۔

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼رسول اکرم ﷺ نماز میں عاجزی کے طور پر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر رکھا کرتے تھے ☼

695/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَمِدُ بِإِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى فِي الصَّلَاةِ يَتَوَاضَعُ لِلّٰهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نماز میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی کیلئے اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر رکھا کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ قال محمد يضع بطن الكف اليمنى على رسغه اليسرى تحت السرة ويكون الرسغ فِي وسط الكف

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کے پہنچوں کے اور پر رکھ کر ناف کے نیچے رکھے، اور بائیں ہاتھ کا پہنچا، دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے درمیان میں ہونا چاہئے۔

☼رسول اکرم ﷺ دو سلام پھیرتے تھے، ایک دائیں طرف دوسرا بائیں طرف ☼☼

696/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَيَسَارِهٖ بِتَسْلِيْمَتَيْنِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' رسول اکرم ﷺ اپنے دائیں بائیں دو سلام پھیرا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) يعقوب بن يوسف بن زياد الضبي (عن) أبي جنادة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن یوسف بن زیاد ضبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو جنادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم ﷺ دائیں بائیں سلام پھیرا کرتے تھے ☼

697/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

(٦٩٥) قد تقدم في (٦٩٠)-

(٦٩٦) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (١٢١) والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ١:٢٦٨ وابن حبان (١٩٩٠) وابو داود (٩٩٦) في الصلاة: باب في السلام وابن ماجة (٩١٤) في الاقامة: باب التسليم وابن خزيمة (٧٢٨) وعبد الرزاق (٣١٣٠)-

(٦٩٧) اخرجه احمد ١:٣٨٣ وابن ابي شيبة ١:٣٠٤ ومسلم (٧٠٧) (١٥٩) والنسائي في "المجتبى" ٣:٨١ وفي "الكبرى" (١٢٨٣) وعبد الرزاق (٣٢٠٨) والحميدي (١٢٧) وابن ماجة (٩٣٠) وابو يعلى (٥١٧٤) وابن خزيمة (١٧١٤)-

وَسَلَّمَ يَنْصَرِفُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫''، حضرت ''عطاء بن ابی رباح ﷜'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم ﷺ اپنے دائیں بائیں سلام پھیرا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) محمد بن إبراهيم بن أحمد بن خنيس (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد ﷫'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن ابراہیم بن احمد بن خنیس ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد ﷫'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مغرب کی دو رکعتیں چھوٹ جائیں تو ان کو ادا کرنے کے دو درست طریقے ☼

698/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ مَسْرُوْقَ بْنَ الْاَجْدَعِ وَجُنْدُبَ الْاَزْدِيْ انْتَهَيَا إِلَى الْإِمَامِ وَقَدْ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ مِنَ الْمَغْرِبِ فَقَامَا لِيَقْضِيَا فَاَمَّا مَسْرُوْقٌ فَجَلَسَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ وَاَمَّا جُنْدُبٌ فَقَامَ فِي الْاُوْلٰى وَجَلَسَ فِي الثَّانِيَةِ فَلَمَّا فَرَغَا اَنْكَرَ كُلٌّ مِنْهُمَا عَلٰى صَاحِبِهٖ فَانْطَلَقَا إِلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَذَكَرَا لَهُ الَّذِيْ صَنَعَا فَقَالَ كِلَاكُمَا قَدْ اَحْسَنَ وَاَنَا اَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ مَسْرُوْقٌ فَإِنَّهٗ اَحَبُّ إِلَيَّ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫''، حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''مسروق بن اجدع ﷜'' اور حضرت ''جندب ازدی ﷜'' امام کے پاس پہنچے تو وہ مغرب کی دو رکعتیں پڑھ چکا تھا، (اس کے سلام پھیرنے کے بعد) یہ اپنی چھوٹی ہوئی رکعتیں پڑھنے کیلئے کھڑے ہوئے، حضرت مسروق دو رکعتوں کے بعد بیٹھے، اور حضرت جندب پہلی رکعت میں کھڑے ہوئے اور دوسری میں بیٹھے، جب یہ نماز سے فارغ ہوئے تو دونوں نے ایک دوسرے پر طریقہ نماز پر اعتراض کیا۔ یہ دونوں حضرت عبداللہ بن مسعود ﷜ کے پاس آ گئے، اور اپنا واقعہ بیان کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷜ نے فرمایا: تم دونوں نے ہی ٹھیک کیا ہے۔ جبکہ میں اُس طرح نماز پڑھتا ہوں جیسے حضرت مسروق نے پڑھی ہے، کیونکہ یہ طریقہ مجھے زیادہ اچھا لگتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبقول عبد الله نأخذ وهو قول

(۶۹۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۳۱) وعبد الرزاق (۳۱۶۵) في الصلاة باب مايقرأ فيما يقضى وابن ابي شيبة ۲: ۴۹۰ والطبراني في "الكبير" (۹۳۷۰)۔

اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کو اپناتے ہیں' اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے

☼ جو امام سے پیچھے رہ جائے، وہ تشہد بھی پڑھے گا اور سلام بھی پھیرے گا ☼

699/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی رَجُلٍ سَبَقَهُ الْإِمَام اَیَتَشَهَّدُ فِیْمَا سَبَقَهُ الْإِمَامُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَفَیَرُدُّ السَّلَامَ إِذَا سَلَّمَ الْإِمَامُ قَالَ إِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ رَدَّ السَّلَامَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا: جس شخص سے امام آگے نکل جائے اور وہ پیچھے رہ جائے، کیا وہ تشہد پڑھے گا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ پھر پوچھا: جب امام سلام پھیرے گا تو کیا وہ سلام پھیرے گا؟ انہوں نے کہا: جب وہ نماز سے فارغ ہوگا تو سلام پھیرے گا۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرتے تو آپ کے رخسار مبارک مقتدیوں کو دکھائی دیتے تھے ☼

700/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَـانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُسَلِّمُ عَنْ یَمِیْنِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتّٰی نَرٰی شِقَّ وَجْهِهٖ وَعَنْ یَسَارِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہتے ہوئے اپنی دائیں جانب سلام پھیرتے، ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی دائیں جانب دیکھ سکتے تھے، اسی طرح بائیں جانب۔

(٦٩٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٣٢) في الصلاة: باب من سهو شيء من صلاته وعبد الرزاق (٤٠٩٤) في الصلاة: باب الرجل يكون له وتر واحد (!!!) يتشفع ايتشهد! وابن ابي شيبة ٢:٤٤ في الصلاة: باب الرجل يفوته شيء من صلاة الامام-

(۷۰۰) قد تقدم فی (۶۹۶)-

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) العباس بن حمزة النیسابوری (عن) عمرو بن عثمان الحمصی (وعن) حمدان بن عارم البخاری (عن) المعلل بن نفیل الحرانی (وعن) محمد بن علی بن طرخان البیکندی (وعن) عبد الوهاب بن الضحاك کلهم (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) أیضاً عن منذر بن سعید الهروی (عن) محمد بن الهیثم (عن) محمد بن إسماعیل بن عیاش (عن) أبیه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ غیر أنه قال حتی یری بیاض خده الأیمن وعن شماله مثل ذلك حتی یری بیاض خده الأیسر مما یلتفت

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) علی بن محمد بن عبید (عن) محمد بن الهیثم (عن) حماد القاضی (عن) محمد بن إسماعیل بن عیاش (عن) أبیه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) خاله أبی علی الحسن بن أحمد بن الحسن (عن) القاضی عمر بن الحسن بن علی بن مالك الأشنانی (عن) الحسن بن علی بن شبیب (عن) عبد الوهاب بن الضحاك (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) القاضی الأشنانی بإسناده المذکور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زیاد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عباس بن حمزہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن عثمان حمصی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''حمدان بن عارم بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''معلل بن نفیل حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''محمد بن علی بن طرخان بیکندی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''عبد الوہاب بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان سب نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''منذر بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس میں یہ کہا ہے ''حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں رخسار کی سفیدی دکھائی دیتی تھی، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب بائیں جانب سلام پھیرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں رخسار کی سفیدی دکھائی دیتی تھی۔

○اس حدیث کوحافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن بن علی بن مالک اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حسن بن علی بن شبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالوہاب بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھادیں، یاددلانے پر سجدہ سہو کرنا

701/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ اَنَّهُ صَلَّى بِاَصْحَابِهِ الظُّهْرَ خَمْسَ رَكْعَاتٍ فَلَمَّا انْصَرَفَ وَانْحَرَفَ قِيْلَ لَهُ إِنَّكَ قَدْ صَلَّيْتَ خَمْسَ رَكْعَاتٍ فَقَالَ لِإِبْرَاهِيْمَ مَا تَقُوْلُ يَا أَعْوَرُ قَالَ لَهُ نَعَمْ فَسَجَدَ بِهِمْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اصحاب کوظہر کی پانچ رکعتیں پڑھادیں، جب نماز سے فارغ ہوئے تو عرض کی گئی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھادی ہیں، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: اے اعور! اس بارے میں تم کیا کہتے ہو؟ انہوں نے کہا: یہ لوگ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ حضرت علقمہ نے ان سب کوسجدہ سہو کروا کر دائیں بائیں سلام پھیر دیا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

ظہر یا عصر کی رکعتیں کم یا زیادہ پڑھی جانے پر، یاددلانے کے بعد سجدہ سہو ادا کرنا

702/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلاَةً اَمَّا الظُّهْرَ وَاَمَّا الْعَصْرَ فَزَادَ اَوْ نَقَصَ فَلَمَّا فَرَغَ وَسَلَّمَ قِيْلَ لَهُ اَحَدَثَ فِي الصَّلاَةِ شَيْءٌ اَمْ نَقَصْتَ قَالَ إِنِّيْ اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ لِاَنِّيْ مِنَ الْبَشَرِ فَإِذَا نَسِيْتُ فَذَكِّرُوْنِي ثُمَّ حَوَّلَ وَجْهَهُ إِلَى الْقِبْلَةِ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَتَشَهَّدَ فِيْهِمَا ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی اور اس کی رکعتیں کم یا زیادہ پڑھادیں، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بارے میں کوئی نیا حکم نازل ہوگیا ہے، یا آپ بھول گئے ہیں؟ ارشاد فرمایا: میں بھی اسی طرح بھول سکتا ہوں، جس طرح تم بھول جاتے ہو، کیونکہ میں بھی

(۷۰۲) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (۱۶۱) وابو يعلي (۵۱۴۲) ومسلم (۵۷۲) (۹۰) في المساجد: باب السهو في الصلاة، وابن ماجة (۱۲۱۲) في الاقامة: باب ما جاء فيمن شك في صلاته، وابو نعيم في "الحلية" ۷:۲۳۶-

تو انسان ہوں، جب میں بھول جاؤں تو مجھے یاددلا دیا کرو، پھر حضور ﷺ نے اپنا چہرہ قبلہ کی جانب پھیرا، اور سجدہ سہو کیا، پھر تشہد پڑھا، پھر دائیں بائیں سلام پھیر دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن قدامة الزاهد البلخی (عن) محمد بن عمران الهمدانی (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن قدامہ زاہد بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عشاء کی نماز کے بعد باتیں کرنا بدعت ہے، سوائے نماز یا تلاوت کے ☼

703/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عُمَرِ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' قَالَ اَحْدَثُ الْحَدَثِ الْحَدِیْثُ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلَّا فِی صَلَاةٍ اَوْ قِرَاءَةِ قُرْآنٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' سب سے بڑی بدعت یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد باتیں کی جائیں، سوائے اس کے کہ نماز پڑھی جائے یا قرآن کی تلاوت کی جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ نماز میں نکسیر آئی، یا وضو ٹوٹ گیا، نئے سرے سے نماز پڑھنا بہتر ہے ☼

704/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ یُجْزِیْهِ یَعْنِیَ الْبِنَاءُ فِی الرُّعَافِ وَالْحَدْثِ وَالْاِسْتِیْنَافُ اَحَبُّ اِلَیْنَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' نکسیر آئے، یا وضو ٹوٹ جائے تو (وضو کرنے کے بعد) وہیں سے آگے نماز جاری رکھنا بھی جائز ہے، لیکن ہمارے نزدیک نئے سرے سے نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبقول إبراهیم نأخذ وذلك یجزی وإن تکلم واستقبل فهو أفضل

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا قول اپناتے ہیں، اور یہی کفایت کرے گا، اور اگر اس نے اس دوران کوئی

(۷۰۳) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۴۲) فی الصلاة: باب ما یقطع الصلاة وابن ابی شیبة ۲:۲۷۹ فی الصلاة: باب من کره السمر بعد العتمة۔

(۷۰۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۴۴) فی الصلاة: باب الرعاف فی الصلاة والحدث۔

کلام کرلیا تو پھر دوبارہ نماز پڑھنا ہی افضل ہے۔

دورانِ نماز نکسیر آ جانے یا وضو ٹوٹ جانے پر وضو کر کے وہیں سے آگے نماز جاری رکھ سکتے ہیں

705/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يَرْعِفُ فِي الصَّلَاةِ اَوْ يُحْدِثُ قَالَ يُخْرِجُ وَلَا يَتَكَلَّمُ إِلَّا اَنْ يَذْكُرَ اللّٰهَ تَعَالٰى ثُمَّ يَتَوَضَّأُ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى مَكَانِهِ وَيَقْضِي مَا عَلَيْهِ مِنْ صَلَاتِهِ وَيَعْتَدُّ بِمَا صَلّٰى فَإِنْ تَكَلَّمَ اِسْتَقْبَلَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: جس شخص کو نماز کے دوران نکسیر آ جائے، یا کسی اور طرح اس کا وضو ٹوٹ جائے، وہ نماز سے نکل جائے، کسی سے گفتگو نہ کرے، صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے، پھر وضو کر کے اُسی جگہ آ جائے، اور جتنی نماز رہتی ہے، اس کو پڑھے، اور پہلے جو نماز پڑھ چکا ہے، اس کو بھی اپنی نماز کا حصہ شمار کرے۔ اور اگر اس دوران گفتگو کر لی ہے، تو نماز نئے سرے سے شروع کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

دورانِ نماز سلام کا جواب دینے کی اجازت نہیں ہے، اشارے سے بھی نہیں

706/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اَبِي وَائِلٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ لَمَّا قَدِمَ مِنْ اَرْضِ الْحَبْشَةِ سَلَّمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ سَخَطِهٖ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَا ذٰلِكَ قَالَ سَلَّمْتُ عَلَيْكَ فَلَمْ تَرُدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ قَالَ إِنَّ فِي الصَّلَاةِ شُغْلاً مِنْ رَدِّ السَّلَامِ فَلَمْ يَرُدَّ السَّلَامَ مُنْذُ يَوْمَئِذٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: جب وہ سرزمین حبشہ سے واپس آئے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز پڑھ رہے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جواب نہ دیا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اللہ کی ناراضگی سے اس کی پناہ مانگتا ہوں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا ہوا؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں

(۷۰۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱٤٥) في الصلاة: باب الرعاف في الصلاة، وابن ابي شيبة ۲:۱۹۵ في الصلاة: باب في الذي يقئ او يرعف في الصلاة، وعبد الرزاق ۲:۳۳۸-

(۷۰٦) اخرجه احمد ۱:٤۰۹، وابو يعلى (۵۱۸۹)، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ۱:٤۵۵، والطبراني في "الكبير" (۱۰۱۲۹)، وابن ابي شيبة ۱:٤۱۸ في الصلاة: الرجل يسلم عليه في الصلاة-

نے سلام عرض کیا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب ارشاد نہیں فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کا جواب دینے سے نماز کی اپنی مصروفیت میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: اس دن سے سلام کا جواب نہیں دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغاني (عن) أبيه عن أبي مقاتل حفص بن سلام السمرقندي (عن) اَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابومقاتل حفص بن سلام سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نماز میں انگلیاں چٹخانا، پنجوں کے بل بیٹھنا، داڑھی سے کھیلنا مکروہ ہے ☼

707/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُفَرْقِعَ الرَّجُلُ اَصَابِعَهُ اَوْ يُلْقِيَ رِدَاءً كَانَ عَلٰى مِنْكَبَيْهِ اَوْ يَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى خَاصِرَتِهِ اَوْ يَدْفِنَ كِبَارَ الْحِصٰى اَوْ يُقْعِيَ عَلٰى عَقِبَيْهِ اَوْ يَعْبَثَ بِلِحْيَتِهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ اس عمل کو ناپسند کرتے تھے کہ انسان (نماز کے دوران) اپنی انگلیاں چٹخائے، یا اپنے کندھوں پر چادر ڈھلکائے، یا اپنا ہاتھ اپنے کوہلو پر رکھے، یا بڑی بڑی کنکریاں دفن کرے، یا اپنی ایڑھیوں کے بل بیٹھے، یا اپنی داڑھی کے ساتھ کھیلے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِي حَنِيفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ أن العبث فِي الصلاة يشغل عنها وهو قول اَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ نماز میں فضول کاموں میں مشغول ہونا نماز میں خلل ڈالتا ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ میں عصر اور ظہر کی نماز قصر پڑھی ☼

708/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ اَرْبَعاً وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ذی الحلیفہ میں ظہر اور عصر کی نماز قصر پڑھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أبي سعيد كتابة (عن) موسى بن بهلول (عن) محمد بن بشر (عن) اَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۷۰۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۵۰) في الصلاة:باب ما يعاد من الصلاة وما يكره منها'وابن ابي شيبة(مختصراً) في الصلاة:باب الرجل يضع يده على خاصرته في الصلاة ۲:۴۷-

(۷۰۸) اخرجه الحصكفي في "المسند الامام" (۱۵۰) 'وابن حبان (۲۷۴۸) 'والبخاري (۱۰۸۹) في تقصير الصلاة:باب يقصر اذا خرج من موضعه 'ومسلم (۶۹۰) 'والدارمي ۱:۳۵۴'وابو داود (۱۲۰۲) في الصلاة:باب متى يقصر المسافر-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بیماری کی حالت میں بھی نماز فرض ہے، اشارے کی سکت ہو تو اشارے سے پڑھنی ہوگی ☼

709/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَرِضْتُ فَعَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَقَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ فِي مَرَضِيْ وَحَانَتِ الصَّلَاةُ فَتَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَصَبَّ عَلٰى وَجْهِيْ وَقَالَ كَيْفَ اَنْتَ يَا جَابِرُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلِّ مَا اسْتَطَعْتَ وَلَوْ اَنْ تُوْمِيَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں بیمار ہو گیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ بیماری کی وجہ سے مجھ پر بیہوشی طاری تھی، اسی دوران نماز کا وقت ہو گیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور میرے چہرے پر چھینٹے مارے، اور فرمایا: اے جابر! تم کیسے ہو؟ پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جیسے بھی ممکن ہو، نماز پڑھ لو، خواہ اشارے کے ساتھ ہی پڑھو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی بكر بن عبد الله بن محمد بن خالد القاضی الحبال الرازی (عن) محمد ابن المهدی القومسی (عن) محمد بن بكير بن محمد بن بكير بن شهاب (عن) أبيه (عن) جده محمد بن بكير قاضی الدامغان قال كتبت إلى اَبِى حَنِيْفَةَ فِي المريض إذا ذهب عقله فِي مرضه كيف يعمل به فِي وقت الصلاة فكتب إلى يخبرنی (عن) محمد بن المنكدر (عن) جابر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوبکر بن عبداللہ بن محمد بن خالد قاضی حبال رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن مہدی قومسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بکیر بن محمد بن بکیر بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''محمد بن بکیر قاضی الدامغان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب خط لکھا' جب مریض کی عقل زائل ہو جائے، اور نماز کا وقت ہو جائے تو وہ کیا کرے؟ انہوں نے میری جانب جوابی مکتوب میں حضرت محمد بن منکدر کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا فرمان لکھ بھیجا۔

☼ صف سے پیچھے ہی رکوع کر لینا اور چلتے ہوئے صف میں شامل ہونا ☼

710/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْمُبَارَكِ بْنِ فُضَالَةَ (عَنِ) الْحَسَنِ الْبَصْرِيْ (عَنْ) اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّهُ رَكَعَ دُوْنَ

(۷۰۹) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۱۳۷) وابو يعلی (۲۰۱۸) والحميدی (۱۲۲۹) واحمد ۳۰۷:۳ والبخاری (۵۶۵۱) فی المرضی: باب عيادة المغمی عليه وابو داود (۲۸۸۶) فی الفرائض: باب فی الكلالة والحاكم فی "المستدرك" ۳۰۳:۲۔

(۷۱۰) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۳۹۵:۱ وابن حبان (۲۱۹۴) والطبرانی فی "الصغير" (۱۰۳۰) وابو داود (۶۸۳) فی الصلاة: باب الرجل يركع دون الصف والبيهقی فی "السنن الكبریٰ" ۱۰۶:۳ واحمد ۳۹:۵ وابن الجارود (۳۱۸)۔

الصَّفِّ ثُمَّ مَشٰى حَتّٰى وَصَلَ إِلَى الصَّفِّ فَلَمَّا فَرَغَ ذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصاً وَلَا تَعُدْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫''، حضرت ''مبارک بن فضالہ ﷫'' سے، وہ حضرت ''حسن بصری ﷫'' سے، وہ حضرت ابوبکرہ ﷫ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے صف سے پیچھے ہی رکوع کرلیا، پھر چلتے ہوئے صف میں شامل ہو گئے، جب وہ فارغ ہوئے تو اس بات کا ذکر رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا، حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تیری نماز پر حرص میں اضافہ فرمائے، لیکن آئندہ سے ایسے مت کرنا۔

(أخرجه (الإمام محمد بن الحسن فِي نسخته فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ چار رکعت والی نماز کی چوتھی رکعت میں شک ہوا کہ وہ پڑھ لی ہے یا نہیں تو کیا کرے ☼

711/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) شَقِيْقِ بْنِ سَلْمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ قَالَ إِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلَمْ يَدْرِ اَثَلَاثاً صَلّٰى اَمْ اَرْبَعاً فَلْيَتَحَرَّ وَلْيَنْظُرْ اَفْضَلَ ظَنِّهٖ فَإِنْ كَانَ اَفْضَلُ ظَنِّهٖ اَنَّهٗ صَلّٰى ثَلَاثاً اَضَافَ إِلَيْهَا رَابِعَةً وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَإِنْ كَانَ اَفْضَلُ ظَنِّهٖ اَنَّهٗ صَلّٰى اَرْبَعاً سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫''، حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''شقیق بن سلمہ ﷫'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود ﷠ سے روایت کرتے ہیں' جب کسی کو نماز میں شک ہو جائے، اس کو سمجھ نہ آ رہی ہو کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار؟ وہ غور وفکر کرلے، اور دیکھ لے کہ اس کا غالب گمان کدھر جا رہا ہے؟ اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ تین پڑھی ہیں تو ان کے ساتھ ایک اور رکعت پڑھ لے اور آخر میں سجدہ سہو کرلے، اور اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے چار رکعتیں پڑھی ہیں، تو وہ سلام پھیر کر سجدہ سہو کرلے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسن علي بن الحسن بن أيوب (عن) أبي بكر محمد بن إسماعيل بن العباس الوراق (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ورضي عنا به آمين آمين

الفصل السادس فِي الجماعة وآداب الإمام وما يكره فِي المسجد

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسن علی بن حسن بن ایوب ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن اسماعیل بن عباس الوراق ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان ﷫'' سے، انہوں نے اپنے ''والد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔ (اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو، اور ان کے طفیل ہم سے بھی راضی ہو آمین آمین)

(۷۱۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني فى "الآثار" (۱۷۶) فى الصلاة: باب السهو فى الصلاة وعبد الرزاق (۳۴۶۸) فى الصلاة: باب السهو فى الصلاة وابن ابى شيبة ۲:۳۶ فى الصلاة: باب فى الرجل يصلى فلا يدرى زاد او نقص-

اَلْفَصْلُ السَّادِسُ فِی الْجَمَاعَةِ وَآدَابِ الْاِمَامِ وَمَا يُكْرَهُ فِی الْمَسْجِدِ

☼ ۴۰ دن تک مسلسل فجر اور عشاء کی نماز پڑھنے والے کو شرک اور نفاق سے بری قرار دیا جاتا ہے ☼

712/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنْ) رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ دَاوَمَ اَرْبَعِيْنَ يَوْماً عَلٰی صَلَاةِ الْغَدَاةِ وَالْعِشَاءِ فِی جَمَاعَةٍ كُتِبَ لَهٗ بَرَاءَةٌ مِنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ'' حضرت ''عطاء'' کے واسطے سے حضرت ''عبداللہ بن عباس'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص ۴۰ دن مسلسل فجر اور عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتا ہے اس کے لیئے نفاق سے اور شرک سے برات لکھ دی جاتی ہے

(أخـرجـه) أبـو مـحـمـد البخاری (عن) أبی الفضل جعفر بن محمد بن أحمد بن الوليد الباقلانی (عن) محمد ابن يحيی الأزدی (عن) الهياج بن بسطام (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخـرجـه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده قال قرأت فِی تاريخ بخاری لأبی عبد الله محـمـد بـن محمد بن محمد بن سليمان بن كامل المعروف بغنجار (عن) أبی علی الحسين بن يوسف (عن) أبی عـمـرو حـفص الكشی (عن) أبی سعيد عطاء بن موسی الجرجانی (عن) عبد الله بن يزيد المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل جعفر بن محمد بن احمد بن ولید باقلانی'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یحییٰ ازدی'' سے، انہوں نے حضرت ''ہیاج بن بسطام'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف بغنجار'' کی کتاب ''تاریخ بخاری'' میں پڑھا ہے اس میں انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسین بن یوسف'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعمرو حفص کشی'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید عطاء بن موسیٰ جرجانی'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ امام کو چاہیئے کہ جماعت زیادہ لمبی نہ کروائے، ضعیفوں، بیماروں اور کام کاج والوں کا احساس کرے ☼

713/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَمَّ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

---

(۷۱۲) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۱۳٤) و (۱۳۵) والخطيب فی "تاريخ بغداد" ۹٦:۷ واحمد ۱۵۵:۴ وابن ماجة (۷۹۸) والترمذی (۲٤۱) والعراقی فی "تخريج الاحياء" ۱٤۹:۱-

(۷۱۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۱۸۷) فی الصلاة: باب تخفيف الصلاة وعبد الرزاق ۳٦٦:۲ فی الصلاة: باب تخفيف الصلاة وابو عوانة ۸٦:۲ وابن ماجة ۳۱۵:۱ فی اقامة الصلاة: باب من ام قوماً فليخفف والحميدی (٤۵۳)-

قَوْماً وَاَطَالَ بِهِمْ فَانْتَهٰى اِلَيْهِمْ رَجُلٌ عَلٰى بَعِيْرِهٖ فَاَنَاخَهٗ فَعَقَلَهٗ ثُمَّ دَخَلَ فِى الصَّلَاةِ فَانْبَعَثَ بَعِيْرُهٗ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ اِلَى الْبَعِيْرِ وَلَا يَزْدَادُ مِنْهُ اِلَّا بُعْداً وَالْاِمَامُ عَلٰى قِرَاءَتِهٖ فَلَمَّا رَاٰى الرَّجُلُ ذٰلِكَ صَلّٰى فِى جَانِبِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ انْصَرَفَ فِى طَلَبِ بَعِيْرِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالَ اَقْوَامٌ يُنَفِّرُوْنَ مِنْ هٰذَا الدِّيْنِ مَنْ اَمَّ قَوْماً فَلْيُخَفِّفْ بِهِمْ فَاِنَّ فِيْهِم الضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ كُوْنُوْا مُؤَلِّفِيْنَ وَلَا تَكُوْنُوْا مُتَنَفِّرِيْنَ

✧✧ حضرت ''امام ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' ایک صحابی رسول ﷺ نے ایک قوم کو جماعت کروائی اور جماعت بہت لمبی کروادی، ان کے پاس ایک شخص اونٹ پر آیا، اس نے اپنا اونٹ بٹھایا اور اس کو باندھ دیا، پھر نماز میں شامل ہوگیا، اس کا اونٹ کھل گیا، وہ آدمی اپنے اونٹ کی طرف دیکھنے لگ گیا، وہ اونٹ اس سے مسلسل دور ہوتا جارہا تھا، اور امام قراءت میں مصروف تھا، جب اس آدمی نے یہ معاملہ دیکھا تو اس نے مسجد کی ایک جانب ہوکر (اپنے طور پر) نماز پڑھی اور نماز سے فارغ ہوکر اونٹ کو پکڑنے چلا گیا۔ اس بات کی اطلاع رسول ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس قوم کا کیا حشر ہوگا جو لوگوں کو دین سے متنفر کررہے ہیں، جو شخص کسی قوم کی امامت کروائے اس کو چاہیے کہ نماز مختصر پڑھائے۔ کیونکہ جماعت میں کمزور لوگ بھی ہوتے ہیں اور بوڑھے بھی ہوتے ہیں اور کام کاج والے بھی۔ محبتیں پیدا کرنے والے بنو، نفرتیں پیدا کرنے والے مت بنو۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان عن بشر ابن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ مختصراً قال محمد وبه نأخذ ولا بد أن يتم الركوع والسجود وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبد الجبار صیرفی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر ابن موسیٰ ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں مختصر طور پر ذکر کیا ہے۔ حضرت امام ''محمد ﷫'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ رکوع اور سجود صحیح طور پر ادا کئے جائیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ فجر اور عشاء کی نماز باجماعت ادا کرنے والے کو نفاق اور شرک سے براءت مل جاتی ہے ☼

714/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ شَهِدَ الْفَجْرَ وَالْعِشَاءَ فِي جَمَاعَةٍ كَانَتْ فِيْهِ بَرَاءَتَانِ بَرَاءَةٌ مِنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

(٧١٤) قد تقدم في (٧١٣)۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص فجر اور عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتا ہے اس کو دو براءتیں ملتی ہیں' ایک براءت نفاق سے اور دوسری شرک سے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن محمد ابن النضر الهروی (عن) أحمد بن عبد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن محمد ابن نضر ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اللہ تعالیٰ اور فرشتے اگلی صف والوں پر رحمتیں نازل فرماتے ہیں ☼

715/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ كَانَ یُقَالُ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ وسَوُّوْا مَنَاكِبَكُمْ وتَرَاصَّوْا لَتَرَاصَّنَّ لَیَتَخَلَّلَنَّكُمُ الشَّیْطَانُ كَاَوْلَادِ الْحذف اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَه' یُصَلُّوْنَ عَلٰی مقدم الصُّفُوْفِ

✧✧ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' فرمایا کرتے تھے: اپنی صفوں کو سیدھا رکھا کرو اور اپنے کندھوں کو برابر رکھا کرو ورنہ تمہارے درمیان شیطان بھیڑ کے بچے کی طرح داخل ہو جائے گا، بے شک اللہ تعالیٰ اور فرشتے اگلی صف والوں پر رحمتیں نازل فرماتے ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ لا یترك الصف وفیه خللاً حتی یستوی

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔کسی بھی صف میں رخنہ نہ رہنے دیا جائے۔

☼ جب تک اگلی صف مکمل نہ ہو جائے، پچھلی صف شروع کرنا جائز نہیں ہے ☼

716/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ إِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الصَّفِّ الْاَوَّلِ لِمَ فَضْلٌ عَلٰی الصَّفِّ الثَّانِیْ فَقَالَ لَا تَقُمْ فِی الصَّفِّ الثَّانِیْ حَتّٰی یَتَكَامَلَ الصَّفُّ الْاَوَّلُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: صف اول، صف ثانی سے افضل کیوں ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دوسری صف میں اس وقت تک

(۷۱۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۸۹) فی الصلاة:فی اقامة الصفوف وفضل الصف الاول وعبد الرزاق (۲۴۳۳) فی الصلاة:باب الصفوف وابن ابی شیبة ۱:۳۵۲ فی الصلاة:باب ما قالوا فی اقامة الصف-

(۷۱۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۰) فی الصلاة:فی اقامة الصفوف وعبدالرزاق (۲۴۶۷) فی الصلاة:باب لا یقف فی الصف الثانی حتی یتم الاول-

کھڑے نہیں ہو سکتے، جب تک پہلی صف مکمل نہ ہو جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) أَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ ينبغي إذا تكامل الصف الأول أن يقوم فِي الصف الثاني ولا يقوم فِي الصف الأول ويزاحم عليه فإنك تؤذى والقيام فِي الصف الثاني خير من الأذى وهو قول أَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔جب اگلی صف مکمل ہو جائے تو پھر پچھلی صف میں کھڑے ہو جانا چاہئے، ایسا نہ ہو کہ اگلی صف میں پھنس کر کھڑے ہوں، کہ اس طرح تمہیں خود کو تکلیف ہوگی (اور دیگر نمازیوں کو بھی تکلیف ہوگی) اگلی صف میں پھنس کر کھڑے ہونے سے بہتر ہے کہ پچھلی صف میں کھڑے ہو جائیں، اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ امامت کے استحقاق میں ترجیحات کا بیان ☼

717/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ يَؤُمُّ الْقَوْمُ اَقْرَأُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَإِنْ كَانُوْا فِي الْقِرَاءِ ةِ سَوَاءٌ فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَإِنْ كَانُوْا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءٌ فَاَقْدَمُهُمْ سِنًّا

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' لوگوں کی امامت وہ شخص کرائے جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کو سب سے زیادہ اچھے طریقے سے پڑھنے والا ہے، اگر قرائت میں سب برابر ہوں تو جو ہجرت میں اول ہے، وہ جماعت کروائے اور اگر ہجرت میں سب برابر ہوں تو جو سب سے زیادہ عمر رسیدہ ہے وہ امامت کروائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) أَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وإنما قيل أقرأهم لكتاب الله تعالى لأن الناس كانوا فِي ذلك الزمان أقرأهم للقرآن أفقههم فِي الدين فإن كانوا فِي هذا الزمان على ذلك يؤمهم أقرأهم فإن كان غيره أفقه منه وأعلم بسنة الصلاة وهو يقرأ نحواً من قراء ته فأقرأهما وأعلمهما بسنة الصلاة أولى للإمامة وهو قول أَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔امامت کے استحقاق کی جو شرط رکھی ہے، وہ اس لئے ہے کہ اس زمانے میں قرآن کی سب سے زیادہ قراءت کرنے والا، سب سے زیادہ عالم بھی ہوتا تھا، اگر اس زمانے میں بھی اُسی طرح ہو تو اب بھی سب سے زیادہ قراءت والا ہی امامت کا سب سے زیادہ مستحق ہوگا، اور اگر کوئی دوسرا نماز کے طریقوں کو زیادہ جانتا ہے اور وہ اُس جیسی قرائت بھی کر لیتا ہے، تو ان میں سے جو زیادہ قراءت جاننے والا اور زیادہ عالم ہوگا، وہ امام کا سب سے زیادہ حقدار ہوگا اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

---

(۷۱۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۹۱) في الصلاة:باب الرجل يؤم القوم او يؤم الرجلين' وابوداود (۵۸۲) في الصلاة:باب من احق بالامامة'والترمذي (۲۳۵) في الصلاة:باب ما جاء من احق بالامامة'واحمد ۱۱۸:٤-

☼ دیہاتی، غلام اور ولد الحرام اگر قراءت اچھی طرح کریں تو امامت کرواسکتے ہیں ☼

718/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ لاَ بَأْسَ اَنْ یُّؤَمِّنَ الْاَعْرَابِیُّ وَالْعَبْدُ وَوَلْدُ الزِّنَا إِذَا قَرَاَ الْقُرْآنَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' دیہاتی، غلام اور حرامی اگر اچھے طریقے سے قرآن پڑھ سکتے ہوں تو ان کی امامت میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ دو آدمی آپس میں جماعت کروارہے ہوں تو امام بائیں جانب کھڑا ہو ☼

719/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلَیْنِ یُؤُمُّ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ قَالَ یَقُوْمُ الْإِمَامُ فِی الْجَانِبِ الْاَیْسَرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں، حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ایسے دو آدمی، کہ دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی کی امامت کروارہا ہو، تو امام بائیں جانب کھڑا ہو۔

(أخرجه)الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ یکون المأموم عن یمینه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بھی یہی مذہب ہے۔ کہ ایسی صورت میں امام بائیں جانب کھڑا ہو۔

☼ دو آدمی ہوں، تو جماعت کروائیں، اکیلے اکیلے نماز نہ پڑھیں ☼

720/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ إِذَا زَادَ عَلَی الْوَاحِدِ فِی الصَّلَاةِ فَهِیَ جَمَاعَةٌ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ

(۷۱۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۲) فی الصلاۃ:باب الرجل یؤم القوم او یؤم الرجلین وعبدالرزاق (۳۸۳۸) فی الصلاۃ:باب هل یؤم ولد الزنا؟وابن ابی شیبة ۲:۲۱۶ فی الصلاۃ:باب من رخص فی امامة ولد الزنا والبیهقی فی "السنن الکبری" ۳:۸۶ والبغوی فی "شرح السنة" ۳:۴۰۰۔

(۷۱۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۳) فی الصلاۃ:باب الرجل یؤم القوم او یؤم الرجلین وعبدالرزاق (۳۸۹۰) فی الصلاۃ:باب الصلاۃ یحضر ولیس معه الا رجل واحد وابن ابی شیبة ۱:۳۴۱ فی الصلاۃ:باب الرجل یصلی عن یمین الامام او یساره۔

(۷۲۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۴) فی الصلاۃ:باب الرجل یؤم القوم او یؤم الرجلین وابن ابی شیبة ۲:۵۳۱ فی الصلاۃ: باب فی الجماعة کم هی؟

فرماتے ہیں: جب ایک سے زیادہ افراد ہوں تو یہ جماعت قرار پاتی ہے (تو ان کو جماعت کروانی چاہئے، اکیلے اکیلے نماز نہیں پڑھنی چاہئے)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ امام، مقتدیوں سے اونچا ہو کر نہ کھڑا ہو ☼

721/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اِنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ذَهَبَ يُؤُمُّ النَّاسَ بِالْمَدَائِنِ فَذَهَبَ لِيَقُوْمُ عَلٰى دُكَانٍ مِنْ جَصٍّ مُرْتَفِعٍ فَجَذَبَهُ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ إِنَّمَا اَنْتَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ تَقُوْمُ مَقَامَهُمْ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ'' مدائن میں لوگوں کی امامت کے لئے گئے، آپ رضی اللہ عنہ جماعت کروانے کیلئے چونے کی ایک بلند دکان پر چڑھ گئے۔ حضرت ''سلمان فارسی رضی اللہ عنہ'' نے ان کو پکڑ کر کھینچ لیا اور فرمایا: تو بھی تو اسی قوم میں سے ایک شخص ہے تو ان کے برابر کھڑا ہو۔

(أخرجه) القاضي عمر الأشناني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ محمد بن حنيفة بن ماهان (عن) تميم بن المنتصر (عن) إسحاق بن يوسف الأزرق (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي بكر محمد بن علي بن محمد الخياط (عن) أبي عبد الله أحمد بن محمد بن يوسف بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحنیفہ محمد بن حنیفہ بن ماہان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''تمیم بن منتصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن یوسف ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۷۲۱) اخرجه ابن حبان (۲۱۴۳)، وابن خزيمة (۱۵۲۳)، والشافعي في "المسند" ۱:۱۲۷، والبيهقي في "السنن الكبرى" ۳:۱۰۸، والبغوي في "شرح السنة" (۸۳۱)، عن همام قال: صلى بنا حذيفة على دكان مرتفع فسجد عليه، فجبذه ابو مسعود فتابعي، فلما قضى الصلاة، قال ابو مسعود: اليس قد نهي عن هذا! فقال له حذيفة: الم ترني قد تابعتك!

امام، محراب کے بالکل درمیان میں کھڑا نہ ہو بلکہ کچھ ہٹ کر کھڑا ہو

722/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّهُمْ فَيَقُوْمُ عَنْ يَسَارِ الطَّاقِ اَوْ عَنْ يَمِيْنِهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' لوگوں کو امامت کروایا کرتے تھے، تو وہ محراب کی دائیں جانب یا بائیں کھڑے ہوا کرتے تھے (بالکل درمیان میں نہیں کھڑے ہوا کرتے تھے)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وأما نحن فلا نرى بأساً أن يقوم بحيال الطاق ما لم يدخل قدمه فيه إذا كان مقامه خارجاً منه وسجوده فيه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس بارے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے کہ امام محراب کے بالکل سامنے کھڑا ہو، جبکہ اس کے قدم محراب سے باہر ہوں، وہ خود محراب سے باہر کھڑا ہو اور سجدہ محراب میں ہو۔

امام سلام پھیرے تو مقتدی فوراً اٹھنے کی کوشش نہ کرے، بلکہ امام کے پھرنے کا انتظار کرے

723/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا سَلَّمَ الْإِمَامُ فَلَا يَتَحَوَّلُ الرَّجُلُ حَتّٰى يَنْفَتِلَ الْإِمَامُ إِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْإِمَامُ لَا يُفَقِّهُ اَمْرَ الصَّلَاةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' جب امام سلام پھیرے تو آدمی (مقتدی) اس وقت تک اپنی جگہ سے نہ ہلے جب تک امام نہ اٹھ جائے، تاہم اگر امام نماز کے معاملات کو زیادہ نہ سمجھتا ہو (تو امام کے سلام پھیرتے ہی اٹھ سکتے ہیں)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد رحمه الله وبه نأخذ لا ندرى لعل عليه سجدتي السهو فإذا كان لا يفقه أمر الصلاة فلا بأس بالانفتال وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں، کیونکہ ہمیں علم نہیں، ہوسکتا ہے کہ امام پر سجدہ سہو واجب ہو چکا ہو، (اور سلام پھیرنے کے بعد اس نے سجدہ سہو کرنا ہو) لیکن امام جب نماز کے مسائل زیادہ نہ جانتا ہوگا تو امام کے سلام پھیرتے ہی مقتدی کے اٹھ جانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

چٹائی کے اوپر نماز پڑھنا

724/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ اَمَّ اَصْحَابَهُ

(۷۲۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۰۴) في الصلاة: باب الصلاة في الطاق، وعبد الرزاق (۳۸۹۹) في الصلاة في الطاق، وابن ابي شيبة ۲:۵۹ في الصلاة: باب الصلاة في الطاق۔

(۷۲۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۰۵) في الصلاة: باب الصلاة في الطاق، وعبد الرزاق (۳۲۱۹) في الصلاة: باب مكث الامام بعد ما سلم، وابن ابي شيبة ۱:۳۰۲ في الصلاة: باب من كان يستحب اذا سلم ان يقوم او ينحرف۔

فِی بَیْتِہٖ عَلٰی بِسَاطٍ قَدْ طَبَقَ الْبَیْتَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' حضرت ''حماد ؒ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر ؓ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عباس ؓ'' نے اپنے کمرے میں چٹائی بچھا کر صحابہ کرام ؓ کو نماز پڑھائی، وہ چٹائی پورے کمرے میں بچھی ہوئی تھی۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوی (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(و أخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ؒ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد ؒ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بندہ نماز میں ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ قبلہ کی سمت سے بندے کی جانب متوجہ ہوتا ہے ☼

725/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) تَمِیْمِ بْنِ سَلْمَةَ اَنَّ شَبِیْبَ بْنَ رِبْعِیٍّ قَامَ یُصَلِّیْ فَبَصَقَ فِی الْقِبْلَةِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَهٗ حُذَیْفَةُ اَنَّهٗ لَیْسَ مِنْ عَبْدٍ یَقُوْمُ فِی الصَّلَاةِ اِلَّا اَقْبَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَیْهِ بِوَجْهِهٖ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ حَتّٰی یَنْصَرِفَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ؒ'' حضرت ''تمیم بن سلمہ ؒ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''شبیب بن ربیع ؒ'' نماز پڑھانے کیلئے کھڑے ہوئے پھر انہوں نے قبلہ کی جانب تھوک دیا، جب فارغ ہوئے تو حضرت ''حذیفہ ؓ'' نے ان سے کہا: جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ قبلہ سمت سے اس کی جانب متوجہ ہوتا ہے، اور یہ توجہ آدمی کے نماز سے فارغ ہونے تک قائم رہتی ہے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی القاسم أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم البغوی (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ؒ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم احمد بن عمر ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال ؒ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن

---

(٧٢٤) اخرجه الحاكم فی "المستدرك" ١:٣٩٠' وابن خزیمة ٢:١٠٣ (١٠٠٥) فی الصلاة: باب الصلاة علی البساط' والبیهقی فی "السنن الكبری" ٢:٤٣٦' وابن ماجة (١٠٣٠)' والطبرانی (١٢٢٠٦)' وابن ابی شیبة ١:٤٠٠-

(٧٢٥) اخرج ابن حبان (١٦٣٦)' واحمد ٤:٥٦' وابو داود (٤٨١)' عن السائب بن خلاد' ان رجلاً ام قوماً فبصق فی القبلة ...قال النبی صلی الله علیه وسلم: "انك آذیت الله"-

عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جوصفوں کو متصل رکھتے ہیں، فرشتے ان پر رحمتیں نازل فرماتے ہیں ☼

726/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدَرِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ الصُّفُوْفَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فرشتے ان لوگوں پر رحمتیں نازل فرماتے ہیں جو صفوں کو جوڑ کر رکھتے ہیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی لبید محمد ابن إدریس السرخسی (عن) سوید بن سعید (عن) عثمان بن القاسم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابولبید محمد بن ادریس سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سوید بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک روایت یہ ہے کہ مقتدی دو ہوں، تو امام درمیان میں کھڑا ہو ☼

727/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ قَالَا كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ بَيْتٍ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَقَامَ يُصَلِّيْ فَقُمْنَا خَلْفَهٗ اَحُدُنَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهٖ ثُمَّ قَامَ بَيْنَنَا وَقَالَ هٰكَذَا فَاصْنَعُوْا اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ہم حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے پاس ان کے گھر میں موجود تھے، نماز کا وقت ہو گیا، وہ نماز پڑھانے کیلئے کھڑے ہوئے، ہم انکے پیچھے کھڑے ہو گئے، ہم میں سے ایک انکی دائیں جانب تھا اور دوسرا بائیں جانب تھا پھر آپ رضی اللہ عنہ ہمارے درمیان میں کھڑے ہوئے اور فرمایا: تم تین آدمی ہو تو اسی طرح کیا کرو۔

(أخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) یعقوب بن یوسف بن موسی المروزی (عن) عبد الرحمن بن

(۷۲۶) اخرجه ابن حبان (۴۰۲) وابن خزیمة (۱۷۷) و (۳۵۷) والحاکم فی "المستدرک" ۱:۱۹۱، ۱۹۲ واحمد ۳:۳ والبیهقی فی "السنن الکبری" ۳:۱۶ فی حدیث طویل...

(۷۲۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۵) فی الصلاة: باب الرجل یؤم القوم او یؤم الرجلین وعبد الرزاق (۳۸۸۴) فی الصلاة: باب الرجل یؤم الرجلین والمرأة وابن ابی شیبة ۱:۲۴۵ فی الصلاة: باب من کان یطبق یدیه بین فخذیه والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱:۲۲۹ والطبرانی فی "الکبیر" (۹۳۱۶)-

عبد الصمد (عن) جده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(أخرجه) ابن خسرو (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی الأشنانی بإسناده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ وزاد فیه وکان إذا رکع طبق وصلی بغیر أذان ولا إقامة وقال تجزء إقامة الناس حولنا ثم قال محمد ولسنا نأخذ بقول عبد الله فِی الثلاثة ولکنا نقول إذا کانوا ثلاثة تقدم الإمام علیهما وصلی الباقیان خلفه ولسنا نأخذ بقوله أیضاً فِی التطبیق بین یدیه إذا رکع ثم یجعلهما بین رکبتیه ولکنا نری أن یضع الرجل راحتیه علی رکبتیه ویفرج أصابعه تحت الرکبتین وأما صلاته بغیر أذان ولا أقامة فذلك والأذان والإقامة أفضل وإن أقام للصلوة ولم یؤذن فذلك أفضل من الترك للإقامة وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یعقوب بن یوسف بن موسیٰ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اور اس میں یہ اضافہ ہے ''جب وہ رکوع کرتے تو دونوں ہاتھوں کو ملا کر دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھ لیا کرتے تھے اور یہ کہ انہوں نے اذان اور اقامت کے بغیر نماز پڑھائی تھی اور فرمایا تھا: ہمارے آس پاس لوگوں نے جو اقامت کہہ دی ہے، ہمارے لئے وہی کافی ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ان تینوں باتوں میں حضرت عبداللہ کے قول کو نہیں مانتے، ہمارا یہ موقف ہے کہ جب امام کے ساتھ دو مقتدی ہوں تو امام ان کے آگے کھڑا ہو، اور دونوں مقتدی اس کے پیچھے نماز پڑھیں، نیز ہم ان کی یہ بات بھی تسلیم نہیں کرتے کہ بندہ جب رکوع میں جانے لگے تو دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھ لے، ہمارا موقف یہ ہے کہ آدمی اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے گھٹنوں پر رکھے، دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کشادہ کر کے گھٹنوں سے نیچے کر لے۔ یونہی بغیر اذان اور اقامت کے نماز پڑھنے کی بابت بھی ہم حضرت عبداللہ بن مسعود کا موقف نہیں مانتے، ہمارا موقف یہ ہے کہ افضل یہ ہے کہ اذان اور اقامت کے ساتھ جماعت کروائی جائے، اور اگر اذان نہیں دی تو کم از کم اقامت ضرور کہے، یہ عمل اقامت چھوڑنے سے افضل ہے اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مسجد میں تھوکنا گناہ ہے، اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے ☼

728/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) مِسْعَـرٍ (عَنْ) قَتَادَةَ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْبُزَاقُ فِی الْمَسْجِدِ خَطِیْئَةٌ وَکَفَّارَتُهَا دَفْنُهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''انس بن

(۷۲۸) اخرجه احمد ۱۰۹:۳ وابو یعلی (۳۱۶۱) وابوداود (۴۷۶) وعبد الرزاق (۱۶۹۷) والترمذی (۵۷۲) والطبرانی فی "الصغیر" (۱۰۱) وابن حبان (۱۶۳۵) والخطیب فی "تاریخ بغداد" ۳۹۶:۸۔

مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسجد کے اندر تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس کو دفن کر دیا جائے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) أبي بكر الخطيب البغدادي (عن) الحسن بن الحسين النعال (عن) أبي محمد عبد الله بن حمدويه النهرواني (عن) ليث بن محمد بن الليث المروزي (عن) محمد بن الحسن الموصلي (عن) محمد بن يوسف بن عاصم (عن) أحمد بن إبراهيم (عن) أشعث بن العطاف (عن) سفيان الثوري (عن) اَبي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخي فِي مسنده فقال قرأت على محمد بن عبد الله الأنصاري (عن) أبي بكر الخطيب البغدادي بإسناده المذكور إلى اَبي حَنِيْفَةَ

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن حسین نعال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن حمدویہ نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''لیث بن محمد بن لیث مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یوسف بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اشعث بن عطاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اقامت کے الفاظ قدقامت الصلوٰۃ تک پہنچتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر تحریمہ کہہ دیتے تھے ☼

729/(اَبُـو حَنِيْفَةَ)(عَنْ) طَلْحَةَ بْنِ مَصْرَفِ الْيَامِيِ الْكُوْفِيِّ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يُكَبِّرُ إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ قَدْ قَامَتِ الصَّلاةُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''طلحہ بن مصرف یامی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب موذن قدقامت الصلوٰۃ کہتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر (تحریمہ) کہہ دیتے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن عبد الله بن نوفل (عن) أبيه (عن) ابن يمان (عن) اَبي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبي حَنِيْفَةَ

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''اسحاق بن محمد بن

(۷۲۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۶۳) في الصلاة: باب الاذان وعبد الرزاق ۲: ۷۴ (۲۵۵۰) في الصلاة: باب متى يكبر الامام؟

مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن نوفل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن یمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ حی علی الفلاح پر مقتدی کھڑے ہو جائیں، قدقامت الصلوٰۃ پر امام تکبیر کہہ دے ☼

730/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مَصْرَفٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ فَيَنْبَغِيْ لِلْقَوْمِ اَنْ يَّقُوْمُوْا لِلصَّلٰوةِ فَإِذَا قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ كَبَّرَ الْإِمَامُ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''طلحہ بن مصرف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مناسب یہ ہے کہ جب مؤذن (اقامت میں) حی الفلاح کہے تو لوگ نماز کیلئے کھڑے ہو جائیں اور جب مؤذن قد قامت الصلاۃ تک پہنچے تو امام تکبیر تحریمہ شروع کر دے۔

ثُمَّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَبِهٖ نَأْخُذُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَإِنْ كَفَّ الْإِمَامُ حَتّٰى فَرَغَ الْمُؤَذِّنُ مِنَ الْإِقَامَةِ ثُمَّ كَبَّرَ فَلَا بَأْسَ اَيْضاً كُلُّ ذٰلِكَ حَسَنٌ

پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں، اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے، اگر امام انتظار کرتا رہے اور اقامت پوری ہونے کے بعد امام تکبیر تحریمہ کہے تو یہ بھی ٹھیک ہے۔ دونوں طریقے درست ہیں۔

☼ جماعت کروانے میں، بوڑھوں، ضعیفوں اور کام کاج والوں کا احساس کرنا چاہئے ☼

731/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَخَفَّفَ فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ سَمِعْتُ بُكَاءَ صَبِيٍّ فَكَرِهْتُ اَنْ اَشُقَّ عَلٰى أُمِّهٖ فَاَيُّكُمْ صَلّٰى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ وَلْيُتِمَّ فَإِنَّ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ وَالْكَبِيْرُ وَذَا الْحَاجَةِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یحییٰ بن عبد الحمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی اور نماز مختصر پڑھائی، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے بچے کے رونے کی آواز سنی تو مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ اس کی ماں کو پریشانی ہو، اس لئے تم میں سے جو شخص لوگوں کو نماز پڑھائے اس کو بھی چاہیے کہ نماز مختصر پڑھائے اور مکمل نماز پڑھایا

(۷۳۰) قد تقدم وهو الاثر السابق-

(۷۳۱) اخرجه ابن حبان (۱۷٦۰) والبغوی فی "شرح السنة" (۸٤۳) ومالك فی "الموطأ" ۱:۱۳٤ فی الصلاة: باب العمل فی صلاة الجماعة والشافعی فی "المسند" ۱:۱۳۲ واحمد ۲:٤۸٦ والبخاری (۷۰۳) فی الاذان وابو داود (۷۹٤) فی الصلاة: باب فی تخفیف الصلاة والبیهقی فی "السنن الکبری" ۳:۱۷-

کرے، کیونکہ جماعت میں کمزور لوگ بھی ہوتے ہیں اور بوڑھے بھی ہوتے ہیں اور کام کاج والے بھی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد بن مسنده (عن) صالح بن أبي مقاتل (عن) عبد الله بن حمدويه البغلاني (عن) محمود ابن آدم (عن) الفضل بن موسى السيناني (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) ابن مخلد (عن) عبد الله بن جعفر البلخي (عن) حمدان بن سهل (و) محمد بن علي (و) عبد الصمد بن الفضل كلهم (عن) شداد (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) ابن عقدة (عن) محمد بن علي(و) محمد بن موسى كلاهما (عن) شداد (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) أبي بكر الخياط المقرى (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) محمد بن زرعة بن شداد (عن) شداد بن حكيم (عن) زفر بن الهذيل (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضي عمر الأشناني بإسناده إلى اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حمدویہ بغلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن جعفر بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمدان بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان سب نے حضرت ''شداد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) انہوں نے حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''شداد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن زرعہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شداد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼امام کو جماعت میں ضعیفوں، کمزوروں اور کام کاج والوں کا احساس کرنا چاہیے☼

732/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) یَحْیٰی بْنِ عَبْدِ الْحَمِیْدِ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أنهُ قَالَ قَالَ

(۷۳۲) قد تقدم وهو حديث سابقه۔

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مَنْ اَمَّ قَوْماً فَلْیُخَفِّفْ فَاِنَّ فِیْہِمُ الشَّیْخَ وَالضَّعِیْفَ وَذَا الْحَاجَۃِ

✧ ✧ حضرت ''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یحییٰ بن عبد الحمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی قوم کی امامت کروائے، وہ مختصر نماز پڑھائے کیوں کہ جماعت میں کمزور لوگ بھی ہوتے ہیں، بوڑھے بھی ہوتے ہیں اور کام کاج والے بھی۔

(أخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) المنذر ابن محمد القابوسی (عن) الحسین بن محمد بن علی الأزدی (عن) أبی یوسف (و) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(وأخرجه) أبو عبد اللہ بن خسرو فِی مسندہ (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) أبی بکر الخیاط (عن) أبی عبد اللہ بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی باسنادہ إلی اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منذر بن محمد قابوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن محمد بن علی ازدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ سونے سے پہلے عشاء کی نماز اکیلے پڑھ لینا، نیند سے اٹھ کر جماعت سے پڑھنا بہتر ہے ☼

733/(اَبُو حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) إِسْمَاعِیلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِکِ (عَنْ) مُجَاھِدٍ عَنْ عَطَاءٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ لاَنْ اُصَلِّیَ الْعِشَاءَ مُنْفَرِداً قَبْلَ النَّوْمِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ صَلاَتِہَا بِجَمَاعَۃٍ بَعْدَ النَّوْمِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''اسماعیل بن عبد الملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں عشاء کی نماز سونے پہلے اکیلے پڑھ لوں، یہ مجھے اس بات سے زیادہ پسند ہے کہ میں نیند سے اٹھ کر جماعت کے ساتھ پڑھوں۔

(أخرجه) الحافظ طلحۃ بن محمد فِی مسندہ (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبیہ (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۷۳۳) اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (۱۶۹). قلت: وقد اخرج ابو یعلی (۴۰۲۹) وابن حجر فی ''المطالب العالیۃ'' ۷۹:۱ (۲۷۷) عن انس قال: نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن النوم قبل العشاء وعن السمر بعدھا-

امام جو نماز پڑھ رہا ہے، مقتدی بھی وہی نماز پڑھ رہے ہوں تو نماز ہوگی ورنہ نہیں

734/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ إِذَا دَخَلْتَ فِی صَلَاةِ الْقَوْمِ وَاَنْتَ لَا تَنْوِیْ صَلَاتَهُمْ لَمْ تُجْزِكَ وَإِنْ صَلَّی الْإِمَامُ صَلَاتَهُ وَنَوَی الَّذِیْ خَلْفَهُ غَیْرَهَا اَجْزَاَتِ الْإِمَامَ وَلَمْ تُجْزِهِمْ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' حضرت ''حماد'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: جب تو کسی قوم کی نماز میں داخل ہوا اور تو انکی نماز کی نیت نہ کرے تو یہ تیرے لئے کافی نہیں اور اگر امام نے اپنی نماز کی نیت کرلی اور جو انکے پیچھے ہیں انہوں نے کسی اور نماز کی نیت کی تو امام کی نماز ہوگئی، لیکن مقتدیوں کی نہیں ہوئی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا، اکیلے پڑھنے سے ۲۷ درجے افضل ہے

735/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) تَوْبَةٍ عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ (عَنْ) عِكْرِمَةَ (عَنْ) اِبْنِ عباسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلصَّلَاةُ فِی جَمَاعَةٍ اَفْضَلُ مِنَ الْمُنْفَرِدِ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ دَرَجَةً

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' حضرت ''توبہ'' سے، وہ حضرت ''عبد ربہ'' سے، وہ حضرت ''عکرمہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا اکیلے نماز پڑھنے سے ۲۷ درجہ افضل ہے

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد (عن) ابن عقدة (عن) القاسم بن محمد بن حماد (عن) أبی لیلی عفان بن الحسن (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن عقدہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد بن حماد'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو لیلیٰ عفان بن حسن'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

مسجد میں داخل ہوں، جماعت کھڑی ہو تو صف میں پہنچ کر نماز شروع کریں

736/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالْقَوْمُ رُكُوْعٌ فَلْیَرْكَعْ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّشْتَدَّ

(۷۳۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۰۳) فی الصلاة:باب صلاة التطوع وفی (۱۵٤) باب ما یعاد من الصلاة وما یکره منها وابن ابی شیبة ۲:۶۸-

(۷۳۵) اخرجه ابن ابی شیبة ۲:۴۸۱ فی الصلاة:باب ماجاء فی فضل صلاة الجماعة علی غیرها-

(۷۳۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۲۶) فی الصلاة:باب من سهو بشیء من صلاته وابن ابی شیبة ۱:۲۵۷ فی الصلاة:باب من کره ان یرکع دون الصف-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب کوئی مسجد میں داخل ہو اور جماعت رکوع میں ہو، تو وہ صف تک پہنچنے سے پہلے ہی جماعت کے ساتھ رکوع میں شامل ہو سکتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولكنه يمشي على هينة حتى يدرك الصف فيصلي ما أدرك ويقضي ما فاته

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہمارا اس پر عمل نہیں ہے، ہم کہتے ہیں، وہ اپنے انداز میں چلتا ہوا آئے، صف میں شامل ہو، جتنی رکعتیں امام کے ساتھ مل جائیں وہ جماعت سے پڑھ لے، جو رہ جائیں وہ بعد میں خود ادا کر لے۔

☼ جنابت کی حالت میں نماز پڑھا دی، امام اور مقتدی سب نماز لوٹائیں ☼

737/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) خَلْفِ بْنِ یَاسِیْنِ بْنِ مَعَاذِ الزَّیَّاتِ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ اَنَّ الْجُنُبَ إِذَا صَلّٰی بِقَوْمٍ عَلَیْهِ اَنْ یُّعِیْدَ وَیُعِیْدُوْا مَعَهٗ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''خلف بن یاسین بن معاذ زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، جنبی جب کسی قوم کو جماعت کروا دے اس پر لازم ہے کہ وہ خود بھی نماز دہرائے اور ساری جماعت نماز دہرائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبد الواحد بن حماد (عن) أبيه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ قال الحافظ ورواه أبو حنيفة (و) سفيان الثوری (عن) ياسين نفسه (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالواحد بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔
حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں اس حدیث کو امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بذات خود بھی حضرت ''یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ بے وضو نماز پڑھا دی، امام و مقتدی سب نماز لوٹائیں ☼

738/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ بْنِ یَزِیْدَ الْخُوْزِیِ الْمَکِّیْ (عَنْ) عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ (عَنْ) اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ (اَخْبَرَنَا) عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ (عَنْ) یَعْقُوْبَ بْنِ الْقَعْقَاعِ (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ

(۷۳۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۳۵) في الصلاة،باب ما يقطع الصلاة، وعبد الرزاق (۳۶۶۳) في الصلاة:باب يؤم القوم وهو جنب او على غير وضوء، وابن ابي شيبة ۲:۴۴ في الصلاة:باب الرجل يؤم بالقوم وهو على غير وضوء۔

فِی الرَّجُلِ يُصَلِّی بِاَصْحَابِهٖ بِغَیْرِ وُضُوْءٍ قَالَ يُعِيْدُ وَيُعِيْدُوْنَ ثُمَّ قَالَ مُحَمَّدٌ (وَاَخْبَرَنَا) عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ (عَنْ) عَوْنَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ يُّعِيْدُوْا مَعاً ثُمَّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَبِهٖ نَأْخُذُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

✦ ✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابراہیم بن یزید خوزی مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ امیرالمومنین حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایسا شخص جو کسی قوم کو جنابت کی حالت میں نماز پڑھادے وہ خود بھی نماز لوٹائے اور لوگ بھی نماز لوٹائیں۔

☼ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مغرب کی نماز قراءت کے بغیر پڑھادی، توجہ شام کے جہاد کی طرف تھی ☼

739/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلّٰی بِاَصْحَابِهٖ الْمَغْرِبَ فَلَمْ يَقْرَاْ فِی شَیْءٍ مِنْهَا حَتّٰی اِنْصَرَفَ فَقَالَ لَهٗ اَصْحَابُهٗ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَقْرَاَ يَا اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ اَوَمَا فَعَلْتُ اِنِّیْ جَهَّزْتُ عِيْراً اِلٰی الشَّامِ فَلَمْ اَزَلْ اُرَحِّلُهَا مُنْقِلَةً مُنْقِلَةً حَتّٰی وَرَدَتُّ الشَّامَ فَاَعَادَ وَاَعَادَ اَصْحَابُهٗ

✦ ✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے ساتھیوں کو مغرب کی نماز پڑھائی اور آپ نے بھی قراءت نہ کی اور نماز سے فارغ ہوگئے، آپ کے اصحاب نے کہا: آج آپ نے نماز میں قرائت کیوں نہیں کی؟ آپ نے فرمایا: میں نے تو ایسا نہیں کیا، میں (نماز میں) شام کی طرف ایک لشکر کی تیاری کروا رہا تھا، میں مسلسل اسی کی تیاری میں ہی لگا رہا یہاں تک کہ میں شام میں داخل ہوگیا۔ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے بھی نماز لوٹائی اور آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں نے بھی نماز لوٹائی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه عن اَبِی حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِيْفَةَ إذا صلی الإمام جنباً أو علی غیر وضوء اً وفسدت صلاته بوجه من الوجوه فسدت صلاة من خلفه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔ کہ جب امام جنابت کی حالت میں یا بغیر وضو جماعت کروادے یا کسی بھی وجہ سے نماز فاسد ہوچکی ہو تو اس کے پیچھے جتنے لوگوں نے نماز پڑھی، سب کی نماز فاسد ہوگئی۔

☼ نماز فجر کے بعد آفتاب خوب بلند ہوجانے تک وہیں بیٹھے رہنا سنت ہے ☼

740/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) سَمَّاكِ بْنِ حَرْبٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰی صَلَاةَ الصُّبْحِ لَمْ يَبْرَحْ مِنْ مَوْضِعِهٖ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَتَبْيَضَّ

(۷۳۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۱۵۲) فی الصلاة: باب مايعاد من الصلاة وما يكره منها، وفی "الحجة علی اهل المدينة" ۱:۲۳۷، وابو يوسف فی "الآثار" ۲۹، وابن ابی شيبة ۱:۴۳۴ فی الصلاة: من كان يقول: اذا نسی القراءة اعاد، والبيهقی فی "السنن الكبری" ۲:۳۸۲۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی نماز پڑھایا کرتے تھے تو سورج طلوع ہونے اور خوب چمک جانے تک وہیں بیٹھے رہتے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح (عن) نجیح بن إبراهيم فقيه أهل الكوفة (عن) محمد بن عمران بن أبي ليلى (عن) حميد بن عبد الرحمن الرقاشی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نجیح بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے (یہ اہل کوفہ کے فقیہ تھے) انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمید بن عبدالرحمٰن رقاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے صفیں درست رکھنے والوں پر رحمتیں نازل کرتے ہیں ☼

741/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' قَالَ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ سَوُّوْا مَنَاكِبَكُمْ تَرَاصَّوْا تَرَاصَّنَّ اَوْ لَيَتَخَلَّلَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ كَاَوْلَادِ الْحذف اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَه' يُصَلُّوْنَ عَلٰى مُقِيْمِ الصُّفُوْفِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: اپنی صفوں کو سیدھا رکھا کرو اور کندھے سے کندھا ملا کر رکھا کرو ورنہ تمہارے اندر شیطان بھیڑ کے بچے کی طرح داخل ہو جائے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے صفیں درست رکھنے والوں پر رحمتیں نازل فرماتے ہیں۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين علي بن الحسين بن أيوب البزاز (عن) القاضي أبي العلاء محمد بن علي بن يعقوب الواسطي (عن) أبي بكر محمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین علی بن حسین بن ایوب بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوعلاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(٨٤٠) اخرجه احمد ٤٣٩:٣، والطبرانی فی "الكبير" ٤٤٢:٢٠، وابن عبد الحكم فی "فتوح مصر" ٢٩٦، وابو داود (١٢٨٧)، والبيهقی فی "السنن الكبرى" ٤٩:٣ عن سهل بن معاذ، عن ابيه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال: "من قعد فی مصلاه حين يصلی الصبح حتى يصبح الضحى لا يقول الا خيرا غفرت له خطاياه، وان كانت اكثر من زبد البحر"

(٧٤١) اخرجه ابن ابی شيبة ٣٥٢:١ فی الصلاة: باب ما قالوا فی اقامة الصف، والبيهقی فی "السنن الكبرى" ٢١:١ فی الصلاة: باب لا يكبر الامام حتى يأمر بتسوية الصفوف خلفه، وعبد الرزاق (٢٤٣٣) و (٢٤٣٤)، والمتقی الهندی فی "الكنز" (٥٣٠٦)۔

☆ رسول اکرم ﷺ کے زمانے میں عورتوں کو فجر اور عشاء کی نماز کیلئے مسجد میں آنے کی اجازت تھی ☆

742/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْخُرُوْجِ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ وَالْعِشَاءِ الْآخِرَةِ لِلنِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ لِاِبْنِ عُمَرَ إِذاً يَتَّخِذْنَهُ دَغْلاً فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ أُخْبِرُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ هٰذَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے عورتوں کو فجر اور عشاء کی نماز کیلئے مسجد میں آنے کی اجازت عطا فرمائی۔ ایک شخص نے حضرت ''عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے کہا تب تو وہ فساد کا باعث بن جائیں گی۔ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے کہا: میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کررہا ہوں اور تم آگے سے یہ کہہ رہے ہو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد (عن) أبی بلال (عن) أبی يوسف عن اَبِی حَنِيْفَةَ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو بلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ مسجد کی چھت پر اذان دینا، وہیں پر جماعت کروانا جائز ہے ☆

743/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ سَأَلْتُ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْمُؤَذِّنِيْنَ يُؤَذِّنُوْنَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ ثُمَّ يُصَلُّوْنَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ قَالَ يُجْزِيْهِمْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: اگر مؤذن مسجد کی چھت پر اذان دے، پھر مسجد کی چھت پر ہی نماز پڑھ لے، کیا یہ جائز ہے؟ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا. جائز ہے۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمـد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ ما لم يكونوا قدام الإمام وهو قول اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جبکہ چھت پر نماز پڑھنے والے لوگ امام سے آگے نہ ہوں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی موقف ہے۔

---

(۷۴۲) اخرجه ابن حبان (۲۲۱۰) ومسلم (۴۴۲) (۱۳۸) فی الصلاة: باب خروج النساء الی المساجد... والترمذی (۵۷۰) فی الصلاة: باب ما جاء فی خروج النساء الی المساجد واحمد ۲:۴۹ وعبد الرزاق (۵۱۰۸) وابو عوانة ۲:۵۷ والطبرانی فی "الكبير" (۱۳۴۷۱)۔

(۷۴۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۱۱۵) فی الصلاة: باب فضل صلاة الجماعة ورکعتی الفجر وابن ابی شيبة ۲:۲۲۴ فی الصلاة: باب فی المؤذن يصلی فی المئذنة۔

☼ امام اور مقتدی کے درمیان گزرگاہ اور دیوار جیسی کوئی چیز حائل نہیں ہونی چاہئے ☼

744/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْإِمَامِ شَيْءٌ قَالَ حَسَنٌ مَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْإِمَامِ طَرِيْقٌ اَوْ بُنْيَانٌ

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب مقتدی اور امام درمیان کوئی چیز حائل ہو، حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: درست ہے۔ تاہم امام اور مقدی کے درمیان کوئی بڑی گذرگاہ یا دیوار ہو تو جائز نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ فِي الآثار فرواه عن اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان کرنے والے سے کہو ''اللہ کرے کہ وہ تجھے نہ ملے'' ☼

745/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلاً يُنْشِدُ جَمَلاً فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لاَ وَجَدْتَّ

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی مسجد میں اپنے گمشدہ اونٹ کا اعلان کر رہا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اعلان کرتے سنا تو فرمایا: اللہ کرے کہ تجھے تیرا اونٹ نہ ملے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) الحسين بن عبد الرحمن بن محمد الأزدي (عن) أبيه (عن) خلف بن ياسين الزيات (عن) أبيه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ وزاد فِي آخره إن هذه البيوت بنيت لما بنيت له

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فِي كتاب إسماعيل بن حماد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ غير أنه لم يجاوز به علقمة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن عبدالرحمٰن بن محمد ازدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن یاسین زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۷۴۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۱٦) في الصلاة:باب فضل صلاة الجماعة وركعتي الفجر' وعبد الرزاق (۴۸۸۲) في الصلاة:باب الرجل صلى وراء الامام خارجاً من المسجد' وابن ابي شيبة ۲۲۳:۲ في الصلاة:باب في الرجل والمرأة يصلي وبينه وبين الامام حائط-

(۷۴۵) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (۹٤)'وابن حبان (۱٦۵۲)'وعبدالرزاق (۱۷۲۱)' ومن طريقه مسلم (۵٦۹) (۸۰)'وابو عوانة (٤۰۷)'والبيهقي في "السنن الكبرى" ٤٤۷:۲'وابن ابي شيبة ٤۱۹:۲'وابن ماجة ۷٦۵ في المساجد-

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔انہوں نے حدیث کے آخر میں یہ اضافہ کیا ہے''یہ گھر جس مقصد کیلئے بنائے گئے ہیں،اسی مقصد کیلئے ہیں۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں،وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،اس میں انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔لیکن اس اسناد میں حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے آگے کوئی راوی نہیں ہے۔

☼ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا،اکیلے پڑھنے سے ۲۵ درجے افضل ہے ☼

746/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ صَلاةُ الرَّجُلِ فِي جَمَاعَةٍ تَفْضُلُ صَلاةَ الرَّجُلِ وَحْدَهُ خَمْساً وَّعِشْرِيْنَ صَلاةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں،انہوں نے فرمایا: جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا اکیلے نماز پڑھنے سے ۲۵ درجہ افضل ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ دومرد اور ایک خاتون ہوتو ایک امام ہو،اس کے پیچھے مقتدی اور عورت اس مقتدی کے پیچھے ہو ☼

747/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عِكْرِمَةَ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِرَجُلٍ وَصَلّٰى خَلْفَهُ اِمْرَاَةٌ صَلّٰى بِهِمْ جَمَاعَةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو نماز پڑھائی،اس آدمی کے پیچھے ایک عورت تھی،سب نے جماعت کے ساتھ نماز پڑھی۔

(أخـرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) جده (عن) أبی مقاتل حفص بن سالم الفزاری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) هـارون بن هشام (عن) أبی مقاتل حفص (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ یرفعه إلی النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مثله

(۷٤٦) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۱۱۱) فی الصلاة:باب فضل صلاة الجماعة ورکعتی الفجر-

(۷٤۷) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۳۰۷:۱'واحمد ۱۳۱:۳'وابن حبان (۲۲۰۵)'ومالك فی الموطأ ۱۵۳:۱'والشافعی فی "المسند" ۱۰۵:۱'والدارمی (۱۲۸۷)'والبخاری (۳۸۰)'وابوداود (٦۱۲)-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل حفص بن سالم فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ہارون بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوعاً روایت کیا ہے۔

☼ امام کے پیچھے، دائیں اور بائیں والوں کی نماز ہوگئی، جو امام سے آگے ہوا، اس کی نہ ہوئی ☼

748/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ مَنْ صَلّٰى بَيْنَ يَدَىِ الْاِمَامِ وَخَلْفَهٗ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ وَيَـاْتَمُّوْنَ بِالْاِمَامِ قَالَ اَمَّا الَّذِىْ خَلْفَهٗ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ فَصَلَاتُهُمْ تَامَّةٌ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اَمَامَهٗ فَلَيْسَتْ صَلَاتُهُمْ تَامَّةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جس نے امام سے آگے نماز پڑھی اور امام کے پیچھے نماز پڑھی اور امام کے دائیں نماز پڑھی اور امام کے بائیں نماز پڑھی اور امام کی اقتداء کی، انہوں نے فرمایا: جو امام کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہے اور دائیں پڑھ رہا ہے اور بائیں پڑھ رہا ہے انکی نماز مکمل ہے اور جو لوگ امام کے آگے نماز پڑھ رہے ہیں ان کی نماز نہیں ہوئی۔

(أخـرجـه) الـحـافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر محمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ قال ابن خسرو وقال المقرى يقول أهل البصرة بل صلاتهم تامة صلاتهم تامة فِي الجمعيات والأعياد لأن الناس يكثرون

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ابن خسرو کہتے ہیں' اور مقری کہتے ہیں' اہل بصرہ کہتے ہیں: جمعہ اور عیدین کے مواقع پر ان کی نماز بھی درست ہے، کیونکہ ان مواقع پر لوگوں کا اژدحام بہت ہوتا ہے۔

☼ تنہا نماز پڑھ چکے، پھر اسی نماز کی جماعت ملے، تو نفل کی نیت سے شامل ہوجانا چاہئے ☼

749/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَوِ الْاَسْوَدِ بْنِ جَابِرٍ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا الظُّهْرَ فِىْ بُيُوْتِهِمَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُمَا يَرَيَانِ اَنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا ثُمَّ اَتَيَا الْمَسْجِدَ

(۷۴۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۹۷) في الصلاة: باب من صلى الفريضة' وابو داود (۵۷۵) في الصلاة: باب فيمن صلى في منزله ثم ادرك الجماعة يصلي معهم' والترمذي (۲۱۹) في الصلاة: في ابواب الصلاة: باب ما جاء في الرجل يصلي وحده ثم يدرك الجماعة' واحمد ۱۶۰:۴' والحاكم في "المستدرك" ۲۴۵:۱-

فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِی الصَّلاۃِ فَقَعَدَا فِی نَاحِیَۃِ الْمَسْجِدِ وَھُمَا یَرَیَانِ اَنَّ الصَّلاۃَ لَا تَحِلُّ لَھُمَا فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِیُّ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ رَآھُمَا فَاَرْسَلَ اِلَیْھِمَا فَجِیْءَ بِھِمَا وَفَرَائِصُھُمَا تُرْعَدُ مَخَافَۃَ اَنْ یَّکُوْنَ قَدْ حَدَثَ فِی اَمْرِھِمَا شَیْءٌ فَاَخْبَرَاہُ الْخَبَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا فَعَلْتُمَا ذٰلِکَ فَصَلِّیَا مَعَ النَّاسِ وَاجْعَلَا الْاُوْلٰی ھِیَ الْفَرِیْضَۃَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن اسود یا اسود بن جابر رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ ان کے ''والد رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' دو آدمیوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اپنے گھر میں نماز پڑھ لی، ان کا یہ خیال تھا کہ لوگ نماز پڑھ چکے ہوں گے، پھر یہ دونوں مسجد میں آ گئے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے، یہ دونوں مسجد کے ایک کونے میں بیٹھ گئے کیونکہ یہ سمجھ رہے تھے کہ اب نماز پڑھنا ان کے لئے جائز نہیں ہے۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو ان دونوں کو دیکھا، ان کو اپنے پاس بلوایا، ان دونوں کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا، وہ دونوں اس خوف سے کانپ رہے تھے کہ کہیں ان کے بارے میں کوئی حکم نازل نہ ہو گیا ہو، ان دونوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی بات بتائی اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ایسا کرلو (یعنی اپنی نماز الگ سے پڑھ چکے ہو) تو جماعت کے ساتھ بھی نماز پڑھ لیا کرو جبکہ تمہاری پہلی نماز ہی فرض قرار پائے گی (اور جماعت کے ساتھ نفل کی نیت سے شامل ہو جایا کریں)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) جده (عن) أبی مقاتل (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ فقال أبو محمد البخاری قد روی هذا الخبر جماعة (عَنِ) الْھَیْثَمِ منهم من يرفعه إلى النبی صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ومنهم من لم يجاوز به الهيثم

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ (عَنِ) الْھَیْثَمِ يرفعه إلى النبی صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ثم قال محمد وبه نأخذ ولا نرى أن تعاد العصر والفجر ولا المغرب

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت امام ''محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: اس حدیث کو حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے محدثین کی پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے، ان میں سے کچھ نے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک اس کو مرفوع حدیث کے طور پر بیان کیا ہے اور کچھ ایسے جن کی اسناد حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے آگے نہیں گئی۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث کے طور پر روایت کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور ہم عصر، فجر اور مغرب کی نماز کو دوبارہ پڑھنا جائز نہیں سمجھتے۔

☼ فجر اور مغرب پڑھ چکے، پھر اسی کی جماعت ملے، تو دوبارہ مت پڑھیں ☼

750/(اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ اِذَا صَلَّیْتَ الْفَجْرَ وَالْمَغْرِبَ ثُمَّ اَدْرَکْتَھُمَا فَلَا تُعِدْھُمَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''مالک بن انس رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''نافع رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب تم فجر اور مغرب کی نماز پڑھ چکو، اس کے بعد تمہیں اسی نماز کی جماعت ملے، تو اپنی نماز مت لوٹاؤ۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد أما الفجر والعصر فلا ينبغي أن يصلي بعدهما نافلة لقول رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لا صلاة بعد العصر حتى تغرب الشمس ولا بعد الفجر حتى تطلع الشمس وأما المغرب فهي وتر فيكره أن يصلي متطوع وتراً فإن دخل رجل معهم متطوعاً فسلم الإمام فليقم وليضف إليها رابعة ويشهد ويسلم ثم قال وهذا كله قول اَبِي حَنِيْفَةَ رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: جہاں تک فجر اور عصر کی نماز کا تعلق ہے تو اس کو دوبارہ نہ پڑھنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ ان کے بعد نوافل پڑھنا جائز نہیں ہیں، کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ''عصر کے بعد غروب آفتاب تک کوئی نماز نہ پڑھی جائے اور فجر کے بعد طلوع آفتاب تک کوئی نماز نہ پڑھی جائے۔ اور جہاں تک تعلق ہے مغرب کی نماز نہ دہرانے کا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی رکعات کی تعداد طاق ہے، تو یہ ناپسند ہے کہ کوئی شخص طاق تعداد میں نوافل پڑھے، اور اگر کوئی شخص ان کے ہمراہ نفل کی نیت سے شامل ہوگیا ہے، تو وہ امام کے سلام پھیر دینے کے بعد اٹھ کر کھڑا ہو اور ایک رکعت مزید پڑھ کر تشہد پڑھے، پھر سلام پھیرے۔ پھر فرمایا: یہ سب حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ امام پر سجدہ سہو تھا، اس نے نہ کیا تو مقتدی بھی نہ کرے ☼

751/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا سَهَا الْإِمَامُ فَلَمْ يَسْجُدْ سَجْدَتَيْ فِي السَّهْوِ فَلَيْسَ عَلَيْكَ اَنْ تَسْجُدَهُمَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب امام کو سہو ہو جائے اور وہ سجدہ سہو نہ کرے تو تجھ پر بھی لازم نہیں ہے کہ تو سجدہ سہو کرے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر محمد بن جعفر بن محمد ابن القطيعي عن بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن جعفر بن محمد ابن قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(۷۵۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۹۸) في الصلاة:باب من صلى الفريضة'وعبد الرزاق (۳۹۳۹)'ومالك في "الموطأ" ۲۹۷:۶۹-

(۷۵۱) اخرجه ابن ابي شيبة ۲:۳۹ في الصلاة:باب الامام يسهو فلا يسجد ما يصنع القوم'وعبدالرزاق (۳۵۰۸) في الصلاة:باب هل على من خلف الامام سهو؟

نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

قبلہ کی جانب تھوکنا منع ہے، رومال وغیرہ میں تھوک کر مل لینا چاہئے

752/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمِـيْدِ الطَّوِيْلِ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَآلِـهِ وَسَـلَّـمَ حِيْنَ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ رَأَى فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ نَخَامَةً فَحَكَّهَا بِيَدِهٖ وَرُؤِيَ فِي وَجْهِهٖ كَرَاهَةٌ وَشِـدَّةٌ عَلَيْهِ وَقَالَ إِنَّ اَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ يُنَاجِيْ رَبَّهٗ عَزَّ وَجَلَّ وَرَبُّهٗ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ قِبْلَتِهٖ فَلَا يَبْصِقُ فِي قِبْلَتِهٖ وَلٰكِنَّ عَنْ يَسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى ثُمَّ اَخَذَ طَرْفَ رِدَائِهٖ وَبَصَقَ فِيْهِ وَرَدَّ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ قَالَ وَيَفْعَلُ هٰكَذَا

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حمید الطّویل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی قبلہ والی دیوار پر رینٹھ دیکھی تو اس کو اپنے ہاتھ سے صاف کر دیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور پر کراہت اور ناراضگی کے آثار دکھائی دے رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہو تو اپنے رب سے مناجات کر رہے ہوتے ہو اور تمہارا رب (اپنی شان کے مطابق) تمہارے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے، اسلئے قبلہ کی جانب مت تھوکا کرو، اپنی بائیں جانب یا پاؤں کے نیچے تھوک لیا کرو۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کا ایک کنارہ لیا، اس کے اندر تھوکا اور اس کو مل دیا، پھر فرمایا: اس طرح کر لیا کرو۔

(أخـرجـه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) أبى محمد الحسن بن عبد الله (عن) محمد بن عبد الله (عن) محمد ابن حمدان بن مهران (عن) على بن سلمة (عن) حفص (عن) محمد بن إسحاق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخـرجـه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) المبارك ابن محمد الصيرفِى (عن) أبى محمد الفارسى (عن) محمد بن المظفر الحافظ بإسناده المذكور إلى اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابومحمد حسن بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حمدان بن مہران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک ابن محمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۷۵۲) اخرجه ابن حبان (۲۲٦۷) واحمد ۳:۱۷٦ والبخاری (٤۱۳) فی الصلاة:باب لا يبصق عن يمينه فی الصلاة ومسلم (۵۵۱) فی المساجد:باب النهی عن البصاق فی المسجد وعبد الرزاق (۱٦۹۲) والبيهقی فی "السنن الكبرى" ۱:۲۵۵-

☼ حرامی، دیہاتی اور غلام۔ قرآن اچھا پڑھتے ہوں، تب بھی یہ امامت نہیں کروا سکتے ☼

753/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ ثَلَاثَةٌ لَا يَؤُمُّوْنَ وَلَدُ الزِّنَا وَالْاَعْرَابِيُّ وَالْعَبْدُ وَإِنْ قَرَأُوْا الْقُرْآنَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' تین شخص امامت نہیں کروا سکتے ○حرامی ○دیہاتی ○غلام، اگرچہ یہ قرآن اچھا پڑھتے ہوں۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد ابن خسرو فِي مسنده (عن) أحمد بن علي بن محمد الخطيب (عن) محمد بن أحمد الخطيب (عن) علي بن ربيعة (عن) الحسن بن رشيق (عن) محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِي حَنِيْفَةَ (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ حسین بن محمد ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیماری کے عالم میں بھی نماز کیلئے تشریف لائے تھے ☼

754/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ إِلٰى بِيَاضِ قَدَمَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ فِي مَرَضِهٖ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں' گویا کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک کی سفیدی کو دیکھ رہی ہوں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیماری کے عالم میں نماز کی جانب نکلے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري فِي مسنده بإسناده إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ دوران نماز وضو ٹوٹ جائے تو وہیں چھوڑ کر، جائیں وضو کر کے آ کر وہیں سے نماز شروع کر دیں ☼

755/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) مَعْبَدِ بْنِ صَبِيْحٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى خَلْفَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَاَحْدَثَ الرَّجُلُ فَانْصَرَفَ وَلَمْ يَتَكَلَّمْ حَتّٰى تَوَضَّاَ ثُمَّ

(٧٥٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٩٢) والحصكفي في "مسند الامام" (١٣١) وعبد الرزاق (٣٨٣٨) وابن ابي شيبة ٢:٢١٦ والبيهقي في "السنن الكبرى" ٣:٨٦ عن ابراهيم قال: "يؤم القوم ولد الزنا والعبد والاعرابي اذا قرأ القرآن"۔

(٧٥٤) اخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" ١:٤٠٦ وابن حبان (٢١١٩) وابن ابي شيبة ٢:٣٣٢ واحمد ٦:١٥٩ والترمذي (٣٦٢) في الصلاة والبيهقي في "السنن الكبرى" ٣:٨٣ وفي "دلائل النبوة" ٧:١٩١ وابن خزيمة (١٦٢٠)۔

اَقْبَلَ وَهُوَ يَقُوْلُ (وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ)

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبد الملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''معبد بن صبیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ''عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ'' کے پیچھے نماز پڑھی، اس آدمی کا وضوٹوٹ گیا، وہ چلا گیا، کسی سے کلام نہیں کیا، وضو کیا، پھر وہ شخص واپس آ گیا اور یہ کہہ رہا تھا

(وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ)

''اور اپنے کئے پر جان بوجھ کر اڑ نہ جائیں''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) على بن الحسن بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده عن اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مسجد میں گمشدگی کا اعلان کرنے والے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کرے تجھے وہ نہ ملے ☼

756/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ رَاٰى رَجُلاً يُنْشِدُ بَعِيْراً فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لاَ وَجَدْتَّ إِنَّ الْمَسْجِدَ لَمَا بُنِيَ لَهٗ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا، وہ مسجد میں اپنے گم شدہ اونٹ کا اعلان کر رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کرے تجھے تیرا اونٹ نہ ملے، مساجد اسلئے نہیں بنائی گئیں۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(٧٥٦) اخرجه النسائي في "السنن الكبرى" ٥٢:٦ واحمد ٣٦٠:٥ وعمر بن شبة في "تاريخ المدينة" ٣٠:١ وابن خزيمة (١٣٠١) وابن حبان (١٦٥٣) وابو عوانة (١٢١٤) وعبد الرزاق (١٧٢١) ومسلم (٥٦٩) (٨٠)

☼ کھانا لگ جائے اور اذان ہو جائے تو نماز سے پہلے کھانا کھالو ☼

757/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الزُّهْرِیُّ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ آلِهٖوَسَلَّمَ إِذَا نُوْدِیَ بِالْعِشَاءِ وَاَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَابْدَؤُا بِالْعَشَاءِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''زہری رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کھانا لگ جائے اور مؤذن اذان دے، تو پہلے کھانا کھالو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رميح (عن) يحيى ابن إسماعيل الهمدانی البخاری (عن) جده الحسن بن عثمان (عن) محمد بن السماك (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ ابن اسماعیل ہمدانی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سماک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جب اقامت ہو جائے تو پھر فرضی نماز کے سوا کوئی نماز نہیں ہو سکتی ☼

758/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ إِذَا أُقِیْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوْبَةُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اقامت ہو جائے تو پھر فرضی نماز کے سوا کوئی نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِی مسنده (عن) أبی علی الحسين ابن علی الوراق (عن) الحسن بن عثمان التستری (عن) يحيى بن غيلان (عن) عبد الله بن بزيع (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد ابن سعيد (عن) أبی يعقوب بن إسحاق بن إبراهيم (عن) أحمد بن الوضاح (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفِی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده إلى اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی حسین ابن علی وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عثمان تستری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن بزیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۷۵۷) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۱۳۷) والطحاوی فی "شرح مشكل الآثار" ۲:۴۰۱ وابن حبان (۲۰۶۶) وابو عوانة ۲:۱۴ وابن الجارود فی "المنتقی" (۲۲۳) والبيهقی فی "السنن الكبری" ۳:۷۲ والشافعی "المسند" ۱:۱۲۵-

(۷۵۸) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱:۳۷۲ وفی "شرح مشكل الآثار" (۴۱۲۸) واحمد ۲:۳۵۲ والطبرانی فی "الاوسط" (۸۶۴۹) وفی "الصغير" (۲۱) وابن حبان (۲۱۹۰) وابو نعيم فی "الحلية" ۸:۱۳۸ وفی "تاريخ اصفهان" ۱:۳۰۴-

○اس حدیث کوحضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد ''نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ابن سعید ''سے، انہوں نے حضرت ''ابویعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ''سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن وضاح ''سے،انہوں نے حضرت ''زفر ''سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبد اللہ بن خسرو ''نے اپنی مسند میں حضرت ''مبارک بن عبد الجبارصیرفی ''سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری ''سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر ''سے روایت کیا ہے ،انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

☼ نمازخوف کا طریقہ ☼

759/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي صَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ إِذَا صَلَّى الْإِمَامُ بِاَصْحَابِه تَقُوْمُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَ الْإِمَامِ وَطَائِفَةٌ بِإِزَاءِ الْعُدُوِّ فَلْيُصَلِّ الْإِمَامُ بِالطَّائِفَةِ الَّتِيْ مَعَهُ رَكْعَةً ثُمَّ تَنْصَرِفُ الطَّائِفَةُ الَّذِيْنَ صَلُّوْا مَعَ الْإِمَامِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَتَكَلَّمُوْا بِشَيْءٍ فَيَقُوْمُوْا مَقَامَ اَصْحَابِهِمْ ثُمَّ تَأْتِي الطَّائِفَةُ الْأُخْرَى فَلْيُصَلُّوْا رَكْعَةً مَعَ الْإِمَامِ ثُمَّ يَنْصَرِفُوْا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَتَكَلَّمُوْا بِشَيْءٍ حَتّٰى يَقُوْمُوْا مَقَامَ اَصْحَابِهِمْ ثُمَّ تَأْتِي الطَّائِفَةُ الْأُخْرٰى يُصَلُّوْا رَكْعَةً وُحْدَانًا ثُمَّ يَنْصَرِفُ حَتّٰى يَقُوْمُوْا مَعَ اَصْحَابِهِمْ ثُمَّ تَأْتِي الطَّائِفَةُ حَتّٰى يَقْضُوْا الرَّكْعَةَ الَّتِيْ بَقِيَتْ عَلَيْهِمْ وُحْدَانًا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''حضرت ''حماد ''سے، وہ حضرت ''ابراہیم ''سے نماز خوف کے بارے میں روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' جب امام اپنے مقتدیوں کونماز پڑھائے تو ان میں سے ایک جماعت امام کے ساتھ کھڑی ہو جائے اور دوسری جماعت دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہے،امام اپنے پیچھے کھڑی جماعت کوایک رکعت پڑھائے پھر وہ لوگ کسی قسم کی گفتگو کئے بغیر واپس چلے جائیں اوراپنے ساتھیوں کی جگہ پر جا کر کھڑے ہو جائیں اور دوسری جماعت آ جائے اور یہ امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھیں ،پھر یہ بھی کسی قسم کا کلام کئے بغیر واپس چلے جائیں اور جا کر اپنے ساتھیوں کی جگہ پر کھڑے ہو جائیں پھر وہ پہلی جماعت آئے اور آ کر ایک رکعت اکیلے اکیلے پڑھیں ،پھر یہ چلے جائیں اور جا کر اپنے ساتھیوں کی جگہ پر کھڑے ہو جائیں، پھر وہ دوسری جماعت آئے اور وہ بھی آ کر ایک رکعت اکیلے اکیلے پڑھ لیں جو انکے ذمے باقی تھی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن ''نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ سابقہ حدیث ایک مزید اسناد کے ہمراہ بھی مروی ہے ☼

760/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنِ) الْـحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِثْلَ الْحَدِيْثِ

(۷۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۹٦) باب صلاة الخوف وعبد الرزاق (٤٢٤٦) في الصلاة باب صلاة الخوف والحاكم في "المستدرك" ۳۳۵:۱ والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ۳۰۹:۱ والبيهقي في "السنن الكبرى" ۲۵۸:۳-

(۷٦۰) قد تقدم وهو حديث سابقه-

الْاَوَّلِ سَوَاء

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حارث بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' کے حوالے سے بھی گذشتہ حدیث کی مثل حدیث بیان کرتے ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبهذا كله نأخذ فأما الطائفة الأولى فيقضون بغير قراء ة لأنهم أدركوا أول الصلاة مع الإمام فقراء ة الإمام لهم قراء ة وأما الطائفة الأخرى فيقضون ركعتهم بقراء ة لأنها فاتتهم مع الإمام وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی طریقہ کار کو اپناتے ہیں، پہلی جماعت جب اپنی رکعت الگ پڑھیں گے تو وہ قراءت کے بغیر پڑھیں گے کیونکہ نماز کا آغاز امام کے ساتھ کیا تھا تو امام کی قراءت ان کی قراءت قرار پائے گی، اور دوسری جماعت (جنہوں نے امام کے ساتھ دوسری رکعت پڑھی ہے) وہ اپنی رکعت قراءت کے ساتھ مکمل کریں گے کیونکہ ان کی امام کے ساتھ پہلی رکعت رہی ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بھی یہی مذہب ہے۔

ایک روایت یہ ہے کہ خوف کی کیفیت میں سب لوگ منفرد نماز پڑھیں

761/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ الرَّجُلُ يُصَلِّيْ فِي الْخَوْفِ وَحْدَهُ قَالَ يُصَلِّيْ قَائِماً مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ فَإِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَرَاكِعاً مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ يُوْمِيْ إِيْمَاءً وَيَجْعَلُ السُّجُوْدَ اَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوْعِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: آدمی نماز خوف اکیلا اکیلا پڑھے گا۔ ان سے کسی نے پوچھا: کیا خوف کی صورت میں اکیلا نماز پڑھ سکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: وہ قبلہ کی جانب رخ کر کے نماز پڑھے، اگر وہ قبلہ کی جانب کھڑا ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتا تو قبلہ کی جانب رکوع کرلے اور اگر رکوع کرنے کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو صرف اشارہ کرلے اور اشارے میں سجدے کے اشارے کو رکوع کے اشارے سے زیادہ جھکا کر کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ وبه نأخذ وإن اشتد الخوف صلوا ركباناً فرادى بالإيماء أى جهة قدروا لا يدعون الوضوء والقراء ة والله أعلم

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔ اور ہم اسی کو اپناتے ہیں، اور اگر خوف بہت سخت ہو تو سب لوگ سواریوں پر سوار حالت میں منفرد طور پر اشارے کے ساتھ نماز پڑھ لیں، جدھر بھی سواری کا رخ ہو جائے ادھر ہی پڑھ لیں۔ لیکن وضو اور قرأت ترک نہ کریں۔ (واللہ اعلم)

(٧٦١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (١٩٨) في الصلاة: باب صلاة الخوف وعبد الرزاق (٤٢٦٠) في الصلاة: باب الصلاة عند المسايفة وابن ابي شيبة ٢:٤٦٠ في الصلاة: باب في الصلاة عند المسايفة-

اَلْفَصْلُ السَّابِعُ فِی الْجَنَائِزِ

ساتویں فصل جنائز کے بیان میں

میت کو کنگھی نہیں کرنی چاہئے

762/(اَبُو حَنِیفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیمَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا رَاَتْ مَیتاً یُسَرَّحُ رَأْسُهٗ فَقَالَتْ عَلٰی مَا تَنْصُوْنَ مَیِّتَکُمْ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' نے ایک میت کو دیکھا، اس کے سر میں کنگھی کی ہوئی تھی آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم اپنی میت کو کنگھی کیوں کرتے ہو؟

(أخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو فِی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم البغوی (عن) محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جو آخری جنازہ پڑھایا، اس میں چار تکبیریں پڑھی تھیں

763/(اَبُو حَنِیفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) اَبِی یَحْیٰی عُمَیْرِ بْنِ سَعِیْدِ النَّخْعِیِّ (عَنْ) عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ صَلّٰی عَلَی یَزِیْدِ بنِ الْمُکَفَّفِ فَکَبَّرَ اَرْبَعَ تکبیرَاتٍ وَهُوَ آخرُ شیءٍ کَبَّرَهٗ عَلَی الْجَنَائِزِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابویحییٰ عمیر بن سعید نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ'' نے حضرت ''یزید بن مکفف رضی اللہ عنہ'' کی نماز جنازہ پڑھائی اور ان کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پڑھائی ہوئی یہ آخری نماز جنازہ تھی۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسروا (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) أبی علی بن شاذان عن القاضی أبی نصر علی

(۷۶۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۲۸) فی الجنائز: باب الجنائز وغسل المیت، وابو یوسف فی "الآثار" ۷۸، وعبدالرزاق (۶۲۳۲) فی الجنائز: باب شعر المیت واظفاره، والبیهقی فی "السنن الکبری" ۳: ۳۹۰ فی الجنائز: باب المریض یأخذ من اظفاره وعانته-

(۷۶۳) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۴۲) فی الجنائز: باب الصلاة علی الجنازة، وعبدالرزاق (۶۳۹۸) فی الجنائز: باب التکبیر علی الجنائز، وابن ابی شیبة ۳: ۳۰۰ فی الجنائز: باب ما قالوا فی التکبیر علی الجنازة-

بن اشکاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل بن توبة القزوینی (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الآثار فرواه (عن) اَبی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر علی بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

جنازہ میں چار تکبیروں پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اتفاق ہے

764/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ یُكَبِّرُ عَلَی الْجَنَائِزِ اَرْبَعاً اَوْ خَمْساً اَوْ اَكْثَرَ وَكَانَ النَّاسُ فِی وِلَایَةِ اَبِیْ بَكْرٍ عَلٰی ذٰلِكَ فَلَمَّا وَلِیَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ رَاٰی اِخْتِلَافَهُمْ فَجَمَعَ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ مَتٰی تَخْتَلِفُوْنَ تَخْتَلِفُ مَنْ بَعْدَكُمْ فَاَجْمِعُوْا عَلٰی شَیْءٍ یَأْخُذُ بِهٖ مَنْ بَعْدَكُمْ فَاَجْمَعَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ یَنْظُرُوْا اِلٰی آخِرِ جَنَازَةٍ صَلّٰی عَلَیْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِیْنَ قُبِضَ فَیَأْخُذُوْنَ بِذٰلِكَ وَیَرْفُضُوْنَ مَا سِوٰی ذٰلِكَ فَنَظَرُوْا آخِرَ جَنَازَةٍ كَبَّرَ عَلَیْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِیْنَ قُبِضَ اَرْبَعَ تَكْبِیْرَاتٍ فَاَخَذُوْا بِاَرْبَعٍ وَتَرَكُوْا مَا سِوَاهَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز جنازہ میں چار تکبیریں بھی پڑھتے تھے، پانچ بھی پڑھتے تھے اور اس سے زیادہ بھی۔ حضرت ''ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ'' کے دور خلافت میں لوگوں کا اسی پر عمل رہا، جب حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے امور سلطنت سنبھالے تو آپ رضی اللہ عنہ نے لوگوں میں اس بارے میں اختلاف دیکھا، تو آپ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کو جمع فرمایا اور ان سے کہا: اے اصحاب محمد! جب تم آپس میں اختلاف کرو گے تو تمہارے بعد آنے والے لوگ بھی اختلافات کا شکار ہو جائیں گے۔ اس لئے کسی ایسے حکم پر جمع ہو جاؤ جسے تمہارے بعد آنے والے لوگ اپنا لیں۔ چنانچہ اصحاب محمد جمع ہوئے اور اس بات پر غور کرنے لگے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے پہلے آخری جنازہ کونسا پڑھایا تھا، اس میں کتنی تکبیریں پڑھی گئی تھیں؟ جتنی تکبیریں اس میں پڑھی گئیں تھیں انکو اختیار کر لیا جائے اور اس کے علاوہ باقی سب کو چھوڑ دیا جائے۔ چنانچہ ان لوگوں کے غور و فکر کے نتیجے میں ثابت ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے پہلے جو آخری جنازہ پڑھایا تھا، اس میں چار تکبیریں کہی تھیں۔ چنانچہ سبھی

(۷٦٤) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲٤۱) فی الجنائز: باب الصلاة علی الجنازة وعبد الرزاق (٦۳۹٥) فی الجنائز: باب التکبیر علی الجنائز وابن ابی شیبة ۳: ۲۹۹ فی الجنائز: باب ما قالوا فی التکبیر علی الجنازة: من کبر اربعاً والبیهقی فی "السنن الکبری" ٤: ۳۷۔

نے اس پر اتفاق کرلیا اور اسی کو اختیار کرلیا اور باقی تمام مرویات کو چھوڑ دیا۔

(أخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) بشر ابن موسى الأسدي (عن) أبي عبد الرحمن عبد الله بن يزيد المقري رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل ابن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني باسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بشر بن موسیٰ اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن عبد اللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل ابن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جنازہ میں چار، پانچ اور چھ تکبیریں ثابت ہیں، معمول بہا ۴ تکبیریں ہیں ☼

765/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ الصَّيْرَفِيِّ (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ (عَنْ) عَلِيِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ عَلَى الْجَنَائِزِ سِتّاً وَخَمْساً وَاَرْبَعاً فَلَمَّا قُبِضَ اَلْحَدِيْثُ إِلىٰ آخِرِهِ كَمَا رَوَاهُ حَمَّادٌ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں مروی ہے، وہ یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنازوں پر ۶ تکبیریں بھی پڑھتے تھے، پانچ بھی پڑھتے تھے، چار بھی پڑھتے تھے۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوگیا تو اس کے بعد (اس کے آگے جس طرح حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت بیان کی ہے اسی طرح حضرت ''محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے بھی پوری حدیث بیان کی ہے)

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد ابن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد ابن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن

(٧٦٥) اخرج ابن ابي شيبة ٣:٣٠٢ في الجنائز: باب من كان يكبر على الجنازة خمساً عن عبد خير قال: كان علي يكبر على اهل بدر ستاً وعلى اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم خمساً وعلى سائر الناس اربعاً-

بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد ابن عمر رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن ابراہیم رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادے کے جنازے میں چار تکبیریں پڑھی تھیں ☼

766/(اَبُو حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) اَبِیْ سُفْیَانَ ظَرِیْفِ بْنِ شِھَابٍ (عَنْ) اَبِیْ نَضْرَۃَ (عَنْ) اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدَرِیْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَبَّرَ عَلٰی ابْنِہٖ اَرْبَعاً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' حضرت ''ابوسفیان ظریف بن شہاب رحمۃ اللہ'' سے، وہ حضرت ''ابونضرہ رحمۃ اللہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادے کے جنازے پر چار تکبیریں پڑھیں تھیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر الھروی (عن) أحمد الکندی (عن) إبراھیم بن الجراح (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر ہروی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد کندی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت ایوب سختیانی مزار انور پر حاضر ہوئے اور بہت گریہ زاری فرمائی ☼

767/(اَبُو حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) اَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیْ اَنَّہٗ دَنَا مِنْ قَبْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَۃِ مُتَوَجِّھاً اِلَی التُّرْبَۃِ ثُمَّ سَلَّمَ عَلَیْہِ وَصَلّٰی ثُمَّ غَلَبَہُ الْبُکَاءُ حَتّٰی کَادَ اَنْ یُّغْشِیَ عَلَیْہِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' حضرت ''ایوب سختیانی رحمۃ اللہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے قریب ہوئے۔ ان کی پشت قبلہ کی جانب تھی اور چہرہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تربت مبارک کی طرف تھا، پھر انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام پڑھا، اس کے بعد ان پر گریہ کا اس قدر غلبہ ہو گیا کہ لگتا تھا کہ ان' پر غشی طاری ہو جائے گی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أبی عبد اللہ محمد بن مخلد (عن) محمد بن یعقوب (عن) إسحاق بن حکیم بن الصلت (عن) أحمد بن الخلیل (عن) الحسن بن المبارك (عن) وھب بن الورد (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رحمه اللہ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یعقوب رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن حکیم بن صلت رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن خلیل رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے

(۷۶۶) اخرجه البزار (۸۱۶) والطبرانی فی "الاوسط" ۵:۲۱۸ (۴۴۳۳) واورده الہیثمی فی "مجمع البحرین" ۱:۴۶۷ (۱۲۸۲) باب التکبیر علی الجنازة وفی "مجمع الزوائد" ۳:۳۵ والزیلعی فی "نصب الرایة" ۲:۲۸۰

حضرت ''حسن بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''وہب بن الورد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نماز جنازہ کی دعاء ☼

768/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) شَيْبَانَ (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ (عَنْ) اَبِىْ سَلْمَةَ (عَنْ) اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ إِذَا صَلّٰى عَلَى الْمَيِّتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شیبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''یحیٰی بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسلمہ رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز جنازہ پڑھاتے تو یہ دعا مانگتے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا

''اے اللہ مغفرت فرما ہمارے زندوں کی اور ہمارے مردوں کی اور ہمارے حاضرین کی اور اور ہمارے غائبین کی اور ہمارے مردوں کی اور ہماری عورتوں کی اور ہمارے چھوٹوں کی اور ہمارے بڑوں کی''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) الحسن بن زيد بن يعقوب (عن) محمد ابن عمران (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسن بن زید بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو جنازے سے الگ کردیا کرتے تھے ☼

769/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) اَبِىْ عَطِيَّةَ الْوَادِعِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي جَنَازَةٍ فَرَأٰى اِمْرَاَةً فَاَمَرَ بِهَا فَطُرِدَتْ فَلَمْ يُكَبِّرْ حَتّٰى لَمْ يَرَهَا

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوعطیہ وادعی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ میں شریک ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا تو اس کو جنازے سے الگ کردیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت تک تکبیر نہ پڑھی جب تک وہ عورت دکھائی دیتی رہی۔

(٧٦٨) اخرجه الطحاوی فی "شرح مشكل الآثار" (٩٧١)وابو يعلى (٦٠٠٩)وابو داود (٣٢٠١) فی الجنائز:باب الدعاء للميت'والترمذی (١٠٢٤) فی الجنائز:باب ما يقول فی الصلاة على الميت'والحاكم فی "المستدرك" ١:٣٥٨'والبيهقی فی "السنن الكبرى" فی الجنائز:باب الدعاء فی صلاة الجنازة'وابن حبان (٣٠٦٦)'واحمد ٢:٣٦٨-

(٧٦٩) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (١٩٠)'وعبد الرزاق (٦٢٩١)'والبخاری (١٢٧٨)'ومسلم (٩٣٨) (٣٤)'واحمد ٦:٤٠٨'وابن ابی شيبة ٣:٢٨٤'وابن ماجة (١٥٧٧)'وابو داود (٣١٦٧)'والبيهقی فی "السنن الكبرى" ٤:٧٧-

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن منصور بن نصر (عن) جده (عن) أبی مقاتل حفص بن سالم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن منصور بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو مقاتل حفص بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے کے جنازے میں چار تکبیریں پڑھی تھیں ☼

770/(اَبُـو حَـنِیْفَةَ) (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ الْمَرْزَبَانِ مَوْلٰی حُذَیْفَةَ بْنِ الْیَمَانِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّه' کَبَّرَ عَلٰی وَلَدِهٖ اَرْبَعاً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سعید بن مرزبان رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''حذیفہ بن یمان رحمۃ اللہ علیہ'' کے مولیٰ ہیں ان) سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے: انہوں نے اپنے صاحبزادے کے جنازے میں چار تکبیریں پڑھیں تھیں۔

(أخـرجـه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أبی الطیب إبراهیم بن شهاب (عن) عبید الله بن عبد الرحمن الواقدی (عن) أبیه (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(قـال الحافظ ورواه) (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ أیضاً محمد بن مسروق (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوطیب ابراہیم بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن عبدالرحمن واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں اس حدیث کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری جنازہ میں چار تکبیریں پڑھی تھیں ☼

771/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) غَیْرِ وَاحِدٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ جَمَعَ اَصْحَابَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُمْ عَنِ التَّکْبِیْرِ عَلَی الْجَنَازَةِ فَقَالَ لَهُمْ اُنْظُرُوْا آخِرَ جَنَازَةٍ کَبَّرَ عَلَیْهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَوَجَدُوْهُ قَدْ کَبَّرَ عَلَیْهَا اَرْبَعاً حَتّٰی قُبِضَ قَالَ عُمَرُ فَکَبِّرُوْا اَرْبَعاً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ متعدد راویوں سے

(۷۷۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲٤۳) باب الصلاة علی الجنازة، وابن ابی شیبة ۳۰۲۰۳ فی الجنائز: باب ما قالوا فی التکبیر علی الجنازة من کبر اربعاً، والبیهقی فی "السنن الکبری" ۳۵:٤-

(۷۷۱) قد تقدم فی (۷٦٤)-

روایت کرتے ہیں' حضرت''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو جمع فرمایا اور ان سے جنازہ کی تکبیروں کے بارے میں پوچھا اور ان سے فرمایا: تم اس بات کا جائزہ لو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری جنازہ میں کتنی تکبیریں پڑھی تھیں؟ غور وفکر سے پتہ چلا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال مبارک سے پہلے جو آخری جنازہ پڑھایا تھا، اس میں چار تکبیریں کہی تھیں۔ حضرت''عمر رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: اب تم بھی چار تکبیریں پڑھا کرو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن سعيد (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن اَبِی حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان السواق (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''صالح بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حماد بن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ورس اور زعفران کے علاوہ میت کو ہر طرح کی خوشبو لگا سکتے ہیں☼

772/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اِجْعَلْ فِي حَنُوْطِ الْمَيِّتِ كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا الْوَرْسَ وَالزَّعْفَرَانَ

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: میت کو ہر طرح کی خوشبو لگانا جائز ہے سوائے ورس اور زعفران کے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين علي بن الحسين بن أيوب البزاز (عن) القاضي أبي العلاء محمد بن يعقوب الواسطي (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابو حسین علی بن حسین بن ایوب بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاضی ابو علاء محمد بن یعقوب واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۷۷۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۲۷) في الجنائز: باب غسل الميت وعبد الرزاق (۶۱۴۸) في الجنائز: باب الحناط-

☼ پیدل لوگ جنازہ کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں ہر طرف چل سکتے ہیں، سوار آگے نہ چلے ☼

773/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ لاَ بَأْسَ اَنْ يَّمْشِيَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ اَوْ عَنْ يَمِيْنِهَا اَوْ عَنْ يَسَارِهَا اَوْ خَلْفَهَا مَا لَمْ يَكُنْ رَاكِباً وَيَكْرَهُ لِلرَّاكِبِ اَنْ يَّتَقَدَّمَهَا

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جنازہ کے آگے یا دائیں یا بائیں یا اس کے پیچھے چلنے میں کوئی حرج نہیں ہے، جب تک کہ سوار نہ ہو، ہاں کوئی شخص سوار ہو تو اس کو جنازہ کے آگے چلنا مکروہ ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن عبد الله بن يزيد المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ جنازے سے آگے چلا کرتے تھے ☼

774/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ رَاَيْتُ إِبْرَاهِيمَ يَتَقَدَّمُ الْجَنَازَةَ وَيَتَبَاعَدُ عَنْهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّتَوَارِىَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' میں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کو جنازہ کے آگے چلتے دیکھا، (وہ جنازے سے) کافی فاصلے پر رہتے تھے لیکن نگاہوں سے اوجھل نہیں ہوتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد لا نرى بتقدم الجنازة بأساً إذا كان قريباً منها والمشي خلفها أفضل وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم جنازہ سے آگے چلنے میں بھی کوئی حرج نہیں سمجھتے تاہم جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جنازہ چھوڑ کر جا کر قبر کے پاس بیٹھ جانا مکروہ ہے ☼

775/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْمَشْيِ اَمَامَ الْجَنَازَةِ قَالَ اِمْشِ حَيْثُ شِئْتَ إِنَّمَا

(۷۷۳) اخرج الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۴۷۹:۱ واحمد ۸:۲ وابو داود (۳۱۷۱) والترمذی (۱۰۰۷) وابن حبان (۳۰۴۵) وابن ابی شیبة ۲۷۷:۳ عن سالم عن ابیه قال: رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابا بکر وعمر یمشون امام الجنازة۔

(۷۷۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۵۰) فی الجنائز: باب المشی مع الجنازة۔

(۷۷۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۵۲) فی الجنائز: باب المشی مع الجنازة۔

يَكْرَهُ اَنْ يَّنْطَلِقَ الْقَوْمُ فَيَجْلِسُوْنَ عِنْدَ الْقَبْرِ وَيَتْرُكُوْنَ الْجَنَازَةَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، (وہ فرماتے ہیں) میں نے حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے جنازہ کے آگے چلنے کے بارے میں پوچھا: تو انہوں نے فرمایا: تم جہاں چاہو چل سکتے ہو، مکروہ صرف یہ ہے کہ لوگ جنازہ چھوڑ کر جا کر قبر کے پاس بیٹھ جائیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ بعض صحابہ کرام کے پاس سے جنازہ گزر جاتا، لیکن وہ بیٹھے رہتے ☼

776/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ كُنْتُ أُجَالِسُ اَصْحَابَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ وَغَيْرِهِمَا فَتَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْجَنَازَةُ وَهُمْ مُحْتَبُوْنَ فَلَا يَحِلُّ اَحَدٌ مِنْهُ حَبْوَتَهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: میں حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''، حضرت ''علقمہ رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''اسود رضی اللہ عنہ'' کے ساتھیوں کے ہمراہ بیٹھتا رہا، ان لوگوں کے قریب سے جنازہ گزر جاتا تھا، یہ لوگ چادر لپیٹ کر بیٹھے ہوتے تھے، تو ان میں سے کوئی بھی اپنی چادر کو کھولتا نہیں تھا (یعنی جنازہ کیلئے اٹھ کر کھڑے ہونے کے لیے اپنی چادر کو کھول کر کھڑا نہیں ہوتا تھا بلکہ بیٹھے رہتے تھے)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ میت لے کر قبر تک پہنچ گئے، قبر کی کھدائی نہ ہوئی، تو قبر تیار ہونے تک کھڑے رہیں ☼

777/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ إِبْرَاهِيْمَ مَتٰى يَجْلِسُ الْقَوْمُ قَالَ إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ قَالَ اَرَاَيْتَ لَوْ اِنْتَهَوْا إِلَى الْقَبْرِ وَلَمْ يَضْرِبْ فِيْهِ بِفَاسٍ اَلْبَتَّ قَايِماً حَتّٰى يُحْفَرَ الْقَبْرُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: (جنازہ میں شریک) لوگوں کو کب بیٹھنا چاہیے؟ انہوں فرمایا: جب جنازہ لوگوں کی گردنوں سے اتار دیا جائے۔ انہوں نے فرمایا: آپ کا کیا خیال ہے اگر لوگ جنازہ لے کر قبر تک پہنچ جائیں لیکن ابھی قبر کی کھدائی شروع ہی نہ کی گئی ہو (تو کیا کیا جائے؟) انہوں نے فرمایا: مسلسل کھڑے رہیں یہاں تک کہ قبر کھود لی جائے۔

(أخرجه) محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ إذا وضعت الجنازة على

(۷۷۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۵۳) في الجنائز: باب المشي مع الجنازة' وعبد الرزاق (۶۳۱۹) في الجنائز: باب القيام حين ترى الجنازة' وابن ابي شيبة ۳:۳۵۸ في الجنائز: باب من كره القيام للجنازة-

(۷۷۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۵۴) في الجنائز: باب المشي مع الجنازة' وابن ابي شيبة ۳:۳۳۷ في الجنائز: باب في الرجل يقوم على قبر الميت حتى يدفن ويفرغ منه-

الأرض فلا بأس بالقعود ويكره أن يجلس قبل ذلك وهو قول اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور جب جنازہ زمین پر رکھ دیا گیا تو پھر بیٹھ جانے میں کوئی حرج نہیں ہے،لیکن جب تک جنازہ زمین پر نہ رکھا جائے تب تک بیٹھنا مکروہ ہے اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ کئی صحابہ کرام حارث بن ابی ربیعہ کی والدہ نصرانیہ کے جنازے کے ساتھ چلے ☼

778/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ اَبِىْ رَبِيْعَةَ مَاتَتْ أُمُّهُ نَصْرَانِيَّةً فَتَبِعَ جَنَازَتَهَا فِي رَهْطٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''حارث بن ابی ربیعہ ﷛'' کی والدہ نصرانیہ کا انتقال ہو گیا،رسول اکرم ﷺ کے کئی صحابہ اس کے جنازہ کے ساتھ گئے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِى حَنِيْفَةَ ثم قال محمد لا نرى باتباعها بأساً إلا أنه يتنحى ناحية من الجنازة وهو قول اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا: ہم کسی نصرانی کے جنازے کے ساتھ چلنے میں حرج نہیں سمجھتے،تاہم جب جنازہ پڑھایا جائے تو الگ ہو جائیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ مقروض مت مرنا، اپنی اولاد کا انکار نہ کرنا، اور فجر کی دو سنتیں کبھی نہ چھوڑنا ☼

779/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) حَمْرَانَ قَالَ مَا لَقِيَ اِبْنَ عُمَرَ قَطُّ إِلَّا اَقْرَبُ النَّاسِ إِلَيْهِ مَجْلِسًا فِيهِ حَمْرَانُ فَقَالَ لَهُ ذَاتَ يَوْمٍ يَا حَمْرَانُ مَا اَرَاكَ لَزِمْتَنَا إِلَّا وَاَنْتَ تُرِيْدُ لِنَفْسِكَ خَيْراً فَقَالَ اَجَلْ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَمَّا اِثْنَانِ فَإِنِّىْ اَنْهَاكَ عَنْهُمَا وَاَمَّا وَاحِدَةٌ فَإِنِّىْ آمُرُكَ بِهَا فَإِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِهَا قَالَ مَا هُنَّ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ لَا تَمُوْتَنَّ وَعَلَيْكَ دَيْنٌ إِلَّا دَيْناً تَدَعُ لَهٗ وَفَاءً وَلَا تَنْفِيَنَّ مِنْ وَلَدٍ لَكَ اَبَداً فَإِنَّهٗ يَسْمَعُ بِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا سَمِعْتَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا قِصَاصاً وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَداً وَاَمَّا الَّذِىْ آمُرُكَ بِهٖ كَمَا اَمَرَنِىْ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَلَا تَدَعْهُمَا فَإِنَّ فِيْهَا الرَّغَائِبُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''علقمہ بن مرثد ﷫'' سے، وہ حضرت ''علی بن اقمر ﷫'' سے، وہ

(۷۷۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۵۵) في الجنائز:باب المشي مع الجنازة،وابن ابي شيبة ۳:۲۴۷ في الجنائز:باب في الرجل يموت له القرابة المشرك يحضره ام لا؟

(۷۷۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۱۱۳) في الصلاة:باب فضل الصلة وركعتي الفجر،والطبراني في "الكبير" (۱۳۵۰۲) وابن ابي شيبة ۲:۲۴۱ في الصلاة:باب في ركعتي الفجر،والحصكفي في "مسند الامام" (۱۷۵) وعبدالرزاق (۴۷۸۱) والهيثمي في "مجمع الزوائد" ۲:۲۱۷-

حضرت ''حمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کی مجلس میں حضرت ''حمران رحمۃ اللہ علیہ'' سب سے زیادہ قریب ہوتے تھے، ایک دن حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے ان سے کہا: اے حمران! میرا خیال ہے کہ آپ ہمارے پاس اپنی ذات پر بھلائی کا ارادہ کرتے ہوئے زیادہ بیٹھتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: جی ہاں اے ابوعبدالرحمٰن۔ انہوں نے فرمایا: دو چیزیں ایسی ہیں کہ میں تمہیں ان سے منع کرونگا اور ایک چیز ایسی ہے جس کا میں تمہیں حکم دوں گا۔

میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس چیز کا حکم دیتے ہوسنا ہے حضرت ''حمران رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! وہ کیا چیزیں ہیں؟ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے فرمایا: تو اپنے اوپر کوئی قرضہ چھوڑ کر نہ مرنا، ہاں اگر قرضہ چھوڑ و تو اس کی ادائیگی کے لئے کچھ جائداد بھی چھوڑ نا اور اپنی اولاد کا کبھی انکار نہ کرنا ورنہ جس طرح تو نے اُسے دنیا میں رسوا کیا، بدلے میں وہ اُسی طرح تجھے قیامت کے دن رسوا کرے گا اور تمہارا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا اور جس چیز کا میں تمہیں حکم دیتا ہوں جس طرح کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے، وہ یہ ہے کہ فجر کی دو رکعت (سنتیں) ہرگز نہ چھوڑنا کیونکہ ان دو رکعتوں میں بخشش ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) إبراهيم بن عمروس ابن محمد الهمدانی (عن) عمرو بن حميد (عن) نوح بن دراج (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ قال أبو محمد البخاری روت جماعة هذا الخبر (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ فقال بعضهم (عن) علی ولم يذكر أباه وقال بعضهم (عن) علی بن حمران (عن) حمران ولم يسند الحرف الآخر فِی ركعتی الفجر إلا نوح بن دراج

(وأخرجه) طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أحمد بن محمد (عن) فاطمة بنت محمد بن حبيب (عن) عمها حمزة بن حبيب الزيات (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (قال الحافظ) ورواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ الحسن بن زياد(و) أبو يوسف وأسد بن عمرو رحمهم الله تعالی

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر وأخيه عبد الله كلاهما (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن خنيس (عن) محمد ابن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) القاضی محمد بن محمد البرقی (عن) أبی سليمان الجوزجانی (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رحمه الله

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابراہیم بن عمروس بن محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: اس حدیث کو محدثین کی پوری جماعت نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ان میں سے بعض نے اس کو حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، ان کے والد کا ذکر نہیں کیا، اور بعض نے اس کو حضرت ''علی بن حمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس حدیث کے آخر میں جو الفاظ فجر کی رکعتوں کے بارے میں ہیں، ان کو صرف حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،

انہوں نے سیدہ ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''حافظ طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: اس حدیث کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں) سے، ان دونوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''قاضی محمد بن محمد برقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسلیمان جوز جانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک لحد والی بنائی گئی تھی، قبلہ والی دیوار میں لحد رکھی گئی ☼

780/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) عَـلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ اُلْحِدَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاُخِذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَنُصِبَ عَلَيْهِ اللَّبِنُ نَصْباً

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک لحد والی بنائی گئی تھی اور اس لحد کو قبلہ والی دیوار کے اندر بنایا گیا تھا اور اس کے اوپر (کچی) اینٹیں کھڑی کی گئیں تھیں۔

(أخـرجـه) أبـو مـحـمـد البخاری (عن) إبراهيم بن عمروس الهمدانی (عن) عمرو بن حميد (عن) نوح بن دراج (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابراہیم بن عمروس ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جنازہ کی جتنی تکبیریں جماعت سے رہ جائیں، وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد خود پڑھیں ☼

781/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا سَبَقَ الرَّجُلُ بِبَعْضِ التَّكْبِيْرِ مِنَ الْجَنَازَةِ يُكَبِّرُ مَعَ الْإِمَامِ مَا اَدْرَكَ وَيَقْضِیْ مَا سَبَقَ بِهٖ

(۷۸۰) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۱۹۳) والبيهقی فی "السنن الكبری" ٥٥:٤ باب من قال: يسل الميت من قبل رجل القبر والطبرانی فی "الاوسط" (٥٧٦٢) والهيثمی فی "مجمع الزوائد" ٤٢:٣-

(۷۸۱) اخرجه عبد الرزاق (٦٤١٣) وابن ابی شيبة ٣٠٦:٣ فی الجنائز: باب فی رجل يفوته بعض التكبير علی الجنازة يقضيه ام لا؟

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب کوئی بندہ نماز جنازہ کی کچھ تکبیروں سے رہ جائے، وہ جتنی تکبیریں امام کے ساتھ پائے وہ امام کے ساتھ پڑھ لے جو رہ جائیں وہ بعد میں خود پڑھے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد ابن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ میت والے گھر کے بارے اعلانات مکروہ ہیں، یہ جاہلیت کے فوتگی کے اعلانات کی طرح ہے ☼

782/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ حَمْزَةَ مَيْمُوْنَ الْاَعْوَرِ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّه' كَرِهَ الْاَذَانَ بِدَارِ الْمَيِّتِ فَقَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ هُوَ مِنْ نَعْيِ الْجَاهِلِيَّةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''میمون اعور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' میت والے گھر کے بارے میں اعلان مکروہ ہے اور فرمایا: حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' فرمایا کرتے تھے ''یہ جاہلیت کے موت کے اعلانات کی طرح ہے''

(أخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) عبيد الله بن كثير التمار (عن) يحيى بن الحسن بن الفرات (عن) أخيه زياد بن الحسن (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (وأخرجه) ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني باسناده إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبیداللہ بن کثیر تمار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

(۷۸۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۳۶) في الجنائز: باب حمل الجنازة' وابن ماجة ۱:۴۷۴ في الجنائز: باب ما جاء في شهود الجنائز' وعبد الرزاق ۳:۵۱۲ في الجنائز: باب صفة حمل النعش-

☼ میت کی چارپائی، چار آدمی اٹھائیں، اگر زیادہ ہوں تو یہ بھی جائز ہے ☼

783/(اَبُـو حَـنِیْفَۃَ) (عَنْ) مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمَرِ (عَنْ) سَالِمِ بْنِ اَبِیْ الْجَعْدِ (عَنْ) عُبَیْدِ ابْنِ نِسْطَاسٍ (عَنْ) عَبْـدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ تُحْمَلَ بِجَوَانِبِ السَّرِیْرِ الْاَرْبَعِ فَمَا زَدْتَ عَلٰی ذٰلِكَ فَهُوَ نَافِلَةٌ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سالم بن ابوجعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبید بن نسطاس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' سنت یہ ہے کہ میت کی چارپائی چار آدمی پکڑ کر اٹھائیں، اگر زیادہ ہوں تو یہ جائز ہے۔

(أخـرجـه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن محمد بن علی الحافظ (عن) یحیی بن موسی (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن محمد بن سعید الهمدانی (عن) جعفر بن محمد (عن) أبی فروة (عن) أبیه (عن) سابق البربری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن مـحـمـد (عن) یوسف بن موسی (عن) عبد الرحمن بن عبد الصمد بن شعیب عن جده شعیب (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) الروح بن الفرج (عن) علی بن یزید الصدائی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عـن) صـالـح بـن مـحـمـد القیراطی (عن) أحمد بن یحیی بن زکریا (عن) عقبة بن مکرم (عن) یونس بن بکیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) أیوب بن هانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن مـحـمـد (عن) أحمد ابن حازم (عن) عبد الله بن حازم (عن) عبد الله بن موسی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن مـحـمـد قـال قرأت فِی کتاب الحسین ابن علی (عن) یحیی بن الحسن (عن) زیاد بن الحسن بن الفرات (عن) أبیه (عن(اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) عمه الحسن بن سعید (عن) أبیه سعید بن أبی الجهم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسین بن عمر ابن إبراهیم (عن) أبیه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عـن) أحـمـد ابن محمد قال (حدثنا) محمد بن عبد الله بن محمد بن مسروق قال قرأت فِی کتاب جدی محمد بن مسروق (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) عبد الصمد بن الفضل (عن) شداد بن حکیم (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عن) محمد بن الحسن البزاز (عن) بشر بن الولید (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما

(ورواه) (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) يحيى بن إسماعيل (عن) الحسن بن عثمان (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ محمد بن طلحة بن محمد فِى مسنده (عن) أبى الحسن على بن محمد بن عبيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِى مسنده (عن) أبى على محمد بن سعيد الحرانى (عن) أبى فروة يزيد بن محمد بن يزيد بن سنان (عن) أبيه (عن) سابق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أبى سهل محمد بن أحمد بن يونس (عن) محمد بن الوليد (عن) عبد الله بن محمد الشامى (عن) موسى بن طارق (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخى (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن (أبى على بن شاذان (عن) أبى نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزوينى (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ

(ورواه) أيضاً (عن) والده (عن) الحسين بن الحسن الضغائرى (عن) أبيه (عن) مجاهد (عن) ابن أيوب (عن) الصدائى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِى الآثار فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ يبدأ الرجل فيضع يمين الميت على يمينه ثم يعود إلى المقدم الأيسر فيضعه على يساره ثم يأتى المؤخر الأيسر فيضعه على يساره وهو قول اَبِى حَنِيْفَةَ رحمه الله

(وأخرجه) فِى نسخته فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''عبداللہ بن محمد بن علی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یحییٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''سابق بربری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یوسف بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے ان کے دادا حضرت''شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''روح بن فرج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''علی بن یزید صدائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن محمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن یحییٰ بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عقبہ بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد

بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد ابن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''حسین ابن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''حسن بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا حضرت ''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد الصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شداد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''یحییٰ

بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوحسن علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعلی محمد بن سعید حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ یزید بن محمد بن یزید بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسہل محمد بن احمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد شامی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن طارق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنی والدہ رحمۃ اللہ علیہا ... نے حضرت ''حسین بن حسن ضغاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صدائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ آدمی اس طرح آغاز کرے، میت کی دائیں جانب کو اپنے دائیں کندھے پر رکھے، (پھر دائیں جانب پاؤں کی طرف آجائے اور اپنے دائیں کندھے پر رکھے) پھر بائیں جانب سرہانے کی طرف آجائے اور اپنے بائیں کندھے پر رکھے، پھر بائیں جانب پچھلی جانب آجائے اور اپنے بائیں کندھے پر رکھے۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نماز جنازہ میں قراءت اور رکوع وسجود نہیں ہیں، آخر میں سلام پھیرا جائے ☼

784/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ لاَ قِرَاءَةَ عَلَى الْجَنَازَةِ وَلاَ رَكُوْعَ وَلاَ سُجُوْدَ وَلٰكِنْ يُسَلِّمُ

(۷۸۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۳۷) في الجنائز: باب الصلاة على الجنازة وعبد الرزاق (۶۴۳۳) في الجنائز: باب القراءة والدعاء في الصلاة على الميت وابن ابي شيبة ۲۹۹:۳ في الجنائز باب من قال: ليس على الجنازة قراءة-

عَنْ يَمِينِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ إِذَا فَرَغَ مِنَ التَّكْبِيْرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: نماز جنازہ میں نہ قراءت ہے، نہ رکوع ہے، نہ سجدہ ہے۔ البتہ جب تکبیروں سے فارغ ہو جائیں تو دائیں اور بائیں سلام پھیرا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ نماز جنازہ میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء، درود پڑھ کر اپنے اور میت کیلئے مغفرت کی دعا مانگیں ☼

785/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ لَيْسَ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ شَيْءٌ مُوَقَّتٌ وَلٰكِنْ تَبْدَأُ فَتَحْمَدُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَتُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَدْعُوْ لِنَفْسِكَ وَلِلْمَيِّتِ بِمَا اَحْبَبْتَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: نماز جنازہ میں کوئی چیزیں پڑھنے کے لئے مقرر نہیں ہے، البتہ نماز کے آغاز میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی جائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جائے، اپنے لئے اور میت کے لئے جو مناسب سمجھیں دعائیں مانگیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ مساجد کے ائمہ ہی نماز جنازہ بھی پڑھائیں ☼

786/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ اَنَّهٗ قَالَ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَازَةِ يُصَلِّيْ عَلَيْهَا اَئِمَّةُ الْمَسَاجِدِ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ تَرْضَوْنَ بِهِمْ فِي صَلَاتِكُمُ الْمَكْتُوْبَةِ وَلَا تَرْضَوْنَ بِهِمْ عَلَى الْمَوْتٰى

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے نماز جنازہ کے بارے میں فرمایا: مساجد کے ائمہ نماز جنازہ پڑھائیں۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: تم فرضی نماز پڑھنے میں تو ان پر راضی ہو نماز جنازہ پڑھنے میں ان پر راضی کیوں نہیں ہوتے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

---

(۷۸۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۳۸) فی الجنائز:باب الصلاۃ علی الجنازۃ وعبد الرزاق (۶۴۳۵) وابن ابی شیبة ۳:۲۹۴ فی الجنائز:باب من قال:لیس علی المیت دعاء مؤقت فی الصلاۃ علیه وادع بما بدا لك والطبرانی فی "الکبیر" ۹:۳۷۳-

(۷۸۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۴۰) فی الجنائز:باب الصلاۃ علی الجنازۃ وعبد الرزاق (۶۳۶۸) فی الجنائز:باب من احق بالصلاۃ علی المیت وابن ابی شیبة ۳:۲۸۷ فی الجنائز:باب ما قالوا فی تقدم الامام علی الجنازۃ-

جو میت کا ولی نہیں ہے، وہ وقت کی تنگی میں وضو کرنے نہ جائے، بلکہ تیمّم کرسکتا ہے

787/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ إِذَا حَضَرَتِ الْجَنَازَةُ وَكَانَ اَحَدٌ مِنَ الْقَوْمِ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ تَيَمَّمَ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' جب جنازہ آجائے اور کوئی شخص بے وضو ہو تو (اور وہ میت کا ولی نہ ہو، تو وہ وضو کرنے کے لئے نہ جائے کہ اس طرح جنازہ رہ جانے کا خدشہ ہے بلکہ وہ) تیمّم کر لے (اور نماز جنازہ میں شریک ہو جائے)

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد ابن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي عن بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن عبد الله بن يزيد المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور شیخین کی تربت مبارک اونٹ کی کوہان کی طرح اٹھی ہوئی ہے

788/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْ رَاٰى قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ مُسَنَّمَةً وَعَلٰى قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَدَرٌ اَبْيَضُ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' مجھے اس نے بتایا ہے جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک، حضرت ''ابوبکر اور حضرت ''عمر رضی اللہ عنہما'' کی قبر کی زیارت کی ہے (وہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی قبریں) کوہان کی طرح ہیں۔ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر سفید اینٹ بھی رکھی گئی تھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) يونس بن بكير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۷۸۷) اخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" (۵۵۰) في الجنائز: باب في الرجل يخاف ان تفوته الصلاة على الجنازة وهو غير متوضئ وعبد الرزاق (۶۶۷۷) في الجنائز: باب الصلاة على الجنازة على غير وضوء۔

(۷۸۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۵۶) باب تسنيم القبور و تجصيصها وعبد الرزاق (۶۴۸۴) في الجنائز: باب الجدث والبنيان وابن ابي شيبة ۲۲:۳ في الجنائز: باب ماقالوا في القبر يسنم وابن سعد في "الطبقات" ۳۰۶:۲۔

☼ مرد عورت کا اکٹھا جنازہ پڑھنا ہو تو عورت کی میت قبلہ کی جانب رکھی جائے ☼

789/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) سُلَیْمَانَ الْاَعْمَشِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ قَالَ صَلّٰی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمَرَ عَلٰی اُمِّ کُلْثُوْمٍ بِنْتِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلٰی اِبْنِهَا زَیْدِ بْنِ عُمَرَ فَجَعَلَ اُمَّ کُلْثُوْمٍ تِلْقَاءَ الْقِبْلَةِ وَجَعَلَ زَیْداً مِمَّا یَلِیْ الْاِمَامَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے سیدہ ''ام کلثوم بنت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما'' کی اور ان کے بیٹے حضرت ''زید بن عمر رضی اللہ عنہ'' کی (اکٹھی) نماز جنازہ پڑھائی تو ان میں سے حضرت ''کلثوم رضی اللہ عنہا'' کو قبلہ کی جانب رکھا اور حضرت ''زید رضی اللہ عنہ'' کو امام کی جانب رکھا۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسرو (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) أبي علي بن شاذان (عن) أبي نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن ابی اوفی نے اپنے بیٹے کے جنازے میں چار تکبیریں پڑھی تھیں ☼

790/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ الْمَرْزَبَانِ الْبَقَّالِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ کَبَّرَ عَلٰی اِبْنِهٖ اَرْبَعاً وَقَالَ هٰکَذَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَفْعَلُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سعید بن ابی سعید بن مرزبان بقال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے اپنے صاحبزادے کے جنازہ میں چار تکبیریں پڑھی تھیں اور فرمایا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ہی کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده (عن) أبي علي أحمد بن علي بن شعيب (عن) أحمد بن عبد الله

(۷۸۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۴۷) في الجنائز: باب الصلاة على جنائز الرجال والنساء، وعبد الرزاق (۶۳۳۶) في الجنائز: باب كيف الصلاة على الرجال والنساء؛ وابن ابي شيبة ۳۱۵:۳ في الجنائز: باب في جنائز الرجال والنساء من قال: الرجل مما يلي الامام والنساء امام ذالك، والبيهقي في "السنن الكبرى" ۳۳:۴، وفي "السنن الصغرى" (۱۰۷۷)، وابو داود (۳۱۹۳) في الجنائز: باب اذا احضر جنائز الرجال والنساء من يقدم۔

(۷۹۰) قد تقدم في (۷۷۰)۔

الکندی (عن) علی ابن معبد (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله ابن خسرو فِی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) أبی علی الحسن بن أحمد بن شاذان (عن) أبی نصر بن اشکاب القاضی البخاری (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل بن توبة القزوینی (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذکور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی احمد بن علی بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی ابن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب قاضی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن عمر نے زانیہ اور زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اس کے بچے کا جنازہ پڑھایا ☼

791/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ بْنِ حَبِیْبٍ الصَّیْرَفِیِّ (عَنْ) یَحْیٰی بْنِ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا صَلّٰی عَلٰی اِمْرَاَةٍ وَوَلَدِهَا مَاتَتْ فِی نِفَاسِهَا مِنَ الزِّنَا

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے ایک خاتون اور اس کے بچے کا جنازہ پڑھایا، اس عورت نے زنا کا بچہ پیدا کیا تھا اور یہ دونوں نفاس کی مدت میں ہی مر گئے تھے۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبی بکر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسی (عن) المقری (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ (ثم) قال محمد وبه نأخذ لا نترك أحداً من أهل القبلة أن لا یصلی علیه وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۷۹۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۴۹) فی الجنائز :باب الصلاۃ علی جنائز الرجال والنساء والطبرانی فی "الکبیر" (۱۳۴۲۸) وعبدالرزاق (۶۶۱۲) فی الجنائز :باب الصلاۃ علی ولد الزنا وابن ابی شیبة ۳:۲۵۰ فی الجنائز :باب فی الرجل یقتل نفسه والنفساء من الزنا هل یصلی علیهم؟

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہم اہل قبلہ میں سے کسی کو بھی جنازے بغیر نہیں دفناتے اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ عبداللہ بن عمر نے سیدہ ام کلثوم بنت علی اور زید بن عمر کا ایک ساتھ جنازہ پڑھایا ☼

792/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيْ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ قَالَ صَلّٰى ابْنُ عُمَرَ عَلٰى أُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عَلِيٍّ وَزَيْدِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَجَعَلَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ تِلْقَاءَ الْقِبْلَةِ وَجَعَلَ زَيْداً مِمَّا يَلِيْ الْإِمَامِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سلیمان شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے سیدہ ''ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا'' اور حضرت ''زید بن عمر رضی اللہ عنہما'' دونوں کا اکھٹا جنازہ پڑھایا۔ سیدہ ''ام کلثوم بنت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما'' کی چارپائی قبلہ کی جانب رکھی اور حضرت ''زید رضی اللہ عنہ'' کی چارپائی امام کی جانب رکھی۔

(أخـرجـه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ (ثم) قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مردوں اور عورتوں کا ایک ساتھ جنازہ پڑھانے کا طریقہ ☼

793/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ رَأَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّيْ عَلٰى جَنَازَةِ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فَجَعَلَ الرِّجَالَ يَلُوْنَهُ وَالنِّسَاءَ يَلِيْنَ الْقِبْلَةَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عثمان بن عبداللہ بن موہب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، میں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' کو مردوں اور عورتوں کا جنازہ (ایک ساتھ) پڑھاتے ہوئے دیکھا ہے، آپ رضی اللہ عنہ مردوں کو امام کی جانب رکھتے تھے اور عورتوں کو قبلہ کی جانب رکھتے تھے۔

(۷۹۲) قد تقدم فی (۷۸۹)-

(۷۹۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۴۸) في الجنائز:باب الصلاة على جنائز الرجال والنساء' وعبدالرزاق (۶۳۳۱) في الجنائز:باب كيف الصلاة على الرجال والنساء'وابن ابي شيبة ۳:۳۱۴ في الجنائز:باب في جنائز الرجال والنساء من قال:الرجال مما يلي الامام والنساء امام ذلك-

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼مردوں اورعورتوں کاایک ساتھ جنازہ پڑھاجائے توعورتوں کوقبلہ کی جانب رکھاجائے☼

794/(اَبُـو حَنِیْـفَۃَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الْجَنَائِزِ إِذَا اجْتَمَعَتْ یَصُفُّ صَفًّا بَعْضُهَا اَمَامَ بَعْضٍ یَقُوْمُ الْإِمَامُ فِی وَسْطِهَا فَإِذَا کَانُوْا رِجَالاً وَنِسَاءً جَعَلَ الرِّجَالَ یَلُوْنَ الْإِمَامَ وَالنِّسَاءَ اَمَامَ ذٰلِكَ یَلِیْنَ الْقِبْلَةَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب متعدد جنازے اکٹھے پڑھائے جائیں، ان سب کی چارپائیاں ایک دوسرے کے آگے پیچھے رکھ دی جائیں اور امام انکے درمیان کھڑا ہو، اگر ان میں مرد اور عورتیں سب شریک ہوں، تو مردوں کی میتیں امام کی جانب رکھی جائیں اور عورتوں کوقبلہ کی جانب رکھا جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ (ثم) قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کواختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼عورت کاجنازہ پڑھانے کاحقدار اس کے باپ سے زیادہ اس کاشوہر ہے☼

795/(اَبُـو حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (وَعَنْ) عَوْنَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنِ) الشَّعْبِیِّ اَنَّهُمَا قَالاَ الزَّوْجُ اَحَقُّ بِالصَّلاَةِ عَلَی الْمَیِّتَةِ مِنَ الْاَبِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عون بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''شعبی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' یہ دونوں بیان کرتے ہیں: عورت کاجنازہ پڑھانے کاباپ سے بھی زیادہ حقدار اس کاشوہر ہے۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمـد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَۃَ (ثم) قال محمد. ورفع أبو حنيفة حديثاً إلى عـمـر فـقال اَخْبَرَنِیْ رجل (عن) الحسن البصری (عن) عمر بن الخطاب رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أنه قال الأب أحق بالصلاة على الميتة من الزوج (ثم) قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۷۹۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۴۶) فی الجنائز:باب الصلاة علی جنائز الرجال والنساء وعبد الرزاق (۶۳۳۴) فی الجنائز:باب کیف الصلاة علی الرجال والنساء؛ وابن ابی شيبة ۳:۳۱۴ فی الجنائز:باب فی جنائز الرجال والنساء من قال:الرجل مما یلی الامام والنساء امام ذلك-

(۷۹۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۶۰) فی الجنائز: باب من اولی بالصلاة علی الجنازة وعبد الرزاق (۶۳۷۱) فی الجنائز:باب من احق بالصلاة علی الميت وابن ابی شيبة ۳:۳۶۳ فی الجنائز: باب فی الزوج والاخ وایهما احق بالصلاة؛

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا: حضرت امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ نے اس حدیث کی اسناد حضرت عمر ﷜ تک بیان کی، آپ فرماتے ہیں: مجھے ایک آدمی نے بتایا ہے، اس نے حضرت ''حسن بصری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن الخطاب ﷜'' سے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: میت کا جنازہ پڑھانے کا شوہر سے زیادہ اس کا باپ حق رکھتا ہے۔ حضرت امام ''محمد ﷫'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ جو بچہ پیدائش کے بعد رویا، اس کا جنازہ بھی ہے، وراثت بھی، نہ روئے تو کچھ نہیں ☼

796/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي السِّقْطِ إِذَا اسْتَهَلَّ صُلِّيَ عَلَيْهِ وَوَرِثَ وَإِذَا لَمْ يَسْتَهِلَّ لَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِ وَلَمْ يَرِثْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' نومولود بچہ اگر چیخ مارے تو اس کی نماز جنازہ بھی پڑھائی جائے گی اور وہ وراثت کا حقدار بھی ہے اور اگر وہ نہ روئے تو اس کا جنازہ بھی نہیں پڑھا جائے گا اور وہ وارث بھی نہیں بنے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ مردہ پیدا ہونے والے بچے کا جنازہ نہیں، وہ وارث نہیں ہو سکتا، اس کو غسل دیا جائے گا ☼

797/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الصَّبِيِّ يَقَعُ مَيْتاً قَدْ كَمَّلَ خِلْقُهُ قَالَ لاَ يَحْجِبُ وَلاَ يَرِثُ وَلاَ يُصَلَّىٰ عَلَيْهِ وَلٰكِنَّهُ يُغْسَلَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' جو بچہ مردہ پیدا ہو لیکن اس کی تخلیق مکمل ہو چکی ہو، وہ نہ تو (کسی دوسرے وارث کیلئے) حاجب بن سکتا ہے اور نہ وارث بن سکتا ہے، نہ اس کی نماز جنازہ پڑھائی جائے گی، البتہ غسل دیا جائے گا۔

(أخـرجـه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ (ثم) قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے''۔ حضرت امام ''محمد ﷫'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

---

(۷۹٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲٦۲) في الجنائز: باب استهلال الصبي والصلاة عليه' وعبد الرزاق (٦٥٩٥) في الجنائز: باب الصلاة على الصغير والسقط وميراثه' وابن ابي شيبة ۳:۳۱۸-

(۷۹۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲٦۳) في الجنائز: باب استهلال الصبي والصلاة عليه' وابن ابي شيبة ۳:۳۱۸ في الجنائز: باب من قال: لا يصلي عليه حتى يستهل صارخاً-

☼ رسول اکرم ﷺ کی اور شیخین کی تربت مبارک کوہان کی طرح اٹھی ہوئی ہیں ☼

798/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَخْبَرَنِیْ مَنْ رَأَی قَبْرَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَبْرَ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ مُسَنَّمَةً نَاشِزَةً مِنَ الْاَرْضِ عَلَیْهَا مِنْ مَدَرٍ بِیْضٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مجھے اس نے خبر دی ہے جس نے حضرت ''محمد مصطفیٰ ﷺ'' کی قبر مبارک اور حضرت ''ابوبکر اور حضرت ''عمر رضی اللہ عنہما'' کی قبر مبارک کو کوہان شکل میں دیکھا ہے، (ان کی قبریں) زمین کے اوپر ابھری ہوئی تھیں، اور انکے اوپر سفید رنگ کی کچی اینٹیں رکھی تھیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ یسنم القبر ولا یربع

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں کہ قبر کو کوہان کی طرح بنایا جائے، چوکور نہ بنایا جائے۔

☼ قبر اونچی بنانی چاہیے تاکہ کوئی انجانے میں اس پر قدم نہ رکھ دے ☼

799/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ کَانَ یَقُوْلُ اِرْفَعُوْا الْقَبْرَ حَتّٰی یُعْرَفَ اَنَّهٗ قَبْرُ فُلَانٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرمایا کرتے تھے ''قبر کو بلند رکھا کرو تاکہ یہ پہچان ہو جائے کہ یہاں پر قبر موجود ہے تاکہ اس کے اوپر کوئی قدم نہ رکھ دے''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ رسول اکرم ﷺ کی تربت مبارک کوہان کی مانند ہے، اس پر اینٹیں رکھی ہوئی تھیں ☼

800/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) أُمِّ عَطِیَّةَ قَالَتْ لُحِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَخْبَرَنِیْ مَنْ رَأَی قَبْرَهٗ مُسَنَّماً عَلَیْهِ مَدَرٌ اَبْیَضُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ سیدہ ''ام عطیہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتی ہیں: رسول اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی لحد بنائی گئی اور مجھے اس نے خبر دی ہے جس نے رسول اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کی ہے کہ حضور ﷺ کی قبر مبارک کوہان کی شکل کی ابھری ہوئی تھی اور اس کے اوپر سفید رنگ کی کچی اینٹیں رکھی ہوئی تھیں۔

(۷۹۸) قد تقدم فی (۷۸۸)-

(۷۹۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۵۷) فی الجنائز: باب تسنیم القبور وتجصیصها وابن ابی شیبة ۳:۳۳۵ فی الجنائز: باب فیمن کان یجب ان یرفع القبر-

(۸۰۰) قد تقدم فی (۷۸۸)-

(أخرجه) القاضي عمر الأشناني (عن) القاسم بن محمد الدلال (عن) أبي بلال الأشعري (عن) محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل ابن خيرون (عن) أبي بكر محمد بن علي بن محمد الخياط (عن) أبي عبد الله أحمد ابن محمد بن يوسف بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''قاسم بن محمد دلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو بلال اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کو پختہ کرنے اور ان کو مربع شکل میں بنانے سے منع کیا ہے ☼

801/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) قَـالَ حَـدَّثَـنَا شَيْخٌ لَنَا يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَى عَنْ تَرْبِيْعِ الْقُبُوْرِ وَتَجْصِيْصِهَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں، ہمیں ہمارے ایک شیخ نے مرفوعاً بیان کیا ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کو مربع شکل میں بنانے سے اوران کو پختہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد لا نرى أن يزاد على ما خرج منه ويكره أن يجصص أو يطين أو يجعل عنده مسجد أو علم ويكره الآجر ولا نرى برش الماء عليه بأساً وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: جتنی مٹی قبر سے نکلی اس سے زیادہ مٹی ڈالنے میں بھی ہم کوئی حرج نہیں سمجھتے لیکن قبر کو قلعی کرنا، اس پر پختہ مٹی لگانا، اس کے قریب مسجد بنانا کوئی نشانی لگانا، اور پکی اینٹ لگانا مکروہ ہے۔ تاہم قبر پر پانی چھڑکنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی یہی مذہب ہے۔

☼ کسی قبر پر جان بوجھ کر چڑھنے سے بہتر ہے کہ آدمی دہکتے ہوئے کوئلے پر چڑھ جائے ☼

802/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ لاَنْ اَطَاَ عَلٰى جَمْرَةٍ اَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ اَنْ اَطَاَ عَلٰى قَبْرٍ مُتَعَمِّداً

(۸۰۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في ''الآثار'' (۲۵۸) في الجنائز: باب تسنيم القبور وتجصيصها، والطحاوي في ''شرح معاني الآثار'' ۱:۵۱۵ في الجنائز: باب الجلوس على القبر، واحمد ۳:۳۳۲، وابو داود (۳۲۲۵) في الجنائز: باب في البناء على القبر، وابن ماجة ۱:۴۹۸ في الجنائز: باب النهي عن تجصيص القبور والبناء عليها-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' فرمایا کرتے تھے'' دہکتے ہوئے کوئلے پر چلنا میرے نزدیک کسی قبر پر جان بوجھ کر چڑھنے سے بہتر ہے''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنيفة قال محمد ويكره الوطء علی القبر متعمداً وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' جان بوجھ کر قبر پر چڑھنا مکروہ ہے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

✿ میت کو قبلہ والی جانب لحد میں داخل کرنا سنت ہے

803/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سَأَلْتُ إِبْرَاهِيْمَ مَنْ اَيْنَ يُدْخَلُ الْمَيِّتُ قَالَ مِمَّا يَلِيَ الْقِبْلَةَ مِنْ حَيْثُ يُصَلِّيْ عَلَيْهِ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ حَدَّثَنِيْ مَنْ رَأٰى اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ يَدْخُلُوْنَ مَوْتَاهُمْ فِي الزَّمَانِ الْاَوَّلِ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَإِنَّمَا السِّلُ شَيْءٌ آخَرُ اِبْتَدَعَهُ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: میت کو (قبر میں) کہاں داخل کیا جائے؟ انہوں نے فرمایا: قبلہ کی جانب (جدھر) نماز پڑھی جاتی ہے۔ حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: مجھے اس شخص نے بتایا جس نے اہلِ مدینہ کو دیکھا ہے کہ وہ پہلے زمانے میں اپنے مردوں کو قبلہ کی جانب داخل کیا کرتے تھے اور پاؤں کی طرف سے داخل کرنا الگ طریقہ ہے یہ اہلِ مدینہ نے ایجاد کیا ہے۔

(أخـرجـه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ يدخل الميت مما يلی القبلة ولا يسل سلاً من قبل رجليه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ میت کو قبلہ کی جانب (لحد میں) داخل کیا جائے، اور پاؤں کی جانب سے داخل نہ کیا جائے۔

✿ قبر میں طاق یا جفت عدد میں لوگ داخل ہو سکتے ہیں ✿

804/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ يَدْخُلُ الْقَبْرَ إِنْ شَاءَ شُفْعاً وَإِنْ شَاءَ وِتْراً كُلُّ ذٰلِكَ حَسَنٌ

(۸۰۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۵۹) فی الجنائز: باب تسنيم القبور وتجصيصها وابن ابی شيبة ۳: ۳۳۸ فی الجنائز: باب من كره ان يطأ علی قبر وعبدالرزاق (۶۵۱۲) فی الجنائز: باب المزابی والجلوس علی القبر والطبرانی فی "الكبير" (۸۹۶۶)۔

(۸۰۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۴۴) فی الجنائز: باب ادخال الميت القبر وعبدالرزاق (۶۴۷۱) فی الجنائز: باب من حيث يدخل الميت القبر وابن ابی شيبة ۳: ۴۲۸ فی الجنائز: باب من ادخل ميتاً من قبل القبلة۔

(۸۰۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۴۵) فی الجنائز: باب ادخال الميت القبر وعبدالرزاق (۶۴۵۳) فی الجنائز: باب كم يدخل القبر وابن ابی شيبة ۳: ۳۲۴ فی الجنائز: باب ما قالوا فی القبر كم يدخله؟

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: قبر میں چاہیں تو طاق عدد میں لوگ داخل ہوں یا جفت عدد میں سب درست ہے۔

ثُمَّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَبِهِ نَأْخُذُ وَهُوَ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ شہید کو انہیں کپڑوں میں کفن دیا جائے جو اس نے جہاد میں پہن رکھے تھے ☼

805/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يَشْهَدُ فَيَمُوْتُ مَكَانَهُ الَّذِىْ قُتِلَ فِيْهِ قَالَ يُنْزَعُ عَنْهُ خِفَاهُ وَسَرَاوِيْلُهُ وَقَلَنْسُوَتُهُ وَيُكَفَّنُ فِيْ ثِيَابِهِ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص جہاد میں شریک ہو، دوران جہاد قتل ہو جائے اور جہاں قتل ہوا وہیں پر فوت ہو جائے، اس کے جوتے، اس کی شلوار اور ٹوپی اتار لی جائے اور انہیں کپڑوں میں اس کو کفن دیا جائے گا جو اس نے پہنے ہوئے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وينزع عنه كل جلد وسلاح ويزيدون كلما أحبوا من الأكفان ويصلى عليه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اس کے جسم سے تمام ہتھیار اور زرہیں وغیرہ اتار لی جائیں گی، اور مزید کفن دیا جا سکتا ہے، اور اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔

☼ جو میدانِ جہاد میں زخمی ہوا، وہیں انتقال کر گیا، اس کو غسل نہیں دیا جائے گا ☼

806/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُقْتَلُ فِي الْمَعْرِكَةِ قَالَ لَا يُغْسَلُ قَالَ وَالَّذِىْ يُضْرَبُ فَيُحَامَلُ إِلَى اَهْلِهِ قَالَ يُغْسَلُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے مکاتبوں کی طرف سے بھی فطرانہ دیتے تھے ☼

833/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَنْصُوْرِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ (عَنْ) سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ

(۸۳۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۳۰۴) وابن ابی شيبة ۳:۱۷۰ فی الزكاة: باب فی صدقة الفطر من قال: نصف صاع بر۔

(۸۳۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۳۰۶) وابن ابی شيبة ۳:۱۵۲ فی الزكاة: باب ما قالوا فی زكاة الخيل۔

عُمَرَ كَانَ يَخْرُجُ (عَنْ) مُكَاتِبِيهِ صَدَقَةَ الْفِطْرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''منصور بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سالم بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' اپنے مکاتبوں کی جانب سے بھی صدقۂ فطر ادا کیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبيه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۸۳۳) اخرجه الدارقطنی فی "السنن" ۱:۱۱٦ (۲۱۰۱) فی زکاۃ الفطر، واوردہ الزیلعی فی "نصب الرایة" ٤:٤١٤-

اَلْبَابُ السَّابِعُ فِی الصَّوْمِ وَاَنَّهٗ یَشْتَمِلُ عَلٰی خَمْسَةِ فُصُوْلٍ

اَلْفَصْلُ الاَوَّلُ فِی فَضْلِ الصَّوْمِ وَشَرَائِطِ صِحَّتِهٖ

اَلْفَصْلُ الثَّانِی فِیْمَا لَا بَأْسَ بِهٖ مِنَ الْقُبْلَةِ وَالْحِجَامَةِ وَالْجَنَابَةِ وَالصَّوْمِ فِی السَّفَرِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْمَا یُوْجِبُ الْقَضَاءَ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْمَا یُوْجِبُ الْکَفَّارَةَ

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِی النُّذُوْرِ

ساتواں باب روزے کے بارے میں اور یہ پانچ فصلوں پر مشتمل ہے

پہلی فصل: روزے کے بارے میں اور اس کی صحیح ہونے کی شرائط کے بیان میں

دوسری فصل: ان اعمال کے بارے میں جن کا روزے کی حالت میں حرج نہیں ہے یعنی بوسہ لینا، حجامہ کروانا اور جنابیت کرنا اور سفر کے دوران روزے کے بارے میں

تیسری فصل: ان چیزوں کے بارے میں جن کی وجہ سے روزہ کی قضاء لازم آتی ہے۔

چوتھی فصل: ان چیزوں کے بارے میں جن کی وجہ سے کفارہ واجب ہوتا ہے۔

پانچویں: فصل نذر کے بیان میں۔

اَلْفَصْلُ الاَوَّلُ فِی فَضْلِ الصَّوْمِ وَشَرَائِطِ صِحَّتِهٖ

پہلی فصل روزے کی فضیلت اور اس کے صحیح ہونے کی شرائط

☼ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: روزہ میرے لئے ہے، اس کی جزاء میں خود دیتا ہوں ☼

834/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) اَبِیْ صَالِحِ الزَّیَاتِ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهٗ اِلَّا الصَّوْمَ فَهُوَ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوصالح زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''ابنِ آدم کے تمام اعمال اس کے لئے ہیں سوائے روزے کے، کہ وہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا میں خود دیتا ہوں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رمیح (عن) أحمد بن محمد بن زکریا بن طلحة بن عبید الله (عن) أبی أسامة (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن زکریا بن طلحہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شبِ قدر ستائیسویں رات میں ہوتی ہے، اگلی صبح سورج بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے ☼

835/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ (عَنْ) زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ (عَنْ) اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ لَیْلَةُ الْقَدْرِ لَیْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَذٰلِكَ اَنَّ الشَّمْسَ تُصْبِحُ صَبِیْحَةَ ذٰلِكَ الْیَوْمِ لَیْسَ لَهَا شُعَاعٌ كَاَنَّهَا طِسْتٌ تُرَقْرِقُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عاصم بن ابی نجود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''زر بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: لیلۃ القدر ستائیسویں کی رات ہے، اس دن سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کی شعاع نہیں ہوتی، اس طرح ہوتا ہے جس طرح ہاتھ دھونے کا تانبے کا چمکدار برتن ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۸۳۴) اخرجه ابن حبان (۳۴۲۴) وابن ابی شیبة ۵:۳ واحمد ۴۴۳:۲ ومسلم (۱۱۵۱) فی الصیام:باب فضل الصوم وابن ماجة (۱۶۳۸) فی الصیام:باب ما جاء فی فضل الصیام والبیهقی فی "السنن الكبری" ۳۰۴:۴ والبغوی فی "شرح السنة" (۱۷۱۰) وعبد الرزاق (۷۸۹۳)۔

(۸۳۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۹۲۱) وابن حبان (۳۶۸۹) وابن خزیمة (۲۱۹۱) والحمیدی (۳۷۵) ومسلم ۸۲۸:۲ (۲۲۰) فی الصیام:باب فضل لیلة القدر والبیهقی فی "السنن الكبری" ۳۱۲:۴ والبغوی فی "شرح السنة" (۱۸۲۸)۔

☼ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کا روزہ رکھنا منع ہے ☼

836/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) قَزْعَةٍ (عَنْ) اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدَرِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يُصَامُ هٰذَانِ الْيَوْمَانِ يَوْمُ الْفِطْرِ وَيَوْمُ الْاَضْحٰی

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''قزعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان دودنوں کا روزہ نہ رکھا جائے:

○عیدالفطر کا دن۔ ○عیدالاضحیٰ کا دن۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن إبراهيم بن أحمد (و) زيدان بن محمد كلاهما (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن ابراہیم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زیدان بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بہتر ہے کہ نفلی روزے ایام بیض میں رکھے جائیں ☼

837/(اَبُو حَنِيفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ الصَّيْرَفِیّ (عَنْ) مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ (عَنْ) اِبْنِ الْحُوْتَكِيَّةِ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَرْنَباً فَاَمَرَ مَنْ كَانَ حَاضِراً بِاَكْلِهَا فَقَالُوْا لِلَّذِیْ جَاءَ بِهَا مَا بَالُكَ لَا تَاْكُلُ فَقَالَ اِنِّیْ صَائِمٌ قَالُوْا فَمَا صَوْمُكَ قَالَ تَطَوُّعٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَهَلَّا جَعَلْتَهُ صَوْمَكَ الْبِيْضَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''موسیٰ بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن حوتکیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' بیان کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک خرگوش لایا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضرین کو اس کے کھانے کا حکم دیا۔ لوگوں نے لانے والے سے کہا: کیا وجہ ہے؟ تم کیوں نہیں کھاتے

(۸۳٦) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (۲۱۹) .وفي الباب عند ابن حبان (۳٦۰۱)وابن ابي شيبة ٤:۲۱وابن ماجة (۱۷۱۹)عن ابي هريرة قال:قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ايام منى ايام اكل وشرب"۔

(۸۳۷) اخرج ابن حبان (۳٦۵۰)واحمد ۲:۳۳٦وعبد الرزاق (۷۸۷٤)والنسائي ٤:۲۲۲والحميدي (۱۳٦)وابن خزيمة (۲۱۲۷)عن ابي هريرة...نحوه۔

ہو؟اس نے کہا: میں روزے سے ہوں۔ انہوں نے کہا: تمہارا روزہ کونسا ہے؟ اس نے کہا: نفلی روزہ۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: تو نے نفلی روزہ بیض کے دنوں (چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ) میں کیوں نہیں رکھ لیا؟۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) علي بن محمد بن عبيد (و) أحمد بن محمد بن سعيد كلاهما (عن) أحمد بن محمد بن عيد (عن) أحمد بن حفص بن عبد الله (عن) أبيه (عن) إبراهيم بن طهمان (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد ابن سعيد (عن) أحمد بن محمد بن عبيدة النيسابوري (عن) أحمد بن حفص ابن عبد الله (عن) أبيه (عن) إبراهيم بن طهمان (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبیدہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایام تشریق کے تین روزے رکھنے سے منع کیا گیا ہے ☼

838/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) قَزْعَةَ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''قزعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ایام تشریق کے تین روزے رکھنے سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد ابن محمد بن الحسن (عن) محمد بن عبد الرحمن (عن) محمد بن المغيرة (عن) الحكم (عن) زفر رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم ﷺ نے نفلی روزے ایام بیض میں رکھنے کا مشورہ دیا ☼

839/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُوْسٰى بْنِ طَلْحَةِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِي الْقَرَشِيْ (عَنْ) اِبْنِ الْحُوْتَكِيَّةِ (عَنْ) عَمَّارٍ

(۸۳۸) قد تقدم في (۸۳٦)۔

بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَهْدٰى اَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَرْنَباً مَشْوِيّاً فَاَمَرَنَا بِاَكْلِهَا وَاعْتَزَلَ رَجُلٌ فَلَمْ يَأْكُلْ فَقَالَ لَهُ لِمَ لَا تَأْكُلُ فَقَالَ اِنِّيْ صَائِمٌ قَالَ صَوْمُ مَاذَا قَالَ صَوْمُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَهَلَّا جَعَلْتَهُنَّ الْبِيْضَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''موسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن حوتکیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: ایک دیہاتی نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھنا ہوا خرگوش ہدیہ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس کے کھانے کا حکم دیا، ایک آدمی پیچھے ہٹ کر بیٹھ گیا، اس نے نہ کھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا: تو نے کیوں نہیں کھایا؟ اس نے کہا: میں روزے سے ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کونسا روزہ؟ اس نے کہا: میں ہر مہینے تین روزے رکھتا ہوں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم وہ تین روزے ایامِ بیض میں رکھا کرو۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى الحسن على بن محمد بن عبيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد (عن) أحمد بن يحيى الصوفى (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(قال الحافظ) ورواه (عن) أبى حنيفة حمزة بن حبيب كذلك

وروى (عن) أبى حنيفة (عن) موسى بن كثير أبى الصباح وهو وهم

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فى مسنده (عن) محمد بن إبراهيم (عن) أحمد بن خنيس (و) زيدان بن محمد كلاهما (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبى حنيفة (عن) موسى بن طلحة (عن) ابن الحوتكية (عن) عمر بن الخطاب رضى الله عنه أنه سئل عن لحم الأرنب فقال لولا أنى أتخوف أن أزيد شيئاً أو أنقص منه لحدثتكم ولكن أرسل إلى بعض من شهد الحديث فأرسل إلى عمار بن ياسر

(قال الحافظ) ابن المظفر رواه ابن أبى ليلى والثورى وسفيان ابن عيينة وذكر طرقهم فى مسنده

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد ابن محمد بن خالد بن خلى الكلاعى فى مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلى (عن) أبيه خالد بن خلى (عن) محمد بن خالد الوهبى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى نسخته فرواه (عن) أبى حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوحسن علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یحییٰ صوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اس حدیث کو حضرت ''ابوحنیفہ حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح روایت کیا ہے، اور اس حدیث کو

(۸۳۹) اخرجه عبد الرزاق (۷۸۷۴) فى الصيام: باب صيام ثلاثة ايام والحميدى ۱:۷۵-

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''موسیٰ بن کثیر ابوالصباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن یہ درست نہیں ہے۔
○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن خمیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زیدان بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن حوتکیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے، ان سے خرگوش کے گوشت کے بارے پوچھا گیا، تو انہوں نے فرمایا: اگر مجھے یہ خدشہ نہ ہوتا کہ میں کسی چیز کا اضافہ کر بیٹھوں گا یا کسی چیز کی کمی کر بیٹھوں گا تو میں تمہیں حدیث سناتا۔ لیکن میں کسی ایسے صحابی کی جانب پیغام بھیجتا ہوں، جو اس حدیث کے موقع پر موجود تھے، پھر انہوں نے حضرت ''عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ'' کی جانب پیغام بھیجا۔
حضرت ''حافظ بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، اس حدیث کو حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''امام ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی مسند کے اندر ان سب کے طرق بھی بیان کئے ہیں
○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔
○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس دن کے رمضان ہونے کا شک ہو، اس دن کا روزہ رکھنا جائز نہیں ہے ☼

840/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) قَزْعَةَ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدَرِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ الْيَوْمِ الَّذِيْ يَشُكُّ فِيْهِ اَنَّهُ مِنْ رَمَضَانَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''قزعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے جس میں یہ شک ہو کہ وہ دن ماہِ رمضان کا ہے یا نہیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن الحسن بن علي بن أحمد بن عبد الرحمن (عن) محمد بن المغيرة (عن) الحكم بن أيوب (عن) زفر رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه
○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن بن علی بن احمد بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ماہ رمضان میں عمرہ کا ثواب حج کے برابر ہے ☼

841/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ اَبِيْ اَرْطَاةَ الْكُوْفِيْ (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ

۸۴۰- قد تقدم في (۸۳٦)-

(۸۴۱) اخرجه ابن حبان (۳۷۰۰) واحمد ۱:۲۲۹ والبخاري (۱۷۸۲) في العمرة: باب عمرة في رمضان ومسلم (۱۲۵٦) في الحج: باب فضل العمرة في رمضان وابن ماجة (۲۹۹۳) في المناسك: باب العمرة في رمضان والطبراني في "الكبير" (۱۱۲۹۹)-

عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عُمْرَةٌ فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حجاج بن ارطاۃ ابوارطاۃ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ماہِ رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ثواب رکھتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده عن المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الحسن بن علي الفارسي (عن) أبي الحسين محمد بن المظفر الحافظ (عن) أبي جعفر أحمد بن محمد بن سلامة الطحاوي (عن) محمد بن خزيمة (عن) محمد بن عمر الرومي (عن) أسد بن عمرو رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔ انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن بن علی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے ابوحسین محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمر رومی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کے دن کا روزہ رکھنے کی ترغیب دلائی ☼

842/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) حَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيْ (عَنْ) رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ مُرْ قَوْمَكَ فَلْيَصُوْمُوْا هٰذَا الْيَوْمَ فَقَالَ إِنَّهُمْ قَدْ طَعِمُوْا فَقَالَ وَإِنْ كَانُوْا قَدْ طَعِمُوْا

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حمید بن عبدالرحمٰن حمیری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے ایک کو عاشورہ کے دن فرمایا: اپنی قوم کو کہو کہ آج کے دن کا روزہ رکھیں۔ اس نے عرض کی: انہوں نے تو کھا پی لیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ انہوں نے کھا پی لیا ہے (پھر بھی ان کو کہو کہ روزہ رکھ لیں)۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) ابن أبي الحسن جبهان الفرغاني (عن) علي بن حكيم (عن) أبي مقاتل (عن) أبي حنيفة رحمه الله

(ورواه) أيضاً (عن) عبد الله بن عبيد الله (عن) إبراهيم بن مسعدة البخاري (عن) أبي مقاتل (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه (أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد (عن) عبد الله بن محمد بن سعيد بن سويد (عن) جده سعيد بن سويد (عن) أبي حنيفة غير أنه عين الرجل الذي أمره رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فقال أنه قال لأبي أيوب الأنصاري مر قومك فليصوموا الحديث

(٨٤٢) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (٢٠٤)-

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن ابی حسن جبہان فرغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن مسعدہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابو عباس احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن سعید بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''سعید بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن انہوں نے اس شخص کا تعین بھی کیا ہے جس کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تھا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: اپنی قوم کو حکم دو کہ وہ اس دن کا روزہ رکھیں۔ اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

☼ خاموشی کا روزہ رکھنا اور صوم وصال یعنی سحری اور افطاری کے بغیر مسلسل روزہ رکھنا منع ہے ☼

843/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) شَيْبَانَ (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ (عَنِ) الْمُهَاجِرِيْنَ بْنِ عِكْرِمَةَ (عَنْ) اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهَى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ (عَنْ) صَوْمِ الصَّمْتِ وَصَوْمِ الْوِصَالِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شیبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''یحییٰ بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مہاجرین بن عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خاموشی کا روزہ اور صومِ وصال رکھنے سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن الحسن بن عبدة البخاری (عن) یوسف بن عیسی (عن) الفضل بن موسی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

(ورواه) (عن) عبید الله بن محمد بن علی البلخی (عن) محمد بن حرب المروزی (عن) الفضل بن موسی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

(ورواه) (عن) إسرائیل بن السمیدع البخاری (عن) حامدابن آدم (عن) الفضل بن موسی السینانی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن حسن بن عبدہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبید اللہ بن محمد بن علی بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حرب مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۸۴۳) اخرجه ابن ابی شیبة ۳:۸۲ فی الصیام:باب ما قالوا فی الوصال فی الصیام'من نهی عنه'واحمد ۲:۲۵۳'ومسلم ۲:۷۷۵'وابن خزیمة (۲۰۷۲)'والبخاری (۱۹۶۵)'والنسائی (۳۲۶۴)-

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''اسرائیل بن سمیدع بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حامد بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کے متصل بعد رمضان کے روزے رکھتے تھے

844/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصِلُ شَعْبَانَ بِرَمْضَانَ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''نافع رضی اللہ عنہ'' سے،وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کے روزوں کو ماہِ رمضان کے روزوں کے ساتھ ملا کر رکھا کرتے تھے۔

(أخرجه) ابن خسرو في مسنده (عن) تاريخ بخاری لأبي عبد الله المعروف بغنجار (عن) خلف بن محمد (عن) علي ابن إبراهيم (عن) علي بن مسلم (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة رضى الله عنهما

اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''تاریخ بخاری ابوعبداللہ معروف بغنجار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''علی بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شبِ قدر کے موضوع پر صحابہ کرام کی گفت وشنید

845/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ تَذَاكَرْنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقُلْنَا تَحْفِظُوْنَ لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا كُنَّا بِقَاعِ كَذَا وَكَذَا لَيْلَةً كَانَ الْقَمَرُ كَاَنَّهُ فُلْقَةُ الصَّحِيْفَةِ وَإِنَّهَا كَانَتْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ قَالَ فَطَلَبْنَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَيْهَا

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے، ہماری آپس میں شب قدر کے موضوع پر گفت وشنید چل رہی تھی ،ہم نے کہا: تم یاد رکھو کہ فلاں فلاں رات تھی اور ہم فلاں علاقے میں تھے اور وہ رات ایسی تھی کہ جس کا چاند اس طرح تھا جس طرح چاندی کا ایک ٹکڑا ہو، وہ لیلۃ القدر تھی ، پھر فرمایا: ہم نے اس رات کو بہت ڈھونڈا لیکن ہمیں وہ نہ ملی۔

(۸۴۴) ...اخرج ابو یعلی (۴۶۳۳) والحمیدی (۱۷۳) واحمد ۳۹:۶ ومسلم (۱۱۵۶) (۱۷۶) فی الصیام: باب صیام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غیر رمضان عن ابی سلمة قال سألت عائشة عن صیام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت: کان یصوم حتی نقول: قد صام ویفطر حتی نقول: قد افطر ولم اره صام من شهر قط اکثر من صیامه من شعبان کان یصوم شعبان کله کان یصوم شعبان الا قلیلاً۔

(۸۴۵) ...وقد اخرج البزار (۱۰۲۸) عن عبد اللہ بن مسعود قال: سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لیلة القدر؟ فقال: ''کنت اعلمتها ثم انفلتت منی فاطلبوها فی سبع یبقین او ثلاث یبقین''۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلى الكلاعى فى مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد (عن) أبيه خالد بن خلى (عن) محمد بن خالد الوهبى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی ﷫'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد ﷫'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شب قدر کی علامات میں سے یہ بھی ہے کہ اگلے دن سورج شعاع کے بغیر طلوع ہوتا ہے ☼

846/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ بَكْرٍ عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجْوَدِ (عَنْ) زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ (عَنْ) أُبَىِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِىَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّهُ حَلَفَ لَا يَسْتَثْنِى اَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَآيَةُ ذٰلِكَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ صَبِيْحَتَهَا بِغَيْرِ نُوْرٍ وَلَا شُعَاعٍ كَاَنَّهَا طِسْتٌ تُرَقْرِقُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''ابوبکر عاصم بن ابی نجود ﷫'' سے، وہ حضرت ''زر بن حبیش ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابی بن کعب ﷛'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے قسم کھائی اور اس میں استثناء نہ کیا، کہ شب قدر ستائیسویں کی رات ہے اور اس کی نشانی یہ ہے کہ اگلی صبح سورج بغیر روشنی اور بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے یوں لگتا ہے جس طرح کہ تانبے کا تھال چمک رہا ہو۔

(أخرجه) طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى عبد الله محمد بن محمد (عن) عبد الله ابن حمدويه البغلانى (عن) محمود بن آدم (عن) الفضل بن موسى السينانى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فى مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) خاله أبى على الباقلانى (عن) أبى عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضى عمر الأشنانى بإسناده إلى أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد ﷫'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن محمد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حمدویہ بغلانی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن آدم ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوالفضل بن خیرون ﷫'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی ﷫'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ صوم وصال اور صوم سکوت منع ہے ☼

847/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) عَـنْ مُنْذِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَجُوَيْبِرِ بْنِ سَعِيْدِ الْكُوْفِى (عَنْ) الضَّحَّاكِ ابْنِ مَزَاحِمٍ (عَنْ)

(٨٤٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (٩٢١) وابن حبان (٣٦٩٠) ومسلم (٧٦٢) (١٧٩) فى صلاة المسافرين: باب الترغيب فى قيام رمضان وابن خزيمة (٢١٩١) والحميدى (٣٧٥) والبيهقى فى "السنن الكبرى" ٤:٣١٢ وعبدالرزاق (٧٧٠٠) وقد تقدم-

النَّزَالِ بْنِ سَبْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا وِصَالَ فِيْ صَوْمٍ وَلَا صَمْتَ يَوْمٍ إِلَى اللَّيْلِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''منذر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جویبر بن سعید کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ضحاک بن مزاحم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: روزے میں وصال نہیں ہے، اور نہ ہی رات تک خاموشی کا روزہ رکھا جا سکتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبيد الله ابن محمد بن محمد بن نوح (عن) أبيه (عن) عبد العزيز بن خالد بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن محمد بن محمد بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد العزیز بن خالد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال سے منع فرمایا ہے ☼

848/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) شَيْبَانَ (عَنْ) يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ (عَنِ) الْمُهَاجِرِ بْنِ عِكْرِمَةَ (عَنْ) اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ الْوِصَالِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شیبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مہاجر بن عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صومِ وصال سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن علي بن إبراهيم المروزي (عن) محمود بن آدم (عن) الفضل بن موسى السيناني (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(قال الحافظ) ورواه الفضل بن موسى (عن) أبي حنيفة (عن) عدي بن ثابت (عن) أبي حازم (عن) أبي الشعثاء (عن) أبي هريرة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی بن ابراہیم مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: اس حدیث کو حضرت ''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عدی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوشعثاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۸۴۷) اخرجه ابن ابي شيبة ۸۳:۳ في الصيام :باب ما قالوا في الوصال في الصيام من نهى عنه؛

(۸۴۸) قد تقدم في (۸۴۳)-

☼ رسول اکرم ﷺ معتکف ہوتے، ام المومنین ایام میں آپ ﷺ کا سر مبارک دھویا کرتی تھیں ☼

849/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ تَغْسِلُ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهِيَ حَائِضٌ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ يُخْرِجُ رَأْسَهُ إِلَيْهَا مِنَ الْمَسْجِدِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' وہ ام المومنین سیدہ ''عائشہ طیبہ طاہرہ ﷞'' سے روایت کرتے ہیں' وہ رسول اکرم ﷺ کا سر مبارک دھویا کرتیں تھیں، جب کہ ان کے ایام کے دن ہوتے تھے اور رسول اکرم ﷺ معتکف ہوتے تھے، آپ ﷺ مسجد سے اپنا سر ام المومنین کی جانب نکال دیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم احمد بن عمر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد ﷫'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت ابوذر ﷜ نے شدید بھوک میں رسول اکرم ﷺ کیلئے رکھا گیا دودھ بن پوچھے پی لیا ☼

850/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَظَلُّ صَايِماً وَيَبِيْتُ طَاوِياً فَإِذَا كَانَ فِي وَجْهِ السَّحْرِ اِنْصَرَفَ إِلَى شَرْبَةٍ مِنَ اللَّبَنِ لَهُ فَشَرِبَهَا لَيْلَةً اَبُوْ ذَرٍّ لِجُهْدٍ لَحِقَهُ وَطَلَبَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدْهَا فَذَهَبَ فَاَرْسَلَ إِلَى اَزْوَاجِهٖ وَاَكْثَرِ صِحَابِهٖ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئاً فَقَالَ مَنْ يُطْعِمُنِيْ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ ثَلاثاً فَنَظَرَ إِلٰى عَنْزٍ حَامِلٍ فَحَلَبَ وَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''علی بن اقمر ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ مسلسل روزے رکھا کرتے تھے اور رات بھی بھوکے گزارا کرتے تھے، جب سحری کا وقت ہوتا تو دودھ کے ایک دو گھونٹ پی لیتے، جو آپ کے لئے تیار کیا گیا ہوتا اور رات کے وقت اس کو پی لیتے۔ ایک دفعہ حضرت ''ابوذر ﷜'' کو بہت شدید بھوک لگی، انہوں نے وہ دودھ پی لیا، رسول اکرم ﷺ نے وہ ڈھونڈا تو وہ آپ کو نہ ملا، آپ ﷺ چلے گئے اور آپ نے اپنی ازواج اور اکثر

(۸۴۹) اخرجه احمد ۴۵:۶، وابن ابی شیبة ۲:۳۴۰، واسحاق بن راهویه (۹۱۶)، ومسلم (۲۹۸) (۱۱)، وابوداود (۲۶۱)، والنسائی فی "المجتبی" ۱۴۶:۱، وفی "الکبری" (۲۶۶)، والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱۸۶:۱، وابو عوانة ۳۱۳:۱۔

(۸۵۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۹۵) فی الصوم: باب فضل الصوم۔

صحابہ کرام کی جانب پیغام بھیجا لیکن کچھ بھی نہ ملا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مجھے کھلائے گا، اللہ تعالیٰ اس کو کھلائے گا، تین مرتبہ ارشاد فرمایا۔ پھر آپ ﷺ نے ایک حاملہ بکری کی جانب دیکھا، اس کا دودھ دوہا اور پی لیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت "حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت "اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے "والد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ عاشوراء کے روزے میں ایک سال اور عرفہ کے روزے میں دوسال کے روزوں کا ثواب ہے ☼

851/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ صَوْمُ عَاشُوْرَاء يَعْدِلُ صِيَامَ سَنَةٍ وَصَوْمُ يَوْمِ عَرْفَةَ بِصَوْمِ سَنَتَيْنِ سَنَةً قَبْلَهَا وَسَنَةً بَعْدَهَا

✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: عاشوراء کے دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر ہے، عرفہ کے دن کا روزہ دوسالوں کے روزوں کے برابر ہے۔ ایک سال اس سے پچھلا اور ایک سال بعد والا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ رسول اکرم ﷺ نے خرگوش کا گوشت خود نہیں کھایا، صحابہ کرام کو کھلا دیا ☼

852/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) مُوْسٰى بْنِ طَلْحَةَ (عَنِ) ابْنِ الْحُوْتَكِيَّةِ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَرْنَبٍ فَاَمَرَ اَصْحَابَهٗ فَاَكَلُوْا وَقَالَ لِلَّذِىْ جَاءَ بِهَا مَالَكَ لَا تَاْكُلُ مِنْهَا قَالَ اِنِّىْ صَائِمٌ قَالَ وَمَا صَوْمُكَ قَالَ تَطَوُّعٌ قَالَ فَهَلَّا الْبِيْضَ

(۸۵۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۹۴) في الصوم:باب فضل الصوم. قلت:واما صوم عاشوراء،فاخرجه مسلم (۱۱۶۲) في الصيام:باب استحباب الصيام الثلاثة ايام ...في حديث طويل،وابن ماجة (۱۷۳۸)...عن ابي قتادة،قال،قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "صيام يوم عاشوراء اني احتسب على الله ان يكفر السنة التي قبله". واما صوم يوم عرفة،فاخرج الترمذي (۷۴۹) في الصيام:باب ما جاء في فضل صوم يوم عرفة،وابن ماجة (۱۷۳۰) في الصيام:باب صيام يوم عرفة ...من حديث ابي قتادة،عن النبي صلى الله عليه وسلم في حديث طويل...قال فيه:... وسئل النبي صلى الله عليه وسلم عن صوم يوم عرفة،قال: "يكفر السنة الماضية والباقية"۔

(۸۵۲) قد تقدم في (۸۳۷)۔

✧✧ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ''حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''موسیٰ بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن حوتکیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں خرگوش لایا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو حکم دیا، انہوں نے کھالیا، اور جو شخص لے کر آیا تھا، اس سے فرمایا: تجھے کیا بات ہے تم ان کے ساتھ کیوں نہیں کھا رہے؟ اس نے عرض کیا: میں روزے سے ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا روزہ کونسا ہے؟ اس نے عرض کیا: نفلی روزہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے نفلی روزے ایامِ بیض میں کیوں نہ رکھ لئے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن الشرقی النیسابوری (عن) أحمد بن جعفر بن عبد الله (عن) أبیه (عن) إبراهیم بن طهمان (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

(وأخرجه) أبو عبد الله ابن خسرو البلخی فی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعید (عن) أحمد بن عبیدة النیسابوری (عن) أحمد بن جعفر بن عبد الله (عن) أبیه (عن) إبراهیم بن طهمان (عن) أبی حنیفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن شرقی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جعفر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبیدہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جعفر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ خرگوش کا ہدیہ پیش ہونے کے بارے ایک اور حدیث کا حوالہ ☼

853/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) مُوْسٰی بْنِ طَلْحَةَ (عَنْ) اِبْنِ الْحُوْتَکِیَّةِ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ اَکْلِ الْاَرْنَبِ فَقَالَ مَا یَمْنَعُنِیْ اَنْ اُحَدِّثَکُمْ اِلَّا مَخَافَةَ اَنْ اَزِیْدَ اَوْ اَنْقُصَ وَلٰکِنْ سَاٰتِیْکُمْ بِرَجُلٍ شَهِدَ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ فَبَعَثَ اِلٰی عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ حَدِّثْهُمْ بِمَا شَهِدْتَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَهْدٰی اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَدِیْثَ اِلٰی آخِرِهٖ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''حضرت ''موسیٰ بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن حوتکیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان سے خرگوش کھانے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: میں خود تمہارے سامنے صرف اس لئے حدیث بیان نہیں کر رہا کہ مجھے خدشہ ہے کہ مجھ سے الفاظ میں کمی زیادتی نہ ہو جائے۔ لیکن عنقریب میں تمہارے پاس ایک ایسا آدمی لاؤں گا جس نے اس مجلس کا مشاہدہ کیا ہے، انہوں نے پھر حضرت ''عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ'' کو

(۸۵۳) قد تقدم فی (۸۳۷)-

بلایا اور فرمایا: ان کو بتاؤ جو کچھ آپ نے رسول اکرم ﷺ سے دیکھا ہے۔ انہوں نے بیان کیا: ایک دیہاتی نے رسول اکرم ﷺ کو خرگوش تحفہ دیا (اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی)۔

(أخرجه) ابن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهرى (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبي على الحسين ابن القاسم الكاتب (عن) محمد بن موسى الدولابى (عن) عباد بن صهيب (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(وأخرجه) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت "ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت "مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابوعلی حسین بن قاسم کاتب رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "محمد بن موسیٰ الدولابی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عباد بن صہیب رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت "حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم ﷺ نے صوم وصال اور صوم سکوت سے منع فرمایا ہے ☼

854/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَدِیْ بْنِ ثَابِتٍ (عَنْ) اَبِیْ حَازِمٍ (عَنْ) اَبِی الشَّعْثَاءِ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ صَوْمِ الْوِصَالِ وَصَوْمِ الصُّمْتِ

✧ حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "عدی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابو حازم رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابوشعثاء رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے صوم وصال اور خاموشی کے روزے سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) عبد الصمد بن الفضل (عن) مكى بن إبراهيم (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) صالح بن محمد الأسدى (عن) إبراهيم بن عبد الله (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) محمد بن الحسن البزاز (عن) هلال بن يحيى البصرى (عن) يوسف بن خالد السمتى (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) محمد بن على (عن) محمد بن عبد الله بن الحكم (عن) عبد الله بن يزيد المقرى (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) عبد الله بن عبيد الله ابن شريح (عن) محمد بن إبراهيم بن مسلم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) بدر بن الهيثم بن خلف الحضرمى (عن) أبي كريب محمد بن العلا (عن) محمد بن بشر (عن أبي

(۸۵٤) قد تقدم في (۸٤۳)۔

حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) محمد بن الحسن البزاز (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) محمد بن إسحاق بن عثمان البخارى (عن) جمعة بن عبد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانى (عن) جده (عن) أبي مقاتل السمرقندى (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) عن محمد بن الأشرس السلمى (عن) الجارود ابن يزيد (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) الحسن بن تدون الفرغانى (عن) يحيى بن موسى (عن) أبي سعد الصغانى

(ورواه) (عن) أحمد ابن محمد بن سعيد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه عن عمه عن أبيه سعيد بن أبي الجهم (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) سعيد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانى (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد قال قرأت فى كتاب حمزة بن حبيب الزيات (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) عن أحمد بن محمد (عن) حسين ابن إبراهيم يعرف بابن الأحوص (عن) أبيه (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فى كتاب حسين بن على (عن) يحيى ابن الحسن (عن) زياد بن حسن بن فرات (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن أحمد بن حميد بن إبراهيم بن شماس قال قرات فى كتاب جدى (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) محمد بن مخلد (عن) عبد الله ابن محمد بن سودة (وعن) صالح بن محمد (عن) إبراهيم بن عثمان البلخى (وعن) أحمد بن محمد (عن) إسماعيل بن أبي كثير كلهم (عن) مكى بن إبراهيم (عن أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) محمد بن مخلد (عن) أبي حنيفة محمد بن حنيفة بن ماهان (عن) الحسن بن جبلة (عن) سعيد بن الصلت (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) إسحاق بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه(قال الحافظ)

(ورواه) (عن) أبي حنيفة الحسن بن زياد (و) أبو يوسف (و) حمزة الزيات (و) محمد بن الحسن (و) أسد بن عمرو (و) سعيد بن الصلت (و) عبيد الله بن موسى رحمهم الله تعالى

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فى مسنده (عن) أبي على الحسين بن قاسم بن جعفر (عن) محمد بن موسى الدولابى (عن) عباد بن صهيب (عن) أبي حنيفة (قال) ابن المظفر ورواه الحسن بن زياد فنقص من إسناده أبا حازم على ما أخبرنا زيدان بن محمد (نا) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (عن) عدى بن

ثابت (عن) أبي الشعثاء

(ورواه) الحافظ ابن المظفر (عن) أبي علي محمد بن أبي سعيد الحراني (عن) أبي فروة يزيد بن محمد بن يزيد بن سنان (عن) أبيه (عن) سابق (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(ورواه) (عن) القاسم ابن عيسى العطار بدمشق (عن) عبد الرحمن بن عبد الصمد (عن) جده (عن) سابق (عن) أبي حنيفة (عن) عدي بن ثابت (عن) أبي حازم (عن) أبي الشعثاء

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي (عن) أبي الغنائم محمد ابن علي بن الحسن بن أبي عثمان (عن) أبي الحسين محمد بن أحمد بن زرقويه (عن) أبي سهل أحمد بن محمد بن زياد القطان عن إسماعيل عن مكي بن إبراهيم (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ ابن المظفر بأسانيده إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) أبي القاسم علي بن الحسن التنوخي إجازة (عن) أبي الحسن علي بن محمد بن سعيد الرزاز (عن) أبي حنيفة محمد بن حنيفة بن ماهان عن الحسن بن جبلة (عن) سعيد ابن الصلت (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(ورواه) (عن) أبي إسحاق الجبار قراءة عليه بمصر (عن) أبي محمد عبد الرحمن بن عمر النحاس (عن) أبي سعيد ابن الأعرابي (عن) إسماعيل النسوي (عن) مكي بن إبراهيم (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ في مسنده فرواه (عن) رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبدالصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن محمد اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہلال بن یحییٰ بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل

بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''بدر بن ہیثم بن خلف حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوکریب محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن اسحاق بن عثمان بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''زیات رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن'' نے روایت کی ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوحسن محمد بن ابراہیم بن احمد بن خمیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے دوسرے لفظوں کے ساتھ روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''قاسم بن عیسیٰ عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے (دمشق میں) انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی محمد بن سعید حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے (رقہ میں) انہوں نے حضرت ''ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حسین بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن موسیٰ الدولابی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن صہیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت

''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن علی صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویونس ادریس بن ابراہیم مقانعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن صدقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، آپ نے اپنی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ماہ رمضان میں سفر مکہ پر روانہ ہوئے، ابھی مکہ کے راستے میں تھے کہ لوگوں نے تکلیف کی شکایت کی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ افطار کر لیا، پھر مکہ پہنچنے تک روزہ نہ رکھا۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''اسحاق بن ابراہیم بن عمر برکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم ابراہیم بن احمد حرلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویعقوب اسحاق بن حمدان نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حم بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید محمد بن میسر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مفصل طور پر بیان کیا ہے۔

☼ ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے روزے کی حالت میں حجامہ کروایا ☼

882/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) فُرَاتَ (عَنْ) قَيْسٍ مَوْلٰى أُمِّ سَلْمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّهَا اِحْتَجَمَتْ وَهِيَ صَائِمَةٌ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''قیس مولٰی ام سلمہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں، ام المومنین سیدہ ''ام سلمہ رضی اللہ عنہا'' نے روزے کی حالت میں حجامہ کروایا۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) الأخوين عبد الله (و) أبي القاسم ابني أحمد بن عمر كلاهما (عن) عبد الله ابن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن خنيس (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے (یہ دونوں بھائی ہیں اور حضرت ''احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں) ان دونوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن خنیس

(۸۸۲) اخرجه ابن ابی شیبة ۲:۳۱۰ (۹۳۳۵) فی الصیام: باب من رخص للصائم ان یحتجم، وعبد الرزاق (۷۵۴۲)۔

سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِيْمَا يُوْجِبُ الْقَضَاءَ

ان چیزوں کے بیان میں جن سے قضاء واجب ہوتی ہے۔

☼ ابر آلود موسم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور آپ کے اصحاب نے غروب سے پہلے افطاری کرلی ☼

883/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَفْطَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَصْحَابُهُ فِيْ يَوْمِ غَيْمٍ ظَنُّوْا اَنَّ الشَّمْسَ قَدْ غَابَتْ فَطَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا تَعَرِضْنَا الْجُنُفَ نَتِمُّ هٰذَا الْيَوْمِ ثُمَّ نَقْضِيْ يَوْماً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' اور آپ کے اصحاب نے بادل والے دن روزہ افطار کرلیا، یہ گمان کرتے ہوئے کہ سورج تو غروب ہوگیا ہے، پھر سورج نکل آیا تو حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: راستے سے ہٹ گئے، ہم آج کا دن روزہ پورا کریں گے پھر اس کے بعد ایک دن کی قضاء بھی رکھیں گے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ أيما رجل أفطر فی شهر رمضان فی سفر أو حائض أفطرت ثم طهرت فی بعض النهار أو قدم المسافر فی بعض النهار إلی مصره أتم ما بقی من يومه ولم يأكل ولم يشرب وقضی يوماً مكانه وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جس نے ماہ رمضان میں دوران سفر رکھا ہوا روزہ چھوڑ دیا، یا عورت نے حیض کی وجہ سے روزے چھوڑ رکھے تھے، ابھی دن باقی تھا کہ اس کا حیض ختم ہوگیا یا مسافر دن میں کسی وقت اپنے شہر میں پہنچ گیا، یہ سب لوگ دن کا جتنا وقت باقی بچا ہے، وہ روزے کی کیفیت میں گزاریں، نہ کھائے، نہ پئیں، لیکن اس دن کے روزے کی قضا بھی کریں، حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

☼ جس عورت پر دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہوں، وہ حیض مستقل بند ہونے کا انتظار کرے ☼

884/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الْمَرْاَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اَنَّهَا لَا تَصُوْمُ حَتّٰى تَيْاَسَ مِنْ حَيْضِهَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: وہ عورت جس کے اوپر دو مہینوں کے مسلسل روزے ہوں، وہ روزہ نہ رکھے یہاں تک کہ وہ اپنے حیض سے مایوس ہو

(۸۸۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۲۸۶) فی الصيام:باب الصوم فی السفر والفطر وفی "الموطأ" ۱۲۸ (۳۶۶) والبيهقی فی "السنن الكبری" ۲۱۷:٤ فی الصيام:باب من اكل وهو يری ان الشمس قد غربت وقد تقدم۔

جائے یعنی اس کو حیض آنا بند ہو جائے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الحسين علي بن الحسين بن أحمد البزار (عن) القاضي أبي العلاء محمد بن علي بن يعقوب الواسطي عن أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى الأسدي (عن) أبي عبد الرحمن عبد الله بن يزيد المقري (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین علی بن حسین بن احمد بزار ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو علاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ اسدی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن عبد اللہ بن یزید مقری ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

کلی کرتے وقت یا ناک میں پانی چڑھاتے وقت حلق میں پانی گیا، روزہ پورا کرے، قضا بھی کرے

885/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يَتَمَضْمَضُ اَوْ يَسْتَنْشِقُ وَهُوَ صَائِمٌ فَيَسْبِقُهُ الْمَاءُ فَيَدْخُلُ حَلْقَهُ قَالَ يُتِمُّ صَوْمَهُ ثُمَّ يَقْضِيْهِ

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں، جو کلی کرتا ہے یا ناک میں پانی چڑھاتا ہے اور وہ روزے کی حالت میں ہوتا ہے اور پانی اس کے حلق میں داخل ہو جاتا ہے، وہ اپنا روزہ پورا کرلے لیکن اس کی قضاء بھی کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان ذاكراً لصومه فإن كان ناسياً فلا شيء عليه وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اگر اس وقت اس کو روزہ دار ہونا یاد ہے تو یہی حکم ہے اور اگر اس وقت اس کو اپنا روزہ دار ہونا بھی یاد نہیں ہے تو اس پر قضا لازم نہیں ہے، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا مذہب ہے۔

جان بوجھ کر قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اس کی قضا لازم ہوتی ہے

886/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الْقَيْءِ لَا قَضَاءَ عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ تَعَمَّدَهُ فَيُتِمُّ صَوْمَهُ ثُمَّ يَقْضِيْهِ

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: قے آنے سے قضاء واجب نہیں ہوتی ہے۔ البتہ اگر جان بوجھ کر قے کی ہے تو وہ اپنا یہ روزہ پورا کرلے لیکن اس کی

(۸۸۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۹۱) في الصيام: باب ما ينقض الصوم وعبد الرزاق (۷۳۸۰) في الصيام: باب الرجل يتمضمض ويستنشق صائماً فيدخل الماء جوفه-

(۸۸۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۹۲) في الصيام: باب ما ينقض الصوم وابن ابي شيبة ۳:۳۸ في الصيام: باب ما جاء في الصائم يتقيأ او يبدأه القيء-

قضاء بھی کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِيمَا يُوْجِبُ الْكَفَّارَةَ

چوتھی فصل: ان چیزوں کے بارے میں جن سے کفارہ واجب ہوتا ہے۔

☼ روزہ توڑنے والے محتاج پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت کا منظر ☼

887/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجلاً اَتَاهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ جَامَعْتُ اَهلِىْ فِي رَمضانَ قَالَ فَهَلْ تقدِرُ على اَنْ تُحَرِّرَ رَقَبَةً قَـالَ لاَ قَـالَ فَعَلٰى اَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا قَالَ فَعَلَى اَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْناً قَالَ لا قَالَ فَاَمَرَ لَهُ بِـخَـمْسَةَ عَشَـرَ صَـاعاً مِنْ تَمرٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ اِذْهَبْ فَتَصَدَّقْ عَلَى سِتِّيْنَ مِسْكِيْناً فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لابَتَيْهَا اَهْلُ بَيْتٍ اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنِّىْ وَلَا مِنْ عَيَالِىْ فَقَالَ لَهُ اِذْهَبْ فَكُلْ وَاَطْعِمْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ماہِ رمضان میں اپنی بیوی سے صحبت کر لی۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس بات پر قادر ہے کہ تو ایک غلام آزاد کرے؟ اس نے عرض کیا: جی نہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس بات پر قادر ہے کہ دو مہینے کے مسلسل روزے رکھے؟ اس نے عرض کیا: جی نہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس بات پر قادر ہے کہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے؟ اس نے عرض کیا: جی نہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ صاع کھجوریں صدقہ کرنے کا حکم دیا، پھر اس کو فرمایا: تو جا اور جا کر ساٹھ مسکینوں پر صدقہ کر دے۔

اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ کی قسم! ان دو پہاڑوں کے درمیان مجھ سے زیادہ ضرورت مند کوئی شخص نہیں ہے اور میرے اہل وعیال سے زیادہ محتاج کوئی نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جا کر خود کھا اور ان کو بھی کھلا۔

(أخـرجـه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) فاطمة بنت محمد بن حبيب (عـن) عمها حمزة بن حبيب (عن) أبى حنيفة (قال الحافظ) ورواه (عن) أبى حنيفة أبو يوسف وعبد الله بن الزبير

(۸۸۷) اخرج الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" ۲:۶۰ وابن حبان (۳۵۲۳) ومالك فى "الموطأ" ۱:۲۹۶ فى الصيام: باب كفارة من افطر فى رمضان والشافعى ۱:۲۶۰ وعبد الرزاق (۷۴۵۷) عن ابى هريرة رضى الله عنه ان رجلاً افطر فى رمضان فامره النبى صلى الله عليه وسلم ان يكفر بعتق رقبة او صيام شهرين او اطعام ستين مسكيناً فقال: لا اجد فاتى النبى صلى الله عليه وسلم بعرق تمر فقال: "خذ هذا فتصدق به" فقال: يارسول الله! ما اجد احداً احوج منى فضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى بدت انيابه ثم قال: "كله"۔

والحسن ابن زياد وأسد بن عمرو وأيوب بن هاني وحماد بن أبي حنيفة وسعيد بن سويد

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن أحمد بن إبراهيم البغوى (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد ابن عمر عن عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن خنيس (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بأسانيده المذكورة إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت''حافظ طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہی حدیث حضرت''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''حسن ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''سعید بن سوید'' نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''محمد بن احمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن ابراہیم بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ روزے میں صحبت کرنے والے پر قضا اور حسب استطاعت صدقہ کرنے کے بارے روایت ☼

888/(أَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يُصِيبُ مِنْ اَهْلِهِ وَهُوَ صَائِمٌ قَالَ يُتِمُّ صَوْمَهُ

(۸۸۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۲۹۳) في الصيام:باب ما ينقض الصوم وعبد الرزاق (۷٤۷۱) في الصيام:باب من يبطل الصيام ومن يأكل في رمضان متعمداً وابن ابي شيبة كما في فتح الباري ٤:۱٦۲-

وَيَقْضِيْ مَا اَفْطَرَ وَيَتَقَرَّبُ إِلَى اللّٰهِ بِمَا اسْتَطَاعَ وَلَوْ عَلِمَ بِهِ الْإِمَامُ عَزَّرَهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، جو روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے صحبت کر بیٹھے، وہ اس دن کا روزہ پورا کرے اور جو روزہ چھوٹ گیا اس کی قضاء کرے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جس قدر ممکن ہو وہ صدقہ کرے، اگر امام کو اس کا پتہ چل جائے تو تعزیراً اس کو کچھ سزا بھی دے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ ونرى أن عليه الكفارة عتق رقبة فإن لم يجد فصيام شهرين متتابعين فإن لم يستطع فإطعام ستين مسكيناً لكل مسكين نصف صاع من بر أو صاع من تمر أو شعير وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه ورضي عنا به

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس پر یہ کفارہ ہے کہ وہ ایک غلام آزاد کرے، اگر اس کو غلام میسر نہیں ہے تو دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے، اگر اس کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، ہر مسکین کو کم از کم آدھا صاع گندم یا ایک صاع کھجوریں یا ایک صاع جو دے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِي النُّذُوْرِ

پانچویں فصل: نذر کے بیان میں

☼ جاہلیت میں مانی ہوئی جائز نذر، اسلام میں بھی پوری کی گئی ☼

889/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَلَمَّا اَسْلَمْتُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے جاہلیت میں ایک نذر مانی تھی کہ میں مسجدِ حرام میں اعتکاف کروں گا، جب میں اسلام لے آیا تو میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو۔

أخرجه أبو محمد البخاري (عن) أبي سعيد بن جعفر الحريمي (عن) مروان بن معاوية (عن) أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر حریمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مروان بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

(۸۸۹) اخرجه السيد مرتضى الزبيدي في "عقود الجواهر المنيفة" ۱۹۷:۱ باب الاعتكاف، وابن حبان (۴۳۷۹) والدارمي ۱۸۳:۲ والبخاري (۲۰۴۲) في الاعتكاف: باب من لم ير عليه - اذا اعتكف صوماً - والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ۱۳۳:۳-

اَلْبَابُ الثَّامِنُ فِی الْحَجِّ وَاَنَّهٗ یَشْتَمِلُ عَلٰی ثَلاثَۃِ فُصُوْلٍ

اَلْفَصْلُ الاَوَّلُ فِی فَضَائِلِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَۃِ وَمَکَّۃَ

اَلْفَصْلُ الثَّانِی فِی التَّلْبِیَۃِ وَسَائِرِ اَفْعَالِ الْحَجِّ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیمَا ھُوَ مِنْ مَحْظُوْرَاتِ الاِحْرَامِ وَفِیمَا لَیسَ مِنْھَا وَفِی الاَجْزِیَۃِ

آٹھواں باب: حج کے بیان میں یہ تین فصلوں پر مشتمل ہے

- پہلی فصل: حج، عمرہ اور مکہ کے فضائل میں۔
- دوسری فصل: تلبیہ اور حج کے دیگر افعال کے بیان میں۔
- تیسری فصل: احرام کی پابندیوں کے بارے میں اور ان چیزوں کے بارے میں جن کا احرام سے تعلق نہیں ہے اور جزاؤں کے بیان میں۔

اَلْفَصْلُ الاَوَّلُ فِی فَضَائِلِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ وَمَكَّةَ

پہلی فصل: حج کے فضائل، عمرہ اور مکہ کے فضائل کے بیان میں۔

☼ ماہ رمضان میں عمرہ کا ثواب حج کے برابر ہے ☼

890/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ عُمْرَةٌ فِیْ رَمَضَانَ تعدل حَجَّة

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ماہِ رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ثواب رکھتا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن خزيمة ابن أخت يزيد بن سنان (عن) محمد بن عمر الرومی (عن) أسد بن عمرو (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن خزیمہ بن اخت یزید بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمر رومی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کعبہ کے اردگرد ۳۰۰ انبیاء کرام کے مزارات ہیں ☼

891/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) سَالِمِ الْاَفْطَسِ قَالَ مَا مِنْ نَبِيٍّ يَهْرِبُ مِنْ قَوْمِهٖ اِلَّا هَرَبَ اِلَى الْكَعْبَةِ يَعْبُدُ رَبَّهَا وَاِنَّ حَوْلَهَا اَلْقُبُوْرُ ثَلَاثَ مِائَةَ نَبِيٍّ

✦✦ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''سالم افطس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جو بھی نبی اپنی قوم سے بھاگا، وہ کعبہ کی جانب بھاگا، وہ اس کے رب کی عبادت کرتا رہا اور اس کے اردگرد ۳۰۰ انبیاء کے مزارات ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ حضرت ''ہود علیہ السلام''، ''صالح علیہ السلام'' اور ''شعیب علیہ السلام'' کے مزارات مسجدِ حرام میں ہیں ☼

892/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ قَبْرُ هُوْدٍ وَصَالِحٍ وَشُعَيْبٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

(۸۹۰) اخرجه ابن حبان (۳۷۰۰) واحمد ۱:۲۲۹ والبخاری (۱۷۸۲) فی العمرة: باب عمرة فی رمضان ومسلم (۱۲۵۶) فی الحج: باب فضل العمرة فی رمضان وابن ماجة (۲۹۹۳) فی المناسك: باب العمرة فی رمضان والطبرانی فی "الکبیر" (۱۱۲۹۹)۔

(۸۹۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۶۶) فی الجنائز: باب غسل الشهید وقد تقدم۔

(۸۹۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۲۶۷) فی الجنائز: باب غسل الشهید۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت ''ہود علیہ السلام''، حضرت ''صالح علیہ السلام'' اور حضرت ''شعیب علیہ السلام'' کے مزارات مسجدِ حرام میں ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(ورواه) أحمد بن حنبل (عن) الإمام محمد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنهم

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قیامت کے دن مقام ابراہیم اور حجر اسود لوگوں کے حق میں گواہی دیں گے ☼

893/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) قَالَ بَلَغَنَا اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَبْعَثُ الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ لَهُمَا عَيْنَانِ وَلِسَانَانِ وَشَفَتَانِ يَشْهَدَانِ لِمَنْ وَافَاهُمَا بِالْوَفَاءِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ اللہ تعالیٰ رکن (حجر اسود) اور مقام (ابراہیم) کو مبعوث فرمائے گا، ان کی دو آنکھیں ہوں گی اور ان دونوں کی زبانیں ہونگیں اور ہونٹ ہونگے، جو لوگ ان تک پہنچے ہونگے، یہ ان کے حق میں گواہی دیں گے۔

(أخـرجـه) الـحـافـظ أبـو العباس أحمد بن محمد ابن عبد الله بن أبي العوام السعدي (عن) أبيه محمد بن عبد الله (عـن) أبيه عبد الله ابن أبي العوام (عن) محمد بن أحمد بن حماد عن أحمد بن القاسم (عن) إسحاق الأزرق (قال) عبد الله بن أبي العوام وحدثني أيضاً يعقوب بن إسحاق قال حدثنا أبي قالا ثنا يحيى بن سلام (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوعباس احمد بن محمد بن عبداللہ بن ابوالعوام سعدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد حضرت ''محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''عبداللہ بن ابوالعوام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عوام رضی اللہ عنہ'' نے روایت کیا ہے۔

○ یہی حدیث مجھے حضرت ''یعقوب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں میرے والد نے بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''یحییٰ بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کی ہے۔

☼ اخلاص سے حج کرنے والے کے سابقہ تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں ☼

894/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) مُـحَـمَّدِ بْنِ مَالِكِ الْهَمْدَانِيِّ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا نُرِيْدُ الْحَجَّ فَرَاَيْنَا اَبَا ذَرٍّ بِـالـرَّبْـذَةِ فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ مِنْ اَيْنَ اَهْلُ الْقَوْمِ قُلْنَا مِنَ الْفَجِّ الْعَمِيْقِ قَالَ فَاَيْنَ تَؤُمُّوْنَ قُلْنَا الْبَيْتَ الْعَتِيْقَ قَالَ اَللّٰهُ الَّذِيْ لاَ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا اَشْخَصُكُمْ غَيْرُهُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

(۸۹۳) اخرج محمد بن عبد الله الأزرقي في "اخبار مكة" ۳۲۴عن ابن عباس نحوه-

(۸۹۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۳۲) في الحج :باب القرآن وفضل الاحرام-

قَالَ مَنْ خَرَجَ حَاجّاً وَاَخْلَصَ وَقَضٰی نُسُکَهُ فَلْیَسْتَأْنِفِ الْعَمَلَ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَدْ غَفَرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''محمد بن مالک ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم حج کے ارادے سے نکلے، ہم نے حضرت ''ابوذر رضی اللہ عنہ'' کو ربذہ میں دیکھا، ہم نے ان کو سلام کیا، انہوں نے سلام کا جواب دیا، پھر فرمایا: یہ لوگ کہاں سے ہیں؟ ہم نے کہا: ہم بہت دور دراز سے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا: تم کہاں جا رہے ہو؟ ہم نے کہا: بیت العتیق میں۔ انہوں نے کہا: اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔ اس کے علاوہ تمہاری کوئی پہچان؟ ہم نے کہا: جی ہاں۔ انہوں نے کہا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حج کرنے کے لئے نکلا اور دل میں اخلاص رکھا اور اس کے ارکان ادا کئے، وہ اپنا عمل نئے سرے سے شروع کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے گزشتہ تمام گناہوں کو معاف کر دیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) الحسن بن سلام (عن) عيسى بن أبان (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) أحمد بن محمد الهروى (عن) القاضي أبي سليمان الجوزجاني (عن) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني باسناده المذكور إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے احمد بن محمد ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوسلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ عرفہ، نحر اور ایام تشریق، کل پانچ دنوں کو چھوڑ کر باقی پورا سال عمرہ کیا جا سکتا ہے ☼

895/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) یَزِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) عَجُوْزٍ مِنَ الْعَتِیْكِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَا بَأْسَ بِالْعُمْرَةِ فِی اَیِّ السَّنَةِ شِئْتَ مَا خَلَا خَمْسَةَ اَیَّامٍ یَوْمَ عَرَفَةَ وَیَوْمَ النَّحْرِ وَاَیَّامَ التَّشْرِیْقِ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یزید بن عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ عتیک کی ایک بڑھیا سے، وہ ام المومنین ''سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتی ہیں' آپ فرماتی ہیں: پورے سال میں جب بھی چاہیں عمرہ کر سکتے ہیں، سوائے پانچ دنوں کے: ○ عرفہ کا دن ۔ ○ نحر کا دن ۔ ○ ایامِ تشریق۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سند کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ماہِ رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب حج کے برابر ہے ☼

896/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةٍ (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ عُمْرَةٌ فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حجاج بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ماہِ رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ثواب رکھتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن أحمد بن سلامة (عن) محمد بن خزيمة المصري (عن) محمد بن عمر الرومي (عن) أسد بن عمرو (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن احمد بن سلامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خزیمہ المصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمر رومی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حجۃ الوداع کے موقعہ پر عمرہ کا جو حکم دیا، وہ ہمیشہ کیلئے ہے ☼

897/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِي الزُّبَيْرِ (عَنْ) جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا عَنْ عُمْرَتِنَا هٰذِهِ لِسُنَّتِنَا

(۸۹۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۴۳) في الحج :باب العمرة في اشهر الحج وغيرها والبيهقي في "السنن الكبرى" ۳۴۶:۴ في الحج :باب العمرة في اشهر الحج وابن ابي شيبة ۱۲۶:۳ في المناسك :باب في العمرة من قال :في كل شهر ومن قال :متى شئت والعثماني في "اعلاء السنن" ۴۹۰:۱۰-

(۸۹۶) اخرجه احمد ۲۲۹:۱ والبخاري (۱۷۸۲) ومسلم (۱۲۵۶) (۲۲۱) والبيهقي في "السنن الكبرى" ۱۳۰:۴ وابن حبان (۳۷۰۰) والطبراني في "الكبير" (۱۱۳۳۲)-

(۸۹۷) اخرجه ابن حبان (۳۷۹۱) واحمد ۲۱۷:۳ والشافعي في "المسند" ۳۷۳:۱ والحميدي (۱۲۹۳) والبخاري (۱۵۵۷) في الحج :باب من اهل في زمن النبي صلى الله عليه وسلم كاهلال النبي صلى الله عليه وسلم ومسلم (۱۲۱۶) في الحج :باب وجوه الاحرام والبيهقي في "السنن الكبرى" ۴۱:۵-

خَاصَةً اَمْ لِلْاَبَدِ فَقَالَ بَلْ هِيَ لِلْاَبَدِ

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر عمرہ کا حکم دیا تو حضرت''سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ'' نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ ہمیں اس عمرہ کے بارے میں بتائیے کہ یہ صرف ہمارا طریقہ ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ یہ ہمیشہ کے لئے ہے۔

(أخرجه) البخاري (عن) رجاء بن سويد النسفي (عن) حم بن نوح (عن) سعد بن سعيد الخلمي (عن) أبى نصير (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) عباس بن حمزة النيسابوري (عن) محمد بن حكيم الطالقاني (عن) خلف بن ياسين (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) فاطمة بنت حبيب قالت هذا كتاب حمزة بن حبيب فقرأت فيه (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن على قال هذا كتاب حسين بن على فقرأت فيه (عن) يحيى بن حسن (عن) أخيه (عن) أبيه عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن إسحاق السمسار البخاري (عن) جمعة بن عبد الله(عن) أسد بن عمرو (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) محمد بن الحسن (عن) بشر بن الوليد (عن) أبى يوسف (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) الحسن بن محمد عن أسد بن عمرو (عن) أبى حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر ابن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن عبد الله بن بهلول قال هذا كتاب جدى فقرأت فيه حدثنى أبى والقاسم بن معن (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) إسماعيل بن بشر (عن) شداد بن حكيم (عن) زفر (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن عبد الله السعدى ومحمد بن رضوان قالا حدثنا الحسن بن عثمان حدثنا الحسن بن زياد (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

(ورواه) أيضاً (عن) أبيه (عن) أحمد بن زهير (عن) المقرى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''رجاء بن سوید نسفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حم بن نوح'' سے، انہوں نے حضرت''سعد بن سعید خلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابونصیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عباس بن حمزہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حکیم طالقانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے کہا: یہ حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے،اس میں یہ ہے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے کہا: یہ حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے ،میں نے اس میں پڑھا ہے ،انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے بھائی رحمۃ اللہ علیہ سے، انہوں نے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن اسحاق سمسار بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے کہا: یہ میرے دادا کی کتاب ہے میں نے اس میں پڑھا ہے، (وہ بیان کرتے ہیں) مجھے حدیث بیان کی ہے میرے والد نے ،اور حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شداد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام

اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن عبد اللہ سعدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے کہا: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''حسن بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے مکہ کے مکانوں کا کرایہ کھایا، اس نے آگ کھائی ☼

898/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ زَيَادٍ (عَنْ) اَبِيْ نُجَيْحٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ اَكَلَ مِنْ اُجُوْرِ بُيُوْتِ مَكَّةَ فَاِنَّمَا يَأْكُلُ نَاراً لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى حَرَّمَهَا فَحَرَامٌ بَيْعُ رِبَاعِهَا وَاَكْلُ ثَمَنِهَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو نجیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مکہ کے گھروں کا کرایہ کھایا، وہ آگ کھاتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو حرام کیا ہے، اس کی زمینوں کو بیچنا بھی حرام ہے اور اس کی رقم کھانا بھی حرام ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) إبراهيم بن محمد بن شهاب (عن) عبد الله بن عبيد الرحمن (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) أبی حنيفة قال الحافظ رواه (عن) أبی حنيفة أبو يوسف وعبد العزيز بن خالد وسعيد بن مسلمة وشجاع بن الوليد وزفر رحمة الله عليهم أجمعين

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن أبی حنيفة رضی الله عنه

(وأخرجه) أيضاً فی نسخته فرواه (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابراہیم بن محمد بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن عبید الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: اس حدیث کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبد العزیز بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شجاع بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۸۹۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۷۷۲) فی البيع باب بيع بيوت مكة واجرها واخرجه الدار قطنی ۳/۵۷ (۲۲٤) فی البيوع-

○اس حدیث کو اپنے نسخہ میں بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ذی الحجہ کے چاند کو دیکھو تو احرام شروع کرلو☼

899/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ يَا اَهْلَ مَكَّةَ مَالِيَ اَرَى النَّاسَ شَعْثاً غَبْراً وَاَنْتُمْ مُدْهِنُوْنَ إِذَا رَاَيْتُمُ الْهِلَالَ فَاَهِلُّوا يَعْنِيْ هِلَالَ ذِى الْحَجَّةِ وَاَحْرِمُوْا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''عمر بن خطاب ﷜'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: اے اہلِ مکہ! کیا بات ہے کہ میں لوگوں کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ غبار آلود اور پراگندہ حال ہیں اور تم لوگوں نے تیل وغیرہ لگایا ہوا ہے جب تم چاند کو دیکھ لو تو پھر احرام شروع کرلو یعنی ذی الحجہ کے چاند کو دیکھو تو احرام شروع کرلو۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼احرام والا شخص فوت ہوا، اس کے ساتھ وہی کیا جائے جو عام فوت شدگان کے ساتھ کیا جاتا ہے☼

900/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا سُئِلَتْ (عَنِ) الْمُحْرِمِ إِذَا مَاتَ كَيْفَ يُصْنَعُ بِهٖ قَالَتْ كَمَا تَصْنَعُوْنَ بِمَوْتَاكُمْ فَإِنَّهٗ حِيْنَ مَاتَ ذَهَبَ عَنْهُ الْإِحْرَامُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین ''سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ ﷝'' سے پوچھا گیا: محرم جب مر جائے تو اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟ آپ نے فرمایا: جس طرح تم اپنے دیگر مردوں کے ساتھ کرتے ہو، کیونکہ جب وہ مر گیا تو اس کا احرام ختم ہو گیا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بإسناده إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم ﷫'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

(۹۰۰) اخرجه ابن ابى شيبة ۲۵۲:۱:٤ فى الحج: فى المحرم يموت ايغطى رأسه؟ قلت: وقد اخرج الطبرانى فى "الكبير" (۱۱٤۳٦) والبيهقى فى "السنن الكبرى" ۳۹٤:۳ والدار قطنى فى "السنن" ۲۳۰:۱ عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "خمروا وجوه موتاكم ولا تشبهوا باليهود"۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جو حج کا ارادہ کرلے اس کو چاہئے کہ جلدی کرے ☼

901/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطِيَّةَ (عَنْ) اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدَرِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَرَادَ الْحَجَّ فَلْيَتَعَجَّلْ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حج کا ارادہ کرلے اس کو جلدی کرنی چاہیے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رميح (عن) محمد بن أحمد بن عمر الوراق (عن) عثمان بن أبی شيبة (عن) أبی معاوية (عن) اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن عمر وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن ابوشیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حج قران کرنے والے کو سنت کا ہدایت یافتہ قرار دیا ☼

902/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الصَّبِیِّ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ اَقْبَلْتُ مِنَ الْجَزِيْرَةِ حَاجاً قَارِناً فَمَرَرْتُ بِسَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَزَيْدِ بْنِ صَوْحَانَ وَهُمَا مُنِيْخَانِ بِالْعَذِيْبِ فَسَمِعَانِیْ اَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ فَقَالَ اَحَدُهُمَا هٰذَا اَضَلُّ مِنْ نَاقَتِهٖ وَقَالَ الْآخَرُ هٰذَا اَضَلُّ مِنْ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَمَضَيْتُ حَتّٰی إِذَا قَضَيْتُ نُسُكِیْ وَمَرَرْتُ بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ كُنْتُ رَجُلاً بَعِيْدَ الشِّقَّةِ قَاصِیَ الدَّارِ اَذِنَ اللّٰهُ تَعَالٰی لِیْ فِیْ هٰذَا الْوَجْهِ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَجْمَعَ عُمْرَةً إِلٰی حَجَّةٍ فَاَهْلَلْتُ بِهِمَا جَمِيْعاً وَلَمْ اَشْعُرْ فَمَرَرْتُ بِسَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَزَيْدِ بْنِ صَوْحَانَ فَسَمِعَانِیْ اَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعاً فَقَالَ اَحَدُهُمَا هٰذَا اَضَلُّ مِنْ نَاقَتِهٖ وَقَالَ الْآخَرُ هٰذَا اَضَلُّ مِنْ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَصَنَعْتَ مَاذَا قُلْتُ مَضَيْتُ فَطِفْتُ طَوَافاً لِعُمْرَتِیْ وَسَعَيْتُ سَعْياً لِعُمْرَتِیْ ثُمَّ عُدْتُ فَفَعَلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ لِحَجَّتِیْ ثُمَّ اَقَمْتُ حَرَاماً اَصْنَعُ كَمَا يَصْنَعُ الْحَاجُّ حَتّٰی قَضَيْتُ نُسُكِیْ قَالَ عُمَرُ هُدِيْتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''صبی بن

(۹۰۱) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۲۲۲) قلت: وقد اخرج الطحاوی فی "شرح مشكل الآثار" (۶۰۳۰) وابن ماجة (۲۸۸۳) واحمد ۱:۲۱۴ والبيهقی فی "السنن الكبری" ۴:۳۴۰ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "من اراد الحج فليتعجل، فانه قد يمرض المريض وتضل الضالة وتعرض الحاجة"۔

(۹۰۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (۳۲۰) والحصكفی فی "مسند الامام" (۲۵۵) وابن حبان (۳۹۱۱) واحمد ۱:۲۵ وابن ماجة (۲۹۷۰) فی المناسك: باب من قرن الحج والعمرة والبيهقی فی "السنن الكبری" ۵:۱۶ وابو داود (۱۷۹۹) فی المناسك: باب الاقران والنسائی ۵:۱۴۶ وابن خزيمة (۳۰۶۹)۔

معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' میں جزیرہ سے ''حج قران'' کا ارادہ کر کے نکلا، میں سلمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان کے پاس سے گزرا، یہ دونوں عذیب میں پڑاؤ کئے ہوئے تھے، ان دونوں نے مجھے حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھتے ہوئے سنا، دونوں میں سے ایک نے کہا: یہ اپنی اونٹنی سے بھی زیادہ گمراہ ہے۔ دوسرے نے کہا: یہ فلاں فلاں سے بھی زیادہ گمراہ ہے۔ آپ فرماتے ہیں: میں وہاں سے گزر گیا، جب میں نے اپنے مناسک ادا کر لئے تو جناب امیر المؤمنین سیدنا حضرت ''عمر فاروق رضی اللہ عنہ'' کے پاس گیا، میں نے ان کو اپنی بات بتائی اور عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں دور دراز کے علاقے کے رہنے والا شخص ہوں، اللہ تعالیٰ نے مجھے اس مرتبہ موقع عطا فرمایا، مجھے یہ اچھا لگا کہ میں حج اور عمرہ اکٹھا (ادا) کرلوں تو میں نے دونوں کا اکٹھا تلبیہ پڑھ لیا۔ مجھے اس بات کا اندازہ نہیں تھا، میں سلمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان کے پاس سے گزرا، انہوں نے مجھے حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ کہتے ہوئے سنا تو ان میں سے ایک نے کہا: یہ اپنی اونٹنی سے زیادہ گمراہ ہے اور دوسرے نے بھی مجھ پر گمراہی کا فتویٰ جڑ دیا۔ جناب سیدنا حضرت ''عمر فاروق رضی اللہ عنہ'' نے پوچھا: تو پھر تو نے کیا کیا؟ آپ فرماتے ہیں: میں نے کہا: میں وہاں سے گزر گیا۔ میں نے آکر اپنے عمرے کا طواف کیا اور اپنے عمرہ کی سعی کی، پھر میں لوٹا، پھر میں نے اسی طرح اپنے حج کے لئے اسی طرح مناسک ادا کئے، پھر میں حالت احرام میں ہی قیام پذیر رہا اور وہی تمام اعمال کرتا رہا جو حاجی کرتے ہیں یہاں تک کہ میرے مناسک حج پورے ہو گئے۔ جناب سیدنا حضرت ''عمر فاروق رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: تجھے تمہارے نبی کی سنت کی ہدایت دی گئی ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن إسحاق السمسار البخاری (عن) الحسين بن منصور (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ ومنصور بن دينار

(ورواه) أيضاً (عن) نصر بن أحمد الكندی (عن) إسحاق بن إبراهيم العفصی (عن) القاسم بن الحكم (عن) منصور بن دينار ولم يذكر أبا حنيفة (عن) حماد

(ورواه) (عن) حمدان بن ذی النون البلخی (عن) إبراهيم بن سليمان الزيات (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ بلفظ آخر قال الصبی بن معبد كنت حديث عهد بالنصرانية فأسلمت فقدمت الكوفة أريد الحج فوجدت سلمان بن ربيعة وزيد بن صوحان يريدان الحج فِی زمن عمر بن الخطاب رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُم فأهل سلمان وزيد بالحج وحده وأهل الصبی بالحج والعمرة فقالا ويحك تتمتع وقد نهى عن التمتع والله لأنت أضل من بعيرك قال فقلت نقدم على عمر وتقدمون فلما قدم الصبی مكة طاف بالبيت وسعى بين الصفا والمروة لعمرته ثم رجع حراماً لم يحل من شیء ثم طاف بالبيت وبين الصفا والمروة لحجته ثم أقام حراماً لم يحلل منه حتى أتى عرفات وفرغ من حجته فلما كان يوم النحر حل وأهرق دماً لمتعته فلما صدروا من حجهم مروا بعمر بن الخطاب رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فقال له زيد بن صوحان يا أمير المؤمنين إنك نهيت عن المتعة وإن الصبی بن معبد قد تمتع فقال صنعت ماذا يا صبی فقال أهللت يا أمير المؤمنين بالحج والعمرة فلما قدمت مكة طفت بالبيت وسعيت بين الصفا والمروة لعمرتی ثم رجعت حراماً ولم أحل منه بشیء ثم طفت وسعيت بين الصفا والمروة لحجتی ثم أقمت حراماً حتى كان يوم النحر فأهرقت دماً لتمتعی ثم أحللت قال فضرب عمر على ظهره وقال هديت لسنة نبيك

(ورواه) أيضاً (عن) أبی نصر محمد بن محمد بن سلام [illegible] (عن) موسى بن أبی نصر (عن) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده عن اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن اسحاق سمسار بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسین بن منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''منصور بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''نصر بن احمد کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''اسحاق بن ابراہیم عفصی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''منصور بن دینار'' سے روایت کیا ہے، لیکن انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکر نہیں کیا، انہوں نے یہ حدیث حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حمدان بن ذی النون بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابراہیم بن سلیمان زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے الفاظ مختلف ہیں (وہ الفاظ یہ ہیں)

قال الصبی بن معبد كنت حديث عهد بالنصرانيه فاسلمت فقدمت الكوفه اريد الحج فوجدت سلمان بن ربيعه وزيد بن صوحان يريدان الحج فِي زمن عمر بن الخطاب رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم فاهل سلمان وزيد بالحج وحده واهل الصبی بالحج والعمره فقالا ويحك تتمتع وقد نهى (عن)التمتع والله لانت اضل من بعيرك قال فقلت نقدم علي عمر وتقدمون فلما قدم الصبی مكه طاف بالبيت وسعى بين الصفا والمروه لعمرته ثم رجع حراماً لم يحل من شيء ثم طاف بالبيت وبين الصفا والمروه لحجته ثم اقام حراماً لم يحلل منه حتى اتى عرفات وفرغ من حجته فلما كان يوم النحر حل واهرق دماً لمتعته فلما صدروا من حجهم مروا بعمر بن الخطاب رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فقال له زيد بن صوحان يا امير المؤمنين انك نهيت (عن)المتعه وان الصبی بن معبد قد تمتع فقال صنعت ماذا يا صبی فقال اهللت يا امير المؤمنين بالحج والعمره فلما قدمت مكه طفت بالبيت وسعيت بين الصفا والمروه لعمرتي ثم رجعت حراماً ولم احل منه بشيء ثم طفت وسعيت بين الصفا والمروه لحجتي ثم اقمت حراماً حتى كان يوم النحر فاهرقت دماً لتمتعي ثم احللت قال فضرب عمر علي ظهره وقال هديت لسنه نبيك

(حضرت صبی بن معبد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نصرانیت چھوڑ کر نیا نیا مسلمان ہوا تھا، میں کوفہ میں آیا، میں حج کرنے کا ارادہ رکھتا تھا، میں حضرت سلمان بن ربیعہ رضی اللہ عنہ اور زید بن صوحان رضی اللہ عنہ سے ملا، (یہ واقعہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کا ہے) حضرت سلمان اور زید نے صرف حج کا تلبیہ پڑھا اور حضرت صبی بن معبد نے حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھا، یہ سن کر ان دونوں نے کہا: تیرے لئے ہلاکت ہو، تو حج تمتع کر رہا ہے، جب کہ حج تمتع سے تو منع کیا گیا ہے، اللہ کی قسم تو اپنے اونٹ سے بھی زیادہ گمراہ ہے۔ میں نے کہا: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جا رہے ہیں، تم بھی وہاں آجاؤ، جب حضرت صبی مکہ مکرمہ پہنچے، تو عمرہ کیلئے بیت اللہ کا طواف کیا، صفا، مروہ کی سعی کی، پھر احرام کی حالت میں ہی لوٹ کر آ گئے، احرام کی کوئی بھی پابندی ختم نہ کی۔ اس کے بعد اپنے حج اور عمرہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کی سعی کر لی، پھر یہ احرام کی حالت میں ہی رہے، احرام کی کوئی پابندی ختم نہ کی، حتیٰ کہ عرفات میں آ گئے، اور اپنے حج سے فارغ ہو گئے، جب یوم

النحر آیا تو احرام ختم کر دیا اور اپنے حج تمتع کیلئے قربانی کر دی۔ جب یہ لوگ حج سے فارغ ہوئے تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، حضرت زید بن صوحان رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین! آپ نے ہمیں حج تمتع سے روکا تھا اور صبی بن معبد نے حج تمتع کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے صبی تو نے کیسے حج کیا؟ انہوں نے کہا: اے امیر المومنین! میں نے حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھا، جب میں مکہ مکرمہ میں آ گیا، تو میں نے عمرہ کی نیت سے بیت اللہ کا طواف کیا، صفا، مروہ کی سعی کی، پھر میں احرام کی حالت میں ہی لوٹ گیا، میں نے احرام کی کوئی پابندی ختم نہیں کی، پھر میں نے حج کی نیت سے بیت اللہ کا طواف کیا، صفا مروہ کی سعی کی، پھر میں احرام کی حالت میں ہی رہا، جب یوم النحر آیا تو میں نے اپنے حج تمتع کی قربانی کی پھر میں نے احرام ختم کر دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی پیٹھ تھپکا کر فرمایا: تجھے تیرے نبی کی سنت کی ہدایت دی گئی ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو نصر محمد بن محمد بن سلام فقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن ابو نصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو عبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے''

☼ حاجی کی مغفرت کر دی جاتی ہے اور حاجی جس کیلئے دعا کرے اس کی بھی بخشش ہو جاتی ہے ☼

903/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) شَيْخٍ مِنْ بَنِي رَبِيعَةَ (عَنْ) مُعَاوِيَةَ (عَنْ) إِسْحَاقِ الْقُرَشِيِّ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه' قَالَ اَلْحَاجُّ مَغْفُوْرٌ لَه' وَلِمَنِ اسْتَغْفَرَ لَه' إِلٰى اِنْسِلَاخِ الْمُحْرِمِ

✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ بنی ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ایک شیخ سے، وہ حضرت ''معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسحاق قرشی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حاجی کی مغفرت ہو جاتی ہے اور حاجی احرام ختم کرنے سے پہلے جس کے لیے مغفرت کی دعا مانگے اس کی بھی مغفرت ہو جاتی ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد ابن الحسن البزاز البلخي (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) القاسم بن محمد الدلال (عن) أبي بلال الأشعري (وعن) أبي يوسف القاضي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) أبي بكر محمد بن

(۹۰۳) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (۲۳۳) -قلت: وقد اخرج ابن ماجة (۲۸۸۹) والطيالسي (۲۵۱۹) وعبدالرزاق (۸۸۰۰)، والحميدي (۱۰۰٤) عن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من حج لهذا البيت فلم يرفث ولم يفسق رجع كما ولدته امه"۔

علی بن محمد الخیاط (عن) أبی
عبد الله أحمد بن محمد بن یوسف بن دوست العلاف (عن) القاضی الأشنانی باسناده إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن حسن بزاز بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''قاسم بن محمد دلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابو بلال اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مکہ کی زمین بیچ نہیں سکتے، وہاں کے مکان کرایہ پر نہیں دیئے جاسکتے ☼

904/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ (عَنْ) اَبِیْ نُجَیْحٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَکَّةُ حَرَامٌ لَاتباع ربوعتها لَا تُؤْجَرُ بُیُوْتُهَا

✧✧ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت''عبداللہ بن ابوزیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت''ابونجیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: مکہ حرم ہے اس کی زمین کو بیچا نہیں جاسکتا اور اس کے گھروں کواجرت پرنہیں دیا جاسکتا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ
(ورواه) (عن) صالح (عن) عمار بن خالد (عن) أسد بن عمرو رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) أبی علی بن شاذان (عن) أبی نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل بن توبة القزوینی (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ لاتباع الأرض ولا بأس بالبناء

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''صالح

(۹۰۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۳۷۳) فی الحج :باب بیع بیوت مکة واجرلها' والحاکم فی "المستدرک" ۵۳:۲' والدار قطنی ۵۷:۳ فی البیوع-

سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ وہاں کی زمین بیچ نہیں سکتے، تاہم وہاں تعمیرات کی جاسکتی ہیں۔

☼ جس نے مکہ کے مکانات کی اجرت کھائی، اس نے آگ کھائی ☼

905/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ زِيَادٍ (عَنْ) اَبِیْ نُجَيْحٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه' قَالَ مَنْ اَكَلَ مِنْ اُجرِ بُيُوْتِ مَكَّةَ فَاِنَّمَا يَأْكُلُ نَاراً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن ابوزیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو نجیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مکہ کے گھروں کی اجرت لے کر کھائی وہ دوزخ کی آگ کھا رہا ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو فِي مسنده باسناده المذكور فِي الحديث السابق إلى اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) أبي طالب ابن يوسف (عن) أبي محمد الجوهري (عن) أبي بكر الأبهري (عن) أبي عروبة الحراني (عن) جده (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِي الآثار فرواه (عن) الإمام اَبِی حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) أيضاً فِي نسخته فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے جو اسناد سابقہ حدیث میں گزر چکی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۹۰۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۷۲) في الحج :باب بيع بيوت مكة واجرها'والدار قطني ۳:۵۷ في البيوع-

☼ بہترین حج وہ ہے جس میں تلبیہ بلند آواز سے پڑھا جائے ☼

906/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ (عَنْ) طَارِقِ بْنِ شَهَابٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَـنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْحَجِّ الْعَجُّ وَالثَّجُّ فَاَمَّا الْعَجُّ فَالْعَجِيْجُ بِالتَّلْبِيَةِ وَاَمَّا الثَّجُّ فَثَجَّ الْبُدْنَ اَوْ قَالَ فَثَجَّ الدَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''قیس بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''طارق بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے افضل حج ''عج'' اور ''ثج'' ہے۔ عج کا مطلب یہ ہے کہ بندہ تلبیہ بلند آواز میں پڑھے اور ثج کا مطلب جانور قربان کرنا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی أسامة زيد بن يحيى الفقيه البلخي وصالح ابن محمد الأسدي وإبراهيم بن مفضل قالوا جميعاً (حدثنا) أبو هشام الرفاعي (عن) أبی أسامة (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) أيضاً (عن) القاسم بن عباد الترمذی (عن) الحسين بن عبد الأول النخعی (عن) أبی أسامة (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازی (عن) يعقوب بن حميد (عن) حاتم بن إسماعيل (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) الحسين بن عبد الرحمن (عن) أبيه (عن) خلف بن ياسين (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) جده (عن) أبی مقاتل (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) سری بن عصام البخاری (عن) عبد الله ابن عبد الرحمن (عن) نوح بن دراج (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(قال) أبو محمد البخاری هؤلاء رووه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ مسنداً وبعضهم أوقفوه

(منهم) سعيد بن أبی الجهم علی ما أخبرنا أحمد بن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(منهم) أيوب بن هانی علی ما أخبرنا أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانی (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ومنهم) الحسن بن فرات علی ما أخبرنا أحمد بن محمد قال قرأت فِي كتاب حسين بن علی (عن) يحيى حسين (عن) زياد (عن) أبيه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ومنهم) زفر علی ما أخبرنا زكريا بن يحيى الأصفهانی (عن) أحمد بن رسته (عن) محمد بن المغيرة (عن) الحكم (عن) زفر (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ومنهم) أبو يوسف علی ما أخبرنا محمد بن الحسن البزار رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) بشر بن الوليد (عن) أبی يوسف رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ومنهم) أسد بن عمرو علی ما أنا أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) حسين ابن محمد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ومنهم) الحسن بن زياد علی ما (أخبرنا) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد عن أبيه عن الحسن بن زياد رَحِمَهُ

(۹۰۶) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۳۲٤)-

اللّٰهُ تَعَالیٰ (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ومنهم) محمد بن مسروق علی ما أخبرنا أحمد بن محمد (عن) محمد بن عبد الله ابن مسروق (عن) جده (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) صالح بن أبی مقاتل (عن) نجیح بن إبراهیم الزهری (عن) حسین بن عبد الأول (عن) أبی أسامة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن یعقوب بن شیبة (عن) جده (عن) أبی عبد الله بن محمد (عن) أبی أسامة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِی مسنده (عن) محمد بن إبراهیم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عن) أبی تمیلة (عن) أبی أسامة (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن خسرو فِی مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصیرفِی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فِی مسنده فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابواسامہ زید بن یحییٰ فقیہ بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''صالح بن محمد اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''ابراہیم بن مفضل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، سب کہتے ہیں: ہمیں حضرت''ابوہشام رفاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''قاسم بن عباد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسین بن عبدالاول نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''یعقوب بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حاتم بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسین بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''سری بن عصام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''عبداللہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ان سب نے یہ حدیث حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مسند طور پر روایت کی ہے۔اور بعض محدثین نے یہ حدیث حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے موقوفاً روایت کی ہے (ان کے اسماء اور اسناد درج ذیل ہے)

(۱) حضرت''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۲) حضرت''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۳) حضرت''حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت''یحییٰ حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۴) حضرت''زفر رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں حضرت''زکریا بن یحییٰ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''احمد بن رستہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۵) حضرت''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۶) حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسین ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۷) حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں حضرت''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''منذر بن محمد سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۸) حضرت''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ''فرماتے ہیں: ہمیں احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت''محمد بن عبداللہ بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''نجیح بن ابراہیم زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسین بن عبد الاول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن یعقوب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبد اللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوتمیلہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِي فِي التَّلْبِيَّةِ وَسَائِرِ اَفْعَالِ الْحَجِّ وَالْإِفْرَادِ وَالْمُتْعَةِ وَالْقِرَانِ

دوسری فصل: تلبیہ اور حج افراد، حج تمتع اور حج قران کے تمام افعال کے بیان میں

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمی جمرات کے وقت تلبیہ پڑھا ہے☼

907/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنِ) الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَبّٰى حِيْنَ رَمَى الْجَمْرَةَ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''فضل بن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبیہ پڑھا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ کی رمی کی (یعنی شیطان کو پتھر مارے)

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن المنذر الأعمش البلخي (عن) علي بن مسهر (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) يعقوب بن يوسف الضبي (عن) أبي جنادة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ (عن) عطاء (عن) ابن عباس رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أردف الفضل بن العباس وكان غلاماً حسناً فجعل يلاحظ النساء والنبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يصرف وجهه فلبى حتى رمى جمرة العقبة

(وأخرجه) أيضاً (عن) الحسن بن معروف البخاري (عن) هارون الحمال (عن) جنادة بن سلم (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) أيضاً (عن) سليمان بن داود بن سعيد الهروي (عن) أحمد بن يعقوب (عن) عتاب بن محمد بن شوذب (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد الهمداني (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) أبي يحيى الحماني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۹۰۷) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (۲۵۳) والبيهقي في "السنن الكبرى" ۱۱۲:۵ في الحج :باب التلبية يوم عرفة وقبله وبعده حتى يرمي جمرة العقبة والنسائي في "الكبرى" ۴۴۰:۲ (۴۰۸۵)۔

(وأخرجه) أيضاً (عن) صالح بن أحمد القيراطي (عن) عمار بن خالد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده باللفظ الثاني أنه أردف الفضل (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) يعقوب بن يوسف (عن) ابن زياد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) باللفظ الأول (عن) صالح بن أحمد (عن) عمار بن خالد (عن) أسد بن عمرو (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِي مسنده عن أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) عبد الواحد بن حماد بن الحارث (عن) أبيه (عن) نوح الجامع (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) أحمد بن حميد بن شماس قال وجدت فِي كتاب جدي (عن) أبي يوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

(وأخرجه) الحسين بن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منذر اعمش بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن یوسف ضبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجنادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اردف فضل بن عباس وكان غلاماً حسناً فجعل يلاحظ النساء والنبي صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ يصرف وجهه فلبى حتى رمى جمرة العقبة (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے سوار کیا ہوا تھا، یہ بہت خوبصورت لڑکے تھے، یہ عورتوں کو دیکھ رہے تھے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کا چہرہ موڑ رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبیہ پڑھنا شروع کیا اور جمرہ عقبہ کی رمی تک مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن معروف بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہارون حمال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جنادہ بن سلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سلیمان بن داؤد بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عتاب بن محمد بن شوذب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں کچھ الفاظ کے تغیر و تبدل کے ساتھ نقل کیا ہے، انہوں نے حضرت ''احمد بن

محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو پہلے الفاظ کے ساتھ حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عمار بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالواحد بن حماد بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح جامع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن حمید بن شماس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عمرہ کا احرام باندھنے والا حجر اسود کا استلام کر کے تلبیہ ختم کر دے ☼

908/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ يَقْطَعُ الْمُحْرِمُ بِالْعُمْرَةِ التَّلْبِيَةَ إِذَا اِسْتَلَمَ الْحَجَرَ وَيَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ الْمُحْرِمُ بِالْحَجِّ إِذَا رَمٰى اَوَّلَ حَصَاةٍ مِّنْ جَمْرَةِ الْعُقْبَةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں' عمرہ کا احرام باندھنے والا جب حجر اسود کا استلام کرے تو تلبیہ روک دے اور حج کا احرام باندھنے والا جب جمرہ عقبہ کو پہلی کنکری مارے تو تلبیہ روک دے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مشروط طور پر احرام باندھنے کا اعتبار نہیں ☼

909/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَشْتَرِطُ فِي الْحَجِّ قَالَ لَيْسَ شَرْطُه' بِشَيْءٍ

(۹۰۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۳۷) في الحج :باب متى يقطع التلبية'والشرط في الحج'وابو يوسف في "الآثار" ۹۸'وابن ابي شيبة(۱۴۰۰۶) في الحج :باب في المحرم المعتمر متى يقطع التلبية-

(۹۰۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۳۸) في الحج :باب متى يقطع التلبية'والشرط في الحج-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' مشروط طور پر احرام باندھنے کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِي حَنِيْفَةَ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ حجر اسود سے رمل شروع کیا جائے، وہیں پر آکر ختم کیا جائے ☼

910/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَمَلَ مِنَ الْحَجْرِ اِلَى الْحَجْرِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود سے حجر اسود تک رمل کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازى (عن) داود بن رشيد (عن) عمر بن أيوب الموصلى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول قال هذا كتاب جدى إسماعيل بن حماد فقرأت فيه حدثنا وهيب بن (خالد) (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ (عن) عطاء رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رمل من الحجر إلى الحجر ولم يذكر فيه ابن عباس

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أحمد بن عبد الجبار الصيرفِى (عن) القاضى أبى القاسم التنوخى (عن) عبد الله بن محمد بن عبد الله الثلاج (عن) أبى العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبد الله بن أحمد بن المستورد (عن) إبراهيم بن سليمان التيمى (عن) الوضاح بن يزيد التميمى الكوفِى (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) عن الحسن بن سعد مولى الحسن بن على بن أبى طالب رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ (عن) أبيه أن علياً كرم الله وجهه لبى بعمرة وحجة جميعاً وطاف لهما طوافين وسعى لهما سعيين

(وأخرجه) الحافِظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) القاسم بن محمد (عن) أبى بلال الأشعرى (عن) أبى يوسف (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فِي مسنده (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) خاله أبى على (عن) أبى عبد الله العلاف (عن) القاضى عمر الأشنانى (عن) القاسم بن محمد الدلال (عن) أبى بلال الأشعرى (عن) أبى يوسف (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داود بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن ایوب موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۹۱۰) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (۲۴۷) والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" ۱۸۰:۲ وابن حبان (۳۸۱۱) والحميدى (۵۱۱) واحمد ۲۲۹:۱ والطبرانى فى "الكبير" (۱۰۶۲۵) وابو داود (۱۸۸۵) فى الحج: باب فى الرمل وابن ماجة (۲۹۵۳) فى المناسك: باب الرمل حول البيت-

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے (ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی اس کو روایت کیا ہے، وہ اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''وہیب بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے حجر اسود سے شروع کر کے حجر اسود تک رمل کیا، اس میں حضرت عبداللہ بن عباس کا نام نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبداللہ ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن مستورد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''وضاح بن یزید تمیمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن سعد مولی حسن بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھا تھا، دونوں کا طواف اور سعی بھی ایک ساتھ کی تھی۔

○اس حدیث کو حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ''اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبلال اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے قاسم بن محمد دلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبلال اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حج تمتع کیلئے ضروری ہے کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کا احرام باندھے، پھر حج کر کے واپس آئے ☼

911/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ إِذَا اَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ فِي غَيْرِ اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ اَقَامَ حَتّٰى يُحَجَّ اَوْ يَرْجِعَ إِلٰى اَهْلِهِ ثُمَّ يَحُجُّ فَلَيْسَ بِمُتَمَتِّعٍ وَإِذَا اَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ فِي اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلٰى اَهْلِهِ ثُمَّ يَحُجُّ فَلَيْسَ بِمُتَمَتِّعٍ وَإِذَا اِعْتَمَرَ فِي اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ اَقَامَ حَتّٰى يَحُجَّ فَهُوَ مُتَمَتِّعٌ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص جب حج کے مہینوں کے علاوہ کسی اور مہینے میں عمرہ کا احرام باندھے پھر وہ حج تک وہیں ٹھہرا رہے یا اپنے گھر واپس آ جائے، پھر وہ حج کرے تو وہ ''متمتع'' (حج تمتع کرنے والا) نہیں ہے اور اگر اس نے حج کے مہینوں میں عمرہ کا احرام شروع کیا، پھر اپنے گھر آ گیا پھر جا کر حج کیا، یہ بھی متمتع نہیں ہے (یعنی حج تمتع کرنے والا نہیں ہے) اگر حج کے مہینوں میں عمرہ کیا پھر وہاں پر ہی ٹھہرا رہا، پھر حج کیا، یہ حج تمتع کرنے والا ہے۔

(۹۱۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۲۹) في الحج: باب العمرة في اشهر الحج وغيرها-

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مکہ کے رہائشی نے حج کے مہینوں میں عمرہ کیا، اسی سال حج کر لیا، اس پر ہدی لازم نہیں ☼

912/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ اِعْتَمَرَ فِي اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ حَجَّ مِنْ عَامِهٖ ذٰلِكَ فَلَيْسَ عَلَيْهِ هَدْيٌ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں جو شخص مکہ کا رہنے والا ہو، اس نے حج کے مہینوں میں عمرہ کر لیا پھر اسی سال حج بھی کر لیا، اس پر ہدی لازم نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ لقوله تعالى (ذلك لمن لم يكن أهله حاضرى المسجد الحرام)

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی موقف ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے ذلك لمن لم يكن اهله حاضرى المسجد الحرام (یہ اس کیلئے ہے جس کے گھر والے مسجد حرام کے رہنے والے نہ ہوں)

☼ عمدہ خوشبو میسر آئے تو لگانی چاہئے ☼

913/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِي الزُّبَيْرِ (عَنْ) جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ بِرِيْحٍ طِيْبٍ فَلْيُصِبْ مِنْهُ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی کے پاس عمدہ خوشبو آئے تو چاہیے کہ اس کو لگائے۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد بن صالح (عن) عبد الله الطبرى بالرى (عن) إسحاق بن شاهين (عن) محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے (ری میں) انہوں نے حضرت ''اسحاق بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۹۱۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (۲۴۰) فى الحج :باب العمرة فى اشهر الحج وغيرها-

(۹۱۳) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (۴۶۳) وابن عدى فى "الكامل" ۱۸۶:۶ ترجمة (۱۶۶۳) من طريق ابن ابى ليلى عن ابى الزبير عن جابر-

☼ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے عصر کے بعد طواف کیا، غروب آفتاب سے پہلے نوافل نہ پڑھے ☼

914/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِى بَكْرِ بْنِ اَبِى فُلَانٍ قَالَ رَاَيْتُ اِبْنَ عُمَرَ طَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعاً بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمْ يَرْكَعْ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابو بکر بن ابی فلاں رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، میں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کو دیکھا، انہوں نے نمازِ عصر کے بعد بیت اللہ شریف کے سات چکر لگائے، پھر آپ رضی اللہ عنہ وہاں سے ہٹ گئے اور کوئی نوافل نہ پڑھے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع عن الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حج تمتع کرنے والے نے نحر کے دن قربانی کر دی تو اس کا احرام مکمل ہو گیا ☼

915/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَلْمُتَمَتِّعُ إِذَا نَحَرَ الْهَدْىَ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَدْ حَلَّ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں، حج تمتع کرنے والے نے یوم نحر کو جب اپنی ہدی (قربانی کے جانور) کو نحر (قربان) کر دیا وہ حلال ہو گیا (یعنی اس کا احرام ختم ہو گیا)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ إلا أنه لم يحل من النساء خاصة حتى يزور البيت فيطوف طواف الزيارة فأما غير النساء من الطيب وغير ذلك فقد حل له ذلك إذا حلق رأسه قبل أن يطوف بالبيت وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

---

(۹۱۴) ...قلت: وقد اخرج احمد ۱۸:۱ وابو داود (۱۲۸۶) والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۳۰۳:۱ والبخاری (۵۸۱) ومسلم (۸۲۶) والترمذی (۱۸۳) وابو یعلی (۱۴۷) عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال: شهد عندی رجال مرضیون فیهم عمر رضی اللہ عنہ وارضاهم عندی عمر رضی اللہ عنہ ان نبی الله صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول: "لا صلاة بعد صلاة العصر حتی تغرب الشمس ولا صلاة بعد صلاة الصبح حتی تطلع الشمس"۔

(۹۱۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۳۵۱) فی الحج: باب من نحر فقد حل۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔لیکن عورتوں کے حوالے سے یہ خصوصی حکم ہے کہ جب تک وہ طواف زیارت نہ کر لے تب تک وہ اپنی بیوی کے قریب نہیں جاسکتا،اور بیوی کے علاوہ خوشبو وغیرہ والے احکام اس کیلئے جائز ہو جائیں گے اگر وہ طواف زیارت سے پہلے حلق کروا لے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ عورت نے سفر پر جانا ہو تو اپنے شوہر یا کسی محرم کو ساتھ لئے بغیر نہ نکلے ☼

916/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) اَبِـیْ مَعْبَدٍ مَوْلٰی اِبْنِ عَبَّاسٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَةُ اِلَّا مَعَ مَحْرَمٍ اَوْ زَوْجٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''ابو معبد ﷫'' (جو کہ حضرت ''عبداللہ بن عباس ﷠'' کے غلام ہیں) حضرت ''عبداللہ بن عمر ﷠'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا' عورت اپنے محرم یا شوہر کے بغیر سفر پر نہ نکلے۔

(أخـرجـه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أحمد القیراطی (عن) الحسن بن سلام (عن) سعید بن محمد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری ﷫'' نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن سلام ﷫'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن محمد ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ احرام ختم کرنے کیلئے عورتیں کچھ بال کاٹ لیں،مرد حلق کروائیں ☼

917/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَـنْ) اِبْـرَاهِـيْمَ اَقْلِلْ مَنْ اَخَذَ الرَّاْسَ مِنَ النِّسَاءِ فَهُوَ اَفْضَلُ وَالْحَلْقُ لِلرِّجَالِ اَفْضَلُ يَعْنِیْ فِی الْاِحْرَامِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' حضرت ''حماد ﷫'' سے وہ حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' احرام کے معاملے میں عورتوں کے لئے بہتر ہے کہ تھوڑے سے بال کٹوا دیں اور مردوں کیلئے حلق افضل ہے۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ ومـمـا قـال الإمـام ومـا أحـب للمرأة أن تأخذ أقل من الربع وطول الشعر قدر الأنملة من جوانب رأسها وهو قول الإمام یجب للمرأة أن تأخذ أقل من الأنملة من جوانب رأسها

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد

(۹۱۶) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۲:۱۱۲،وابن حبان (۵۵۸۹)،وابن خزیمة (۲۵۳۰)،والحمیدی (۴۶۸)،والطیالسی (۲۷۳۲)،والبخاری (۱۸۶۲) فی جزاء الصید:باب حج النساء،وابو یعلی (۲۵۱۶)۔

(۹۱۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۳۵۳) فی الحج:باب من احتجم وهو محرم والحلق-قلت:وقد اخرج ابوداود (۱۹۸۴) فی الحج:باب الحلق والتقصیر،والبیهقی فی "السنن الکبری" ۵:۱۰۴،عن ابن عباس،قال:قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "لیس علی النساء الحلق،انما علی النساء التقصیر"۔

حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ وہ قول امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرامین میں سے یہ ہے، میں عورت کیلئے یہ پسند نہیں کرتا کہ وہ چوتھائی سے کم بال کاٹے، بالوں کی لمبائی بالوں کے کناروں کی طرف سے پوروں کے برابر ہو۔ یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے، عورت پر واجب ہے کہ وہ بالوں کو سروں کی طرف سے کم از کم ایک پورے جتنے کاٹے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی پڑھائیں ☼

918/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ إِسْحَاقِ السَّبِیْعِیْ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدٍ (عَنْ) اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَّی الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِاَذَانٍ وَإِقَامَةٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ پڑھائی۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فِی مسنده (عن) الحسین بن الحسین (عن) أبی علی أحمد بن عبد الله بن محمد الكندی (عن) علی بن معبد بن شداد العبدی (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) محمد بن أحمد بن إسماعيل (عن) أحمد بن الجارود (عن) إسماعيل بن محمد الأنصاری (عن) إبراهيم بن أبی يحيى (عن) ميسرة النهدی (عن) عدی بن ثابت (عن) عبد الله بن يزيد (عن) البراء رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أنه صلی مع النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فجمع بين الصلاتين بجمع بأذان وإقامة

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر محمد بن عبد الله بن الشخير الصوفی (عن) الحسين بن الحسين القاضی (عن) أحمد بن عبد العزيز الكندی (عن) علی بن معبد (عن) الإمام محمد ابن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حسین بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی احمد بن عبداللہ بن محمد کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد بن شداد عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوالحسن حافظ محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن احمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جارود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن محمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن ابویحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''میسرہ نہدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عدی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''براء رضی اللہ عنہ'' سے رایت کیا ہے کہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمراہ نماز پڑھی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ دونوں نمازیں پڑھائیں۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر

(۹۱۸) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۲٤۹) وابن حبان (۳۸۵۸) ومالك فی "الموطأ" ٤۰۱:۱ فی الحج: باب صلاة المزدلفة واحمد ٤۲۰:۵ والبخاری (٤٤۱٤) فی المغازی: باب حجة الوداع والطبرانی فی "الكبير" (۳۸٦۳) والبيهقی فی "السنن الكبریٰ" ۱۲۰:۵ والحميدی (۳۷۲)۔

محمد بن عبداللہ بن شخیر صوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حسین قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبدالعزیز کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ یوم النحر کو حج کا احرام شروع کرنے والے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اگلے سال حج کیلئے آنے کا حکم دیا ☼

919/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ رَجُلاً قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ وَهُوَ مُهِلٌّ بِالْحَجِّ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّحِلَّ بِالْحَجِّ بِعُمْرَةٍ وَاَنْ يُّحَجَّ مِنْ قَابل

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں نحر کے دن آیا، وہ حج کا تلبیہ پڑھ رہا تھا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم دیا کہ وہ حج کے ساتھ عمرہ کا احرام بھی ختم کر دے اور اگلے سال آ کر حج کرے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اپنے اوپر بیت اللہ تک پیدل چلنا لازم کیا، پھر کچھ سفر سواری پر کر لیا، واپسی پر اتنا پیدل چلے ☼

920/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ إِذَا جَعَلَ الرَّجُلُ عَلٰى نَفْسِهِ الْمَشْيَ إِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ فَمَشٰى بَعْضاً وَرَكِبَ بَعْضاً قَالَ يَعُوْدُ فَيَمْشِيْ مَا رَكِبَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں' ایک شخص نے اپنے اوپر بیت اللہ تک پیدل چلنا لازم کر لیا، پھر اس نے کچھ سفر پیدل چل کر کیا اور کچھ سفر سواری پر سوار ہو کر کیا، جب وہ واپس جائے تو جتنا سفر سواری پر کیا تھا، اب اتنا سفر پیدل کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن الشيباني فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا وإنما

(۹۱۹) اخرجه فی "جامع الآثار" (۹۸۵) لأبی حنیفة-

(۹۲۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۷۳۳) فی الأیمان:باب من جعل علی نفسه المشی وعبد الرزاق (۵۸۶۶) فی الأیمان والنذور:باب من نذر ثم عجز-

نـأخـذ بقول أمير المؤمنين على بن أبى طالب رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إذا ركب أهدى وشاة تجزيه يذبحها ويتصدق بها ولا يأكل منها شيئاً ويحرم بعمرة أو حجة ولا شى عليه غير ذلك وهو قول اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ہم اس پر عمل نہیں کرتے، بلکہ ہمارا عمل امیر المومنین حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے اس قول پر ہے

اذا ركب اهدى وشاه تجزيه يذبحها ويتصدق بها ولا ياكل منها شيئاً ويحرم بعمره او حجه ولا شى عليه غير ذلك

(جب وہ سوار ہو تو ہدی دے، اور اس معاملے میں اس کیلئے ایک بکری ذبح کرنا کافی ہے، لیکن اس میں سے خود نہ کھائے، پھر وہ حج یا عمرہ کا احرام باندھ لے، اس کے علاوہ اس پر کوئی تاوان نہیں ہے) اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حج تمتع سے منع کیا کرتے تھے، حج قران سے نہیں روکتے تھے ☼

921/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِنَّمَا نَهٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ الْمُتْعَةِ وَلَمْ يَنْهَ عَنِ الْقِرَانِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے حج تمتع سے منع کیا ہے لیکن حج قران سے منع نہیں کیا۔

(أخـرجـه) الـحـافـظ الـحسين بن خسرو فِى مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن)

عبـد الـرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِى مسنده فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حج کے معین مہینوں سے مراد، ماہ شوال، ذی القعدہ اور ذی الحجہ کے دس دن ہیں ☼

922/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِى قَوْلِهٖ تَعَالٰى (اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ) قَالَ هُوَ شَوَّالٌ وَذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِى الْحَجَّةِ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' اللہ

(۹۲۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (۳۲۷) وفى "الحجة على اهل المدينة" ۲:۸ والبيهقى فى "السنن الكبرى" ۵:۲۰ فى الحج: باب من استحب الاحرام من دويرة اهله-

(۹۲۲) اخرجه ابن ابى شيبة ۱:۴:۲۳۰ فى الحج: باب قوله تعالى: (الحج اشهر معلومات) ماهذه الاشهر؟

تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ ''حج کے کئی مہینے ہیں جانے ہوئے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اس میں معلوم مہینوں سے مراد ''شوال ذی القعدہ اور ذی الحجہ کے دس دن'' ہیں۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت طاؤس تو اس کا حج کامل ہی نہیں سمجھتے جس نے حج اور عمرہ ملا کر نہ کئے ☼

923/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) طَاؤسٍ اَنَّهٗ قَالَ لَوْ حَجَجْتُ اَلْفَ حَجَّةٍ لَمْ اَدَعْ اَنْ اَقْرِنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَتّٰى اِنَّا لَنَدْعُوْهُ الْحَجَّ الْاَكْبَرَ وَنَرٰى اَنَّ حَجَّ مَنْ لَمْ يَقْرِنْ لَيْسَ بِكَامِلٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا' اگر میں ایک ہزار حج کروں تو میں حج اور عمرہ کو آپس میں ملانا نہیں چھوڑں گا (یعنی حج قران ہی کرونگا) یہاں تک کہ ہم تو اس کو ''حج اکبر'' کہتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں جس نے حج اور عمرہ کو ملا کر نہ کیا اس کا حج ہی کامل نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

---

(۹۲۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۲۶) في الحج. قلت: وقد اخرج ابن حبان (۳۹۲۰) وابو يعلى (۷۰۱۱) واحمد ۶: ۲۹۷ والطبراني في "الكبير" ۲۳: (۷۹۱) والبيهقي في "السنن الكبرىٰ" ۴: ۳۵۵ واللفظ لابن حبان ... فقالت ام سلمة: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "يا آل محمد! من حج منكم فليهل بعمرة في حج"۔

ایک روایت یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے اپنے تمام عمرے اور حج ملا کر کئے

924/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَرَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ جَمِيْعاً

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے اپنے حج اور تمام عمروں کو ملا کر کیا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر باسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضور ﷺ نے چار عمرے اور ایک حج کیا، ایک عمرہ حج کے ساتھ ملا کر کیا

925/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَجَّ وَاعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرَ فَقَرَنَ إِحْدٰى عُمَرَهُ الْاَرْبَعِ مَعْ حَجَّتِهٖ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے حج کیا اور چار عمرے کئے، آپ ﷺ نے اپنے چار عمروں میں سے ایک عمرہ اپنے حج کے ساتھ ملا کر کیا۔

(أخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حج کو عمرہ کے ساتھ ملا کر کیا تو دونوں کوفی ہوئے، الگ الگ کیا تو حج مکی ہوگا، عمرہ کوفی

926/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا اَرَدْتَ الْحَجَّ فَلَا تَدَعْ اَنْ تَقْرِنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيْعاً فَإِنَّكَ إِنْ اَفْرَدْتَ الْعُمْرَةَ كَانَتْ عُمْرَتُكَ كُوْفِيَّةً وَحَجَّتُكَ مَكِّيَّةً وَإِنْ اَحْرَمْتَ بِهِمَا جَمِيْعاً كَانَتْ

(٩٢٤) اخرجه في "جامع الآثار" لأبي حنيفة (٩٧٥). قلت: وقد اخرج احمد ٩٩:٣ والدار قطني ٢٨٨:٢ والحاكم في "المستدرك" ٤٧٢:١ وابونعيم في "اخبار اصفهان" ٢٥٠:١ والبيهقي في "السنن الكبرى" ٤٠:٥ عن انس بن مالك رضي الله عنه انهم سمعوه يقول: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يلبي بالحج والعمرة جميعاً يقول: "لبيك عمرة وحجا لبيك عمرة وحجا"۔

(٩٢٥) قد تقدم في (٩٢٤)۔

(٩٢٦) قد تقدم اصل لهذا الأثر في (٩٢٤)۔

عُمْرَتُكَ كُوْفِيَّةً وَحَجَّتُكَ كُوْفِيَّةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' (انہوں نے فرمایا) جب تو حج کا اردہ کرے تو حج اور عمرہ کو اکٹھا ملا کر کرنا نہ چھوڑ، کیونکہ اگر تو اکیلا عمرہ کرے گا تو تیرا عمرہ کوفی ہوگا اور تیرا حج مکی ہوگا اور اگر تو نے دونوں کو اکٹھا کیا تو تیرا عمرہ بھی کوفی ہوگا اور تیرا حج بھی کوفی ہوگا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده عن أبي القاسم بن أحمد بن عمر بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ
(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عرفات میں ظہر وعصر نہ پڑھ سکا،تو دونوں نمازیں الگ الگ اذان واقامت کے ساتھ پڑھے ☼

927/(اَبُو حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ إِذَا فَاتَكَ الظُّهْرُ وَالْعَصْرُ مَعَ الْإِمَامِ يَوْمَ عَرْفَةَ فَصَلِّ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بِاَذَانٍ وَإِقَامَةٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' جب امام کے ساتھ عرفات کے میدان میں تو امام سے ساتھ ظہر اور عصر کی نماز نہ پڑھ سکے تو دونوں نمازیں الگ اذان اور الگ اقامت کے ساتھ پڑھ۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ
(وأخرجه) الحسن ابن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عرفات میں اپنے خیمے میں نماز پڑھنی ہو تو دونوں نمازیں الگ الگ پڑھے ☼

928/(اَبُـو حَنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ إِذَا صَلَّيْتَ يَوْمَ عَرْفَةٍ فِي رِحْلِكَ فَصَلِّ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنَ الصَّلَاتَيْنِ لِوَقْتِهَا وَلَا تَرْتَحِلُ مِنْ مَنْزَلِكَ حَتّٰى تَفْرُغَ مِنَ الصَّلَاةَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ

(۹۲۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۴۳) وابن ابي شيبة ۲۵۲:۳ (۱۴۰۳۵) في الحج :باب في الرجل يصلي بعرفة في رحله ولا يشهد الصلاة مع الامام-

(۹۲۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۴۴) في الحج :باب الصلاة بعرفة وجمع-

فرماتے ہیں' جب تو عرفہ کے دن اپنے خیمے میں نماز پڑھے تو تو دونوں نمازوں میں سے ہر ایک اپنے وقت میں پڑھ اور اپنے خیمے سے اس وقت تک نہ نکل جب تک کہ تو نماز سے فارغ نہ ہو جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبهذا كان يأخذ أبو حنيفة وأما قولنا فإنه يصليهما فِي رحله كما يصليهما مع الإمام يجمعهما جميعاً بأذان وإقامتين لأن العصر إنما قدمت للوقوف وكذلك بلغنا عن عائشة رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا وعن عبد الله بن عمرو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما وعن عطاء بن أبی رباح وعن مجاهد رحمهما الله تعالى

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بھی اسی کو اپناتے تھے، ہم یہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے خیمے میں بھی اسی طرح نماز پڑھے جیسے وہ امام کے ساتھ ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ پڑھتا ہے، کیونکہ وقوف کی وجہ سے عصر کی نماز پہلے پڑھی جاتی ہے۔ اسی طرح ہمیں ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حدیث پہنچی ہے، اور حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی اسی جیسی حدیث پہنچی ہے۔

☼ مزدلفہ میں مغرب وعشاء ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ پڑھی جائے گی ☼

929/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الصَّلَاةِ بِجَمْعٍ قَالَ إِذَا صَلَّاهُمَا بَجَمْعٍ صَلَّیْتَهُمَا بِاَذَانٍ وَإِقَامَةٍ فَإِنْ تَطَوَّعْتَ بَیْنَهُمَا فَاجْعَلْ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ إِقَامَةً

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے مزدلفہ میں نماز کے بارے میں فرمایا' جب تو مزدلفہ میں نماز پڑھے تو ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ پڑھ اگر ان کے بیچ درمیان نوافل پڑھنی ہوں تو پھر ہر ایک کے لئے الگ اقامت ہو گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد ولا يعجبنا أن يتطوع بينهما

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: دونوں نمازوں کے درمیان نوافل پڑھنے سے ہمیں کوئی تعجب نہیں ہے۔

☼ وقوف عرفات کیلئے خیموں سے نکل کر کھلے آسمان کے نیچے آنا ضروری نہیں ہے ☼

930/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَنَّه' لَمْ یَكُنْ یَخْرُجُ یَوْمَ عَرَفَةٍ مِنَ الْبَیْتِ وَقَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ اَلتَّعْرِیْفُ الَّذِیْ یَصْنَعُهُ النَّاسُ لَیْسَ بِشَیْءٍ إِنَّمَا التَّعْرِیْفُ بِعَرَفَاتٍ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ

(۹۲۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۳۴۵) فی الحج :باب الصلاۃ بعرفة وجمع۔

(۹۳۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (۳۴۶) فی الحج :باب الصلاۃ بعرفة وجمع۔

عرفہ کے دن اپنے خیمے سے نہیں نکلا کرتے تھے اور حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: وہ تعریف (عرفات میں ٹھہرنا) جس کو لوگوں نے سمجھ رکھا ہے (کہ میدان میں ہی جانا ضروری ہے) وہ کچھ نہیں ہے تعریف (وقوف عرفات) تو عرفات میں (موجود ہونا) ہے۔ (خواہ کھلے آسمان تلے ہوں، یا اپنے خیمے میں)

931/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ اَنَّهُمَا اَفَاضَا مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِـيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ عَرَفَاتٍ إِلٰى جَمْعٍ فَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ يا اَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ فَإِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ فِي عَدَوِّ الْإِبِلِ وَإِنَّ بَعِيْرَهُ لَمْ يَزَلْ يَقْصَعُ بجرته حَتّٰى اَتٰى جَمْعًا

✧ حضرت''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت'' علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ دونوں حضرت''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کے ہمراہ عرفات سے مزدلفہ کی جانب آئے، ہم نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے''اے لوگو! سکون اور وقار کے ساتھ چلو، کیونکہ اونٹوں کو دوڑانے میں کوئی نیکی نہیں ہے'' اور ان کا اونٹ (اتنے اطمنان سے چل رہا تھا کہ پورا راستہ) مسلسل جگالی کرتا رہا یہانتک کہ وہ مزدلفہ میں پہنچ گئے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبى القاسم ابن أحمد بن عمر بإسناده المذكور إلى اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوقاسم ابن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جو لوگ رات کے وقت مزدلفہ سے مکہ آجائیں، وہ طلوع آفتاب سے پہلے رمی نہ کریں ☼

932/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ ضَعَفَةَ اَهْلِهٖ إِلٰى مَكَّةَ مِنْ جَمْعٍ جَعَلَ يُوْصِيْ إِلٰى كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ اَنْ لَا يَرْمِيَ الْجَمْرَةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

✧ حضرت''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے گھر والوں کو مزدلفہ سے مکہ کی جانب لے آتے تو ان میں سے ہر شخص کو یہ وصیت کرتے کہ طلوع آفتاب سے پہلے کنکریاں مت مارنا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبى القاسم بإسناده المذكور إلى اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے)

(۹۳۱) ... وقد اخرج احمد ۲۴۴:۱ وابن خزیمة (۲۸۶۳) والبیہقی فی "السنن الکبری" ۱۲۶:۵ عن ابن عباس ...مرفوعاً...: "یا ایہا الناس!علیکم بالسکینة یا ایہا الناس!علیکم بالسکینة"۔

حضرت ''ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نحر والے دن مسجد خیف سے تلبیہ پڑھتے ہوئے نکلے، لوگوں کو تعجب ہوا ☼

933/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' خَرَجَ مِنْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ يَوْمَ النَّحْرِ وَهُوَ يُلَبِّي فَتَعَجَّبَ النَّاسُ مِنْهُ فَزَادَ فِي تَلْبِيَتِهِ لَبَّيْكَ عَدَدَ التُّرَابِ ثُمَّ لَمْ يُعِدْهَا

☆☆ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے بارے میں روایت کرتے ہیں' وہ نحر کے دن مسجد خیف سے نکلے اور تلبیہ کہہ رہے تھے لوگوں نے ان پر بہت تعجب کیا تو انہوں نے اپنے تلبیہ میں یہ بھی کہا لبیک عدد التراب اس کے بعد آپ نے اس کو نہیں دہرایا۔

(اخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده باسناده المذكور الى اَبِي حَنِيْفَةَ

(واخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حج میں جس عورت کو ایام آ گئے اگر اس نے طواف کر لیا تو چلی جائے ☼

934/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ صَفِيَّةَ اَنْ تَنْفِرَ قَالَتْ إِنِّيْ حَائِضٌ فَقَالَ عَقْرٰى حَلْقٰى فَقَالَ اَمَا كُنْتَ طِفْتَ بِالْبَيْتِ قَالَتْ بَلٰى قَالَ فاصْدِرِيْ

☆☆ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ''صفیہ رضی اللہ عنہا'' کو روانگی کا حکم دیا، انہوں نے کہا: مجھے شرعی عذر ہو گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''عقری حلقی'' (تو بانجھ ہو جائے تیرے حلق میں تکلیف ہو، اہل عرب افسوس کے مقام پر بعض اوقات یہ لفظ بولا کرتے تھے) پھر فرمایا: کیا تو نے بیت اللہ کا طواف کر نہیں لیا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تو واپس چلی جا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو فِي مسنده باسناده السابق إلى اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں سابقہ اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم

(۹۳۲ : اخرجه ابن حبان (۳۸۶۳)والبخاری (۱۶۷۷) فی الحج :باب من قدم ضعفة اهله بلیل والترمذی (۸۹۲) فی الحج :باب ما جاء فی تقدیم الضعفة من جمع بلیل والبیهقی فی "السنن" ۱۲۳:۵ واحمد ۳۷۲:۱ والطبرانی فی "الکبیر" (۱۱۲۸۵)۔

(۹۳٤ : اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۲۳٤:۲ والطبرانی فی "الاوسط" (۸٦۱) والبیهقی فی "السنن الکبری" ۱٤٦:۵ واحمد ۸۵:٦ والشافعی فی "المسند" ۳٦۷:۱ (ترتیب السندی) والحمیدی (۲۰۱) وابن الجارود فی "المنتقی" (٤۹٦) وابن خزیمة (۳۰۰۲)۔

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما طواف میں رکن یمانی کا استلام کئے بغیر آگے نہیں گزرتے تھے ☼

935/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ (عَنْ) اَبِىْ سَعِيْدِ الْمَقْبَرِىْ اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَاَيْتُكَ إِذَا طِفْتَ بِالْبَيْتِ لَمْ تُجَاوِزِ الرُّكْنَ الْيَمَانِىْ حَتّٰى تَسْتَلِمَهُ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ فَفَعَلْتُهُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے، جب آپ بیت اللہ کا طواف کرتے ہیں تو رکن یمانی کا استلام کئے بغیر آگے نہیں بڑھتے (آپ رضی اللہ عنہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟) حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے کہا: میں نے رسول اکرم ﷺ کو ایسا کرتے دیکھا ہے اس لئے میں بھی ایسے کرتا ہوں۔

(أخرجه) القاضى عمر الأشنانى (عن) عبد الله بن منصور الكسائى (عن) الحارث بن عبد الله الحارثى (عن) حسان بن إبراهيم (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو فِى مسنده (عن) أبى القاسم بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم ابن حبيش البغوى (عن) محمد بن الشجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أبى الفضل بن خيرون (عن) خاله أبى على الباقلانى (عن) أبى عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى بإسناده المذكور إلى اَبِى حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِى مسنده فرواه (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن منصور کسائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حارث بن عبداللہ حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسان بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست

---

(۹۳۵) اخرجه فی "جامع الآثار" (۱۰٤۰)...وقد اخرج ابن ماجة (۲۹٤٦) واحمد ۸۹:۲ والبخاری ۱۸٦:۲ ومسلم ۲:۲ وابو داود (۱۸۷٤) والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۱۸۳:۲ عن سالم بن عبيد الله عن ابيه قال: لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يستلم من اركان البيت الا ركنا اسود الذى يليه من نحو دور الجمحيين۔

علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے مذکورہ اسناد کے ساتھ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سواری پر سوار ہو جاتے، جب سواری چلنے لگتی تو تلبیہ پڑھتے ☼

936/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدِ الْمَقْبَرِیِّ اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَاَیْتُكَ حِیْنَ اَرَدْتَّ اَنْ تَحْرُمَ رَكِبْتَ دَابَّتَكَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ اَحْرَمْتَ فَقَالَ اِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَفْعَلُ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عبداللہ بن ابوسعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ جب احرام باندھنے کا ارادہ کرتے ہیں تو آپ اپنی سواری پر سوار ہو جاتے ہیں اور قبلہ کی جانب سواری متوجہ ہو جاتی ہے پھر آپ احرام باندھتے ہیں (آپ ایسا کیوں کرتے ہیں؟) حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے کہا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ہی کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

(أخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) عبد الله بن أحمد (عن) الحارث بن عبد الله (عن) حسان بن إبراهيم (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي على الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني بإسناده المذكور فِي الحديث السابق إلى اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حارث بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسان بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے گزشتہ حدیث میں موجود اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک شخص کے حج کی خاطر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ پورے قافلے کو روک کر رکھا ☼

937/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ بَیْنَا هُوَ وَاقِفٌ

(۹۳۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۲٤) وابن حبان (۳۷٦۳) واحمد ۱۷:۲ والنسائي في "المجتبى" ۱۸۰:۱ ومالك في "الموطأ" ۳۳۳:۱ ومسلم (۱۱۸۷) (۲۵) والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ۱۸٤:۲ والبيهقي في "السنن الكبرى" ۳۱:۵۔

(۹۳۷) ...وقد اخرج احمد ۳۰۹:٤ والنسائي في "المجتبى" ۲۵٦:۵ وفي "الكبرى" (٤٠١١) وابن ماجة (۳۰۱۵) وابن خزيمة (۲۸۲۲) والحميدي (۸۹۹) والبخاري في "التاريخ الكبير" ۱۱:۲ وابو داود (۱۹٤۹) والترمذي (۸۸۹)۔

بِجَمْعٍ إِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَدِمْتُ السَّاعَةَ وَاَنَا مُهِلٌّ بِالْحَجِّ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ اَتَهْتَدِىْ إِلٰى عَرَفَاتٍ قَالَ لَا فَاَرْسَلَ مَعَهٗ رَجُلًا وَقَالَ اِنْطَلِقْ بِهٖ عَرَفَاتَ فَلْيَقِفْ بِهَا ثُمَّ اَعْجِلْ عَلَىَّ اِتَمَّ الْعِجَلَ فَاِنِّىْ حَابِسُ النَّاسِ عَلَيْكَ فَلَمَّا اَصْبَحَ عُمَرُ (رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ) وَقَفَ بِالنَّاسِ فَقَالَ هَلْ جَاءَ الرَّجُلُ هَلْ جَاءَ الرَّجُلُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا بِالنَّاسِ حَتّٰى جَاءَ الرَّجُلُ وَاَفَاضَ الرَّجُلُ وَاَفَاضَ النَّاسُ مَعَهٗ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' مزدلفہ میں ٹھہرے ہوئے تھے، ایک آدمی ان کے پاس آیا، اس نے کہا: اے امیر المؤمنین! میں ابھی ابھی آیا ہوں اور میں حج کا تلبیہ پڑھ رہا ہوں۔ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے اس سے پوچھا: کیا تم عرفات میں گئے ہو؟ اس نے کہا: جی نہیں۔ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' نے ایک آدمی کو اس کے ہمراہ بھیجا اور فرمایا: اس کو عرفات میں لے جاؤ تا کہ یہ وہاں پر وقوف کرے، پھر اسے جلدی میرے پاس لے آؤ اور بہت جلدی کرنا کیونکہ میں تمہاری وجہ سے لوگوں کو روک کر رکھوں گا، جب صبح ہوئی تو حضرت ''عمر فاروق رضی اللہ عنہ'' نے لوگوں کو روک رکھا اور پوچھا: فلاں شخص آ گیا ہے؟ فلاں شخص آ گیا ہے؟ حضرت ''عمر فاروق رضی اللہ عنہ'' لوگوں کو لے کر وہاں پر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ وہ آدمی آ گیا، پھر آپ نے روانگی اختیار کی اور سب لوگ آپ کے ساتھ روانہ ہوئے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري فِي مسنده (عن) أبي بكر أحمد بن على بن ثابت الخطيب (عن) أبي الحسن أحمد بن محمد بن أحمد القسعي (عن) أبي محمد جعفر بن محمد بن على بن الحسين الطاهرى (عن) أبي القاسم البغوى (عن) موسى بن أيوب (عن) حسان (عن) اَبِىْ حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن احمد بن محمد بن احمد قسعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جعفر بن محمد بن علی بن حسین طاہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

دورانِ طواف رسول اکرم ﷺ نے تین چکروں میں رمل کیا، چار چکر حسب معمول لگائے

938/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَمَلَ فِي طَوَافِهٖ بِالْبَيْتِ مِنَ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ إِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ ثَلَاثَةَ اَشْوَاطِ الْبَيْتِ كُلِّهٖ وَمَشَى الْاَرْبَعَةَ عَلٰى هَيْئَتِهٖ .

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے اپنے طواف میں حجر اسود سے حجر اسود تک تین چکروں میں رمل کیا اور چار چکر آرام کے ساتھ چلتے ہوئے لگائے۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما دورانِ طواف رکن یمانی کا استلام کئے بغیر گزرتے نہیں تھے

939/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ لَمْ يُجَاوِزِ الرُّكْنَ الْيَمَانِيْ حَتّٰى يَسْتَلِمَهٗ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اکرم ﷺ کو دیکھا، جب آپ ﷺ بیت اللہ کا طواف کرتے تو رکن یمانی کا استلام کئے بغیر

---

(۹۳۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۳۳) في الحج: باب الطواف والقراءة في الكعبة، وفي "الموطأ" ۱۵۳، ومسلم (۱۸۹۱)، وابو داود (۱۸۹۱)، والدارمي ۲۷۲:۱، والترمذي ۲۰۳:۲-

(۹۳۹) قد تقدم في (۹۳۵)-

آگے نہیں بڑھتے تھے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي بن محمد (عن) أبي الحسن (عن) علي بن عبد العزيز الطاهري (عن) أبي محمد الحسن اليقطيني (عن) يحيى بن علي بن محمد بن هاشم (عن) محمد بن إبراهيم بن أبي سكينة (عن) الإمام محمد بن الحسن رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد ''سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن ''سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبدالعزیز طاہری ''سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن یقطینی ''سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم ''سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن ابوسکینہ ''سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن ''سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو استلام کرتے دیکھا، اس لئے انہوں نے کبھی استلام ترک نہ کیا

940/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا) قَالَ مَا تَرَكْتُ اِسْتِلَامَ الْحَجَرِ مُنْذُ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''حضرت ''نافع ''سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر ''سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' میں نے جب سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے دیکھا ہے، اس وقت سے میں نے کبھی بھی اسود کا استلام ترک نہیں کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) علي بن محمد بن عبد الرحمن السرخسي (عن) عيسى بن نصر (عن) أبي يحيى الحماني (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری ''نے حضرت ''علی بن محمد بن عبدالرحمن سرخسی ''سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن نصر ''سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی ''سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ''سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف اور سعی سواری پر سوار ہو کر کی

941/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ سَعٰى بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مَعَ عِكْرِمَةَ فَجَعَلَ اِبْرَاهِيْمُ يَصْعِدُ الصَّفَا وَلَا يَصْعِدُ عِكْرِمَةَ وَيَصْعِدُ الْمَرْوَةَ وَلَا يَصْعِدُ عِكْرِمَةُ فَقُلْتُ لَهٗ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَلَا تَصْعِدُ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ فَقَالَ هٰكَذَا طَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ حَمَّادٌ فَلَقِيْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَحَكَيْتُ لَهٗ ذٰلِكَ فَقَالَ كَذَبَ اِنَّمَا طَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَهُوَ شَاكٍ يَسْتَلِمُ الْاَرْكَانَ بِمِحْجَنِهٖ فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فَمِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ لَمْ يَصْعِدِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

(٩٤٠) قد تقدم في (٩٣٥)-

(٩٤١) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (٢٤٦) وابن حبان (٣٨٢٩) ومسلم (١٢٧٢) في الحج: باب جواز الطواف على بعير وغيره والبخاري (١٦٠٧) في الحج: باب استلام الركن بمحجن وابو [illegible] والبيهقي في "السنن الكبرى" ٩٩:٥-

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ''عکرمہ رضی اللہ عنہ'' کے ہمراہ صفا اور مروہ کی سعی کی، حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' صفا پر چڑھتے لیکن حضرت ''عکرمہ رضی اللہ عنہ'' نہ چڑھتے، اسی طرح حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' مروہ پر چڑھتے، لیکن حضرت ''عکرمہ رضی اللہ عنہ'' نہ چڑھتے، آپ فرماتے ہیں' میں نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ صفا اور مروہ پر کیوں نہیں چڑھتے؟ انہوں نے کہا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح طواف کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے ملا تو ان کو یہ واقعہ سنایا، انہوں نے فرمایا: عکرمہ جھوٹ بول رہا ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری پر سوار حالت میں طواف کیا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کا استلام اپنی چھڑی کے ساتھ کرتے تھے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا اور مروہ کی سعی اپنی سواری پر کی، اس وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم صفا اور مروہ پر نہیں چڑھے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه عن اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثم قال محمد ويقول سعيد بن جبير نأخذ ينبغي أن يصعد الصفا ويستقبل القبلة حتى يراها ويدعو الله تعالى

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: اور حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں: صفا پر چڑھنا چاہئے اور قبلہ کی طرف متوجہ رہنا چاہئے، جب صفا پر چڑھ کر بیت اللہ شریف نظر آئے تو وہاں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنی چاہئے۔

☼ حضرت سعید بن جبیر نے کعبہ میں پہلی رکعت میں کوئی سورت پڑھی، دوسری میں سورۃ اخلاص پڑھی ☼

942/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهٗ قَرَاَ فِي الْكَعْبَةِ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِالْقُرْآنِ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِـقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد)

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی اور پہلی رکعت میں قرآن کی کوئی سورت پڑھی اور دوسری رکعت میں سورت قل هو اللّٰه احد پڑھی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ ثم قال محمد ولسنا نرى بأساً إذا كان يفهم ما يقول وهو قول اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے جب اس کی قراءت سمجھ آ رہی ہو۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

943/(اَبُو حَنِيْفَةَ) قَالَ قَرَاَ عَلَيَّ مَيْمُوْنُ بْنُ مِهْرَان فِي قِرَاءَ ةِ اَبِی (إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ

(٩٤٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (٣٣٦) في الحج: باب الطواف والقراءة في الكعبة وعبد الرزاق (٢٨٥٠) في الصلاة: باب قراءة السور في الركعة وابن ابي شيبة ٢:٥٠٣ في الصلاة: باب في القرآن في كم يختم؛ واحمد في "الزهد" ٤٤٣-

حَجَّ الْبَيْع اَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا)

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' مجھے حضرت ''میمون بن میران رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابی بن کعب رضی اللہ عنہ'' کی قرأت کے مطابق یہ آیات اس طرح سنائیں

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا

''بیشک صفا اور مروہ اللہ کے نشانوں سے ہیں تو جو اس گھر کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں کے پھیرے کرے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي سعد أحمد بن عبد الجبار (عن) علي بن علي البصري (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) محمد بن أحمد بن عبد الله بن زياد (عن) محمد بن إسحاق (عن) سعدان بن يحيى اللخمي الدمشقي (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعد احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن علی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن عبداللہ بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعدان بن یحییٰ لخمی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ در اقدس پر مواجہہ شریف کی طرف سے پشت قبلہ کی جانب کر کے حاضری دینی چاہئے ☼

944/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ تَأْتِيَ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلَ الْقِبْلَةِ وَتَجْعَلُ ظَهْرَكَ اِلَى الْقِبْلَةِ وَتَسْتَقْبِلُ الْقَبْرَ بِوَجْهِكَ ثُمَّ تَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه'

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' نے فرمایا: سنت یہ ہے کہ تم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مبارک پر قبلہ کی جانب سے آؤ اور اپنی پشت قبلہ کی جانب کرلو اور اپنا چہرہ مزار شریف کی طرف کرلو پھر کہو

السلام علیك ایھاالنبی ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) عثمان بن سعيد (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن سعید

(٩٤٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الموطأ" ٢١٤ والطحاوي في "شرح معاني الآثار" ٢:٢٦٣ وابن ابي شيبة ٣:٢٠٣ في المناسك: باب من رخص في دخول مكة بغير احرام والبيهقي في "السنن الكبرى" ٥:١٧٨ ومالك في "الموطأ" ١:٤٢٣-

سے،انہوں نے حضرت''ابوعبدالرحمن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مدینہ،شام اور نجد والوں کیلئے میقات کا بیان ☼

945/ (اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) یَحْیی بْنِ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ نَافِعاً اَخْبَرَهٗ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا یَقُوْلُ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ اَیْنَ الْمُهَلُّ فَقَالَ یُهِلُّ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ مِنَ الْعُقَیْقِ وَیُهِلُّ اَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَیُهِلُّ اَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ

☆☆ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''حضرت''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں'حضرت''نافع رضی اللہ عنہ'' نے بیان کیا ہے:میں نے حضرت''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے'ایک آدمی کھڑا ہوا اور عرض کرنے لگا:یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تلبیہ کہاں سے شروع کیا جائے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اہل مدینہ مقام''عقیق'' سے اہل شام''جحفہ'' سے اور اہل نجد''قرن'' سے احرام شروع کریں۔

(اخرجه) ابو محمد البخاری (عن) صالح بن ابی رمیح كتابة (عن) عبد الله بن القاسم البصری (عن) مطهر بن غالب هو ابو الهذيل (عن) زفر بن الهذيل (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''صالح بن ابو رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)،انہوں نے حضرت''عبداللہ بن قاسم بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مطہر بن غالب ہو ابوہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کلمہ تقویٰ سے مراد تلبیہ اور تکبیر ہے ☼

946/ (اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) مُوْسٰی بْنِ اَبِیْ كَثِیْرٍ اَبِی الصَّبَاحِ عَمَّنْ حَدَّثَهٗ (عَنْ) عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ (رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ) اَنَّهٗ رَاٰهُمْ یُهَلِّلُوْنَ وَیُكَبِّرُوْنَ عِنْدَ الْجَمْرَةِ فَقَالَ هِیَ وَاللّٰهِ هِیَ فَسُئِلَ عَنْ قَصْدِهٖ بِذٰلِكَ فَقَالَ (كَلِمَةَ التَّقْوٰی وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا)

☆☆ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''حضرت''موسیٰ بن ابی کثیر ابوصباح رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے،اس شخص سے روایت کرتے ہیں جس نے اس کو حضرت''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے'حضرت''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے ان کو دیکھا کہ جمرہ کے قریب تلبیہ اور تکبیر پڑھ رہے ہیں۔آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:یہی ہے،اللہ کی قسم یہی ہے۔پھر حضرت''عمر فاروق رضی اللہ عنہ'' سے پوچھا گیا:آپ کا ارادہ کیا تھا؟ تو آپ نے فرمایا:

(٩٤٥) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٣٢٢) وابن حبان (٣٧٥٩) ومالك في "الموطأ" ١: ٣٣٠ في الحج:باب مواقيت الحج والنسائي في "المسند" ٧٦١ والدارمي ٢: ٣٠ والبيهقي في "السنن الكبرى" ٥: ٢٦ والبخاري (١٥٢٢) في الحج:باب فرض مواقيت الحج والعمرة

(٩٤٦) اخرجه عبد بن حميد وابن المنذر وابن مردويه والبيهقي عن علي الازدي قال: كنت مع ابن عمر رضي الله عنه بين مكة ومنى فسمع الناس يقولون لا اله الا الله والله اكبر فقال: هي هي فقلت: ما هي هي؟ قال: "والزمهم كلمة التقوى" كذا قال السيوطي في "الدر المنثور" ٧: ٥٣٢-

كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ كَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا

''اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) ابن عقدة (عن) جعفر ابن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر ابن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے'' والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جب حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھا تو دو طواف کرنا ہونگے اور دو مرتبہ سعی کرنا ہوگی ☼

947/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِيْ نَصْرِ الْبَلْخِيْ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَـالِبٍ رَضِـيَ الـلّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' قَالَ اِذَا اَهْلَلْتَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَطُفْ لَهُمَا طَوَافَيْنِ وَاسْعَ لَهُمَا سَعْيَيْنِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابونصر بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: جب تو حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ کہے تو ان دونوں کے لیے دو طواف کر اور دونوں کے لئے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کر۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو البلخي فِي مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) ابي على بن شاذان (عن) أبي نصر بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(ورواه) (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع

(عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ وزاد فيه قال منصور بن المعتمر فنيت مجاهداً وهو يفتي الناس بطواف واحد وسعي واحد فأخبرته بهذا عن علي فقال لو سمعته قبل اليوم ما أفتيت إلا بطوافين وسعيين وأما بعد اليوم فلا أفتي إلا بهما

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۹٤٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (۳۲٥) والبيهقي في "السنن الكبرى" ٥:١٠٨ والدارقطني في "السنن" (٢٦٠٦) في الحج باب المواقيت والحافظ ابن حجر في "الدراية" ٢:٣٥ والزيلعي في "نصب الراية" ٣:١١١-

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس میں یہ اضافہ بھی ہے قال منصور بن المعتمر فلقيت مجاهداً وهو يفتي الناس بطواف واحد وسعي واحد فاخبرته بهذا (عن) علي فقال لو سمعته قبل اليوم ما افتيت الا بطوافين وسعيين واما بعد اليوم فلا افتي الا بهما (منصور بن معتمر کہتے ہیں: میں حضرت مجاہد سے ملا، وہ اس معاملے میں لوگوں کو ایک طواف اور ایک سعی کرنے کا فتویٰ دیا کرتے تھے، میں نے ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول سنایا، انہوں نے کہا: اگر میں یہ قول پہلے سن لیتا تو میں دو طوافوں اور دو سعیوں کا ہی فتویٰ دیتا، لیکن اب میں آئندہ دو طواف اور دو سعیوں کا ہی فتویٰ دوں گا۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۰۰۸) اخرجه البیهقی فی السنن الکبری (۱۰۸۰) فی النذور: باب الهدی فیما رکب واختلاف الروایات فیه وذکره ایضاً الحافظ ابن حجر فی الفتح ۵۸۹:۱۱

حضور ﷺ نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کو حکم دیا کہ حقیقت حال سے آگاہی لیجئے۔ حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' نے جا کر تحقیق کی تو وہ ایک عورت تھی جو ننگی تھی۔ حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' نے پوچھا: تم ایسے کیوں ہو؟ اس نے کہا: میں نے منت مانی تھی کہ میں ننگے بدن پیدل چل کر حج کروں گی اور اپنے بالوں کو بکھیر کر رکھوں گی۔ میں دن کے وقت کہیں نہ کہیں رک جاتی ہوں اور رات کے وقت سفر کرتی ہوں اب راستہ بھول گئی ہوں۔ رسول اکرم ﷺ کو اس بات کی اطلاع دی گئی تو حضور ﷺ نے حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے فرمایا، اس کے پاس واپس لوٹ کر جاؤ اور اس کو کہو کہ وہ سوار ہو کر جائے اور کپڑے پہن لے اور جا کر قربانی کردے

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي الحسن علي بن محمد بن عبيد (عن) أحمد بن جرير (عن) هوذة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) محمد بن مخلد (عن) محمد ابن عبد العزيز (عن) أحمد بن جرير (عن) هوذة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) إبراهيم (عن) عبد الله بن شيبة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) إبراهيم بن عبد الرحيم (عن) هوذة (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) أبي بكر الخياط (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر الأشناني بإسناده المذكور إلى اَبِي حَنِيْفَةَ

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوحسن علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جریر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہوذہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جریر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہوذہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہوذہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی سند کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ام المومنین نے عذر کی وجہ سے عمرہ کا احرام چھوڑ کر حج کیا، بعد میں عمرہ کرلیا ☼

1009/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَدِمَتْ

(۱۰۰۹) قد تقدم في (۹۶۳)

مُتَمَتِّعَةً وَهِيَ حَائِضٌ فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَفَضَتْ عُمْرَتَهَا وَاسْتَأْنَفَتِ الْحَجَّ حَتّٰى إِذَا فَرَغَتْ مِنْ حَجِّهَا اَمَرَهَا اَنْ تَصْدُرَ إِلَى التَّنْعِيمِ مَعَ اَخِيْهَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "اسود رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' ام المؤمنین سیدہ "عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا" حج تمتع کی نیت کرکے آئیں، اس وقت وہ ایام میں تھیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا، انہوں نے اپنا عمرہ چھوڑ دیا اور حج نئے سرے سے کیا۔ یہاں تک کہ جب وہ اپنے حج سے فارغ ہوگئیں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ اب تم اپنے بھائی عبدالرحمٰن کے ساتھ تنعیم تک جاؤ اور مقام تنعیم سے دوبارہ عمرہ کرو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) الربيع بن حسان الكشی (عن) سفيان بن وكيع (عن) مصعب بن المقدام (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت "ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "ربیع بن حسان کشی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "سفیان بن وکیع رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ" سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں حجامہ کروایا

1010 (اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

امام اعظم ابوحنیفہ حضرت "حماد" سے، وہ حضرت "سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ" سے، وہ حضرت "عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما" سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں حجامہ کروایا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) أبيه (عن) أبی مقاتل السمرقندی (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت "ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے "والد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں حجامہ کروایا

1011 (اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الْعَالِيَةِ (عَنْ) طَاوُسٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" حضرت "ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "طاؤس رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت

(١٠١٠) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (٢٤٢) وابو يعلی (٢٣٩٠) والحميدی (٥٠١) وابن ماجة (٣٠٨١) فی المناسك: باب الحجامة للمحرم والدار قطنی ٢٣٩:١ فی الحج والبيهقی فی السنن الكبری ٢٦٢:٤ واحمد ٢١٥:١ وابو داود (١٨٣٥) فی المناسك: باب المحرم يحتجم۔

(١٠١١) قد تقدم وهو حديث سابقه

''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں حجامہ کروایا۔

(أخرجه) أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) هبة الله بن المبارك (عن) خالد بن عبد الله (عن) الحسن بن أحمد بن موسى (عن) محمد بن عبد الرحمن يعني المخلص (عن) أحمد بن أبي داود السختياني (عن) عمر بن رستة (عن) أبي عاصم (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ہبۃ اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن احمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن یعنی مخلص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن ابو داؤد سختیانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن رستہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ محرم اشرفیوں کیلئے ہمیانی وغیرہ باندھ سکتا ہے ☼

1012/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) خَارِجَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيْ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ الْهِمْيَانِ لِلْمُحْرِمِ فَقَالَ لَا بَأْسَ بِهٖ

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''خارجہ بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، میں نے حضرت ''سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ'' سے پوچھا: کیا محرم (اشرفیوں وغیرہ کیلئے) ہمیانی باندھ سکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن محمد بن نعيم (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ قال الحافظ ورواه وكيع بن الجراح (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ أيضاً

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں، اسی حدیث کو حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ محرم شکار کا گوشت زادِ راہ کے طور پر ساتھ رکھ سکتا ہے ☼

1013/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) جَدِّهٖ اَنَّهٗ قَالَ كُنَّا نَحْمِلُ لُحُوْمَ الصَّيْدِ زَاداً

(١٠١٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٣٦٦) في الحج :باب ما يصلح للمحرم من اللباس والطيب وابن ابي شيبة ٥١:٤ في الحج :باب في الهميان للمحرم والدار قطني ٢٣٢:٢ والبيهقي في السنن الكبرى ٦٩:٥

وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے ''دادا رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ محرم ہوا کرتے تھے اور ہم اپنے ہمراہ زادِ راہ کے طور پر شکار کا گوشت ساتھ رکھا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) علی بن محمد بن عبيد (عن) علی بن عبد الملك بن عبد ربه (عن) أبی يوسف (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) صالح بن عثمان بن سعيد (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فِي مسنده (عن) أبی محمد جعفر بن محمد بن الحسين السراج (عن) أحمد بن علی البغدادی (عن) أبی القاسم الأزهری (عن) الحافظ علی بن عمر الدارقطنی (عن) أبی الحسن محمد بن عبد الله بن زكريا النيسابوری (عن) أبی عبد الرحمن أحمد بن شعيب النسائی (عن) عمار بن الحسن النسائی (عن) عبد الله وهو أبو سعيد الدشتكی (عن) إبراهيم بن ميمون الصائغ (عن) حماد بن أبی سليمان (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(قال) ابن خسرو وروی هذا الحديث حماد أستاذ اَبِی حَنِيْفَةَ (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ لجلالة قدره وقد مات حماد رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی سنة عشرين ومائة بالكوفة

(ورواه) (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی (عن) أبی إسحاق إبراهيم ابن سعيد الحبال (عن) أبی الحسن أحمد بن محمد بن مرزوق (عن) أبی الحسن محمد بن عبد الله بن زكريا النيسابوری (عن) أحمد بن شعيب (عن) عمار بن الحسين (عن) عبد الله بن سعد السعدی (عن) إبراهيم بن ميمون الصائغ (عن) حماد بن أبی سليمان أستاذ اَبِی حَنِيْفَةَ (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحسن ابن زياد عن اَبِی حَنِيْفَةَ

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبدالملک بن عبدربہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن عثمان بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابومحمد جعفر بن محمد بن حسین سراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن علی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن عبداللہ بن زکریا نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن حسن نسائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد

اللہ علیہ'' سے، (یہ حضرت ''ابوسعید دمشقی علیہ'') انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن میمون صائغ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابو سلیمان علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت ''ابن خسرو علیہ'' فرماتے ہیں' یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' کے استاذ حضرت ''حماد علیہ'' نے اپنی جلالت قدر کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال سن ۱۲۰ ہجری میں کوفہ میں ہوا۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن سعید حبال علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن احمد بن محمد بن مرزوق علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن عبداللہ بن زکریا نیشاپوری علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن شعیب علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن حسین علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن سعد سعدی علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن میمون صائغ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابی سلیمان علیہ'' (جو کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' کے استاذ ہیں) سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قربانی کے جانور پر سواری کی جاسکتی ہے ☼

1014 (اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ اُمَيَّةَ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِى الْمَخَارِقِ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلاً يَسُوْقُ بُدْنَةً فَقَالَ اِرْكَبْهَا

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' حضرت ''ابوامیہ عبدالکریم بن ابومخارق علیہ'' سے، وہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا جو اپنی قربانی کا جانور ہانک کر لے جا رہا تھا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اس کے اوپر سوار ہو جا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن رميح كتابة (عن) يحيى بن خالد المهلبی عن أبی معاذ خالد بن سليمان (عن) اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری علیہ'' نے حضرت ''صالح بن رمیح علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن خالد مہلبی علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاذ خالد بن سلیمان علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۰۱۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۳۶۰) والبيهقی فی "السنن الكبرى" ۱۸۹:۵ من طريق ابی حنيفة ومالك فی "الموطأ" ۳۵۰:۱ (۷۷) فی المناسك: باب ما يجوز للمحرم اكله من الصيد وعبدالرزاق ۴۳۴:۴ (۸۳۴۸)-

(۱۰۱۴) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (۲۵۴) وابن ماجة (۳۱۰۴) واحمد ۱۷۰:۳ والدارمی (۱۹۱۹) والبخاری ۲۰۵:۲ وفی "الادب المفرد" له (۷۷۲) والترمذی (۹۱۱) والنسائی ۱۷۶:۵ وابن خزيمة (۲۶۶۲) وعبد بن حميد (۱۴۱۱)-

محرم نے شتر مرغ کا انڈہ توڑا تو اس پر اس کی قیمت واجب ہے

1015/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) خَـصِـيْفٍ (عَـنْ) اَبِيْ عُبَيْدَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قِيْمَةُ بِيْضِ النِّعَامِ إِذَا اَصَابَهُ الْمُحْرِمِ هِيَ الْوَاجِبُ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' حضرت ''خصیف'' سے، وہ حضرت ''ابوعبیدہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، محرم شتر مرغ کے انڈے کو توڑے تو اس کی قیمت اس پر واجب ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) أحمد بن حازم (عن) عبد الله بن موسى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ قال الحافظ ورواه أبو يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ أيضاً

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(ورواه) (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار (عن) القاضي أبي القاسم علي بن أبي علي البصري (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد عن اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو (عن) أبي سعيد بن أبي القاسم (عن) القاضي أبي القاسم علي بن أبي علي البصري (عن) القاسم ابن محمد بن الثلاج (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) أحمد تميم بن عباد (عن) حامد بن آدم (عن) محمد بن الفضل أنه قال دخلنا مع اَبِي حَنِيْفَةَ على خصيف فلما أبصر بأَبِي حَنِيْفَةَ شخص فظننا أنه لو علم به لاستقبله فأشار إليه أبو حنيفة أن مكانك فجلس فلما انتهينا إليه قبض على يد اَبِي حَنِيْفَةَ فسأله سؤالاً دقيقاً على حياء وتعزير له قال فما زال قابضاً على يد اَبِي حَنِيْفَةَ حتى رد أبو حنيفة يده قال ومد يد اَبِي حَنِيْفَةَ للمجلسة معه فأبى أبو حنيفة وجلس بين يديه معنا وسأله عن حديث ابن مسعود فِي بيض النعام فحدثه به

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعباس بن عقدہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن موسیٰ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت ''حافظ طلحہ'' فرماتے ہیں اس حدیث کو حضرت امام ''ابو یوسف'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے۔ اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے۔ اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو

(۱۰۱۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الحجة على أهل المدينة" ۲:۳۵۸ وابو يوسف في "الآثار" ۱۰۵ وفي "اختلاف أبي حنيفة وابن أبي ليلى" ۱۴۲ وابن أبي شيبة ۳:۳۷۰ وعبد الرزاق ۴:۱۳۰۳ في الحج باب بيض النعام۔

سعید احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم ابن محمد بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد تمیم بن عباد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حامد بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، حضرت ''محمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ہم حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے ہمراہ حضرت ''خصیف رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس گئے، جب انہوں نے امام اعظم کو دیکھا تو اٹھ کر کھڑے ہو گئے، ہم سمجھے اگر ان کو پتا چل گیا تو وہ آگے آئیں گے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو اشارہ کیا کہ وہ اپنی جگہ رہیں، پھر وہ بیٹھ گئے، جب ہم ان کے پاس پہنچے، تو انہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا دست مبارک تھاما پھر حیاء اور تعظیم کا لحاظ کرتے ہوئے بہت سارے دقیق سوالات پوچھے، انہوں نے بہت دیر تک امام اعظم کا ہاتھ پکڑے رکھا، حتیٰ کہ امام اعظم نے ان کا ہاتھ ہٹایا، لیکن انہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہاتھ پکڑ کر کھینچا اور وہ ان کو اپنے ساتھ بٹھانا چاہ رہے تھے، لیکن امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے ہمراہ بیٹھنے سے انکار کر دیا اور ہمارے ہمراہ ان کے سامنے بیٹھ گئے۔ پھر ان سے شترمرغ کے انڈوں کے بارے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ والی حدیث کے بارے پوچھا۔

☼ام المومنین تمتع کی نیت سے آئی تھیں، عذر کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا عمرہ چھڑوا دیا☼

1016/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَدِمَتْ مُتَمَتِّعَةً وَهِيَ حَائِضٌ فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَفَضَتْ عُمْرَتَهَا

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ایک شخص سے، وہ ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین رضی اللہ عنہا حج تمتع کے لئے آئیں، ان کو عذر ہو گیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا، انہوں نے اپنا عمرہ چھوڑ دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد (عن) القاسم بن محمد (عن) أبی بلال محمد بن محمد الأشعری الکوفی (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد الهمدانی الکوفی (عن) أبیه (عن) القاسم بن محمد (عن) محمد

(ورواه) (عن) محمد بن المنذر (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) إبراهیم بن الجراح کلاهما (عن) أبی یوسف (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبلال محمد بن محمد اشعری کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو

(۱۰۱۶) قد تقدم فی (۹۶۳) و (۱۰۰۹)۔

حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد ہمدانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم ﷺ نے عذر کی وجہ سے ام المومنین کا عمرہ ختم کروادیا، اس کیلئے ایک گائے ذبح کی ☼

1017/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهُ اَمَرَ بِرَفْضِ عُمْرَتِهَا وَذَبَحَ لِرَفْضِ الْعُمْرَةِ بَقَرَةً

✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ایک آدمی سے، وہ ام المومنین سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ام المومنین کو عمرہ ختم کرنے کا حکم دیا اور ان کے عمرہ چھوڑنے کی وجہ سے ایک گائے ذبح کی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) محمد بن المنذر الهروى (عن) أحمد بن عبد الله الكندى (عن) إبراهيم الجراح (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منذر ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قربانی کا جانور روانہ کیا، دوسرا خرید لیا، پھر پہلا بھی مل گیا، ام المومنین نے دونوں کو نحر کیا ☼

1018/(اَبُـو حَنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا سَاقَتْ بُدْنَةً فَضَلَّتْ فَاشْتَرَتْ مَكَانَهَا اُخْرٰى ثُمَّ وَجَدَتْ الْاُوْلٰى فَنَحَرَتْهُمَا

(۱۰۱۷) قد تقدم فی (۱۰۰٤)۔

(۱۰۱۸) ... قلت: وقد اخرج مالك فی "الموطأ" ۳۸۱:۱ وابن خزيمة ۱۵۵:٤ والحاكم فی "المستدرك" ٦١٦:۱ والبيهقی فی "السنن الكبرى" ۲٤۲:۵ والدار قطنی (۲۵۰۵) فی الحج: باب المواقيت واللفظ له عن ابن عمر رضی الله عنهما قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "من اهدى تطوعاً ثم ضل فليس عليه البدل الا ان يشاء وان كانت نذراً فعليه البدل"۔

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' سیدہ ''عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' نے اپنی قربانی کا جانور روانہ کیا، وہ راستے میں گم ہو گیا، ام المؤمنین نے اس کی جگہ دوسرا جانور خریدا، پھر پہلا بھی مل گیا، تو ام المؤمنین رضی اللہ عنہا'' نے ان دونوں کو نحر کیا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فِي مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے صفا، مروہ کی سعی کی اور رمل نہ کیا، اس پر کوئی حرج نہیں ☼

1019/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَيْمُوْنَ بْنِ مِهْرَانِ (وَ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ اَنَّهُمَا قَالَا مَنْ طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ وَلَمْ يَرْمَلْ فَلَيْس عَلَيْهِ شَیْءٌ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ)

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''میمون بن مہران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان دونوں نے فرمایا: جس نے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی اور رمل نہ کیا، اس پر کوئی حرج نہیں ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ)

''بے شک صفا اور مروہ اللہ کے نشانوں میں سے ہیں''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أبي العباس ابن عقدة (عن) القاسم بن محمد (و) أبي بلال (عن) أبي يوسف (عن) اَبِی حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۰۱۹) ... قلت: وقد اخرج ابن ماجة (۲۹۵۲) واحمد ۱:۴۵ والبخاری (۱۶۰۵) وابو یعلی (۱۸۸) والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" ۲:۱۸۲ والحاکم فی "المستدرک" ۱:۴۵۴ عن زید بن اسلم عن ابیه قال: سمعت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ یقول: "فیم الرملان والکشف عن المناکب وقد اطأ الله الاسلام ونفی الشرک! قال: نعم قال: وما ذلک! ندع شیئاً کنا نفعله علی عهد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم "!

☼ متمتع نے حج میں تین روزے نہ رکھے، ہدی لازم ہے، ایام نحر سے تاخیر کرے گا تو دم بھی لازم ہوگا ☼

1020/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ الْمَتَمَتِّعَ إِذَا لَمْ يَكُنْ صَامَ ثَلاثَةَ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ فَلا بُدَّ مِنَ الْهَدْيِ فَإِنْ مَضَتْ اَيَّامُ النَّحْرِ قَبْلَ اَنْ يَهْدِيَ فَعَلَيْهِ الْهَدْيُ وَعَلَيْهِ دَمٌ لِتَأْخِيْرِ الْهَدْيِ وَحَدَّثَنِي اَيْضاً اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ إِسْحَاقِ بْنِ اَبِيْ إِسْرَائِيْلَ قَالَا حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ اَحْمَدَ قَالَ (حَدَّثَنَا) اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧ ✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حج تمتع کرنے والا جب حج کے دوران تین روزے نہ رکھ سکے تو اس کو ہدی دینا ضروری ہے، اگر نحر کے ایام گزر جائیں اور وہ ہدی نہ دے سکے، تو اس کے اوپر ایک ہدی بھی لازم ہے اور ہدی میں تاخیر کرنے کی وجہ سے دم واجب ہے۔

(۱۰۲۰) اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (۳۴۲) فی الحج :باب العمرۃ فی اشھر الحج وغیرھا وذکرہ العثمانی فی ''اعلاء السنن'' ۱۰:۳۳۵(۲۸۷۵) فی الحج :باب اذا لم یجد القارن او المتمتع الھدی فعلیہ صیام ثلاثۃ... -

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡبَابُ التَّاسِعُ فِی الۡبُیُوۡعِ

وَاَنَّہٗ یَشۡتَمِلُ عَلٰی اَرۡبَعَۃِ فُصُوۡلٍ

اَلۡفَصۡلُ الۡاَوَّلُ فِی التَّحۡرِیۡضِ عَلَی التِّجَارَۃِ وَالصِّدۡقِ فِیۡھَا وَالمبرۃ مِنۡھَا

اَلۡفَصۡلُ الثَّانِیۡ فِی الۡعُقُوۡدِ الۡمَنۡھِی عَنۡھَا وَالَّتِیۡ لا بَأۡسَ بِھَا

اَلۡفَصۡلُ الثَّالِثُ فِیۡمَا یَثۡبُتُ فِیۡہِ الۡخِیَارُ

اَلۡفَصۡلُ الرَّابِعُ فِی الۡاِخۡتِلَافِ الۡوَاقِعِ فِی الۡعَقۡدِ

نواں باب: بیوع کے بیان میں' یہ چار فصلوں پر مشتمل ہے

پہلی فصل تجارت کی ترغیب دلانے اوراس میں سچ بولنےاور خیرخواہی کے بیان میں،

دوسری فصل میں جائز اور ناجائز طریقہ تجارت کا بیان ہے۔

تیسری فصل میں عقد بیع میں ثابت ہونے والے اختیارات کا بیان ہے

چوتھی فصل میں خرید وفروخت میں پیدا ہونے والے اختلافات کا بیان ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِی التَّحْرِیْضِ عَلَی التِّجَارَةِ وَالصِّدْقِ فِیْهَا والمبرة مِنْهَا

پہلی فصل تجارت اوراس میں سچ بولنے کی ترغیب دلانے کے بیان میں

☼ سچا تاجر قیامت کے دن انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ہمراہ ہوگا ☼

1021/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ (عَنْ) اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدَرِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اَلتَّاجِرُ الصُّدُوْقُ مَعَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حسن بن حسن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سچ بولنے والا تاجر قیامت کے دن انبیاء کرام، صدیقین، شہدا اور صالحین کے ہمراہ ہوگا۔

(أخرجه) البخاری (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل بن توبة القزوینی (عن) الإمام محمد بن الحسن الشیبانی (عن) الإمام اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) الحافظ أبو القاسم طلحة بن محمد بن جعفر الشاهد العدل فِی مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد بن جعفر العطار (عن) عبد الله بن أحمد ابن یزید الخیفی (عن) عبد الله بن عبدان (عن) عبد الله بن المبارك (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر شاہد عدل رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد بن جعفر عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن احمد بن یزید خیفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن عبدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ سچے تاجروں کے علاوہ باقی سب تاجر قیامت کے دن فاسق اٹھائے جائیں گے ☼

1022/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) إِسْمَاعِیْلَ بَیَّاعِ السَّابِرِیْ (عَنْ) رَافِعِ بْنِ خُدَیْجٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِنَّکُمْ تُبْعَثُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فُجَّاراً إِلَّا مَنْ بَرَّ وَصَدَقَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''اسماعیل بیاع سابری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے گروہ تاجران (تین مرتبہ یہی ارشاد فرمایا) بے شک تم قیامت کے دن فاسق وفاجر کی کیفیت میں اٹھائے جاؤ گے سوائے اس کے کہ جس نے بھلائی اختیار کی اور سچ بولا۔

(۱۰۲۱) اخرجه البغوی فی شرح السنة ۲۰۱:٤ (۲۰۱۸) فی البیوع: باب اباحة التجارة والترمذی ۵۱۵:۳ (۲۹) فی البیوع: باب ماجاء فی التجارة وتسمیة النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایاهم والدارمی ۳۲۲:۲ (۲۵۳۹) فی البیوع: باب فی التاجر الصدوق والدارقطنی فی السنن ۶:۳ (۲۷۸۹) فی البیوع والحاکم فی المستدرک ۶:۲

(أخرجه) الحافظ أبو القاسم عبد الله بن محمد بن أبي العوام السعدی فِی مسنده (عن) محمد بن أحمد بن حماد (عن) أحمد بن يحيى الأزدی الكوفِی (عن) عبد الرحمن بن دبیس (عن) بشر بن زیاد (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(اخرجه) حافظ ابو قاسم عبد الله بن محمد بن ابو العوام السغدی فِی مسنده

اس حدیث کوحضرت ''حافظ ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوعوام سغدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یحیٰی ازدی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن دبیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ صحابہ کرام صلی اللہ علیہ وسلم اچھی ادائیگی کرنے والے تھے ☼

1023/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ صَخْرَةَ جَامِعِ بْنِ شَدَّادِ الْمَحَارِبِیِّ قَالَ وَافَيْنَا الْمَدِيْنَةَ بِتِجَارَةٍ فَابْتَاعَ مِنْهَا رَجُلٌ لَا نَعْرِفُهُ فَتَذَاكَرْنَا ذٰلِكَ فِيْمَا بَيْنَنَا فَقَالَتْ عَجُوْزٌ لَنَا اَرْبِعُوا فَلَقَدْ بَايَعْتُمْ رَجُلاً لَمْ يَكُنْ لِيَقِفُ عَلٰى رَجُلٍ اَنْ يَّلْبِسَهُ سِنَانَ الْغَدْرِ فَاَرْسَلَ اِلَيْنَا فَاَتَيْنَاهُ فَنَثَرَ التَّمَرَ عَلٰى اَنْطَاعٍ ثُمَّ قَالَ كُلُوْا فَاَصْدَرْنَا مِنْهُ شَبْعاً ثُمَّ سَقَانَا لَبَناً حَتّٰى رَوَانَا عَنْهُ رِياً ثُمَّ اَوْفَانَا فَاَفْضَلَ فَلَمْ نَرَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ فِی الْوَفَاءِ فَسَاَلْنَا عَنْهُ فَقِيْلَ عَلِیّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوصخرہ جامع بن شداد محاربی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں، ہم مدینہ منورہ میں تجارت کیلئے گئے، وہاں سے ایک آدمی نے ہم سے سوداخریدا، جس کو ہم پہچانتے نہیں تھے، ہم آپس میں اس کا ذکر کرنے لگ گئے تو ہمارے ہاں ایک بوڑھی خاتون نے کہا: تم توقف کرو کیونکہ تم نے ایسے آدمی کو سودا بیچا ہے، جو ایسے آدمی کے پاس ٹھہر ہی نہیں سکتا، جو کسی کو دھوکہ دے، اس آدمی نے ہمیں بلوایا، پھر ہم اس کے پاس گئے، اس نے ایک چٹائی کے اوپر کھانا لگا دیا اور کہا: کھاؤ ہم نے پیٹ بھر کر کھایا، پھر اس نے ہمیں دودھ پلایا اور ہم نے پیٹ بھر کر دودھ پیا پھر مزید بھی اس نے بہت کچھ عطا فرمایا، ہم نے اس جیسا ادائیگی کرنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔ ہم نے ان کے بارے میں پوچھا، تو بتایا گیا کہ وہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ تھے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِی مسنده (عن) أحمد بن محمد ابن سعيد الهمدانی (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فِی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبی علی الحسن بن أحمد الباقلانی (عن) أبی عبد الله أحمد بن محمد بن يوسف بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) جعفر بن محمد بن مروان الغزال (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) اَبِی حَنِیْفَةَ

(وأخرجه) القاضی عمر الأشنانی بإسناده المذكور إلی اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(١٠٢٣) اخرجه ابن حبان (٤٩١٠) والطبرانی فی الكبير (٤٥٤٢) وعبد الرزاق (٢٠٩٩٩) والدارمی ٢٤٧:٢ والترمذی (١٢١٠) فی البيوع: باب ماجاء فی التجار وابن ماجة (٢١٤٦) فی التجارات: باب التوقی فی التجارة والحاكم فی المستدرك ٦:٢

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان غزال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی کے ذمے قرضہ ہو، وہ واپس لئے بغیر اس کو اگلے سودے کا ایڈوانس قرار دے سکتے ہیں ☼

1024/(اَبُو حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَکُوْنُ لَہُ الدَّیْنُ عَلَی الرَّجُلِ فَیَجْعَلُہُ فِی السِّلْمِ قَالَ لاَ خَیْرَ فِیْہِ حَتّٰی یَقْبِضَہُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا: ایک آدمی کے ذمے قرضہ تھا، وہ اس کو ''سلم'' کے کھاتے میں ڈالنا چاہ رہا تھا، انہوں نے فرمایا: اس میں بھلائی نہیں ہے جب تک کہ وہ اس پر قبضہ نہ کرلے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) أبي حنفية ثم قال محمد وبه نأخذ لأنه يبيع الدين بالدين وهو قول اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ قرضے کو قرضے کے بدلے بیچنا ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ بیع سلم میں ادائیگی کی میعاد مکمل طور پر واضح ہونی چاہئے ☼

1025/(اَبُو حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ یَکْرَہُ السَّلْمُ اِلَی الْحَصَادِ وَاِلَی الْقَطَاعِ وَالدِّیَاسِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' بیع سلم کرنا اور میعاد مقرر کرنا کہ جب کھیتی کٹے گی یا جب بھوسہ نکلے گا یا دانے نکالے جائیں گے یا انگور اتریں گے تب ادائیگی کی

(۱۰۲۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۵۰) في البيوع: باب السلم فيمايكال ويوزن' وابن ابي شيبة ۳۱۹:۶ (۱۲۰۵) في البيوع والاقضية

(۱۰۲۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۵۱) في البيوع: باب السلم في الفاكهة الى العطاء وغيره' وابن ابي شيبة ۶۹:۶ (۲۸۹) في البيوع: باب في الشراء الى العطاء والى الحصاد' من كرهه

جائے گی، یہ جائز نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ لأنه أجل مجهول يتقدم ويتأخر وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔کیونکہ یہ میعاد واضح نہیں ہے، اس میں تقدیم وتاخیر ہوسکتی ہے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(نوٹ: بیع سلم میں خریدار رقم پہلے ادا کر دیتا ہے اور بیچنے والا خریدی ہوئی چیز ادا کرنے کیلئے کوئی میعاد مقرر کر لیتا ہے)

☼ میوہ جات میں پھلوں کے اترنے تک میعاد مقرر کر کے ادھار کرنا جائز نہیں ہے ☼

1026/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُسْلِمُ فِي الْفَاكِهَةِ إِلَى الْقَطَاعِ يَأْخُذُ قَفِيْزاً بِقَفِيْزَيْنِ قَالَ لاَ خَيْرَ فِيْهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' ایسا شخص جو میوہ جات میں پھلوں کے کٹنے تک ادھار کرتا ہے اور ایک ٹوکری کے بدلے دو ٹوکریاں خریدتا ہے۔فرمایا: اس میں بھلائی نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) الإمام اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ لأنه أجل مجهول يتقدم ويتأخر وهو قول عن اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔کیونکہ یہ میعاد واضح نہیں ہے اس میں تقدیم وتاخیر ہوسکتی ہے۔اور یہی مذہب حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

☼ کھجوروں کی بیع سلم اس وقت تک جائز نہیں ہے جب تک وہ پک نہ جائیں ☼

1027/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُسْلِمُ فِي التَّمْرِ قَالَ لَا خَيْرَ فِيْهِ حَتّٰى يَطْعَمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' ایسا شخص جو کھجوروں میں بیع سلم کرتا ہے، آپ نے فرمایا: اس میں بھلائی نہیں ہے جب تک کہ وہ پک نہ جائیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ لا ينبغي أن يسلم فِي تمر ليس فِي بيوت الناس إلا ما كان في زمانها بعد بلوغها ويجعل أجل تسليمها قبل انقطاعها فإذا فعل ذلك جاز وإلا فلا خير فيه وهو قول اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے

(۱۰۲۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۵۲) في البيوع: باب السلم في الفاكهة الى العطاء وغيره

(۱۰۲۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۵۳) في البيوع: باب السلم في الفاكهة الى العطاء وغيره' ابن ابي شيبة ۶:۱۳۲ في البيوع: باب في بيع الغرر

بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ان کھجوروں کی بیع سلم نہیں ہو سکتی جو لوگوں کے گھروں میں موجود نہیں، تاہم جو کھجوریں پک جائیں ان میں بیع سلم ہو سکتی ہے اور ان کی ادائیگی کی میعاد کھجوروں کا موسم ختم ہونے سے پہلے کی ہو۔ جب ایسا کریں گے تو جائز ہوگا۔ ورنہ یہ جائز نہیں ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ بیع سلم میں کوئی چیز گروی رکھنا یا کسی کو ضامن ٹھہرانا جائز ہے ☼

1028/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ لَا بَأْسَ بِالرَّهْنِ وَالْكَفِیْلِ فِی السَّلَمِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' بیع سلم میں کوئی چیز گروی رکھنے یا کسی کو ضامن ٹھہرانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) الإمام اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ بیع سلم کرنسی میں ہو، وہ ضامن اپنے پاس رکھ لے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے ☼

1029/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی السَّلَمِ فِی الْفُلُوْسِ فَیَأْخُذُ الْكَفِیْلُ قَالَ لَا بَأْسَ بِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' نقدی میں بیع سلم کرنا اور کفیل کا اسکو لینا (کیا حکم رکھتا ہے؟) انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِی الآثار فرواه (عن) الإمام اَبِی حَنِیْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول اَبِی حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ تاجر لوگ خود کو سماسرہ کہتے تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام ''تاجر'' رکھا ☼

1030/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) سُلَیْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْاَعْمَشِ (عَنْ) اَبِی وَائِلٍ (عَنْ) قَیْسِ ابْنِ اَبِی غَرْزَةِ الْغِفَارِیْ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَكُنَّا نَتَبَایَعُ فِی الْاَسْوَاقِ وَكُنَّا نُسَمّٰی

(١٠٢٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٥٥) في البيوع: باب الكفيل والرهن في السلم وابن ابي شيبة ٦:١٧ في البيوع: باب في الرهن في السلم وعبدالرزاق (١٤٠٨٦) (١٤٠٨٨) في البيوع: باب الرهن والكفيل في السلف

(١٠٢٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٥٦) في البيوع: باب الكفيل والرهن في السلم وهو الاثر السابق

(١٠٣٠) اخرجه احمد ٥:٤ والطبراني في الكبير ١٨:٩١٤ والحميدي (٤٣٨) ومن طريقه الحاكم في المستدرك ٥:٢ وابو داود (٣٣٢٧) والنسائي في المجتبى ٧:١٤ وفي الكبرى (٤٧٤٠) وابن الجارود في المنتقى (٥٥٧) والطبراني في الصغير (١٣٠)

السَّمَاسِرَةَ فَسَمَّانَا بِاسْمٍ هُوَ اَحَبُّ اِلَيْنَا مِنْ اَسْمَائِنَا فَقَالَ يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ هٰذَا الْبَيْعُ يَحْضُرُهُ الْحَلْفُ فِي الْاَثْمَانِ فَشُوْبُوْهُ بِالصَّدَقَةِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سلیمان بن مہران اعمش رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابووائل رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ''قیس بن ابوغرزہ غفاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے، ہم بازار میں خرید وفروخت کررہے تھے، ہم ایک دوسرے کو'' سماسرہ'' کہتے تھے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارا وہ نام رکھا جو ہمارے اپنے رکھے ہوئے ناموں سے زیادہ پیارا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یوں کہہ کر پکارا'' اے گروہ تاجران! خرید وفروخت میں قسم شامل ہوجایا کرتی ہیں، صدقہ دے کر تم اس کے گناہ سے بچنے کی کوشش کیا کرو''۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو في مسنده فرواه (عن) محمد بن عبد الله ابن علي بن عبد الله (عن) أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب البغدادي (عن) أبي نعيم الحافظ الأصفهاني (عن) عبد الله بن محمد بن عثمان الواسطي (عن) أبي يعلى (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) أبي بكر الخطيب البغدادي (عن) أبي نعيم الحافظ (عن) عبد الله بن محمد بن عثمان الواسطي (عن) أبي يعلى (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن عبداللہ بن علی بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونعیم حافظ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عثمان واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خطیب البغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونعیم حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عثمان واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ فِي الْعُقُوْدِ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا وَالَّتِيْ لَا بَأْسَ بِهَا

دوسری فصل میں خرید وفروخت کے ممنوعہ اور جائز طریقوں کا بیان ہے

ماں اور بیٹے کو الگ الگ نہ بیچیں

1031/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَقْبَلَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بِرَقِيْقٍ مِنَ الْيَمَنِ فَاحْتَاجَ اِلٰى نَفَقَةٍ يُنْفِقُهَا عَلَيْهِمْ فَبَاعَ غُلَاماً مِنَ الرَّقِيْقِ لَا مَعَ اُمِّهِ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ

(۱۰۳۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۴۷) في الايمان والنذور: باب الفرقة بين الامقود وجهاو ولدها

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تَصَفَّحَ الرَّقِيْقَ فَبَصَرَ بِالْأُمِّ فَقَالَ مَالِيْ اَرٰى هٰذِهِ وَالِهَةً قَالَ اِحْتَجْنَا اِلٰى نَفْقَةٍ فَبِعْنَا اِبْنَهَا فَاَمَرَهُ اَنْ يَّرْجِعَ وَيَرُدَّهُ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ یمن سے ایک غلام لے کرآئے ،ان کو خرچ کی ضرورت پڑی تو انہوں نے ایک غلام کو بیچ دیا اور اس غلام کی ماں کو نہ بیچا ، جب وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان غلاموں کا معائنہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ماں کو دیکھا ، دریافت فرمایا: کیا بات ہے؟ یہ پریشان کیوں ہے؟ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ہمیں خرچے کی ضرورت پڑی تھی تو ہم نے اس کو بیچ دیا ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ واپس جاؤ اور جا کر اس کے بچے کو واپس لے کر آؤ۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فِي مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) أبو عبد الله بن الحسين بن خسرو فِي مسنده غير أنه

(أخرجه) (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ (عن) عبد الله بن الحسن فقرأت على الشَّيْخِ الْفَقِيْهِ الحافظ أبى القاسم محمد بن على بن ميمون القرشي (عن) الشريف أبى عبد الله محمد بن على بن عبد الرحمن (عن) أبى جعفر (عن) محمد بن الحسين (عن) أبى العباس أحمد بن محمد ابن سعيد بن عقدة (عن) فاطمة بنت محمد قال سمعت أبى يقول هذا كتاب حمزة فقرأت فيه حدثنا أبو حنيفة (عن) عبد الله بن الحسن (عن) على بن أبى طالب رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم أجمعين

(وأخرجه) القاضي عمر الأشناني عن المنذر بن محمد بن المنذر (عن) الحسن ابن محمد بن على (عن) أبى يوسف (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فِي الآثار فرواه (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ ثم قال محمد وبه نأخذ يكره أن يفرق بين والده وولدها إذا كان صغير أو كذا بين الأخوين وكل ذى رحم محرم إذا كانا صغيرين أو كان أحدهما صغيراً أما إذا كانوا كباراً فلا بأس به وهذا كله قول اَبِي حَنِيْفَةَ رحمه الله

(وأخرجه) الحسن بن زياد فِي مسنده (عن) اَبِي حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے، تاہم انہوں نے اس کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○میں نے یہ حدیث حضرت ''حافظ ابوقاسم محمد بن علی بن میمون قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریف ابوعبداللہ محمد بن علی بن عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتی ہیں: میں نے اپنے والد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ حضرت ''حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں انہوں نے بیان کیا: ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ابی

طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منذر بن محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب بچہ چھوٹا ہو تو اس کو اس کی ماں سے جدا کرنا مکروہ ہے یونہی دو بھائیوں اور دو ذی رحم محرموں کو جدا کرنا مکروہ ہے جبکہ وہ چھوٹے ہوں یا ان میں سے ایک چھوٹا ہو، اگر دونوں بڑے ہوں، تو ان کو الگ الگ بیچنے میں حرج نہیں ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس پر قبضہ نہیں وہ نہیں بیچ سکتے، ایک سودے میں دو شرطیں منع ہیں ☼

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''بن حسن بزار بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن احمد بن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد قطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن عوام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''قاسم بن عباد و صالح بن سعید بن مرداس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے: انہوں نے اپنے ''والد'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوبکر الآبنوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر بن بشران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عمر الدارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبداللہ بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حرب نسائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں حدیث کا آخری حصہ یہ ہے من استاجر اجیراً فلیعلمہ اجرہ (جو شخص کسی کو اجرت پر رکھے اس کے ساتھ اجرت طے کرلے) اور حدیث کا یہ آخری حصہ ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی مروی ہے، وہ اسناد یہ

ہے حضرت ''ابوقاسم ابن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطالب عشاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قواس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن سری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہشام بن عبداللہ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ دو، مزدور کو مزدوری پہلے بتادو ☼

1106/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِیْ هُرَيْرَ ةَ وَاَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَا يَسُوْمُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطِبُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ وَلَا تُبَايِعُوْا بِإِلْقَاءِ الْحَجَرِ وَلَا تَنَاجَشُوا وَإِذَا اسْتَأْجَرَ اَحَدُكُمْ اَجِيْراً فَلْيُعَلِّمْهُ اَجْرَهُ وَلَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا وَخَالَتِهَا وَلَا تَسْأَلُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتُكْفِءَ مَا فِیْ صَحْفَتِهَا فَإِنَّ اللّٰهَ رَازِقُهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے، اس کے پیغامِ نکاح پر اپنا پیغامِ نکاح نہ دے اور پتھر پھینکنے کے ساتھ خرید وفروخت نہ کرے اور بھاؤ بڑھانے کیلئے بولی مت لگاؤ، جب تم کسی مزدور کو مزدوری پر رکھو تو اس کی اجرت اس کو بتادو۔ اور اپنی بیوی کی بھتیجی اور بھانجی کیساتھ نکاح نہ کیا جائے اور کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے تھال میں جو کچھ ہے وہ اس کو سمیٹ لے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کا رازق ہے۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلى الكلاعى فى مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلى (عن) أبيه خالد بن خلى (عن) محمد بن خالد الوهبى (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه.

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باغ اجرت پر لینے سے منع فرمایا ☼

1107/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ حُصَيْنٍ عُثْمَانَ بْنِ عَاصِمِ الْاَسَدِیِّ (عَنْ) رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ)

(۱۱۰۶) وقدم تقدم ولهو حديث سابقه

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ مَرَّ بِحَائِطٍ فَاَعْجَبَهُ فَقَالَ لِمَنْ هٰذَا فَقُلْتُ هُوَ لِيْ قَالَ مَنْ اَيْنَ لَكَ قُلْتُ اِسْتَأْجَرْتُهُ قَالَ فَلَا تَسْتَأْجِرْ شَيْئاً بِشَيْءٍ مِنْهُ

✦ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ''ابو حصین عثمان بن عاصم اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ کے پاس گزرے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ باغ بہت اچھا لگا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: یہ باغ کس کا ہے؟ میں نے کہا: یہ میرا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا کیسے ہے؟ میں نے کہا: میں نے اس کو اجرت پر لیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس میں سے کوئی بھی چیز اجرت پر نہ لے۔

أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) یحیی بن محمد بن صاعد وصالح بن أحمد بن أبی مقاتل ومحمد بن إسحاق النسیابوری المیراجی قالوا جمیعاً حدثنا محمد بن عثمان ابن کرامة (عن) عبید الله بن موسی (عن) أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) عبد الله بن محمد بن علی الحافظ (عن) إبراهیم بن هانی (عن) عبید الله بن موسی (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبیه (عن) زهیر وسعید بن مسعود کلاهما (عن) عبید الله بن موسی (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن الحسن البزار البلخی (عن) محمد بن حرب الواسطی (عن) محمد بن ربیعة ومحمد بن یزید کلاهما (عن) أبی حنیفة غیر أنه قال (عن) ابن رافع بن خدیج (عن) رافع ابن خدیج أن النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مر بحائط فأعجبه فقال لمن هذا فقلت لی وقد استأجرته فقال لا تستأجره بشیء منه

(ورواه) کذلك (عن) محمد بن أحمد قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل (عن) جعفر بن أی عثمان (عن) محمد بن أبی بکر المقدمی (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) أبی حنیفة غیر أنه قال (عن) أبی حصین (عن) عبایة بن رفاعة بن رافع بن خدیج (عن) أبیه (عن) رافع بن خدیج الحدیث

(ورواه) بهذا الإسناد لأبی حنیفة (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن علی قال هذا کتاب الحسین بن علی فقرأت فیه حدثنا یحیی بن الحسن (عن) زیاد بن الحسن بن الفرات (عن) أبیه (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد ابن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) عمه الحسین بن سعید (عن) أبیه سعید بن أبی الجهم (عن) أبی حنیفة

(ورواه) کذلك (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة (عن) أبی حصین (عن) ابن رافع (عن) رافع بن خدیج (عن) النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ (قال) الشیخ أبو محمد البخاری حدثنی بمثل هذا الإسناد (عن) أبی حنیفة (عن) أبی حصین (عن) ابن رافع جماعة(منهم) أسد بن عمرو علی ما أخبرنا محمد بن إسحاق السمسار (عن) جمعة بن عبد الله (عن) أسد بن عمرو (عن) أبی حنیفة رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی(ومنهم) أبو یوسف علی ما أخبرنا محمد بن الحسن البزار (عن) بشر بن الولید (عن) أبی یوسف رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه(ومنهم) الحسن بن زیاد علی ما أخبرنا سهل بن بشر الکندی (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه(ومنهم) یحیی بن نصر بن حاجب علی ما أخبرنا أحمد

(۱۱۰۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۷۷) وعبدالرزاق ۸:۲۲۲-۲۲۳ فی البیوع: باب الرجل یستأجر الشیء هل یؤجر بأکثر من ذالك؟ وابن ابی شیبه ۷:۲۲۸ فی البیوع: باب فی الرجل یستأجر الدار یؤجر بأکثر

بن محمد (عن) الحسن بن صاحب (عن) داوٗد السمسار (عن) ابن حاجب (عن) أبی حنیفة(ومنهم) محمد بن مسروق علی ما أخبرنا أحمد بن سعید الهمدانی (عن) محمد ابن عبد الله بن محمد بن مسروق قال هذا كتاب جدی فقرأت فیه حدثنا أبو حنیفة رضی الله عنه

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) صالح بن أحمد وابن مخلد كلاهما (عن) محمد بن عثمان بن كرامة (عن) عبید الله بن موسی (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن محمد (عن) عبد العزیز بن عبد الله الهاشمی (عن) یحیی بن نصر بن حاجب (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه(قال الحافظ) ورواه (عن) أبی حنیفة محمد بن الحسن وحمزة بن حبیب وإسماعیل بن یحیی ومحمد بن ربیعة ومحمد بن یزید الواسطی وأبو جنادة والحسن ابن زیاد والحسین بن الحسین بن عطیة وراشد بن عمرو وأبو عبد الرحمن المقری رحمة الله علیهم أجمعین(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أبی بكر القاسم بن عیسی العصار بدمشق (عن) عبد الرحمن بن عبد الصمد (عن) سعید بن شعیب بن إسحاق (عن) جده (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) الحسین بن محمد بن سعید (عن) محمد بن عمران الهمدانی (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) الحسین بن الحسین الأنطاكی (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) علی بن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی جعفر محمد بن الحسین بن سعید بن أبان (عن) عبد الله بن هاشم القواس (عن) بشر بن یحیی (عن) أسد بن عمرو (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی محمد عبد الرحمن بن سایحون (عن) محمد بن المتوكل البغدادی (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبی حنیفة

(ورواه) الحافظ بن المظفر بطرق أخر غیر طریق أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) أبی علی الحسن بن شاذان (عن) القاضی أبی نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله ابن طاهر القزوینی عن محمد بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة (وأخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) المبارك الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بأسانیده المذكورة إلی أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الكلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) أبی حنیفة

(وأخرجه) محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) أبی الحسین أسلم بن سهل (عن) محمد بن سهل (عن) محمد بن حرب النسائی (عن) محمد بن ربیعة ومحمد بن زید الواسطی كلاهما (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی بكر محمد بن مالك الشعیری (عن) بشر بن الولید (عن) أبی یوسف (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) عبد العزیز بن عبید الله الهاشمی (عن) یحیی بن نصر ابن حاجب (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن مسلمة (عن) عبد الله ابن یزید المقری (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه(وأخرجه) ابن

خسرو (عن) أبي الفضل بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي الأشناني بإسناده إلى أبي حنيفة (وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) القاضي هناد بن إبراهيم (عن) القاضي أبي الحسين محمد بن علي بن محمد بن المهتدي بالله (عن) أبي القاسم عبيد الله بن أحمد بن علي الصيدلاني (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد العطار عن محمد بن عثمان بن كرامة عن عبيد الله بن موسى عن أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنهم

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن اسحاق نیشاپوری میراجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ سب کہتے ہیں' ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''محمد بن عثمان بن کرامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد سے، انہوں نے حضرت ''زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزاز بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حرب واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ابن رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''رافع ابن خدیج رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ کے پاس سے گزرے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ باغ اچھا لگا، پوچھا: یہ کس کا ہے؟ میں نے کہا: میرا ہے، میں نے اجرت پر لیا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اجرت پر مت لو۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابوبکر مقدمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں انہوں نے کہا ہے' حضرت ''ابوحصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے (اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں یہ ہے' ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''زیاد

بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''حسین بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن رافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کیا ہے۔

○حضرت ''شیخ ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' اسی اسناد کے ہمراہ ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن رافع'' سے روایت کیا ہے، یہ روایت کرنے والی محدثین کی پوری ایک جماعت ہے۔

○ان میں سے ایک حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں (ان کی روایت کردہ اسناد درج ذیل ہے)

ہمیں خبر دی ہے، حضرت ''محمد بن اسحاق سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''جمعہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ان میں سے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں (ان کی اسناد درج ذیل ہے)

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ان میں سے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں (ان کی اسناد درج ذیل ہے)

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''سہل بن بشر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ان میں سے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں (ان کی اسناد درج ذیل ہے)

ہمیں خبر دی ہے، حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن صاحب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ان میں سے حضرت محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں (ان کی اسناد درج ذیل ہے)

ہمیں خبر دی ہے حضرت ''احمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن عبداللہ بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''محمد بن عثمان بن کرامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،

انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن عبداللہ ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' اس حدیث کو حضرت ''ابوحنیفہ محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن یزید واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو جنادہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسین بن حسین بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''راشد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوبکر قاسم بن عیسیٰ اعصار رحمۃ اللہ علیہ'' سے دمشق میں، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عبد الصمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن شعیب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''حسین بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوجعفر محمد بن حسین بن سعید بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ہاشم قواس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابومحمد عبدالرحمٰن بن سایحون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن متوکل بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ بھی ذکر کیا ہے، وہ اسناد حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے طریق سے ہٹ کر ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''مبارک صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحسین اسلم بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حرب النسائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن زید واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابوحسین اسلم بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن مالک شعیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحسین اسلم بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن عبیداللہ ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحسین اسلم بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ہناد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن علی بن محمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبیداللہ بن احمد بن علی صیدلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''محمد بن عثمان بن کرامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجامہ کروایا، حجامہ کرنے والے کو اس کی اجرت بھی عطا فرمائی☼

1108/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) اَبِـيْ الْمِسْوَرِ (عَنْ) اَبِيْ حَاضِرٍ (عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَاَعْطَى الْحَجَّامَ اَجْرَهُ وَلَوْ كَانَ خَبِيْثاً مَا اَعْطَاهُ

(۱۱۰۸) اخرجه احمد ۱:۲٤۱ والطحاوی فی شرح معانی الآثار ٤:۱۳۲ وابو يعلی (۲۳٦۲)

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ''حضرت ابومسور'' سے، وہ حضرت ابوحاضر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجامہ کروایا اور حجامہ کرنے والے کو اس کی اجرت بھی دی، اگر یہ ناجائز ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم حجامہ کی اجرت نہ دیتے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أبي بكر أحمد بن محمد بن عيسى البزازي (عن) محمد بن يونس (عن) أبي عاصم النبيل (عن) أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن عیسیٰ بزازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم نبیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس کو مزدور رکھنا ہو، اس کے ساتھ کام بتا کر مزدوری طے کر لینی چاہئے ☼

1109/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنِ اسْتَأْجَرَ اَجِيْراً فَلْيُعْلِمْهُ اَجْرَهٗ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی کو مزدوری پر رکھے وہ اس کے ساتھ مزدوری طے کر لے۔

(أخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ دھوبی، رنگائی کرنے والے اور کڑھائی کرنے والے پر نقصان کا تاوان نہیں ☼

1110/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) بِشْرِ الْكُوْفِيْ (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا ضَمَانَ عَلٰى قَصَّارٍ وَلَا صَبَّاغٍ وَلَا وَشَاءٍ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''بشر کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دھوبی پر اور رنگریز اور کڑھائی کرنے والے پر (نقصان کا) کوئی تاوان نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) القاسم بن محمد (عن) محمد

(۱۱۰۹) قد تقدم

(۱۱۱۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۸۱) وابن شيبه ۳۱۶:۴ (۲۰۴۸۹) في الاجير يضمن ام لا ! قلت: وقد اخرج عبدالرزاق ۱۸۲:۸ (۱۴۸۰۱) في البيوع :باب الوديعه والمتقي الهندي في الكنز (۲۹۸۲۱) عن علي وابن مسعود قالا :ليس على المؤتمن ضمان

بن محمد (عن) أبی یوسف رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

کھجور کا درخت ایک یا دو سال کیلئے خریدنا منع ہے

1111/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) زَیْـدِ بْـنِ اَبِیْ اُنَیْسَةَ (عَنْ) اَبِی الْوَلِیْدِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰی اَنْ یَّشْتَرِیَ الرَّجُلُ النَّخْلَ سَنَةً اَوْ سَنَتَیْنِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''زید بن ابی انیسہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کا درخت ایک سال یا دو سال کے لئے خریدنے سے منع فرمایا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد الکوفی (عن) حمزة بن حبیب (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

جس کو مزدوری پر رکھنا ہو، اس کے ساتھ پہلے سے مزدوری طے کر لینی چاہئے

1112/(اَبُـو حَـنِیْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَأْجَرَ اَجِیْراً فَلْیُعْلِمْهُ اَجْرَهٗ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص مزدور کو مزدوری پر رکھے وہ اس کے ساتھ مزدوری طے کر لے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) قاضی القضاة أبی سعید محمد بن أحمد بن محمد بن أحمد بن محمد بن أحمد الحافظ (عن إبراهیم بن محمد بن سعید بن زریق (عن) إسماعیل بن یحیی التیمی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''قاضی القضاہ ابوسعید محمد بن احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''حافظ ابراہیم بن محمد بن سعید بن

(۱۱۱۱) قد تقدم فی (۱۰۹۴)

(۱۱۱۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۸٦) فی البیوع: باب مایکره من الزیادة علی من آجر شیئا باکثر مما استاجره، وعبد الرزاق (۱٤۹۷۱) فی البیوع: باب الرجل یستاجر الشیء هل یوجر باکثر من ذالك؟ وابن ابی شیبه ۷:۳۲۸ فی البیوع: باب فی الرجل یستاجر الدار یوجر باکثر

زریق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ خود زمین کسی سے اجرت پر لی، پھر اس کو آگے زیادہ اجرت پر دینا مناسب نہیں ☼

1113/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَسْتَأْجِرُ الْاَرْضَ ثُمَّ يُوَاجِرُهَا بِاَكْثَرَ مِمَّا اسْتَأْجَرَهَا قَالَ لاَ خَيْرَ فِي الْفَضْلِ إِلَّا اَنْ يُّحْدِثَ فِيهَا شَيْئاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، جو شخص زمین کو اجرت پر لیتا ہے پھر اس سے زیادہ مزدوری پر آگے اجرت پر دے دیتا ہے، اس نے جو منافع لیا ہے، اس میں کوئی خیر نہیں ہے، سوائے اس صورت کے کہ وہ اس کے اندر کوئی اضافہ بھی کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ مزدور پر نقصان کا تاوان نہیں ☼

1114/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ شُرَيْحاً لَمْ يَضْمَنْ اَجِيراً قَطُّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، روایت کرتے ہیں، حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' نے مزدور کو کبھی بھی ضامن قرار نہیں دیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة لا يضمن الأجير المشترك شيئاً إلا ما جنت يده

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی مذہب ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے، اجیر مشترک سے تاوان نہیں لیا جائے گا، سوائے اس کے کہ اس کے ہاتھوں سے نقصان ہوا ہو۔

☼ کپڑا بننے والا، رنگنے والا اور دھوبی نقصان کا ذمہ دار نہیں ☼

1115/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) بِشْرٍ اَوْ بَشِيرٍ شَكَّ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ (عَنْ) اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ اَنَّهُ قَالَ لَا يُضْمَنُ الْقَصَّارُ وَلاَ الصَّبَّاغُ وَلاَ الْحَائِكُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''بشر یا بشیر رحمۃ اللہ علیہ'' (اس میں محمد بن حسن کو شک ہے) سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت ''ابوجعفر محمد ابن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: دھوبی، رنگساز اور بننے

(۱۱۱۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۸۰) والبيهقي في السنن الكبرى ۱۲۲:۶ في الاجارة: باب ماجاء في تضمين الاجراء، وابن ابي شيبة ۳۱۵:۴ (۲۰۴۸۸) في البيوع: في الاجير هل يضمن ام لا، وابن حزم في المحلى بالآثار ۲۳۴:۸

(۱۱۱۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۹۱) في البيوع: باب ضمان الاجير والشريك، وعبدالرزاق ۲۱۷:۸ (۱۴۹۴۸) في البيوع: باب ضمان الاجير الذي يعمل بيده، وابن ابي شيبة ۲۸۵:۶ في البيوع: باب في القصار والصباغ وغيره

والا (نقصان کا) ضامن نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔

☼ رنگساز کا گھر جل گیا، اس میں رنگائی کیلئے آئے ہوئے کپڑے بھی جل گئے، تاوان نہیں ہے ☼

1116/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَلِیِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) شُرَیْحٍ قَالَ اَتٰی شُرَیْحاً رَجُلٌ وَاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالَ دَفَعَ اِلٰی هٰذَا ثَوْبَهٗ لَاَصْبَغَهٗ فَاحْتَرَقَ بَیْتِیْ وَاحْتَرَقَ ثَوْبَهٗ فَقَالَ اِدْفَعْ اِلَیْهِ ثَوْبَهٗ فَقَالَ اَدْفَعُ ثَوْبَهٗ وَقَدِ احْتَرَقَ بَیْتِیْ فَقَالَ اَرَاَیْتَ لَوْ اِحْتَرَقَ بَیْتَهٗ اَكُنْتَ تَدَعُ لَهٗ اَجْرَكَ قَالَ لَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک آدمی آیا، میں ان کے پاس موجود تھا، انہوں نے کہا: اس نے اپنا کپڑا مجھے رنگنے کے لئے دیا، میرا گھر جل گیا اور اس کا کپڑا بھی جل گیا، انہوں نے کہا: اس کا کپڑا اس کو دو۔ اس نے کہا: میں اس کا کپڑا دوں؟ میرا تو گھر بھی جل چکا ہے۔ انہوں نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر اس کا گھر جل جاتا تو کیا تو اس کی مزدوری اس کو معاف کر دیتا؟ اس نے کہا: جی نہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد لا یضمن ما احترق فی بیته لأن هذا لیس جنایة یده

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: جو کچھ اس کے گھر میں جل گیا، وہ اس کا تاوان نہیں دے گا، کیونکہ یہ نقصان اُس کے ہاتھ سے نہیں ہوا۔

☼ حضرت علی رضی اللہ عنہ دھوبی اور رنگساز کو ضامن قرار نہیں دیتے تھے ☼

1117/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) یُوْنُسِ بْنِ مُحَمَّدٍ (عَنْ) اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ (عَنْ) اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ كَانَ لَا یُضَمِّنُ الْقَصَّارُ وَلَا الصَّبَّاغُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یونس بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوجعفر محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ امیر المؤمنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: آپ دھوبی اور رنگساز کو ضامن قرار نہیں دیا کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الكلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی الكلاعی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) أبی حنیفة رضی الله تعالی عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد

(۱۱۱۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۸۵) وهو الاثر السابق

(۱۱۱۷) وقد تقدم

حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ آمِيْنَ آمِيْن آمِيْن

اَلْبَابُ الرَّابِعُ عَشَرَ فِی الشُّفْعَةِ

چودہواں باب: شفعہ کے بیان میں

☼ جس پڑوسی کے ساتھ تمہارا راستہ ایک ہو، وہ شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے ☼

1118/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَتِهٖ إِذَا كَانَتِ الطَّرِيْقُ وَاحِدَةً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے جب ان کا راستہ ایک ہو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعید بن جعفر كتابة (عن) سليمان بن عبد الله (عن) الحسن بن زياد (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شفعہ کا استحقاق دروازے کے اعتبار سے ہوتا ہے ☼

1119/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) شُرَيْحٍ اَنَّهٗ قَالَ الشُّفْعَةُ مِنْ قِبَلِ الْاَبْوَابِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت شریح رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے فرمایا ''شفعہ دروازوں کی جانب سے ہوتا ہے''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنيفة ثم قال ولسنا نأخذ بهذا الشفعة للجيران الملازقين وهو قول أبی حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے، شفعہ کا استحقاق ان پڑوسیوں کیلئے ہوتا ہے، جن کا گھر متصل ہو۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

(۱۱۱۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الحجة علی اهل المدینه ۳:۷۵ وابن حبان (۵۱۷۹) واحمد ۳:۳۱۲ وابو القاسم البغوی فی الجعدیات ۲۷۰۱ ومسلم (۱۶۰۸) (۱۳۳) والشافعی ۲:۱۶۵ والحمیدی (۱۲۷۲) والدارمی ۲:۲۷۳ وابو داؤد (۳۵۱۳)

(۱۱۱۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۷۴) فی البیوع :باب العقار والشفعه وابن ابی شیبه ۷:۱۱۸ فی البیوع :باب الشفعه بالابواب والحدود وعبدالرزاق (۱۴۴۰۰) فی البیوع :باب الشفعه بالابواب اوالحدود

☼ شفعہ زمین میں یا مکان میں ہوسکتا ہے ☼

1120/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ لاَ شُفْعَةَ إِلَّا فِيْ اَرْضٍ اَوْ دَارٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: شفعہ زمین میں یا مکان میں ہوسکتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه (وأخرجه) الحافظ أبو القاسم عبد الله بن محمد بن أبي العوام السعدي في مسنده (عن) محمد بن الحسن بن علي (عن) محمد بن إسحاق بن الصباح (عن) عبد الرزاق (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوالعوام سغدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرزاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے ☼

1121/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِيْ الْمُخَارِقِ (عَنِ) الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ اَرَادَ سَعْدٌ اَنْ يَّبِيْعَ دَاراً لَهُ فَقَالَ لِجَارِهِ خُذْهَا بِسَبْعِ مِائَةَ دِرْهَمٍ فَاِنِّيْ قَدْ اَعْطَيْتُ بِهَا ثَمَانُ مِائَةِدِرْهَمٍ وَلٰكِنْ اُعْطِيْكَهَا لِاَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَتِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عبدالکریم بن ابومخارق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مسور بن مخرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنا گھر بیچنے کا ارادہ کیا، آپ نے اپنے پڑوسی سے کہا: تم اس کو ۷۰۰ درہم کے بدلے میں لے لو، حالانکہ میں اس کو ۸۰۰ درہم کے بدلے بیچ سکتا ہوں، لیکن یہ میں تمہیں (کم قیمت) میں دے دوں گا کیونکہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق رکھتا ہے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن الحسن البزاز (عن) بشر بن الوليد
(ورواه) (عن) عبد الله بن محمد بن علي الحافظ (و) محمد بن إسحاق بن عثمان كليهما (عن) إبراهيم بن يوسف قالا (حدثنا) أبو يوسف.(أخبرنا) أبو حنيفة
(ورواه) (عن) عبد الله بن محمد بن علي (عن) يحيى بن موسى (عن) أبي سعيد الصغاني (عن) أبي حنيفة

(۱۱۲۰) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۳۴۹)

(۱۱۲۱) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۳۵۲) والطحاوي في شرح معاني الاثار ۹۲۳:۴ وابن حبان (۵۱۸۰) وعبد الرزاق (۱۴۳۸۳) والحميدي (۵۵۲) واحمد ۳۹۰:۶ والشافعي في المسند ۸۶۵:۲ وابن ابي شيبه ۱۶۴:۷ والبخاري (۶۹۷۷) في الحيل : باب في الهبه والشفعه وابو داود (۳۵۱۶) في البيوع ولا جارات : باب في الشفعة وابن ماجة (۲۴۹۸)

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل الهروی (عن) سعید بن أیوب (عن) أبی یحیی عبد الحمید الحمانی (عن) أبی حنیفة (عن) عبد الکریم (عن) المسور (عن) رافع بن خدیج قال عرض علی سعد الحدیث

(ورواه) کذلك (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة

(ورواه) کذلك (عن) أحمد بن محمد بن سعید قال قرأت فی کتاب حسین بن علی (عن) یحیی بن حسن (عن) زیاد بن حسن (عن) أبیه (عن) أبی حنیفة

(ورواه) کذلك (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة

(ورواه) کذلك عن أبیه (عن) أحمد بن زهیر (عن) المقری (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعید قال قرأت فی کتاب إسماعیل بن حماد (عن) أبی یوسف (عن) أبی حنیفة (عن) عبد الکریم (عن) المسور (عن) رافع مولی سعد أنه قال سعد لرجل الحدیث

(ورواه) بهذا اللفظ (عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) نجیح بن إبراهیم (و) محمد ابن عبید الکندی کلیهما (عن) شریح بن مسلمة (عن) هیاج بن بسطام (عن) أبی حنیفة (عن) عبد الکریم (عن) المسور (عن) رافع قال عرض علی سعد بیتاً الحدیث

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد(عن) أبیه (عن) عمه (عن) أبیه (عن) سعید بن أبی الجهم (عن) أبی حنیفة بهذا اللفظ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب الزیات (عن) أبی حنیفة بهذا اللفظ

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) حسین بن محمد (عن) أبی یوسف وأسد بن عمرو (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) أیوب بن هانی (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن یحیی (و) نجیح بن إبراهیم (و) محمد بن عبد الله بن علی کلهم (عن) ضرار بن صرد (عن) أبی یوسف (عن) أبی حنیفة بلفظ آخر (عن) عبد الکریم (عن) المسور بن مخرمة (عن) سعد أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قال الجار أحق بشفعته

(ورواه) (عن) الفقیه أبی أسامة زید بن یحیی (و) محمد ابن قدامة بن سیار الزاهد البخلیین کلیهما (عن) یحیی بن موسی (عن) محمد ابن أبی زکریا (و) أبی مطیع کلیهما(عن) أبی حنیفة (عن) عبد الکریم (عن) المسور (عن) أبی رافع قال عرض علی سعد بیتاً له فقال خذه فإنی أعطیت به أکثر ولکنی أعطیکه لأنی سمعت رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یقول الجار أحق بشفعته

(ورواه) (عن) إسماعیل بن بشر (عن) شداد بن حکیم

(ورواه) (عن) حمدان بن ذی النون (عن) إبراهیم بن سلمان کلیهما (عن) زفر (عن) أبی حنیفة (عن) عبد الکریم (عن) المسور (عن) سعد بن مالك أنه عرض بیتاً له علی جاره بأربع مائة قال قد أعطیت بها ثمان مائة ولکنی سمعت رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یقول الجار أحق بسقبه

(ورواه) (عن) عبد الله بن عبید الله بن شریح (عن) محمد بن الحجاج بن مسلم الحضرمی (عن) علی بن معبد

(عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة (عن) أبي أمية (عن) المسور (عن) سعد بن مالك رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قال قال رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الجار أحق بسقبه

قال أبو محمد البخاري أصح ما روى في هذا الباب ما ذكره زيد بن يحيى (و) محمد بن قدامة (عن) يحيى بن موسى (عن) محمد بن أبي زكريا (و) أبي مطيع (عن) أبي حنيفة (عن) عبد الكريم (عن) المسور بن مخرمة (عن) أبي رافع

وكل من رواه عن رافع بن خديج أو رافع مولى سعد فهو غلط على أبي حنيفة لأن أبا حنيفة رواه عن أبي رافع فظنه من وهم رافعاً وسكت عليه وزاد بعضهم في الوهم فظن أنه رافع بن خديج وظنه بعضهم رافعاً مولى سعد وشك بعضهم فأسقط رافعاً وجعل الخبر عن المسور بن مخرمة عن سعد

وجعله بعضهم (عن) رجل إذ لم يحفظ اسم أبي رافع

قال الشيخ أبو محمد البخاري وكل هذه الأغاليط عمن دون أبي حنيفة لا عن أبي حنيفة وبين ذلك محمد بن أبي زكريا وأبو مطيع وحفظاه وكان أبو مطيع حافظاً متقناً

قال الشيخ أبو محمد البخاري والدليل على أنه أبو رافع مولى النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ما حدثنا عبد الصمد بن الفضل وإسماعيل بن بشر قالا (أخبرنا) مكي بن إبراهيم (عن) ابن جريج

قال البخاري وأخبرنا عبد الله بن محمد بن علي (عن) محمد بن أبان (عن) روح بن عبادة (عن) ابن جريج (و) زكريا بن إسحاق قالا (أخبرنا) إبراهيم بن ميسرة أن عمرو بن الشريد قال وقفت على سعد بن أبي وقاص فجاء المسور فوضع يده على منكبي إذ جاء أبو رافع مولى رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فذكر الحديث

قال البخاري أخبرنا عبد الله بن محمد بن نصر (و) إبراهيم بن إسماعيل قالا (أخبرنا) الحميدي (أخبرنا) سفيان (عن) إبراهيم بن ميسرة الحديث

(قال) أبو محمد البخاري وقد روى أيضاً من وجوه أن الكلام كان بين أبي رافع وسعد والمسور بن مخرمة وهو وإن اختلف أن الشفيع أبو رافع أو غيره لكن لم يختلف أن الكلام دار بينهم فعلمنا أن الصحيح أبو رافع مولى رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) أبي حنيفة (عن) عبد الكريم (عن) المسور بن مخرمة عن رافع بن خديج قال عرض على سعد بيتاً له ثم قال خذه أما أني أعطيت بها أكثر مما تعطيني لكني سمعت رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يقول الجار أحق بشفعته

قال الحافظ ورواه (عن) أبي حنيفة حمزة بن حبيب وزفر وهياج وأبو يوسف والحسن بن زياد وأسد بن عمرو وأبو عبد الرحمن المقرى ومحمد بن الحسن وعبيد الله بن موسى وعبد الله بن الزبير ومحمد بن أبي زكريا وأبو مطيع وإبراهيم بن طهمان رحمة الله عليهم قال الحافظ وهو غريب

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي طاهر محمد ابن أحمد بن محمد (عن) أبي الحسين علي بن محمد بن عبد الله بن بشران (عن) دعلج (عن) زكريا بن يحيى النيسابوري (عن) أيوب بن حسين (و) علي بن الحسن كليهما (عن) أبي مطيع (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي سعد محمد بن عبد الملك بن عبد القاهر بن أسد (عن) أبي الحسين بن قشيش (عن) أبي بكر

الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده عمرو بن أبی عمرو (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی الفضل بن خیرون (عن) أبی علی بن شاذان (عن) القاضی أبی نصر بن اشکاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل بن توبة القزوینی (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة

(وعن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

(وأخرجه) القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی فی مسنده (عن) أبی سلیمان إسحاق بن إبراهیم بن عمر البرمکی (عن) أبی القاسم إبراهیم بن أحمد الخرقی (عن) أبی یعقوب إسحاق بن حمدان النیسابوری (عن) حم بن نوح (عن) أبی سعد محمد بن میسرة (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رحمه الله

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بکر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الکلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) أبی حنیفة کما

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد سواء

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی نسخته فرواه (عن) أبی حنیفة رحمه الله

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن حسن بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''محمد بن اسحاق بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابراہیم بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں: ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحیٰی بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحیٰی عبد الحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الکریم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مسور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: حضرت ''سعد رضی اللہ عنہ'' نے ایک شخص کواپنے مکان کی پیشکش کی۔ (اس کے بعد مفصل حدیث بیان کی)

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شرحبیل بن مسلم خولان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع والے سال فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کا حق اس کو دے دیا ہے، لہذا اب وارث کے لئے وصیت کی گنجائش نہیں ہے اور بستر والے کے لئے بچہ ہے اور زانی کے لئے پتھر ہے اور ان کا حساب اللہ کے سپرد ہے اور جس نے اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کیا یا کسی غلام نے اپنے آپ کو اپنے آقاؤں کے غیر کی جانب منسوب کیا، اس پر قیامت تک اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ اور کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر سے اس کی اجازت کے بغیر خرچہ نہ کرے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور طعام بھی؟ فرمایا: اور طعام بھی کیونکہ وہ تو ہمارے اموال میں سب سے افضل ہے اور مانگی ہوئی چیز واپس کی جائے گی اور جو جانور دودھ پینے کیلئے لیا ہے، وہ واپس کیا جائے گا اور کسی کا ضامن، قرضہ ادا کرنے والا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) الحسن بن السميدع (عن) عبد الوهاب بن نجدة قال (أخبرنا) إسماعيل بن عياش قال جاء ني أبو حنيفة النعمان بن ثابت الفقيه متنكراً فسمع على عدة أحاديث هذا من جملتها

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري عن أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب البغدادي (عن) أبي سعيد الماليني (عن) أبي الطيب محمد بن أحمد الوراق (عن) بشر بن الوليد القاضي (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة (عن) علي بن مسهر (عن) الأعمش (عن) إسماعيل ابن عياش إلا قوله ولا تنفق المرأة إلى قوله فإنه من أفضل أموالنا

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن سمیدع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الوہاب بن نجدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے کہ میرے پاس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت فقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' آئے اور

(۱۱۴۸) قد تقدم فی (۱۱۲۷)

انہوں نے ان سے متعدد احادیث سنیں، یہ حدیث بھی انہیں میں سے ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید مالینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطیب محمد بن احمد وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

انہوں نے علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے ،تاہم یہ الفاظ ذکر نہیں کئے ولا تنفق المراۃ سے لے کر فانه من افضل اموالنا تک

☼ بھاگے ہوئے غلام کو واپس لانے میں اجرت دے سکتے ہیں ☼

1149/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ رَبَاحٍ الْكُوْفِىْ (عَنْ) اَبِىْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِى الْجُعْلِ فِىْ رَدِّ الْآبِقِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابورباح کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمرو شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھاگے ہوئے غلام کو لوٹانے کی اجرت دینے کی رخصت دی ہے

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أحمد بن محمد ابن سعيد الهمدانى (عن) عمر بن عيسى بن عثمان (عن) أبيه (عن) خالد بن عامر (عن) عياش (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن عیسی بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن عامر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بھاگے ہوئے غلام کو کسی اور شہر سے واپس لانا ہو تو ۴۰ درہم اجرت دے سکتے ہیں ☼

1150/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ الْمَرْزَبَانِ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ (وَ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّ جَعْلَ الْآبِقِ إِذَا رَدَّهُ مِنْ مَوْضَعٍ خَارِجٍ مِنَ الْمِصْرِ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَماً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''سعید بن مرزبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: بھاگے ہوئے غلام کو شہر سے باہر کسی جگہ واپس کروایا جائے تو اس کی اجرت چالیس درہم ہے۔

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) أبى حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

(۱۱۴۹)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۹۰۱)في الادب :باب جعل الآبق وعبدالرزاق (۱۴۹۱۱)في البيوع :باب الجعل في الآبق وابن ابي شيبة ۶:۵۴۱في البيوع :باب جعل الآبق والبيهقي في السنن الكبرى ۶:۲۰۰

(۱۱۵۰)قد تقدم

ترکہ میں مضاربت اور ودیعت کا مال ہو، تفریق ممکن نہ ہو، تو سب لوگ برابر کے قرض خواہ ہونگے

1151/ (اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الْمُضَارَبَةِ وَالْوَدِيْعَةِ إِذَا كَانَتْ عِنْدَ الرَّجُلِ فَمَاتَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ قَالَ يَكُوْنُوْنَ جَمِيْعاً أُسْوَةُ الْغُرَمَاءِ إِذَا لَمْ يَعْرِفَا بِأَعْيَانِهِمَا الْوَدِيْعَةُ وَالْمُضَارَبَةُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، جب کسی شخص کے پاس مضاربت کا مال بھی ہو اور ودیعت بھی ہو اور وہ مر جائے اور اس کے ذمے قرضہ بھی ہو، اگر مضاربت اور ودیعت کا مال الگ الگ نہ ہو تو یہ سب کے سب قرض خواہوں کا ایک خاندان قرار پائیں گے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی مؤقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

میت کا قرضہ جب تک ادا نہ ہو جائے وہ قرضے کی وجہ سے پھنسی رہتی ہے

1152/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) فَرَاسِ بْنِ يَحْيٰى الْهَمْدَانِيَ الْحَارِثِي الْكُوْفِيِّ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) اَبِى الدَّرْدَاءِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنْ) رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلْمَيِّتُ مُرْتَهِنٌ بِدَيْنِهٖ حَتّٰى يَقْضِىَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''فراس بن یحیٰی ہمدانی حارثی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ''ابودرداء رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میت اپنے قرضے کی وجہ سے رکی رہتی ہے یہاں تک کہ اس کا قرضہ ادا کر دیا جائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) عبد الله بن قریش بن إسماعیل بن زکریا الأسدی (عن) أبیه (عن) عمرو بن القاسم التمار (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن قریش بن اسماعیل بن زکریا اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن قاسم تمار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

جتنا قرضہ دیا، اس سے زیادہ واپس لینا سود ہے

1153/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِيْ رَجُلٍ اَقْرَضَ رَجُلاً وَرِقاً فَجَاءَهٗ بِاَفْضَلَ مِنْهَا قَالَ اَلْوَرَقُ بِالْوَرَقِ اَكْرَهُ لَهُ الْفَضْلَ حَتّٰى يَأْتِيَ بِمِثْلِهَا

(۱۱۵۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۸۳) فی البيوع : باب من كان عنده مال مضاربة او وديعة

(۱۱۵۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۷۱) فی البيوع : باب القرض، وابن ابی شيبة ۶:۱۷۶ فی البيوع : باب فی الرجل يكون علی الرجل الدين فيهدی له ايحسبه من دينه؟ وعبدالرزاق (۱۴۶۴۹) فی البيوع : باب الرجل يهدی لمن اسلفه

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایسے شخص کے بارے میں جس نے کسی آدمی کو چاندی قرضہ دی اور وہ اس سے زیادہ لے کر آیا، آپ نے فرمایا: چاندی کے بدلے میں چاندی (برابر لینی چاہئے) اور جو اس نے اضافہ کیا ہے وہ میں ناپسند کرتا ہوں۔ وہ اتنا ہی لے (جتنا لے کر گیا)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا لا بأس ما لم يكن شرطاً اشترط عليه فإذا كان اشترط عليه فلا خير فيه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اپناتے نہیں ہیں اور اس وقت تک کوئی حرج نہیں ہے جب تک کوئی شرط نہ رکھی گئی ہو جب اس کے اوپر کوئی شرط رکھ دی گئی ہو تو اس کے اندر کوئی بھلائی نہیں ہے اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

☼ قرضہ دے کر واپس زیادہ لینا سود ہے ☼

1154/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَقْرِضُ الرَّجُلُ الدَّرَاهِمَ عَلَى اَنْ يُوْفِيَهُ خَيْراً قَالَ فَإِنِّي اَكْرَهُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایسے شخص کے بارے میں جو کسی شخص کو کچھ دراہم اس شرط پر قرضہ دے کہ وہ اس میں اضافہ کر کے واپس کرے گا۔ آپ نے فرمایا: میں اس کو ناپسند کرتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ قرضے کی وجہ سے جو بھی منافع لیا جائے وہ سود ہے ☼

1155/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ كُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفِعَةً فَلَا خَيْرَ فِيهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ہر وہ قرضہ جو نفع لے کر آئے اس کے اندر بھلائی نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ حضرت ''امام

(١١٥٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٧٣) في البيوع :باب القرض، وابن ابي شيبة ٦:٨١ في البيوع :باب من كره كل قرض جر منفعة

(١١٥٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٧٢) في البيوع :باب القرض، وعبدالرزاق (١٤٦٥٩) في البيوع :باب قرض جر منفعة، وهل ياخذ افضل من قرضه؟، وابن ابي شيبه ٦:١٨٠، والبيهقي في السنن الكبرى ٥:٣٥٠

محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی موقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

☼ بھاگے ہوئے غلام کو واپس لا کر دینے والے کو ثواب بھی ملے گا ۴۰ درہم بھی ☼

1156/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلاً قَدِمَ بِعَبْدٍ آبِقٍ فَجَعَلُوْا یَدْعُوْنَ لَهٗ یَاْجُرُهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فَسَمِعَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ اَجْرٌ وَّمَغْنَمٌ فِیْ کُلِّ رَأْسٍ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَماً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ''ابوعمرو شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ایک آدمی بھاگے ہوئے غلام کو لایا، لوگ اس کو پکارنے لگ گئے، اللہ تعالیٰ اس کو اجر دے گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سنا تو فرمایا: اجر بھی ہے اور ہر غلام کے بدلے میں چالیس درہم بھی ہیں۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان الموضع الذي أصابه فيه مسيرة ثلاثة أيام ولياليها فصاعداً فجعله أربعون درهماً وإن كان أقل من ذلك أرضخ له على قدر مسيره وهو قول أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں پر غلام پہنچا ہو، تین دن اور تین رات یا اس سے زیادہ کا سفر ہو تو اس کی مزدوری چالیس درہم ہے اور اگر اس سے کم ہو تو اس کی سفر کی مقدار کے مطابق اس میں کمی کرتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جانور یا سامان عاریت پر لیا، اس کے چوری، گم یا ہلاک ہونے پر تاوان نہیں ہے ☼

1157/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَارِیَةِ مِنَ الْحَیَوَانِ وَالْمَتَاعِ مَا لَمْ یُخَالِفِ الْمُسْتَعِیْرُ اِلٰی غَیْرِ الَّذِیْ قَالَ فَسُرِقَ اَوْ اَضَلَّهٗ اَوْ تَعْطِبُ الدَّابَّةُ فَلَیْسَ عَلَیْهِ ضَمَانٌ

(۱۱۵۶) قد تقدم فی (۱۱۵۰)

(۱۱۵۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۹۲) فی البیوع: باب الرهن والعارية والوديعة من الحيوان وغيره وعبد الرزاق (۱۴۷۸۴) في البيوع: باب العارية، وابن ابي شيبة ۱۴۲:۶ في البيوع: باب في العارية من كان لا يضمنها

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جس نے کسی سے جانور یا کوئی سامان عاریت کے طور پر لیا، مالک سے جو طے کیا تھا، اس کی مخالفت بھی نہ کی، وہ جانور یا سامان چوری ہوگیا یا گم ہوگیا یا جانور مرگیا تو اس کے ذمے تاوان نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة (ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی مؤقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

☼ عاریت پر لی گئی چیز کے ہلاک ہونے پر ضمان نہیں ہے ☼

1158/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ كَانَ لَا يُضْمِنُ الْعَارِيَةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: عاریت کا ضمان نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ گری پڑی چیز اٹھانے والا ایک سال اعلان کرے، مالک نہ ملے تو صدقہ کر دے ☼

1159/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ إِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ فِي اللُّقْطَةِ يُعَرِّفُهَا صَاحِبُهَا الَّذِىْ اَخَذَهَا سَنَةً إِنْ جَاءَ لَهَا طَالِبٌ وَإِلَّا تَصَدَّقَ بِهَا ثُمَّ إِنْ جَاءَ لَهَا طَالِبٌ بَعْدَ ذٰلِكَ كَانَ صَاحِبُهَا بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ ضَمِنَهُ مِثْلَهَا وَكَانَ الْاَجْرُ لِلَّذِىْ تَصَدَّقَ بِهَا وَإِنْ شَاءَ اَمْضَى الصَّدَقَةَ وَكَانَ الْاَجْرُ لَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عاصم بن ضمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے لقطہ کے بارے میں فرمایا: جس نے اس کو اٹھایا ہے وہ ایک سال تک اس کا اعلان کرے، اگر اس کا مالک آجائے تو اس کو دے دے ورنہ اس کو صدقہ کر دے پھر اگر اس کا مالک آجائے تو اس کے اٹھانے والے کو اختیار ہے اگر چاہے تو اس سے اتنا تاوان لے اور اس کا ثواب اس کو ہوگا جس نے اس کا صدقہ کیا ہے اور اگر چاہے تو اس صدقے کو برقرار رکھے اور ثواب لقطے کے مالک کو مل جائے گا۔

(۱۱۵۸)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۹۳)في البيوع :باب الرهن والعارية والوديعة من الحيوان وغيره'وابن ابي شيبة۱٤۲:٦

(۱۱۵۹)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۹۰۳)في الادب :باب من اصاب لقطة يعترفها' وعبدالرزاق (۱۸٦۲۸)في اللقطة 'وابن ابي شيبة ٥۱:٦٤في البيوع :باب في اللقطة مايصنع بها؛والبيهقي في السنن الكبرى ۱۸۸:٦

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده عن أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی مؤقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ گری پڑی چیز اٹھائی تو صدقہ کر دے، خود محتاج ہو تو استعمال کرنے میں حرج نہیں ہے ☼

1160/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی اللُّقْطَةِ یَتَصَدَّقُ بِهَا اَحَبُّ إِلَیْنَا مِنْ اَنْ یَّأْخُذَهَا وَإِنْ كُنْتَ مُحْتَاجاً فَاَكَلْتَ فَلا بَأْسَ بِهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے لقطہ (گری پڑی چیز اٹھانے) کے بارے میں فرمایا: اس کو صدقہ کر دیا جائے، یہ ہمارے نزدیک اس کو اپنے پاس رکھنے سے زیادہ محبوب ہے اور اگر تو محتاج ہو اور تو نے کھا لیا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی مؤقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

☼ لقیط پر جو خرچہ ثواب کیلئے کیا، وہ واپس نہیں ہوگا، جو قرضے کی نیت سے کیا، وہ واپس ملے گا ☼

1161/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ مَا اَنْفَقْتَ عَلَى اللَّقِیْطِ تُرِیْدُ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَلَیْسَ عَلَیْهِ شَیْءٌ وَاَمَّا مَا اَنْفَقْتَ عَلَیْهِ تُرِیْدُ اَنْ یَكُوْنَ لَكَ عَلَیْهِ فَهُوَ لَكَ عَلَیْهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں

(١١٦٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٩٠٤) في الأدب: باب من اصاب لقطة يعرفها

(١١٦١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٩٠٠) في الأدب: باب نفقة اللقيط وعبد الرزاق (١٣٨٤٤) في الطلاق: باب اللقيط و (١٦١٨٨) في الولاء: باب ولاء اللقيط

نے فرمایا: جو تو نے گری پڑی چیز اٹھا کر اس پر جو خرچہ کیا اور اس کے ذریعے تو اللہ کی رضا چاہتا ہو تو اس کے مالک کے ذمے کچھ نہیں ہے اور جو تو نے اس ارادے سے خرچہ کیا کہ وہ اس پر قرضہ ہوگا تو وہ اس کے ذمے تیرا قرضہ ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن أبي حنيفة ثم قال محمد هذا كله تطوع ولا يرجع على اللقيط بشيء وهو قول أبي حنيفة (وأخرجه) الحافظ أبو القاسم عبد الله بن محمد بن أبي العوام السعدي في مسنده (عن) محمد بن الحسن بن علي (عن) محمد بن إسحاق بن الصباح (عن) محمد بن عبد الرزاق (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہ سب احکام جوازی ہیں اور لقیط پر (خرچہ کی ہوئی) کوئی چیز بھی واپس نہیں لے سکتے، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوعوام سغدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْبَابُ الْحَادِیْ وَالْعِشْرُوْنَ فِی الْمَأْذُوْنِ

اکیسواں باب: ماذون کے بیان میں

☼ غلاموں کی دعوت قبول کرنا، مریضوں کی عیادت کرنا اور گدھے پر سواری کرنا سنت ہے ☼

1162/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ مُسْلِمِ بْنِ کَیْسَانِ الْمَلائِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُجِیْبُ دَعْوَةَ الْمَمْلُوْكِ وَیَعُوْدُ الْمَرِیْضَ وَیَرْکَبُ الْحِمَارَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''ابوعبداللہ مسلم بن کیسان ملائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مملوک کی دعوت کو قبول کیا کرتے تھے، مریض کی عیادت کیا کرتے تھے اور گدھے پر سواری بھی کرلیا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن الحسن الکشی (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی عبد الحمید الحمانی (عن) أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن حسن الکشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبد ماذون کے ذمہ قرضہ تھا، مالک نے آزاد کردیا یا بیچ دیا، دونوں کا الگ الگ حکم ☼

1163/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَـنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَبْدِ یَأْذَنُ لَهٗ سَیِّدُهٗ فِی التِّجَارَةِ فَصَارَ عَلَیْهِ دَیْنٌ فَـاَعْـتَـقَـهٗ صَـاحِبُهٗ إِنَّ عَلَیْهِ قِیْمَتَهٗ فَإِنْ فَضُلَ عَلَیْهِ بَعْدَ قِیْمَتِهٖ شَیْءٌ مِنَ الدَّیْنِ الَّذِیْ عَلَیْهِ طَلَبَ الْغُرَمَاءُ الْعَبْدَ بِمَا كَانَ عَلَیْهِ مِنَ الْفَضْلِ وَإِنْ بَاعَهُ السَّیِّدُ غَرِمَ لِلْغُرَمَاءِ عَنْهُ وَإِنْ اَعْتَقَ الْعَبْدَ یَوْماً مِنَ الدَّهْرِ اَخَذَهُ الْغُرَمَاءُ مِمَّا كَانَ فَضُلُ عَلَیْهِ مِنَ الدَّیْنِ بَعْدَ قِیْمَتِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، جس غلام کو اس کا آقا تجارت کرنے کی اجازت دے اور اس کے ذمے کچھ قرضہ ہوجائے، پھر اس کا مالک اس کو آزاد کردے تو جتنی اس

(۱۱۶۲) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۳۶۳) وابویعلی (۴۲۴۳) وابو الشیخ فی اخلاق النبی وآدابه (۶۴) وابونعیم فی الحلیة ۸:۱۳۱ والطیالسی ۲:۱۱۹ (۲۴۲۵) والبغوی فی شرح السنة (۳۶۷۳) والحاکم فی المستدرک ۲:۴۶۶ وابن سعد فی الطبقات ۱:۲۷۹

(۱۱۶۳) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۸۹) فی البیوع: فی العبد یأذن له سیده فی التجارة انه ضامن، وعبد الرزاق (۱۵۲۳۷) فی البیوع: باب هل یباع العبد فی دینه اذا اذن له او الحر؟ وابن ابی شیبة ۶:۲۵۳ فی البیوع: باب فی العبد المأذون له فی التجارة

غلام کی قیمت ہے اتنا قرضہ وہ مالک ادا کرے گا اور قیمت کے علاوہ جتنا زیادہ ہو، اس کی بابت غلام کے قرض خواہ غلام سے لیں گے ،اور اگر آقا اس کو بیچے تو ان قرض خواہوں کو وہ خود قرضہ ادا کرے اور اگر کبھی بھی اس غلام کو آزاد کیا گیا تو اس کے قرض خواہ اس کی قیمت سے زائد جتنا قرضہ ہوگا، وہ اس غلام سے لیں گے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة إذا أجازت الغرماء البيع فإن لم يجيزوا كان لهم أن يتقاضوا حتى يباع العبد فى دينهم إلا أن يعطيهم البائع أو المشترى حقهم وهو قول أبى حنيفة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ والله أعلم

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔

○حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے کہ جب تمام قرض خواہ بیع کی اجازت دے دیں، اگر وہ اجازت نہ دیں تو ان کا یہ حق ہے کہ وہ تقاضا کریں اور غلام کو ان کے قرضے کی مد میں بیچا جائے گا، سوائے اس کے کہ بائع یا مشتری ان کو ان کا حق دے دے، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

اَلْبَابُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ فِی الْمَزَارَعَةِ وَالْمُسَاقَاةِ

بائیسواں باب: مزارعت اور مساقاۃ کے بیان میں

☼ خرید وفروخت کی دو ممنوعہ صورتوں کا بیان ☼

1164/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰی عَنِ الْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ (کوئی آدمی اپنے کھجوروں کے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو توڑی ہوئی کھجوروں کے بدلے میں معین وسق کے اندازے میں بیچے، اور یہ شرط ہو کہ اگر اس کے اندر کھجوریں زیادہ ہوئیں تو وہ مشتری کے لئے ہوں گی اور اگر اس میں کمی ہوگی تو اس کا ذمہ دار بائع ہوگا) اور محاقلہ (خوشوں سے نکالی ہوئی گندم کو اندازے کے ساتھ اس گندم کے بدلے بیچنا جو ابھی پودوں پر ہے) سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد سعید الهمدانی قال أعطانی إسماعیل بن محمد بن إسماعیل بن یحیی کتاب جده إسماعیل بن یحیی فکان فیه أخبرنا أبو حنیفة(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی عن المنذر بن محمد بن المنذر (عن) أبیه (عن) عمه (عن) أبیه سعید بن أبی الجهم (عن) أبی حنیفة(وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی الحسن بن شاذان (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر الأشنانی بإسناده إلی أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' وہ فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن یحیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے دادا حضرت ''اسماعیل بن یحیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب دی، اس میں یہ تھا کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ہمیں حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منذر بن محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''

(١١٦٤) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٣٣٦) وابن حبان (٥٠٠٠) والترمذي (١٣١٣) في البيوع :باب النهي عن الثنيا وابن ابي شيبة ٧:١٣١ ومسلم (١٥٣٦) (٨٥) في البيوع :باب النهي عن المحاقلة والمزابنة وابو داود (٣٤٠٤) في البيوع :باب في المخابرة وابن ماجة (٢٢٦٦) في التجارات :باب المزابنة والمحاقلة

ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمراشانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ خرید و فروخت میں محاقلہ اور مزابنہ کی صورتیں ممنوع ہیں ☼

1165/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) یَزِیْدِ بْنِ اَبِیْ رَبِیْعَةَ (عَنْ) اَبِی الْوَلِیْدِ (عَنْ) جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَاَنْ یَّشْتَرِیَ النَّخْلَ سَنَةً اَوْ سَنَتَیْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یزید بن ابی ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابوالولید رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ (کوئی آدمی اپنے کھجوروں کے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو توڑی ہوئی کھجوروں کے بدلے میں معین وسق کے اندازے میں بیچے، اور یہ شرط ہو کہ اگر اس کے اندر کھجوریں زیادہ ہوئیں تو وہ مشتری کے لئے ہوں گی اور اگر اس میں کمی ہوگی تو اس کا ذمہ دار بائع ہوگا) اور محاقلہ (خوشوں سے نکالی ہوئی گندم کو اندازے کے ساتھ اس گندم کے بدلے بیچنا جو ابھی پودوں پر ہے) سے منع فرمایا ہے اور اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی کھجور کا درخت ایک سال یا دو سالوں کے لئے خریدا جائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) عبد الله بن حمدویه جار قتیبة (عن) محمود بن آدم (عن) الفضل بن موسی السینانی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حمدویہ قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت قتیبہ کے پڑوسی تھے) سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کھجور کا درخت ایک یا دو سال تک کیلئے فروخت کرنا منع ہے ☼

1166/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰی اَنْ یَّشْتَرِیَ النَّخْلَ سَنَةً اَوْ سَنَتَیْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ کھجور کا درخت ایک سال یا دو سال کے لئے خریدا جائے۔

(أخرجه) القاضی عمر الأشنانی (عن) المنذر بن محمد بن المنذر (عن) أبیه (عن) عمه (عن) أبیه سعید بن أبی الجهم (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه (وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن خسرو (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

(١١٦٥) قد تقدم فی (١٠٥٢)

(١١٦٦) قد تقدم فی (١٠٥٢)

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منذر بن محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ زمین کواس بنیاد پر اجرت پر دینا منع ہے کہ جو اس سے اگے گا، اسی کا کچھ فیصدی اجرت ہوگی ☼

1167/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِي الزُّبَيْرِ (عَنْ) جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ (عَنِ) الْمُخَابَرَةِ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ (زمین کاشت کے لئے دینا اور جو فصل اُگے گی اسی کا کچھ حصہ مثلاً آٹھواں، ساتواں یا چھٹا یا کوئی بھی حصہ اجرت ہوگی) سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن عصام البخاری (عن) أحمد بن القاسم الطائی (عن) محمد بن ناصح (عن) سالم بن أبی سالم الخراسانی (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن عصام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن قاسم طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سالم بن ابوسالم خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باغ اجرت پر لینے سے منع کیا ہے ☼

1168/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَبَايَةَ (عَنْ) رَافِعٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَرَّ بِحَائِطٍ فَاَعْجَبَهُ فَقَالَ لِمَنْ هٰذَا فَقَالَ رَافِعٌ لِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ هُوَ لَكَ فَقَالَ اِسْتَأْجَرْتُهُ فَقَالَ لَا تَسْتَأْجِرْهُ بِشَيْءٍ مِنْهُ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک آدمی سے وہ حضرت ''عبایہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''رافع رضی اللہ عنہ'' سے روایت

(١١٦٧) اخرجه الحصكفي مسند الامام (٣٥٤) وابن حبان (٥١٩٣) ومسلم ٣:١١٧٤ (٨٣) في البيوع: باب النهى عن المحاقلة والمزابنة، والبيهقي في السنن الكبرى ٥:٣٠١ والبخاري (٢١٩٦) في البيوع: باب بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها، وابوداود (٣٣٧٠) في البيوع: باب بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤:١١٢ وفي شرح مشكل الآثار ٣:٢٩٠

(١١٦٨) اخرجه الحصكفي مسند الامام (٣٥٥) وابن حبان (٥١٩٤) والطبراني في الكبير (٤٣٠٣) ومسلم (١٥٤٧) (١٠٩) في البيوع: باب كراء الارض، احمد ٤:١٤٠ وابن ماجة (٢٤٥٣) في الرهون: باب كراء الارض، والبيهقي في السنن الكبرى ٦:١٣٥ وابن ابي شيبة ٦:٣٤٤ والحميدي (٤٠٥)

کرتے ہیں: رسول اکرم ﷺ ایک باغ کے پاس سے گزرے، آپ ﷺ کو وہ باغ بہت پسند آیا، آپ ﷺ نے پوچھا: یہ کس کا ہے؟ حضرت رافع رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ یہ میرا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا یہ کیسے ہے؟ میں نے کہا: میں نے یہ اجرت پرلیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو اجرت پر نہ لیا کرو۔

(أخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ پیداوار کے چوتھائی یا تہائی اجرت پر باغ اجرت پر لینا منع ہے ☼

1169/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ حُصَيْنٍ (عَنْ) عَبَايَةَ بْنِ رَفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ (عَنْ) جَدِّهٖ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِحَائِطٍ فَاَعْجَبَهٗ فَقَالَ لِمَنْ هٰذَا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِسْتَأْجَرْتُهٗ قَالَ لَا تَسْتَأْجِرْهُ بِشَيْءٍ مِنْهُ قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ يَعْنِي الثُّلُثَ اَوِ الرُّبُعَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوحصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم ﷺ باغ کے پاس سے گزرے، رسول اکرم ﷺ کو وہ باغ اچھا لگا تو آپ ﷺ نے پوچھا: یہ کس کا ہے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں نے یہ اجرت پرلیا ہے فرمایا: اس کو اجرت پر نہ لیا کرو۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یعنی ایک تہائی یا چوتھائی مزدوری پر۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مزابنہ اور محاقلہ کے طور پر زمین اجرت پر لینا منع ہے ☼

1170/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ (عَنْ) اَبِي الْوَلِيْدِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَعَنِ ابْتِيَاعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَشْقَحَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت زید بن ابوانیسہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ''ابوولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے مزابنہ اور محاقلہ سے منع فرمایا ہے اور اس بات سے منع فرمایا ہے کہ کھجور کے درخت کو کھجوریں لگنے سے پہلے بیچیں۔

(مزابنہ یہ ہے کہ کوئی آدمی اپنے کھجوروں کے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو توڑی ہوئی کھجوروں کے بدلے میں معین وسق کے

(۱۱۶۹) قد تقدم وهو حديث سابقه

(۱۱۷۰) قد تقدم في (۱۰۵۲)

اندازے میں بیچے، اور یہ شرط ہو کہ اگر اس کے اندر کھجوریں زیادہ ہوئیں تو وہ مشتری کے لئے ہوں گی اور اگر اس میں کمی ہوگی تو اس کا ذمہ دار بائع ہوگا اور مزابنہ یہ ہے کہ خوشوں سے نکالی ہوئی گندم کو اندازے کے ساتھ اس گندم کے بدلے بیچنا جو ابھی پودوں پر ہے)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) علي بن محمد بن عبيد (و) أبي العباس أحمد بن عقدة كلاهما (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي جعفر الطحاوي (عن) أبي بكر بن سهل (عن) أبي محمد زهير بن عباد (عن) سويد بن عبد العزيز (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي بكر القاسم بن عيسى العطار بدمشق (عن) عبد الرحمن بن عبد الصمد بن شعيب بن إسحاق (عن) جده شعيب ابن إسحاق (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) الحسين بن الحسين الأنطاكي (عن) أحمد بن عبد الله الكندي (عن) علي بن معبد (عن) محمد بن الحسن(عن) أبي حنيفة رضي الله عنه(وأخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك ابن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الحسن بن علي (عن) أبي الحسين ابن المظفر (عن) أبي جعفر أحمد بن محمد بن سلامة الطحاوي (عن) أبي بكر بن سهل (عن) أبي محمد زهير بن علي (عن) سويد بن عبد العزيز (عن) أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً بهذا الإسناد إلى ابن المظفر بأسانيده إلى أبي حنيفة(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) إسحاق بن إبراهيم بن عمر البرمكي (عن) أبي القاسم إبراهيم بن أحمد الحربي (عن) أبي يعقوب بن إسحاق بن يعقوب بن حمدان النيسابوري (عن) حم بن نوح (عن) أبي سعد محمد بن ميسر (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے حضرت ''ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد زہیر بن عباد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سوید بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوبکر قاسم بن عیسیٰ عطار بدمشق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عبد الصمد بن شعیب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''شعیب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک ابن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،

انہوں نے حضرت ''ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد زہیر بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سوید بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں اپنی اسناد حضرت ''بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر روایت کیا ہے اور انہوں نے اپنی اسناد حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''اسحاق بن ابراہیم بن عمر البرکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم ابراہیم بن احمد حربی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویعقوب بن اسحاق بن یعقوب بن حمدان نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حم بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعد محمد بن میسر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کھجور کا درخت ایک یا دو سال کی میعاد تک خریدنا جائز نہیں ہے ☼

1171/(اَبُـو حَنِيْـفَةَ) (عَنْ) يَزِيْدِ بْنِ اَبِیْ رَبِيْعَةَ (عَنْ) اَبِی الْوَلِيْدِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَاَنْ لَا يُبَاعَ النَّخْلُ حَتّٰى تَشْقَحَ وَاَنْ لَا يُبَاعَ النَّخْلُ سَنَتَيْنِ وَلَا ثَلَاثاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یزید بن ابوربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا ہے اور اس بات سے منع فرمایا ہے کہ کھجور کے درخت کو بیچا جائے یہاں تک کہ اس پر کھجوریں لگ جائیں اور اس بات سے منع فرمایا ہے کہ کسی درخت کو دو یا تین سالوں کے لئے بیچا جائے۔

(مزابنہ یہ ہے کہ کوئی آدمی اپنے کھجوروں کے درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو توڑی ہوئی کھجوروں کے بدلے میں معین وسق کے اندازے میں بیچے، اور یہ شرط ہو کہ اگر اس کے اندر کھجوریں زیادہ ہوئیں تو وہ مشتری کے لئے ہوں گی اور اگر اس میں کمی ہوگی تو اس کا ذمہ دار بائع ہوگا اور مزابنہ یہ ہے کہ خوشوں سے نکالی ہوئی گندم کو اندازے کے ساتھ اس گندم کے بدلے بیچنا جو ابھی پودوں پر ہے)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد ابن عقدة (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۱۷۱) قد تقدم في (۱۱۶۵)

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼مزارعت کے بارے حضرت جعفر بن محمد اور سالم کا مختلف موقف☼

1172/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ قِيْلَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ (عَنْ) جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَنَّهٗ قَالَ لِسَالِمٍ إِنَّا نَكْرَهُ الْمُزَارَعَةَ وَكَانَ سَالِمٌ يُزَارِعُ فَقَالَ مَا كُنْتُ لَاَتْرُكَ مَعَاشِيْ لِقَوْلِ رَجُلٍ وَاحِدٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عبداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور یہ بھی کہا گیا ہے' حضرت ''عبیداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' انہوں نے حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: ہم مزارعت کو اچھا نہیں سمجھتے اور حضرت سالم رحمۃ اللہ علیہ مزارعت کیا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: میں ایک شخص کی بات کی وجہ سے اپنا معاش نہیں چھوڑ سکتا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) أبي حنيفة قال الحافظ رواه أبو يوسف رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه أيضاً(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله ابن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) محمد بن أحمد (عن) أبيه (عن) جنادة بن سلم (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' اس حدیث کو حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جنادہ بن سلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١١٧٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٧٤) وابويوسف في الآثار ١٨٨ وعبدالرزاق ٩٧:٨ (١٤٤٦٦) في البيوع: باب المزارعة على الثلث والربع

☼ زمین کی مزارعت کے بارے حضرت سالم اور ابراہیم رحمۃ اللہ علیہما کا مختلف موقف ☼

1173/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ سَالِماً یَعْنِی اِبْنَ عَبَدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرِ بْنِ الْخَطَّابِ وَطَاؤُوساً عَنِ الْمُزَارَعَةِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبْعِ فَقَالَا لاَ بَأْسَ بِهٖ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِإِبْرَاهِیْمَ فَكَرِهَهٗ وَقَالَ اِنَّ طَاؤُوساً لَهٗ اَرْضٌ مُزَارَعَةً فَمِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ قَالَ ذٰلِكَ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سالم رحمۃ اللہ علیہ یعنی حضرت ابن عبداللہ بن عمر بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ سے مزارعت کے بارے میں پوچھا کہ ایک تہائی یا ایک چوتھائی مزدوری پر مزارعت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ پھر میں نے اس کا ذکر حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے کیا تو انہوں نے اس کو ناپسند فرمایا اور کہا: طاؤس کی زمین مزارعت پر ہے انہوں نے اس وجہ سے یہ فتویٰ دیا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد كان أبو حنيفة يأخذ بقول إبراهيم ونحن نأخذ بقول سالم وطاؤس ولا نرى بذلك بأساً

(أخبرنا) أبو عبد الرحمن الأوزاعي (عن) واصل بن أبي جميل (عن) مجاهد قال اشترك أربع نفر على عهد رسول الله صَلّٰی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فقال واحد من عندی البذر وقال الآخر من عندی العمل وقال الآخر من عندی الفدان وقال الآخر من عندی الأرض فألغی رسول الله صَلّٰی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صاحب الأرض وجعل لصاحب الفدان أجراً مسمى وجعل لصاحب العمل لكل يوم درهماً وألحق الزرع كله بصاحب البذر

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے قول کو اپناتے تھے اور ہم حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' کے قول کو اپناتے ہیں اور ہم اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے۔

○ ہمیں حضرت ''ابوعبدالرحمٰن اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت ''واصل ابن ابوجمیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں چار آدمی شریک ہوئے، ان میں سے ایک نے کہا: بیج میرے ذمہ ہے۔ دوسرے نے کہا: کام میں کروں گا۔ تیسرے نے کہا: ہل چلانے کیلئے بیل میری طرف سے اور چوتھے نے کہا: میرے پاس زمین ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین والے کو کالعدم کر دیا اور بیل والے کو معین اجرت دی اور جو کام کرے گا اس کو روزانہ ایک درہم ملے گا اور فصل تمام کی تمام بیج والے کو دے دی۔

(۱۱۷۳) قد تقدم وھو الآثر السابق

اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ فِی النِّکَاحِ

تیئیسواں باب: نکاح کے بیان میں

نکاح، طلاق اور رجوع کی حقیقت بھی حقیقت ہے، مزاح بھی حقیقت ہے

1174/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) یُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ (عَنْ) اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ النِّکَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطاء بن رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''یوسف بن ماہک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں کہ جن کی حقیت بھی حقیقت ہے اور جن کا مزاح بھی حقیقت ہے: نکاح۔ طلاق۔ رجوع۔

(أخـرجـه) أبو محمد البخاری (عن) صالح الترمذی (عن) الفضل بن العباس الرازی (عن) أبی الحارث محرز بن محمد البعلبکی (عن) الولید بن مسلم (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن عباس رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحارث محرز بن محمد بعلبکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

مسلمان ایک وقت میں زیادہ سے زیادہ چار عورتوں سے شادی کر سکتا ہے

1175/(اَبُـو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) قَیْسِ بْنِ مُسْلِمٍ (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی (وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ اِلَّا مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ) قَالَ کَانَ یَقُوْلُ (اَنْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰی وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ) قَالَ اَحَلَّ لَکُمْ اَرْبَعَ وَحُرِّمَتْ عَلَیْکُمْ اُمَّهَاتُکُمْ اِلٰی آخِرِ الْآیَةِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''قیس بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حسن بن محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد:

(۱۱۷۴)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الحجة علی اهل المدینة۲:۲۰۲وابن الجارود فی المنتقی ۲۹۲ (۷۱۲) وابو داود (۲۲۹۴) والترمذی (۱۱۸۴) وابن ماجة (۲۰۳۹) وسعید بن منصور فی السنن (۱۶۰۳) والدارقطنی ۳:۲۵۶والحاکم فی المستدرک۲:۱۹۸والبغوی فی شرح السنة۹:۲۱۹

(۱۱۷۵)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۳۹۱) فی النکاح :باب مایحل للرجل الحر من التزویج

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمٰنُكُم

''اور حرام ہیں شوہر دار عورتیں مگر کافروں کی عورتیں جو تمہاری ملک میں آ جائیں''۔(ترجمہ کنزالایمان،امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(کے بارے میں فرمایا کرتے تھے)

عورتوں میں سے جو تمہیں پسند لگیں دو دو یا تین تین یا چار چار۔آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے چار عورتیں حلال کی ہیں اور تمہارے اوپر تمہاری مائیں حرام کی گئی ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسين في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ دروازہ بند کر دیا، پردہ ڈھلکا دیا، تو خلوت صحیحہ ہوگئی، مہر لازم ہو جائے گا ☼

1176/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنِ) الْـمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ اَنَّهُ قَالَ إِذَا أُغْلِقَ الْبَابُ وَأُرْخِيَ السِّتْرُ وَجَبَ الصَّدَاقُ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''منہال بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''حسن بن علی رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: جب دروازہ بند کر دیا جائے اور پردہ ڈھلکا دیا جائے تو مہر لازم ہو جاتا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بچہ ماں کے پاس رہے گا جب خود کھانے پینے لگ جائے تو باپ کے پاس رہے گا ☼

1218/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَلْوَلَدُ لِاُمِّهٖ حَتّٰی یَسْتَغْنِیْ وَقَالَ إِبْرَاهِیْمُ إِذَا اسْتَغْنَی الصَّبِیُّ عَنْ أُمِّهٖ فِی الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ فَالْاَبُ اَحَقُّ بِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: بیٹا اپنی ماں کا ہے، ماں کے پاس رہے گا یہاں تک کہ ماں سے بے نیاز ہو جائے۔ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: جب بچہ کھانے اور پینے میں ماں سے بے نیاز ہو جائے تو پھر باپ اس کا حق دار ہوتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ -أما الذکر فهی أحق به حتـی یـأکل وحده ویشرب وحده ثم أبوه أحق به- وأمـاالـجـاریة فأمها أحق بها حتی تحیض ثم أبوها أحق بها ولا

(۱۲۱۷) قد تقدم فی (۱۲۱۵)

(۱۲۱۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۱۶) فی المیراث: باب من احق بالولد ومن یجبر علی النفقة

خيار لواحد في ذلك فإن تزوجت الأم فلا حق لها في الولد والجدة أم الأم تقوم مقامها وإن كان للجدة زوج وهو الجد لم تحرم وإن كان غير الجد فلا حق لها وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن شیبانی'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے''۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔لڑکے کے بارے یہ حکم ہے کہ وہ خود کھانے پینے لگ جائے۔اس کے بعد اس کا باپ حقدار ہے۔اور لڑکی کے بارے میں یہ حکم ہے، بلوغت تک ماں کے پاس رہے گی، اس کے بعد باپ حقدار ہے۔ان میں سے کسی کو بھی اختیار نہیں ہوگا، اگر اس کی ماں کسی جگہ شادی کر لیتی ہے تو پھر بچے پر اس کا کوئی حق نہیں ہے، اس کی بجائے اس کی دادی یا نانی اس کا خیال رکھے گی، اور اگر دادی کا شوہر ہو اور وہی اس لڑکی کا دادا بھی ہو تو حرام نہیں ہے، اور اگر وہ اس لڑکی کا دادا نہ ہو تو پھر دادی کا بھی کوئی حق نہیں ہے۔حضرت امام اعظم ابوحنیفہ'' کا یہی مذہب ہے۔

☼ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا☼

1219/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) اَبِي إِسْحَاقٍ (عَنْ) اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوْسٰى (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لاَ نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ حضرت ''ابواسحاق'' سے، وہ حضرت ''ابوبردہ بن ابوموسیٰ'' سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ بیان کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب (عن) القاضي أبي بكر أحمد ابن عمر بن إسماعيل اللؤلؤي (عن) أبي الحسن الدارقطني (عن) سعيد بن القاسم بن العلاء البردعي (عن) أبي إسحاق أحمد ابن محمد بن سعيد بن ياسين القرشي بسمرقند (عن) أبي غياث محمد بن نصر (عن) مسلم بن عبد الرحمن البلخي (عن) شداد بن حكم (عن) زفر (عن) أبي حنيفة رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری'' نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوبکر احمد بن عمر بن اسماعیل لولوئی'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن دارقطنی'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن قاسم بن علاء بردعی'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق احمد ابن محمد بن سعید بن یاسین قرشی بسمرقند'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوغیاث محمد بن نصر'' سے، انہوں نے حضرت ''مسلم بن عبدالرحمٰن بلخی'' سے، انہوں نے حضرت ''شداد بن حکم'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼جس نے ولی اور دو گواہوں کے بغیر نکاح کیا، اس کا نکاح نہیں ہوا☼

1220/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) خَصِيْفٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَقِيْلٍ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنْ)

(١٢١٩) اخرجه الطحاوى فى شرح معانى الآثار ٩:٣ والحاكم فى المستدرك ١٧٠:٢ وابونعيم فى تاريخ اصفهان ١٢:١ واحمد ٣٩٤:٤ والدارمى (٢١٨٣) والترمذى (١١٠١) وابن حبان (٤٠٧٧) والطبرانى فى الاوسط (٦٨٠٥) والبيهقى فى السنن الكبرى ١٠٧:٧ وفى الصغرى (٢٣٦٨) والخطيب فى تاريخ بغداد ٤١:٦

(١٢٢٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الحجة على اهل المدينة ١٣٣:٣ والبيهقى فى السنن الكبرى ١١١:٧ فى النكاح :باب لا نكاح الا بولى وفى الصغرى ١٢:٢ وعبدالرزاق (١٠٤٧٧) وابن ابى شيبة ٤٤:٣ (١٥٩١٦) فى النكاح :من قال:لا نكاح الا بولى

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَيْنِ مَنْ نَكَحَ بِغَيْرِ وَلِيٍّ وَشَاهِدَيْنِ فَنِكَاحُهُ بَاطِلٌ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''خصیف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نکاح ولی اور دو گواہوں کے بغیر نہیں ہوتا، جس نے ولی اور دو گواہوں کے بغیر نکاح کیا اس کا نکاح باطل ہے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) أبي بكر الخطيب (عن) أبي بكر محمد بن عمر بن محمد بن إسماعيل (عن) أبي الحسن الدارقطني (عن) أحمد بن محمد بن إسحاق عن أحمد بن علي بن شعيب المدائني عن أحمد بن عبد الله الحلاج (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن عمر بن محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن الدارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن علی بن شعیب مدائنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ حلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی کو مزدوری پر رکھو، تو مزدوری پہلے طے کرو ☼

☼ اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرو، کسی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ دو ☼

1221/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَا يَسُوْمُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطِبُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ وَلَا تُبَايِعُوْا بِإِلْقَاءِ الْحَجَرِ وَلَا تَنَاجَشُوْا وَإِذَا اسْتَأْجَرَ اَحَدُكُمْ اَجِيْراً فَلْيُعَلِّمْهُ أُجْرَهُ وَلَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا وَلَا عَلٰى خَالَتِهَا وَلَا تَسْأَلُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَكْفِءَ مَا فِيْ صَحْفَتِهَا فَإِنَّ اللّٰهَ رَازِقُهَا

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے، کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغامِ نکاح پر اپنا پیغامِ نکاح نہ دے، پتھر پھینکنے کی بنیاد پر سودا نہ کرے، اور جب تم میں سے کوئی شخص کسی کو مزدوری پر لے کر آئے تو اس کی مزدوری واضح کر کے اس کو بتائے اور کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی اور خالہ کے ہوتے ہوئے نکاح نہ کرے اور کوئی عورت اپنی سوتن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تا کہ اس کے تھال میں جو کچھ ہے

(۱۲۲۱) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳:۴ و ۴:۱۱ واحمد ۲:۲۳۸ والشافعی ۲:۱۴۶ والحمیدی (۱۰۲۶) والبخاری (۲۱۴۰) ومسلم (۱۴۱۳) (۵۱) وابوداود (۲۰۸۰) وابن ماجة (۱۸۶۷) وقد مضی

وہ سمیٹ لے، کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کا رازق ہے۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الكلاعی فی مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبيه خالد بن خلی الكلاعی عن محمد بن خالد الوهبی (عن) أبی حنيفة (وأخرجه) محمد بن الحسن فی نسخته فرواه (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ اس عورت سے شادی نہیں ہو سکتی جس کی پھوپھی یا خالہ نکاح میں ہو ☼

1222/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطِيَّةِ الْعَوْفِی (عَنْ) اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدَرِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا تَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ عَلٰی عَمَّتِهَا وَلَا عَلٰی خَالَتِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی اور خالہ کے نکاح میں ہوتے ہوئے نکاح نہ کیا جائے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعيد بن جعفر (عن) موسى بن بهلول (عن) محمد بن مروان (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ دو دلہنیں غلطی سے دوسرے شوہر کے پاس چلی گئیں، دونوں سے صحبت ہوگئی، مسئلہ کا حل ☼

1223/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِذَا اُدْخِلَتِ الْمَرْاَتَانِ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا عَلٰی غَيْرِ زَوْجِهَا فَوُطِئَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا قَالَ تُرَدُّ كُلُّ وَاحِدَةٍ عَلٰی زَوْجِهَا وَلَهَا الصَّدَاقُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا وَلَا يُقَرِّبُهَا زَوْجُهَا حَتّٰی تَنْقَضِیَ عِدَّتُهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، جب دو عورتیں داخل کردی جائیں، ان میں سے ہر ایک دوسرے کے شوہر کے پاس چلی جائے اور ان میں سے ہر ایک

(۱۲۲۲) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۲۷۰) واحمد ۶۷:۳ وابن ماجة (۱۹۳۰) وفی النكاح :باب لا تنكح المرأة علی عمتها ولا علی خالتها والطبرانی فی الاوسط (۴۴۸۹) وابويعلی (۱۳۶۸)

(۱۲۲۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۴۱۱) وابن ابی شيبة ۳۱:۴ (۱۷۴۶۸) فی النكاح :ماقالوا فی رجلين تزوج اختين فادخلت امرأة كل واحد منهما علی صاحبه

کے ساتھ صحبت بھی ہو جائے تو ان میں سے ہر ایک کو ان کے اصلی شوہر کے پاس لوٹایا جائے گا اور اس کو اتنا حق مہر ملے گا جتنا اس غیر شوہر نے اس کی شرم گاہ کو استعمال کیا اور اس کا اصلی شوہر اس وقت تک اس کے قریب نہیں جائے گا جب تک اس کی عدت نہ گزر جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد وبهذا کله نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

دودھ سے حرمت تب ثابت ہوتی ہے، جب دودھ پینے کی عمر میں پیا جائے

1224/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَنَّ اَعْرَابِیاً وَلَدَتْ اِمْرَاَتُهُ فَمَاتَ وَلُدُهَا وَکَثُرَ اللَّبَنُ فِیْ ثَدْیِهَا فَقَالَتْ لَهُ مُصَّهُ ثُمَّ مَجَّهُ فَفَعَلَ ذٰلِكَ وَدَخَلَ حَلْقَهُ بَعْضُهُ فَاَتَی اَبَا مُوْسٰی فَذَکَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ حَرُمَتْ عَلَیْكَ اِمْرَاَتُكَ ثُمَّ اَتَی اِبْنَ مَسْعُوْدٍ فَسَاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّمَا کُنْتَ مُدَاوِیاً اِنَّمَا یُحَرِّمُ مِنَ الرِّضَاعِ مَا اَنْبَتَ اللَّحْمُ وَالْعَظَمُ مَا کَانَ فِیْ الْحَوْلَیْنِ وَلَا رِضَاعَ بَعْدَ الْفِطَامِ فَاَمْسِكْ اِمْرَأتَكَ فَاَتَی اَبِیْ مُوْسٰی فَاَخْبَرَهُ بِمَا یَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ فَرَجَعَ عَنْ قَوْلِهٖ وَقَالَ لَا تَسْاَلُوْنِیْ عَنْ شَیْءٍ مَا دَامَ هٰذَا الْحِبْرُ فِیْکُمْ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں'ایک دیہاتی کی بیوی نے بچہ پیدا کیا، وہ بچہ فوت ہو گیا، عورت کے پستانوں میں بہت دودھ آ گیا، اس نے اپنے شوہر سے کہا، اس کو چوس کر کلی کر دے۔اس نے اسی طرح کیا، اس طرح کرنے میں تھوڑا سا دودھ اس کے حلق میں اتر گیا۔وہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس بات کا تذکرہ کیا۔حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فتویٰ دیا' تیری بیوی تجھ پر حرام ہو گئی ہے۔پھر وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور ان سے یہی مسئلہ پوچھا: انہوں نے فرمایا: تو ایک علاج کر رہا تھا، دودھ پینے سے حرمت تب ثابت ہوتی ہے جب وہ دودھ گوشت اور ہڈیاں پیدا کرے اور یہ تب ہوتا ہے جب دو سالوں کے اندر اندر دودھ پیا جائے، دودھ چھڑانے کے بعد جب بچہ کھانا کھانے لگ جائے، اس زمانے میں دودھ پینے کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔تو اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھ۔وہ شخص دوبارہ لوٹ کر حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور حضرت عبداللہ کا موقف ان کو بتایا۔حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے قول سے رجوع کر لیا اور فرمایا: جب تک یہ متبحر عالم تمہارے اندر موجود ہے آئندہ مجھ سے کبھی کوئی مسئلہ مت پوچھنا۔

(أخرجه) الحافظ الحسین بن خسرو فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن محمد بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم بن حبیش البغوی (عن) محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة (وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) أبی حنیفة رضی الله

(۱۲۲۴) اخرجه عبدالرزاق ۴۳۶:۷ (۱۳۸۹۵) فی النکاح :باب رضاع الکبیر ومالك فی الموطا ۶۰۶:۲ (۱۴) فی الرضاع والبیهقی فی السنن الکبری ۴۶۱:۷ فی الرضاع :باب رضاع الکبیر وسعید بن منصور فی السنن (۹۷۱)

عنہما

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

مہر طے نہ کیا، قبل از دخول انتقال ہوگیا، عورت کو مہر مثل ملے گا

1225/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ الْـمَـرْاَةِ تُـوَفّٰـى عَـنْـهَـا زَوْجُـهَـا وَلَـمْ يَفْرُضْ لَهَا صَدَاقَهَا وَلَمْ يَكُنْ دَخَلَ بِهَا فَقَالَ لَهَا صَدَاقُ نِسَائِهَا وَلَهَا الْـمِيْـرَاثُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ فَقَامَ مَعْقَلُ بْنُ سِنَانِ الْاَشْجَعِيُّ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ بِرْوَعِ بِنْتِ وَاشِقِ الْاَشْجَعِيِّ مِثْلَ مَا قَضَيْتَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ایک عورت کا شوہر فوت ہوگیا، اس نے اس کا حق مہر مقرر نہیں کیا تھا اور نہ ہی اس کے ساتھ صحبت کی تھی۔ اس کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو اس کے خاندان کی دیگر خواتین جیسا مہر ملے گا اور اس کو میراث بھی ملے گی اور اس پر عدت بھی لازم ہے۔ حضرت معقل بن سنان اشجعی رضی اللہ عنہ اٹھ کر کھڑے ہوئے اور انہوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بروع بنتِ واشق اشجعی رضی اللہ عنہا کے بارے میں بالکل اسی طرح کا فیصلہ فرمایا تھا۔

(أخـرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر (عن) محمد بن الله الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبـی يـوسف رَحِـمَـهُ الـلّٰـهُ تَعَالٰی (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عـن) الإمـام أبی حنيفة مفصلاً وقال فی آخره ففرح عبد الله فرحة ما فرح قبلها مثلها لموافقة رأيه قول رسول الله صَـلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة (وأخرجه) أيضاً فی نسخته فرواه (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے تفصیلاً روایت کیا ہے، اس کے آخر میں فرمایا: ففرح عبد الله فرحه ما فرح قبلها مثلها

(۱۲۲۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۴۰۶) وابوداؤد (۲۱۱۴) فی النكاح: باب فيمن مات ولم يسم صداقاحتی مات والترمذی (۱۱۴۵) فی النكاح: باب ماجاء فی الرجل يتزوج المرأة فيموت عنهاقبل ان يفرض لها وعبدالرزاق (۱۰۸۹۸) فی النكاح: باب احدالزوجين يموت ولم يفرض لهاصداقاولم يدخل بها واحمد ۱:۴۳۱

لموافقه رایه قول رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ (تو حضرت عبداللہ اس قدر خوش ہوئے کہ اس سے پہلے ان کو اتنا خوش کبھی نہیں دیکھا گیا کیونکہ ان کا فیصلہ رسول اکرم ﷺ کے فیصلے موافق ثابت ہوا تھا) اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی موقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ عدت کے دوران نکاح کیا، پھر طلاق دی، طلاق واقع نہیں ہوئی ☼

1226/(اَبُـو حَـنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَتَزَوَّجُ اِمْرَاَةً فِیْ عِدَّتِهَا ثُمَّ یُطَلِّقُهَا قَالَ لَا یَقَعُ طَلَاقُهٗ عَلَیْهَا وَلَا یُحَدُّ قَاذِفُهَا وَلَا یُلَاعِنُ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جو کسی عورت کے ساتھ اس کی عدت میں نکاح کرے پھر اس کو طلاق دے، اس کی طلاق واقع نہیں ہوئی ہے اور اس پر تہمت لگانے والے پر حد قذف نہیں لگائی جائے گی اور نہ ہی لعان ہوگا۔

(وأخرجه) أيضاً في نسخته فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه (أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رحمه الله

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ عدت کے دوران نکاح کیا، بچہ پیدا ہوگیا، وہ کس کا شمار ہوگا ☼

1227/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِیْ رَجُلٍ تَزَوَّجُ اِمْرَاَةً فِیْ عِدَّتِهَا فَوَلَدَتْ قَالَ اِنْ ادَّعَاهُ الْاَوَّلُ فَهُوَ وَلَدُهٗ وَاِنْ نَفَاهُ الْاَوَّلُ وَادَّعَاهُ الثَّانِیْ فَهُوَ وَلَدُهٗ وَاِنْ شَكَّا فِیْهِ فَهُوَ وَلَدُهُمَا یَرِثُهُمَا وَیَرِثَانِهٖ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جس نے کسی عورت کے ساتھ اس کی عدت میں نکاح کرلیا اور اس کے ہاں بچہ پیدا ہوگیا، اگر پہلا شوہر اس بچے کا دعویٰ کرے تو وہ بچہ اُس کا ہے، اگر پہلا انکار کرے اور دوسرا دعویٰ کرے تو وہ دوسرے کا ہے اور اگر دونوں کو اس میں شک ہو تو وہ ان دونوں کا بچہ ہے اور وہ دونوں کی وراثت پائے گا اور وہ دونوں اس کی وراثت پائیں گے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولكنا نرى إذا طلقها فتزوجها غيره في عدتها فدخل بها فإن جاء ت بولد ما بينها وبين سنتين منذ دخل بها الآخر فهو ابن الأول وإن كان لأكثر من سنتين فهو ابن الآخر وكان أبو حنيفة يقول نحواً من ذلك في الطلاق البائن

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''

(۱۲۲٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤١٠) في النكاح :باب من تزوج امراة في عدتها ثم طلقها

(۱۲۲۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٠٨) وعبد الرزاق ٦:٢١٤ (١٠٥٥٤) في النكاح :باب نكاحها في عدتها

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کونہیں اپناتے ہیں، لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر شوہر نے بیوی کو طلاق دی، کسی دوسرے شخص نے عدت میں اس سے نکاح کرلیا اور اس کے ساتھ صحبت بھی کرلی، اگر دوسرے شوہر کے صحبت کرنے کے بعد دو سال کے درمیانی عرصے میں بچہ پیدا ہو جائے، تو وہ پہلے شوہر کا ہے، اور اگر دو سال کے بعد پیدا ہوا تو وہ دوسرے کا ہے۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے طلاق بائن کے بارے بھی یہی موقف اپنایا ہے۔

☼ دوران عدت نکاح کرنے والی کو دوسرے شوہر سے جدا کیا جائے، وہ دونوں عدتیں پوری کرے ☼

1228/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَلِيّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ فِى الْمَرْاَةِ تَتَزَوَّجُ فِىْ عِدَّتِهَا قَالَ يُفَرَّقُ بَيْنَهَا وَبَيْنَ زَوْجِهَا الْآخِرِ وَلَهَا الصَّدَاقُ مِنْهُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا وَتَسْتَكْمِلُ مَا بَقِىَ مِنْ عِدَّتِهَا مِنَ الْاَوَّلِ وَتَعْتَدُّ مِنَ الآخِرِ عِدَّةً مُسْتَقْبِلَةً ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا إِنْ شَاءَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' جو عورت عدت میں نکاح کرے، اس کو دوسرے شوہر سے الگ کردیا جائے گا اور اس کو اتنا حق مہر دیا جائے جتنا اس کے شوہر نے اس کو استعمال کیا ہے۔ پہلے شوہر کی جتنی عدت باقی ہے وہ پوری کرے، اور اس کے بعد دوسرے شوہر کی بھی عدت پوری کرے، اس بعد جس کے ساتھ چاہے نکاح کرلے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد رحمه الله وبهذا كله نأخذ إلا أنا نقول يستكمل عدتها من الأول وتحتسب ذلك من عدتها من الثانى وتستكمل ما بقى من عدتها من الثانى

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار کرتے ہیں، لیکن ہم یہ بھی کہتے ہیں' وہ پہلے شوہر کی عدت پوری کرے، یہی دن دوسرے شوہر کی عدت کے بھی قرار پائیں گے، ان کے علاوہ اس کی عدت سے جتنے دن رہ جائیں گے، وہ پورے کرلے۔

☼ بچہ بستر والے کا ہے اور زناکار کیلئے پتھر ہے ☼

1229/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بچہ بستر والے کا ہے اور زناکار کے لئے پتھر ہے۔

(۱۲۲۸)اخرجه محمدبن الحسن الشيبانى فى الآثار(۴۰۹)وفى الحجة على اهل المدينة ۳:۱۹۱فى النكاح :الرجل يتزوج المرأة فى عدتها'وابويوسف فى الآثار(۱۳۲)(۶۰۹)'وابن ابى شيبة ۴:۴(۱۷۱۹۲)فى النكاح:ماقالوا فى المرأة تزوج فى عدتها'الها صداق ام لا ؟'والبيهقى فى السنن الكبرى ۷:۴۴۱

(۱۲۲۹)اخرجه الحصكفى فى مسند الامام (۲۸۳)'وابويعلى (۱۹۹)'وابن ماجة(۲۰۰۵)فى النكاح :باب والولد للفراش وللعاهر الحجر'والطحاوى فى شرح معانى الآثار ۳:۱۰۴'والبيهقى فى السنن الكبرى ۷:۴۰۲'الحميدى (۱۰۸۵)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن محمد البخاری (عن) أبی سعید بن جعفر (عن) یحیی بن فروخ (عن) محمد بن بشر (عن) أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن فروخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایلاء ہوا، یا خلع لیا اس کے بعد رجوع کیلئے تجدید نکاح ضروری ہے، کیونکہ یہ طلاق بائن ہوتی ہے ☼

1230/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ الْمُوْلَى مِنْهَا وَالْمُخْتَلِعَةَ لَا يَقْدِرُ زَوْجُهَا اَنْ يُّرَاجِعُهَا إِلَّا بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ وَإِنْ مَاتَا لَمْ يَتَوَارِثَا لِاَنَّ الطَّلَاقَ بَائِنٌ وَلٰكِنَّهُ يُطَلِّقُ مَا دَامَتْ فِيْ الْعِدَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جس کے ساتھ ایلاء کر لیا گیا ہو اور جو عورت خلع لے، اس کا شوہر اگر اس سے رجوع کرنا چاہے، وہ تجدید نکاح کرے، اگر وہ مر جائیں تو ایک دوسرے کے وارث نہیں ہونگے، اس لئے کہ یہ طلاق بائن ہوتی ہے، لیکن جب تک وہ عدت میں ہے اس کو مزید طلاق دی جا سکتی ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ ایک وقت میں متعہ جائز ہوا تھا، پھر آیتِ نکاح اور آیتِ میراث نے اس کو منسوخ کر دیا ☼

1231/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ فِيْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ إِنَّمَا رُخِّصَتْ لِاَصْحَابِ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ثلاثَةَ اَيَّامٍ فِي غَزَاةٍ لَهُمْ شَكَوْا إِلىٰ النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا الْعَزُوْبَةَ ثُمَّ نَسَخَتْهَا آيةُ النِّكَاحِ وَالصَّدَاقِ وَالْمِيْرَاثِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: عورتوں کے ساتھ متعہ (یعنی وقتی نکاح) کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک غزوہ کے دوران اپنے صحابہ کو اجازت دی تھی، کیونکہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیویوں سے دوری کی پریشانی کی شکایت کی تھی، اس کے بعد آیتِ نکاح، آیتِ مہر اور آیتِ میراث نے متعہ کو منسوخ کر دیا۔

(أخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الملك

(۱۲۳۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۱۵) فی النکاح: باب من تزوج مختلعة او مطلقة، وعبدالرزاق (۱۱۷۸۹) فی الطلاق: باب المختلعة والمولی علیها یتزوجها فی العدة

(۱۲۳۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۳۲) وابن حبان (۴۱۴۱) والبخاری (۴۶۱۵) فی تفسیر سورة المائدة: باب (لا تحرموا طیبات ما احل الله لکم) ومسلم (۱۴۰۴) فی النکاح المتعة وابن ابی شیبة ۴:۲۹۲، والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳:۲۴ والبیہقی فی السنن الکبری

بن الحسن بن محمد (عن) عبد الرحمن بن عمر بن أحمد (عن) أبی عبد الله محمد بن إبراهیم بن حبیش البغوی (عن) أبی عبد الله محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بکر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الکلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی عن محمد بن خالد الوهبی (عن) أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی نسخته فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آخری ایام میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں رہنے لگ گئے تھے ☼

1232/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا مَرِضَ الْمَرْضَ الَّذِیْ قُبِضَ فِیْهِ اِسْتَحَلَّ نِسَاءَهٗ اَنْ یَّکُوْنَ فِیْ بَیْتِیْ فَاَحْلَلْنَ لَهٗ قَالَتْ فَلَمَّا سَمِعْتُ ذٰلِکَ قُمْتُ مُسْرِعَةً فَکَنَسْتُ بَیْتِیْ وَلَیْسَ لِیْ خَادِمٌ وَفَرَشْتُ لَهٗ فِرَاشاً حَشْواً مِرْفَقَتُهُ الْاِذْخَرُ فَاُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُهَادَیْ بَیْنَ رَجُلَیْنِ حَتّٰی وُضِعَ عَلٰی فِرَاشِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اس بیماری میں مبتلاء ہوئے جس میں آپ کا وصال ہوا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تمام عورتوں سے اس بات کی اجازت مانگی کہ آپ میرے حجرے میں رہیں، سب ازواج نے آپ کو اجازت دے دی۔ آپ فرماتی ہیں: جب میں نے یہ بات سنی تو میں جلدی سے اٹھی اور اپنے حجرے

(۱۲۳۲) اخرجه البخاری (۱۹۵) ومسلم (۴۱۸) وابو عوانة فی المسند ۱:۴۴۳ (۱۶۴۰) والبیهقی فی السنن الکبری ۱:۳۱ فی الطهارة: باب التطهیر فی سائر الاوانی والنسائی فی الکبری ۴:۲۵۴ (۷۰۸۳)

کی خود ہی صفائی کی، میرے پاس اس وقت خادم نہیں تھا، میں نے رسول اکرم ﷺ کے لئے وہ بچھونا بچھایا جس کے اندر کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی اور اذخر گھاس کا تکیہ رکھا، رسول اکرم ﷺ دو آدمیوں کے درمیان سہارا لیتے ہوئے تشریف لائے اور حضور ﷺ کو اس بچھونے پر بٹھا دیا گیا۔

☼خلع یافتہ، عدت میں آزاد کی گئی عورت سے نکاح کیا، قبل از دخول طلاق دی، مکمل مہر ملے گا☼

1233/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْمُخْتَلِعَةَ وَالْمُوْلَى مِنْهَا وَالَّتِي أُعْتِقَتْ فِي عِدَّتِهَا ثُمَّ طَلَّقَ قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا فَلَهَا الصَّدَاقُ كَامِلاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص خلع یافتہ عورت سے نکاح کرے یا ایسی عورت سے نکاح کرے جس سے ایلاء کیا گیا ہو اور ایسی عورت کے ساتھ نکاح کرے جس کو اس کی عدت میں آزاد کیا گیا ہو پھر اس کو دخول سے پہلے طلاق دے دی گئی ہو، اس عورت کو مکمل مہر ملے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة وكذلك في قوله كل امرأة كانت في عدة من نكاح جائز أو فساد أو غير ذلك مثل عدة أم الولد وتزوجها في عدتها منه ثم طلقها قبل الدخول بها فعليه الصداق كاملاً والتطليقة بملك فيها الرجل وعليها العدة مستقبلة يوم طلقها وهذا جائز في المسائل كلها ثم قال محمد ولسنا نأخذ به ولكن عليه نصف الصداق ولا رجعة له عليها وتستكمل ما بقي من عدتها وهو قول الحسن البصري وعطاء بن أبي رباح وأهل الحجاز ورواه بعضهم (عن) عامر الشعبي رحمة الله عليهم

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔ اور یہی حکم ہے ہر اس عورت کے بارے میں جو کسی جائز نکاح کی عدت میں تھی یا نکاح فاسد کی عدت میں تھی، یا اس کے علاوہ کسی صورت میں عدت میں تھی، اس کی عدت ام ولد کی عدت کی طرح ہوگی۔ کسی نے اس عدت کے دوران اس سے نکاح کر لیا، پھر قبل از دخول طلاق دے دی، اس کو مکمل مہر ملے گا۔ اور وہ اس دن سے عدت گزارے گی جس دن اس کو طلاق ہوئی تھی۔ یہی قانون تمام مسائل میں چلے گا۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے، بلکہ ہمارا موقف یہ ہے کہ اس کو طے شدہ مہر کا نصف ملے گا، اور وہ اس کے ساتھ رجوع بھی نہیں کر سکتا، اس کی جتنی عدت باقی ہے، وہ پوری کرے گی۔ حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' اور تمام اہل حجاز کا یہی مذہب ہے۔
کچھ لوگوں نے اس کو حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼مرد یا عورت کے فوت ہونے پر استعمال کے کس سامان کا کون حقدار ہوگا☼

1234/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ وَتَرَكَ اِمْرَاَتَهُ فَمَا كَانَ فِي الْبَيْتِ مِنْ

(۱۲۳۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۱۶) في النكاح: باب من تزوج مختلفة اومطلقة وسعيد بن منصور في السنن (۱۱۵۸) باب ماجاء في الايلاء

مَتَاعِ النِّسَاءِ فَهُوَ لِلنِّسَاءِ وَمَا كَانَ فِي الْبَيْتِ مِنْ مَتَاعِ الرِّجَالِ فَهُوَ لِلرِّجَالِ وَمَا كَانَ مِنْ مَتَاعٍ يَكُوْنُ لِلرِّجَالِ وَلِلنِّسَاءِ فَهُوَ لَهَا لِاَنَّهَا هِيَ الْبَاقِيَةُ مِنْهُمَا وَإِذَا مَاتَتْ اِمْرَاَةٌ فَمَا كَانَ فِي الْبَيْتِ مِنْ مَتَاعِ الرِّجَالِ فَهُوَ لِلرِّجَالِ وَمَا كَانَ مِنْ مَتَاعِ النِّسَاءِ فَهُوَ لَهَا وَمَا كَانَ لَهُمَا فَهُوَ لِلرَّجُلِ لِاَنَّهُ الْبَاقِيْ وَهِيَ الْخَارِجَةُ إِلَّا اَنْ تُقِيمَ عَلٰى شَيْءٍ بَيِّنَةً فَتَاخُذُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب آدمی فوت ہو جائے اور پسماندگان میں اپنی بیوی چھوڑے تو گھر کے اندر جو عورتوں والا سامان ہے وہ عورتوں کا ہوگا اور جو مردوں والا سامان ہے وہ مردوں کا ہوگا اور جو سامان مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے ہوتا ہے وہ عورتوں کا ہوگا، اس لئے کہ ان دونوں میں سے وہ عورت ہی باقی ہے اور جب کوئی عورت فوت ہو جائے تو گھر کے اندر جو مردوں والا سامان ہوگا وہ مردوں کے لئے اور جو عورتوں والا ہوگا وہ عورتوں کا اور جو دونوں کے لئے ہے وہ مردوں کا ہوگا، اس لئے کہ مرد ہی اب باقی ہے عورت تو چلی گئی ہے، سوائے اس صورت کے کہ کسی چیز پر عورت گواہی قائم کر دے، جس پر گواہی قائم کر دے، اس کو عورت لے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال ولسنا نأخذ بهذا ولكن ما كان من متاع الرجال فهو للرجال وما كان من متاع النساء فهو للنساء وما كان لهما فهو للرجال على كل حال سواء مات أو ماتت أو طلقها وقال ابن أبي ليلى المتاع كله للرجال إلا لباسها وقال بعض الفقهاء ما كان للرجال فهو للرجال وما كان للنساء فهو للنساء وما كان لهما فهو بينهما نصفان وممن قال ابن مالك وزفر وقد روى ذلك أيضاً عن إبراهيم النخعي وقد قال بعض الفقهاء أيضاً جميع ما في البيت من متاع النساء والرجال وغير ذلك بينهما نصفان وقال بعض الفقهاء البيت بيت المرأة فما كان من متاع الرجال والنساء فهو للمرأة وقال بعض الفقهاء للمرأة من متاع النساء ما يجهز به مثلها وما بقي في البيت فهو كله للرجال إن مات أو ماتت وهو قول أبي يوسف

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر فرمایا: ہم اس کو نہیں اپناتے، لیکن وہاں پر جو سامان مردوں والا ہوگا، وہ مردوں کیلئے، اور جو عورتوں کے استعمال کا سامان ہوگا، وہ عورتوں کیلئے ہوگا جو خواتین و حضرات دونوں کے استعمال کا ہو، وہ مردوں کو ہی ملے گا خواہ فوت عورت ہوئی ہو یا مرد۔ یا عورت کو طلاق ہوئی ہو۔ حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: عورت کے لباس کے سوا باقی تمام سامان مردوں کو ملے گا۔ بعض دیگر فقہاء کہتے ہیں: جو سامان مردوں کے استعمال کا ہوگا، وہ مردوں کیلئے ہے، جو عورتوں کے استعمال کا ہے، وہ عورتوں کیلئے ہے اور جو دونوں کے استعمال کا ہو، وہ ان میں برابر تقسیم کیا جائے گا، یہ موقف حضرت ''ابن مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نخعی سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔ کچھ فقہاء کا کہنا ہے کہ گھر میں جتنا بھی سامان ہے خواہ مردوں کے استعمال کا ہو، یا عورتوں کے استعمال کا سب مردوں اور عورتوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ بعض فقہاء کا کہنا ہے، گھر عورت کا ہے، اس میں جتنا بھی سامان ہوگا، وہ سب عورت کا ہوگا۔ بعض فقہاء نے کہا ہے' عورتوں کے سامان میں سے جیسا سامان جہیز میں دیا جاتا ہے وہ عورت کو ملے گا اور اس کے علاوہ جو بچے وہ سب مردوں کا ہے، خواہ انتقال عورت کا ہوا ہو یا مرد کا۔ یہی حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔

(۱۲۳۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۰۱) في الميراث: باب الرجل يموت ويترك امرأة فيختلفان في المتاع، وابن ابي شيبة ۵:۲۴۱ في الطلاق: باب في الرجل يطلق او يموت وفي منزله متاع

☼ حضرت بریرہ کو آزادی کے بعد شوہر کے ساتھ رہنے یا الگ ہونے کا اختیار دیا گیا ☼

1235/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا اَعْتَقَتْ بَـرِيْرَةَ وَلَهَا زَوْجٌ مَوْلٰى لِآلِ اَبِيْ اَحْمَدَ فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَكَانَ زَوْجُهَا حُرّاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ اسود رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا، ان کا شوہر تھا جو آلِ ابی احمد کا آزاد کردہ تھا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو اختیار عطا فرمایا، تو حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے اپنے آپ کو اختیار کر لیا تو اس میاں اور بیوی کے درمیان تفریق کر دی گئی، اس کا شوہر آزاد تھا۔

(أخـرجـه) أبـو مـحـمـد البـخـاری (عن) العباس بن القطان (عن) محمد بن المهاجر (عن) علی بن یزید (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عباس بن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شوہر دار لونڈی کو بیچ دیا گیا، تو اس کا بیچنا ہی اس کی طلاق قرار پاتا ہے ☼

1236/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَمْلُوْكَةِ تُبَاعَ وَلَهَا زَوْجٌ قَالَ بَيْعُهَا طَلَاقُهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ مملوکہ جس کو بیچ دیا جائے اور اس کا شوہر بھی موجود ہو، فرمایا: اس کا بیچنا ہی اس کی طلاق ہے۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمـد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولکنا نـأخـذ بـحـدیـث رسـول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حین اشترت عائشة رضی الله عنها بریرة فأعتقتها فخیرها رسـول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بین أن تقیم مع زوجها أو تختار نفسها فلو کان بیعها طلاقاً لما خیرها وبلغنا عـن عـمـر وعـلـی وعبد الرحمن بن عوف وسعد بن أبی وقاص وحذیفة بن الیمان رضی الله عنهم أنهم لم یجعلوا بیعها طلاقاً وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

(۱۲۳۵) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۲۹۴) والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳:۸۲ والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۳۳۸ وابن حبان (۴۲۷۱) والبخاری (۶۷۵۴) فی الفرائض :باب میراث السائبة واحمد ۶:۱۸۶ وابوداود (۲۹۱۶) فی الفرائض :باب فی الولاء والترمذی (۱۲۵۶) فی البیوع :باب ماجاء فی اشتراط الولاء

(۱۲۳۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۴۸) فی الایمان والنذور :باب الفرقة بین الامة وزوجها وولدها وعبدالرزاق (۱۳۱۶۹) فی الطلاق :باب فی الامة تباع ولها زوج والطبرانی فی الکبیر (۹۶۸۲)

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث پر عمل کرتے ہیں، جب ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ کو خرید کر آزاد کیا، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اختیار دیا تھا کہ شوہر کے ساتھ رہنا چاہتی ہے یا الگ۔ اگر اس کی فروخت ہی طلاق ہوتی تو پھر اختیار دینے کا کیا مطلب؟ اور ہم تک حضرت عمر، حضرت علی، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہم کے حوالے سے بھی یہ بات پہنچی ہے کہ انہوں نے اس کی فروخت کو طلاق قرار نہیں دیا۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ شوہر دار لونڈی مشغول ہے، فروخت یا ہبہ کے بعد بھی شوہر کے نکاح میں ہوتی ہے ☼

1237/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ قَالَ اَهْدٰی اِلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَامِلٌ لَهٗ جَارِیَةً لَهَا زَوْجٌ فَكَتَبَ اِلَیْهِ عَلِیٌّ بَعَثْتَ بِهَا اِلَیَّ مَشْغُوْلَةً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ایک عامل نے ایک لونڈی ان کو ہدیہ کے طور پر دی، اس کا شوہر بھی تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کی جانب مکتوب لکھا کہ تونے میری جانب ایک مشغول عورت کو بھیجا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا یکون بیعها ولا هبتها ولا هدیتها طلاقاً وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اس کی فروخت، اس کا ہبہ یا اس کا ہدیہ طلاق نہیں ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مہر طے نہیں کیا، قبل از دخول طلاق دے دی، آدھا مہر مثل دینا ہوگا ☼

1238/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ یُمَتِّعُهَا بِنِصْفِ صَدَاقٍ مِثْلِهَا الَّذِیْ طَلَّقَهَا وَلَمْ یَدْخُلْ بِهَا قَبْلَ اَنْ یُّفْرَضَ لَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جس نے حق مہر طے نہیں کیا تھا اور قبل از دخول طلاق دے دی، وہ عورت کو اس کا آدھا مہر مثل متعہ کے طور پر دے گا۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أبی بکر محمد بن أحمد بن عیسی بن عبدة الرازی (عن) عمرو بن تمیم (عن) أحمد بن یونس (عن) منذر بن علی (عن) أبی حنیفة (وأخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو (عن) المبارك بن عبد الجبار (عن) أبی محمد الحسین بن علی الفارسی (عن) أبی الحسین محمد بن

(١٢٣٧) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (٤٦٤) فی النکاح: باب الامة تباع او توهب ولها زوج 'عبدالرزاق (١٣١٧٥) فی الطلاق: باب الامة تباع ولها زوج 'وابن ابی شیبة ٥:٨٥ فی الطلاق: باب من قال: لیس هو بطلاق 'وسعید بن منصور (١٩٤٩) باب الامة تباع ولها زوج

المظفر بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد بن عیسیٰ بن عبدہ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن تمیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبد الجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسین بن علی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے ساتھ متعہ کو حرام قرار دیا☼

1239/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مُتْعَةَ النِّسَاءِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے ساتھ متعہ (وقتی نکاح) کو حرام کیا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن المنذر بن سعيد الهروي (عن) أحمد بن عبد الله الكندي (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼غزوہ خیبر کے موقع پر پالتو گدھوں کے گوشت اور عورتوں کے ساتھ متعہ سے روک دیا گیا☼

1240/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَامَ غَزْوَةِ خَيْبَرٍ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَعَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ وَمَا كُنَّا مُسَافِحِيْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے موقع پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے اور عورتوں کے ساتھ متعہ (وقتی نکاح) سے منع فرمایا اور ہم زنا نہیں کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في نسخته (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

(١٢٤٠) قد تقدم في (١١٨٨)

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابومحمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ صحبت کسی بھی انداز میں کی جاسکتی ہے جبکہ دخول اگلے مقام میں کیا جائے ☼

1241/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خَثِيْمِ الْمَكِّيِّ (عَنْ) يُوْسُفَ بْنِ مَاهِكٍ (عَنْ) حَفْصَةَ اَنَّ اِمْـرَاَـةً أَتَـتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ بَعْلِي يَأْتِيْنِيْ مِنْ دُبُرِيْ فَقَالَ لَا بَأْسَ إِنْ كَانَ فِيْ صِمَامٍ وَاحِدٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن عثمان بن خثیم مکی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت یوسف بن ماہک رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المؤمنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: ایک خاتون رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور اس نے آ کر عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا شوہر میرے ساتھ پچھلی طرف سے صحبت کرتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے اگر دخول اگلے مقام سے کیا جائے۔

(أخـرجـه) الـحـافـظ طـلـحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم ابن الحكم (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) السرى بن يحيى (عن) أبي نعيم (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) صـالـح بـن أحـمد عن عبد الله بن حمدويه البغلاني (عن) محمود بن آدم (عن) الفضل ابن موسى السيـنـاني (عن) أبي حنيفة قال الحافظ ورواه (عن) أبي حنيفة حمزة بن حبيب (و) زياد بن الحسن بن الفرات (و) خـلـف بـن ياسين (و) القابوسي (و) أبو يوسف (و) سابق رحمة الله عليهم(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن سعيد الحراني (عن) أبي فروة يزيد بن محمد (عن) أبيه (عن) سابق (عن) أبي حنيفة

(وروراه) (عـن) أبـي عـلـي الـحـسـن بن محمد بن شعبة (عن) محمد بن عمران الهمداني (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبي حنيفة

(ورواه) أيـضـاً بطريق آخر غير طريق أبي حنيفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة وقال محمد وبه نأخذ إنما يعني بقوله في صمام واحد يقول إذا كان ذلك في الفرج وهو قول أبي حنيفة

(وأخـرجـه) الـحـافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي(عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

(۱۲۴۱) قد تقدم في (۱۱۸۹)

سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سری بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حمدویہ بغلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ (طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ)'' فرماتے ہیں' اسی حدیث کو حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قابوس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن سعید حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ یزید بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سابق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن سعید حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد سابقہ حدیث سے کچھ مختلف ہے) حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اور حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ایک مقام میں دخول کا مطلب ہے کہ اگلے مقام میں دخول کیا جائے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کی آزادی کے بعد ان کو اختیار دیا تھا، ان کے شوہر آزاد تھے☼

1242/(اَبُـو حَـنِیـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ اَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ حُرّاً

(۱۲۴۲) قد تقدم فی (۱۲۳۵)

فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کے شوہر آزاد تھے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اختیار دیا تھا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن یونس البخاری (عن) صهیب بن عاصم الكرمانی (عن) زید بن حباب قال سمعت أبا حنیفة وهو فی المسجد الجامع بالكوفة یسأله قوم من أهل خراسان عن زوج بریرة أكان عبداً أو حراً فقال كان حراً فخیرها النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حدثنیه حماد (عن) إبراهیم (عن) الأسود (عن) عائشة رضی الله عنها

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن یونس بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صہیب بن عاصم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زید بن حباب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو جامع مسجد کوفہ میں سنا۔ خراسان کے کچھ لوگ ان سے بریرہ کے شوہر کے بارے پوچھ رہے تھے کہ وہ آزاد تھے یا غلام تھے؟ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو بتایا کہ وہ آزاد تھے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اختیار دیا تھا
ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔

☼ خاندانی شرافت رکھنے والی عورتوں کا نکاح صرف ان کے ہم پلہ مردوں سے ہی کیا جائے ☼

1243/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ لَاَمْنَعَنَّ فُرُوْجَ ذَاتِ الْاَحْسَابِ اِلَّا مِنَ الْاَكْفَاءِ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک آدمی کے واسطے سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: میں حسب والی عورتوں کا نکاح صرف ان کے ہم پلہ خاندان میں کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا زوجت المرأة نفسها من غیر كفوء فرفعها ولیها إلی الإمام فرق بینهما وهو قول أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جو عورت اپنی مرضی سے غیر کفو میں نکاح کر لے، اس کا ولی یہ معاملہ قاضی تک لے جائے تو قاضی ان کے درمیان تفریق کر دے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۲۴۳)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار(۴۴۵)فی النكاح :باب تزویج الاكفاء وحق الزوج علی زوجته وعبدالرزاق(۱۰۳۲۴)فی النكاح :باب الاكفاء وابن ابی شیبة ۴:۱۸فی النكاح :باب ماقالوا فی الاكفاء فی النكاح والبیهقی فی السنن الكبری ۷:۱۳۳

☼ پردہ بکارت دخول کے علاوہ بھی کئی صورتوں میں زائل ہوسکتا ہے ☼

1244/(اَبُـو حَنِيْـفَةَ) (عَـنِ) الْهَيْثَمِ عَنِ ابْنِ اَبِى هَيْثَمٍ(عَنْ) عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا زَوَّجَتْ مَوْلَاةً لَهَا رَجُلًا فَلَـمْ يَجِدْعَذْرَاءَ فَخَرَجَ الرَّجُلُ لِذٰالِكَ حَزِيْنًا شَدِيْدَالْحُزْنِ حَتّٰى عُرِفَ ذٰالِكَ فِى وَجْهِهٖ فَرُفِعَ ذٰالِكَ اِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ وَمَايُحْزِنُهُ اِنَّ الْعُذْرَةَ لَيَدْفَعُهَا الْحَيْضُ وَالاُصْبُعُ وَالْوَضُوْءُ وَالْوَثْبَةُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ ایک آدمی کے واسطے سے، ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے اپنی ایک لونڈی کا نکاح ایک آدمی سے کر دیا، اس آدمی نے اس عورت کو کنواری نہ پایا، اس وجہ سے وہ آدمی بہت پریشان ہو کر نکلا اور اس کی پریشانی اس کے چہرے سے بالکل عیاں تھی، اس بات کا تذکرہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے کیا گیا، تو انہوں نے پوچھا: اس کی پریشانی کیا ہے؟ پردۂ بکارت بعض اوقات حیض کی وجہ سے ختم ہو جاتا ہے، بعض اوقات انگلی لگنے کی وجہ سے، بعض اوقات وضو کی وجہ سے اور بعض اوقات کودنے کی وجہ سے بھی ختم ہوسکتا ہے۔

(أخـرجـه) الـحـافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد(عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) أبي حنيفة

(وأخـرجـه) أبـو عبـد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي علي الحسين بن علي بن أيوب البزار (عـن) الـقاضي أبي العلاء محمد بن علي الواسطي (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد سے، انہوں نے بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی حسین بن علی بن ایوب بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوعلاء محمد بن علی واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔

(١٢٤٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٤٠) وابن ابي شيبة ٤٩١:٥ (٢٨٣٠٥) في الحدود: في الرجل يقول لامرئة لم يجدك عذراء، وسعيد بن منصور في السنن ٧٦:٢ (٢١١٨)

☼ جس نے اپنی دلہن کے بارے میں کہا: میں نے اس کو کنواری نہیں پایا، اس پر حد نہیں ☼

1245/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ ثُمَّ یَقُوْلُ لَمْ اَجِدْهَا عَذْرَاءَ قَالَ لَا حَدَّ عَلَیْهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ شخص جو کسی عورت سے نکاح کرے اور پھر کہے، میں نے اس کو کنواری نہیں پایا۔ آپ فرماتے ہیں، اس پر اس الزام کی وجہ سے کوئی حد نہیں لگائی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ مہر طے نہیں کیا، قبل از دخول انتقال ہو گیا، مہر پورا ملے گا ☼

1246/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلاً اَتَاهُ یَسْاَلُهُ عَنْ اِمْرَاَةٍ تَزَوَّجَتْ رَجُلاً وَلَمْ یَفْرِضْ لَهَا وَلَمْ یَدْخُلْ بِهَا حَتّٰی مَاتَ فَقَالَ مَا بَلَغَنِیْ فِیْهَا (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَیْءٌ قَالَ فَقُلْ فِیْهَا بِرَأْیِكَ فَقَالَ اَرٰی لَهَا الصَّدَاقَ كَامِلاً وَاَرٰی لَهَا الْمِیْرَاثَ وَعَلَیْهَا الْعِدَّةُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ جُلَسَائِهٖ وَالَّذِیْ یُحْلَفُ بِهٖ لَقَدْ قَضَیْتَ فِیْهَا بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ بِرْوَعِ بِنْتِ وَاشِقِ الْاَشْجَعِیَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ایک آدمی ان کے پاس ایک ایسی عورت کے بارے میں مسئلہ پوچھنے کے لئے آیا جس نے ایک آدمی سے نکاح کر لیا، اس آدمی نے اس کے لئے حق مہر مقرر نہیں کیا تھا اور ابھی دخول نہیں کیا تھا کہ وہ آدمی فوت ہو گیا۔ انہوں نے فرمایا: اس حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا میرے پاس کوئی فرمان نہیں ہے۔ اس نے کہا: پھر آپ اپنی رائے سے کوئی فیصلہ فرما دیجئے۔ انہوں نے کہا: میرا خیال ہے کہ اس کو مکمل حق مہر ملے گا اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ اس عورت کو وراثت بھی ملے گی اور اس کے ذمے عدت بھی ہے۔ وہاں پر بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: اس ذات کی قسم! جس کی قسم کھائی جاتی ہے، آپ نے جو فیصلہ کیا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بروع بنت واشق اشجعی رضی اللہ عنہا کے بارے میں بھی بالکل اسی جیسا فیصلہ کیا تھا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن منصور (عن) أبيه (عن) أبي مقاتل (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الغنائم محمد بن علي بن الحسن بن أبي عثمان

(١٢٤٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٤٤) في النكاح: باب من تزوج امرأة فلم يجدها عذراء، وعبدالرزاق (١٢٤٠٦) في الطلاق: باب قوله: لم اجدك عذراء، وسعيد بن منصور ٢:٧٥ (٢١١٤) باب الرجل يجد امرأته غير عذراء

(١٢٤٦) قد تقدم في (١٢٢٥)

(عن) أبي الحسن محمد بن أحمد بن محمد ابن زرقويه (عن) أبي سهل محمد بن أحمد بن زياد القطان عن بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن احمد بن محمد ابن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسہل محمد بن احمد بن زیاد قطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مہر طے نہیں کیا، قبل از دخول انتقال ہوگیا، بیوی کو پورا مہرِ مثل دیا جائے گا ☼

1247/(أَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ اِمْرَاَةً اَتَتْهُ فَقَالَتْ يَابَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ إِنَّ زَوْجِیْ مَاتَ عَنِّیْ وَلَمْ يَدْخُلْ بِیْ وَلَمْ يَفْرُضْ لِیْ صَدَاقاً وَلَمْ يَكُنْ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ مَا يُجِيْبُهَا بِهٖ فَمَكَثَ يُرَدِّدُهَا شَهْراً ثُمَّ قَالَ مَا سَمِعْتُ فِیْ هٰذَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَيْئاً وَسَاَجْتَهِدُ بِرَأْيِیْ فَإِنْ اَصَبْتُ فَمِنَ اللّٰهِ وَإِنْ اَخْطَاْتُ فَمِنْ قِبَلِ رَأْيِیْ ثُمَّ قَالَ اَرٰى لَهَا صَدَاقُ مِثْلِهَا لَا وَكَسَ وَلَا شَطَطَ وَأَنَّ لَهَا الْمِيْرَاثُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ وَالَّذِیْ يُحْلَفُ بِهٖ لَقَدْ قَضَيْتَ فِيْهَا بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ بِرْوَعٍ بِنْتِ وَاشِقِ الْاَشْجَعِيَّةِ قَالَ فَفَرِحَ عَبْدُ اللّٰهِ فَرْحَةً مَا فَرِحَ بِهَا مُنْذُ اَسْلَمَ لِمُوَافَقَتِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ شَیْءٍ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ایک عورت ان کے پاس آئی اور اس نے آ کر کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میرا شوہر قبل از دخول فوت ہوگیا، اس نے میرے ساتھ دخول نہیں کیا اور اس نے میرے لئے حق مہر بھی مقرر نہیں کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں تھا، آپ پورا مہینہ اس میں غور وفکر کرتے رہے، پھر فرمایا: اس حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا میرے پاس کوئی فرمان نہیں ہے، میں اپنی رائے سے کوشش کرکے تمہیں جواب دے دوں گا، اگر وہ جواب درست ہوا

(۱۲۴۷) قد تقدم فی (۱۲۲۵)

تو وہ اللہ کی طرف سے ہوگا اور اگر اس میرے سے خطا ہوئی تو وہ میری رائے کا قصور ہوگا۔ پھر فرمایا: میں سمجھتا ہوں کہ اس کو اس کا مہر مثل ملے گا، اس میں نہ کمی کی جائے گی اور نہ زیادتی کی جائے گی۔ اس کو وراثت بھی ملے گی اور اس کے ذمے عدت بھی ہے۔

لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: اس ذات کی قسم جس کی قسم کھائی جاتی ہے، آپ نے اس عورت کے بارے میں وہی فیصلہ کیا ہے جو رسول اکرم ﷺ نے بروع بنت واشق اشجعیہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں فیصلہ کیا تھا۔ راوی کہتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس قدر خوش ہوئے کہ جب سے اسلام لائے تب سے اتنا خوش کبھی بھی نہیں ہوئے تھے، اس کی وجہ یہ ہے کہ جس مسئلے میں انہوں نے رسول اکرم ﷺ کا کوئی فرمان نہیں سن رکھا تھا، ان کی رائے رسول اللہ ﷺ کے موافق آ گئی۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله ابن حسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان السواق (عن) أبي بكر أحمد بن محمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي طالب عبد القادر بن محمد بن يوسف (عن) أبي محمد الجوهري (عن) أبي بكر الأبهري (عن) أبي عروبة الحراني (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه بتمامه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ ابن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوطالب عبدالقادر بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مکمل طور روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم ﷺ نے پانچ قسم کی عورتوں کی نشاندہی کی جن سے شادی سے بچنا چاہئے ☼

1248/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ (عَنْ) زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ

اَنَّهٗ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ هَلْ تَزَوَّجْتَ يَا زَيْدُ قَالَ لَا قَالَ تَزَوَّجْ فَتَسْتَعِفُّ مَعَ عِفَّتِكَ وَلَا تَزَوَّجَنَّ خَمْسًا قَالَ مَنْ هُنَّ قَالَ لَا تَتَزَوَّجْ شَهْبَرَةً وَلَا لَهْبَرَةً وَلَا نَهْبَرَةً وَلَا هَيْذَرَةً وَلَا لَفُوْتًا قَالَ زَيْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا اَعْرِفُ شَيْئًا مِمَّا قُلْتَ قَالَ بَلٰى اَمَّا الشَّهْبَرَةُ فَالزَّرْقَاءُ الْبَذِيَّةُ وَاَمَّا اللَّهْبَرَةُ فَالطَّوِيْلَةُ الْمَهْزُوْلَةُ وَاَمَّا النَّهْبَرَةُ فَالْعَجُوْزُ الْمُدَبِّرَةُ وَاَمَّا الْهَيْذَرَةُ فَالْقَصِيْرَةُ وَاَمَّا اللَّفُوْتُ فَذَاتُ الْوَلَدِ مِنْ غَيْرِكَ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراهیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں'وہ فرماتے ہیں مجھے اہلِ مدینہ کے ایک شیخ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا یہ بیان سنایا ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں وہ حاضر ہوئے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا: اے زید! کیا تم نے شادی کر لی ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شادی کر لو کہ اس طرح تو بھی پاک دامن رہے گا اور پانچ طرح کی عورتوں سے شادی نہ کرنا۔ انہوں نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ پانچ عورتیں کون کون سی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہبرہ، لہبرہ، نہبرہ، ہیزرہ اور لفوت سے شادی نہ کرنا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے جو کچھ فرمایا ہے، مجھے تو ان میں سے کسی کی بھی سمجھ نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیوں نہیں؟ شہبرہ، بوڑھی کو کہتے ہیں۔ لہبرہ، کمزور دبلی کو کہتے ہیں۔ نہبرہ اس کو کہتے ہیں جو مرنے کے قریب ہو۔ ہیزرہ، ٹھگنی کو کہتے ہیں۔ لفوت، اس عورت کو کہتے ہیں جس کے پاس کسی اور شوہر کا بچہ موجود ہو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أبي العباس بن الفضل بن بسام البخاري (عن) إبراهيم بن محمد الهروي (عن) أحمد بن حريش القاضي (عن) الفضل بن موسى السيناني (عن) أبي حنيفة قال أبو محمد البخاري ضحك أبو حنيفة من هذا الحديث طويلاً (وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) هناد ابن إبراهيم النسفي (عن) أحمد بن عمر بن عبد الله (عن) عثمان بن محمد (عن) أبي جعفر محمد بن معاذ (عن) أحمد بن عبد الله (عن) الفضل بن موسى السيناني (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن فضل بن بسام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن محمد ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حریش قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس طویل حدیث کو سن امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ہنس پڑے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہناد بن ابراہیم نسفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عمر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر محمد بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٣٤٨) واورده علي المتقي في كنز العمال (٤٤٥٩٥) من حديث زيد بن حارثة

☼ آزاد مسلمان خاتون نکاح میں ہوتے ہوئے بھی یہودیہ یا نصرانیہ سے نکاح کر سکتے ہیں ☼

1249/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا بَأْسَ بِنِكَاحِ الْيَهُوْدِيَّةِ وَالنَّصْرَانِيَّةِ عَلَى الْحُرَّةِ يَعْنِي الْمُسْلِمَةَ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: مسلمان خاتون کے ساتھ شادی کی ہوئی ہو تو اس کے ہوتے ہوئے یہودیہ یا نصرانیہ سے نکاح کرنے میں حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مقتدر لوگوں کو اہل کتاب خواتین سے شادی سے گریز کرنا چاہئے ☼

1250/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ تَزَوَّجَ يَهُوْدِيَّةً بِالْمَدَائِنِ فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنْ خَلِّ سَبِيْلَهَا فَكَتَبَ إِلَيْهِ اَحَرَامٌ هِيَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ اَعْزِمُ عَلَيْكَ اَنْ لَا تَضَعَ كِتَابِيْ حَتّٰى تُخَلِّيَ سَبِيْلَهَا فَإِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَّقْتَدِيَ بِكَ الْمُسْلِمُوْنَ فَيَخْتَارُوْا نِسَاءَ اَهْلِ الذِّمَّةِ لِجَمَالِهِنَّ وَكَفٰى بِذٰلِكَ فِتْنَةً لِنِسَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے مدائن میں ایک یہودی عورت سے شادی کر لی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کی جانب مکتوب لکھا کہ اس کو طلاق دے دے۔ ان کی جانب حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ سوالیہ مکتوب بھیجا کہ اے امیر المؤمنین! کیا یہ حرام ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کی جانب جوابی مکتوب میں لکھا: تجھ پر میں یہ لازم کرتا ہوں کہ میرا یہ خط رکھنے سے پہلے اس کو چھوڑ دے کیونکہ مجھے یہ خدشہ ہے کہ دوسرے مسلمان تیری اقتداء کریں گے اور یہ لوگ ذمیوں کی عورتوں کو ان کی خوبصورتی کی وجہ سے اختیار کریں گے اور یہ مسلمانوں خواتین کیلئے بہت بڑی آزمائش بن جائے گی۔

(١٢٤٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤١٤) وسعيد بن منصور في السنن ١٩٤:١ (٧٢٠) باب نكاح اليهودية والنصرانية ' قلت: وقد اخرج ابن ابي شيبة ٤٦٣:٣ (١٦١٦٤) في النكاح: من رخص في نكاح نساء اهل الكتاب عن جار لحذيفة 'عن حذيفة: ان نكح يهودية وعنده عربيتان

(١٣٥٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤١٨) في النكاح: باب من تزوج اليهودية النصرانية' وعبد الرزاق (١٠٠٥٧) في اهل الكتاب: باب نكاح نساء اهل الكتاب' وابن ابي شيبة ١٥٨:٤ في النكاح: باب من كان يكره النكاح في اهل الكتاب' وسعيد بن منصور ١٩٣:١ (٧١٦) والبيهقي في السنن الكبرى ١٧٢:٧

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا نراه حراماً ولكنا نرى أن يختار عليهن نساء المسلمين وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہم اس کو حرام نہیں سمجھتے، لیکن مسلمان خواتین کو ان پر ترجیح دینی چاہئے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ حاملہ عورت کی عدت وضع حمل ہے ☼

1251/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ اَنَّ سَبِيْعَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ الْاَسْلَمِيِّ مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ فَمَكَثَتْ خَمْساً وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ وَضَعَتْ فَمَرَّ بِهَا اَبُو السَّنَابِلِ بِنْ بَعْكَكَ فَقَالَ تَشَوَّفْتِ تُرِيْدِيْنَ الْبَاءَةَ كَلَّا وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَاَبْعَدُ الاَجَلَيْنِ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ كَذَبَ إِذَا حَضَرَ الزَّوْجُ فَأْذِنِيْنِي

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حضرت سبیعہ بنت حارث اسلمی رضی اللہ عنہا کا شوہر فوت ہوگیا، وہ اس وقت حاملہ تھی، پچیس دن کے بعد بچہ پیدا ہوگیا۔ابوسنابل بن بعکک کا وہاں سے گزر ہوا تو اس نے کہا: تو نے زینت اختیار کی ہوئی ہے کیا تو شادی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ ہرگز نہیں، اللہ کی قسم! تیری عدت دو مدتوں میں سے بڑی مدت ہے۔وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آ گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے جھوٹ بولا ہے، جب شوہر آئے تو مجھے اطلاع دینا۔(کیونکہ اس نے کہا تھا کہ یہ لمبی مدت والی عدت گزارے گی اوران کے شوہر ابوسلمہ نے یہ کہا تھا کہ اس کی عدت وضع حمل ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسنابل بن بعکک کی بات کو رد کیا تھا)

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) إسماعيل ابن بشر (عن) مقاتل بن إبراهيم (عن) نوح بن أبي مريم (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الغنائم محمد بن علي بن الحسن بن أبي عثمان (عن) أبي الحسن محمد بن أحمد بن محمد بن زرقويه (عن) أبي سهل أحمد بن محمد بن زياد (عن) حامد بن هوذة بن خليفة (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسماعیل ابن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقاتل بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح بن ابومریم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۲۵۱) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۲۹۷) وابن حبان (٤٢٩٤) والنسائي في المجتبى ٦:١٩٦ في الطلاق :باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها وعبد الرزاق (۱۱۷۲۲) واحمد ٦:٤٣٢ والبخاري (٥٣١٩) في الطلاق باب (واولات الاحمال اجلهن ان يضعن حملهن) ومسلم (١٤٨٤) في الطلاق :باب انقضاء عدة المتوفى عنها زوجها بوضع الحمل وابوداود (٢٣٠٦) في الطلاق :باب في عدة الحامل

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حامد بن ہوذہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نکاح کے وقت شوہر بیمار تھا لڑکی والوں کو علم نہ تھا، طلاق پر مجبور نہیں کیا جا سکتا ☼

1252/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ وَهُوَ صَحِيحٌ اَوْ يَتَزَوَّجُ وَبِهٖ بَلَاءٌ لَمْ يُخْبَرْ بِهٖ اِمْرَاَتُهُ وَلَا اَهْلُهَا اَنَّهَا اِمْرَاَتُهُ اَبَداً لَا يُجْبَرُ عَلٰى طَلَاقِهَا قَالَ فَاِنْ تَزَوَّجَهَا وَهِيَ هٰكَذَا فَهِيَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جو نکاح کے وقت تندرست ہو یا وہ نکاح کے وقت کسی بیماری میں مبتلا ہو، اس کی اطلاع نہ اس کی بیوی کو دی گئی اور نہ ہی بیوی کے گھر والوں کو دی گئی ہو تو وہ ہمیشہ اس کی بیوی ہے، اس کو طلاق دینے پر مجبور نہیں کیا جائے گا، اگر مرد کسی عورت سے شادی کر لے، بعد میں پتا چلے کہ وہ کسی بیماری میں مبتلا ہو تب ہی وہی حکم ہے (یعنی اس صورت میں بھی اس کو طلاق نہیں دی جائے گی، اور وہ اس کی بیوی کے طور پر رہے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة فأما في قولنا فإن كانت المرأة بها العيب فالقول ما قال أبو حنيفة وإن كان الزوج به العيب وكان عيباً يحتمل فالقول أيضاً ما قال أبو حنيفة وإن كان عيباً لا يحتمل فهو بمنزلة المجبوب والعنين تخير امرأته إن شاءت أقامت معه وإن شاءت فارقته

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔ اگر عورت میں عیب ہو تو ہم وہی قول اختیار کرتے ہیں جو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اختیار کیا ہے۔ اور اگر شوہر میں عیب ہو تو اگر وہ عیب دور ہو سکتا ہے، تب بھی وہی حکم ہے جو امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ اور اگر وہ ایسا عیب ہے جو دور نہیں ہو سکتا تب وہ شخص مجبوب اور عنین (جس کا آلہ تناسل کٹا ہوا ہو، یا وہ نامرد ہو) کی طرح قرار پائے گا۔ عورت کو اختیار دیا جائے گا اگر وہ چاہے تو اس شوہر کے ساتھ رہ لے اور علیحدگی لینا چاہے تو علیحدگی لے لے۔

☼ دلہن میں عیب ہو تو شوہر کی مرضی ہے، چاہے طلاق دے یا رکھ لے ☼

1253/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ وَبِهَا عَيْبٌ اَوْ دَاءٌ اَنَّهَا اِمْرَاَتُهُ اِنْ

(۱۲۵۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۰۲) في النكاح: باب الرجل يتزوج وبه العيب والمرأة، وعبد الرزاق (۱۰۷۰۰) في النكاح: باب ما رد من النكاح

(۱۲۵۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۰۳) في النكاح: باب الرجل يتزوج وبه العيب والمرأة، وعبد الرزاق (۱۰۶۸۷) في النكاح: باب ما رد من النكاح، وسعيد بن منصور (۱:۲۱۳، ۸۲۳)

شَاءَ طَلَّقَ اَوْ اَمْسَكَ وَلَا يَكُوْنُ فِيْ هٰذَا بِمَنْزِلَةِ الْاَمَةِ يَرُدُّهَا بِالْعَيْبِ وَقَالَ اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ بِالزَّوْجِ عَيْبٌ اَكَانَ لَهَا اَنْ تَرُدَّهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ شخص جو کسی عورت سے شادی کرے اور اس عورت کے اندر کوئی عیب ہو یا کوئی بیماری ہو، وہ اس کی بیوی ہے اگر چاہے تو اس کو طلاق دے دے اور چاہے تو اسے اپنے پاس روک کر رکھے لیکن اس معاملے میں وہ عورت اس لونڈی کی طرح نہیں سمجھی جائے گی جس کو کسی عیب کی بناء پر واپس کیا جاتا ہے۔ اور فرمایا: آپ کا کیا خیال ہے کہ اگر شوہر میں عیب ہوتا؟ تو کیا وہ عورت اس شوہر کو لوٹا سکتی تھی؟

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لأن الطلاق بيد الزوج إن شاء طلق وإن شاء أمسك ألا ترى أنه لو وجدها رتقاء لم يكن له خيار ولو وجدته مجبوباً كان لها الخيار لأن الطلاق ليس بيدها وكذا لو وجدته مجنوناً موسوساً تخاف عليها قتله أو وجدته مجذوماً متقطعاً لا يقدر على الدنو منها وأشباه ذلك من العيوب التي لا تحتمل فهذا أشد من العنين والمجبوب وقد جاء في العنين أثر عن عمر رضي الله عنه أنه يؤجل سنة وجاء أيضاً في الموسوس أثر عن عمر رضي الله عنه أنه أجلها ثم خيرها وكذلك العيوب التي لا تحتمل هي أشد من المجبوب والعنين

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ کیونکہ طلاق شوہر کے اختیار میں ہوتی ہے، اگر چاہے تو طلاق دے اور چاہے تو رکھ لے۔ کیا آپ یہ نہیں دیکھتے کہ اگر وہ عورت رتقاء ہو (یعنی اس کی شرمگاہ کا سوراخ بند ہو) تو شوہر کو اختیار نہیں دیا جاتا، لیکن اگر مرد مجبوب ثابت ہو تو عورت کو اختیار دیا جاتا ہے، کیونکہ طلاق عورت کے ہاتھ میں نہیں ہوتی۔ یونہی اگر اس کا شوہر مجنون ثابت ہو، اس کو خدشہ ہو کہ شوہر اس کو مار ڈالے گا، یا شوہر جذام کی بیماری میں مبتلا ہو، یا ایسا کوئی بھی عیب جس کی بناء پر وہ عورت کے قریب بھی نہیں آ سکتا، یونہی وہ تمام عیوب جو ختم نہیں ہو سکتے، ان کا حکم عنین اور مجبوب شخص سے بھی سخت ہے۔

☼ دلہن جذام یا برص کی بیماری میں مبتلا ہو تو شوہر کو طلاق دینے یا رکھنے کا اختیار ہے ☼

1254/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ فَيَجِدُهَا مَجْذُوْمَةً اَوْ بَرْصَاءَ قَالَ هِيَ امْرَاَتُهٗ اِنْ شَاءَ طَلَّقَ وَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: ایک ایسا شخص جو کسی عورت سے شادی کرے پھر اس کو جذام یا برص کی بیماری میں مبتلاء پائے؟ یہ اس کی بیوی ہے، اگر چاہے تو اس کو طلاق دے دے اور اگر چاہے تو اس کو روک کر رکھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لأن الطلاق بيد الزوج

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس

(١٢٥٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٠٦) في النكاح: باب الرجل يتزوج وبه العيب والمرأة، وسعيد بن منصور في السنن ١:٢١٢ (٨٢٣)

کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ کیونکہ طلاق کا اختیار شوہر کے پاس ہوتا ہے۔

☼ سورۃ النساء، سورۃ البقرۃ کے بعد نازل ہوئی ☼ ۲

1255/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَنْ شَاءَ بَاهَلْتُهُ اَنَّ سُوْرَةَ النِّسَاءِ الْقُصْرَى نَزَلَتْ بَعْدَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جو چاہے میں اس کے ساتھ مباہلہ کرسکتا ہوں کہ سورۂ نساء (جو چھوٹی ہے یہ) سورۂ بقرہ کے بعد نازل ہوئی۔

(أخـرجـه) أبـو مـحـمـد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) محمد بن إبراهیم (عن) عمر بن بکار (عن) عتبة بن سعید (عن) محمد بن المرخص (عن) إسماعیل بن عیاش (عن) أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد ابن محمد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبید الله بن موسی (عن) أبی حنیفة بلفظ آخر أنه قـال نسخت سورة النساء القصری کل عدة (وأولات الأحمال أجلهن أن یضعن حملهن) قال أبو محمد البخاری روی هـذا الـخبر زفر (و) أیوب ابن هانی (و) الحسن بن زیاد (و) سعید بن أبی الجهم (و) حفص بن عبد الرحمن وغیرهم (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عتبہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مرخص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ان کے الفاظ مختلف ہیں، وہ یہ ہیں نسخت سورہ النساء القصری کل عدہ (واولات الاحمال اجلهن ان یضعن حملهن) (سورۃ النساء میں جو عدت ذکر کی گئی ہے، وہ منسوخ ہوگئی تھی، اس کی ناسخ یہ آیات ہیں (واولات الاحمال اجلهن ان یضعن حملهن)۔

حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہی حدیث دیگر کئی محدثین نے بھی نقل کی ہے مثلاً حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حفص بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر کئی محدثین نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

☼ میاں بیوی دونوں، یہودی یا دونوں نصرانی ہوں، پھر کوئی ایک مسلمان ہو جائے ☼

1256/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا كَانَ الزَّوْجَانِ يَهُوْدِيَّيْنِ اَوْ نَصْرَانِيَّيْنِ فَاَسْلَمَ الزَّوْجُ

(۱۲۵۵) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۲۹۸) والبخاری (۴۵۳۲) فی التفسیر: فی سورة البقرة والنسائی فی المجتبی ۱۹۶:۶ وابن ماجة (۲۰۳۰) فی الطلاق: باب الحامل المتوفی عنها زوجها وابو داود (۲۳۰۷) فی الطلاق: باب عدة الحامل وعبدالرزاق (۱۱۷۱۴) والبیهقی فی السنن الکبری ۴۳۰:۷

فَهُمَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا اَسْلَمَتِ الْمَرْاَةُ اَوْ لَمْ تُسْلِمْ فَإِذَا اَسْلَمَتِ الْمَرْاَةُ عُرِضَ عَلَى الزَّوْجِ الإِسْلَامُ فَإِنْ اَسْلَمَ اَمْسَكَهَا بِالنِّكَاحِ الْاَوَّلِ وَإِنْ اَبٰى اَنْ يُسْلِمَ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا فَإِنْ كَانَا مَجُوْسِيَّيْنَ فَاَسْلَمَ اَحَدُهُمَا عُرِضَ عَلَى الْآخَرِ الْإِسْلَامُ فَإِنْ اَسْلَمَ كَانَا عَلَى النِّكَاحِ وَإِنْ اَبٰى اَنْ يُّسْلِمَ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب میاں بیوی دونوں یہودی ہوں یا دونوں نصرانی ہوں، پھر شوہر اسلام لے آئے تو ان کا نکاح ابھی برقرار ہے، چاہے عورت اسلام لائے یا نہ لائے۔ لیکن جب عورت اسلام لائے تو اس کے شوہر پر اسلام پیش کیا جائے گا، اگر وہ اسلام لے آئے تو ان کو پہلے نکاح پر قائم رکھا جائے گا، لیکن اگر شوہر اسلام لانے سے انکار کردے تو ان کے درمیان تفریق کردی جائے گی، اگر وہ دونوں مجوسی ہوں تو ان دونوں میں سے کوئی ایک اسلام لے آئے تو دوسرے پر اسلام پیش کیا جائے گا، اگر وہ اسلام لے آئے تو ان کا نکاح برقرار ہے اور اگر اسلام لانے سے انکار کردے تو ان کے درمیان تفریق کردی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبهذا كله نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان تمام کو اپناتے ہیں، اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ یہودی یا نصرانی میاں بیوی دونوں اسلام قبول کرلیں تو ان کا نکاح برقرار ہے ☼

1257/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْيَهُوْدِيِّ وَالْيَهُوْدِيَّةِ وَالنَّصْرَانِيِّ وَالنَّصْرَانِيَّةِ يُسْلِمَانِ قَالَ هُمَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا لَا يَزِيْدُهُمَا الْإِسْلَامُ إِلَّا خَيْرًا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان سے پوچھا گیا: یہودی اور یہودیہ کی شادی ہوئی ہو یا نصرانی یا نصرانیہ کی شادی ہوئی ہو اور یہ دونوں اسلام لے آئیں۔ آپ نے فرمایا: ان دونوں کا نکاح برقرار ہے کیونکہ اسلام بھلائی ہی میں اضافہ کرتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ مجوسی میاں بیوی میں سے کوئی اسلام قبول کرلے تو ان کے نکاح کا حکم ☼

1258/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ إِذَا اَسْلَمَ الرَّجُلُ قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِامْرَاَتِهِ وَهِيَ

(١٢٥٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٢١) في النكاح: باب من تزوج في الشرك ثم اسلم، و عبدالرزاق (١٢٦٥٠) في الطلاق: باب متى ادرك الاسلام من نكاح او طلاق، وابن ابي شيبة ٥: ٩٠ في الطلاق: باب ماقالوا في المرأة تسلم قبل زوجها

(١٢٥٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٢٢) في النكاح: باب من تزوج في الشرك ثم اسلم

مَجُوْسِيَّةٌ عُرِّضَ عَلَيْهَا الْإِسْلَامُ فَإِنْ اَسْلَمَتْ فَهِيَ اِمْرَاَتُهُ وَإِنْ اَبَتْ اَنْ تُسْلِمَ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَلَمْ يَكُنْ لَهَا مَهْرٌ لِاَنَّ الْفُرْقَةَ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِهَا وَإِنْ اَسْلَمَتْ قَبْلَ زَوْجِهَا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا عُرِّضَ عَلَيْهِ الْإِسْلَامُ فَإِنْ اَسْلَمَ فَهِيَ اِمْرَاَتُهُ وَإِنْ اَبَى الْإِسْلَامَ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَكَانَتْ تَطْلِيْقَةٌ بَائِنَةٌ وَكَانَ لَهَا نِصْفُ الصَّدَاقِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: مجوسی میاں بیوی میں سے شوہر قبل از دخول اسلام لے آئے، تو اس کی بیوی پر اسلام پیش کیا جائے گا، اگر وہ اسلام لے آئے تو وہ اس کی بیوی ہے اور اگر وہ اسلام قبول کرنے سے انکار کر دے تو ان کے درمیان تفریق کر دی جائے گی اور اس کو حق مہر نہیں ملے گا کیونکہ یہ فرقت عورت کی جانب سے واقع ہوئی ہے اور اگر وہ شوہر سے پہلے اسلام لے آئے اور شوہر نے اس کے ساتھ دخول نہ کیا ہو تو شوہر پر اسلام پیش کیا جائے گا، اگر وہ اسلام لے آئے تو وہ اس کی بیوی ہے اور اگر اسلام لانے سے انکار کر دے تو ان دونوں کے درمیان تفریق کر دی جائے گی اور یہ طلاقِ بائنہ ہوگی اور اس عورت کو نصف مہر ملے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد رحمه الله وبه نأخذ كل فرقة جاءت من قبلها وهي معصية فلا مهر لها قبل الدخول وتكون طلاقاً وإن كان من قبله يكون طلاقاً ولها نصف الصداق

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں' جو تفریق عورت کی جانب سے ہو اور عورت جرم وار ہو تو قبل از دخول طلاق کی صورت میں اس کو مہر نہیں ملے گا۔ اور وہ طلاق ہوگی، اور اگر طلاق قبل از دخول شوہر کی جانب سے ہو تو عورت کو آدھا مہر ملتا ہے۔

☼ شوہر کی جانب سے ہو تو طلاق ہے، عورت کی جانب سے طلاق نہیں ☼

1259/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ إِذَا جَاءَ الْفُرْقَةُ مِنْ قِبَلِ الزَّوْجِ فَهِيَ طَلَاقٌ وَإِذَا جَاءَتْ مِنْ قِبَلِهَا فَلَيْسَتْ بِطَلَاقٍ وَلَهَا كَمَالُ الْمَهْرِ إِنْ كَانَ دُخِلَ بِهَا وَإِنْ لَمْ يَكُنْ دُخِلَ بِهَا فَلَا مَهْرَ لَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: جب شوہر کی جانب سے تفریق ہو تو یہ طلاق ہے اور جب عورت کی جانب سے تفریق ہو تو یہ طلاق نہیں ہے، اگر دخول ہو گیا ہے تو اس عورت کو پورا مہر ملے گا، اور اگر دخول نہیں ہوا تو اس کو مہر نہیں ملے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة إلا في خصلة واحدة فإنه كان أبو حنيفة يقول إذا ارتد الزوج عن الإسلام لا يكون طلاقاً وبانت منه امرأته فأما في قولنا فهي طلاق

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ سوائے ایک صورت کے (وہ یہ ہے کہ) حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' جب شوہر اسلام سے مرتد ہو جائے تو یہ طلاق نہیں ہوگی، لیکن عورت بائنہ

(۱۲۵۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۲۳) في النكاح: باب من تزوج في الشرك ثم اسلم

(۱۲۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۲۴) في النكاح: باب من تزوج في الشرك ثم اسلم

ہوجائے گی، لیکن ہم کہتے ہیں کہ وہ طلاق ہے۔

☼ عزل کرنے والے یاد رکھیں، اللہ نے جس جان سے عہد لیا ہے، وہ آ کر رہے گی ☼

1260/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ سُئِلَ (عَنِ) الْعَزْلِ فَقَالَ لَوْ اَنَّ شَيْئاً اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَهُ قَدِ اسْتَوْدَعَ فِيْ صَخْرَةٍ لَخَرَجَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے عزل (انزال کے وقت بیوی سے الگ ہوجانا) کے بارے میں پوچھا گیا۔ آپ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ نے کسی پتھر میں بھی کسی چیز سے عہد لے لیا ہے تو وہاں سے بھی نکل آئے گی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) علی بن الحسن بن سعيد (عن) عمرو ابن حميد (عن) نوح بن دراج (عن) أبی حنيفة(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوی (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبی حنيفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد فی مسنده (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن حسن بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ آزاد عورت سے اس کی اجازت سے اور لونڈی سے بلا اجازت عزل کر سکتے ہیں ☼

1261/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ لاَ يُعْزَلُ عَنِ الْحُرَّةِ إلا بِإِذْنِهَا

(١٢٦٠) اخرجه محمدبن الحسن الشيبانی فی الآثار (٤٥٣) فی النكاح :باب العزل وعبدالرزاق (١٢٥٦٨) فی الطلاق:باب العزل والطبرانی فی الكبير (٩٦٦٤) وسعيدبن منصور٢:٩٨ (٢٢٢١)

(١٢٦١) اخرجه محمدبن الحسن الشيبانی فی الآثار (٤٥٢) فی النكاح :باب من تزوج فی الشرك ثم اسلم وعبدالرزاق (١٢٥٦٣) فی الطلاق:باب تستأمر الحرة فی العزل ولا تستأمر الامة وابن ابی شيبة٤:٢٢٢ فی النكاح :باب من قال : يعزل عن الامة ويستامر الحرة

وَاَمَّا الْاَمَةُ فَاعْزِلْ عَنْهَا وَلَا تَسْتَأْمِرُهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' آزاد عورت سے عزل کرنا ہو تو اس کی اجازت لی جائے لونڈی کے ساتھ عزل (اجازت کے بغیر) کر سکتے ہو اور اس بارے میں اس سے اجازت لینا ضروری نہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ فإن كانت زوجة لك فلا تعزل عنها إلا بإذن مولاها ولا تستأمر الأمة في شيء وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ بیوی سے عزل اس کی اجازت کے بغیر نہیں کر سکتے اور لونڈی سے عزل کرنے کیلئے اس کی اجازت ضرورت نہیں ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ثیبہ عورت اپنا حق زیادہ رکھتی ہے اور باکرہ سے بھی اجازت لی جائے گی، اس کی خاموشی رضا ہے ☼

1262/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ (عَنْ) نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعَمٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَأْذِنُ فِيْ نَفْسِهَا وَصَمَاتُهَا اِقْرَارُهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حماد بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''نافع ابن جبیر بن مطعم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ عورت اپنے ولی سے زیادہ اپنی ذات کا حق رکھتی ہے اور باکرہ عورت سے اس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے گی اور اس کا خاموش رہنا اس کا اقرار ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسن علي بن محمد بن الخطيب الأنباري (عن) أبي عمر وعبد الواحد ابن محمد بن المهدي (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد العطار (عن) أبي محمد القاسم بن هارون بن جمهور بن منصور (عن) بكار بن الحسن الأصفهاني (عن) حماد بن أبي حنيفة (عن) مالك بن أنس من غير ذكر أبي حنيفة

(قال) ابن خسرو وهكذا ذكره أبو عبيدة بن مخلد العطار في الذي روى الأكابر عن مالك فقال حماد بن أبي حنيفة عن مالك من غير ذكر أبي حنيفة

(ورواه) ابن خسرو البلخي (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي الفرج الحسين بن علي بن عبيد الله الطناجيري (عن) أبي حفص عمر بن أحمد بن عثمان بن شاهين (عن) محمد بن مخزوم بالبصرة (عن) جده محمد بن الضحاك (عن) عمران بن عبد الرحمن الأصبهاني (عن) بكار بن الحسن (عن) إسماعيل بن حماد بن أبي حنيفة (عن) أبي حنيفة رحمه الله

(١٢٦٢) اخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار ٣:١١ واحمد ١:١١٩ ومالك في الموطا ٢:٥٢٤ والشافعي في المسند ٢:١٢ وعبدالرزاق (١٠٢٨٢) وسعيدابن منصور (٥٥٦) وابن ابي شيبة ٤:١٣٦ والدارمي (٢١٨٨)

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) هناد بن إبراهيم (عن) أبي القاسم علي بن إبراهيم البزاز (عن) محمد بن الضحاك (عن) عمران بن عبد الرحمن (عن) بكار بن الحسن (عن) إسماعيل بن حماد بن أبي حنيفة (عن) أبي حنيفة وسفيان رضي الله عنهما

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسن علی بن محمد بن خطیب انباری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعمر وعبدالواحد بن محمد بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد قاسم بن ہارون بن جمہور بن منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بکار بن حسن اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر نہیں ہے۔

○ابن خسرو کہتے ہیں' حضرت ''ابوعبیدہ بن مخلد عطار نے اکابرین سے روایت کردہ میں اس کو بھی روایت کیا ہے، پھر حضرت ''حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس کو حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفرج حسین بن علی بن عبید اللہ طناجیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مخزوم بن بصرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''محمد بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمران بن عبدالرحمٰن اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بکار بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہناد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم علی بن ابراہیم بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمران بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بکار بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورت کو باپ کا فیصلہ منظور نہیں تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تفریق کروا کر عورت کی پسند پر شادی کر دی ☼

1263/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رَفِيعٍ (عَنْ) مُجَاهِدٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اِمْرَاَةً تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا ثُمَّ جَاءَ هَا عَمُّ وَلَدِهَا فَخَطِبَهَا فَاَبَى الْاَبُ اَنْ يُزَوِّجَهَا فَقَالَتِ الْمَرْاَةُ زَوِّجْنِيْ فَاِنَّهُ عَمُّ وَلَدِيْ وَهُوَ اَحَبُّ اِلَيَّ فَاَبَى فَزَوَّجَهَا مِنْ آخَرَ فَاَتَتِ الْمَرْاَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَبَعَثَ اِلَى اَبِيْهَا فَقَالَ لَهُ مَا تَقُوْلُ هٰذِهِ فَقَالَ صَدَقَتْ زَوَّجْتُهَا بِمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَزَوَّجَهَا عَمَّ وَلَدِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عبدالعزیز بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت (عبداللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' ایک عورت کا شوہر فوت ہوگیا، پھر اس کے بیٹے کا چچا آیا اور اس نے اس کو پیغام

(۱۲۶۳) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۲۶۹) والبيهقي في السنن الكبرى ۱۲۰:۷ في النكاح :باب ماجاء في نكاح الثيب واحمد ۳۲۸:۶ ومالك في الموطا ۵۳۵:۲ ومن طريقة الشافعي في المسند ۱۲:۲ وابن سعد في الطبقات الكبرى ۴۵۶:۸ والبخاري (۵۱۳۸) وابوداود (۲۱۰۱)

نکاح دیا، اس عورت کے باپ نے اس عورت کا نکاح کرنے سے انکار کر دیا۔ عورت نے کہا: تم میری شادی کر دو اس لئے کہ وہ میرے بچوں کا چچا ہے اور وہ مجھے زیادہ محبوب ہے۔ باپ نے پھر انکار کر دیا اور کسی اور آدمی سے اس کا نکاح کر دیا، وہ عورت رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آ گئی اور اس بات کا تذکرہ کیا۔ حضور ﷺ نے اس کے باپ کو بلوایا اور اس سے فرمایا: یہ عورت کیا کہہ رہی ہے؟ اس نے کہا: یہ عورت سچ کہہ رہی ہے، میں نے اس شخص کے ساتھ اس کی شادی کی ہے جو اس سے بہتر ہے۔ حضور ﷺ نے ان کے درمیان تفریق کروادی اور اس عورت کی شادی اس کے بچوں کے چچا سے کروادی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن محمد بن علي الحافظ البلخي (عن) عتبة بن عبد الله بن يوسف بن عيسى المروزيين كلاهما (عن) الفضل بن موسى عن أبي حنيفة

(ورواه) عن علي بن الحسن بن عبدة النجار البخاری (عن) يوسف بن موسى (عن) الفضل بن موسى (عن) أبي حنيفة

(ورواه) عن هارون بن هشام الكندی (عن) أبي جعفر أحمد بن حفص البخاری

(ورواه) (عن) محمود بن دالان (عن) حامد بن آدم

(ورواه) (عن) إسحاق بن عثمان السمسار البخاری (عن) جمعة بن عبد الله

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه كلهم جميعاً عن أسد بن عمرو (عن) أبي حنيفة غير أنه قال إن أسماء خطبها عم ولدها ورجل آخر إلى أبيها الحديث

(ورواه) (عن) إسرائيل بن السميدع البخاری (عن) يحيى بن أبي النضر (عن) عيسى بن موسى (عن) الحسين بن الحسن بن عطية العَوفي (عن) أبي حنيفة غير أنه قال فيه فزوجها أبوها آخر بغير رضاها الحديث بتمامه

(ورواه) (عن) محمد بن قدامة الزاهد البلخي (و) زيد بن الهيثم بن خلف كلاهما (عن) أبي كريب (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبي حنيفة (ورواه(عن) محمد بن رميح بن شريح (عن) عقبة بن مكرم (عن) يونس بن بكير (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبي مقاتل (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) إسحاق بن إبراهيم ابن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبي حنيفة رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

قال الحافظ رواه (عن) أبي حنيفة أسد بن عمرو (و) يونس بن بكير (و) الإمام أبو يوسف القاضي رحمهم الله تعالى

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا نرى أن تتزوج البكر البالغة إلا بإذنها زوجها والد أو غيره ورضاها سكوتها وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ کنواری بالغہ لڑکی کی شادی اس کی اجازت کے بغیر کرنا درست نہیں ہے اس کا والد یا کوئی اور ولی اس کا نکاح کر سکتا ہے، اس کی خاموشی اس کی رضا سمجھی جاتی ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک خاتون پر شفقت اور ان کے جنت جانے کیلئے شرط

1274/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) أَيُّوبِ الطَّائِيِّ (عَنْ) مُجَاهِدٍ قَالَ أَتَتْ امْرَأَةٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَعَهَا ابْنٌ رَضِيعٌ وَابْنٌ هِيَ آخِذَتُهُ بِيَدِهِ وَهِيَ حُبْلٰى فَلَمْ تَسْأَلْهُ شَيْئاً إِلَّا أَعْطَاهَا إِيَّاهُ رَحْمَةً لَهَا فَلَمَّا أَدْبَرَتْ قَالَ حَامِلَاتٌ وَالِدَاتٌ رَحِيمَاتٌ لَوْلَا مَا يَأْتِينَ عَلٰى أَزْوَاجِهِنَّ دَخَلَتْ مُصَلِّيَاتِهِنَّ الْجَنَّةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ایوب طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: ایک عورت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی، اس کے ساتھ ایک دودھ پیتا بچہ تھا اور ایک بچہ تھا جس کو اس نے اپنے ہاتھ میں اٹھایا ہوا تھا اور وہ حاملہ تھی، اس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابھی کچھ بھی نہیں مانگا تھا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر شفقت اور رحمت کرتے ہوئے اس کو عطا فرما دیا، جب وہ عورت لوٹ کر گئی تو فرمایا: یہ حمل والیاں ہوتی ہیں، بچے پیدا کرنے والیاں ہوتی ہیں، رحم کرنے والیاں ہوتی ہیں، اگر ان کے اندر اپنے شوہروں کی نافرمانی والی بات نہ ہو تو ان میں سے نمازیں پڑھنے والی عورتیں جنت میں ضرور جائیں گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

(۱۲۷۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۴۰۵) وسعيد بن منصور فى السنن ۱:۱۵۵ (۵۶۰) وابن ابى شيبة ۴:۱۳۹ فى النكاح: باب فى اليتيمة من قال: تستأمر فى نفسها

(۱۲۷۴) اخرجه ابن ماجة (۲۰۱۳) فى النكاح والطبرانى فى الكبير (۷۹۸۵) والحاكم فى المستدرك ۴:۱۷۳ فى البر والصلة واحمد ۵:۱۲۲

☼فتح مکہ والے سال عورتوں سے متعہ (یعنی وقتی نکاح) سے منع کر دیا گیا☼

1275/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) اَبِیْ عَوْنٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) اِبْنِ سَبُرَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰی عَامَ فَتْحِ مَكَّةَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوعون محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن سبرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ والے سال عورتوں کیساتھ متعہ (وقتی نکاح) کرنے سے منع فرمایا۔

(أخـرجـه) الـقـاضـي عـمر بن الحسن الأشناني (عن) أحمد بن محمد بن مقاتل الرازی (عن) إدريس بن إبراهيم (عن) الحسن بن زياد (عن) أبی حنيفة

(ورواه) أيـضـاً (عن) الحسن بن علي اللؤلؤی (عن) يحيى بن الحسن بن الفرات (عن) أخيه زياد بن الحسن (عن) أبيه (عن) أبی حنيفة

(وأخـرجـه) الـحـافـظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی (عن) أبی الفضل أحمد بن خيرون (عن) خـاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده إلى أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن مقاتل رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ادریس بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن مقاتل رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی لولوئی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے بھائی حضرت ''زیاد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ والے سال عورتوں کے ساتھ متعہ (وقتی نکاح) سے منع فرمایا☼

1276/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) يُـوْنُـسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ فَرْوَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنِ) الرَّبِيْعِ بْنِ سَبُرَةَ الْجُهَنِیِّ (عَنْ) سَبُرَةَ قَالَ نَهَی النَّبِیُّ صَلّٰی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ عَامَ فَتْحِ مَكَّةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یونس بن عبداللہ بن ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت ''ربیع بن سبرہ جہنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ والے سال عورتوں کے ساتھ متعہ

(۱۲۷۵) قد تقدم فی (۱۱۹۰)

(۱۲۷۶) قد تقدم

(وقتی نکاح) سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) يحيى بن صاعد (و) محمد بن إسحاق كلاهما (عن) محمد بن عثمان بن كرامة (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول قال هذا كتاب جدی إسماعيل بن حماد بن أبي حنيفة فقرأت فيه قال حدثنی أبی (و) القاسم بن معن (عن) أبی حنيفة غير أنه قال عام الحج

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمود بن علی بن عبيد أبی عبد الرحمن (عن) أبيه (عن) الصلت ابن الحجاج (عن) أبيه (عن) أبی حنيفة غير أنه قال عام الفتح(قال) الصلت بن الحجاج وحدثنی يونس بن عبد الله (عن) الربيع بن سبرة (عن) أبيه مثله

(ورواه) (عن) حمدان بن ذی النون (عن) إبراهيم بن سليمان (عن) زفر (عن) أبی حنيفة غير أنه قال يوم فتح مكة

(ورواه) (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) جده (عن) نصر بن عبد الملك (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) أحمد بن العباس (عن) مسعود بن جويرية (عن) المعافی بن عمران (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال أعطانی إسماعيل بن محمد بن إسماعيل بن يحيى كتاب جده إسماعيل بن يحيى الصيرفی فكان فيه (عن) أبی حنيفة وقال عام فتح مكة

(ورواه) (عن) حمدان بن ذی النون (عن) يحيى بن موسى المقری (عن) أبی حنيفة(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسن علی بن الحسين بن علی بن قريش البنا (عن) أبی الحسين محمد بن محمد ابن موسى الأهوازی (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعيد بن عقدة (عن) محمود بن علی (عن) أبيه (عن) الصلت بن الحجاج (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أبی طالب بن يوسف (عن) أبی محمد الفارسی (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده عمرو بن أبی عمرو (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) عبد الله بن علی الأنصاری (و) الشريف أبی السعادات أحمد بن أحمد المتوكل علی الله كلاهما (عن) أحمد بن عبد الله ابن علی بن ثابت الخطيب (عن) القاضی الإمام أبی عبد الله الصيمری (عن) عبد الله بن محمد بن عبد الله المعدل (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) أحمد بن العباس (عن) مسعود بن جويرية (عن) المعافی بن عمران (عن) أبی حنيفة (عن) موسى الجهنی (عن) الربيع بن سبرة (عن) أبيه قال ابن خسرو هكذا قال أبو حنيفة (عن) موسى الجهنی وهو وهم وإنما الصواب أبو حنيفة (عن) محمد بن عبد الله (عن) سبرة (عن) أبيه قال وقد رواه (عن) أبی حنيفة علی الصواب زفر بن الهذيل والقاسم بن معن وعبد الله بن موسى وأبو عبد الرحمن المقری

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''محمد بن عثمان بن کرامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے 'ہمیں حدیث بیان کی ہے میرے والد نے اور حضرت ''قاسم بن معن) رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں یہ ہے کہ ''یہ حج والے سال کا واقعہ ہے)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن علی بن عبید ابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صلت بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں بھی یہ ہے کہ ''یہ فتح مکہ والے سال کا واقعہ ہے)

○اس حدیث کو حضرت ''صلت بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یونس بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ربیع بن سبرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے اسی کی مثل روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں یہ ہے کہ ''یہ واقعہ فتح مکہ کا ہے''

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نصر بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مسعود بن جویریہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''معافی بن عمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: مجھے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے دادا حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب دی، اس میں تھا کہ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کیا ہے، اس میں یہ ہے کہ ''یہ واقعہ فتح مکہ والے سال کا ہے)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن موسیٰ مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسن علی بن حسین بن علی بن قریش البنا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین محمد بن محمد بن موسیٰ اہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمود بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،

انہوں نے حضرت ''صلت بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن علی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شریف ابوسعادات احمد بن احمد متوکل علی اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی امام ابوعبداللہ صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبداللہ معدل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مسعود بن جویریہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''معافی بن عمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''موسیٰ جہنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ربیع بن سبرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی طرح حضرت ''موسیٰ جہنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن یہ درست نہیں ہے اور درست یہ ہے

○حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سبرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا ہے۔

اسی حدیث کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

☼فتح مکہ کے موقع پر عورتوں کے ساتھ متعہ (یعنی وقتی نکاح) سے منع فرمایا☼

1277/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ شَهَابٍ (عَنْ) مُحَمَّدِ بِنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''محمد بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سبرہ جہنی رضی اللہ عنہ'' سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر عورتوں کے ساتھ متعہ (یعنی وقتی نکاح) سے منع فرمایا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) أيضاً في نسخته فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس کو اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

(۱۲۷۷) قد تقدم

☼ شادی کے نتیجے میں عائد ہونے والی ذمہ داریاں سن کر خاتون نے شادی سے انکار کر دیا ☼

1278/(اَبُـو حَـنِيـفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ زِيَادٍ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اِمْرَاَةً خُطِبَتْ اِلٰى اَبِيْهَا فَقَالَتْ مَا اَنَا بِمُتَزَوِّجَةٍ حَتّٰى اَلْقِىَ النَّبِىَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلُهُ مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلٰى زَوْجَتِهٖ فَاَتَتْهُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى زَوْجَتِهٖ قَالَ اِنْ خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا بَغَيْرِ اِذْنٍ مِنْهُ لَمْ يَزَلِ اللّٰهُ يَلْعَنُهَا وَالْـمَلَائِـكَةُ وَالـرُّوْحُ الْاَمِيْـن وَخَزَنَةُ الرَّحْمَةِ وَخَزَنَةُ الْعَذَابِ حَتّٰى تَرْجِعَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلٰى الـزَّوْجَةِ قَـالَ اِنْ سَاَلَهَا عَنْ نَفْسِهَا وَهِىَ عَلٰى ظَهْرِ قَتَبٍ لَمْ يَكُنْ لَهَا اَنْ تَمْنَعَهٗ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلٰى زَوْجَتِهٖ قَالَ اِنْ غَضِبَ فَلْتُرْضِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ وَاِنْ كَانَ ظَالِماً قَالَ نَعَمْ وَاِنْ كَانَ ظَالِماً قَالَتْ مَا اَنَا بِالْمُتَزَوِّجَةِ بَعْدَمَا اَسْمَعُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حکم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں' وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایک عورت کے والد سے اس کا رشتہ مانگا گیا، اس نے کہا: میں اس وقت تک شادی نہیں کروں گی جب تک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل کر یہ پوچھ نہ لوں کہ شوہر کا عورت پر کیا حق ہے؟ پھر وہ عورت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرد کا عورت پر حق کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حق ہے کہ اگر وہ عورت اپنے گھر سے شوہر کی اجازت کے بغیر نکلے تو واپس آنے تک مسلسل اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے، روح الامین، رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے سب اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔ اس نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شوہر کا عورت پر کیا حق ہے؟ فرمایا: یہ کہ اگر وہ شوہر اس عورت کی ذات کو مانگے اور وہ تنور پر (روٹیاں پکارہی ہو) تب بھی اس کو انکار نہ کرے۔ اس نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مزید شوہر کا عورت پر کیا حق ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر شوہر ناراض ہو تو وہ اس کو منائے۔

قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگرچہ شوہر ظالم ہو؟ فرمایا: جی ہاں، اگرچہ وہ ظلم کرنے والا ہو۔ عورت نے کہا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ فرمان سننے کے بعد اب تو میں کبھی بھی شادی نہیں کروں گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ ایک لڑکی نے شادی سے پہلے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر شوہر کے حقوق پوچھے ☼

1279/(اَبُـو حَـنِيـفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ زِيَادِ الْجَزَرِىِّ اَنَّ اِمْرَاَةً خُطِبَتْ اِلَى اَبِيْهَا فَاسْتَاْذَنَهَا فَقَالَتْ لَسْتُ بِـفَاعِلَةٍ حَتّٰى اَسْتَاْذِنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَسْاَلَهٗ عَنْ حَقِّ الزَّوْجِ فَاَتَتْهُ ذَاكِرَةً ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ

(۱۲۷۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۴۴۳) وابويوسف فى الآثار ۱:۲۰۲ (۹۱۰) والبيهقى فى السنن الكبرى ۷:۲۹۲ فى النكاح: باب ماجاء فى حقه عليها وابن ابى شيبة ۳:۵۵۲ (۱۷۱۱۸) فى النكاح: باب ماحق الزوج على الزوجة من حديث ابن عمر وعبد بن حميد فى المسند ۱:۲۵۸ (۸۱۳)

(۱۲۷۹) قد تقدم وهو حديث سابقه

صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مِنْ حَقِّہٖ مُرَاقَبَۃُ اللّٰہِ فِیْہِ نَظْراً وَسَمْعاً وَنُطْقاً وَبَطْشاً وَسَعْیاً وَمَشْرِباً وَمُلْبِساً وَمُطْعِماً وَرِعَایَۃٌ لَہٗ فِیْ سَائِرِ ذٰلِکَ وَحِفْظاً وَإِیْثَاراً وَمُوَافَقَۃً وَاِحْتِرَاماً لِمَا اَوْجَبَ اللّٰہُ لَہٗ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَحْذُرُ اَنْ اَعْجِزَ عَنْ بَعْضِ ذٰلِکَ فَقَالَ اَنْتَ اَعْرَفُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حکم بن زیاد جزری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: ایک لڑکی کے باپ کے پاس اس عورت کا رشتہ آیا، اس کے باپ نے اس لڑکی سے مشورہ کیا تو لڑکی نے کہا: میں جب تک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت نہ لے لوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جب تک شوہر کے حق کے بارے میں نہ پوچھ لوں، تب تک شادی کے لئے ہاں نہیں کرونگی۔ وہ عورت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور اس بات کا تذکرہ کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شوہر کے حقوق میں سے یہ بھی ہے کہ دیکھنے میں، سننے میں، بولنے میں، پکڑنے میں، چلنے میں، پینے میں، پہننے میں، کھانے میں، اس کی رعایت کرنے میں، حفاظت کرنے میں، ایثار کرنے میں، موافقت کرنے میں، احترام کرنے میں، سب میں اس کا حق ہے، جب اللہ تعالیٰ اس کے لئے یہ چیز ثابت کردے گا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے تو یہ ڈر ہے کہ میں ان میں سے کچھ چیزوں سے عاجز ہوں اور ان پر عمل نہیں کر پاؤں گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنے حالات کو زیادہ بہتر جانتی ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) القاسم بن محمد (عن) حماد (عن) محمد بن محمد (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ لونڈی کو ایک طلاق دینے کے بعد آزاد کیا، پھر خرید لیا تو وطی کرسکتا ہے، دو کے بعد نہیں ☼

1280 /(اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَتَزَوَّجُ الْاَمَۃَ ثُمَّ یُطَلِّقُهَا وَاحِدَۃً ثُمَّ یَشْتَرِیْهَا قَالَ یَطَاُهَا وَإِنْ طَلَّقَهَا ثِنْتَیْنِ فَلَیْسَ لَهٗ اَنْ یَّطَاهَا حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہٗ وَکَذٰلِکَ لَوْ اَعْتَقَتْ فَإِنْ کَانَ الطَّلَاقُ وَاحِدَۃً فَلَهٗ اَنْ یَتَزَوَّجَهَا وَإِنْ کَانَ ثِنْتَیْنِ فَلَیْسَ لَهٗ اَنْ یَتَزَوَّجَهَا حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجاً غَیْرَہٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی نے لونڈی سے شادی کر لی پھر اس کو ایک طلاق دے دی، پھر اس کو خرید لیا۔ انہوں نے فرمایا: اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے اور اگر اس کو دو طلاقیں دی ہیں تو یہ اس کے ساتھ اس وقت تک صحبت نہیں کرسکتا جب تک کہ وہ لونڈی کسی اور مرد کے ساتھ نکاح نہ کرلے۔ اسی طرح حکم ہے کہ اگر اس کو آزاد کیا گیا ہے اگر طلاق ایک ہے تو اس کے ساتھ شادی کرنا جائز ہے اور دو ہیں تو اس کے ساتھ شادی اس وقت تک نہیں ہوسکتی جب تک وہ کسی اور مرد سے شادی نہ کرلے۔

(۱۲۸۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۲۵) فی النکاح: باب الزوج یتزوج الامة ثم یشتریها او یعتق، وابن ابی شیبة ۴:۱۵۴ فی النکاح: باب الرجل یتزوج الامة ثم یشتریها

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبهذا كله نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی پر عمل کرتے ہیں اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ لونڈی دو طلاقوں سے مغلظہ ہو جاتی ہے، اس کی عدت دو حیض ہیں ☼

1281/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا طَلَّقَ الْحُرُّ الْاَمَةَ فَإِنَّهَا تَبِيْنُ بِطَلْقَتَيْنِ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ إِنْ كَانَتْ تَحِيْضُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَحِيْضُ فَشَهْرٌ وَنِصْفٌ وَلَا تَحِلُّ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَلَوْ طَلَّقَ الْعَبْدُ اِمْرَاَتَهُ وَهِيَ حُرَّةٌ بَانَتْ بِثَلاثٍ وَعِدَّتُهَا ثَلاثُ حَيْضٍ إِنْ كَانَتْ تَحِيْضُ وَإِنْ كَانَتْ لَا تَحِيْضُ فَعِدَّتُهَا ثَلاثَةُ اَشْهُرٍ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: جب آزاد مرد اپنی لونڈی بیوی کو طلاق دے دے، تو وہ دو طلاقوں کے ساتھ بائنہ ہو جاتی ہے اور اس کی عدت دو حیض ہیں، اگر اس کو حیض آتے ہوں اور اگر اس کو حیض نہ آتے ہوں تو پھر ایک مہینہ اور آدھا مہینہ ہے اور یہ اس شوہر کے لئے حلال نہیں ہوگی جب تک کسی دوسرے شوہر سے اس کا نکاح نہ ہو جائے اور اگر غلام اپنی بیوی کو طلاق دے اور بیوی آزاد ہو تو وہ تین طلاقوں کے ساتھ بائنہ ہوگی، اس کی عدت بھی تین حیض ہے اگر اس کو حیض آتا ہو۔ اور اگر اس کو حیض نہیں آتا تو اس کی عدت تین مہینہ ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبهذا كله نأخذ الطلاق والعدة بالنساء وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: عورتوں کی طلاق اور عدت کی بابت ہم اسی پر عمل کرتے ہیں۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

☼ کنواری لڑکی کی شادی کے بارے اُس کی رائے لی جائے ☼

1282/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ الْاَعْرَجِ (عَنْ) رَجُلٍ يُدْعٰى عِبَادُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ (عَنْ) اَبِيْ ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَلْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ وَالثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حمید بن قیس اعرج رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عباد بن عبد المجید رحمۃ اللہ علیہ'' نامی ایک شخص سے، وہ حضرت ''ابوذر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کنواری لڑکی سے (اس کی شادی کی بابت) رائے لی جائے اور ثیبہ اپنے ولی سے زیادہ اپنی ذات کا حق رکھتی ہے۔

(۱۲۸۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۲۶) في النكاح: باب الزوج يتزوج الامة ثم يشتريها، وعبد الرزاق (۱۲۸۷۸) في الطلاق: باب عدة الامة، وابن ابي شيبة ۵:۸۲ في الطلاق: باب ماقالوا في العبد تكون تحته الحرة او الحر تكون تحته الامة كم طلاقها؟

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد (عن) عبد العزيز بن عبد الله بن عبيد الله الهاشمي (عن) يحيى بن نصر بن حاجب القرشي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد العزیز بن عبد اللہ بن عبید اللہ الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ دو بہنوں کا مالک تھا، ایک سے وطی کر لی، تو دوسری سے وطی کرنے کی شرائط ☼

1283/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ فِي الرَّجُلِ يكوْنُ عندَهُ أُختانِ مملوكتانِ فوَطَءَ إِحداهما فَلَيْسَ لَهُ اَنْ يَّطَاَ الْاُخْرٰى حَتّٰى يَمْلِكَ فَرْجَ الَّتِيْ وَطَءَ غَيْرَهُ بِنكَاحٍ اَوْ بَيْعٍ وَإِنْ كَانَتَا أُخْتَيْنِ إِحْدَاهُمَا اِمْرَاَتُهُ فَوَطَءَ الْاَمَةَ مِنْهُمَا فَلْيَعْتَزِلْ اِمْرَاَتَهُ حَتّٰى تَعْتَدَّ الْاَمَةُ مِنْ مَائِهِ وَإِنَّ الْمَاءَ يَعْنِي الْحَيْضَ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: وہ شخص جس کے پاس دو مملوکہ بہنیں ہوں اور اس نے ان میں سے ایک کے ساتھ وطی کر لی ہو تو دسری کے ساتھ وطی کرنا جائز نہیں ہے جب تک کہ جس کے ساتھ اس نے وطی کی تھی کوئی دوسرا مرد اس کو خرید کر یا اس سے نکاح کر کے اس کی شرم گاہ کا مالک نہ ہو جائے۔ اگر وہ دو بہنیں ہیں ان دونوں میں سے ایک اس کی بیوی ہو تو ان میں سے لونڈی کے ساتھ اس نے وطی کر لی ہو تو وہ اپنی بیوی سے الگ رہے جب تک کہ لونڈی کی عدت نہ گزر جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إلا في خصلة واحدة لا ينبغي له أن يطأ امرأته إذا وطء أختها حتى يملك فرج أختها غيره بنكاح أو ملك بعدما تستبرء بحيضة وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہم اس میں ایک مزید شرط بھی لگاتے ہیں (وہ یہ کہ) جب مرد نے اپنی بیوی کی بہن سے وطی کر لی ہو تو وہ اپنی بیوی سے اس وقت تک وطی نہیں کر سکتا جب تک کوئی دوسرا مرد نکاح کر کے یا خرید کر مالک نہ بن جائے اور اس کے بعد ایک حیض بھی گزر جائے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

☼ دو بہنیں ایک مرد کی مملوکہ ہیں، ایک سے وطی ہو گئی تو دوسری سے وطی کی شرائط ☼

1284/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ فِي الْاَمَتَيْنِ الْاُخْتَيْنِ يَكُوْنَانِ عِنْدَ الرَّجُلِ يَطَأُ

(۱۲۸۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۵۹) في النكاح: باب ما يكره من وطء الاختين الامتين وغير ذالك وسعيد بن منصور في السنن ۱:۱۹۵ (۱۷۲۸)

(۱۲۸۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۶۰) في النكاح: باب ما يكره من وطء الاختين الامتين وغير ذالك وعبد الرزاق (۱۲۷۳۳) في الطلاق: باب الجمع بين ذوات الارحام في ملك اليمين وابن ابي شيبة ۴:۱۶۹ في النكاح: باب في الرجل يكون عنده الاختان مملوكتان فيطأهما جميعاً وسعيد بن منصور (۱۷۲۷) والبيهقي في السنن الكبرى ۷:۱۶۵

إِحْدَاهُمَا اَنَّهُ لَا يَطَأُ الْأُخْرٰى حَتّٰى يَمْلِكَ فَرْجَ الَّتِي وَطَءَ غَيْرُهُ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: دو لونڈیاں بہنیں ہوں، دونوں ہی ایک آدمی کی ملکیت میں ہوں، اگر اس نے ایک سے صحبت کر لی تو پھر دوسری کے ساتھ اس وقت تک صحبت نہیں کر سکتا جب تک کہ جس کے ساتھ اس نے وطی کی ہے اس کی فرج کا کوئی دوسرا بندہ مالک نہ بن جائے

☼ لونڈی کے ساتھ ساتھ اس کی بہن، بیٹی، پھوپھی یا خالہ سے وطی نہیں کی جا سکتی ☼

1285/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يَّطَاَ الرَّجُلُ اَمَتَهُ وَابْنَتَهَا وَاُخْتَهَا اَوْ عَمَّتَهَا اَوْ خَالَتَهَا وَكَانَ يَكْرَهُ مِنَ الْإِمَاءِ مَا يَكْرَهُ مِنَ الْحَرَائِرِ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ اس بات کو ناپسند سمجھتے تھے کہ کوئی شخص اپنی لونڈی کے ساتھ ساتھ اس کی بیٹی، بہن، پھوپھی یا خالہ کے ساتھ صحبت کرے اور وہ لونڈیوں کے بارے میں بھی وہی امور ناپسند کرتے تھے جو آزاد عورتوں کے بارے ناپسند کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة كل شيء يكره من النكاح يكره من الإماء إلا خصلة واحدة يجمع من الإماء ما أحب ولا يتزوج فوق أربع حرائر وأربع من الإماء وهو قول أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ جو امور نکاح کی بنیاد پر مکروہ ہیں، وہی لونڈی ہونے کی صورت میں بھی مکروہ ہیں، سوائے ایک صورت کے، وہ یہ کہ نکاح کرنا ہو تو صرف چار عورتوں سے کر سکتا ہے، چاہے وہ آزاد عورتوں میں سے ہوں یا لونڈیوں میں سے۔ لیکن لونڈیاں جتنی چاہے رکھ سکتا ہے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ لونڈی کا کسی سے نکاح کر دیا، اس سے پیدا ہونے والے بچے کو بیچ نہیں سکتے ☼

1286/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ (عَنِ) الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَجُلاً اَتَاهُ فَقَالَ اِنِّي تَزَوَّجْتُ وَلِيْدَةً لِعَمِّي فَوَلَدَتْ مِنِّي وَاَنَّهُ يُرِيْدُ بَيْعَ وَلَدِي مِنْهَا فَقَالَ كَذَبَ لَيْسَ لَهُ ذٰلِكَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مستورد بن احنف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی ان کے پاس آیا اور اس نے آ کر کہا: میں نے اپنے چچا کی لونڈی سے ساتھ شادی کی، اس کے پیٹ سے بچہ پیدا ہوا، اس لونڈی سے پیدا ہونے والے میرے اس بچے کو فروخت کرنا چاہتا

(۱۲۸۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۶۱) في النكاح: باب ما يكره من وطء الاختين الامتين وغير ذلك وعبد الرزاق (۱۲۷۴۸) في الطلاق: باب الجمع بين ذوات الارحام في ملك اليمين ما معناه!

(۱۲۸۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۳۱) في النكاح: باب الزوج يتزوج الامة ثم يشتريها او يعتق

ہے۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جھوٹ ہے اس کو یہ حق نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي الحسن محمد بن إبراهيم البغوي (أخبرنا) أبو عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن أحمد بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ من ملك ذا رحم محرم فهو حر وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوحسن محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جو اپنے کسی ذی رحم محرم کا مالک بنا، وہ اس کی طرف سے آزاد ہو گیا۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼لونڈی کو طلاق رجعی ہوئی، پھر آزاد کر دی گئی، تو عدت آزاد والی ہوگی، ورنہ لونڈی والی☼

1287/(أَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا طَلَّقَ الْاَمَةَ زَوْجُهَا طَلَاقًا يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ فَإِنْ أُعْتِقَتْ فَعِدَّتُهَا عِدَّةُ الْحُرَّةِ وَإِنْ كَانَ الزَّوْجُ لا يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ فَأُعْتِقَتْ فَعِدَّتُهَا عِدَّةُ الْاَمَةِ

✧✧حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: جب لونڈی کو اس کا شوہر طلاق رجعی دے پھر اگر اس کو آزاد کر دیا گیا تو اس کی عدت آزاد والی عدت ہے اور اگر شوہر

(۱۲۸۷) قد تقدم في (۱۲۸۱)

نے طلاق رجعی نہیں دی تھی اور اس کو آزاد کر دیا گیا تو اس کی عدت لونڈیوں والی ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ نکاح کرو،نسل بڑھاؤ، میں قیامت کے دن تمہاری کثرت پر فخر کروں گا ☼

1288/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) زِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ (عَنْ) اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَنَاكَحُوْا تَنَاسَلُوْا فَإِنِّیْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''زیاد بن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''عبداللہ بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نکاح کیا کرو اور نسل بڑھاؤ،اس لئے کہ میں قیامت کے دن تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن أحمد بن هارون (عن) ابن أبي غسان (عن) أبي يحيى الحماني (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابن ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ نشے کی حالت میں کیا گیا نکاح معتبر ہے ☼

1289/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي السُّكْرَانِ يَتَزَوَّجُ قَالَ يَجُوْزُ عَلَيْهِ كُلُّ شَيْءٍ صَنَعَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: کیا جو شخص نشے میں ہو اس کا نکاح ہو جاتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: اس کا کیا ہوا ہر کام معتبر ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه(عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إلا خصلة واحدة إذا ذهب عقله من السكر فارتد عن الإسلام ثم صحا فقال إن ذلك كان منه بغير عقل قبل ذلك منه ولم تبن منه امرأته وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔سوائے ایک صورت کے (وہ یہ کہ) جب نشے کی وجہ سے اس کی عقل

(۱۲۸۸)قد تقدم فی (۱۲۱۵)

(۱۲۸۹)اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار(۴۴۲)فی النکاح:باب تزویج السکران'وعبدالرزاق (۱۲۳۰۲) فی الطلاق: باب طلاق السکران'وسعید بن منصور فی السنن:۱:۲۷۰(۱۱۰۳)

بالکل ختم ہو جائے اور وہ اسلام سے مرتد ہو جائے (العیاذ باللہ) پھر وہ درست ہو جائے، اگر اس کو اس معاملہ کی سمجھ نہیں ہے تو اس کی بات قبول کر لی جائے گی اور اس کی بیوی اس سے بائنہ نہیں ہوگی۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' کا موقف ہے۔

☼ بیچنے والا، ہبہ کرنے والا، صدقہ کرنے والا یا آزاد کرنے والا مملوکہ کی شرمگاہ حلال کرتا ہے ☼

1290/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةِ الْمَكِّيْ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيّ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ لاَ يَحِلُّ فَرْجُ الْمَمْلُوْكَاتِ إِلَّا لِمَنْ بَاعَ اَوْ وَهَبَ اَوْ تَصَدَّقَ اَوْ اَعْتَقَ يَعْنِىْ بِذٰلِكَ الْمَمْلُوْكِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''اسماعیل بن امیہ مکی رحمۃ اللہ'' سے وہ حضرت ''سعید بن سعید مقبری رحمۃ اللہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مملوکہ خواتین کی شرمگاہ کو صرف وہ حلال کر سکتا ہے جس نے اس کو بیچا یا ہبہ کیا یا صدقہ کیا یا آزاد کیا۔ اس سے مراد مملوک ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي على بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي سعد أحمد بن عبد الجبار (عن) على بن أبي على (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الحافظ (عن) جعفر بن محمد (عن) الحسن ابن صالح (عن) إبراهيم بن خالد (عن) يوسف بن يعقوب الصغاني (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعد احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ابوعلی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید حافظ رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن صالح رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن خالد رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن یعقوب صغانی رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۲۹۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۳۹۶) في النكاح: باب مايحل للعبد من التزويج وابن ابي شيبة ۴:۱۷۵ في النكاح: باب من كره ان يتسرى العبد

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ آزاد سے نکاح کی استطاعت نہ رکھنے والے کو زنا کا خدشہ ہو تو لونڈی سے نکاح کر سکتا ہے ☼

1291/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ رُخِّصَ فِيْ نِكَاحِ الْاَمَةِ لِمَنْ لاَ يَجِدُ طَوْلاً وَلِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ وَجُعِلَ الصَّبْرُ خَيْراً مِنْ نِكَاحِ الْاَمَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: جو شخص آزاد عورت سے شادی کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا اور اس کو زنا میں مبتلا ہونے کا خدشہ ہو، اس کو لونڈی کے ساتھ نکاح کرنے کی اجازت ہے لیکن لونڈی کے ساتھ نکاح کرنے سے صبر کرنا زیادہ بہتر ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) علي بن محمد بن عبيد (عن) محمد بن عثمان (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بیوی ایام میں ہو تب بھی اس کے ساتھ لیٹنے میں حرج نہیں ہے ☼

1292/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُبَاشِرُ بَعْضَ اَزْوَاجِهِ وَهِيَ حَائِضٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بعض ازواج کے ساتھ مباشرت کر لیا کرتے تھے جب کہ وہ ازواج ایام میں ہوتی تھیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ بیوی ایام میں ہو تو دخول سے بچتے ہوئے کھیل کود کر کے شہوت پوری کر سکتے ہیں ☼

1293/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ اِنِّيْ لَاَلْعَبُ عَلٰى بَطْنِ الْمَرْاَةِ حَتّٰى اَقْضِيَ شَهْوَتِيْ

(۱۲۹۱) اخرجه البيهقي في السنن الكبرى ۱۷۲:۷في النكاح :باب ماجاء في نكاح اماء المسلمين وعبدالرزاق (۱۳۱۰۲)في الطلاق:باب نكاح الامة على الحرة وسعيدبن منصورفي السنن (۷۳۹)وابن ابي شيبة۴۵۳:۳ (۱۶۰۵۲)في النكاح :باب الرجل يتزوج الامة من كرهه؛

(۱۲۹۲) اخرجه محمدبن الحسن الشيباني في الآثار(۴۵۳)وابن ابي شيبة۵۲۳:۲(۱۶۸۰۷)في النكاح:باب في الرجل ماله من امرأته اذاكانت حائضا واحمد۳۳:۶وابن راهويه في المسند(۱۴۹۲)والبخاري(۳۰۲)ومسلم (۲۹۳)(۲)وابوداود(۲۷۳)وابن ماجة(۶۳۵)

وَهِيَ حَائِضٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میری بیوی ایام میں ہوتی تو میں اس کے پیٹ پر کھیلتے ہوئے اپنی شہوت کو پوری کر لیتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ بیوی کے ساتھ جماع کسی بھی انداز میں ہوسکتا ہے جبکہ دخول صرف آگے ہو ☼

1294/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) كَثِيْـرِ الـرَّمَـاحِ الْاَصَمِّ الْكُوْفِيِّ (عَنْ) اَبِىْ ذَرَاعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) قُبُلاً وَدُبُراً فِي الْمَاتِيْ عَزْلاً وَضِدُّهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''کثیر الرماح اصم کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''ابو ذراع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ

''تمہاری عورتیں تمہارے لئے کھیتیاں ہیں، تو آؤ اپنی کھیتیوں میں جس طرح چاہو''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

فرمایا: آگے سے اور پیچھے سے بھی کر سکتے ہو جبکہ دخول اگلے مقام سے کیا جائے چاہے ایک کروٹ لٹاؤ یا دوسری کروٹ۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) جعفر بن محمد بن الحسن القيسي الزعفراني (عن) سهل بن عثمان (و) محمد بن مروان (و) إبراهيم بن موسى كلهم (عن) وكيع بن الجراح (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي علي بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي الكلاعي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حسن قیسی زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سہل بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام

(۱۲۹۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۵۴) وابن ابي شيبة ۳:۵۲۴ (۱۶۸۱۹) قلت: وقد اخرج احمد ۳:۱۳۲ ومسلم (۳۰۲) والترمذي (۲۹۷۷) والطحاوي في شرح معاني الآثار ۳:۳۸ عن انس فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصنعوا كل شيء الا النكاح

(۱۲۹۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۵۱) وابن ابي شيبة ۳:۵۱۰ (۱۶۶۷۰) في النكاح: في قوله تعالىٰ: (نساء كم حرث لكم)

اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ حمل والی عورت کی عدت وضع حمل ہے ☼

1295/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ نَسَخَتْ سُوْرَةُ النِّسَاءِ الْقَصْرٰى كُلَّ عِدَّةٍ فِي الْقُرْآنِ وَأُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، آپ فرماتے ہیں: چھوٹی سورۂ نساء (یعنی سورۃ الطلاق) نے قرآن کریم میں جتنی بھی عدتیں ہیں ان سب کو منسوخ کر دیا ہے اور وہ آیت یہ ہے:

وَ اُولٰتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ

''اور حمل والیوں کی میعاد یہ ہے کہ وہ اپنا جن لیں''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة إذا طلقت أو مات عنها زوجها فولدت بعد ذلك بيوم أو أقل أو أكثر انقضت عدتها وحلت للرجال من ساعتها وإن كانت في نفاسها

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔ جب کسی عورت کو طلاق ہوئی یا اس کا شوہر فوت ہو گیا، اس کے صرف ایک دن بعد یا اس سے بھی پہلے یا اس کے بعد بچہ پیدا ہو گیا تو اس کی عدت ختم ہو گئی اور وہ اسی وقت کسی بھی شخص سے شادی کر سکتی ہے، اگرچہ وہ نفاس میں ہے۔

☼ حاملہ عورت کو طلاق ہوئی، جیسے ہی اس کا بچہ پیدا ہوا، اس کی عدت ختم ہو گئی ☼

1296/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهُ ثُمَّ اَسْقَطَتْ سِقْطًا فَقَدْ اِنْقَضَتْ

(١٢٩٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٨٤) في الطلاق، باب عدة المطلقة الحامل، وعبد الرزاق (١١٧١٦) في الطلاق، باب المطلقة يموت عنها زوجها، وسعيد بن منصور في السنن (١٥١٣) والطبراني في الكبير (٩٦٤١) والبيهقي في السنن الكبرى ٧: ٤٣٠

عِدَّتُھَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب کوئی مرد اپنی بیوی کو طلاق دیتا ہے پھر اس کے بعد بچہ پیدا ہو گیا تو اس کی عدت ختم ہو گئی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة لكن لا يكون السقط عندنا سقطاً حتى يستبين شيء من خلقه شعر أو ظفر وغير ذلك فإذا وضعت شيئاً لم يستبن خلقه لم تنقض به العدة وهو قول (عن) أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بھی یہی مذہب ہے۔ اگر کچا بچہ پیدا ہوا، تو اگر اس میں اعضاء بن چکے تھے، اس کے بال اور ناخن وغیرہ پیدا ہو چکے تھے تو اس کی عدت ختم ہو گئی اور اگر ایسا حمل گر گیا جس میں کوئی اعضاء وغیرہ نہیں بنے تو یہ وضع حمل نہیں ہے، اس کی عدت نہیں گزری۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

(١٢٩٦)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(٤٨٥)في الطلاق:باب عدة المطلقة الحامل 'وابن ابي شيبة ٢٧٧:٥في الطلاق: باب ماقالوا في السقط تنقضي العدة؛

اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ فِی الطَّلَاقِ

چوبیسواں باب: طلاق کے بیان میں

رسول اکرم ﷺ نے سیدہ سودہ کو طلاق دی تو کہا تھا ''اعتدی'' تو عدت گزار

1297/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِسَوْدَةَ حِیْنَ طَلَّقَهَا اِعْتَدِّیْ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو جب طلاق دی تو فرمایا: تم اپنی عدت گزارلو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) زکریا بن یحیی النیسابوری (عن) الحسین بن بشر بن القاسم (عن) أبیه (عن) عصمة بن ورقاء (عن) أبی حنیفة (وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) علی بن محمد بن عبید (عن) أحمد بن عبید اللہ (عن) أحمد بن حفص (عن) أبیه (عن) إبراهیم بن طهمان (عن) أبی حنیفة رضی اللہ عنه

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زکریا بن یحییٰ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن بشر بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عصمہ بن ورقاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

عورتیں عدت کے ایام میں خیف کے پیچھے سے قضائے حاجت کیلئے جایا کرتی تھیں

1298/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ کَانَ یَرُدُّ الْمُتَوَفّٰی عَنْهُنَّ اَزْوَاجُهُنَّ مِنْ ظَهْرِ الْخَیْفِ یَخْرُجْنَ حَاجَاتٍ فِی الْعِدَّةِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: وہ ان خواتین کو جن کے شوہر فوت ہو چکے ہوتے ان کو خیف کے پیچھے سے بھیجا

(۱۲۹۷) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۲۸۸) والبیهقی السنن الکبری ۸:۲۹۷

(۱۲۹۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۵۱۲) وابن ابی شیبة ۴:۱۶۲ (۱۸۸۵۸) وعبدالرزاق ۷:۳۲ (۱۲۰۶۸) وسعید بن منصور فی السنن ۱:۳۵۸ (۱۳۴۲) والبیهقی فی السنن الکبری ۷:۴۳۶

کرتے تھے اور وہ اپنی عدت کے ایام میں قضائے حاجت کے لئے جایا کرتی تھیں۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم ابن أحمد بن محمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم ابن احمد بن محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بار بار طلاق دینا اور رجوع کر لینا اللہ کی حدود سے کھیلنے کے مترادف ہے ☼

1299/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ إِسْحَاقٍ (عَنْ) اَبِیْ بُرْدَةَ (عَنْ) اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَلْعَبُوْنَ بِحُدُوْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَقُوْلُ قَدْ طَلَّقْتُكِ قَدْ رَاجَعْتُكِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس قوم کا کیا حال ہوگا جو اللہ کی حدود کے ساتھ کھیلتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ میں نے تجھے طلاق دے دی اور پھر کہتے ہیں: میں نے تجھ سے رجوع کر لیا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أبي رميح (عن) أبي عبد الله بن أبي بكر بن أبي خيثمة (عن) عمر بن أبي حاتم بن نصر البصري (عن) محمد بن عباد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

✧اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن ابوبکر بن ابو خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن ابوحاتم بن نصر بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عباد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایلاء سے نکاح ٹوٹ گیا، تجدید نکاح سے ساتھ رہ سکتے ہیں ☼

1300/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ النَّخْعِيِّ اَنَّهٗ آلٰى مِنْ اِمْرَاَتِهٖ ثُمَّ غَابَ عَنْهَا خَمْسَةَ اَشْهُرٍ ثُمَّ قَدِمَ فَوَقَعَ عَلَيْهَا فَخَرَجَ عَلَى اَصْحَابِهٖ وَيَدُهٗ وَرَأْسُهٗ يَقْطُرُ مَاءً قَالُوْا اَصَبْتَ مِنْ فُلَانَةٍ

(١٢٩٩) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٢٩١) وابن حبان (٤٢٦٥) وابن ماجة (٢٠١٧) في اول الطلاق والبيهقي في السنن الكبرى ٧:٣٢٢

(١٣٠٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٥٣٨) وعبدالرزاق ٦:٤٥٩ (١١٦٦٧) في الطلاق: باب الرجل يجهل الايلاء حتى يصيب امرأته أولا يصيب وابن ابي شيبة ٤:١٣٢ (١٨٥٥٠) وسعيد بن منصور في السنن ٢:٣٥ (١٩٣٣) والطبراني في الكبير ٩:٣٨٣ (٩٦٤٠)

قَالَ نَعَمْ قَالُوْا اَلَمْ تَكُنْ آلَيْتَ مِنْهَا قَالَ بَلٰى قَالُوْا فَإِنَّا نَتَخَوَّفُ اَنْ تَكُوْنَ قَدْ بَانَتْ مِنْكَ فَانْطَلَقُوْا إِلٰى عَلْقَمَةَ فَلَمْ يَجِدُوْا عِنْدَهٗ شَيْئاً فَانْطَلَقُوْا إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَذَكَرُوْا اَمْرَهٗ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّأْتِيَهَا فَيُخْبِرَهَا بِاَنَّهَا بَانَتْ مِنْهُ ثُمَّ يَخْطِبَهَا فَاَتَاهَا فَاَخْبَرَهَا اَنَّهَا اَمْلَكُ لِنَفْسِهَا ثُمَّ خَطِبَهَا فَتَزَوَّجَهَا عَلٰى مَثَاقِيْلِ فِضَّةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن انس نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے اپنی بیوی سے ایلاء کرلیا، پھر پانچ مہینے اس سے غائب رہے، پھر آ گئے اور اس کے ساتھ صحبت کی، پھر وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آئے اور ان کے ہاتھوں اور سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے لوگوں نے پوچھا: کیا تو نے فلاں کے ساتھ صحبت کی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ لوگوں نے کہا: کیا تو نے اس کے ساتھ ایلاء نہیں کرلیا تھا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ انہوں نے کہا: ہمیں یہ خوف ہے کہ وہ تجھ سے بائنہ ہو چکی تھی، تمہارا اس کے ساتھ نکاح ٹوٹ چکا تھا، یہ لوگ حضرت علقمہ کے پاس آئے، لیکن ان کے پاس کوئی جواب نہ تھا، تو یہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آ گئے اور اپنا معاملہ پیش کیا۔ حضرت عبداللہ نے کہا: اس عورت کے پاس جاؤ اور اس کو اطلاع دے دو کہ اس کا نکاح اس سے ٹوٹ گیا ہے، پھر اس کو پیغام نکاح دو۔ وہ آدمی اس عورت کے پاس آیا اور اس کو بتایا کہ اب وہ اپنے نفس کی خود مالک ہے پھر اس کو پیغام نکاح دیا اور پھر چاندی کی کچھ مثقالوں کے حق مہر کے ساتھ اس سے دوبارہ نکاح کرلیا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوي (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رحمه الله

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ لونڈی کی طلاقیں دو ہیں، اس کی عدت دو حیض ہے ☼

1301/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) عَطِيَّةَ الْعُوْفِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ طَلَاقُ الْاَمَةِ ثِنْتَانِ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لونڈی کی طلاقیں دو ہیں اس کی عدت دو حیض ہیں۔

(۱۳۰۱) اخرجه ابن ماجة (۲۰۷۹) في الطلاق: باب في طلاق الامة وعدتها، والبيهقي في السنن الكبرى ۷:۳۶۹ في الرجعة: باب عدد طلاق العبد، ومالك في الموطا (۵۰) في الطلاق: باب ماجاء في طلاق العبد

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رمیح (عن) عبد الله بن أبی بكر بن أبی خيثمة أحمد بن محمد بن زهير (عن) هارون بن حميد (عن)(الفضل بن عيينة (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری'' نے حضرت''صالح بن ابی رمیح'' سے،انہوں نے حضرت''عبداللہ بن ابوبکر بن ابوخیثمہ احمد بن محمد بن زہیر'' سے،انہوں نے حضرت''ہارون بن حمید'' سے،انہوں نے حضرت''فضل بن عیینہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ طلاق لکھتے ہی ہو جاتی ہے،اگر اس میں پہنچنے کی شرط رکھی تو جب تک نہ پہنچے،نہ ہوگی ☼

1302/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ إِذَا كَتَبَ الرَّجُلُ بِطَلَاقِ اِمْرَاَتِهٖ إِنْ اَتَاكَ كِتَابِیْ فَاَنْتِ طَالِقٌ فَإِنْ ضَاعَ الْكِتَابُ اَوْ بَدَا لَهٗ اَنْ لَا يَبْعَثَ بِهٖ فَلَمْ يَصِلْ إِلَيْهَا فَلَيْسَتْ بِطَالِقٍ وَإِنْ كَتَبَ اَمَّا بَعْدُ فَاَنْتِ طَالِقٌ فَهِیَ طَالِقٌ اَتَاهَا اَوْ لَمْ يَأْتِهَا

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ حضرت''حماد'' سے،وہ حضرت''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں'وہ فرماتے ہیں:جب کوئی بندہ اپنی بیوی کی طلاق لکھ لے(اوراس کی تحریر یہ ہو)''اگر تجھ تک میری تحریر پہنچے تو تجھے طلاق ہے''۔پھر اگر وہ تحریر ضائع ہو جائے یا اس نے تحریر بھیجنے کا فیصلہ منسوخ کر دیا،اس طرح وہ طلاق اس عورت تک نہ پہنچی تو اس عورت کو طلاق نہ ہوئی اور اگر اس کی تحریر یہ تھی''امابعد تو طلاق والی ہے''اس کو(فوراً)طلاق ہو جائے گی،چاہے طلاق اس تک پہنچے یا نہ پہنچے۔

(أخرجه) الحافظ الحسن بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) المبارك ابن عبد الجبار الصيرفی (عن) أبی منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبی بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعی (عن) بشر بن موسى (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے)حضرت ''مبارک ابن عبدالجبار صیرفی'' سے،انہوں نے حضرت''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان'' سے،انہوں نے حضرت''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی'' سے،انہوں نے حضرت''بشر بن موسیٰ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوعبدالرحمٰن مقری'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ''تو تین طلاق والی ہے ان شاءاللہ'' کہا،طلاق نہ ہوئی ☼

1303/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِیْ رَجُلٍ قَالَ لِاِمْرَاَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثاً إِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَالَ لَيْسَ بِشَیْءٍ وَلَا يَقَعُ عَلَيْهَا الطَّلَاقُ

(۱۳۰۲)اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار(۴۹۸)وابن ابی شيبة۴:۸۱(۱۷۹۹۳)فی الطلاق،باب فی الرجل يكتب طلاق امرأته وعبدالرزاق۶:۴۱۳(۱۱۴۳۴)وابن حزم فی المحلی بالآثار۹:۴۵۴فی الطلاق وسعيد بن منصور۱:۳۸۶(۱۱۸۵)باب الرجل يكتب بالطلاق امرته۔

(۱۳۰۳)اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار(۵۱۴)وابن ابی شيبة۴:۸۴(۱۸۰۱۶)فی الطلاق وعبدالرزاق۶:۳۸۹(۱۱۳۲۷)،ابن حزم فی المحلی بالآثار۹:۴۸۵فی الطلاق

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے ایسے شخص کے بارے فرمایا: جس نے اپنی بیوی سے کہا ہو''تو تین طلاق والی ہے ان شاء اللہ''۔ فرمایا: اس سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوتی۔

(أخرجه) الإمام محمد محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان موصولاً بمشيئة قدمه أو أخره

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ''ان شاء اللہ'' کے الفاظ چاہے پہلے کہے یا بعد میں، اگر متصل کہے تو طلاق نہ ہوئی۔

☼ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج کو اختیار سونپا، انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کرلیا، یہ طلاق نہ تھی ☼

1304/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يُعَدَّ ذٰلِكَ طَلَاقاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں' انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اختیار دیا تو ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کرلیا، اس کو طلاق شمار نہیں کیا گیا تھا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) العباس بن عزير القطان المروزي (عن) محمد بن المهاجر (عن) أبي عاصم (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي طالب بن يوسف (عن) أبي محمد الجوهري (عن) أبي بكر الأبهري (عن) أبي عروبة الحراني (عن) جده عمرو بن أبي عمرو (عن) محمد بن الحسن الشيباني (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله ابن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمدابن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) محمد بن الحسن في نسخته فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عباس بن عزیر قطان مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن

(۱۳۰۴) اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۵۴۶) والبخاری (۴۹۶۲) و (۴۹۶۳) فی الطلاق: باب من خیر ازواجہ ومسلم (۱۴۷۷) فی الطلاق: باب التخییر واحمد ۶:۴۵ والدارمی فی السنن ۲:۸۵ (۲۲۷۴) فی الطلاق: باب فی الخیار والترمذی ۳:۴۷۴ (۱۱۷۹) وعبد الرزاق ۷:۱۱ (۱۱۹۸۴) ابن ابی شیبۃ ۵:۵۹

شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ ابن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ مرد اپنی بیوی کے کسی حصے کا مالک بنا، بیوی شوہر کے کسی حصے کی مالک بنی، نکاح فاسد ہو گیا ☼

1305/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ إِذَا مَلَكَ الرَّجُلَ شَيْئاً مِنْ اِمْرَاَتِهٖ فَسَدَ النِّكَاحُ وِإِذَا مَلَكَتْ شَيْئاً مِنْ زَوْجِهَا فَقَدْ فَسَدَ النِّكَاحُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب بندہ اپنی عورت کے کسی حصے کا مالک بنا تو اس کا نکاح فاسد ہو گیا اور اگر عورت اپنے شوہر کے کسی حصے کی مالکہ بنی تو نکاح فاسد ہو گیا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ سودہ کو ''تو عدت گزار'' کہہ کر طلاق دی ☼

1306/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِسَوْدَةَ حِيْنَ طَلَّقَهَا اِعْتَدِّيْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔ وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں، آپ فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو جب طلاق دی تو اسے فرمایا: تو عدت گزار۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازي (عن) عمرو ابن حميد (عن) سلم بن سالم

(۱۳۰۶) قد تقدم في (۱۲۹۷)

(عن) أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلم بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ آقا کا رجوع جماع ہے ☼

1307/(اَبُـو حَـنِيـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ اَنَّ الْمَوْلٰى فَيْئُهُ الْجِمَاعُ إِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ بِهٖ عُذْرٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' بے شک آقا کا رجوع جماع ہے، سوائے اس صورت کے اس کو کوئی عذر ہو۔

(أخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أحمد بن علی بن محمد الخطیب (عن) محمد بن أحمد بن الخطیب (عن) علی بن ربیعة (عن) الحسن بن رشیق (عن) محمد بن محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبی حنیفة (عن) أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ حیض کی حالت میں دی گئی طلاق واقع ہو جاتی ہے ☼

1308/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ فَعِيْبَ ذٰلِكَ عَلَيْـهِ فَـرَاجَـعَهَـا فَلَمَّا طَهُرَتْ مِنْ حَيْضَتِهَا طَلَّقَهَا فَاحْتَسَبَ الطَّلْقَةَ الَّتِيْ كَانَ اَوْقَعَ عَلَيْهَا وَهِيَ حَائِضٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ ایک آدمی سے، وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی، اس وقت وہ ایام میں تھی، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو اس بارے میں ملامت کی گئی تو انہوں نے اپنی بیوی سے رجوع کر لیا، جب اس کا حیض ختم ہو گیا، تب انہوں نے طلاق دی۔ جو طلاق حیض کی حالت میں دی گئی تھی اس کو بھی طلاق ہی شمار کیا گیا۔

(۱۳۰۷) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۳۱۰) وعبدالرزاق ۶:۴۶۲ (۱۱۶۷۶) و (۱۱۶۷۷) فی الطلاق، وسعید بن منصور فی السنن ۲:۵۴ (۱۹۰۱) وابن ابی شیبة ۴:۱۳۵ (۱۸۵۸۹)

(۱۳۰۸) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۲۹۰) وابن حبان (۴۲۶۳) واحمد ۲:۵۴ والنسائی ۶:۱۳۷ فی اول الطلاق و ۶:۲۱۲ باب الرجعة والدارقطنی ۴:۷ والطیالسی (۱۸۵۳) وابن ابی شیبة ۵:۲-۳ ومسلم (۱۴۷۱) (۲) فی الطلاق: باب تحریم طلاق الحائض والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳:۵۳

(أخرجه) أبو محمد البخاری(عن) عبد الله بن محمد بن عبد الله النهروانی (عن) سلیمان بن الفضل (عن) داود ابن أسد (عن) حماد بن أبی حنیفة (عن) أبی حنیفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا نری أن یطلقها فی طهرها من الحیضة التی طلقها فیها ولکنه یطلقها إذا طهرت من حیضة أخری

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری سے، انہوں نے عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد ابن اسد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جس حیض میں عورت کو طلاق دی، اس کے بعد والے طہر میں دوسری طلاق نہ دے، بلکہ جب اگلے حیض سے پاک ہو تو اس کو طلاق دے۔

☼ طلاق دینے کا طریقہ یہ ہے کہ جس طہر میں ہمبستری نہ کی ہو اس میں ایک طلاق دے ☼

1309/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ إِذَا اَرَادَ الرَّجُلُ اَنْ یُّطَلِّقَ اِمْرَاَتَهٗ لِلسُّنَّةِ تَرَکَهَا حَتّٰی تَحِیْضَ وَتَطْهُرَ مِنْ حَیْضَتِهَا ثُمَّ یُطَلِّقُهَا تَطْلِیْقَةً مِنْ غَیْرِ جِمَاعٍ ثُمَّ یَتْرُکُهَا حَتّٰی تَنْقَضِیَ عِدَّتُهَا وَإِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا ثَلَاثاً عِنْدَ کُلِّ طُهْرٍ تَطْلِیْقَةً حَتّٰی یُطَلِّقَهَا ثَلَاثاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب کوئی بندہ اپنی بیوی کو طلاق سنت دینا چاہے تو اس کو چھوڑے رکھے یہاں تک کہ اس کو حیض آئے اور پھر حیض سے بھی پاک ہو جائے، پھر اس کو ایک طلاق دے اور اس طہر میں اس سے ہمبستری نہ کرے، پھر اس کو اسی حال پر رہنے دے یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے، اور اگر وہ تین طلاقیں دینا چاہے تو ہر طہر کے بعد ایک طلاق دے یہاں تک کہ (تین حیضوں کے بعد تین طہروں میں) اس کی تین طلاقیں مکمل ہو جائیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ طلاق سنت یہ ہے کہ ہر ماہ ایک طلاق دے ☼

1310/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ إِذَا اَرَادَ الرَّجُلُ اَنْ یُّطَلِّقَ اِمْرَاَتَهُ الْحَامِلَ لِلسُّنَّةِ فَلْیُطَلِّقْهَا عِنْدَ غُرَّةِ کُلِّ هِلَالٍ

(۱۳۰۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۶۲) وابن ابی شیبة ۵:۴ فی الطلاق: باب مایستحب من طلاق السنة وکیف هو؟ وعبدالرزاق ۳۰۱:۶ (۱۰۹۲۱) فی الطلاق: باب المبارء ة وابن حزم فی المحلی بالآثار ۴۰۱:۹ فی الطلاق

(۱۳۱۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۶۴) وابن ابی شیبة ۵۸:۴ (۱۷۷۴۳) فی الطلاق: ماقالوا فی الحامل کیف تطلق؟

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب بندہ اپنی حاملہ بیوی کو طلاق سنت دینا چاہے تو وہ اس کو ہر نیا چاند طلوع ہونے پر طلاق دے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه كان يأخذ أبو حنيفة أما في قولنا طلاق الحامل للسنة طلقة واحدة في غرة الهلال أو متى شاء ويتركها حتى تضع حملها وكذلك بلغنا عن الحسن البصري (و) جابر بن عبد الله وبلغنا نحو ذلك عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنهم

○اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ وہ اور حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" بھی اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حاملہ عورت کو طلاق سنت دینے کا یہ طریقہ ہے کہ اس کو مہینہ شروع ہوتے ہی یا جب چاہے، ایک طلاق دے، پھر اس کو بچے کی پیدائش تک اسی طرح رکھے۔ حضرت "حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ" اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ" کے حوالے سے ہمیں یہی حدیث پہنچی ہے۔ حضرت "عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی ہمیں ایسی ہی حدیث پہنچی ہے۔

☼ حاملہ عورت کی عدت وضع حمل ہے ☼

1311/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ سَبِيعَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ الْاَسْلَمِيَّةِ مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا فَوَلَدَتْ لِخَمْسَةٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْماً فَمَرَّ بِهَا اَبُو السَّنَابِلِ فَقَالَ لَنَا تَزَيَّنْتِ وَتَصَنَّعْتِ تُرِيْدِيْنَ الْبَاءَةَ كَلَّا وَرَبَّ الْكَعْبَةِ حَتّٰى يَبْلُغَ اَقْصَى الْاَجَلَيْنِ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَذَبَ اَبُوْ السَّنَابِلِ إِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَآذِنِيْنَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' حضرت "سبیعہ بنت حارث اسلمیہ رضی اللہ عنہا" کا شوہر فوت ہو گیا، ان کی وفات کے پچیس دن بعد ان کے ہاں ولادت ہو گئی، ابوسنابل اس کے پاس آئے اور اس سے کہا: تو نے زینت اختیار کر رکھی ہے اور خوبصورتی اختیار کر رکھی ہے کیا تو دوسری شادی کرنا چاہتی ہے۔ نہیں، رب کعبہ کی قسم (تو اس وقت تک شادی نہیں کر سکتی) جب تک کہ دو عدتوں میں سے بڑی عدت پوری نہ ہو جائے۔ وہ خاتون رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی اور (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی بات بتائی)۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ن فرمایا: ابوسنابل نے جھوٹ بولا ہے، جب ایسا معاملہ ہو تو، تو ہمیں بتا دینا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي الغنائم بن أبي عثمان (عن) أبي الحسين بن زرقويه (عن) أبي سهل بن زياد (عن) حامد بن سهل البغوي (عن) هوذة (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة غير أنه قال ولدت بعد وفاته بسبع عشرة ليلة الحديث

(ورواه) (عن) أحمد بن علي بن محمد الخطيب (عن) محمد بن أحمد الخطيب (عن) علي بن ربيعة (عن) الحسن ابن رشيق (عن) محمد بن محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبي حنيفة (عن) أبي حنيفة باللفظ الأول

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے)حضرت ''ابوغنائم بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین بن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسہل بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حامد بن سہل بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہوذہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے)حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں یہ ہے ولدت بعد وفاته بسبع عشره لیله (اس کے شوہر کی وفات کے ۱۷دن بعد بچہ پیدا ہو گیا) اس کے اگلی حدیث بیان کی۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے)حضرت ''احمد بن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے الفاظ کے ہمراہ روایت کی ہے۔

☼ جس میاں بیوی میں لعان ہو گیا، وہ کبھی بھی جمع نہیں ہو سکتے ☼

1312/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْمُتَلَاعِنَانِ لَا يَجْتَمِعَانِ اَبَداً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''سعید بن میسب رضی اللہ عنہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دولعان کرنے والے کبھی بھی آپس میں جمع نہیں ہو سکتے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر بن سعید الهروی (عن) أحمد بن عبد الله الکندی وإبراهیم بن الجراح (عن) أبی سعید (عن) أبی حنیفة

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ انت طالق البتة کہا، نیت تین کی تھی تو تین ہوئیں، ورنہ ایک بائنہ ☼

1313/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الْمُغِيْرَةِ اَرْسَلَ اِلٰى شُرَيْحٍ وَهُوَ اَمِيْرٌ عَلٰى

(۱۳۱۲) اخرجه البیهقی فی السنن الکبری ۷:۴۰۹، ومسلم (۱۴۹۳) عن ابن جبیر عن ابن عمر: ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: حسابکما علی الله احد کما کاذب لا سبیل لک علیها، والبخاری (۵۳۱۲) وابن حبان (۴۲۸۷)

الْكُوْفَةِ فَسَأَلَهُ يَقُوْلُ الرَّجُلِ لِإِمْرَأَتِهِ أَنْتِ طَالِقٌ اَلْبَتَّةَ فَقَالَ كَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَجْعَلُهَا ثَلَاثًا وَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَجْعَلُهَا وَاحِدَةً وَهُوَ اَمْلَكُ بِرَجْعَتِهَا فَقَالَ عُرْوَةُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ فَمَا تَقُوْلُ اَنْتَ قَالَ شُرَيْحٌ اَخْبَرْتُكَ بِمَا قَالَا فَقَالَ عُرْوَةُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَزَمْتُ عَلَيْكَ لِمَا قُلْتَ فِيْهَا قَالَ شُرَيْحٌ اُرَاهُ قَدْ خَرَجَ مِنْهُ الطَّلَاقُ وَقَوْلُهُ اَلْبَتَّةَ بِدْعَةٌ فَنِيَّتُهُ عِنْدَ بِدْعَتِهِ فَإِنْ كَانَ اَرَادَ ثَلَاثًا فَثَلَاثًا وَإِنْ كَانَ اَرَادَ وَاحِدَةً فَوَاحِدَةً بَائِنَةً وَهُوَ خَاطِبٌ ثُمَّ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ وَقَوْلُ شُرَيْحٍ اَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ قَوْلِهِمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''عروہ بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب ایک مکتوب لکھا، وہ اس وقت کوفہ کے امیر تھے، ان سے پوچھا کہ ایک آدمی اپنی بیوی سے کہتا ہے ''انت طالق البتۃ'' (تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟) انہوں نے فرمایا: حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ اس کو تین طلاقیں قرار دیا کرتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو ایک طلاق قرار دیتے تھے۔ وہ شخص رجوع کرنے کا حق رکھتا ہے

حضرت عروہ بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: آپ کیا کہتے ہیں؟ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: میں نے ان دونوں کا موقف آپ کو بتا دیا ہے۔ حضرت عروہ بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: آپ اپنی رائے بتائیے۔ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: میرا یہ موقف ہے کہ طلاق اس (کے ہاتھ) سے نکل چکی ہے اور اس نے جو ''البتۃ'' کا لفظ بولا ہے، یہ بدعت ہے، تو اس بدعت کے وقت اس کی نیت دیکھی جائے گی، اگر اس نے تین کا ارادہ کیا تھا تو تین ہونگیں اور اگر ایک کا ارادہ کیا تھا تو ایک بائنہ طلاق ہو گی اور وہ آدمی دوبارہ پیغام نکاح بھیج سکتا ہے

پھر حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: مجھے حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ان دونوں کے موقف سے اچھا لگا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) (عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن ابن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس کا شوہر صحبت کرنے کے قابل نہ ہو، اس کو اختیار دیا جاتا ہے شوہر کے ساتھ رہنے نہ رہنے کا ☼

1314/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْبَصَرِيْ وَيُعْرَفُ بِالْمَكِّيْ (عَنِ) الْحَسَنِ (عَنْ) عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ اِمْرَاَةً ذَكَرَتْ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ زَوْجَهَا لَا يَقْرُبُهَا فَاَجَلَهُ حَوْلًا فَلَمْ يَقْرُبْهَا فَخَيَّرَهَا

(۱۳۱۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۹۷) وعبد الرزاق ۶:۳۵۶ (۱۱۱۷۶) في الطلاق: باب طلاق البتة والخلية؛ وابن ابي شيبة ۱:۳۸۲ (۱۶۶۴) في الطلاق: باب البتة والبرية والخلية والحرام وسعيد بن منصور في السنن ۱:۴۲۹ (۱۶۶۴)

فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَجَعَلَهَا تَطْلِيقَةً بَائِنَةً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''اسماعیل بن مسلم بصری رحمۃ اللہ علیہ'' (ان کو مکی کے نام سے پہچانا جاتا ہے) وہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمران بن حصین رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ایک خاتون نے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کو بتایا کہ اس کا شوہر اس کے قریب نہیں آتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو ایک سال کی مہلت دی لیکن اس نے پورا سال اپنی بیوی سے ہمبستری نہیں کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو اختیار دیا، اس عورت نے اپنے آپ کو اختیار کر لیا تو ان دونوں کے درمیان تفریق کر دی گئی اور اس تفریق کو ایک طلاق بائنہ قرار دیا گیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد ابن محمد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبد الله بن الزبير (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون عن أبي علي الحسن بن أحمد بن إبراهيم بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن اشكاب البخاري (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

و (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الحافظ (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن حسن حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کی زوجہ نے حق مہر والا باغ واپس کر کے خلع لیا ☼

1315/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ بَكْرٍ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ تَمِيْمَةَ كَيْسَانَ الْبَصْرِيِّ اَنَّ اِمْرَاَةَ ثَابِتِ ابْنِ قَيْسِ بْنِ

(١٣١٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٩٣) والبيهقي في السنن الكبرى ٢٢٦:٧ في النكاح: باب اجل العنين، وسعيد بن منصور في السنن ٧٢:٢ (٢٠١٠) ابن ابي شيبة ٤٩٤:٣ (١٦٤٨٦) في الطلاق: باب ما قالوا في امرأة العنين، وعبد الرزاق ٢٥٣:٦ (١٠٧٢٠) و (١٠٧٢٢) في الطلاق: باب اجل العنين

شَمَاسٍ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَا يَجْمَعُنِيْ وَثَابِتٌ سَقْفٌ اَبَداً فَقَالَ اَتَخْتَلِعِيْنَ مِنْهُ بِحَدِيْقَتِهِ الَّتِيْ اَصْدَقَكِ قَالَتْ اَجَلْ وَزِيَادَةٌ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَّا الزِّيَادَةُ فَلَا ثُمَّ اَشَارَ اِلٰى ثَابِتٍ فَفَعَلَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''ابوبکر ایوب بن ابی تمیمہ کیسان بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں حضرت ''ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ'' کی بیوی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی اور اس نے آ کر کہا: میں اور ثابت کبھی بھی جمع نہیں ہوتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس نے جو باغ تمہیں حق مہر کے طور پر دیا تھا، خلع لینے کیلئے تو وہ چھوڑنے پر تیار ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں بلکہ کچھ زیادہ بھی دوں گی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا (کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے اور دیا ہوا باغ واپس لے) تو انہوں نے اس پر عمل کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) (محمد بن الحسن البزار (عن) محمد بن عبد الرحمن (عن) محمد بن المغيرة (عن) الحكم ابن أيوب (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) الحسن بن محمد الفارسي (عن) الحافظ محمد ابن المظفر (عن) عبد الصمد بن علي بن أحمد (عن) محمد بن أحمد بن نصر بن أحمد البلدي (عن) صالح بن أحمد الترمذي (عن) حماد بن أبي حنيفة (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن علي بن محمد الخطيب (عن) محمد بن أحمد الخطيب (عن) أبي علي بن ربيعة (عن) الحسن بن رشيق (عن) محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبي حنيفة (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي الفضل أحمد ابن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) يونس بن بكير (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه (وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم ابن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالصمد بن علی بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بن نصر بن احمد بلدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم

(۱۳۱۵) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۳۰۱) وابن حبان (۴۲۸۰) ومالك في الموطا ۲:۵۶۴ في الطلاق: باب ماجاء في الخلع ومن طريق مالك اخرجه الشافعي ۲:۵۰-۵۱ واحمد ۶:۴۳۲ وابو داود (۲۲۲۷) في الطلاق: باب في الخلع وابن الجارود في المنتقى (۷۴۹) والبيهقي في السنن الكبرى ۷:۳۱۳

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد ابن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ غلام دو عورتوں سے نکاح کرسکتا ہے، اور اس کے پاس دو طلاقوں کا حق ہے ☼

1316/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ يَنْكِحُ الْعَبْدُ زَوْجَتَيْنِ وَيُطَلِّقُ تَطْلِيْقَتَيْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: غلام دو عورتوں سے نکاح کرسکتا ہے اور دو طلاقیں دے سکتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ طلاق کی تعداد اور عدت کی مدت میں عورتوں کا اعتبار کیا جاتا ہے ☼

1317/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَزِيْدِ الْمَكِّيْ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ يَقُوْلُ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ الطَّلَاقُ بِالنِّسَاءِ وَالْعِدَّةُ بِالنِّسَاءِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابراہیم بن یزید مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے

(١٣١٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٢٧) في النكاح: باب الزوج يتزوج الامة ثم يشتريها او يعتق، وفي الموطا ١٨٧ (١٥٥٨)، ابن ابي شيبة ٥:٨١ في النكاح: باب ما قالوا في العبد تكون تحته الحرة او الحر تكون تحته الامة، كم طلاقها؟ وعبد الرزاق (١٢٩٥٥) في الطلاق: باب طلاق الحرة، وسعيد ابن منصور ١:٣١٦ (١٣٤٠)

(١٣١٧) قد تقدم

حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: طلاق بھی عورتوں کے لحاظ سے ہے اور عدت بھی عورتوں کے لحاظ سے ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كانت المرأة حرة فطلاقها ثلاث وعدتها ثلاث حيضحراً كان زوجها أو عبداً وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب عورت آزاد ہو تو اس کی طلاقیں تین اور اس کی عدت تین حیض ہے۔ اس کا شوہر خواہ آزاد ہو یا غلام۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ دوسرے شوہر کی وطی دوطلاقوں کا اثر بھی ختم کر دیتی ہے اور تین کا بھی ☼

1318/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُ قَالَ كُنْتُ جَالِساً عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ إِذْ اَتَاهُ آتٍ يَسْـأَلُـهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ تَطْلِيْقَتَيْنِ ثُمَّ تَرَكَهَا حَتّٰى اِنْقَضَتْ عِدَّتُهَا ثُمَّ تَزَوَّجَتْ زَوْجاً غَيْرَهُ فَدَخَلَ بِهَا ثُـمَّ طَـلَّـقَهَا اَوْ مَاتَ عَنْهَا ثُمَّ اَرَادَ الْاَوَّلُ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا فَقَالَ لِيْ اَسَمِعْتَ فِيْهَا مِنْ اِبْنِ عُمَرَ شَيْئاً فَقُلْتُ لَا وَلٰكِنِّيْ سَـمِعْتُ اِبْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ يَهْدِمُ جَمَاعُ الْآخَرِ الثِّنْتَيْنِ وَالثَّلَاثَ فَقَالَ إِذَا لَقِيْتَ اِبْنَ عُمَرَ فَسَلْهُ عَنْ ذٰلِكَ فَلَقِيْتُ اِبْنَ عُمَرَ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: میں حضرت عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، ایک شخص نے آ کران سے مسئلہ پوچھا: اس نے اپنی بیوی کو دو طلاقیں دے دی ہیں، پھر اس کو چھوڑے رکھا اور اس کی عدت گزر گئی، اس عورت نے کسی اور مرد سے شادی کر لی، اس آدمی نے اس کے ساتھ ہمبستری بھی کی، پھر اس کو طلاق دے دی یا فوت ہو گیا، پھر پہلے شوہر نے اس کے ساتھ نکاح کرنے کا ارادہ کیا (تو کیا پہلا شوہر اس کے ساتھ نکاح کرسکتا ہے؟)۔ انہوں کہا: کیا آپ نے اس بارے میں حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے بھی کوئی بات سن رکھی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں۔ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''دوسرے آدمی کا ہمبستری کرنا دو طلاقوں کو بھی ختم کر دیتا ہے اور تین طلاقوں بھی ختم کر دیتا ہے''۔ انہوں نے کہا: جب آپ ابن عمر سے ملو تو ان سے اس بارے میں پوچھنا۔ پھر میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ملا تو ان سے پوچھا تو انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جیسا مسئلہ کے جواب دیا۔

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبهذا كله كان يأخذ أبو حنيفة أما قولنا فهي على ما بقي من طلاقها إذا بقي منه شيء وهو قول عمر بن الخطاب وعلي بن أبي طالب ومعاذ بن جبل وأبي بن كعب وعمران بن حصين وأبي هريرة رضي الله عنهم

(١٣١٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٦٧) وابن ابي شيبة (١٨٣٨٠) في الطلاق: باب من قال: هي عنده على طلاق جديد وعبدالرزاق (١١١٦٨) والبيهقي في السنن الكبرى ٣٥٥:٧

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں، اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بھی اس تمام کو مانتے ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں: اگر اس کی ایک یا دو طلاقیں باقی تھیں، تو جب وہ دوسرے شوہر سے طلاق لے کر آئے گی تو ان باقی ماندہ طلاقوں کا حق تب بھی اس پہلے شوہر کے پاس موجود ہوگا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے۔

☼ عدت کے دوران رجوع عدت کو باطل کر دیتا ہے دوبارہ طلاق ہوئی تو عدت نئے سرے سے ہوگی ☼

1319/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهٗ ثُمَّ رَاجَعَهَا فَقَدْ اِنْهَدَمَ مَا مَضٰى مِنْ عِدَّتِهَا فَاِنْ طَلَّقَهَا اِسْتَأْنَفَتِ الْعِدَّةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے، پھر اس سے رجوع کرے تو اس کی عدت کے جتنے ایام گزر چکے ہوتے ہیں، وہ ختم ہو جاتے ہیں، اس کے بعد اگر وہ پھر طلاق دے تو وہ نئے سرے سے عدت شروع کرے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بیوی کو ایک یا دو طلاق رجعی دیں عدت گزرنے سے پہلے جماع کر لیا، رجوع ہو گیا ☼

1320/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) مِقْسَمٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ الْفَيْءَ الْجِمَاعُ وَعَزِيْمَةُ الطَّلَاقِ اِنْقِضَاءُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مقسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں: بے شک رجوع جماع ہے اور طلاق کی پابندی یہ ہے کہ چار ماہ گزر جائیں۔

(۱۳۱۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۶۷) وعبدالرزاق ۶:۳۰۶ (۱۰۹۴۶) في الطلاق: باب الرجل يطلق المرأة ثم يراجعها في عدتها ثم يطلقها من اي يوم تعتد؟

(۱۳۲۰) اخرجه ابن ابي شيبة ۴:۱۳۶ (۱۸۵۹۶) في الطلاق وسعيد بن منصور ۲:۵۳ (۱۸۹۳) والبيهقي في السنن الكبرى ۷:۳۷۹

(أخرجه) الحافظ طلحة ابن محمد في مسنده (عن) علي بن محمد بن عبيد (عن) علي بن عبد الملك بن عبد ربه (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنهما (وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي سعد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد (عن) القاضي أبي القاسم علي بن أبي علي (عن) أبي القاسم ابن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) عبد الواحد بن الحارث الخجندي (عن) أبيه (عن) إبراهيم بن المغيرة المروزي (عن) محمد بن مزاحم (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبدالملک بن عبدربہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعد احمد بن عبدالجبار بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالواحد بن حارث خجندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن مغیرہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مزاحم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼لونڈی کو آزاد کر دیا گیا، تو اس کو شوہر کے ساتھ رہنے، نہ رہنے کا اختیار ملے گا☼

1321/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْاَمَةَ فَتُعْتَقُ قَالَ تُخَيَّرُ فَإِنْ اِخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَهِيَ امْرَاَتُهُ وَإِنْ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَلَيْسَ لَهُ عَلَيْهَا سَبِيلٌ وَإِنْ مَاتَ وَقَدْ اِخْتَارَتْهُ فَعِدَّتُهَا اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَعَشْرٍ وَلَهَا الْمِيرَاثُ وَإِنْ مَاتَ وَقَدِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَعِدَّتُهَا ثَلَاثُ حَيْضٍ وَلَا مِيرَاثَ لَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص نے لونڈی سے شادی کی، پھر اس کو آزاد کر دیا گیا، آپ فرماتے ہیں' اس لونڈی کو اختیار دیا جائے گا، اگر وہ عورت اپنے شوہر کو اختیار کر لے تو وہ بدستور اس کی بیوی رہے گی اور اگر وہ اپنے آپ کو اختیار کر لے تو ان دونوں کے درمیان کوئی گنجائش نہیں ہے اور اگر وہ آدمی فوت ہو جائے اور عورت اس کو اختیار کر چکی تھی تو اس عورت کی عدت چار مہینے، دس دن ہے اور اس کو اس شوہر کی وراثت بھی ملے گی اور اگر شوہر فوت جائے اور اس سے پہلے عورت اپنے آپ کو اختیار کر چکی تھی تو اس کی عدت تین حیض ہیں اور اس کو میراث بھی نہیں ملے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو (قول) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی موقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

(۱۳۲۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۲۸) في النكاح: باب يتزوج الامة ثم يشتريها اويعتق، وابن ابي شيبة ۱۶۸:۵ في الطلاق: باب ماقالوا في الامة تكون للرجل فيعتقها تكون عليها عدة؟

☼ شادی شدہ لونڈی کو آزادی ملے تو شوہر کے بارے میں بھی اختیار ملتا ہے ☼

1322/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَـنْ) إِبْـرَاهِـيْـمَ قَالَ إِذَا أُعْتِقَتِ الْمَمْلُوْكَةُ وَلَهَا زَوْجٌ خُيِّرَتْ فَإِنْ اِخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَهُمَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا فَإِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا كَانَ الصَّدَاقُ لِمَوْلَاهَا وَإِنْ اِخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَلَمْ يَكُنْ لَهَا صَدَاقٌ مِنْ يَوْمِهَا ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب کسی مملوکہ کو آزاد کر دیا جائے اور اس کا اس وقت کوئی شوہر بھی موجود ہو تو عورت کو اختیار دیا جائے گا، اگر وہ اپنے شوہر کو اختیار کر لے تو ان دونوں کا نکاح برقرار رہے گا اگر وہ عورت مدخول بہا ہے تو اس کے آقا کے ذمے اس کا مہر ہے۔ اور اگر وہ عورت اپنے آپ کو اختیار کر لے اور وہ مدخول بہانہ ہو تو ان دونوں کے درمیان تفریق کر دی جائے گی اور اس عورت کو اس سے مہر نہیں ملے گا۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمـد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ لونڈی کو عدت طلاق کے دوران آزاد کر دیا گیا، لونڈیوں والی عدت گزارے ☼

1323/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الْاَمَةِ يَمُوْتُ عَنْهَا زَوْجُهَا فَتُعْتَقُ فِيْ عِدَّتِهَا اَنَّهَا تَعْتَدُّ عِدَّةَ الْاَمَةِ وَلَا تَرِثُ وَإِنْ طَلَّقَهَا تَطْلِيْقَتَيْنِ ثُمَّ اُعْتِقَتْ اِعْتَدَّتْ عِدَّةَ الْاَمَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' کسی لونڈی کا شوہر فوت ہو جائے اور دوران عدت اس لونڈی کو آزاد کر دیا جائے تو وہ لونڈی لونڈیوں والی عدت گزارے گی اور وراثت نہیں پائے گی اور اگر اس کے شوہر نے اس کو دو طلاقیں دی تھیں پھر اس کو آزاد کر دیا گیا تھا تو تب بھی وہ لونڈیوں والی عدت گزارے۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمـد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۳۲۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۲۹) في النكاح: باب الزوج يتزوج الامة ثم يشتريها او يعتق وعبدالرزاق (۱۳۰۰۴) باب الامة تعتق عند العبد وابن ابي شيبة ۵:۹۷ في الطلاق: باب ماقالوا في الامة تخير فتختار نفسها

(۱۳۲۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۳۰) في النكاح: باب الزوج يتزوج الامة ثم يشتريها او يعتق وابن ابي شيبة ۵:۱۶۸ في الطلاق: باب ماقالوا في الامة تكون للرجل فيعتقها تكون عليها عدة؟

☼ عورت کو ایک طلاق ہوئی اور وہ عدت گزرنے سے پہلے فوت ہوگئی ☼

1324/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ اَنَّهُ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ تَطْلِيْقَةً فَحَاضَتْ حَيْضَةً ثُمَّ اِرْتَفَعَ حَيْضُهَا سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْراً ثُمَّ مَاتَتْ قَبْلَ اَنْ تَحِيْضَ غَيْرَهَا فَذَكَرَ ذٰلِكَ عَلْقَمَةُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ هٰذِهِ اِمْرَاَةٌ حَبَسَ اللّٰهُ مِيْرَاثَهَا عَلَيْكَ فَكُلْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دے دی، پھر اس کو ایک حیض آیا، پھر ۱۷ مہینے اس کو حیض نہ آیا، پھر وہ عورت دوسرا حیض آنے سے پہلے مرگئی (اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟) اس بات کا ذکر حضرت ''علقمہ رضی اللہ عنہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ ایسی عورت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی میراث تم سے روک دی ہے اس کو تو استعمال کر۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة

ثم قال محمد وبه نأخذ تعتد بالحيض أبداً حتى تئس من المحيض فتعتد بالشهور ويرثها زوجها ما كانت فى عدته وهو قول أبى حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فى مسنده (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب تک وہ حیض سے مایوس نہیں ہوتی، وہ مسلسل حیضوں کے ذریعے ہی عدت گزارے گی، جب وہ حیض سے مایوس ہوجائے تب وہ مہینوں کے لحاظ سے عدت گزارے گی، اگر وہ عدت میں فوت ہوگی تو اس کا شوہر اس کا وارث بنے گا۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۲۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۷۸) والبيهقي في السنن الكبرى ۷:۴۱۹ وسعيد بن منصور في السنن ۱:۳۴۸ (۱۳۰۰) و (۱۳۰۱) وابن ابي شيبة ۴:۱۷۳ (۱۸۹۹۳) في الطلاق وعبد الرزاق ۶:۳۴۲ (۱۱۱۰۴) في الطلاق

☼ طلاق ثلاثہ کے بعد عورت جب تک دوسرے شوہر سے نکاح نہ کر لے، اس کیلئے حلال نہیں ☼

1325/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ حُسَيْنٍ (عَنْ) عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ (عَنْ) عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ طَلَّقْتُ اِمْرَاَتِیْ ثَلاثًا فَقَالَ عَصَيْتَ رَبَّكَ وَحَرَّمْتَ عَلَيْكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی حسین رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "عطاء رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت (عبداللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: ان کے پاس ایک آدمی آیا، اس نے آ کر کہا: میں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں۔ انہوں نے فرمایا: تو نے اپنے رب کی نافرمانی کی ہے اور وہ عورت اب تجھ پر حرام ہے جب تک کہ وہ کسی دوسرے مرد سے نکاح نہ کر لے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) الحسن بن سلام (عن) عيسى بن محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(قال) الحافظ ورواه أبو يوسف (عن) أبي حنيفة فقال (عن) عبد الله بن أبي حسين (عن) عمرو (عن) عطاء (عن) ابن عباس والأول أصح

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن أحمد بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت "حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت "احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حسن بن سلام رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عیسیٰ بن محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت "حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" فرماتے ہیں اسی حدیث کو حضرت "ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت "عبداللہ بن ابوحسین رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عمرو رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عطاء رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابن عباس رضی اللہ عنہما" سے، روایت کیا ہے۔ پہلی روایت صحیح ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت "ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت "ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "قاضی ابو نصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

(١٣٢٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٨٦) والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤٢:٢ والبيهقي في السنن الكبرى ٣٣٧:٧ في الطلاق وابو داود ٢٦٠:٢ (٢١٩٧) في الطلاق: باب نسخ المراجعة وعبدالرزاق ٣٩٧:٦ (١١٣٥٢) في الطلاق

☼ پاگل کی طلاق نافذ نہیں، باقی سب طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں ☼

1326/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) سُلَیْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْاَعْمَشِ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عَامِرِ بْنِ رَبِیْعَةَ (عَنْ) اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُلُّ الطَّلَاقِ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''سلیمان بن مہران اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عامر بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ امیر المومنین ''حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: تمام طلاقیں جائز ہیں، سوائے پاگل کی طلاق کے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسن بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) محمد بن عمر بن عثمان الحراني (عن) أبيه (عن) علي بن الربيع (عن) أبيه قال كنت عند أبي حنيفة فسئل (عن) طلاق السكران فقال حدثني الهيثم الصيرفي (عن) عامر وشريح أنهما قالا طلاق السكران جائز فقلت له قال الأعمش (عن) إبراهيم (عن) عامر ابن ربيعة (عن) علي رضي الله عنه قال كل طلاق جائز إلا طلاق المعتوه فقال أبو حنيفة هذا أحسن مما في يدنا ثم ذهب إلي سليمان الأعمش فسأله عن هذا الحديث

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمر بن عثمان حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھا، ان سے نشے والے کی طلاق کے بارے پوچھا گیا، انہوں نے فرمایا: مجھے حدیث بیان کی ہے، حضرت ''ہیثم صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''عامر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ دونوں کہتے ہیں: نشے میں دی گئی طلاق ہو جاتی ہے۔ میں نے کہا: حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا' انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عامر ابن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا پاگل کے سوا ہر شخص کی دی ہوئی طلاق ہو جاتی ہے۔ یہ سن کر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہ روایت اُس سے بہتر ہے جو ہمارے پاس ہے۔ پھر وہ حضرت ''سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب چلے گئے، اور ان سے اس حدیث کے بارے پوچھا۔

☼ نشہ کی حالت میں دی گئی طلاق ہو جاتی ہے ☼

1327/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) هَیْثَمِ الصَّیْرَفِیِّ (عَنْ) عَامِرٍ وَشُرَیْحٍ اَنَّهُمَا قَالَا طَلَاقُ السُّكْرَانِ جَائِزٌ

(۱۳۲۶) اخرجه عبدالرزاق (۱۲۲۷۶) وابن ابی شیبة ۷۴:۴ (۱۷۹۶) والبیهقی فی السنن الکبری ۳۹۵:۷ (۱۵۱۱۰) وفی المعرفة ۴۹۸:۵ (۴۴۷۹) وقد ذکره البخاری تعلیقاً فی الطلاق: باب الطلاق فی الاغلاق وسعید بن منصور ۳۱۰:۱ (۱۱۱۳) وابن الجعدی المسند ۱۲۰:۱ (۷۴۳)

(۱۳۲۷) اخرجه ابن ابی شیبة ۷۸:۴ (۱۷۹۶۴) فی الطلاق: باب طلاق السکران وعبدالرزاق ۸۳:۷ (۱۲۳۰۲) ابن حزم فی المحلی بالآثار ۴۷۳:۹

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عامر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان دونوں نے فرمایا: نشہ کی حالت میں دی گئی طلاق ہو جاتی ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي بالإسناد السابق إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایلاء کیا، چار ماہ گزرے، رجوع نہ کیا، ایک طلاق بائنہ ہوگئی، تین حیض عدت گزارے ☼

1228/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ (عَنْ) اَبِی عُبَيْدَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ إِذَا آلٰی الرَّجُلُ مِنْ اِمْرَاَتِهِ وَانْقَضَتْ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَلَمْ يَفِیءْ اِلَيْهَا بَانَتْ مِنْهُ بَتَطْلِيْقَةٍ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ ثَلَاثُ حَيْضٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ ایلاء کر لے اور چار مہینے گزر جائیں اور وہ اس کے ساتھ رجوع نہ کرے تو اس کو ایک طلاقِ بائنہ ہو جائے گی اور اس کے اوپر تین حیض عدت لازم ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن محمد بن عبيدة النيسابوري (عن) أحمد بن جعفر (عن) أبيه (عن) إبراهيم ابن طهمان (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن أحمد بن إبراهيم ابن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن نصر بن اشكاب القاضي البخاري (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة غير أنه زاد في آخره بانت منه بتطليقة وكان خاطبها في العدة ولا يخطبها في العدة غيره

(ورواه) (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) أبي عبيد الله أحمد بن محمد بن يوسف (عن) الحسين بن يحيى بن عباس (عن) أبي علي الحسن بن أحمد (عن) أبي نصر احمد بن اشكاب (عن) محمد بن ربيعة (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي القاسم وأخيه عبد الله ابني أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة في مسنده باللفظ الذي رواه محمد بن الحسن رحمهم الله

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد

(۱۲۲۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۵۳۹) والبيهقي في السنن الكبرى ۳۸۹:۷ وعبد الرزاق ۴۵۴:۶ (۱۱۶۴۱) في الطلاق: باب انقضاء العدة وابن ابي شيبة ۳۱:۴ (۱۸۵۳۷) في الطلاق: باب ماقالوا في الرجل يؤلي من امرأته فتمضي عدة الايلاء وسعيد بن منصور في السنن ۵۱:۲ (۱۸۸۶)

بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبیدہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن نصر بن اشکاب قاضی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اس کے آخر میں یہ اضافہ ہے بانت منه بتطليقه وكان خاطبها في العده ولا يخطبها في العده غيره (اس کو ایک طلاق بائنہ ہوگئی، عدت کے دوران اس کا شوہر اس کو پیغام نکاح دے سکتا ہے، اور کوئی نہیں دے سکتا)

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبیداللہ احمد بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن یحییٰ بن عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بھائی حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے (یہ دونوں حضرت ''احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے ہیں) سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے اسی طرح روایت کیا ہے، جیسے اس کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

☼ شوہر نے عورت کو جو کچھ دیا، خلع کی صورت میں اس سے زیادہ واپس لینا ناپسندیدہ ہے ☼

1329/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَمَّارِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارِ الْجُهَنِيِّ الْكُوْفِيِّ (عَنْ) اَبِيهِ (عَنْ) عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَرِهَ اَنْ تَخْلَعَ الْمَرْاَةُ بِاَكْثَرِ مِمَّا اُعْطِيَتْ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عمار بن عبداللہ بن یسار جہنی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے اس بات کو ناپسند جانا ہے کہ عورت سے خلع کے بدلے میں اس کو دیئے گئے عطیات سے زیادہ لیا جائے۔

(۱۳۲۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۵۲۲) وابن ابي شيبة ۸:٤ ۱۲ (۱۸۵۰۷) (۱۸۵۰۸) وعبدالرزاق ٦:۵۰۲ (۱۱۸٤٤) و (۱۱۸٤۵) وابن حزم في المحلي بالآثار ۹:۵۱۹ في الخلع

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد (عن) القاسم بن محمد (عن) أبي بلال (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد ابن خسرو في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار الصيرفي (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد ابن عقدة (عن) محمد بن محمد بن عبد الله بن سعيد الكندي (عن (عبد الله بن عامر بن زرارة (عن) المسيب بن شريك (عن) أبي حنيفة

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابو بلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن عبد اللہ بن سعید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن عامر بن زرارہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مسیب بن شریک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایلاء کیا، چار ماہ گزر گئے، قربت نہ کی، عورت کو ایک طلاق بائنہ ہوگئی ☼

1330/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بِنِ بَذِيْمَةَ (عَنْ) اَبِيْ عُبَيْدَةَ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ اَنَّهُ قَالَ إِذَا آلَى الرَّجُلُ مِنْ اِمْرَاَتِهِ فَمَضَتْ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَلَمْ يَفِيءْ إِلَيْهَا بَانَتْ مِنْهُ بِتَطْلِيْقَةٍ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''علی بن بذیمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب کوئی شوہر اپنی بیوی سے ایلاء کرے پھر چار مہینے گزر جائیں اور وہ اس کے قریب نہ جائے، اس عورت کو ایک طلاقِ بائنہ ہو جاتی ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم ابن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۳۰) اخرجه ابن ابی شیبة ۱۳۲:۴ (۱۸۵۴۶) وسعید بن منصور ۵۲:۲ (۱۸۸۹)

☼ تین کی نیت سے ایک طلاق صریح دی، ایک واقع ہوئی ☼

1331/(اَبُـو حَـنِيـفَةَ) (عَـنْ) مُـوْسَـى بْـنِ عَـقِيْلٍ (عَنْ) عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ (عَنِ) الْحَسَنِ اَنَّ مَنْ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ وَاحِدَةً يَنْوِى ثَلاثًا فَهِيَ وَاحِدَةٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''موسیٰ بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمرو بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جس نے تین طلاق کی نیت سے اپنی بیوی کو ایک طلاق (صریح) دی، ایک ہی طلاق واقع ہوئی۔

(وأخـرجـه) الـحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي بكر أحمد بن علي بن علي بن الأخشيد (عن) القاضي الـقـاسـم بن كائن (عن) الربيع بن سليمان وسليمان ابن الربيع كلاهما عن أبي مطيع البلخي (عن) موسى بن عقيل قـال سـألت أبا حنيفة عن رجل طلق امرأته واحدة ينوى ثلاثاً قال هي ثلاث فحدثته عن عمرو بن عبيد عن الحسن أنها واحدة فكان يفتي أنها واحدة بعد ذلك

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن اخشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی قاسم بن کائن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ربیع بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابومطیع بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: ایک شخص اپنی بیوی کو تین کی نیت کر کے ایک طلاق صریح دیتا ہے (تو کتنی طلاقیں واقع ہوتی ہیں؟) آپ نے فرمایا: تین۔ پھر میں نے ان کو حضرت ''عمرو بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کی بات بتائی کہ وہ ایک طلاق قرار دیتے ہیں، اس کے بعد آپ یہی فتویٰ دیا کرتے تھے کہ ایک طلاق ہوئی ہے۔

☼ جس عورت کے بارے میں کہا: اگر میں اس سے شادی کروں تو اسے طلاق ☼

1332/(اَبُـو حَـنِيـفَةَ) (عَـنْ) مُـحَـمَّدِ بْنِ قَيْسٍ الْهَمْدَانِيِّ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ وَعَامِرٍ الشَّعْبِيِّ (عَنِ) الْاَسْوَدِ بْنِ يَـزِيْدٍ اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِامْرَاَةٍ ذُكِرَتْ لَهُ اِنْ تَزَوَّجْتُهَا فَهِيَ طَالِقٌ فَلَمْ يَرَ الْاَسْوَدُ ذٰلِكَ شَيْئاً وَسَاَلَ اَهْلَ الْحِجَازِ فَلَمْ يَرَوْا ذٰلِكَ شَيْئاً فَتَزَوَّجَهَا وَدَخَلَ بِهَا فَذُكِرَتْ ذٰلِكَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَاَمَرَهُ اَنْ يُّخْبِرَهَا اَنَّهَا اَمْلَكُ بِنَفْسِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''محمد بن قیس ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان کے سامنے ایک خاتون کا تذکرہ کیا گیا، اس نے کہا: اگر میں اس سے شادی کروں تو اس کو طلاق ہے۔ اس بارے میں حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے تو کوئی فتویٰ نہیں دیا اور اہل حجاز سے پوچھا: تو انہوں نے بھی اس سے کسی طلاق کا حکم نہیں دیا۔ اس آدمی نے اس عورت کے ساتھ شادی کر لی۔ اس کے ساتھ ہمبستری بھی کر لی، پھر اس بات ذکر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے سامنے ہوا تو آپ نے حکم دیا کہ اس عورت کو بتا دو، وہ اپنے نفس کی مالک

(۱۳۳۱) اخرجه ابن ابی شیبة ۱۱۵:٤ (۱۸۳۶۲) عن الحسن

(۱۳۳۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۵۰۸) وابن ابی شیبة (۱۷۸۲۸) فی الطلاق: باب من کان یوقعه علیه ویلزمه الطلاق اذا وقعت

ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله بن خسرو البلخي (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي علي بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) الأخوين عبد الله وأبي القاسم ابني أحمد بن عمر (عن) عبد الله ابن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد ابن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو نصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' (دونوں بھائیوں) سے (دونوں حضرت ''احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں) انہوں نے حضرت ''عبداللہ ابن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے اپنی لونڈی سے ظہار کیا، اس پر کفارہ ظہار نہیں ہے ☼

1333/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ خُوَیْطَرِ بْنِ طَرِیْفٍ (عَنْ) اِبْنِ اَبِیْ مَلَیْکَةَ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ مَنْ شَاءَ بَاهَلْتُهٗ اَنْ لَا كَفَّارَةَ عَلٰى مَنْ ظَاهَرَ مِنْ اَمَتِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوخویطر بن طریف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت (عبداللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جو چاہے میں اس کے ساتھ اس بات پر مباہلہ کرنے کیلئے تیار ہوں، کہ جس نے اپنی لونڈی سے ظہار کیا، اس پر کفارہ نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة وبهذا الإسناد (عن) أسد بن عمرو (عن) أبي حنيفة وبهذا الإسناد (عن) أسد بن عمرو (عن) أبي خويطر نفسه

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن

(۱۳۳۳) اخرجه ابویوسف فی الآثار۱۵۱ (۶۹۷) والبیهقی فی السنن الکبری ۳۸۳:۷ فی الظهار والدارقطنی فی السنن۳:۱۹۱ (۳۸۱۶) فی النکاح

عقدہ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو اسی اسناد کے ہمراہ حضرت "اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو اسی اسناد کے ہمراہ حضرت "اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "ابوخویطر" سے روایت کیا ہے۔

☼ سیدہ سودہ کو طلاق ہوئی، ان کی گزارش پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رجوع کرلیا ☼

1334/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِسَوْدَةَ اِعْتَدِّيْ فَقَعَدَتْ لَهٗ عَلٰى طَرِيقٍ وَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ رَاجِعْنِيْ فَاِنِّيْ قَدْ وَهَبْتُ يَوْمِيْ فِي الْقَسْمِ لِعَائِشَةَ فَرَاجَعَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت "ہیثم رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ "سودہ" سے فرمایا: تو عدت گزار۔ وہ راستے میں بیٹھ گئیں اور کہا: اے اللہ کے نبی! آپ مجھ سے رجوع فرمالیں، میں اپنی باری کا دن عائشہ رضی اللہ عنہا کے لئے ہبہ کرتی ہوں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے رجوع کرلیا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسين علي بن الحسين بن أيوب البزار (عن) القاضي أبي العلاء محمد بن علي بن يعقوب الواسطي (عن) أبي بكر أحمد ابن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت "ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت "ابو حسین علی بن حسین بن ایوب بزار رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "قاضی ابوعلاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابوبکر احمد ابن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

☼ ایلاء بھی کیا، طلاق بھی دی، جو پہلے پہنچ گیا، وہ واقع ہوگیا ☼

1335/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) زَيْدِ بْنِ الْوَلِيدِ (عَنْ) اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا آلَى الرَّجُلُ مِنْ اِمْرَاَتِهٖ ثُمَّ طَلَّقَهَا فَالطَّلَاقُ وَالْاِيْلَاءُ كَفَرَسَيْ رِهَانٍ اَيُّهُمَا سَبَقَ وَقَعَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "زید بن ولید رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابودرداء رضی اللہ عنہ" سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی اپنی بیوی سے ایلاء کرے اور پھر اس کو طلاق دے تو طلاق اور ایلاء مقابلے میں دوڑنے والے دو گھوڑوں کی طرح ہیں جو آگے نکل گیا، وہ واقع ہو جائے گا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن سعيد (عن) المنذر بن محمد

(١٣٣٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٥١٦) والحصكفي في مسند الامام (٢٨٩) والبيهقي في السنن الكبرى ٢٩٧:٧ وابن سعد في الطبقات ٥٣:٨

(١٣٣٥) وسعيد بن منصور ٥٨:٢ (١٩٢٦) وعبد الرزاق ٤٦٦:٦ (١١٦٩٧) عن ابن مسعود موقوفاً وابن ابي شيبة ١٣٨:٤ (١٨٦١٦) عن علي

(عن) أیمن (عن) یونس بن بکیر (عن) الإمام أبی حنیفة رضی اللہ عنہ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایمن سے، انہوں نے یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شراب پی کر طلاق دینے والے کے بارے امام اعظم، سفیان ثوری اور شریک کا موقف ☼

1336/(اَبُو حَنِیْفَةَ) جَاءَ إِلَیْهِ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ یَا اَبَا حَنِیْفَةَ شَرِبْتُ الْبَارِحَةَ نَبِیْذاً فَلَا اَدْرِیْ اَطَلَّقْتُ اِمْرَاَتِیْ اَمْ لَا فَقَالَ لَهُ الْمَرْاَةُ اِمْرَاَتُكَ حَتّٰی تَسْتَیْقِنَ اَنَّكَ طَلَّقْتَهَا قَالَ فَتَرَكَهُ ثُمَّ جَاءَ إِلٰی سُفْیَانِ الثَّوْرِیِّ فَسَاَلَهُ عَنْهُ فَقَالَ رَاجِعْهَا فَاِنَّ كُنْتَ قَدْ طَلَّقْتَهَا فَقَدْ رَاجَعْتَهَا وَإِنْ لَمْ تَكُنْ قَدْ طَلَّقْتَهَا فَلَا تَضُرُّكَ الْمُرَاجَعَةُ شَیْئاً ثُمَّ تَرَكَهُ وَجَاءَ إِلٰی شَرِیْكِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ یَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ شَرِبْتُ الْبَارِحَةَ نَبِیْذاً فَلَا اَدْرِیْ اَطَلَّقْتُ اِمْرَاَتِیْ اَمْ لَا فَقَالَ اِذْهَبْ فَطَلِّقْهَا ثُمَّ رَاجِعْهَا ثُمَّ جَاءَ إِلٰی زُفَرَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ هَلْ سَاَلْتَ اَحَداً قَبْلِیْ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ مَنْ قَالَ اَبَا حَنِیْفَةَ قَالَ مَا قَالَ لَكَ قَالَ قَالَ لِی اَلْمَرْاَةُ اِمْرَاَتُكَ حَتّٰی تَسْتَیْقِنَ اَنَّكَ قَدْ طَلَّقْتَهَا اَمْ لَا قَالَ اَلصَّوَابُ مَا قَالَ لَكَ ثُمَّ قَالَ هَلْ سَاَلْتَ غَیْرَهُ قَالَ سُفْیَانَ الثَّوْرِیْ قَالَ فَمَا قَالَ لَكَ قَالَ قَالَ لِیْ اِذْهَبْ فَرَاجِعْهَا قَالَ مَا اَحْسَنَ مَا قَالَ قَالَ هَلْ سَاَلْتَ غَیْرَهُ قَالَ شَرِیْكَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ فَمَا قَالَ لَكَ قَالَ قَالَ لِیْ اِذْهَبْ فَطَلِّقْهَا ثُمَّ رَاجِعْهَا قَالَ فَضَحِكَ زُفَرُ رَحِمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ لَاَضْرِبَنَّ لَكَ مَثَلاً رَجُلٌ تَوَضَّاَ مِنْ مَشْعَبٍ یَسِیْلُ قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ ثَوْبُكَ طَاهِرٌ وَصَلَاتُكَ تَامَّةٌ حَتّٰی تَسْتَیْقِنَ اَمْرَ الْمَاءِ وَقَالَ سُفْیَانُ اِغْسِلْهُ فَاِنْ كَانَ نَجَساً فَقَدْ طَهُرَ وَإِنْ لَمْ یَكُنْ نَجَساً فَقَدْ زِدْتَهُ طَهَارَةً وَقَالَ شَرِیْكٌ بُلْ عَلَیْهِ ثُمَّ اغْسِلْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مروی ہے' ان کے پاس ایک آدمی آیا اور ان سے کہا: اے ابوحنیفہ! میں نے گزشتہ رات نبیذ پیا، مجھے نہیں معلوم کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے یا نہیں۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے کہا: وہ عورت تیری بیوی ہے جب تک کہ تجھے یہ یقین نہ ہو جائے کہ تو نے واقعی اس کو طلاق دی ہے۔

راوی کہتے ہیں: آپ نے اس کو چھوڑ دیا اور وہ حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے آ کر مسئلہ پوچھا: تو انہوں نے کہا: تو اس کے ساتھ رجوع کر لے۔ اگر تو نے طلاق بھی دی ہو گی، تو نے رجوع کر لیا ہو گا اور اگر تو نے طلاق دی ہی نہیں ہے تب بھی کوئی نقصان نہیں ہے۔ پھر اس کو چھوڑ دیا۔ وہ آدمی حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آیا اور کہا: اے عبدالرحمٰن! میں نے گزشتہ رات شراب پی اور مجھے نہیں معلوم کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی یا نہیں دی۔ انہوں نے کہا: تو جا اور جا کر طلاق دے دے اور پھر اس سے رجوع کر لے۔

وہ آدمی پھر حضرت زفر رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آیا اور آ کر ان سے مسئلہ پوچھا، انہوں نے کہا: کیا تو نے یہ مسئلہ مجھ سے پہلے بھی کسی سے پوچھا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ انہوں نے پوچھا: کس سے؟ اس نے کہا: ابوحنیفہ سے۔ انہوں نے پوچھا: حضرت امام اعظم ابو

حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے تجھے کیا جواب دیا؟ اس نے کہا: انہوں نے مجھے یہ کہا ہے ''جب تک تجھے یہ یقین نہ ہو کہ تو نے اس کو طلاق دے دی ہے، تب تک وہ عورت تیری بیوی ہے۔

حضرت امام زفر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: انہوں نے جو کچھ فرمایا: وہ درست ہے۔ پھر حضرت زفر رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے پوچھا: کیا تو نے ان کے علاوہ بھی کسی سے پوچھا ہے؟ اس نے کہا: حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا ہے۔ حضرت زفر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے تجھے کیا جواب دیا؟ اس نے بتایا: حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے کہا: تو جا کر اس سے رجوع کر لے۔ حضرت زفر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: انہوں نے جو کچھ کہا ہے کتنا ہی اچھا کہا ہے۔

پھر امام زفر رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا: کیا ان کے علاوہ بھی کسی سے مسئلہ پوچھا ہے؟ اس نے کہا: حضرت شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا ہے۔ حضرت زفر رضی اللہ عنہ نے کہا: شریک نے کیا جواب دیا؟ اس نے بتایا: شریک بن عبداللہ نے کہا: تو جا اور جا کر اس کو طلاق دیدے اور پھر رجوع کر لے۔

وہ کہتے ہیں: یہ سن کر حضرت امام زفر رحمۃ اللہ علیہ ہنس پڑے۔ پھر فرمایا: میں تجھے ایک مثال سناتا ہوں، ایک آدمی نے گزرگاہ میں بہتے ہوئے پانی سے وضو کیا، حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: تیرا کپڑا پاک ہے اور تیری نماز مکمل ہے یہاں تک کہ تجھے پانی کے بارے میں یقین ہو جائے۔

حضرت سفیان نے کہا: اس کو دھو لو، اگر وہ نجس ہوگا تو پاک ہو جائے گا اور اگر نجس نہیں ہے تو دھونے کا تو تجھے کوئی نقصان نہیں ہے۔

حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: تو اس پر پہلے پیشاب کر دے اس کے بعد اس کو دھو ڈال۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) أبي الحسين بن المهتدي بالله (عن) أبي حفص عمر ابن إبراهيم الكناني (عن) أبي بكر أحمد بن عبد الرحمن بن الفضل الدقاق (عن) عبد الله بن أيوب الخزاز المقرى عن سعيد بن يحيى الآمدي (عن) عبد الرحمن ابن مالك بن مغول (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوحسین بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحفص عمر ابن ابراہیم کنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن عبدالرحمٰن بن فضل دقاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ایوب خزاز مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن یحییٰ آمدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دیں، ان میں سے تین ہوگئیں ☼

1337/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ رَجُلاً اَتٰى شُرَيْحاً فَقَالَ لَهُ اِنِّيْ طَلَّقْتُ اِمْرَاَتِيْ عَدَدَ النُّجُوْمِ فَقَالَ لَهُ يَكْفِيْكَ مِنْ ذٰلِكَ ثَلاَثٌ فَقَالَ بَيِّنْ لِيْ فَاِنِّيْ تَرَكْتُ رَاحِلَتِيْ فَقَالَ اِئْتِ رَاحِلَتَكَ

(۱۳۳۷) وابن ابی شیبة ۶۴:۴ (۱۷۸۰۶) فی الطلاق وعبدالرزاق ۶

فَشَدَّ عَلَيْهَا ثُمَّ انْطَلَقَ حَتّٰى تَحِلَّ بِوَادِيَ النَّوْكِيْ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص حضرت ''شریح کے رحمۃ اللہ علیہ'' پاس آیا اور اس نے کہا: میں نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد کے برابر طلاقیں دے دی ہیں۔ حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: ان میں سے تیرے لئے تین کافی ہیں۔ اس نے کہا: مجھے بتایئے، کیونکہ میں نے اپنی سواری کو چھوڑا ہے۔ انہوں نے فرمایا: تو اپنی سواری کے پاس جا اور اس کے اوپر سامان باندھ اور چلا جا یہاں تک کہ تو ''وادئ نوکی'' میں پہنچ جائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي علي الحسين بن علي بن أيوب البزار (عن) القاضي أبي العلاء محمد بن علي بن يعقوب الواسطي (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعلی حسین بن علی بن ایوب بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوعلاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اللہ نے چاہا تو تجھے طلاق ہے، طلاق نہ ہوئی، اس کے ارادے سے تجھے طلاق ہے، ہوگئی ☼

1338/(أَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِاِمْرَاَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ بِمَشِيْئَةِ اللّٰهِ اَوْ بِإِرَادَةِ اللّٰهِ الْمَشِيْئَةُ خَاصَّةٌ لِلّٰهِ تَعَالٰى لَا يَقَعُ بِهِ الطَّلَاقُ وَالْإِرَادَةُ يَقَعُ بِهِ الطَّلَاقُ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی آدمی نے اپنی بیوی سے کہا ''انت طالق بمشية الله او بارادة الله'' (تو اللہ کی مشیت اور اس کے ارادہ کے ساتھ طلاق والی ہے) مشیت خاص اللہ تعالیٰ کے لئے ہوتی ہے اس کے ساتھ طلاق واقع نہیں ہوتی اور ارادہ کے (الفاظ بولنے کے) ساتھ طلاق ہو جاتی ہے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) أبي بكر أحمد بن علي الخطيب البغدادي (عن)

(۱۳۳۸) رواه ابن حزم في المحلي بالآثار ۹:۴۸۵ عن ابراهيم

محمد بن علی بن أحمد المقری (عن) محمد بن إسحاق القطیعی (عن) أبی حامد أحمد بن حامد بن أحمد البلخی (عن) محمد بن صالح البلخی (عن) أبی سلیمان الجوزجانی (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة رضی اللہ عنہ

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی خطیب البغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی بن احمد مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحامد احمد بن حامد بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن صالح بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی عورت کو اختیار دیا، تو وہ اسی مجلس میں استعمال کر سکتی ہے، اٹھ گئی تو اختیار جاتا رہا ☼

1339/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ (عَنْ) جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا خَیَّرَ اِمْرَاَتَهٗ لَهَا الْخَیَارُ مَا دَامَتْ فِیْ مَجْلِسِهَا فَإِذَا قَامَتْ فَلاَ خِیَارَ لَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' جب کسی عورت کو اختیار دیا گیا تو اسے، اُسی مجلس میں اختیار ہے، اگر وہ اٹھ کر کھڑی ہو گئی تو وہ اختیار جاتا رہا۔

(أخرجه) الحافظ محمد ابن المظفر فی مسنده (عن) الحسن بن محمد الکوفی (عن) الحسن بن علی بن عفان (عن) أبی یحیی عبد الحمید الحمانی (عن) أبی حنیفة (وأخرجه) الحافظ أبو عبد اللہ الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسین علی بن أیوب القزاز (عن) أبی القاسم عبد اللہ بن أحمد بن عثمان (عن) أبی بکر محمد ابن إسماعیل بن العباس الوراق (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبیه عن نصر بن مزاحم (عن) الأبیض بن الأغر عن الإمام أبی حنیفة رضی اللہ عنہ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسن بن محمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی بن عفان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین علی بن ایوب قزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبداللہ بن احمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد ابن اسماعیل بن عباس وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''نصر بن مزاحم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابیض بن اغر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ طلاق سے رجوع کیا، پھر طلاق دی، عدت نئی شروع ہوگی ☼

☼ رجوع نہ کیا، ایک اور طلاق دی، عدت پہلی طلاق والی سے شمار ہوگی ☼

1340/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ إِذَا طَلَّقَ اِمْرَاَتَهٗ وَلَمْ یُرَاجِعْهَا وَطَلَّقَهَا تَطْلِیْقَةً أُخْرٰی

(١٣٣٩) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (٥٢٣) وسعید بن منصور فی السنن ٣٧٦:١ (١٦٤٠) باب: الرجل أمر امرأته بیدها والبیہقی فی السنن الکبری ٣٤٧:٧ فی الخلع والطلاق: باب ماجاء فی التملیك وابن ابی شیبة ٩٢:٤ (١٨١٠٧) عبد الرزاق ٥٢٥:٦ (١١٩٣٥)

فَعِدَّتُهَا مِنْ اَوَّلِ التَّطْلِيْقَتَيْنِ وَإِنْ طَلَّقَ ثُمَّ رَاجَعَ ثُمَّ طَلَّقَ فَعِدَّتُهَا عِدَّةٌ مُؤْتَنِفَةٌ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے اور اس سے رجوع نہ کرے اور پھر دوسری طلاق بھی دیدے تو اس کی عدت دونوں طلاقوں میں سے پہلی سے ہی ہے۔ اور اگر طلاق دے پھر رجوع کر لے اور پھر طلاق دے تو پھر اس کی عدت نئے سرے سے شروع ہوگی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

غیر مدخول بہا کو طلاق ثلاثہ دی، وہ مغلظہ ہوگئی، الگ الگ الفاظ سے دی تو ایک بائنہ ہوگئی

1341/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ ثَلَاثاً قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا بَانَتْ بِهِنَّ جَمِيْعاً وَكَانَتْ حَرَاماً عَلَيْهِ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَإِذَا فَرَّقَ بَانَتْ بِالْاُوْلٰى وَوَقَعَتِ الثَّانِيَةُ عَلٰى غَيْرِ امْرَاَتِهِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں، وہ عورت مدخول بہا نہ تھی، آپ نے فرمایا: ان تمام طلاقوں کے ساتھ وہ بائنہ ہوگئی ہے اور اس آدمی پر حرام ہے جب تک کہ وہ کسی اور مرد سے نکاح نہ کر لے، اگر وہ جدا جدا کر کے طلاقیں دے دیگا تو پہلی طلاق کے ساتھ وہ بائنہ ہو جائے گی اور دوسری (اور تیسری) ضائع ہو جائیں گی۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

عورت عدت میں تھی، شوہر فوت ہوگیا، اب وہ عدت وفات گزارے گی، وراثت بھی پائے گی

1342/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِيْ مَرِيْضٍ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ فَمَاتَ قَبْلَ اَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا اَنَّهَا تَرِثُهُ وَتَعْتَدُّ عِدَّةَ الْوَفَاةِ

(١٣٤٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٧٤) في الطلاق: باب من طلق ثم راجع من اين تعتد!

(١٣٤١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٧٥) في الطلاق: باب من طلق ثلاثا قبل ان يدخل بها وابن ابي شيبة ٥:٢٤ في الطلاق: باب في الرجل يقول لامرأته: انت طالق انت طالق انت طالق قبل ان يدخل بها متى يقع عليها! وعبد الرزاق (١١٠٦٨) في الطلاق: باب طلاق البكر وسعيد بن منصور (١٠٧٨) باب التعدي في الطلاق

(١٣٤٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٧١) وابن ابي شيبة ٤:١٧٧ (١٩٠٣٢) وعبد الرزاق ٦:٣٤٢ (١١١٠٦) في الطلاق

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' مریض نے اپنی بیوی کو طلاق دی، اس کی عدت نہیں گزری تھی، شوہر مر گیا، وہ عورت اس کی وارث بھی بنے گی اور عدتِ وفات گزارے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان طلاقاً يملك الرجعة فإن كان الطلاق بائناً فعليها من المدة بعد الأجلين من ثلاث حيض من يوم طلق ومن أربعة أشهر وعشراً من يوم مات وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب ایسی طلاق ہو، جس میں شوہر رجوع کا حقدار ہوتا ہے، اگر وہ طلاق بائن ہے تو وہ لمبی عدت گزارے گی، چاہے وہ طلاق والے دن سے تین حیض ہوں یا اس کی وفات سے چار ماہ دس دن ہوں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مرض الموت میں طلاق دی، عدت گزرنے سے پہلے شوہر مر گیا، عورت وارث ہوگی ☼

1343/ (اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الْمَرِيْضِ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ ثَلاَثاً فِيْ مَرَضِ مَوْتِهِ فَإِنْ مَاتَ فِيْ مَرَضِهِ ذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا وَرِثَتْ وَاعْتَدَّتْ عِدَّةَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ لَمْ تَرِثْهُ وَلَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا عِدَّةٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' مریض نے مرض الموت میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیں، عورت کی عدت نہیں گزری تھی، شوہر مر گیا، عورت وارث بھی ہوگی اور عدتِ وفات گزارے گی۔ اگر اس کے مرنے سے پہلے طلاق والی عدت ختم ہوگئی تو وہ عورت نہ تو اس کی وراث بنے گی اور نہ ہی اس کے ذمے اب عدتِ وفات ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفةثم قال محمد وبهذا كله نأخذ إلا في خصلة واحدة إذا ورثت اعتدت بأبعد الأجلين كما وصفت لك وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اپناتے ہیں۔ تاہم ایک صورت میں ہمارا موقف مختلف ہے، جب وہ وارث ہوگی تو لمبی عدت گزارے گی جیسا کہ پہلے بیان کر دیا گیا ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ عورت نے مریض شوہر سے خلع لیا، عدت میں شوہر فوت ہوگیا، عورت وارث نہیں ☼

1344 /(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ إِذَا اِخْتَلَعَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا وَهُوَ مَرِيْضٌ فَمَاتَ فِيْ مَرَضِهِ فَلاَ مِيْرَاثَ لَهَا

(۱۳۴۳) قد تقدم

(۱۳۴۴) اخرجه عبد الرزاق ۵:۶۵ (۱۲۲۱۱) (۱۲۲۱۳) في الطلاق: باب من تخلع من زوجها وهو مريض أو تقول: لا صداق لها' وابن ابي شيبة ۵:۱۲۷ في الطلاق: باب ماقالوا فيه اذا اختلعت من زوجها وهو مريض 'فمات في العدة !

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب عورت اپنے شوہر سے خلع لے اور اس کا شوہر مریض ہو اور اسی مرض میں وہ مرجائے تو عورت کو میراث نہیں ملے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لأنها طلبت ذلك وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ کیونکہ طلاق کا مطالبہ خود عورت نے کیا۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ایک لمحے کیلئے بھی بچے کا اقرار کرلیا پھر انکار کی گنجائش نہیں ☼

1345/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ إِذَا اَقَرَّ الرَّجُلُ بِوَلَدِهِ طُرْفَةَ عَيْنٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ اَنْ يَّنْفِيَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''خالد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب آدمی ایک لمحے کے لئے بھی اپنے بچے کا اقرار کرلے تو اس کے بعد وہ اس کا انکار نہیں کرسکتا۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن إبراهيم أحمد البغوي (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد اللؤلؤي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن ابراہیم احمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد لولوئی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نابالغہ کو طلاق ہوئی تو عدت مہینوں کے مطابق گزارے ☼

1346/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهُ وَهِيَ جَارِيَةٌ لَمْ تَحِضْ فَلْتَعْتَدَّ بِالشُّهُوْرِ فَإِنْ حَاضَتْ قَبْلَ اَنْ تَمْضِيَ الشُّهُوْرُ لَمْ تَعْتَدَّ بِالشُّهُوْرِ وَاعْتَدَّتْ بِالْحَيْضِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' جب بندہ اپنی بیوی کو طلاق دے اور اس کی بیوی اتنی کم سن ہو کہ اس کو حیض آنا شروع نہ ہوا ہو تو اس کی عدت مہینوں کے ساتھ ہوگی، پھر مہینوں والی عدت پوری ہونے سے پہلے اس کو حیض آنا شروع ہو جائے تو اب وہ مہینوں والی عدت نہیں بلکہ حیضوں کے ساتھ عدت پوری کرے گی۔

(۱۳۴۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الحجة على اهل المدينة ٤:٩٧' وعبد الرزاق ٧:٦٥ (١٢٢١١) عن الثوري

(۱۳۴۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٧١) في الطلاق: باب طلاق الجارية التي لم تحض وعدتها' وعبد الرزاق (١١١٠٧)' وابن ابي شيبة ٥:٤٤ في الطلاق: باب الجارية تطلق ولم تبلغ المحيض' ما تعتد؟

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼جس کے حیض ختم ہو چکے، وہ عدت مہینوں کے مطابق گزارے☼

1347/(اَبُـو حَـنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهُ وَقَدْ يَئِسَتْ مِنَ الْحَيْضِ اِعْتَدَّتْ بِـالشُّهُـوْرِ فَـإِنْ هِـيَ حَـاضَـتْ بَعْدَ ذٰلِكَ اِعْتَدَّتْ بِالْحَيْضِ فَإِنْ هِيَ يَئِسَتْ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَسْتَكْمِلَ عِدَّةَ الْحَيْضِ اِسْتَأْنَفَتْ بِالشُّهُوْرِ فَإِنْ هِيَ حَاضَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ اِعْتَدَّتْ بِمَا مَضٰى مِنْ حَيْضَتِهَا الْأُوْلٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' جب کوئی بندہ اپنی بیوی کو طلاق دے اور وہ عورت حیض سے مایوس ہو چکی ہو (یعنی سن ایاس کو پہنچ چکی ہو) تو وہ عورت مہینوں کے ساتھ عدت گزارے گی، اگر اس کے بعد اس کو حیض آ جائے تو پھر وہ حیضوں کے ساتھ عدت گزارے گی، اگر وہ عدتِ حیض گزارنے سے پہلے آیسہ ہو گئی (یعنی اس کے حیض آنا بند ہو گئے) تو وہ نئے سرے مہینوں کے ساتھ عدت شروع کرے گی، اگر اس کے بعد پھر اس کو حیض آ جائے تو پہلے حیضوں کے ساتھ جو عدت گزار چکی تھی ان کو بھی شمار کر کے حیضوں والی عدت پوری کرے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ایک دو حیض گزار کر حیض آنا بند ہو گئے، تو مہینوں کے مطابق عدت گزارے☼

1348/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهُ فَاعْتَدَّتْ بِشَهْرٍ اَوْ شَهْرَيْنِ ثُمَّ حَاضَتْ حَيْضَةً اَوْ ثِنْتَيْنِ ثُمَّ يَئِسَتْ اِسْتَأْنَفَتِ الشُّهُوْرَ وَإِنْ حَاضَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ اِعْتَدَّتْ بِمَا مَضٰى مِنَ الْحَيْضِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب کوئی بندہ اپنی بیوی کو طلاق دے اور وہ ایک مہینہ یا دو مہینے عدت گزار چکی ہو پھر اس کو ایک یا دو حیض آ جائیں پھر اس کے حیض آنا بند ہو جائیں تو نئے سرے سے عدت شروع کرے گی اور مہینوں کے ساتھ عدت گزارے گی اور اگر اس کے بعد پھر حیض

(۱۳۴۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۸۱) في الطلاق: باب عدة المطلقة التي قد يئست من المحيض، و عبد الرزاق (۱۱۰۹۹) في الطلاق: باب المرأة يحسبون ان يكون المحيض قد ادبر عنها

(۱۳۴۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۸۶) في الطلاق: باب عدة المطلقة التي قد يئست من الحيض

آجائے تو گزشتہ حیضوں کوشمار کر کے حیضوں والی عدت گزارے گی۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ عورت کو بیماری کا خون آتا ہو، وہ عدت کیلئے اپنے حیضوں کے ایام شمار کر لے ☼

1349/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ اِمْرَاَتَهُ وَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ قَالَ تَعْتَدُّ بِاَيَّامِ إِقْرَائِهَا قَالَ وَ كَذٰلِكَ إِذَا اسْتَحَاضَتْ بَعْدَمَا طَلَّقَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور اس وقت وہ بیماری کے خون میں مبتلا تھی (یعنی اس کے حیض کا خون رکتا ہی نہیں تھا) آپ نے فرمایا: وہ اپنے حیض کے ایام کو شمار کرے گی اور فرمایا: اسی طرح اس عورت کا حکم ہے جس کو طلاق ہو جانے کے بعد استحاضہ شروع ہوا ہو۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ استحاضہ والی عورت کو طلاق ہوئی، وہ حیض والے ایام شمار کر کے عدت گزارے ☼

1350/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ تَعْتَدُّ الْمُسْتَحَاضَةُ بِاَيَّامِ إِقْرَائِهَا فَإِذَا فَرَغَتْ حَلَّتْ لِلْاَزْوَاجِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: استحاضہ والی عورت اپنے حیض کے ایام کو شمار کرے گی، جب ان سے فارغ ہو گئی تو وہ دوسری جگہ شادی کرنے کے لئے حلال ہو گئی۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رحمه الله

(١٣٤٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٤٨٦) في الطلاق، باب عدة المستحاضة وابن ابي شيبة ١٥٨:٥ في الطلاق، باب ماقالوا في الرجل يطلق امرأته وهي مستحاضة بما تعتد؟

(١٣٥٠) قد تقدم وهو الاثر السابق

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ تیسرے حیض کا خون بند ہوگیا، ابھی غسل نہیں کیا، شوہر نے رجوع کرلیا، رجوع ہوگیا ☆

1351/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتَتْهُ اِمْرَاَةٌ فَقَالَتْ طَلَّقَنِي زَوْجِي وَحِضْتُ حَيْضَتَيْنِ وَدَخَلْتُ فِي الثَّالِثَةِ حَتّٰى اِنْقَطَعَ دَمِيْ وَدَخَلْتُ مُغْتَسِلِيْ فَاَدْنَيْتُ مَائِيْ وَوَضَعْتُ ثَوْبِيْ اَتَانِيْ فَقَالَ قَدْ رَاجَعْتُكِ قَبْلَ اَنْ اُفِيْضَ عَلَى الْمَاءِ فَقَالَ عُمَرُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قُلْ فِيْهَا فَقَالَ اَرَاهُ اَمْلَكَ بِرَجْعَتِهَا لِاَنَّهَا حَائِضٌ بَعْدُ لَمْ تَحِلَّ لَهَا الصَّلَاةُ فَقَالَ عُمَرُ وَاَنَا اَرَى ذٰلِكَ اَيْضاً فَرَدَّهَا عَلٰى زَوْجِهَا وَقَالَ كَنِيْفٌ مَمْلُوْءٌ عِلْماً

☆☆ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کے پاس ایک عورت آئی اور اس نے کہا: میرے شوہر نے مجھے طلاق دیدی ہے اور میرے دو حیض گزر چکے ہیں اور اب میں تیسرے حیض میں داخل ہوچکی ہوں، اب میرے تیسرے حیض کا خون آنا رک گیا، میں غسل خانے میں گئی، پانی کے قریب ہوئی اور اپنا کپڑا ہٹانا ہی چاہتی تھی کہ وہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا: میں نے تجھ سے رجوع کیا ہے، ابھی میں نے پانی اپنے اوپر ڈالا نہیں تھا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اس کا جواب دیجئے۔آپ نے فرمایا: میرا یہ خیال ہے کہ وہ آدمی رجوع کرنے کا حق رکھتا ہے، کیونکہ یہ عورت ابھی حائضہ ہے، ابھی اس کے لئے نماز حلال نہیں ہوئی ہے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری بھی رائے یہی ہے۔چنانچہ انہوں نے وہ عورت اس کے شوہر کو واپس کردی اور فرمایا: یہ چھپا رستم ہے، یہ علم سے بھرپور ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ الزوج أحق برجعتها حتى تغتسل من حيضتها الثالثة فإن أخرت الغسل حتى يمضي وقت الصلاة قد كانت تقدر فيه على الغسل قبل أن يمضي فقد انقطعت الرجعة وحلت للرجال ووجب عليها الصلاة وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔جب تک عورت اپنے تیسرے حیض کا غسل نہیں کرلیتی تب تک شوہر رجوع کا حق رکھتا ہے، اگر اس نے غسل کرنے میں دیر کردی اور نماز کا وقت گزر گیا، جبکہ اس وقت میں اتنی گنجائش تھی کہ وہ وقت گزرنے سے پہلے غسل کرسکتی تھی تو رجوع کرنے کا حق ختم ہوگیا، وہ دوسرے مردوں کیلئے حلال ہوگئی، اس پر نماز فرض ہوچکی۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۳۵۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۴۸۸) في الطلاق: باب من طلق ثم راجع في العدة وعبدالرزاق (۱۰۹۸۸) في الطلاق: باب الاقراء والعدة وابن ابي شيبة ۱۹۲:۳ في الطلاق: باب من قال هو احق برجعتها مالم تغتسل من الحيضة الثالثة والطبراني في الكبير (۹۶۱۶) والبيهقي في السنن الكبرى ۴۱۷:۷

☼ رجوع کا بیوی کو نہ بتایا، اس نے دوسری شادی کرلی، پھر پہلا شوہر آگیا ☼

1352/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَنَّ اَبَا کَنَفٍ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهٗ تَطْلِیْقَةً ثُمَّ غَابَ عَنْهَا وَاَشْهَدَ عَلٰی رَجْعَتِهَا فَلَمْ یَبْلُغْهَا ذٰلِكَ حَتّٰی تَزَوَّجَتْ فَجَاءَ وَقَدْ هُیِّئَتْ لِتَزِفَّ اِلٰی زَوْجِهَا فَاَتٰی عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَذَکَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَکَتَبَ اِلٰی عَامِلِهٖ اَنْ اَدْرَکَهَا فَاِنْ وَجَدتَّهَا وَلَمْ یَدْخُلْ بِهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا وَاِنْ وَجَدتَّهَا وَقَدْ دَخَلَ بِهَا فَهِیَ اِمْرَاَتُهٗ قَالَ فَوَجَدَهَا لَیْلَةَ الْبِنَاءِ فَوَقَعَ عَلَیْهَا وَغَدَا اِلٰی عَامِلِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَخْبَرَهٗ فَعَلِمَ اَنَّهٗ جَاءَ بِاَمْرٍ بَیِّنٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' کہ ابو کنف نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دیدی اور پھر کہیں غائب ہوگیا اور اس کے ساتھ رجوع کرنے پر اس نے گواہ قائم کئے، لیکن اس بات کی اطلاع بیوی تک نہ پہنچائی۔ دوسری طرف اس کی بیوی نے دوسری جگہ شادی کرلی، پھر وہ شوہر بھی آگیا، اس وقت وہ عورت دلہن بن کر تیار ہوچکی تھی اور نئے شوہر کے گھر روانہ ہونے والی تھی۔

وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور سارا واقعہ بتایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عامل کی جانب یہ مکتوب لکھا کہ اگر تو اس عورت کو اس حالت میں پائے کہ دوسرے شوہر نے اس کے ساتھ ہمبستری نہ کی ہو تو پہلا شوہر اس عورت کا زیادہ حق رکھتا ہے اور اگر دوسرا شوہر اس کے ساتھ ہمبستری کرچکا ہو تو پھر یہ اس کی بیوی ہے۔

راوی کہتے ہیں: عامل وہاں پہنچا تو عروسی والی رات اس کا دوسرا شوہر اس سے صحبت کرچکا تھا۔ پھر اگلے دن وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس عامل کے پاس گیا، اور صحبت کے بارے بتادیا اس سے حضرت عمر کے عامل کو معلوم ہوگیا کہ وہ واضح دلیل لایا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ رجوع کا علم نہ تھا، عورت نے دوسری شادی کرلی، وہ پہلے کو لوٹائی جائے گی ☼

1353/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ کَانَ یَقُوْلُ اِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهٗ ثُمَّ اَشْهَدَ عَلٰی رَجْعَتِهَا قَبْلَ اَنْ تَنْقَضِیَ عِدَّتُهَا وَلَمْ یَعْلَمْهَا حَتّٰی انْقَضَتْ عِدَّتُهَا وَتَزَوَّجَتْ فَاِنَّهٗ یُفَرَّقُ بَیْنَهُمَا وَلَهَا الصَّدَاقُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا وَهِیَ اِمْرَاَةُ الْاَوَّلِ تُرَدُّ عَلَیْهِ وَلَا یُقَرِّبُهَا حَتّٰی تَنْقَضِیَ عِدَّتُهَا مِنَ الْاٰخَرِ

(۱۳۵۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۸۹) فی الطلاق: باب من طلق وراجع ولم تعلم وعبدالرزاق (۱۰۹۷۷) فی الطلاق: باب ارتجعت ولم تعلم حتی نکحت وابن ابی شیبة ۵:۱۹۴ فی الطلاق: باب ماقالوا فی الرجل یطلق امرأته فیعلمها الطلاق وسعید بن منصور ۱:۳۱۱ (۱۳۱۴)

(۱۳۵۳) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۴۹۰) فی الطلاق: باب من طلق وراجع ولم تعلم وعبدالرزاق (۱۰۹۷۹) فی الطلاق: باب ارتجعت وفلم تعلم حتی نکحت وابن ابی شیبة ۵:۱۹۴ سعید بن منصور ۱:۳۱۲ والبیهقی فی السنن الکبری ۷:۳۷۳

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' امیر المومنین حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' فرمایا کرتے تھے' جب کوئی آدمی اپنی بیوی کو طلاق دے پھر اس کی عدت گزرنے سے پہلے اس کے ساتھ رجوع کرے اور رجوع پر گواہ قائم کرلے اور اس عورت کو پتا نہ چلے اور اس کی عدت گزر جائے اور وہ نکاح کرلے تو ان دونوں کے درمیان تفریق کرادی جائے گی اور اس عورت کو حق مہر ملے گا کیونکہ اس شوہر نے اس کی شرمگاہ کو استعمال کیا ہے اور یہ پہلے شوہر کی بیوی ہے اسی کی طرف لوٹائی جائے گی لیکن وہ اس کے ساتھ اس وقت تک ہمبستری نہیں کرے گا جب تک دوسرے شوہر کی عدت نہ گزر جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبقول علي رضي الله عنه يجب الأخذ وهو أحب إلينا من القول الأول وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کو اپنانا ضروری ہے، اور ہمارے نزدیک پہلے قول کی بہ نسبت یہ قول زیادہ بہتر ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

اَلْبَابُ الْخَامِس وَالْعِشْرُوْنَ فِي النَّفَقَاتِ

پچیسواں باب: نفقہ کے بیان میں

☼ تو اور تیرا مال، تیرے باپ کا ہے ☼

1354/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيْكَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں 'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبي الفضل جعفر بن محمد بن أحمد (عن) يعقوب بن شيبة (عن) عيسى بن موسى الليثي من أهل البحرين (عن) أبي حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل جعفر بن محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ لیثی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ اہل بحرین سے ہیں) سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مطلقہ ثلاثہ کیلئے رہائش اور نفقہ کا حکم دیا ☼

1355/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَـنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ فِي الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا اِنَّا لَا نَدَعُ كِتَابَ رَبِّنَا بِقَوْلِ اِمْرَاَةٍ لَا نَدْرِيْ اَصَدَقَتْ اَمْ لَا فَجَعَلَ لَهَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے تین طلاق یافتہ عورت کے بارے میں فرمایا: میں ایک ایسی عورت کے کہنے کی وجہ سے اپنے رب کی کتاب کو نہیں چھوڑ سکتا جس کے بارے میں ہمیں یہ پتا ہی نہیں ہے کہ وہ سچ بول رہی ہے یا جھوٹ؟ پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے لئے نان ونفقہ اور رہائش کا حکم دیا۔

(١٣٥٤) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار٤:١٥٧(٦١٥٠)وفی مشكل الآثار٢:١٥٨(١٧٢٨)والبيهقی فی السنن الكبری ٤٨:٧وابن ماجة (٢٢٩٢)فی التجارات

(١٣٥٥) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار٢:٤٣٢(٤٤٣٢)فی الطلاق، ومسلم (١٤٨٠)(٣٦)،والترمذی ٣:٤٨٤(١١٨٠)فی الطلاق، واحمد٦:٤١٥،الدارمی (٢٢٧٧)،والبيهقی فی السنن الكبری ٤٧٥:٧فی النفقات

(أخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) القاسم بن زکریا المقری (عن) أحمد بن عثمان بن حکیم (عن) عبید اللہ ابن موسی (عن) الإمام أبی حنیفۃ (وأخرجه) الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد اللہ بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده إلی أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''قاسم بن زکریا مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عثمان بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شوہر اپنے اہل وعیال کو جو کچھ کھلاتا ہے، اس پر اس کو صدقہ کا ثواب ملتا ہے ☼

1356/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تُرِيْدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلَّا اُجِرْتَ عَلَيْهَا حَتّٰى اللُّقْمَةِ تَرْفَعُهَا اِلٰى فِيْ امْرَاَتِكَ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت ''سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو اللہ کی رضا کے لئے جو بھی خرچہ کرے گا اس پر تجھے ثواب ملے گا یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبیه (عن) عبد اللہ بن الزبیر (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد اللہ بن الزبیر (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) أبو عبد اللہ الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده عن أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد اللہ بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر الأشنانی بإسناده المذکور إلی أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۵۶) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۳۰۲) و الطحاوی فی شرح معانی الآثار ۴:۲۷۹ وابن حبان (۴۲۴۹) واحمد ۱:۱۷۹ والحمیدی (۶۶) وابن سعد فی الطبقات الکبری ۳:۱۴۴ والبخاری (۶۷۳۳) فی الفرائض:باب میراث البنات ومسلم (۱۶۲۸)(۵) فی مالایجوز للموصی بماله وابن ماجة (۲۷۰۸) فی الوصایا:باب الوصیة بالثلث

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ تمہاری اولاد تمہاری کمائی ہے، اللہ تعالیٰ کا تحفہ ہے ☼

1357/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ وَهِبَةُ اللّٰهِ لَكُمْ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاءُ إِنَاثاً وَيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاءُ الذُّكُوْرَ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری اولاد تمہاری کمائی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے لئے تحفہ ہے۔

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنٰثًا وَّ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ

''جسے چاہے بیٹیاں عطا فرمائے اور جسے چاہے بیٹے دے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أبي رميح كتابة (عن) محمد بن محمد بن سليمان (عن) الحسين بن عبد الله بن شاكر (عن) عمه أحمد بن شاكر (عن) أبي معاذ النحوي عن أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد لا بأس إذا كان محتاجاً أن يأكل من مال ولده بالمعروف وإذا كان غنياً فأخذ منه شيئاً فهو دين عليه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر) انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن عبداللہ بن شاکر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''احمد بن شاکر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاذ نحوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: جب باپ ضرورتمند ہو تو وہ اپنی ضرورت کے مطابق اپنی اولاد کے مال میں سے کھا سکتا ہے، جب باپ مال دار ہو اور اولاد کے مال میں سے کچھ لے گا تو وہ اس کے ذمہ قرضہ ہوگا، اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(١٣٥٧) اخرجه ابن ماجة (٢٢٩٠) والطيالسي (١٥٨٠) والحميدي (٢٤٦) واحمد ٣١:٦ والدارمي (٢٥٤٠) وابوداود (٣٥٢٨) وابن حبان (٤٢٥٩) والحاكم في المستدرك ٤٦:٢ والبيهقي في السنن الكبرى ٤٧٩:٧

٭ ہر ذی رحم کو نفقہ پر مجبور کیا جا سکتا ہے ٭

1358/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ قَالَ أُجْبِرَ عَلٰی النَّفْقَةِ کُلُّ ذِیْ رَحْمٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہر ذی رحم کو نفقہ پر مجبور کیا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد أما نحن فلا نجبر علی النفقة إلا کل ذی رحم محرم وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم صرف ذی رحم محرم رشتہ داروں کو نفقہ پر مجبور کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

٭ باپ کھانے، پینے لباس کا ضرورتمند ہو تو وہ بقدر ضرورت اپنی اولاد کے مال میں سے لے سکتا ہے ٭

1359/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ لَیْسَ لِلْاَبِ مِنْ مَالِ الْاِبْنِ شَیْءٌ إِلَّا اَنْ یَّحْتَاجَ إِلَیْهِ مِنْ طَعَامٍ اَوْ شَرَابٍ اَوْ کِسْوَةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: باپ کے لئے بیٹے کے مال میں کوئی حق نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ کھانے، پینے یا لباس کا ضرورت مند ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

٭ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مطلقہ ثلاثہ کیلئے رہائش اور نفقہ کا حکم دیا ٭

1360/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا نَدَعُ کِتَابَ رَبِّنَا وَسُنَّةَ نَبِیِّنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ اِمْرَاَةٍ لَا نَدْرِیْ اَصَدَقَتْ اَمْ کَذَبَتْ اَلْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَهَا السُّکْنٰی وَالنَّفْقَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ

(۱۳۵۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۰۷) فی المیراث: باب من احق بالولد ومن یجبر علی النفقة، وابن حزم فی المحلی بالآثار ۹: ۲۷۰

(۱۳۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۷۶)

(۱۳۶۰) قد تقدم فی (۱۳۵۵)

حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم کسی ایسی عورت کے کہنے کی وجہ سے اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبی کی سنت کو نہیں چھوڑ سکتے جس کے بارے میں ہمیں یہ پتا ہی نہیں ہے کہ اس نے سچ بولا ہے یا جھوٹ بولا ہے۔ جس کو تین طلاقیں ہوگئی ہیں اس کو رہائش بھی ملے گی اور اس کو خرچہ بھی ملے گا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) الحسن بن حماد بن حكيم الطالقانی (عن) أبيه (عن) خلف بن ياسين الزيات (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن حماد بن حکیم طالقانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن یاسین زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حاملہ عورت کو طلاق ہوئی، خلع لیا، ایلاء ہوا، عدت وضع حمل ہے ☼

1361/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِي الْمُطَلَّقَةِ وَالْمُخْتَلِعَةِ وَالْمُوْلٰى مِنْهَا إِنْ كَانَتْ حُبْلٰى اَوْ غَيْرَهَا اَنَّ لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ حَتّٰى تَضَعَ إِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ زَوْجُ الْمُخْتَلِعَةِ عِنْدَ الْخُلْعِ اَنْ لَا نَفْقَةَ لَهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جس کو طلاق دی گئی یا جس نے خلع لیا یا جس کے ساتھ ایلاء ہوا، یا کوئی اور صورت ہو، وہ حاملہ ہو تو اس کو رہائش بھی ملے گی اور اس کو خرچہ بھی ملے گا، یہاں تک کہ بچہ پیدا ہو جائے، ہاں اگر خلع دیتے وقت شوہر یہ شرط رکھ دے کہ وہ نفقہ نہیں دے گا۔ (ایسی صورت وہ رہائش اور خرچے کی اہل نہیں ہے)۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ماں بیٹا غلام ہوں، بیٹے کو ماں سے الگ کر کے نہ بیچا جائے ☼

1362/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَقْبَلَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بِرَقِيْقٍ مِنَ الْيَمَنِ فَاحْتَاجَ إِلٰى نَفَقَةٍ يُنْفِقُهَا عَلَيْهِمْ فَبَاعَ غُلَامًا مِنَ الرَّقِيْقِ لَا مَعَ اُمِّهٖ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَصَفَّحَ الرَّقِيْقُ وَقَالَ مَالِیْ اَرٰى هٰذِهٖ وَالِهًا قَالَ اِحْتَجْنَا إِلٰى نَفَقَةٍ فَبِعْنَا اِبْنَهَا فَاَمَرَهٗ اَنْ يَرُدَّهٗ

(۱۳۶۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۴۷۰) فی الطلاق: باب من طلق امرأته وهی حبلی وعبدالرزاق (۱۱۸۶۵) فی الطلاق: باب نفقة المختلعة الحامل وسعيد بن منصور ۱:۳۲۷ (۱۳۸۹) باب ماجاء فی نفقة الحامل وابن ابی شيبة ۵:۱۲۰ فی الطلاق: باب ماقالوا فی المختلعة تكون لها نفقة أم لا؟

(۱۳۶۲) اخرجه عبدالرزاق ۸:۳۰۷ (۱۵۳۱۶) فی البيع وابن ابی شيبة ۴:۵۲۷ (۲۲۷۹۷) فی البيوع

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حسن بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: حضرت ''زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ'' یمن سے کچھ غلام لائے، پھر ان پر خرچہ کرنے کے لئے نفقہ کی ضرورت پڑی، ان غلاموں میں سے ایک غلام بیچ دیا، لیکن اس کی ماں کو اپنے پاس رکھا۔ جب وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غلاموں کو بہت غور سے دیکھا، پھر فرمایا: کیا وجہ ہے؟ میں اس کو پریشان حال دیکھ رہا ہوں۔ انہوں نے بتایا: ہمیں نفقہ کی ضرورت تھی تو ہم نے اس کا بیٹا بیچ دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا: اس کا بیٹا اس تک واپس پہنچاؤ۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس عورت کا شوہر فوت ہو گیا، اس پر اس کے حصے سے خرچہ کیا جائے ☼

1363/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ (عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا يُنْفِقُ عَلَيْهَا مِنْ نَصِيْبِهَا وَاِنْ كَانَتْ حُبْلٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت (عبداللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' جس عورت کا شوہر فوت ہو گیا ہو، اس عورت پر اس کے حصے میں سے خرچ کیا جائے اگرچہ وہ حاملہ ہو۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رحمه الله

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک روایت یہ ہے کہ مطلقہ ثلاثہ کو رہائش اور نفقہ نہیں ملے گا ☼

1364/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبِ الصَّيْرَفِيِّ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ طَلَّقَنِيْ زَوْجِيْ ثَلَاثًا فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجْعَلْ لِيْ نَفَقَةً وَلَا سُكْنٰى

(١٣٦٣) اخرجه عبدالرزاق ٧:٣٧ (١٢٠٨٢) في الطلاق وسعيد بن منصور (١٣٧٦) وابن حزم في المحلى بالآثار ١٠:٨٦ في العدة وابن ابي شيبة ٤:١٧١ (١٨٩٧٦) في الطلاق

(١٣٦٤) اخرجه ابن حبان (٤٢٩٠) ومالك في الموطا ٢:٥٨ في الطلاق: باب ماجاء في نفقة المطلقة والشافعي في المسند ٢:١٨ واحمد ٦:٤١٢ ومسلم (١٤٨٠) (٣٦) وابوداود (٢٢٨٤) والطبراني في الكبير ٢٤:٩١٣ والبيهقي في السنن الكبرى ٧:١٣٥

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ سیدہ ''فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: میرے شوہر نے مجھے تین طلاقیں دیدیں، میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھے نہ نفقہ ملے گا اور نہ ہی رہائش ملے گی۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي عبد الله الحسين بن أيوب بن عبد الله الهاشمي (عن) أبي العباس يحيى ابن علي بن محمد بن هاشم الحراني (عن) جده لأمه محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد ابن المظفر بإسناده إلى أبي حنيفة

(ورواه) ابن خسرو (عن) أبي المعالي ثابت بن بندار (عن) أبي علي الحسن النعماني (عن) أبي جعفر محمد بن الحسن بن علي اليقطيني (عن) يحيى بن علي بن محمد بن هاشم (عن) أحمد بن محمد بن إبراهيم (عن) أبي سكينة (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) والده أبي طاهر عبد الباقي بن محمد (عن) أبي الحسن بن عبد العزيز الظاهري (عن) أبي جعفر محمد بن الحسن بن علي اليقطيني عن أبي العباس يحيى بن علي بن محمد بن هاشم (عن) أحمد بن محمد بن إبراهيم بن أبي سكينة (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن ایوب بن عبداللہ ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے نانا حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعالی ثابت بن بندار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن نعمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر محمد بن حسن بن علی یقطینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسکینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوطاہر عبدالباقی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن بن عبدالعزیز ظاہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر محمد بن حسن بن علی یقطینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن ابراہیم بن ابوسکینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تین طلاق والی عورت کو عدت میں نفقہ دینے کا فیصلہ کیا ☼

1365/(اَبُـو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ سُئِلَ عَلْقَمَةُ عَنِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلاثاً هَلْ لَهَا سُكْنٰى وَنَفَقَةٌ قَالَ قَـالَـتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ طَلَّقَنِىْ زَوْجِىْ ثَلاثاً فَلَمْ يَجْعَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِىْ سُكْنٰى وَلاَ نَـفَـقَةً فَـقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لا نَدَعُ كِتَابَ اللّٰهِ بِقَوْلِ اِمْرَاَةٍ لا نَدْرِىْ اَصَدَقَتْ اَمْ كَذَبَتْ قَالَ فَجَعَلَ عُمَرُ لِلْمُطَلَّقَةِ ثَلاثاً اَلسُّكْنَى وَالنَّفَقَةَ مَا دَامَتْ فِى الْعِدَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا: جس عورت کو تین طلاقیں دے دی جائیں تو کیا وہ رہائش اور نان ونفقہ کی مستحق ہے؟ انہوں نے فرمایا: حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے کہا تھا: میرے شوہر نے مجھے تین طلاقیں دے دی ہیں، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رہائش اور نفقہ کی مستحق قرار نہیں دیا تھا۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم کسی عورت کے کہنے کی وجہ سے کتاب اللہ کو نہیں چھوڑ سکتے جس کے بارے میں ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ اس نے سچ کہا ہے یا جھوٹ۔ آپ فرماتے ہیں: پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین طلاق یافتہ عورت کے لئے رہائش اور خرچے کا حکم دیا جب تک کہ وہ عدت میں ہو۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۶۵) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار۲:۴۳۲'ومسلم (۱۴۸۰) (۳۶)'واحمد۶:۴۱۵'والدارمی (۲۲۷۷)'والبیهقی فی السنن الکبری۷:۴۷۵فی النفقات'وقدتقدم

اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْن فِی الْعِتَاقِ

چھبیسواں باب: غلام آزاد کرنے کے بارے میں

☼ عبداللہ بن رواحہ نے لونڈی کو تھپڑ مار دیا، حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو آزاد کرو ☼

☼ جس نے خدا کو آسمانوں میں جانا حضور ﷺ کو نبی پہچانا، حضور ﷺ نے اس کے ایمان کی گواہی دی ☼

1366/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ اَنَّ رِجَالاً مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَـدَّثُـوْهُ اَنَّ عَبْـدَ الـلّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ كَانَتْ لَهُ رَاعِيَةٌ تَتَعَاهَدَ غَنَمَهُ وَاَمَرَهَا اَنْ تَتَعَاهَدَ شَاةً مِنْ بَيْنِ الْغَنَمِ فَتَعَاهَدَتْهَا حَتّٰـی سَمِنَتِ الشَّاةُ وَاشْتَغَلَتِ الرَّاعِيَةُ عَنِ الْغَنَمِ فَجَاءَ الذِّئْبُ وَاخْتَلَسَ الشَّاةَ وَقَتَلَهَا فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةِ وَفَـقَـدَ الشَّـاةَ فَاَخْبَرَتْهُ الرَّاعِيَةُ بِاَمْرِهَا فَلَطَمَهَا ثُمَّ نَدِمَ عَلٰی ذٰلِكَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَـلَّـمَ فَـعَـظَـمَ الـنَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَقَالَ ضَرَبْتَ وَجْهَ مُؤْمِنَةٍ فَقَالَ اِنَّهَا سَوْدَاءُ لاَ عِلْمَ لَهَا فَـاَرْسَـلَ اِلَيْهَـا رَسُـوْلُ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَسَاَلَهَا اَيْنَ اللّٰه قَالَتْ فِی السَّمَاءِ قَالَ فَمَنْ اَنَا قَالَتْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ فَاَعْتِقْهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ کے متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں، حضرت ''عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ'' کے پاس ایک بکریاں چرانے والی تھی، جو باقاعدگی کے ساتھ بکریاں چراتی تھی۔ انہوں نے اس کو کہا: ریوڑ میں سے ایک بکری کا خصوصی خیال رکھے۔ اس نے اس کا خصوصی خیال رکھا اور دیکھ بھال کی، تو وہ بکری خوب موٹی ہوگئی۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ وہ بکریاں چرانے والی عورت ریوڑ سے کہیں دور تھی کہ بھیڑیا آیا اور بکری پر حملہ کیا اور اس کو مار ڈالا۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ آئے تو وہ بکری نظر نہ آئی، بکریاں چرانے والی عورت نے واقعہ بتایا تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے اس کو تھپڑ رسید کر دیا، اس کے بعد ندامت ہوگئی، اس بات کا ذکر حضور ﷺ سے کیا گیا، حضور ﷺ نے اس کو بہت برا جانا۔ فرمایا: تو نے ایک مؤمنہ کے چہرے پر مارا؟ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: وہ کالے رنگ کی ہے اور علم بھی نہیں رکھتی۔ رسول اکرم ﷺ نے اس کو بلوایا اور اس سے پوچھا: اللہ کہاں ہے؟ اس نے کہا: آسمانوں میں۔ حضور ﷺ نے پوچھا: میں کون ہوں؟ کہا: اللہ کے رسول ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ مؤمنہ ہے تو اس کو آزاد کر دے۔

(۱۳۶۶) قلت: وقد اخرج احمد ۵:۴۴۷، وابن حبان (۱۶۵)، والبیہقی فی السنن الکبری ۱۰:۵۷، والطبرانی فی الکبیر ۱۹:۹۳۸ من حدیث معاویہ بن الحکم السلمی، قال: کان لی غنیمۃ ترعاہا جاریۃ لی فی قبل احد والجوانیۃ، فاطلعت علیہا ذات یوم وقد ذہب الذئب منہا بشاۃ

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد ابن سعيد النيسابوری (عن) محمد بن حميد (عن) هارون بن المغيرة (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده عن ابن عقدة (عن) عبد الله بن محمد بن عبد الله (عن) ابن منيع (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبی علی الحسن بن أحمد بن شاذان (عن) القاضی أبی نصر أحمد بن نصر بن اشكاب البخاری (عن) عبد الله بن طاهر القزوينی (عن) إسماعيل بن توبة القزوينی (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنيفة

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمدابن سعید نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہارون بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن منیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو نصر احمد بن نصر بن اشکاب بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک غلام دوافراد کے مابین مشترک ہو، ایک نے آزاد کیا تو اس کا حصہ آزاد ہوگیا ☼

1367/(اَبُو حَنِیْفَةَ) قَالَ قَدِمَ عَلَیْنَا رَبِیْعَةُ الرَّأی (وَ) یَحْیٰی بْنُ سَعِیْدٍ قَاضِیَ الْكُوْفَةِ فَقَالَ لِرَبِیْعَةَ اَلَا تَعْجَبُ لِهٰذَا الْمِصْرِ اِذَا اِجْتَمَعَ اَهْلُهَا عَلٰی رَأْیِ رَجُلٍ وَاحِدٍ فَاَرْسَلْتُ اِلَیْهِ زُفَرَ وَیَعْقُوْبَ فَقَالَ یَعْقُوْبُ مَا یَقُوْلُ الْقَاضِیْ فِیْ عَبْدٍ بَیْنَ اِثْنَیْنِ اَعْتَقَهٗ اَحَدُهُمَا فَقَالَ لَا یَنْفِذُ عِتْقُهٗ لِاَنَّهٗ ضَرَرٌ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ فِی الْاِسْلَامِ فَقَالَ یَعْقُوْبُ فَاِنْ اَعْتَقَهُ الْآخِرُ قَالَ نَفَذَ عِتْقُهٗ فَقَالَ لَهٗ تَرَكْتَ الْقَوْلَ الْاَوَّلَ قَالَ وَلِمَ قَالَ لِاَنَّ الْكَلَامَ الْاَوَّلَ لَمْ یَنْفِذْ وَلَمْ یَقَعْ بِهٖ عِتْقٌ وَقَدْ اَعْتَقَهُ الثَّانِیْ وَهُوَ عَبْدٌ وَلَا فَرْقَ بَیْنَ الْحَالَتَیْنِ فَاَلْقَمَهٗ حَجَراً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ہمارے پاس حضرت ''ربیعہ رائی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ کوفہ کے قاضی ہیں) وہ آئے، انہوں نے حضرت ''ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: کیا تجھے اس شہر سے تعجب نہیں ہے؟ کہ یہاں کے رہنے والے ایک آدمی کی رائے پر جمع ہو جاتے ہیں۔ تو میں نے ان کی جانب حضرت زفر رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت یعقوب رحمۃ اللہ علیہ کو بھیج دیا۔ حضرت یعقوب رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: قاضی اس بارے میں کیا کہتا ہے کہ ایک غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان دونوں میں سے ایک اس کو آزاد کرے؟ قاضی نے کہا: اس کا عتق نافذ نہیں ہے کیونکہ اس میں تو نقصان ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا: اسلام میں نقصان پہنچانے کی اور کسی کو حرج میں مبتلا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

یعقوب نے کہا: اگر دوسرا ابھی اس کو آزاد کردے؟ اس نے کہا: اس کا عتق نافذ ہو جائے گا۔ اس نے کہا: آپ نے پہلے قول کو چھوڑ دیا۔ اس نے پوچھا: وہ کیسے؟ انہوں نے کہا: اس لئے کہ پہلے کا کلام نافذ نہیں ہوا اور اس کے ساتھ آزادی لاحق نہیں ہوئی اور دوسرے کے کلام سے وہ آزاد ہو گیا جبکہ وہ (اب بھی تو) غلام تھا۔ اور ان دونوں حالتوں میں فرق تو کوئی نہیں ہے۔ اس طرح ان کو لاجواب کر دیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة ابن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عمر بن جعفر المدنی (عن) إبراهيم بن محمد الزارع (عن) يوسف بن خالد قال سمعت أبا حنيفة يقول قدم علينا الخ

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن جعفر مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن محمد زارع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ہمارے پاس تشریف لائے۔ (اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی)

☼ آزاد کئے ہوئے کی ولاء، اس کے آزاد کنندہ کے لئے ہوتی ہے ☼

1368/(اَبُـو حَنِيْفَةَ)-(عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ اَعْتَقَ عَبْدًا لَهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا اِنَّ مَالَكَ لَنَا وَلٰكِنْ سَنَدَعُهُ لَكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عمران بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ان کے والد سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنا غلام آزاد کیا اور پھر کہا: بیشک تیرا مال، ہمارا ہے، لیکن عنقریب وہ بھی ہم تیرے لئے چھوڑ دیں گے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی محمد رزق الله بن عبد الوهاب بن عبد العزيز (عن) أبی الحسين علی بن محمد بن بشر (عن) أبی الحسن علی بن محمد بن أحمد (عن) أحمد بن يحيی بن خالد بن حسان (عن) زهير بن عباد (عن) سويد بن عبد العزيز (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابومحمد رزق اللہ بن عبدالوہاب بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین علی بن محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یحییٰ بن خالد بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زہیر بن عباد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سوید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۶۸)اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار(۶۶۴)باب:فضل العتق'وابن ابی شيبة(۲۱۵۱۰)و(۲۱۵۱۳)فی الرجل يعتق العبد وله مال'وعبدالرزاق(۱۴۶۱۸)باب بيع العبد وله مال'والبيهقی فی السنن الكبری ۵:۳۲۶فی البيوع :باب ماجاء فی مال العبد'وابن ماجة(۲۵۳۰)باب:من اعتق عبدا وله مال

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی دو کنیزوں کو مدبر بنایا تھا

1369/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ كَانَ يَطَأُ جَارِيَتَيْنِ اَعْتَقَهُمَا عَنْ دَبَرٍ مِنْهُ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' ان کے پاس دو کنیزیں تھیں، وہ دونوں سے صحبت کیا کرتے تھے، ان دونوں کے بارے میں فرمادیا کہ میری وفات کے بعد آزاد ہیں۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن الحسن بن جعفر الخلال (عن) إبراهيم ابن سليمان التيمي (عن) الصلت بن العلاء (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) الحسن بن القاسم (عن) محمد بن موسى (عن) عباد بن صهيب (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) المبارك ابن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده

(ورواه) عن أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد (عن) أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) محمد بن الحسن بن جعفر الخلال عن إبراهيم بن سليمان التيمي عن صلت بن العلاء الكوفي عن الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده عن الإمام أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن بن جعفر خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صلت بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسن بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن صہیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسن بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن بن جعفر خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صلت بن علاء کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۶۹) اخرجه مالك في الموطا۲:۸۱٤في المدبر:باب مس الرجل وليدته اذا دبرها، ومن طريقه الشافعي في الام ۸:۲۹، وابن حجر في تلخيص الحبير ٤:۵۱۵، والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰:۳۱۵، وفي المعرفة ۷:۵۳۰

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد اپنی مسند میں حضرت ''امام ابوحنیفہ'' سے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼لونڈی کی شادی کرادی، پیدا ہونے والا بچہ شوہر کا ہے، آقا اسے بیچ نہیں سکتا☼

1370/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) سَـلْـمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ (عَنِ) الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلاً اَتَاهُ فَقَالَ اِنِّیْ تَزَوَّجْتُ وَلِیْدَةً لِعَمِّیْ فَوَلَدَتْ مِنِّیْ وَاَنَّهٗ یُرِیْدُ بَیْعَ وَلْدِیْ قَالَ کَذِبَ لَیْسَ لَهٗ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''مستورد بن احنف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی ان کے پاس آیا اور اس نے کہا: میں نے اپنے چچا کی لونڈی سے شادی کی تھی، وہ فوت ہوگئی ہے، اب میرا چچا میرے بیٹے کو بیچنا چاہتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ جھوٹا ہے ایسا نہیں ہوسکتا۔

(أخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ابن مسعود نے غلام آزاد کیا، فرمایا: تیرا مال میرا ہے، لیکن میں وہ تیرے لئے چھوڑ جاؤں گا☼

1371/(اَبُـو حَـنِیْـفَةَ) (عَـنْ) عِـمْـرَانَ بْـنِ عُمَیْرٍ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ اَعْتَقَ عَبْداً فَقَالَ اِنَّ مَالَكَ هُوَ لِیْ وَلٰكِنْ سَادَعُهٗ لَكَ وَفَعَلَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عمران بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں) سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں' انہوں نے غلام آزاد کیا اور پھر کہا: تیرا مال میرا ہے، لیکن میں عنقریب وہ تیرے لئے چھوڑ دونگا۔ پھر انہوں نے ایسا ہی کیا۔

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) أحمد بن نعيم (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله (عن) أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) إسحاق بن محمد ابن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) بشر بن موسى (عن) عمه بشر بن غياث (عن) القاضي أبي يوسف (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسن بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) خاله أبي علي (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ من أعتق

(١٣٧١) قد تقدم في (١٣٦٨)

مملوكاً وكاتبه فماله لمولاه وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''اسحاق بن محمد ابن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''بشر بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جس نے کسی مملوک کو آزاد کیا یا اسے مکاتب بنایا، تو اس کا مال اس کے آزاد کنندہ کا ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ آزادی کے فضائل سن کر مرد، غلام کو اور عورتیں لونڈیاں آزاد کرنا پسند کرتے تھے ☼

1372/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ مَنْ اَعْتَقَ نَسَمَةً اَعْتَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهَا عُضْوًا مِنْهُ مِنَ النَّارِ حَتّٰى إِنْ كَانَ الرَّجُلُ يَسْتَحِبُّ اَنْ يُعْتِقَ الرَّجُلُ لِكَمَالِ اَعْضَائِهٖ وَالْمَرْاَةُ تَعْتِقُ لِكَمَالِ اَعْضَائِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جس نے غلام آزاد کیا، اللہ تعالیٰ اس کے ہر عضو کے بدلے اس کے اعضاء دوزخ سے آزاد کرے گا یہاں تک کہ مرد، غلام کو آزاد کرنا پسند کرتے تھے کیونکہ اس میں (مردوں والے) اعضاء مکمل ہیں اور عورتیں چاہتیں تھیں کہ وہ کنیز آزاد کریں، کیونکہ اس میں (عورتوں والے) اعضاء مکمل ہیں۔

(۱۳۷۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۶۵) والطحاوى فى مشكل الآثار ۱: ۳۱۰ والبخارى (۶۷۱۵) فى كفارات الايمان: باب قول الله تعالىٰ: (وتحرير رقبة) ومسلم (۱۵۰۹) (۲۳) فى العتق: باب فضل العتق والترمذى (۱۵۴۱) فى النذور والايمان: باب ماجاء فى ثواب من اعتق رقبة واحمد ۲: ۴۲۰

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼مدبرغلام کو بیچنے کے بارے ایک روایت☼

1373/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهِ عَنْهُمَا اَنَّ عَبْداً كَانَ لِاِبْرَاهِیْمَ بْنِ نُعَیْمِ النَّحامِ دَبَّرَهُ ثُمَّ اِحْتَاجَ اِلٰی ثَمَنِهٖ فَبَاعَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِثَمَانِ مِائَةَ دِرْهَمٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''ابراہیم بن نعیم نحام رحمۃ اللہ علیہ'' کا ایک غلام تھا، اس کو انہوں نے مدبر بنالیا پھران کورقم کی ضرورت پڑی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ۸۰۰ درہم کے بدلے خریدلیا تھا۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) الحسین بن الحسین الأنطاکی (عن) أحمد بن عبد اللہ الکندی (عن) علی بن معبد (عن) أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) أبو عبد اللہ الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذکور من قبل

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی سابقہ اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

☼لونڈی کو مدبر بنانے کے باوجود اس سے ہمبستری کی جاسکتی ہے☼

1374/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِیْدِ الْمُقْبَرِیِّ (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ كَانَتْ لَهٗ جَارِیَتَانِ فَدَبَّرَهُمَا فَكَانَ یَطَأُهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عبداللہ بن سعید بن ابی سعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں: ان کی دولونڈیاں تھیں، انہوں نے ان دونوں کو مدبر بنادیا، اس کے بعد بھی وہ ان سے ہمبستری کیا کرتے تھے۔

(أخرجه) أبو عبد اللہ الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد اللہ بن

(۱۳۷۳)اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۳۰۶) و البخاری (۲۵۳٤) فی العتق: باب بیع المدبر' والترمذی (۱۲۱۹) فی البیوع: باب بیع المدبر' وابن ماجة (۲۵۱۳) فی العتق: باب بیع المدبر' والحمیدی ۲:۵۱۳ (۱۲۲۲) وابویعلی (۱۸۲۵)

(۱۳۷٤) قد تقدم فی (۱۳۶۹)

الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد ابن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنهما

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مدبرہ کنیز کی اولاد اور تدبیر کی حالت میں پیدا ہونے والی بچی، ماں کے حکم میں ہے ☼

1375/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَوْلَادُ الْمُدَبَّرَةِ وَالْمَوْلُوْدَةِ فِيْ حَالِ تَدْبِيْرِهَا بِمَنْزِلَهَا

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مدبرہ کی اولاد اور وہ بچی جو اس کی تدبیر کی حالت میں پیدا ہوئی وہ مدبرہ کی طرح ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ام ولد کو بیچنا حرام ہے، وہ بچہ پیدا کرنے کے بعد آزاد ہو جاتی ہے ☼

1376/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يُنَادِيْ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْعِ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ اَنَّهُ حَرَامٌ إِذَا وُلِدَتْ لِسَيِّدِهَا عَتَقَتْ وَلَيْسَ عَلَيْهَا بَعْدَ ذٰلِكَ رِقٌّ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر یہ اعلان کیا کرتے تھے کہ بچوں کی ماؤں کو بیچنا حرام ہے، جب وہ آقا کے لئے بچہ پیدا کر دیتی ہے تو آزاد ہو جاتی ہے اور اس کے بعد وہ کبھی بھی غلام نہیں ہوتی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

(۱۳۷۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۶۶۶) وابويوسف فى الآثار (۱۹۴) وعبدالرزاق (۱۳۲۵۹) باب عتق ولد ام الولد والبيهقى فى السنن الكبرى (۱۰.۳۴۹) فى عتق امهات الاولاد: باب ولد ام الولد من غير سيدها بعد الاستيلاد وابن ابى شيبة (۲۲۶.۳) فى ولد المكاتبة اذا ماتت وبقى عليها

(۱۳۷۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۶۶۸) والدارقطنى (۴۲۰۵) فى المكاتب وابن ابى شيبة ۴: ۴.۴ (۲۱۴۷۱) و (۲۱۴۷۲) فى بيع ام الولد اذا اسقطت وعبدالرزاق (۱۳۲۲۴) باب بيع امهات الاولاد والبيهقى فى السنن الكبرى ۱۰: ۳۴۸ فى عتق امهات الاولاد: باب الخلاف فى امهات الاولاد

☼ جس حمل کا منہ، آنکھ، انگلیاں واضح نہ ہوئی ہوں، اس کے گرنے سے ''ام ولد'' نہیں بنتی ☼

1377/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي السِّقْطِ مِنَ الْاَمَةِ اَنَّهُ مَا كَانَ لَا يَسْتَبِيْنُ مِنْهُ اِصْبَعٌ اَوْ عَيْنٌ اَوْ فَمٌ فَاِنَّهَا لَا تُعْتَقُ وَلَا تَكُوْنُ بِهٖ اُمُّ وَلَدٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' لونڈی کا جو بچہ ضائع ہو جائے جس کے اعضاء میں منہ، آنکھ اور انگلیاں واضح نہ ہوں، وہ عورت آزاد بھی نہیں ہوگی اور اس کی بنیاد پر وہ ''ام ولد'' بھی قرار نہیں پائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ ام ولد زنا کا ارتکاب کرے تو اس حالت میں اس کو بیچنا نہیں چاہئے ☼

1378/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِيْ أُمِّ الْوَلَدِ تَفْجُرُ قَالَ لَا تُبَاعُ بِحَالٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' کوئی ''ام ولد'' ہو اور وہ بدکاری کرے تو (اس کا کیا کیا جائے؟) آپ نے فرمایا: اس کو اس حال میں نہ بیچا جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ ام ولد کا نکاح غلام سے کیا، بچے پیدا ہوئے، آقا مر گیا، کنیز اور اس کے بچے آزاد ہیں ☼

1379/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ رَجُلٍ يُزَوِّجُ اُمَّ وَلَدِهٖ عَبْداً لَهٗ فَتَلِدُ اَوْلَاداً ثُمَّ يَمُوْتُ قَالَ هِيَ حُرَّةٌ وَاَوْلَادُهَا أَحْرَارًا وَهِيَ بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَتْ كَانَتْ مَعَ الْعَبْدِ وَاِنْ شَاءَتْ لَمْ تَكُنْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ایک آدمی اپنی ''ام ولد'' کا نکاح اپنے غلام سے کر دے پھر کچھ بچے پیدا کرے، پھر وہ آدمی فوت ہو جائے۔ فرمایا: وہ آزاد ہے اور اس کے بچے آزاد ہیں اور اس عورت کو اختیار ہے، اگر غلام کے ساتھ رہنا چاہے تو بھی ٹھیک ہے اور نہ رہنا چاہتے تو تو بھی ٹھیک ہے۔

(١٣٧٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٥٢٣) وفي الطلاق: باب عدة ام الولد وعبد الرزاق ٢٩٦:٧ (١٣٢٤٥) في الطلاق: باب مايعتق بها السقط

(١٣٧٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٧٠) وابن ابي شيبة (٢١٥٩٣)

(١٣٧٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٧١)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مشترکہ غلام کا ایک مالک موجود نہ تھا، حاضرین نے آزاد کر دیا، تو غیر موجود کو تاوان دیں ☼

1380/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَزِيْدَ السَّلَمِيّ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيّ (عَنِ) الْاَسْوَدِ اَنَّ نَفَراً مِنَ النَّخعِ اِنْطَلَقُوْا حَجَّاجاً فَلَمَّا قَضَوْا تَفَثَهُمْ اَرَادُوْا عِتقَ رَقَبَةٍ فِيْهَا نَصِيْبٌ لِغَائِبٍ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَهُمْ بِعِتقِهٖ وَاَنْ يَّضْمِنُوْا نَصِيْبَ الْغَائِبِ وَلَهُمْ وِلاؤُهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یزید سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' نخع قبیلے کا ایک وفد حج کرنے کے لئے آیا، جب انہوں نے حج کے ارکان پورے کر لئے تو انہوں نے ایک غلام آزاد کرنے کا ارادہ کیا، جس میں ایک ایسے شخص کا حصہ تھا جو وہاں پر موجود نہیں تھا۔ اس بات کا ذکر انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کیا۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ اس کو آزاد کر دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں اس کے حصے کا تاوان دیں اور سب کے لئے اس کی ولاء ہوگی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) محمد بن عبد الله بن الصباح البلخي (عن) أحمد بن يعقوب (عن) عبد العزيز بن داود بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند (میں ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن صباح بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن داؤد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ آزاد کئے گئے مشترکہ غلام میں نابالغوں کا حصہ تھا، ان کی بلوغت تک آزادی ملتوی ہوگی ☼

1381/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَزِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ اَعْتَقَ مُمْلُوْكاً بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اُخْوَةٍ لَهٗ صِغَارٍ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَمَرَهٗ اَنْ يُّقَوِّمَهٗ وَاَنْ يُّرْجِئَهٗ حَتّٰى تُدْرِكَ الصِّبْيَةُ فَاِنْ شَاؤُوْا اَعْتَقُوْا وَاِنْ شَاؤُوْا ضَمِنُوْا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یزید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت '

(۱۳۸۰) قلت: وقد اخرج احمد ۲:۲۵۵ والبیہقی فی السنن الکبری ۱۰:۲۸۰ والحمیدی (۱۰۹۳) وابن ابی شیبۃ ۶: ۴۸۱ والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳:۱۰۷ وابن حبان (۴۳۱۸) عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: من کان له شقص فی مملوك فاعتق نصفه فعلیه خلاصه ان کان له فان لم یکن له مال استسعی العبد فی ثمن رقبته غیر مشقوق علیه

(۱۳۸۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۸۲) فی العتق: باب العبد یکون بین الرجلین فیعتق احدهما نصیبه والبیہقی فی السنن الکبری ۱۰:۲۷۸

اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے ایک مملوک کو آزاد کر دیا، وہ اس کے اور اس کے چھوٹے بہن بھائیوں کے درمیان مشترک تھا۔ اس بات کا ذکر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کیا گیا تو انہوں نے حکم دیا کہ اس غلام کی قیمت کا تخمینہ لگایا جائے اور اس کی آزادی کو ملتوی کر دیا جائے یہاں تک کہ چھوٹے بچے بالغ ہو جائیں، بالغ ہو کر ان کی مرضی ہے چاہے اس کو آزاد کر دیں اور چاہیں تو اس کا ضمان لے لیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة إذا كان المعتق موسراً وأما في قولنا فإذا أعتق أحدهم فقد صار العبد حراً كله ولا سبيل للباقين إلى عتقه بعد ذلك فإن كان المعتق موسراً ضمن حصص أصحابه وإن كان معسراً سعى العبد لأصحابه في حصصهم من قيمته

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔ یہ اس وقت ہے کہ آزاد کنندہ خوشحال ہو۔ اور ہمارا جو یہ موقف ہے کہ اگر ان میں سے ایک نے بھی آزاد کر دیا تو پورا غلام آزاد ہو جائے گا اور اس کے بعد دوسرے شریکوں کا آزاد کرنے میں کوئی اختیار نہیں رہے گا۔ اگر آزاد کنندہ خوشحال ہو تو وہ باقیوں کے حصے کا تاوان دے گا اور اگر تنگدست ہو تو غلام خود اپنے دیگر مالکوں کو ان کے حصے کی قیمت ادا کرے گا۔

☼ مشترکہ غلام ایک مالک نے آزاد کر دیا، دوسروں کو ان کے حصے کا تاوان دے ☼

1382/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الْعَبْدِ بَيْنَ اِثْنَيْنِ اَعْتَقَ اَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ قَالَ الْآخَرُ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ اَعْتَقَ وَكَانَ الْوَلَاءُ بَيْنَهُمَا وَإِنْ شَاءَ يَضْمَنُهُ وَيَكُوْنُ الْوَلَاءُ لِلضَّامِنِ وَإِنْ كَانَ مُعْسِراً اِسْتَسْعَى وَكَانَ الْوَلَاءُ بَيْنَهُمَا

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک تھا، ان میں سے ایک نے اپنا حصہ آزاد کر دیا، انہوں نے فرمایا: دوسرے کو اختیار ہے کہ اگر وہ چاہے تو آزاد کر دے اور اس صورت میں ولاء دونوں کے درمیان ہوگی اور اگر چاہے تو اس (آزاد کرنے والے) سے ضمان لے، ایسی صورت میں ولاء ضمان دینے والے کے لئے ہوگی اور اگر وہ (آزاد کرنے والا) تنگدست ہے تو (آزاد ہونے والا خود) محنت مشقت کرے (اور اپنی قیمت ادا کرے)۔ اور ایسی صورت میں ولاء دونوں (آزاد کنندہ اور آزاد کردہ) کی ہوگی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة فأما في قولنا فلا سبيل إلى عتقه بعد عتق صاحبه فصار حراً حين أعتقه صاحبه فإن كان المعتق موسراً ضمن حصة صاحبه وإن كان معسرا استسعى العبد في حصة صاحبه ليس له غير ذلك والولاء في الوجهين جميعاً للمعتق الأول

(۱۳۸۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۳) في العتق: باب العبد يكون بين الرجلين فيعتق احدهما نصيبه وعبدالرزاق (۱۶۷۲۰) في المدبر: باب من اعتق شركاله في عبد وابن ابي شيبة ۶:۴۸۴ في البيوع والاقضية: باب العبد يكون بين الرجلين فيعتق احدهما نصيبه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ ہم نے جو کہا ہے کہ جب ایک مالک نے مشترک غلام کو آزاد کر دیا تو پھر اس کی آزادی کا دوسرے کے پاس کوئی اختیار نہیں رہے گا، وہ اسی وقت آزاد ہو جاتا ہے جس وقت ایک مالک نے آزاد کیا۔ اگر آزاد کنندہ خوشحال ہو تو اپنے دوسرے شریک کو اس کی قیمت کا تاوان ادا کرے اور اگر تنگدست ہو تو غلام خود محنت مزدوری کر کے اُس کے حصے کی قیمت خود ادا کرے۔ اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں ہے۔ دونوں صورتوں میں پوری ولاء معتق اول کی ہوگی۔

☼ صحت کے عالم میں غلام کا جتنا حصہ آزاد کیا تھا، اتنا ہی آزاد ہے، بقیہ حصے کیلئے وہ خود کوشش کرے ☼

1383/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا اَعْتَقَ الرَّجُلُ نِصْفَ عَبْدِهٖ فِيْ صِحَّتِهٖ لَمْ يُعْتَقْ مِنْهُ إِلَّا مَا أُعْتِقَ مِنْهُ وَسَعٰى فِي الْبَاقِيْ الَّذِيْ لَمْ يُعْتَقْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب کوئی آدمی اپنی صحت کے عالم میں اپنا آدھا غلام آزاد کر دے تو وہ اتنا ہی آزاد ہوا ہے جو اس نے آزاد کیا ہے، باقی کے بارے میں وہ خود محنت مزدوری کرے۔

(أخـرجـه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة أما في قولنا إذا أعتق منه جزء أعتق كله ولم يسع له في شيء

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے۔ جب کسی غلام کا ایک حصہ آزاد کر دیا جاتا ہے تو وہ مکمل ہی آزاد ہو جاتا ہے، اس کے کسی حصہ میں بھی کسی کی ملکیت نہیں رہتی۔

☼ ام ولد کو اس کا بچہ آزاد کروا دیتا ہے، اگرچہ نامکمل ہو ☼

1384/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) اَبِـيْ سُـفْيَـانَ (عَنْ) شَرِيْكٍ (عَنْ) حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ (عَنْ) عِكْرِمَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ فِيْ أُمِّ الْوَلَدِ يُعْتِقُهَا وَلَدُهَا وَإِنْ كَانَ سِقْطاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابوسفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حسین معلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے ام ولد کے بارے میں فرمایا: اس کا بچہ اس کو آزاد کروا دیتا ہے اگرچہ وہ نامکمل ہو۔

(أخـرجـه) الحافظ طلحة بن محمد (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد العطار (عن) محمد بن أحمد البلخي (عن) أبيه (عن) عصام بن يوسف (عن) الإمام أبي حنيفة

(١٣٨٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٨٤) في العتق: باب عتق نصف عبده وابن ابي شيبة ٤٩٦:٦ في البيوع والاقضية: باب اذا اعتق بعض عبده في مرضه

(١٣٨٤) اخرجه عبدالرزاق (١٣٢٤٣) باب مايعتقها السقط والبيهقي في السنن الكبرى ٣٤٦:١٠ في عتق امهات الاولاد: باب الرجل يطئي امته بالملك فتلد له وسعيد ابن منصور ٣: (٢٠٤٦)

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عصام بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ آزادی کے بعد عورت کوشوہر کے ساتھ رہنے یا نہ رہنے کا اختیار ملتا ہے ☼

1385/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِی بَرِیْرَةَ فَتُعْتِقُهَا فَقَالَ مَوَالِیْهَا لاَ نَبِیْعُهَا إِلَّا اَنْ تَشْتَرِطِیْ لَنَا وِلاَءَ هَا قَالَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ عَائِشَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلْوَلاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ فَاشْتَرَتْهَا عَائِشَةُ فَاَعْتَقَتْهَا وَلَهَا زَوْجٌ مَوْلٰی لآلِ اَبِی اَحْمَدَ فَخَیَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَفَرَّقَ بَیْنَهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا نے ''بریرہ'' کوخرید کرآزاد کرنے کا ارادہ کیا،ان کے موالی نے کہا: ہم بریرہ آپ کواس شرط پر بیچیں گے کہ اس کی ولاء ہماری ہوگی۔ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولاء اسی کی ہوتی ہے جو آزاد کرتا ہے تو اس کوخرید لے اور خرید کرآزاد کردے۔ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا نے اس کوخریدا اوراس کوآزاد کردیا۔آلِ ابی احمد میں اس کا شوہر تھا۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کواختیار دیا تو بریرہ نے اپنے آپ کواختیار کرلیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان تفریق کردی۔

(أخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الكلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عصام بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۳۸۵)اخرجه ابن حبان (۴۲۷۱)والبیهقی فی السنن الكبری۷:۲۲۳واحمد۶:۱۸۶والبخاری(۲۵۳۶)فی العتق :باب بیع الولد وهبه وابوداود(۲۹۱۶)فی الفرائض:باب فی الولاء والترمذی(۱۲۵۶)فی البیوع :باب ماجاء فی اشتراط الولاء والطحاوی فی شرح معانی الآثار۳:۸۲

اَلْبَابُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ فِی الْمَكَاتِبِ

ستائیسواں باب: مکاتب کے بیان میں

☼ صدقہ اس کیلئے ہے جس کو صدقہ دیا گیا، وہ آگے دے تو یہ ہدیہ ہے ☼

1386/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنِ) الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ تُصُدِّقَ عَلٰی بَرِیْرَةَ بِلَحْمٍ فَرَآهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدْیَةٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بریرہ کے پاس گوشت صدقہ آیا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا اور فرمایا: یہ اس کے لئے صدقہ ہے ہمارے لئے ہدیہ ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن الحسن البزاز البلخی عن هلال بن یحیی (عن) یوسف بن خالد السمتی (عن) أبی حنیفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن حسن بزاز بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہلال بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن خالد سمتی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بدل کتابت کا ایک درہم بھی باقی ہو تو وہ مکاتب ہی ہے ☼

1387/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ یَقُوْلُ الْمُكَاتِبُ عَبْدٌ مَا بَقِیَ عَلَیْهِ دِرْهَمٌ مِنَ الْكِتَابَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''زید بن ثابت رضی اللہ عنہ'' سے راویت کرتے ہیں، وہ فرمایا کرتے تھے: مکاتب اس وقت تک بھی غلام ہے جب تک بدلِ کتابت کا ایک درہم بھی اس کے ذمے ہے۔

(۱۳۸۶) اخرجه ابن حبان (۴۲۶۹) واحمد ۶:۴۵-۴۶ ومسلم (۱۰۷۵) (۱۷۲) فی الزکاة: باب اباحة الهدیه للنبی صلی الله علیه وسلم ولبنی هاشم وبنی عبدالمطلب والنسائی ۶:۱۶۲ فی الطلاق: باب خیار الأمة

(۱۳۸۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۷۹) والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳:۱۱۲ وابن ابی شیبة (۲۰۵۵۹) فی المكاتب: باب عبد مابقی علیه شیء وعبدالرزاق (۱۵۸۲۱) باب عجز المكاتب وغیر ذلك والبیهقی فی السنن الكبری ۱۰:۳۲۴ فی المكاتب: باب المكاتب عبد مابقی علیه درهم وفی المعرفة (۶۰۹۹) فی المكاتب: باب المكاتب عبد مابقی علیه درهم

(أخرجه) الحافظ الحسين ابن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر بن أحمد (عن) أبي عبد الله محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوي (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼ مکاتب نے جتنا بدل کتابت ادا کر دیا، اتنا آزاد ہو گیا، باقی غلام ہے ☼

1388/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمُكَاتَبِ يُعْتَقُ مِنْهُ بِقَدْرِ مَا اَدَّى وَيُرَقُّ مِنْهُ بِقَدْرِ مَا عَجَزَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے مکاتب کے بارے میں روایت کرتے ہیں: اس کا اتنا حصہ ادا ہو جاتا ہے جتنی وہ ادائیگی کر دیتا ہے اور جتنے سے وہ عاجز رہا اتنا حصہ اس کا غلام رہتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنهما

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ مکاتب جب بدل کتابت ادا کر دے تو آزاد ہے ☼

1389/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمُكَاتَبِ قَالَ إِذَا اَدَّى قِيْمَةَ رَقَبَتِهِ فَهُوَ حُرٌّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبد اللہ بن

(١٣٨٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٣٧٧) وعبد الرزاق ٨: ٤٠٦ (١٥٧٢١) باب عجز المكاتب وغير ذلك والبيهقي في السنن الكبرى ١٠: ٣٣١ في المكاتب: باب موت المكاتب وفي المعرفة في المكاتب: باب موت المكاتب وابن ابي شيبة (٢٠٥٧٧) باب من قال: اذا ادى مكاتبته فلا رد عليه في الرق

(١٣٨٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٨٧) عبد الرزاق (١٥٧٢١) وابن ابي شيبة (٢٠٥٦٨) من قال: اذا ادى مكاتبته فلا رد عليه في الرق والبيهقي في السنن الكبرى ١٠: ٣٢٦ والبغوي في شرح السنة في نيل (٢٤٢٢) والطحاوي في شرح معاني الآثار ٣: ١١٢ (٤٧١٩) في العتاق: باب المكاتب متى يعتق؟

مسعود رضی اللہ عنہ'' سے مکاتب کے بارے میں روایت کرتے ہیں: جب اس نے اپنی گردن کی قیمت ادا کردی تو وہ آزاد ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وقول زيد بن ثابت أحب إلينا وإلى أبي حنيفة من قول علي وعبد الله بن مسعود رضي الله عنهما قال أبو حنيفة وهو قول عائشة رضي الله عنها فيما بلغنا وبه نأخذ

اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے کتاب الآثار میں، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔ پھر فرمایا: حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہمیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کی بہ نسبت حضرت ''زید بن ثابت رضی اللہ عنہ'' کا قول زیادہ پسند ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: جو مرویات ہم تک پہنچی ہیں، ان کے مطابق ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کا بھی یہی موقف ہے اور ہم اسی پر عمل کرتے ہیں۔

☼ مشترک غلام کو ایک مالک مکاتب بنانا چاہے تو اپنے شریک سے اجازت لے ☼

1390/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الْمَمْلُوْكِ بَيْنَ رَجُلَيْنِ لَا يَجُوْزُ مُكَاتَبَةُ اِحْدٰهُمَا إِلَّا بِإِذْنِ شَرِيْكِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں 'وہ مملوک جو دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہے، ان میں سے اگر ایک شخص اس کو مکاتب بنانا چاہے تو اپنے شریک کی اجازت کا محتاج ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

☼ دو مشترکہ غلاموں کا ایک مالک اپنے حصے کو شریک کی اجازت کے بغیر مکاتب نہیں بنا سکتا ☼

1391/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الْعَبْدِ يَكُوْنُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَكَاتَبَ اَحَدُهُمَا نَصِيْبَهٗ قَالَ لِشَرِيْكِهٖ اَنْ يَّرُدَّ الْمُكَاتَبَةَ إِذَا عَلِمَ وَإِذَا كَانَ الْمَمْلُوْكُ بَيْنَ اِثْنَيْنِ فَاَرَادَ اَحَدُهُمَا اَنْ يُّكَاتِبَهٗ عَلٰى نَصِيْبِهٖ قَالَ لَا يَجُوْزُ مُكَاتَبَتُهٗ عَلٰى نَصِيْبِهٖ إِلَّا بِإِذْنِ صَاحِبِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں 'ایک غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو، ان میں سے ایک نے اپنے حصے کا مکاتب کردیا اور دوسرے شریک کو جب پتا چلے تو وہ

(١٣٩٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٧٥) وابو يوسف في الآثار ١٩١

(١٣٩١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٧٦) وابو يوسف في الآثار ١٩١

مکاتبت کومسترد کرسکتا ہے اور جب مملوک دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہوں اور ان میں سے ایک شخص اپنے حصے کو مکاتب کرنا چاہے تو فرمایا: وہ اپنے حصے کو بھی مکاتب نہیں بنا سکتا جب تک کہ اس کا شریک اجازت نہ دے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مکاتب پورا بدل ادا کئے بغیر مر گیا، بقیہ بدل اس کے مال سے ادا کریں جو بچے وارثوں کو دیں ☼

1392/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ (وَ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَشُرَيْحٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ إِذَا مَاتَ الْمُكَاتَبُ وَتَرَكَ وَفَاءً اُخِذَ مِمَّا تَرَكَ مَا بَقِيَ مِنْ مُكَاتَبَتِهٖ فَدُفِعَ إِلٰى مَوْلَاهُ وَصَارَ مَا بَقِيَ بَعْدَهٗ لِوَرَثَةِ الْمُكَاتَبِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن مسعود'' رضی اللہ عنہ اور حضرت ''شریح رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ سب کہا کرتے تھے: جب مکاتب مر جائے اور کچھ چھوڑے تو اس کا جتنا بدلِ کتابت رہتا ہو اس کے ترکہ میں سے لے کر اس کے مولیٰ کی جانب لوٹایا جائے گا اور اس کے بعد جو باقی بچے گا وہ مکاتب کے وارثوں کو دیا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ کوئی غلام مکاتب ہونے کی گزارش کرے تو اس کو موقع دو ☼

1393/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (فَكَاتِبُوْهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْراً) قَالَ إِنْ عَلِمْتُمْ عِنْدَهُمْ اَدَاءً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ کا ارشاد:

(۱۳۹۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۰) وابن ابي شيبة (۲۱۵۰۹) في البيوع والاقضية: باب في مكاتب مات وترك ولدا احرارا

(۱۳۹۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۱) وعبدالرزاق (۱۵۵۷۵) في المكاتب: باب قوله للمكاتب: (ان علمتم فيهم خيراً) وابن ابي شيبة ۵۳۱:۴ (۲۲۸۴۰) في البيوع والاقضية، والبيهقي في السنن ۳۱۸:۱۰

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا

''جو یہ چاہیں کہ کچھ مال کمانے کی شرط پر انہیں آزادی لکھ دو تو لکھ دو اگر ان میں کچھ بھلائی جانو''۔

(ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

کے بارے میں فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم ان کے پاس ادائیگی کی گنجائش جانو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنهما

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ دو غلاموں کو دو ہزار پر ایک میعاد پر مکاتب کیا، آزادی کیلئے دونوں ہزار ادا کریں ☼

1394/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِيْ رَجُلٍ كَاتَبَ عَبْدَيْهِ عَلٰى اَلْفِ دِرْهَمٍ مُكَاتَبَةً وَاحِدَةً وَجَعَلَ نَجُوْمَهُمَا وَاحِدَةً وَقَالَ اِنْ اَدَّيَا فَهُوَ حُرَّانِ وَاِنْ عَجِزَا رُدَّا فِي الرِّقِّ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لا يَعْتِقَانِ حَتّٰى يُؤَدِّيَانِ جَمِيْعاً الْاَلِفَ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ایک آدمی جس نے اپنے دو غلاموں کو ایک ہزار درہم پر یکبارگی مکاتب بنایا اور ان کی ایک میعاد مقرر کر دی اور کہا: اگر وہ دونوں ادا کر دیں تو دونوں آزاد ہیں اور اگر وہ دونوں عاجز رہے تو وہ دونوں غلامی میں لوٹائے جائیں گے۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: وہ جب تک دونوں ہزار ہزار ادا نہیں کریں گے آزاد نہیں ہونگے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ دو غلاموں کو ایک ہزار درہم پر مکاتب بنایا، ایک غلام فوت ہو گیا، اس میں تفصیل ہے ☼

1395/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ اِذَا كَاتَبَ غُلَامَيْنِ لَهٗ عَلٰى اَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ مَاتَ اَحَدُهُمَا اَنَّهٗ اِنْ كَانَ قَالَ اِذَا اَدَّيْتُمَا الْاَلْفَ فَاَنْتُمَا حُرَّانِ وَاِلَّا فَاَنْتُمَا مَمْلُوْكَانِ ثُمَّ مَاتَ اَحَدُهُمَا فَاِنَّهٗ يَأْخُذُ مِنَ الْحَيِّ الْاَلِفَ كُلَّهَا فَاِنْ كَاتَبَهُمَا عَلَى الْاَلِفِ وَلَمْ يَشْتَرِطْ فَاِنَّهٗ لا يَأْخُذُ اِلَّا بِالْحِصَّةِ بِنِصْفِ الْاَوَّلِ اَوْ بِقِيْمَةِ الْبَاقِيْ

(۱۳۹۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۸۲) وابو یوسف فی الآثار ۱۹۱ وعبدالرزاق (۱۵۶۴۵) فی المکاتب: باب کتابته وولده فمات منهم احد او اعتق

(۱۳۹۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۸۳) وعبدالرزاق (۱۵۶۴۵) فی المکاتب: باب کتابته وولده فمات منهم احد او اعتق

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی جب دوغلاموں کو ایک ہزار درہم پر مکاتب بنائے پھران دونوں میں سے ایک مرجائے تو اگر طے یہ ہوا تھا کہ جب تم دونوں ایک ہزار ادا کردو تو تم دونوں آزاد ہو ورنہ تم دونوں مملوک ہو پھران دنوں میں سے ایک مرجائے تو وہ زندہ رہ جانے والے پورے کا پورا ہزار لے سکتا ہے اور اگران دونوں کو ایک ہزار پر مکاتب بنایا تھا لیکن کوئی شرط نہیں رکھی تھی تو وہ پہلے نصف کا حصہ لے سکتا ہے یا باقی کی قیمت۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ في جميع الحديث إذا لم يشترط شيئاً ومات أحدهما قسمت المكاتبة على قيمتهما فيبطل من المكاتبة حصة قيمة الميت ووجب على الآخر حصة قيمته وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ پوری حدیث میں یہ ہے کہ جب اس نے کوئی شرط نہیں رکھی تھی اور ان میں سے ایک فوت ہوگیا تو مکاتبت کو ان کی قیمت پر تقسیم کیا جائے گا اور فوت شدہ کے حصے کی مکاتبت باطل ہو جائے گی اور جو زندہ رہا اس پر اپنی قیمت کے حصے میں آتی مکاتبت لازم ہوگی۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مکاتبت کی کفالت جائز نہیں ہے ☼

1396/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الْكَفَالَةِ فِي الْمُكَاتَبَةِ لَيْسَتْ بِشَيْءٍ إِنَّمَا هُوَ مَالُكَ كُفِلَ لَكَ بِهِ وَذٰلِكَ اَنَّهُ لَوْ عَجزَ وَقَدْ اُخِذَتْ مِنَ الْكَفَالَةِ بَعْضُ مُكَاتَبَتِهٖ رُدَّ الْمُكَاتَبُ فِي الرِّقِ وَلَمْ يَكُنْ لَكَ مَا اُخِذَتْ لِاَنَّ مَا اُخِذَتْ مِنْهُمْ فَهُوَ مِلْكٌ لَهُمْ وَفِي رَقَبَةِ عَبْدِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے مکاتبت کی کفالت کے بارے میں فرمایا: یہ کچھ بھی نہیں ہے، بے شک وہ تیرا مال ہے تیرے لئے اس کی کفالت کی گئی ہے اور اس کی وجہ ہے کہ اگر وہ (بدل کتاب ادا کرنے سے) عاجز ہو جائے اور کفالت کے کھاتے سے اس کی مکاتبت کا کچھ حصہ ادا کردیا گیا ہو تو (عجز کی وجہ سے) مکاتب کو غلامی میں دوبارہ لوٹا دیا جائے گا اور جو کچھ بدل کتابت کفالت کے حساب سے دیا گیا اس میں سے تجھے کچھ نہیں ملے گا، کیونکہ جو لے لیا گیا وہ ان (آقاؤں) کی ملکیت ہے اور تیرے غلام کے گردن میں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كفل الرجل الرجل بالمكاتبة عن مكاتبه فالكفالة باطلة وهو قول أبي حنيفة رضي الله تعالى عنه والله أعلم

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص کسی کی مکاتبت کا ضامن بنتا ہے، تو یہ ضمانت باطل ہے۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مذہب ہے۔

(۱۳۹۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۴) وابو يوسف في الآثار ۱۹۱و۱۹۶

اَلْبَابُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ فِی الْوَلاءِ

اٹھائیسواں باب: ولاء کے بارے میں

☼ آزاد کردہ فوت ہوئی، ایک بیٹی چھوڑی، اس کو نصف دے کر باقی آزاد کنندہ کا ہے ☼

1397/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ اَنَّ اِبْنَةً لِحَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَعْتَقَتْ مَمْلُوْكاً فَمَاتَ وَتَرَكَ بِنْتاً فَاَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْبِنْتَ النِّصفَ وَاَعْطَى اِبْنَةَ حَمْزَةَ النِّصْفَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ'' کی بیٹی نے ایک مملوک کو آزاد کیا، وہ مرگیا اور اس نے ایک بیٹی چھوڑی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹی کو نصف دیا اور باقی حضرت حمزہ کی بیٹی (جو کہ اس کی آزاد کنندہ تھی) کو دے دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن الحسن البزار (عن) بشر بن الوليد (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد ابن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) الحسن بن محمد بن علی (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) الحسن بن محمد بن علی (عن) أسد بن عمرو (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) حماد بن أحمد المروزی (عن) الوليد بن حماد (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسين بن علی بن هاشم قال هذا كتاب الحسين بن علی فقرأت فيه (حدثنا) يحيى بن الحسن (حدثنا) زياد بن الحسن (عن) أبيه (عن) أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فی كتاب حمزة بن حبيب الزيات أخبرنا أبو حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانی (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبی الجهم

(١٣٩٧) اخرجه احمد٦:٤٠٥، ابن ابی شيبة١١:٢٦٧، ومن طريقه ابن ماجة (٢٧٣٤)، والطبرانی فی الكبير٢٤ (٨٧٤)، والنسائی فی الكبرى (٦٣٩٨)، والحاكم فی المستدرك ٤:٧١٦، وسعيد بن منصور (١٧٤)، وابو داود فی المراسيل (٣٦٤)، وعبدالرزاق (١٦٢١١)

(عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) علی بن محمد بن عبد (عن) علی بن عبد الملك بن عبد ربه (عن) أبیه (عن) الإمام أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنهما

(وأخرجه) الحافظ الحسن بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الغنائم محمد بن علی بن میمون (عن) الشریف أبی عبد الله العلوی (عن) جعفر بن محمد ابن الحسین بن الحاجب إذناً (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعید بن عقدة (عن) فاطمة بنت محمد بن حبیب قالت سمعت أبی یقول هذا كتاب حمزة ابن حبیب فقرأت فیه (عن) أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) القاسم بن محمد بن عمر (عن) أبی بكر عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) القاسم بن زكریا (عن) أحمد بن عثمان بن حكیم (عن) عبید الله بن موسی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''حماد بن احمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن علی بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' یہ حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی

کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''زیاد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبد الملک بن عبد ربہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو عبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو غنائم محمد بن علی بن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریف ابو عبد اللہ علوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حسین بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' (اجازت کے طور پر) انہوں نے حضرت ''ابو عباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: میں نے اپنے والد کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: یہ حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو عبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''قاسم بن محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو بکر عبد اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''قاسم بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عثمان بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ ولاء نسبی رشتہ داری کی طرح ہے، اس کو بیچا بھی نہیں جا سکتا، ہبہ بھی نہیں کیا جا سکتا ☼

1398/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلْوِلَاءُ لُحْمَةٌ كَلُحْمَةِ النَّسَبِ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْهَبُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولاء نسبی رشتہ داری کی طرح ایک رشتہ داری ہے اس کو نہ بیچا جاسکتا ہے اور نہ ہی ہبہ کیا جاسکتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي العباس محمد ابن أحمد بن عمرو بن عبد الخالق (عن) أحمد بن محمد بن الحجاج بن رشيد بن سعيد (عن) على بن سليمان الأخميمي (عن) محمد بن إدريس الشافعي (عن) محمد بن الحسن صاحب أبي يوسف (عن) أبي يوسف (عن) الإمام أبي حنيفة رضى الله عنهم

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي فيمسنده عن أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو بكر محمد بن عبد الباقي قاضي بيمارستان (عن) أبي الفتح عبد الكريم بن محمد بن أحمد بن المحاملي (عن) أبي الحسن الدارقطني (عن) أبي العباس محمد بن أحمد بن عمرو بن عبد الخالق الرزاز (عن) أحمد بن محمد بن الحجاج (عن) على بن سليمان الأخميمي (عن) محمد بن إدريس الشافعي (عن) محمد ابن الحسن (عن) أبي يوسف (عن) الإمام أبي حنيفة رضى الله عنهم

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعباس محمد بن احمد بن عمرو بن عبدالخالق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن حجاج بن رشید بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن سلیمان خمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن صاحب ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی قاضی بیمارستان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفتح عبدالکریم بن محمد بن احمد بن محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس محمد بن احمد بن عمرو بن عبدالخالق رزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن سلیمان خمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ موالی میں ولاء کے حقدار صرف مرد ہوتے ہیں ☼

1399/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ اَلْوَلَاءُ لِلْبَنِينَ الذُّكُورِ دُوْنَ الْإِنَاثِ فَإِذَا دَرَجُوْا وَذَهَبُوْا رَجَعَ الْوَلَاءُ إِلَى الْعَصَبَةِ

(۱۳۹۸) اخرجه حصكفي في مسند الامام (۳۰۶) وابن حبان (۴۹۴۸) والبخاري (۲۵۳۵) في العتق: باب بيع الولاء وهبته والبيهقي في السنن الكبرى ۲۹۲:۱۰ وابو داود (۲۹۱۹) في الفرائض: باب في بيع الولاء، واحمد ۷۹:۲ والطيالسي (۱۸۸۵) ومسلم (۱۵۰۶) في العتق: باب النهي عن بيع الولاء وهبته

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ولاء مردوں کو ملتی ہے عورتوں کو نہیں ملتی، اس لئے جب کسی کے موالی میں مرد بھی ہوں اور عورتیں بھی ہوں تو ولاء مردوں کی طرف لوٹتی ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ کوئی ذمی کسی مسلمان کو اپنی ولاء کا مالک بنا سکتا ہے ☼

1400/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ إِذَا تَوَلَّاكَ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ فَعَلَيْكَ عَقْلُهُ وَلَكَ مِيرَاثُهُ وَلَهُ اَنْ يَّتَحَوَّلَ بِوَلَائِهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب تجھے کوئی شخص اہل ذمہ میں سے اپنی ولاء دے تو تیرے ذمے اس کی دیت بھی ہے اور اس کی میراث بھی تجھے ملے گی اور وہ اپنی ولاء کسی اور کی طرف منتقل کرنے کا حق بھی رکھتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''قاضی ہناد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جعفر بن محمد بن حسین ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن یحییٰ جبائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼شراب تو ذاتی طور پر حرام ہے جبکہ مشروبات میں سے نشہ آور بھی حرام ہیں☼

1429/(اَبُو حَنِيفَةَ) وَسُفْيَانَ الثَّوْرِىُّ (عَنْ) عَوْنِ بْنِ اَبِىْ جُحَيْفَةَ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ لِعَيْنِهَا قَلِيْلُهَا وَكَثِيْرُهَا وَالسُّكْرُ مِنْ كُلِّ شَرَابٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عون بن ابی جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شراب ذاتی طور پر حرام ہے چاہے تھوڑی ہو یا زیادہ اور مشروبات میں سے نشہ آور بھی حرام ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) ابن عقدة (عن) أحمد بن محمد بن ثابت الضبعى (عن) محمد بن صبيح (عن) أبى حنيفة وسفيان(قال) الحافظ المحفوظ (عن) أبى حنيفة (عن) أبى عون (عن) عبد الله بن شداد (عن) ابن عباس على ما حدثنا صالح بن أحمد بن ملاعب (عن) هوذة بن خليفة (عن) أبى حنيفة (عن) أبى عون (قال) وأخبرنا إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبى حنيفة (عن) أبى عون (قال) وأخبرنا ابن مخلد (عن) العباس بن محمد (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبى حنيفة (عن) أبى عون

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن ثابت ضبعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن صبیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ محفوظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس کی اسناد یوں بیان کی ہے، امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما'' سے روایت کیا ہے، جیسا کہ ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''صالح بن احمد بن ملاعب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ہوذہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعون رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○اور ہمیں خبر دی ہے حضرت ''اسحاق بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعون رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

○اور ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''عباس بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن

(١٤٢٩) اخرجه ابن حبان (٥٣٥٦) واحمد ١:٣١٦ الطبرانى فى الكبير (١٢٩٧٦) والحاكم فى المستدرك ٤:١٤٥ وعبد بن حميد (٦٨٦) والحافظ المنذرى فى الترغيب والترهيب ٣:٢٥٠

مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعون رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔

☼ دباء اور حنتم نامی برتنوں میں تیار کئے گئے مشروب کو پینے کا حکم ☼

1430/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ نَقِيْعِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دباء (کدو کو اندر سے کرید کر خشک کر لیا جاتا ہے جب خشک ہو جائے تو اس کو شراب پینے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے) اور حنتم (ایک روغنی مٹکا، جس میں شراب تیار کی جاتی تھی) میں تیار کئے گئے مشروب سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح (عن) محمد بن نصر التاجر (عن) خالد بن خداش (عن) حماد بن زيد (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن نصر تاجر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ امام کے پاس حد والا کیس آئے تو حد نافذ کئے بغیر نہ اٹھے ☼

1431/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ عَامِرٍ عَنْ رَجُلٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَنْبَغِيْ لِلْإِمَامِ إِذَا رُفِعَ إِلَيْهِ حَدٌّ اَنْ لَا يَقُوْمَ حَتّٰى يُقِيْمَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت یحییٰ بن عامر رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب امام کے پاس کسی حد کا فیصلہ پہنچ جائے وہ حد نافذ کئے بغیر نہ اٹھے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبی علی بن شاذان (عن) القاضی أبی نصر أحمد بن اشكاب (عن) أبی إسحاق إبراهيم بن محمد بن علی الصيرفی (عن) أبی يونس إدريس بن إبراهيم المقانعی (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو نصر احمد بن

(١٤٣٠) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار ٢٢٥:٤ واحمد ٣:٢ وابن ابی شيبة ٦٩:٥ (٢٣٧٧٦) فی الاشربة :باب ماذكر عن النبی صلی الله عليه وسلم فيما نهی عنه من الظروف ومالك فی الموطا ٨٤٣:٢ والشافعی فی المسند ٣١٢:٢ ومسلم (١٩٩٧) (٤٨) و(٤٩) وابن ماجة (٣٤٠٢)

(١٤٣١) اخرجه البيهقی فی السنن الكبری ٣٣١:٨ فی الاشربة :باب ماجاء فی الستر علی اهل الحدود وابويعلی (٥٤٠١) وفی المقصد العلی ٧٤٣:٢ (٢٨٣٣) فی الحدود :باب العفو عن الحدود مالم تبلغ السلطان واحمد ٤٣٨:١ والحميدی ٤٨:١ (٨٩)

اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن علی صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویونس ادریس بن ابراہیم مقانعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جب حد کا مقدمہ بادشاہ تک پہنچ جائے تو پھر حد روکنے کی کوئی صورت نہیں ہے ☼

1432/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيِّ الْكُوْفِيِّ الْجَابِرِ (عَنْ) اَبِيْ مَاجِدِ الْحَنَفِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا انْتَهَى الْحَدُّ إِلَى السُّلْطَانِ فَلاَ سَبِيْلَ إِلٰى دَرْئِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت یحییٰ بن عبداللہ تیمی کوفی جابر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابو ماجد حنفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب حد کا مقدمہ بادشاہ تک پہنچ جائے تو پھر حد روکنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک ہی نوعیت کے متعدد جرائم کی حد ایک دفعہ نافذ ہوگی ☼

1433/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِيْ رَجُلٍ قَذَفَ رَجُلاً بِالْكُوْفَةِ وَآخَرُ بِالْبَصْرَةِ وَآخَرُ بِوَاسِطٍ فَضَرَبَ الْحَدَّ قَالَ هُوَ لِذٰلِكَ كُلِّهٖ وَكَذٰلِكَ إِنْ سَرَقَ غَيْرَ مَرَّةٍ مِنْ أُنَاسٍ شَتَّى وَقُطِعَ كَانَ الْقَطْعُ لِذٰلِكَ كُلِّهٖ وَكَذٰلِكَ الزِّنَا وَكَذٰلِكَ شُرْبُ الْخَمْرِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، ایک شخص نے دوسرے آدمی پر تہمت لگائی تھی، ایک دفعہ کوفہ میں، ایک دفعہ بصرہ اور ایک دفعہ واسط میں۔ آپ نے حد نافذ کی اور فرمایا: یہ سب جرموں کی سزا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کئی مرتبہ متعدد لوگوں کی چوری کرے اور اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے تو وہ ہاتھ کاٹنا اس کی تمام چوریوں کے بدلے ہے اسی طرح زنا کا حکم ہے اور اسی طرح شراب پینے کا۔

(أخرجه) الحافظ أبو القاسم عبد الله بن محمد بن أبي العوام السعدي في مسنده (عن) محمد بن أحمد بن حماد (عن) يعقوب بن إسحاق (عن) أبي إسرائيل (عن) أبيه (عن) أبي مطيع قاضي بلخ (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(١٤٣٢) قد تقدم

(١٤٣٣) اخرجه ابن ابي شيبة ٥:٤٧٥ (٢٨١١٦) في الحدود: في الرجل يسرق ويشرب الخمر ويقتل و٥:٤٧٨ (٢٨١٦١) في الحدود: في الرجل يسرق مراراً ويزني ويشرب ما عليه؟ وعبد الرزاق ١٠:١٩ (١٨٢١٧) باب الذي يأتي الحدود ثم يقتل

اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابو قاسم عبداللہ بن محمد بن ابو عوام سعدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن احمد بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو مطیع قاضی بلخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نبیذ پینا جائز ہے، یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے ☼

1434/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ قَالَ رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَهُوَ يَأْكُلُ طَعَاماً ثُمَّ دَعَا بَنَبِيْذٍ فَشَرِبَ فَقُلْتُ لَعَمْرُكَ تَشْرَبُ النَّبِيْذَ وَالْأُمَّةُ تَقْتَدِیْ بِكَ فَقَالَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ النَّبِيْذَ وَلَوْلَا اَنِّیْ رَأَيْتُهٗ يَشْرَبُهٗ مَا شَرِبْتُهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا، وہ کھانا کھا رہے تھے، انہوں نے نبیذ منگوا کر پیا۔ میں نے کہا: تمہیں تمہاری عمر کی قسم ہے تم نبیذ پی رہے ہو اور امت آپ کی اقتداء کرے گی۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نبیذ پیتے ہوئے دیکھا ہے اگر میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں بھی نہ پیتا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر بن سعيد الهروی (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) محمد بن إسرائيل البلخی (عن) أبی معاذ النحوی (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسرائیل بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو معاذ نحوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شراب خور کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے جوتے مروائے ☼

1435/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِی الْمُخَارِقِ يَرْفَعُ الْحَدِيْثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ أُتِیَ بِسُكْرَانَ فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَضْرِبُوْهُ بِنِعَالِهِمْ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ اَرْبَعُوْنَ رَجُلاً فَضَرَبَهٗ كُلُّ وَاحِدٍ بِنَعْلَيْهِ فَلَمَّا وَلِیَ اَبُوْ بَكْرٍ أُتِیَ بِسُكْرَانَ فَاَمَرَهُمْ فَضَرَبُوْهُ بِنِعَالِهِمْ فَلَمَّا وَلِیَ عُمَرُ وَاسْتَخْرَجَ النَّاسُ ضَرَبَ بِالسَّوْطِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالکریم بن ابو مخارق رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک نشہ والے شخص کو لایا گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو جوتے مارو، اس دن چالیس آدمی موجود تھے، ہر شخص نے اپنے جوتے اس کو مارے، جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس خلافت آئی تو ان کے پاس بھی ایک نشہ والے شخص کو لایا گیا، آپ نے ان

(١٤٣٤) اخرجه احمد١:٤٥٠، وعبد الرزاق (٦٩٣) والشاشی (٨٢٨) والطبرانی فی الكبير (٩٩٦٣) وابن ابی شيبة ١:٢٥ وابو داود (٨٤) وابن ماجة (٣٨٤) عن ابن مسعود قال: كنت مع النبی صلی الله عليه وسلم ليلة لقی الجن فقال: امعك ماء؟ فقلت: لا فقال: ما هذا فی الاداوة؟ قلت: نبيذ قال أرنيها تمر طيبة وماء طهور فتوضأ منها ثم صلی بنا

(١٤٣٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (٨٤١) واحمد٥:٣٥٠ وابن ابی شيبة٣:٣٤٢ ومسلم (٩٧٧) (١٠٦) والنسائی ٤:٨٩ وابو عوانة (٧٨٨٣) وابن حبان (٥٣٩١) والبيهقی فی السنن الكبری ٨:٢٩٨

لوگوں کو حکم دیا کہ اپنے جوتے مارو۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خلافت ملی تو آپ نے کوڑے مارنا شروع کر دیئے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ نرى الحد على السكران من النبيذ أو غيره ثمانين جلده بالسوط يحبس حتى يصحو أو يذهب عنه السكر ثم يضرب الحد ويفرق على الأعضاء ويجرد إلا أنه لا يضرب الفرج ولا الوجه ولا الرأس وضربه أشد من ضرب القاذف

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہمارے نزدیک نبیذ یا کسی اور چیز کا نشہ کرنے والے کو ۸۰ کوڑے مارے جائیں گے اور ان کو اس وقت تک قید رکھا جائے گا جب تک ان کا نشہ نہ اتر جائے۔ پھر ان پر حد لگائی جائے گی، مختلف اعضاء پر مارا جائے گا، اور کپڑا ہٹا کر مارا جائے گا، سر، چہرے اور شرمگاہ پر نہیں مار سکتے، اس کی مار تہمت لگانے والے کی مار سے سخت ہے۔

☼ شراب کا ایک گھونٹ پینے پر بھی حد لگے گی ☼

1436/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ قَالَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا شَرِبَ حَسْوَةً مِنْ خَمْرٍ ضُرِبَ الْحَدُّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' اگر کوئی شخص شراب کا ایک گھونٹ بھی پیئے گا اس کو حد لگائی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة يضرب الحد في الحسوة من الخمر فأما من السكر فلا يحد حتى يسكر ولكنه يعزر وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔ شراب کا ایک گھونٹ پینے پر بھی حد لگائی جائے گی، اور دیگر نشہ آور مشروبات پینے پر اس وقت تک حد نہیں لگائی جائے گی جب تک وہ بالفعل نشہ نہ دے، تاہم اس کو تعزیز کے طور پر سزا تو بہر حال ملے گی۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ حد کا مقدمہ قاضی تک پہنچنے کے بعد اس میں سفارش کرنے والے پر لعنت ہے ☼

1437/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَابِرِ الْكُوفِيِّ (عَنْ) اَبِيْ مَاجِدِ الْحَنَفِيْ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِذَا بَلَغَ الْحَدُّ السُّلْطَانَ فَلَعَنَ اللّٰهُ الشَّافِعَ وَالْمُشَفَّعَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یحیٰ بن عبداللہ جابر کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو ماجد حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب حد کا مقدمہ قاضی تک پہنچ جائے تو اس وقت شفاعت کرنے والے کے لئے بھی لعنت ہے اور جس کے حق میں سفارش کی جائے اس پر بھی لعنت ہے۔

(۱۴۳۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۳۶) فی الحدود: باب حد السکران

(۱۴۳۷) قد تقدم فی (۱۴۳۱)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی قوم میں مجہول طور پر کہنا: تم میں ایک زانی ہے، اس سے حد لاگو نہیں ہوتی ☼

1438/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِيْ رَجُلٍ لَقِيَ قَوْماً فَقَالَ اَحَدُكُمْ زَانٍ قَالَ لاَ حَدَّ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک ایسا شخص جو کسی قوم سے جا کر ملتا ہے اور کہتا ہے کہ تم میں سے ایک شخص زانی ہے۔ فرمایا: اس پر حد نہیں لگے گی۔

(أخرجه) الحافظ أبو القاسم عبد الله بن محمد بن أبي العوام السغدي في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن حماد (عن) أحمد بن منصور الرمادي (عن) محمد بن سعيد الأصفهاني (عن) ابن المبارك (عن) عيسى بن ماهان (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه(وأخرجه) الحافظ أيضاً بلفظ آخر (عن) محمد بن أحمد بن حماد (عن) محمد بن شجاع (عن) إسحاق بن سليمان الرازي (عن) أبي حنيفة (عن) حماد (عن) إبراهيم في رجل لقي ثلاثة فقال أحدكم زان قال لا حد عليه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوالعوام سغدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سعید اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن ماہان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوقاسم رحمۃ اللہ علیہ'' نے الفاظ کے تغیر کے ہمراہ حضرت ''محمد بن احمد بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن سلیمان رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، ایک شخص تین افراد سے ملا اور ان سے کہا: تم میں سے ایک زانی ہے، اس پر حد لاگو نہیں ہوتی۔

☼ شراب بنانے اور بنوانے والے، بیچنے اور خریدنے والے، پینے اور پلانے والے پر لعنت ☼

1439/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ لُعِنَتْ الْخَمْرُ وَعَاصِرُهَا وَمُعْتَصِرُهَا وَسَاقِيْهَا وَشَارِبُهَا وَبَائِعُهَا وَمُشْتَرِيْهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: شراب پر لعنت کی گئی ہے، اس کے بنانے والے پر، بنوانے والے پر، پینے والے پر، پلانے والے

(١٤٣٩) اخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار (٣٣٤٣) وابن ماجة (٣٣٨٠) في الاشربة: باب لعنت الخمر عشرة أوجه وابن ابي شيبة ٤٤٧:٦ واحمد ٢٥:٢ وابوداود (٣٦٧٤) والحاكم في المستدرك ١٤٤:٤ والبيهقي في السنن الكبرى ٢٨٧:٨ وابويعلى (٥٥٩١) والطبراني في الصغير (٧٥٣)

پر، بیچنے والے پر، خریدنے والے پر بھی لعنت کی گئی ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) سهل بن بشر الكندی البخاری (عن) الفتح ابن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن ابن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سہل بن بشر کندی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح ابن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼ کھجور اور منقع کوملا کرمشروب تیار کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ☼

1440/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ لَا بَأْسَ بِالتَّمْرِ وَالزَّبِيْبِ يَخْلُطَانِ وَاِنَّمَا يَكْرَهُ ذٰلِكَ لِشِدَّةِ الزَّمَانِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: اس معاملے میں کوئی حرج نہیں ہے کہ کھجور اور منقع کوملالیا جائے۔ یہ حکم حالات کی تنگی کی وجہ سے ناپسند کیا گیا تھا۔

(أخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) أبی يعقوب القاضی الشنوی (عن) علی بن عجرة (عن) داود بن الزبرقان (عن) الإمام أبی حنيفة (وأخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الفضل بن خيرون (عن) خاله أبی علی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر الأشنانی بإسناده هذا إلى أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابویعقوب قاضی شنوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عجرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے رواتی کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

(۱۴۴۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۴۱) فی الاشربة: باب الاشربة والانبذة والشرب قائماً وما يكره فی الشراب

روایت کیا ہے۔

☼رسول اکرم ﷺ کیلئے کھجوراور منقع کا نبیذ تیار کیا جاتا تھا،آپ ﷺ پیا کرتے تھے ☼

1441/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) عَـنْ نَـافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ يُنْبَذُ لِابْنِ عُمَرَ الزَّبِيْبَ وَالتَّمَرَ جَمِيْعاً فَيَشْرَبُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں:حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے لئے کھجوراور منقع کوملا کرنبیذ تیار کیا جاتا تھااوروہ پیا کرتے تھے۔

(أخـرجـه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي القاسم الحسين بن محمد بن بشر بن داود (عن) جعفر بـن مـحـمـد بـن سـواء بـن سنان النيسابوري (عن) علي بن عجرة (عن) داود بن الزبرقان قال سئل أبو حنيفة عن الـخـليطين خليط البسر والتمر وخليط الزبيب والتمر فقال حدثنا حماد (عن) إبراهيم أنه كان لا يرى بذلك بأساً فـقلت له هل كان إبراهيم يحدث فيه برخصة كما كان يحدث في نبيذ التمر وقد قيل ما قيل في نبيذ التمر قال لا أعلمه قلت ما تصنع بحديث إبراهيم وقد جاء النهي فيه عن رسول الله صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قال أبو حنيفة أما إني أزيدك حدثني نافع أن ابن عمر خلطهما إنما صنع ذلك مرة واحدة من وجع رأسه وقيل من وجع أصاب صدره

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن إبراهيم (عن) أبي عبد الله البلخي (عن) الحسن ابن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخـرجـه) أبـو عبـد الله الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد ابن المظفر بأسانيده المذكورة إلى الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''ابوقاسم حسین بن محمد بن بشر بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد بن سواء بن سنان نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن عجرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''داؤد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے ،وہ فرماتے ہیں' حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا:بسراورتمر کھجوروں کوملا کریا منقع اورتمر کھجوروں کوملا کرجونبیذ تیار کیا جاتا ہے (اس کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں)انہوں نے کہا:ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت'' حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے،انہوں نے حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے کہ وہ اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے، میں نے ان سے کہا: کیا حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس اس کے جواز پر رسول اکرم ﷺ کے حوالے سے کوئی حدیث موجود ہے؟ جیسے وہ نبیذ تمر کے بارے حدیث بیان کرتے ہیں،حالانکہ نبیذ تمر کے بارے بہت ساری دیگر آراء بھی موجود ہیں۔انہوں نے کہا: مجھے علم نہیں ہے۔ پھر آپ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کی بات پر کیسے عمل کرسکتے ہیں جبکہ رسول اکرم ﷺ کے حوالے سے اس بارے ممانعت موجود ہے۔حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: میں تمہیں مزید سناتا ہوں، مجھے حدیث بیان کی ہے حضرت''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے حضرت''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' کے سر یا سینے میں درد ہوا تو انہوں نے ان دونوں کا نبیذ تیار کروایا تھا۔

○اس حدیث کوحضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''حضرت''جعفر بن محمد بن سواء بن سنان نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبداللہ بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسن ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٤٤١)اخرجه محمدبن الحسن الشيباني في الآثار(٨٤٠)في الاشربة:باب الانبذة ومايكره في الشراب

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسانید کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی بھی مشروب سے نشہ آ جانا حرام ہے ☼

1442/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَوْلُ النَّاسِ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ خَطَأٌ مِنَ النَّاسِ إِنَّمَا اَرَادُوْا اَنْ يَقُوْلُوْا اَلسُّكْرُ حَرَامٌ مِنْ كُلِّ شَرَابٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں 'لوگوں کا یہ کہنا ''ہر نشہ آور حرام ہے'' غلط ہے۔ ان کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہر پی جانے والی چیز سے جو نشہ آتا ہے وہ حرام ہے۔

(أخرجه) الإمام الحافظ الحسين بن خسرو فى مسنده (عن) أبى الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفى (عن) أبى منصور محمد بن محمد بن عثمان (عن) أبى بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعى (عن) بشر بن موسى (عن) عبد الله بن يزيد المقرى (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ منقع کا نبیذ پرانا ہو جائے تو شراب بن جاتی ہے ☼

1443/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ إِذَا عَتَقَتْ نَبِيْذَ الزَّبِيْبِ فَهِيَ الْخَمْرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: جب منقع کا نبیذ پرانا ہو جائے تو وہ شراب بن جاتی ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو فى مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبى منصور محمد بن محمد بن عثمان السواق (عن) أبى بكر أحمد بن جعفر بن حمدان القطيعي (عن) بشر بن موسى (عن) عبد الله

(۱۴۴۲) اخرجه محمدبن الحسن الشيبانى فى الآثار (۸۵۳) فى الاشربة:باب الشرب فء الأوعية والظروف والجر وغيره

(۱۴۴۳) اخرجه ابن ابى شيبة۵:۷۵(۲۳۸۲۹) و(۲۳۸۳۲) فى الاشربة:فى نقيع الزبيب ونبيذالعنب قلت:وقداخرج ابن حبان (۵۳۸۴) ومسلم(۲۰۰۴) (۸۳) فى الاشربة:باب اباحة النبيذالذى لم يشتدولم يصرسكراً عن ابن عباس مرفوعاًفكان ينبذله من اليل فيبيع فيشربه يومه ذلك وليلة التى يستقبل ومن الغدحتى يمسى فاذاامسى فشرب وسقى فاذااصبح منه شىء اهراقه

بن يزيد المقرى (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

عجوہ کھجور اور منقع کے نبیذ سے حضرت عبداللہ بن مسعود پر اتنا اثر ہوا کہ گھر پہنچنا دشوار ہو گیا تھا

1444/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيْ (عَنْ) اِبْنِ زِيَادٍ اَنَّهُ اَفْطَرَ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَسَقَاهُ شَرَاباً لَهُ فَكَانَّهُ اَخَذَهُ فِيْهِ فَلَمَّا اَصْبَحَ قَالَ مَا هٰذَا الشَّرَابُ مَا كِدْتُ اَنْ اَهْتَدِى إِلٰى مَنْزِلِىْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَا زِدْنَاكَ عَلٰى عَجْوَةٍ وَزَبِيْبٍ

✧-۳ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سلیمان شیبانی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس روزہ افطار کیا، انہوں نے اپنا مشروب ان کو پلایا، ان پر اس کا اثر ہو گیا، جب صبح ہوئی تو انہوں نے فرمایا: یہ کیسا مشروب تھا؟ مجھے گھر تک پہنچنا مشکل ہو گیا تھا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم نے تو صرف عجوہ کھجور اور منقع کے علاوہ اور کچھ اس میں ڈالا ہی نہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کیلئے منقع کا نبیذ تیار کیا گیا، انہوں نے اس میں کھجوریں ڈلوائیں

1445/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) نَافِعٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ كَانَ نُبِذَ لَهُ نَبِيْذُ الزَّبِيْبِ فَلَمْ يَكُنْ يَسْتَمْرِئُهُ فَقَالَ لِلْجَارِيَةِ اِطْرِحِىْ فِيْهِ تَمَرَاتٍ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: ان کے لئے منقع کا نبیذ تیار کیا گیا، لیکن وہ ان کو کچھ زیادہ مزیدار نہ لگا، انہوں نے اپنی لونڈی سے کہا: اس کے اندر کھجوریں ڈال دو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة

(١٤٤٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (٨٣٩) فى الاشربة: باب الاشربة والانبذة والشرب قائما او مايكره فى الشراب

(١٤٤٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (٨٤٠) فى الاشربة: باب الاشربة والانبذة والشرب قائما او مايكره فى الشراب

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼پہلے زمانے میں کھجور یا منقع کا نبیذ حالات کی شدت کی وجہ سے منع تھا☼

1446/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ لاَ بَأْسَ بِشُرْبِ نَبِيْذِ التَّمرِوَالزَّبِيْبِ إِذَا خَلَطَهُمَا فَإِنَّهُمَا إِنَّمَا كُرِهَا لِشِدَّةِ الْعَيْشِ فِي الزَّمِنِ الْاَوَّلِ كَمَا كُرِهَ السَّمَنُ وَاللَّحْمُ فَاَمَّا إِذَا وَسَعَ اللّٰهُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَلاَ بَأْسَ بِهٰذَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' کھجور اور منقع کوملا کر تیار کئے ہوئے نبیذ کو پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ پہلے زمانے میں حالات کی شدت کی وجہ سے ناپسند تھے جس طرح کہ گھی اور گوشت ناپسند تھے۔ جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر وسعت کردی ہے تو اب اس کے پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخـرجـه) الإمـام مـحـمـد بـن الـحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وقول أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی موقف ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

☼ابوبکر بن ابوموسیٰ اشعری نے حضرت انس بن مالک کیلئے مٹکے کا نبیذ منگوایا☼

1447/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَنْزِلُ عَلٰى اَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَبِىْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ بِوَاسَطٍ فَبَعَثَ بِرَسُوْلٍ إِلٰى السُّوْقِ لِيَشْتَرِىَ لَهُ النَّبِيْذَ مِنَ الْخَوَابِىْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: وہ حضرت ابوبکر بن ابوموسیٰ اشعری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس واسط میں گئے، انہوں نے ایک خادم کو بازار بھیجا تا کہ ان کے لئے بڑے مٹکے کا نبیذ خرید کر لائے۔

(أخـرجـه) الـحـافـظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي سعد أحمد بن سعيد (عن) أحمد بن عبد الـجـبـار الـصـيـرفـي (عن) أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) أحـمـد ابـن عـبـد الـحـمـيـد بن محمد الحارثي (عن) محمد بن عمر بن عتبة (عن) عبد الرحمن بن معن أبي زهير الدوسي الرازي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعد احمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد ابن عبدالحمید بن

(١٤٤٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٤١) في الاشربة: باب الاشربة والانبذة والشرب قائما وما يكره في الشراب

محمد حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمر بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو زہیر الدوسی رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کھانے کے بعد نبیذ پیا کرتے تھے ☼

1448/(اَبُـو حَـنِيـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ كُنْتُ اَتَّقِي النَّبِيْذَ فَدَخَلْتُ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَهُوَ يَطْعَمُ فَطَعَمْتُ مَعَهُ فَنَاوَلَنِيْ قَدْحاً فِيْهِ نَبِيْذٌ فَلَمَّا رَآنِيْ اَتَعَافَى عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَلْقَمَةُ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ كَانَ رُبَمَا طَعَمَ عِنْدَهُ ثُمَّ دَعَا بِنَبِيْذٍ لَهٗ تَنْبِذُهٗ لَهٗ سِيْرِيْنُ اُمُّ وَلَدِهِ فَشَرِبَ وَسَقَانِيْ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نبیذ سے بچا کرتا تھا، پھر میں حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گیا، وہ کھانا کھا رہے تھے، میں نے بھی ان کے ہمراہ کھانا کھایا، انہوں نے مجھے ایک پیالہ دیا، اس میں نبیذ تھا، جب انہوں نے مجھے پہلوتہی کرتے ہوئے دیکھا تو کہا کہ مجھے حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ نے بتایا ہے کہ وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا کھایا، پھر انہوں نے نبیذ منگوایا جو ان کے لئے ان کی ام ولد ''سیرین'' نے بنایا تھا پھر انہوں نے خود بھی پیا اور مجھے بھی پلایا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهذا قول أبي حنيفة وأبي يوسف

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ایک سبز مٹکا تھا، اس میں ان کیلئے نبیذ تیار کیا جاتا تھا ☼

1449/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَزَاحِمِ بْنِ زُفَرَ (عَنِ) الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ قَالَ اِنْطَلَقَ إِلَيْهِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ فَاَرَاهُ جَرَّةً خَضْرَاءَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ كَانَتْ لَهٗ يُنْبَذُ فِيْهَا

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مزاحم بن زفر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ضحاک بن مزاحم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ان کے پاس حضرت ابوعبیدہ رحمۃ اللہ علیہ آئے اور انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا وہ سبز مٹکا ان کو دکھایا جس کے اندر وہ نبیذ پیا کرتے تھے۔

☼ حضرت عمر نے فرمایا: ان اونٹوں کا گوشت ہمارے معدے میں شدت والا نبیذ ہی ہضم کروا سکتا ہے ☼

1450/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ إِسْحَاقَ السَّبِيْعِيْ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ لَا يَقْطَعُ لُحُوْمَ هٰذِهِ الْإِبِلِ فِيْ بُطُوْنِنَا إِلَّا النَّبِيْذُ الشَّدِيْدُ

(١٤٤٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٣٢) وابو يوسف في الآثار ص٢٢٣ وابن حزم في المحلى بالآثار ٦:١٨٩

(١٤٤٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٣٢) وعبدالرزاق ٩:٢٠٧ (١٦٩٥١) في الاشربة: باب الظروف والاطعمة وابن ابي شيبة ٥:٨٢ (٢٣٩٠٣) في الاشربة: من رخص في نبيذ الجر الاخضر

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: ان اونٹوں کا گوشت ہمارے پیٹ میں صرف شدت والا نبیذ ہی ہضم کرواسکتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة وأبی یوسف رضی الله عنهما

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

☼ مشروب کو پکا کر جب تیسرا حصہ باقی بچ جاتا، حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ وہ پیا کرتے تھے ☼

1451/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلَاءَ قَدْ ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ وَيَجْعَلُ لَهُ مِنْهُ نَبِيْذٌ فَيَتْرُكُهُ حَتّٰى يَشْتَدَّ ثُمَّ يَشْرَبُهُ وَلَمْ يَرَ بِذٰلِكَ بَأْساً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ گاڑھا مشروب پیا کرتے تھے جس کا دو تہائی ختم ہو چکا ہو اور ایک تہائی بچا ہو اور ان کے لئے اسی سے نبیذ تیار کیا جاتا تھا۔ وہ اس کو چھوڑ دیتے تھے یہاں تک کہ اس میں شدت آجائے اور پھر اس کو پیتے تھے اور اس میں کوئی حرج بھی نہیں محسوس کرتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة وأبی یوسف رضی الله عنهما

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

☼ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ گاڑھا مشروب پیا کرتے تھے ☼

1452/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْوَلِيْدِ بْنِ سَرِيْعٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ حَرِيْثٍ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلَاءَ عَلَى النِّصْفِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ولید بن سریع عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ کے مولیٰ سے، وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: وہ گاڑھا مشروب پیا کرتے تھے۔ جس کو پکا پکا صرف آدھا باقی بچا ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولا ینبغی

(۱۴۵۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۴۴) فی الاشربة: باب النبیذ الشدید' وابن ابی شیبة ۷:۱۴۲ فی الاشربة: باب فی الرخصة فی النبیذ ومن شربه' والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۴:۲۱۸ فی الاشربة: باب مایحرم من النبیذ

(۱۴۵۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۴۷) وابن ابی شیبة ۴:۸۹ (۲۳۹۸۵) فی الاشربة: فی الطلاء' من قال: اذا ذهبت ثلثاه فاشربه!

(۱۴۵۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۴۸) والطبرانی فی الکبیر ۱:۲۴۲ (۶۷۲) وابن ابی شیبة ۵:۹۳ (۲۴۰۲۷) فی الاشربة: من رخص فی شرب الطلاء علی النصف!

أن يشرب من الطلاء إلا ما ذهب ثلثاه وبقی ثلثه وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے، اور ایسا مشروب نہیں پینا چاہئے جس کو پکا کر دو تہائی ختم ہو چکا ہو اور صرف ایک تہائی باقی بچا ہو۔ اور یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

☼ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کھانے کے بعد نبیذ پیا ☼

1453/(أَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ أَنَّهُ قَالَ رُبَمَا دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مَنْزِلَهُ وَطَعَمْتُ عِنْدَهُ ثُمَّ يَدْعُوْ بِنَبِيْذٍ تَنْبِذُهُ لَهُ سِيْرِيْنُ أُمُّ وَلَدِهِ فَيَشْرَبُ وَشَرِبْتُ مَعَهُ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' حضرت "علقمہ رضی اللہ عنہ" نے فرمایا: ایک دفعہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ان کے گھر گیا، ان کے ساتھ کھانا کھایا، انہوں نے نبیذ منگوایا، وہ ان کے لئے ان کی ام ولد سیرین نے بنایا تھا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت "ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت "ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت "حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

☼ نبیذ پکانے سے دو تہائی ختم ہو گیا، ایک تہائی باقی بچا، نشہ موجود نہ ہو، مٹھاس ہو، جائز ہے ☼

1454/(أَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلَى عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ عَامِلٌ لَهُ عَلَى الْكُوْفَةِ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ انْتَهَى إِلَيَّ شَرَابٌ مِنَ الشَّامِ مِنْ عَصِيْرِ الْعِنَبِ وَقَدْ طُبِخَ وَهُوَ عَصِيْرٌ قَبْلَ أَنْ يَغْلِيَ حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ فَذَهَبَ شَيْطَانُهُ وَبَقِيَ حُلْوُهُ وَحَلَالُهُ فَهُوَ شَبِيْهٌ بِطَلَاءِ الْإِبِلِ فَمُرْ مِنْ قِبَلَكَ فَلْيَتَوَسَّعُوْا بِهِ شَرَابَهُمْ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی جانب خط لکھا، یہ اس وقت کوفہ میں ان کے گورنر تھے، خط کی تحریر یہ تھی:

(۱۴۵۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۸۳۲) وابويوسف في الآثار ص۲۲۳ وابن حزم في المحلى بالآثار ۶:۱۸۹

(۱۴۵۴) اخرجه ابن ابي شيبة ۵:۸۹ (۲۳۹۷۸) (۲۴۰۰۰) في الاشربة: في الطلاء، من قال: اذا ذهب ثلثاه فاشربه؛

''امابعد! میرے پاس شام کے انگوروں کے رس کی شراب پہنچی ہے اس کو پکایا گیا ہے اور یہ ابلنے سے پہلے پہلے مشروب ہے یہاں تک کہ ابل کر اس کا دوتہائی ختم ہو کر ایک تہائی رہ جائے، اس کا شیطان (یعنی اس کا نشہ) چلا جاتا ہے اور اس کی مٹھاس باقی رہتی ہے اور یہ حلال ہے۔ یہ اونٹوں کے طلاء کے مشابہ ہے اپنی طرف سے یہ حکم دے دو کہ لوگ اپنے مشروبات میں وسعت کرلیں''۔

أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة(أخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ جوس کو پکایا، ایک تہائی باقی رہ گیا، اگر جوش نہیں آیا، تو پینا جائز ہے ☼

1455 /(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا طُبِخَ الْعَصِيْرُ فَذَهَبَ ثُلُثَاهُ وَبَقِيَ ثُلُثُهُ قَبْلَ اَنْ يَّغْلِيَ فَلَا بَأْسَ بِشُرْبِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب رس پکا لیا جائے، دوتہائی ختم ہو جائے اور ایک تہائی باقی بچے تو اس کے جوش مارنے سے پہلے پینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة وأبي يوسف (وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کا قول ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد

(۱۴۵۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۸۳٦) ابن ابي شيبة ۸۹:۵ (۲۳۹۸۱) في الاشربة :في الطلاء من قال: اذا ذهب ثلثاه فاشربه؛

وہبی ''سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

☼ عمر بن خطاب گاڑھا مشروب پسند کرتے تھے، نبیذ سے نشہ ختم کر دیا جائے تو پینا جائز ہے ☼

1456/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أُتِیَ بِأَعْرَابِیٍّ قَدْ سَكِرَ فَطَلَبَ لَهُ عُذْراً فَلَمَّا اَعْیَاهُ قَالَ فَاحْبِسُوْهُ فَإِنْ صَحَا فَاجْلِدُوْهُ وَدَعَا عُمَرُ بِفَضْلِهٖ وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَیْهِ فَكَسَرَهُ ثُمَّ شَرِبَ وَسَقَی جُلَسَاءَهُ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا فَاكْسِرُوْهُ بِالْمَاءِ إِذَا غَلَبَكُمْ شَیْطَانُهُ قَالَ وَكَانَ یُحِبُّ الشَّرَابَ الشَّدِیْدَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ حضرت ''حماد ''سے، وہ حضرت ''ابراہیم ''سے روایت کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب کے پاس ایک دیہاتی کو لایا گیا، وہ نشے میں تھا، آپ نے اس سے عذر پوچھا، وہ صحیح طور پر بول نہیں پا رہا تھا فرمایا: اس کو قید کر دو جب اس کا نشہ اتر جائے تو اس کو کوڑے مارو۔ پھر حضرت عمر نے اس کی بچی ہوئی شراب منگوائی اور پانی منگوایا اور اس کے اوپر پانی بہا دیا، اس طرح اس (کے نشے کے اثر) کو توڑ دیا پھر پیا اور وہاں پر بیٹھے ہوئے لوگوں کو بھی پلایا پھر فرمایا: جب نبیذ نشہ آور ہو جائے تو اس کو پانی کے ساتھ اس طرح اس کا اثر توڑ دیا کرو۔ فرمایا: وہ گاڑھا مشروب زیادہ پسند کرتے تھے۔

(أخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بالإسناد السابق إلی أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة (وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ''نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد ''نے سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ''نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد ''نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

☼ نبیذ کے جس پیالے سے نشہ آیا وہ حرام ہے ☼

1457/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلِ یَشْرَبُ النَّبِیْذَ حَتّٰی یَسْكَرَ مِنْهُ قَالَ الْقَدَحُ الْاٰخِیْرُ الَّذِیْ سَكِرَ مِنْهُ هُوَ الْحَرَامُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ حضرت ''حماد ''سے، وہ حضرت ''ابراہیم ''سے روایت کرتے ہیں ایک شخص نے نبیذ پیا، اس سے اس کو نشہ آ گیا، فرمایا: آخری پیالہ جس سے اس کو نشہ آیا ہے وہ حرام ہے۔

(۱۴۵۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۴۵) ابن ابی شیبة ۱۴۶:۷ عن ابن عمر والبیهقی فی السنن الکبری ۳۰۵:۸ فی الاشربة: باب ماجاء فی الکسر والماء.

(أخرجه) الحافظ الحسن بن خسرو فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بإسناده المذکور إلیأبی حنیفة رضی الله عنه(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے)حضرت ''ابوقاسم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ ایسے شخص کے ہاتھ جوس بیچنا جوشراب بناتا ہے، جائز ہے ☼

1458/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَصِیْرِ لاَ بَأْسَ بَاَنْ تَبِیْعَهُ مِمَّنْ یَصْنَعُهُ خَمْراً

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ،حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں'ایسے شخص کے ہاتھ جوس بیچنا جوشراب بناتا ہے، جائز ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ بذریعہ شراب یرقان کا علاج جائز نہیں ☼

1459/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ بْنِ سَعِیْدٍ اَنَّهُ اَتَاهُ رَجُلٌ بِهِ صَفْرٌ فَسَالَهُ عَنِ السُّکْرِ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم بن سعید رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں'ان کے پاس ایک آدمی آیا جس کو یرقان کی بیماری تھی،اس نے ان سے نشے کے بارے میں پوچھا(وہ شراب کے ذریعے اپنی بیماری کا علاج کرانا چاہتا تھا) تو انہوں نے اس سے منع فرمادیا۔

(اخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وقول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نشہ آور مشروب مت پیو ☼

1460/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حمَّادٍ (عَنْ) عَلْقَمَةَ بِن مرْثَدِ الکوْفِی (عَنْ) عبدِ الله بنِ بُرَیْدَةَ الاَسْلَمِیِّ (عَنْ)

(۱۴۵۸)اخرجه محمدبن الحسن الشیبانی فی الآثار(۷۵۲)'ابن ابی شیبة۴:۴۶۴(۲۲۱۳۶)فی البیوع والاقضیة: باب فی بیع العصیر

(۱۴۵۹)اخرجه محمدبن الحسن الشیبانی فی الآثار(۸۴۹)'ابن ابی شیبة ۷:۲۳فی الاشربة:باب فی السکرماهو؟ والبیهقی فی السنن الکبری۱۰:۵فی الضحایا:باب النهی عن التداوی بالسکر'وعبدالرزاق۹:۲۵۰(۱۷۰۹۷)فی المناسك:باب التداوی بالخمر

اَبِيهِ(عَنْ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَا تَشْرَبُوْا مُسْكِراً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت علقمہ بن مرثد کوفی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت عبداللہ بن بریدہ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نشہ آور مشروب مت پیو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) محمد بن إسماعيل الترمذی (عن) عبد الله بن صالح (عن) الليث (عن) أبی عبد الرحمن الخراسانی (عن) أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) عبد الله بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) أبی عبد الله محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زياد (عن) أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی الأنصاری (عن) القاضی أبی الحسين بن المهتدی بالله (و) أبی يعلی محمد بن الحسين بن الفراء كلاهما (عن) عيسى بن علی الوزير (عن) أبی الحسن محمد بن نوح الجنديسابوری (عن) الفضل ابن العباس الشيسينی (عن) يحيى بن غيلان (عن) عبد الله بن بزيع (عن) أبی حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسماعیل ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوحسین بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابویعلیٰ محمد بن حسین بن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عیسیٰ بن علی الوزیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن نوح جندیسابوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل ابن عباس شیسینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن بزیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جانور کے ساتھ بدفعلی کی شریعت میں کوئی مقررہ سزا نہیں ہے ☼

1461/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ (عَنْ) اَبِي رَزِيْنٍ(عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ مَنْ اَتٰى بَهِيْمَةً لَا حَدَّ عَلَيْهِ

(١٤٦٠) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (٤٢٣) وابن حبان (٣١٦٨) ومسلم (٩٧٧) والترمذی (١٠٥٤) والطيالسی (٨٠٧) والحاكم فی المستدرك ٣٧٥:١ واحمد ٣٥٩:٥ وابوداود (٣٢٢٥) والبيهقی فی السنن الكبری ٧٦:٤

(١٤٦١) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (٦٢٥) وعبدالرزاق ٣٦٦:٧ (١٣٤٩٧) باب الذی يأتی البهيمة وابن ابی شيبة ٥:١ (٨٥٥٢) فی الحدود: باب من قال: لا حد علی من اتی بهيمة والبيهقی فی السنن الكبری ٢٣٤:٨ فی الحدود: باب من اتی البهيمة

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عاصم بن ابی نجود رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت ابورزین رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جو شخص کسی جانور کے ساتھ بدفعلی کرے اس پر حد نہیں ہے (بلکہ اس کو تعزیراً سزا دی جائے گی)۔

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده عن أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي علي بن شاذان عن القاضي أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ دباء، حنتم اور مزفت نامی برتنوں میں تیار کیا گیا مشروب پینے میں حرج نہیں ہے جبکہ وہ نشہ آور نہ ہو ☼

1462/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) إِسْحَاقِ بْنِ ثَابِتٍ (عَنْ) اَبِيهِ (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ انَا غَزَا غَزْوَةَ تَبُوْكٍ فَمَرَّ بِقَوْمٍ يُزَفِّتُوْنَ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالُوْا اَصَبْنَا مِنْ شَرَابٍ لَهُمْ فَنَهَاهُمْ اَنْ يَشْرَبُوْا مَا اشْتَدَّ فِي الدُّبَاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ فَلَمَّا مَرَّ بِهِمْ رَاجِعاً مِنْ غَزَاتِهِمْ شَكَوْا اِلَيْهِ مَا لَقُوْا مِنَ التَّخْمَةِ فَاَذِنَ لَهُمْ اَنْ يَشْرَبُوْا مَا يُنْبَذُ فِي الدُّبَاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَنَهَاهُمْ اَنْ يَشْرَبُوْا مُسْكِراً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت اسحاق بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کے لئے روانہ ہوئے، آپ ایک قوم کے پاس سے گزرے رال سے برتن بھر رہے تھے آپ نے دریافت فرمایا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: ہمیں ان کے مشروبات ملے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس بات سے منع فرمادیا کہ وہ دباء، حنتم اور مزفت میں بنائے گئے مشروبات مت پیئں، جب اس غزوے سے واپسی پر ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شکایت کی کہ ان کو بدہضمی کی شکایت ہوگئی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی کہ دباء حنتم اور مزفت نامی برتنوں میں جو نبیذ تیار کیا جاتا ہے وہ پی سکتے ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نشہ آور مشروب پینے سے منع فرمادیا۔

(دباء: کدو کو اندر سے کرید کر خشک کر لیا جاتا ہے جب خشک ہو جائے تو اس کو شراب پینے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
حنتم: ایک روغنی مٹکا، جس میں شراب تیار کی جاتی تھی۔
مزفت: شراب کے لئے استعمال ہونے والا ایسا برتن جس میں رال کا روغن کیا جاتا ہے۔)

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبي القاسم

(۱۴۶۲)وفی جامع الآثار (۲۱۵۵)

عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد فی مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة(وأخرجه) فی نسخته فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کو''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت ماعز بن مالک اسلمی رضی اللہ عنہ کو رجم کیا گیا، ان کا جنازہ پڑھا گیا، تدفین بھی کی گئی ☼

1463/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ الْاٰخَرَ قَدْ زَنٰى فَاَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَرَدَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَتَى الثَّانِيَةَ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ ذٰلِكَ فَرَدَّهٗ ثُمَّ اَتَى الثَّالِثَةَ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ ذٰلِكَ فَرَدَّهٗ ثُمَّ اَتَى الرَّابِعَةَ فَقَالَ إِنَّ الْاٰخَرَ قَدْ زَنَا فَاَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَسَاَلَ اَصْحَابَهٗ هَلْ تُنْكِرُوْنَ مِنْ عَقْلِهٖ شَيْئاً قَالُوْا لَا قَالَ اِنْطَلِقُوْا بِهٖ فَارْجُمُوْهُ قَالَ فَانْطَلَقَ بِهٖ فَرَجَمَ سَاعَةً بِالْحِجَارَةِ فَلَمَّا اَبْطَاَ عَلَيْهِ الْقَتْلُ اِنْصَرَفَ إِلٰى مَكَانٍ كَثِيْرِ الْحِجَارَةِ فَقَامَ فِيْهِ فَاَتَاهُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرَمَوْهُ بِالْحِجَارَةِ حَتّٰى قَتَلُوْهُ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلَّا خَلَّيْتُمْ سَبِيْلَهٗ فَاخْتَلَفَ النَّاسُ فِيْهِ فَقَالَ قَائِلٌ هٰذَا مَاعِزٌ اَهْلَكَ نَفْسَهٗ وَقَالَ قَائِلٌ اَنَا اَرْجُوْ اَنْ يَكُوْنَ مَوْتُهٗ سَبَبَ تَوْبَتِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ اَصْحَابَهٗ طَمَعُوْا فِيْهِ فَسَاَلُوْهُ مَا يَصْنَعُ بِجَسَدِهٖ قَالَ اِنْطَلِقُوْا فَاصْنَعُوْا بِهٖ مَا تَصْنَعُوْنَ بِمَوْتَاكُمْ مِنَ الْكَفَنِ وَالصَّلَاةِ عَلَيْهِ وَالدَّفْنِ قَالَ فَانْطَلَقَ بِهٖ اَصْحَابُهٗ فَصَلَّوْا عَلَيْهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے وہ اپنے والد روایت کرتے ہیں: حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اور کہا: بے شک وہ زنا کے مرتکب ہوئے ہیں، آپ ان پر حد نافذ کر دیجئے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو واپس بھیج دیا۔ وہ دوسری مرتبہ آئے اور آ کر پھر اسی طرح عرض کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پھر واپس بھیج دیا، وہ تیسری مرتبہ پھر آئے اور اسی طرح عرض کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پھر واپس بھیج دیا۔ وہ چوتھی مرتبہ

(۱۴۶۳) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۳۱۸) والطحاوی فی شرح معانی الآثار (۴۳۲) و (۴۳۷) واحمد ۳۴۷:۵ والدارمی (۲۳۲۰) وابوعوانة (۶۲۹۴) ومسلم (۱۶۹۵) (۲۳) وابوداود (۴۴۳۴) والحاكم فی المستدرك ۳۶۲:۴

آئے اور کہا: بے شک ایک آدمی نے زنا کیا ہے، اس پر حد نافذ کر دیجئے۔ حضور ﷺ نے ان کے ساتھیوں سے پوچھا: کیا تم اس کی عقل میں کچھ فتور پاتے ہو؟ لوگوں نے کہا: جی نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو لے جاؤ اور جا کر رجم کر دو۔

راوی کہتے ہیں: ان کو لے جایا گیا اور ایک میدان کے اندر پتھروں کے ساتھ اس کو رجم کر دیا گیا۔ جب ان کے قتل میں کافی دیر ہو گئی تو وہ بہت سارے پتھروں والی جگہ پر آ گئے اور وہاں آ کر رک گئے، وہاں پر مسلمان جمع ہو گئے اور اس کو پتھر مارنے لگے، یہاں تک کہ اس کو مار ڈالا۔ اس بات کی اطلاع رسول اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے اس کا راستہ کیوں نہ چھوڑ دیا۔ لوگوں کا اس بارے میں اختلاف ہو گیا، کوئی یہ کہتا: ماعز نے اپنے آپ کو مارا ہے۔ اور کوئی کہتا: ہم امید رکھتے ہیں کہ اس کی موت اس کی توبہ کا سبب بن گئی ہو گی۔ اس بات کی اطلاع رسول اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر تمام لوگوں پر یہ توبہ تقسیم کر دی جائے تو ان کی طرف سے قبول کر لی جائے۔ جب اس بات کی اطلاع آپ کے اصحاب تک پہنچی تو انہوں اس بارے میں بہت طمع کیا اور حضور ﷺ سے پوچھا، ان کی لاش کا ہم کیا کریں؟ حضور ﷺ نے فرمایا تم جاؤ اور اس کے ساتھ وہی سلوک کرو جو تم اپنے فوت شدگان کے ساتھ کرتے ہو یعنی اس کو کفن بھی دو اس کی نماز جنازہ بھی ادا کرو، اس کی تدفین بھی کرو۔ راوی کہتے ہیں: پھر حضور ﷺ کے صحابہ ان کو لے کر گئے اور ان کی نماز جنازہ پڑھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن محمد بن علی البلخی (عن) یحیی بن موسی (عن) عبد العزیز بن خالد الترمذی (و) محمد بن المیسر أبی سعد الصغانی کلاهما (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) عباس بن عزیر القطان (عن) بشر بن یحیی (عن) عبد الله بن المبارك وأسد بن عمرو والنضر بن محمد (عن) أبی حنیفة إلی قوله هلا خلیتم سبیله

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن الحسن البزار (عن) بشر بن الولید (عن) أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن جابر ابن أبی خالد البخاری (عن) أبی الحسین عمر بن شقیق (عن) أبی یوسف (عن) أبی حنیفة بتمامه

(ورواه) أیضاً (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل من درب أبی هریرة ببغداد (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) أبی حنیفة إلی قوله هلا خلیتم سبیله

(ورواه) (عن) صالح بن أبی مقاتل (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی الحمانی (عن) أبی حنیفة إلی قوله فأمر به فرجم به

اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد العزیز بن خالد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن میسر ابو سعد صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عباس بن عزیر قطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان الفاظ تک ھلا خلیتم سبیلہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن جابر ابن ابو خالد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو حسین عمر بن شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مکمل حدیث روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابو مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے بغداد میں دربِ ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو یحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان الفاظ ھلا خلیتم سبیلہ تک روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن ابو مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو یحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان الفاظ فامر بہ فرجم بہ تک روایت کیا ہے۔

☼ حضرت ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ کی توبہ قبول ہے ☼

1464/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَـنْ) عَـلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا هَلَكَ مَاعِزُ بْنُ مَـالِكٍ اِخْتَلَفَ النَّاسُ فِيْهِ فَقَالَ قَائِلٌ هَلَكَ مَاعِزٌ وَاَهْلَكَ نَفْسَهُ وَقَالَ قَائِلٌ تَابَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا صَاحِبُ مِكْسٍ لَقُبِلَ مِنْهُ اَوْ تَابَهَا فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ.

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سلیمان بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: جب حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کو رجم کر دیا گیا تو ان کے بارے میں لوگوں کا اختلاف ہو گیا، کوئی کہتا: ماعز نے اپنے آپ کو ہلاک کر لیا۔ کوئی کہتا: ان کی توبہ قبول ہے۔ اس بات کا ذکر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر صاحب مکس (عشر میں خرد برد کرنے والا) بھی توبہ کرے تو اس کی طرف سے قبول ہو جائے یا لوگوں کی جماعت کی طرف سے بھی قبول ہو جائے۔

(ورواہ) أيضاً (عن) عبد الله بن عبيد الله بن شريح (عن) أبيه (عن) أحمد بن حفص (عن) أبى معاوية (عن) أبى حنيفة الحديث بتمامه إلى قوله والصلاة عليه والدفن ففعلوا

(ورواہ) أيضاً (عن) محمد بن قدامة بن سيار الزاهد البلخى (عن) أبى كريب (عن) أبى معاوية (عن) أبى حنيفة مثله

(ورواہ) (عن) الحسن بن سفيان النسوى (و) على بن محمد السمسار كلاهما (عن) أبى بكر بن أبى شيبة (عن) أبى معاوية (عن) أبى حنيفة إلا آخر الحديث من قوله ما نصنع به

(١٤٦٤) قد تقدم فى (١٤٦٣)

(ورواه) كـذلك أيـضـاً (عـن) حـاتـم بـن زيد بن الخطاب (و) محمد بن مكتوم بن ثعلب الترمذيان كلاهما (عن) الـجـارود بن معاذ (عن) أبي معاوية (عن) الإمام أبي حنيفة إلى آخر الحديث من قوله لما هلك ماعز قالوا ما نصنع به

(ورواه) أيضاً (عن) إبراهيم بن علي بن يحيى النيسابوري (عن) الجارود بن يزيد (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) عبـد الله بـن عبيد الله (عن) عيسى بن أحمد (عن) المقرى (عن) أبي حنيفة (عن) علقمة (عن) عبد الله بن بريدة (عن) أبيه الحديث بتمامه من أوله إلى آخره

(ورواه) أيـضـاً (عـن) أحـمـد بـن محمد بن سعيد الهمداني (عن) فاطمة بنت محمد بن حبيب الزيات قالت هذا كتاب حمزة بن حبيب الزيات فقرأت فيه حدثنا أبو حنيفة الحديث إلى قوله هلا خليتم سبيله

(ورواه) (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) أحمد بن محمد (عن)(المنذر بن محمد (عن) أبيه كلاهما (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) حمدان بن ذي النون (عن) إبراهيم بن سليمان (عن) زفر (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) أحـمد بن محمد (عن) الحسن بن علي قال هذا كتاب الحسين بن علي فقرأت فيه (أخبرنا) يحيى بن الحسن (عن) أبيه الحسن بن الفرات (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبي الجهم (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هاني عن الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن محمد (عن) محمد ابن عبد الله بن محمد بن مسروق قال هذا كتاب جدي محمد بن مسـروق فـقـرأت فيـه أخبـرنا أبو حنيفة(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أبي مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) أبي حنيفة مختصراً ومطولاً

(قـال) الـحـافظ ورواه (عن) الإمام أبي حنيفة حمزة بن حبيب الزيات وزفر وأبو يوسف والحسن وأيوب بن هاني وأبـو عـبـد الـرحـمن الخراساني ومصعب ابن المقدام رحمة الله عليهم(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن مـحـمـد بـن خسـرو البـلـخي في مسنده (عن) أبي القاسم وعبد الله ابني أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الـخـلال (عـن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زيـاد (عـن) الإمـام أبـي حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة(وأخرجه) الحافظ أبو بـكـر أحـمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده(عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مکمل حدیث والصلاۃ علیہ والدفن ففعلوا تک روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن قدامہ بن سیار زاہد بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوکریب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اسی کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حسن بن سفیان نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن محمد سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوبکر بن ابوشیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کے ان آخری الفاظ تک ما نصنع به تک روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حاتم بن زید بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مکتوم بن ثعلب ترمذی ان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''جارود بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کے آخری ان الفاظ تک لما هلك ماعز قالوا ما نصنع به روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابراہیم بن علی بن یحییٰ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جارود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبداللہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عیسیٰ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد سے شروع سے آخر تک مکمل حدیث روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے سیدہ ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' یہ حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، یہ روایت هلا خليتم سبيله کے الفاظ تک ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' یہ حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''حضرت ''یحییٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والدحضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' یہ میرے دادا حضرت ''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحیٰی حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔مختصر بھی اورطویل حدیث بھی روایت کی ہے۔

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''ابوعبدالرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''عبداللہ بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابومحمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسی عورت سے جبراً زیادتی کی، حد یا مہر میں سے ایک چیز لازم ہوگی ☼

1465/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ مَنْ كَانَ مِنَ النَّاسِ حُرّاً اَوْ مَمْلُوْكاً غَصَبَ اِمْرَاَةً نَفْسِهَا فَعَلَيْهِ الْحَدُّ وَلاَ صَدَاقَ عَلَيْهِ قَالَ وَإِذَا وَجَبَ الصَّدَاقُ دَرَاَ عَنْهُ الْحَدُّ وَإِذَا ضَرَبَ الْحَدُّ سَقَطَ عَنْهُ الصَّدَاقُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے

(۱٤٦٥)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(٦١٢)وفي الموطأ٣٠٩وعبدالرزاق٧:٤١٠في الطلاق:باب الامة تستكره وابن ابي شيبة٥:٥٠١(١٨٤١٨)في الحدود:في المستكره

ہیں: لوگوں میں سے کوئی شخص آزاد ہو یا غلام ہوا اور کسی عورت پر جبراً زیادتی کرے اس پر حد ہے اور اس پر کوئی حق مہر نہیں ہے اور جب اس نے مہر لازم کرلیا تو اس سے حد ختم ہوگئی اور جب حد لگ گئی تو اس سے مہر ساقط ہوگیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهذا كله قو ل أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ چار گواہوں کی گواہی کی بنیاد پر حد زنا یا رجم ثابت ہوتا ہے ☼

1466/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّـادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ إِذَا شَهِدَ اَرْبَعَةٌ بِالزِّنَا اَحَدُهُمْ زَوْجُهَا أُقِيْمَ عَلَيْهَا الْحَدُّ وَإِذَا شَهِدُوْا وَاَحُدُهُمْ زَوْجُهَا رُجِمَتْ إِنْ كَانَ زَوْجُهَا دَخَلَ بِهَا وَجَازَتْ شَهَادَتُهُمْ إِذَا كَانُوْا عَدُوْلاً

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: جب چار آدمی زنا کی گواہی دے دیں اور ان میں سے ایک اس کا شوہر ہو تو اس عورت پر حد قائم کی جائے اور جب وہ لوگ گواہی دیں اور ان میں سے ایک اس کا شوہر ہو تو اس عورت کو رجم کیا جائے اگر اس کے شوہر نے اس کے ساتھ دخول کیا تھا۔اور ان لوگوں کی گواہی قابل قبول تب ہوگی جب وہ لوگ عادل ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قولنا وقول أبي حنيفة إذا كان دخل بها زوجها رجمت وإلا جلدت مائة جلدة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی ہمارا بھی مذہب ہے اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی مذہب ہے۔جب وہ عورت مدخول بہا ہو تو اس کو رجم کیا جائے گا، ورنہ ۱۰۰ کوڑے مارے جائیں گے۔

☼ کنوارا مرد کنواری لڑکی سے زنا کرے، ان کو کوڑے ماریں اور ایک سال کیلئے شہر بدر کردیں ☼

1467/(اَبُـو حَـنِـيْـفَةَ) (عَـنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ فِي الْبِكْرِ يَفْجُرُ بِالْبِكْرِ اَنَّهُمَا يُجْلَدَانِ وَيُنْفَيَانِ سَنَةً وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَفْيُهُمَا مِنَ الْفِتْنَةِ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کنواری لڑکی کے بارے میں فرمایا: جب کنوارا آدمی اس کے ساتھ زنا کرے تو ان کو کوڑے مارے جائیں اور ایک سال کے لئے ان کو شہر بدر کردیا جائے۔حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان کو شہر بدر کرنا فتنے کی

(۱٤٦٦)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦١٣)وابو يوسف في الآثار ١٦٥' وعبدالرزاق ٣٣١:٧ (١٣٣٦٧)في الطلاق:باب الرجل يقذف امرأته ويجيء بثلاثة يشهدون'وابن ماجة ٥٥:٩ (٨٧٤٩)في الحدود:باب في اربعة شهدوا على امرأته بالزنا احدهم زوجها'وسعيد بن منصور ٣٦٤:١ (١٥٨٠)

(١٤٦٧)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦١٤)وعبدالرزاق ٣١٢:٧ (١٣٣١٣)باب البكر' و(١٣٣٢٧) باب النفي 'والبيهقي في المعرفة ٣٢٥:٦ (٥٠٧١)في الحدود:باب جلد البكر ونفيه

وجہ سے ہوتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼شہر بدر کرنے کے حوالے سے آزمائش ہی کافی ہے☼

1468/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ كَفٰی بِالنَّفْیِ فِتْنَةً

✧✧حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: شہر بدر کیلئے آزمائش ہی کافی ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد قلت لأبی حنیفة ما یعنی إبراهیم بقوله كفی بالنفی فتنة أی لا ینفیا قال نعم قال محمد وهو قول أبی حنیفة وقولنا نأخذ بقول علی بن أبی طالب رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے اس قول كفی بالنفی فتنه کا مطلب یہ ہے ناں؟ ''ان کو شہر بدر نہیں کیا جائے گا'' انہوں نے کہا: جی ہاں۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے، جب کہ ہم حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا قول اپناتے ہیں۔

☼مسلمان کسی یہودی یا عیسائی عورت سے شادی نہ کرے، بلکہ صرف مسلمان خاتون سے کرے☼

1469/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِیْمَ لاَ یَحْصِنُ الْمُسْلِمُ بِالْیَهُوْدِیَّةِ وَلاَ النَّصْرَانِیَّةِ وَلاَ یَحْصِنُ إِلَّا بِالْمُسْلِمَةِ

✧✧حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: مسلمان یہودیہ اور نصرانیہ کے ساتھ شادی نہ کرے بلکہ وہ صرف مسلمان خاتون کے ساتھ شادی کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱٤٦٨) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (٦٢٤) فی الحدود: باب البكر یفجر بالبكر

(۱٤٦٩) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (٤١٩) فی النكاح: باب من تزوج الیهودیة والنصرانیة انها لا تحصن الرجل وعبدالرزاق (١٣٣٠٠) فی الطلاق: باب الاحصان بالمرأة من اهل الكتاب وابن ابی شیبة ٦٥:١ [illegible] فی الرجل یتزوج الامة فیفجر ما علیه؟

☼ شرک کی حالت میں شادی کی، پھر مسلمان ہوا، زنا کا مرتکب ہو گیا، محصن نہیں ہے ☼

1470/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِي الَّذِيْ يَتَزَوَّجُ فِي الشِّرْكِ وَيَدْخُلُ بِامْرَاَتِهٖ ثُمَّ اَسْلَمَ بَعْدَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَزْنِي اَنَّهٗ لَا يُرْجَمُ حَتّٰى يَحْصِنَ بِامْرَاَةٍ مُسْلِمَةٍ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: وہ شخص جو حالت شرک میں شادی کرے اور پھر اپنی بیوی سے دخول بھی کر لے، اس بعد ساتھ اسلام لے آئے پھر وہ زنا کا مرتکب ہوتو اس کو رجم نہیں کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ کسی مسلمان عورت کے ساتھ شادی کرے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ زیارتِ قبور اور قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنا، پہلے منع تھا، پھر جائز کر دیا گیا ☼

1471/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ نَهَيْنَاكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ وَقَدْ اُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِيْ زِيَارَةِ قَبْرِ اُمِّهٖ فَزُوْرُوْهَا وَلَا تَقُوْلُوْا هَجَراً وَعَنْ لُحُوْمِ الْاَضَاحِيْ اَنْ تُمْسِكُوْهَا فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ وَاِنَّمَا نَهَيْنَاكُمْ لِيُوْسِعَ مُوْسِعُكُمْ عَلٰى فَقِيْرِكُمْ فَكُلُوْا وَتَزَوَّدُوْا وَعَنِ الشُّرْبِ فِي الْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ فَاشْرَبُوْا فَاِنَّ الظَّرْفَ لَا يَحِلُّ شَيْئاً وَلَا يُحَرِّمُهٗ وَلَا تَشْرَبُوْا مُسْكِراً

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم نے تمہیں زیارتِ قبور سے روکا تھا، جب کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی والدہ کی قبر کی زیارت دی گئی ہے، اب تم قبروں کی زیارت کر لیا کرو لیکن وہاں جا کر نازیبا گفتگو مت کرو اور ہم نے تمہیں قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ تک روکنے سے منع کیا تھا اس کی وجہ یہ تھی تا کہ تم میں سے مال دار لوگ فقراء پر وسعت کریں۔اب تم کھا بھی لیا کرو اور جمع بھی کر لیا کرو۔ہم تمہیں حنتم اور مزفت نامی برتنوں میں پینے سے منع کرتے تھے اب تم (ان برتنوں میں کھا) پی لیا کرو، اس لئے کہ برتن کسی چیز کو حلال یا حرام نہیں کرتا البتہ نشہ آور چیز مت پیو۔

(دباء: کدو کو اندر سے کرید کر خشک کر لیا جاتا ہے جب خشک ہو جائے تو اس کو شراب پینے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، حنتم: ایک روغنی مٹکا، جس میں شراب تیار کی جاتی تھی)

(١٤٧٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار في النكاح: باب من تزوج في الشرك ثم اسلم' وعبدالرزاق (١٣٣٠٣) في الطلاق: باب الرجل يحصن في الشرك ثم يزني في الاسلام

(١٤٧١) قد تقدم في (١٤٦٠)

(أخـرجـه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أحمد القيراطي (و) محمد بن عمر التيمي كلاهما (عن) شعيب بن أيوب (عن) مصعب بن المقدام (عن) داود الطائي (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) أحـمـد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) أحمد بن محمد بن صالح (عن) شعيب بن أيوب (عن) مصعب بن المقدام (عن) داود (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) حـمـدان بن ذي النون (عن) إبراهيم ابن سليمان الزيات (عن) زفر بن الهذيل (عن) أبي حنيفة غير أنـه قـال نهيتـكـم عـن ثلاث عن زيارة القبور فزوروها ولا تقولوا هجراً ونهيتكم أن تمسكوالحوم الأضاحي فوق ثـلاثة أيـام فـامسـكوها وتزودوا فإنما نهيتكم ليوسع غنيكم على فقيركم ونهيتكم أن تشربوا في الدباء والمزفت فاشربوا فيما بدا لكم من الظروف فإن الظرف لا يحل شيئاً ولا يحرمه ولا تشربوا مسكراً

(ورواه) بهـذا الـلـفـظ (عـن) عبـد الـصمد بن الفضل وإسماعيل بن بشر وأحيد بن الحسين كلهم (عن) مكي بن إبراهيم (عن) أبي حنيفة (عن) علقمة (عن) عبد الله بن بريدة غير أنه زاد فيه الحنتم

(ورواه) (عـن) أحـمـد بـن مـحـمـد بن سعيد الهمداني (عن) العباس السغدي الأنطاكي ومحمد بن إسماعيل بن يوسف كلاهما (عن) عبد الله بن صالح (عن) الليث بن سعد قال العباس (عن) أبي عبد الله الخراساني وقال محمد بن إسماعيل (عن) أبي عبد الرحمن الخراساني (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) أحـمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) أحمد بن سعيد (عن) أحمد ابن جنادة (عن) عبيد الله بن موسى (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عـن) عبـد الله بـن مـحـمـد بن علي الحافظ البلخي (عن) يحيى بن موسى (عن) أبي مطيع البلخي (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيـضـاً (عن) محمد بن علي بن شاذان التنوخي (عن) حامد بن آدم (عن) النضر بن محمد (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد قال أعطاني إسماعيل بن محمد بن إسماعيل بن يحيى كتاب جده فقرأت فيه (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد ابن محمد قال أعطاني الحسين بن علي كتاب الحسين بن علي فقرأت فيه حدثنا يحيى ابن الحسن (عن) زياد بن الحسن بن الفرات (عن) أبيه لحسن بن الفرات (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد المسروقي قراءة قال وجدت في كتاب جدي (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيـضـاً (عـن) صـالح ابن سعيد بن مرداس (عن) صالح بن محمد عن حماد بن أبي حنيفة (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن الحسن البلخي (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف (عن) أبي حنيفة

(ورواه) أيـضـاً (عـن) أحـمـد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) الحسين بن محمد (عن) أسد بن عمرو (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) سهل بن بشر الكندي (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) محمد بن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) محمد بن الحسن (عن) أبى حنيفة
(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبى الجهم (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب بن هانى (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد (عن) حسين بن إبراهيم المقرى (عن) أبيه (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) أيضاً (عن) عبد الله بن محمد بن على الحافظ (عن) عبد الله بن أحمد المكى (عن) المقرى (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) أيضاً (عن) سهل بن المتوكل الشيبانى البخارى (عن) محمد ابن سلام (عن) القاسم بن عبادة الترمذى (و) الحسن بن عبد الأول (وعن) بدر ابن الهيثم (عن) أبى كريب كلهم (عن) أبى معاوية الضرير (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة
ثم قال محمد وبهذا كله نأخذ لا بأس بزيارة القبور والدعاء للميت لتذكيره الآخرة وهو قول أبى حنيفة ثم قال محمد الدباء القرع والحنتم جرار خضر كان يؤتى بها من مصر
(وأخرجه) أيضاً فى نسخته فرواه (عن) أبى حنيفة بسماعه (عن) الإمام أبى حنيفة (عن) علقمة بن مرثد (عن) ابن بريدة (عن) أبيه لكن بلفظ آخر قال خرجنا مع النبى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فى جنازة فأتى قبر أمه فجاء وهو يبكى أشد البكاء حتى كادت نفسه تخرج من بين جنبيه قال قلنا يا رسول الله ما يبكيك قال استأذنت ربى فى زيارة قبر أمى فأذن لى فاستأذنته فى الشفاعة فأبى على
(ورواه) بهذا اللفظ (عن) بدر بن الهيثم الحضرمى (عن) أبى كريب (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبى حنيفة إلى قوله ولا يحرمه(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبى حنيفة باللفظ الأول من أوله إلى آخره
(ورواه) (عن) صالح بن أبى مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) مصعب بن المقدام (عن) داود الطائى (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) (عن) ابن عقدة (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) (عن) ابن عقدة (عن) إسماعيل بن محمد بن أبى كثير (عن) مكى بن إبراهيم (عن) الإمام أبى حنيفة
(قال) الحافظ ورواه (عن) أبى حنيفة حمزة بن حبيب الزيات وزفر والنضر ابن محمد والحسن بن زياد
(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فى مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبى على الحسن بن أحمد بن شاذان (عن) القاضى أبى نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوينى (عن) إسماعيل بن توبة القزوينى (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) (عن) أبى الغنائم محمد بن أبى عثمان (عن) أبى الحسن محمد بن أحمد بن محمد بن زرقويه (عن) أبى سهل أحمد بن محمد بن زياد (عن(إسماعيل بن محمد (عن) مكى بن إبراهيم (عن) الإمام أبى حنيفة
(ورواه) (عن) أبى طالب بن يوسف (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) أبى بكر الأبهرى (عن) أبى عروبة الحرانى (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عمر تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم ابن سلیمان زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر بن الہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں کچھ الفاظ مختلف ہیں، وہ یہ ہیں

نهيتكم (عن) ثلاث (عن) زيارة القبور فزوروها ولا تقولوا هجراً ونهيتكم ان تمسكوا لحوم الاضاحي فوق ثلاثه ايام فامسكوها وتزودوا فانما نهيتكم ليوسع غنيكم على فقيركم ونهيتكم ان تشربوا في الدباء والمزفت فاشربوا فيما بدا لكم من الظروف فان الظرف لا يحل شيئاً ولا يحرمه ولا تشربوا مسكراً

میں نے تمہیں تین چیزوں سے روکا تھا، زیارت قبور سے، اب تم زیارت کر لیا کرو لیکن وہاں کوئی نازیبا بات مت کرو۔ میں نے تمہیں قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ تک روک کر رکھنے سے منع کیا تھا، میرے منع کرنے کی وجہ یہ تھی تاکہ مالدار لوگ غریبوں پر صدقہ کریں۔ میں نے تمہیں دباء اور حنتم نامی برتنوں میں پینے سے منع کیا تھا، اب تم جس برتن میں چاہو پی سکتے ہو، کیونکہ برتن کی وجہ سے کوئی مشروب جائز یا ناجائز نہیں ہوتا، تاہم کسی بھی نشہ آور مشروب کو مت پیئو۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (سابقہ الفاظ میں روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد الصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احید بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان سب نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس روایت میں حنتم کے الفاظ کا اضافہ بھی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس سغدی انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن اسماعیل بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عبد اللہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد

بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جنادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبداللہ بن محمد بن علی حافظ بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومطیع بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن علی بن شاذان تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حامد بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں' مجھے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن یحییٰ نے اپنے دادا کی کتاب دی، میں نے اس میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' انہوں نے کہا: مجھے حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب دی، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''یحییٰ ابن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''زیاد بن حسن بن الفرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد مسروقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے (قراءت کے طور پر) وہ کہتے ہیں' میں نے اپنے دادا کی کتاب میں یہ پایا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''صالح بن سعید بن مرداس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ،ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ،ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ،ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ،ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن ابراہیم مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ،ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبداللہ بن محمد بن علی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ،ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''سہل بن متوکل شیبانی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن عبادہ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن عبدالاول رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''بدر بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوکریب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان سب نے حضرت ''ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان سب پر عمل کرتے ہیں۔ہم زیارت قبور میں اور میت کیلئے دعا مانگنے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے ،کیونکہ یہ آخرت کی یاد دلاتے ہیں۔حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: دباء کریدا ہوا پیالہ ہوتا ہے اور سبز رنگ کا مٹکا ہوتا ہے جو کہ مصر سے لایا جاتا تھا۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں بھی ذکر کیا ہے۔انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے (سماعت کے طور پر) انہوں نے حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا ہے لیکن اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں،وہ یہ ہیں۔

خرجنا مع النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فی جنازه فاتی قبر امه فجاء وهو يبكى اشد البكاء حتى كادت نفسه تخرج من بين جنبيه قال قلنا يا رسول الله ما يبكيك قال استاذنت ربى فى زياره قبر امى فاذن لى فاستاذنته فى الشفاعه فابى على

ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنازے میں نکلے،رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی والدہ محترمہ کی قبر مبارک پر تشریف لے گئے اور واپس تشریف

☼ لواطت کرنے والا، زنا کرنے والے کی طرح ہے ☼

1485/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ اَللُّوطِيّ بِمَنْزِلَةِ الزَّانِي

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ انہوں نے فرمایا: لواطت کرنے والا زنا کرنے والے کی طرح ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان محصناً رجم وإن كان غير محصن جلد

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب وہ محصن (شادی شدہ) ہو تو اس کو رجم کیا جائے گا اور اگر غیر محصن (غیر شادی شدہ) ہو تو اس کو کوڑے مارے جائیں گے۔

☼ جس نے کسی پر لواطت کا الزام لگایا، اس پر حد لگے گی ☼

1486/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ مَنْ قَذَفَ بِاللُّوطِيَّةِ ضُرِبَ بِالْحَدِّ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وہ فرماتے ہیں: جس نے کسی پر لواطت کا الزام لگایا اس پر حد لگائی جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قولنا إذا بين أما إذا قال يا لوطي فهذه لها مصدر غير القذف فلا نحده حتى يبين

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی ہمارا مذہب ہے، جب وہ کھل کر کہے (کہ اس نے لواطت کی ہے) اور اگر اس نے ''اے لوطی'' کہہ کر پکارا، یہ مصدر ہے، یہ تہمت نہیں ہے، لہٰذا اس صورت میں حد قذف نہیں لگے گی۔ جب تک کہ وہ واضح طور پر لواطت کا الزام نہ لگائے۔

☼ جان بچانے کیلئے مجبوری سے زنا کروایا تو عورت پر حد نہیں لگے گی ☼

1487/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنِ) الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَمِيعٍ الزُّهْرِي الْكُوفِي (عَنْ) اَبِي الطُّفَيْلِ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ اَنَّ اِمْرَاَةً خَرَجَتْ مَعَ أُخْوَةٍ لَهَا فَاسْتَأْثَرُوا بِالْحُمْلَانِ ثُمَّ بِالطَّعَامِ فَاَجَاعُوْهَا وَبِالشَّرَابِ فَاَعْطَشُوْهَا فَلَمَّا بَلَغَهَا الْجُهْدُ رَجَعَتْ فَلَقِيَهَا رَاعِي غَنَمٍ فَاسْتَسْقَتْهُ فَاَبٰى اِلَّا اَنْ تُمَكِّنَهُ مِنْ نَفْسِهَا فَفَعَلَتْ وَوَقَعَ عَلَيْهَا وَقَدِمَتِ الْمَدِينَةَ حُبْلٰى فَاَتٰى بِهَا اِخْوَتُهَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ فَخَلّٰى سَبِيْلَهَا

(۱۴۸۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۱۶) عبد الرزاق ۷:۳۶۳ (۱۳۴۸۷) باب من عمل عمل قوم لوط والبيهقي في السنن الكبرى ۸:۲۳۳ في الحدود: باب ماجاء في الحد اللوطي وابن ابي شيبة ۵:۴۹۳ (۲۸۳۳۳) في الحدود: في اللوطي حد كحد الزاني

(۱۴۸۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۲۶) في الحدود: باب حد اللوطي وابن ابي شيبة ۹:۵۳۴

(۱۴۸۷) اخرجه عبد الرزاق ۸:۴۰۷ (۱۳۶۵۴) باب الحد في الضرورة والبيهقي في السنن الكبرى ۸:۲۳۵ في الحدود: باب من زنى بامرأة مستكرهة

وَلَمْ يُقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ولید بن عبداللہ بن جمیع زہری کوفی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابوطفیل واثلہ بن اسقع رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ایک عورت اپنے بھائیوں کے ہمراہ نکلی، انہوں نے اپنے سامان اس کو نہ دیا، پھر اس کا کھانا پینا بھی روک لیا، جس کی وجہ سے وہ عورت شدید بھوک اور پیاس میں مبتلا ہوگئی، جب وہ بہت پریشان ہوگئی تو واپس آ گئی، راستے میں ایک چرواہے سے اس کی ملاقات ہوئی، عورت نے اس سے پانی مانگا، چرواہے نے انکار کر دیا اور شرط یہ رکھی کہ وہ خود پر اس کو قدرت دے۔ عورت مان گئی۔ اس چرواہے نے اس سے زنا کر لیا پھر وہ عورت جب مدینہ میں آئی تو حاملہ تھی، اس کے بھائی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور اس بات کا ذکر کیا تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس کو معاف کر دیا اور اس پر حد نافذ نہیں کی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) أحمد بن محمد بن عبيد النيسابوري (عن) أحمد بن جعفر (عن) أبيه (عن) إبراهيم بن طهمان (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبید نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ تمر کھجوروں اور منقع کو ملا کر، بسر اور تمر کھجوروں کو ملا کر نبیذ تیار کرنا منع ہے ☼

1488/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ (عَنْ) جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ نَقِيْعاً وَعَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ كَذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منقع اور کھجور کو ملا کر نبیذ تیار کرنے سے منع فرمایا، اسی طرح بسر اور تمر کھجوروں کو بھی ملانے سے منع فرمایا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد ابن سعيد (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) أبي خاقان بن الحجاج (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) أبي خاقان بن الحجاج (عن) مسعر وأبي حنيفة

(۱۴۸۸) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۴۲۶) وابن حبان (۵۳۷۹) وابن ماجة (۳۳۹۵) في الاشربة: باب النهي عن الخليطين ومسلم (۱۹۸۶) (۱۷) و (۱۹) في الاشربة: باب كراهية انتباذ التمر والزبيب مخلوطين وابو داود (۳۷۰۳) في الاشربة: باب في الخليطين والبيهقي في السنن الكبرى ۳۰۶:۸ واحمد ۲۹۴:۳

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور أيضاً

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوخاقان بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوخاقان بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے۔

☼حضرت علقمہ نے اپنی بیوی کی لونڈی اور غیر کی لونڈی میں فرق نہیں کیا☼

1489/(اَبُـو حَنِيْـفَةَ) (عَـنْ) حَـمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ جَارِيَةِ اِمْرَاَتِهٖ فَقَالَ مَا اُبَالِيْ اَيَّهَا اَتَيْتُ اَوْ جَارِيَةَ عَوْسَجَةَ وَعَوْسَجَةُ مَنْكِبُ حَيَّةٍ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ وہ حضرت علقمہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ان سے پوچھا گیا: کوئی شخص اپنی بیوی کی لونڈی کے بارے میں پوچھا گیا،توانہوں نے فرمایا: میں اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتا ہوں کہ اس سے ہمبستری کروں یا عوسجہ کی لونڈی سے کروں۔عوسجہ،حیہ قبیلے کا ایک آدمی ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة وقولنا جارية امرأته وغيرها سواء إلا أنه إذا أتاها على وجه الشبهة درأنا عنه الحد وكذلك بلغنا (عن) علي بن أبي طالب وابن مسعود ثم روى محمد (عن) سفيان الثوري (عن) مغيرة الضبي (عَنِ) الْهَيْثَمِ بن بدر (عن) حرقوص (عن) أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضي الله عنه أنه أتته امرأته يعني امرأة حرقوص فقالت زوجي وقع على جاريتي فقال صدقت هي ومالها لي فقال اذهب فلا تعد قال محمد درأ الحد عنه لأنه ادعى شبهة

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔اور ہم نے جو کہا ہے: اس کی بیوی کی لونڈی اور کسی اور کی لونڈی برابر ہیں،تاہم اگر وہ شبہ کی بناء پر اس میں مبتلا ہو تو ہم اس سے حد کو روکیں گے۔

یہی حکم ہم تک پہنچا ہے،حضرت''علی بن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''مغیرہ ضبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ہیثم بن بدر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حرقوص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے،ان کے پاس اُن کی بیوی یعنی حرقوص کی

(١٤٨٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٢٨) في الحدود: باب من اتى فرجاً بشهوة وعبدالرزاق (١٣٤٢٦) وابن ابي شيبة ١٠:١٣ في الحدود: باب الرجل يقع على جارية امرأته

بیوی آئی اور اس نے کہا: میرے شوہر نے میری لونڈی سے جماع کیا۔ اس نے کہا: اس نے سچ کہا۔ وہ اور اس کا مال میرا ہے۔ انہوں نے فرمایا: تو جا اور دوبارہ ایسے مت کرنا۔ حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' اس سے حد اس لئے ہٹادی تھی کہ اس نے شبہہ کا دعویٰ کیا تھا۔

☼ مسلمان سے حتی الامکان حد کوٹالنے کی کوشش کرو ☼

1490/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ اَدْرِؤُوْا الْحُدُوْدَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَإِنَّ الْإِمَامَ أَنْ يَّخْطَءَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَّخْطَءَ فِي الْعُقُوْبَةِ فَإِذَا وَجَدْتُّمْ لِلْمُسْلِمِ مَخْرَجاً فَادْرِءُ وْا عَنْهُ

✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جہاں تک ہو سکے اہل اسلام سے حدود کوٹالنے کی کوشش کرو۔ اس لئے کہ امام معاف کرنے میں خطا کرے، یہ اس سے بہتر ہے کہ سزا دینے میں خطا کرے۔ جب تم مسلمان کے لئے کوئی بھی راستہ پاؤ تو اس سے حد کوٹال دو۔

(أخرجه) الحسن ابن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''حسن ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ آزاد کو کوڑے مارے جائیں تو مختلف اعضاء پر مارے جائیں ☼

1491/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِيْ جِلْدِ الْحُرِّ يُفَرِّقُ عَلٰى أَعْضَائِهٖ

✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے' وہ فرماتے ہیں: آزاد کو کوڑے مارے جائیں اور مختلف اعضاء پر مارے جائیں۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو القاسم عبد الله بن محمد بن أبي العوام السعدي في مسنده (عن) أبي جعفر أحمد بن محمد بن سلامة الطحاوي (عن) سليمان بن شعيب الكيساني (عن) أبيه (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن ابن زياد (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ''

(۱۴۹۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۳۰) في الحدود: باب درء الحدود' وعبدالرزاق (۱۳۶۴۱)' وابن ابي شيبة ۵۶۷:۹ في الحدود: باب في درء الحدود بالشبهات

سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوعوام سغدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن شعیب کیسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ یہ کہنا ''میں فلاں کا کچھ نہیں لگتا'' یہ کچھ نہیں ☼

1492/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لَسْتُ لِفُلَانٍ فَلَيْسَ بِشَيْءٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب آدمی کہے کہ میں فلاں کے لئے نہیں ہوں تو یہ کوئی بھی بات نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار (عن) الإمام أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ جس جانور سے بدفعلی کی گئی، اس کو جلا دیا گیا، آدمی پر حد نہیں لگائی گئی ☼

1493/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ اَبِي الْهَيْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ وَقَعَ عَلٰى بَهِيْمَةٍ فَدَرَاَ عَنْهُ الْحَدَّ وَاَمَرَ بِالْبَهِيْمَةِ فَأُحْرِقَتْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم بن ابی ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی کو لایا گیا، اس نے جانور کے ساتھ بدفعلی کی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے حد کو ٹال دیا اور حکم دیا کہ اس جانور کو جلا دیا جائے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

(١٤٩٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٣٢) في الحدود: باب درء الحدود، وابن ابي شيبة ٦٣:١٠ في الحدود: باب في الرجل يقول للرجل: لست بابن فلانة، وعبدالرزاق (١٣٧٣٥) عن الشعبي

(١٤٩٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٢٤) وابن ابي شيبة ٥٠٨:٥ (٢٨٤٩٨) في الحدود: من قال لا حد على من اتى بهيمة قلت: وقد اخرج ابويعلى في السند (٥٩٨٧) عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من وقع على بهيمة فاقتلوها معه

☼ جانور سے بدفعلی کرنے والے پرحد نہیں لگے گی ☼

1494/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجُوْدِ (عَنْ) اَبِىْ رَزِيْنٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَتٰى بَهِيْمَةً فَلَا حَدَّ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عاصم بن ابی نجود رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابورزین رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جو جانور کے ساتھ بدفعلی کرے اس پرحد نہیں لگائی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) أبى حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ اونٹ کا گوشت ہضم کرنے کیلئے اہل عرب گاڑھا نبیذ پیا کرتے تھے ☼

1495/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِىِّ (عَنْ) عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اِنَّ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ جَزُوْراً وَلِاٰلِ عُمَرَ فِيْهِ الْعَتِيْقُ وَاَنَّهٗ لَا يَقْطَعُ لُحُوْمَ هٰذِهِ الْاِبِلِ مِنْ بُطُوْنِنَا اِلَّا النَّبِيْذُ الشَّدِيْدُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ کہا کرتے تھے: مسلمان ہر دن بکری ذبح کرسکتے ہیں اور آل عمر اس میں غلام آزاد کرتے ہیں اور ہمارے پیٹوں میں ان اونٹوں کے گوشت کو صرف گاڑھا نبیذ ہی ہضم کرسکتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) القاسم بن محمد (عن) الوليد بن حماد (عن) الحسن بن زياد (عن) أبى حنيفة قال الحافظ ورواه (عن) أبى حنيفة أبو يوسف وأسد بن عمرو رحمة الله عليهم

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فى مسنده (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فى مسنده (عن) أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن

(١٤٩٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (٦٢٥) وعبدالرزاق ٣٦٦:٧ (١٣٤٩٧) باب الذى يأتى البهيمة وابن ابى شيبة ٥:١٠ (٨٥٥٢) فى الحدود: باب من قال: لا حد على من اتى بهيمة والبيهقى فى السنن الكبرى ٣٣٤:٨ فى الحدود: باب من اتى البهيمة

(١٤٩٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (٨٣٤) والطحاوى فى شرح معانى الآثار ٢١٨:٤ والبيهقى فى السنن الكبرٰى ٢٩٩:٨ والدارقطنى ٢٥٩:٤ وابن ابى شيبة ٧٨:٥ (٢٣٨٦٥) فى الاشربة: فى الرخصة فى النبيذ ومن تركه

سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ محمد بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' اس حدیث کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت انس بن مالک گاڑھا مشروب پیا کرتے تھے ☼

1496/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنِ) الْوَلِيْدِ بْنِ سَرِيْعِ الْمَخْزُوْمِيِّ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ الْكُوْفِيِّ (عَنْ) اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ كَانَ يَشْرَبُ الطِّلَاءَ عَلَى النِّصْفِ

✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ولید بن سریع مخزومی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ عمرو بن حریث کوفی رحمۃ اللہ علیہ کے آزاد کردہ ہیں) سے، وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں' وہ گاڑھا مشروب پیا کرتے تھے۔ (جس کو اتنا پکایا گیا ہو کہ آدھا باقی بچا ہو)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) يحيى بن الربيع البرجمي (عن) محمد بن عاصم (عن) يوسف بن خالد (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) علي بن عبيد كلاهما (عَنِ) الْهَيْثَمِ بن خالد عن أبي نعيم (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي سعد أحمد بن عبد الجبار (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) عبد الله بن إبراهيم بن قتيبة (عن) أبي العلاء بن عمر (عن) سعيد بن موسى الكوفي (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) هناد (عن) إبراهيم (عن) أبي الحسن (عن) أبي بكر الشافعي (عن) أحمد بن إسحاق بن صالح (عن) خالد بن خداش (عن) خويل الصفار (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن

(۱۴۹۶) تقدم في (۱۴۵۲)

عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن ربیع برجمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہیثم بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعد احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلاء بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن موسیٰ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ہناد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن اسحاق بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خویل صفار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

اَلْبَابُ الْحَادِیْ وَالثَّلاثُوْنَ فِی السَّرِقَةِ

اکتیسواں باب: چوری کے بیان میں

☆رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دس درہم کی چوری پر ہاتھ کاٹ دیئے جاتے تھے☆

1497/(اَبُو حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ تُقْطَعُ الْیَدُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ عَشَرَةِ دَرَاهِمٍ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دس درہم کی چوری کے بدلے میں ہاتھ کاٹ دیا جاتا تھا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی عن جده (عن) أبی مقاتل (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) الحسن بن حماد بن حكیم (عن) أبیه (عن) خلف بن یاسین (عن) أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) محمد بن أبی مقاتل (عن) أبیه (عن) أبی مطیع (عن) الإمام أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) الحسن بن حماد بن حكیم (عن) سلمة بن عبد الرحمن الترمذی(عن) أبیه (عن) خلف بن یاسین (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) أبی الحسن بن علی بن مالك (عن) أبی سالم بن المغیرة (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده إلی أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) أبی علی بن شاذان (عن) أبی نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل بن توبة القزوینی (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،

(۱۴۹۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۲۸) وابو یوسف فی الخراج ۱۸۲ وعبدالرزاق ۱۰: ۲۳۳ (۱۸۹۰) فی اللقطة: باب فی کم تقطع ید السارق والطبرانی فی الکبیر (۹۷۴۲) وابن ابی شیبة ۵: ۴۷۳ (۲۸۰۹۷) فی الحدود: من قال لا تقطع فی اقل من عشرة دراهم والبیہقی فی السنن الکبری ۸: ۲۶۰ والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۳: ۱۶۷ فی الحدود: باب المقدار الذی یقطع فیه السارق

انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن حماد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومطیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن حماد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلمہ بن عبدالرحمٰن ترمذی سے، انہوں نے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خلف بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوحسن بن علی بن مالک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسالم بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ دس درہم کی مالیت کی ڈھال کی چوری پر ہاتھ کاٹنے کی سزا نافذ کر دی گئی ☼

1498/(اَبُـو حَـنِيْـفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِيْ مِجَنٍّ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ كَانَ ثَمَنُ الْمِجَنِّ عَشَرَةَ دَرَاهِمٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال کی چوری (کی سزا) میں ہاتھ کاٹ دیئے۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، اس ڈھال کی قیمت دس درہم تھی۔

(۱۴۹۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۳۸) في الحدود: باب حد من قطع الطريق اوسرق وعبدالرزاق (۱۸۹۵۴) وابن ابي شيبة ۹:۴۷۵ في الحدود: باب من قال لا تقطع في اقل من عشرة دراهم

(أخرجه) الحافظ الحسن ابن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبي القاسم عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼اسلام میں ہاتھ کاٹنے کی سب سے پہلی سزا سناتے وقت رحمت عالم پر رقت طاری ہوگئی☼

1499/(اَبُـو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) اَبِيْ مَاجِدِ الْحَنَفِيْ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهِ عَنْهُ اَنَّهُ حَدَّثَهُمْ اَنَّ اَوَّلَ حَدٍّ اُقِيْمَ فِي الْإِسْلَامِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِسَارِقٍ فَاَمَرَ بِهٖ فَقُطِعَتْ يَدُهُ فَلَمَّا اِنْطَلَقَ بِهٖ نَظَرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَاَنَّمَا سفى فِيْ وَجْهِهِ الرماد فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّهُ شَقَّ عَلَيْكَ فَقَالَ اَلَا يَشُقُّ عَلٰى اَنْ تَكُوْنُوْا اَعْوَانُ الشَّيْطَان عَلٰى اَخِيْكُمْ قَالُوْا اَفَلَا تَدَعُهُ قَالَ اَفَلَا كَانَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ يُّؤْتَى بِهٖ فَاِنَّ الْاِمَامَ اِذَا رُفِعَ اِلَيْهِ الْحَدُّ فَلَيْسَ يَنْبَغِيْ لَهُ اَنْ يَّدَعُهُ حَتّٰى يَمْضِيْهِ ثُمَّ تَلَا (وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا) اِلٰى آخِرِ الْاٰيَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت یحییٰ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوماجد حنفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: سب سے پہلی حد اسلام کے اندر جو قائم ہوئی، وہ یہ تھی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چور کو لایا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا، اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا، جب اس کو ہاتھ کاٹنے کیلئے لے جایا جارہا تھا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ (غم کی وجہ سے) یوں تھا جیسے چہرے پر غبار پڑا ہو۔لوگوں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لگتا ہے کہ آپ کو یہ چیز ناگوار گزررہی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا مجھ پر یہ بات ناگوار نہیں گزرے گی کہ تم لوگوں نے اپنے بھائی کے خلاف شیطان کی مدد کردی۔لوگوں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ اس کو چھوڑ دیں۔فرمایا: میرے پاس لانے سے پہلے تم نے ایسا کیوں نہیں کیا؟ اس لئے کہ امام کے پاس جب حد کا مقدمہ پہنچ جائے تو پھر اس کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اس کو چھوڑے اس کو لازم ہے کہ وہ حد نافذ کرے پھر یہ آیت پڑھی:

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

(۱۴۹۹) قد تقدم فی (۱۴۷۲)

"اوردرگزرکریں کیا تم اسے دوست نہیں رکھتے کہ اللہ تمہاری بخشش کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے"

(ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد سعید الهمدانی (عن) أحمد بن عبد الله بن المستورد (عن) عقبة بن مكرم (عن) یونس بن بكیر (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) عبد الله بن محمد بن علی الفقیه (و) عبد الله بن عبید الله بن شریح كلاهما (عن) عیسی بن أحمد

(ورواه) (عن) أبیه وسعید بن ذاكر بن سعید كلاهما (عن) أحمد بن زهیر

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعید (و) عبد الله ابن محمد بن علی كلاهما (عن) أحمد بن عبد الله المكی كلهم (عن) المقری (عن) أبی حنیفة الحدیث من أوله أن رجلاً أتی بابن أخ له نشوان إلی عبد الله بن مسعود رضی الله عنه فطلب له عبد الله عذراً فلم یجد له عذراً فأمر بحبسه فلما صحا دعا به ودعا بسوط فأمر به فقطعت ثمرته ثم دعا بجلاد فقال اجلده ولا تمد ضبعیك ثم أنشأ عبد الله یعد له حتی إذا أكمل ثمانین جلدة خلی سبیله فقال الشیخ یا أبا عبد الرحمن والله إنه لابن أخی ومالی ولد غیره فقال له عبد الله بئس العم والله والی الیتیم أنت والله ما أحسنت أدبه صغیراً ولا سترته كبیراً ثم أنشأ عبد الله یحدثنا قال إن أول حد أقیم فی الإسلام لسارق أتی به النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الحدیث إلی آخره

(ورواه) أیضاً (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) حماد بن أحمد المروزی (عن) الولید بن حماد (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة إلا أنه قال جاء بابن أخ له نشوان قد ذهب عقله وقال ارفع یدك فی جلدك ولا تبد ضبیعك وقال أعوان الشیطان علی أخیكم المسلم وقال فلیس له أن یعطله حتی یقیمه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) منذر بن محمد (عن) أبیه (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال حدثنی أبو عبد الله المسروقی قال هذا كتاب جدی محمد بن مسروق فقرأت فیه (حدثنا) أبو حنیفة بإسناده (عن) عبد الله التیمی أنه قال إن أول حد أقیم فی الإسلام مثل قول زیاد (عن) أبیه الحسن بن الفرات (عن) أبی حنیفة

قال الشیخ أبو محمد البخاری اختلف علی أبی حنیفة فی هذا الإسناد فروی بعضهم (عن) أبی حنیفة (عن) یحیی بن عبد الله التیمی (عن) أبی ماجد الحنفی (عن) عبد الله

وروی بعضهم (عن) یحیی بن عبد الله (عن) أبی ماجد

وروی بعضهم (عن) یحیی بن الحارث (عن) عبد الله بن أبی ماجد قال البخاری والصحیح من رواه (عن) یحیی ابن عبد الله التیمی (عن) أبی ماجد الحنفی (عن) عبد الله

كذلك رواه سفیان الثوری وزهیر بن معاویة وجریر بن عبد الحمید وسفیان بن عیینة وغیرهم

ومن روی غیر هذا فالخطأ منه لا من أبی حنیفة

فأما من روی (عن) أبی حنیفة بمثل ما روی سفیان الثوری وزهیر فهو حمزة بن حبیب الزیات والحسن بن الفرات وأبو یوسف وسعید بن أبی الجهم وأیوب بن هانی ویونس بن بكیر وأبو سعد الصغانی فقالوا (عن) أبی حنیفة

(عن) يحيى بن عبد الله الجابر (عن) أبي ماجد الحنفي (عن) عبد الله بن مسعود
قال أبو محمد البخاري ومن روى غير هذا اللفظ فهو خطأ منه
وأما من روى (عن) يحيى بن الحارث فهو يحيى بن عبد الله أبو الحارث هكذا
قال زهير (عن) يحيى التيمي هو أبو الحارث الجابر أن أبا ماجد رجل من بني حنيفة
قال أبو محمد البخاري وقد حدثنا عبد الله ابن محمد بن نصر المالكي حدثنا الحميدي حدثنا سفيان بن عيينة قيل ليحيى الجابر من أبو ماجد الحنفي قال أعرابي قدم علينا من اليمن

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ بن مستورد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عقبہ بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی فقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبد اللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عیسیٰ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد اور حضرت ''سعید بن ذاکر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن زہیر'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کے آغاز سے روایت کیا گیا ہے، کہ ایک شخص اپنے بدمست بھتیجے کو حضرت ''عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے پاس لے کر آیا، حضرت ''عبد اللہ رضی اللہ عنہ'' نے اس کیلئے سفارش کی۔ لیکن اس کیلئے کوئی گنجائش نہ بنی، اس کو قید کرنے کا حکم دے دیا گیا جب وہ ٹھیک ہو گیا، تو اس کو بلوایا، اور کوڑا بھی منگوایا، اس کی رسی کاٹ دی گئی، پھر جلاد کو بلوایا اور اس کو کہا: اس کو کوڑے مارو، لیکن بازو اوپر مت اٹھانا، پھر حضرت ''عبد اللہ رضی اللہ عنہ'' ان کو گننے لگ گئے، جب ۸۰ کوڑے پورے ہو گئے، تو اس کو چھوڑ دیا۔ پھر شیخ نے کہا: اے ابو عبد الرحمٰن! اللہ کی قسم! بے شک وہ میرے بھائی کا بیٹا ہے، اس کے سوا میرا کوئی بھی بیٹا نہیں ہے۔ حضرت ''عبد اللہ رضی اللہ عنہ'' نے کہا: وہ چچا کتنا برا ہے، اللہ کی قسم، اور تم یتیم کے کتنے ہی برے والی ہو، اللہ کی قسم! تم نے نہ تو بچپن میں اس کی اچھی تربیت کی اور نہ ہی اس کے بڑے ہونے پر اس کو بچایا۔ پھر حضرت ''عبد اللہ رضی اللہ عنہ'' کہا کرتے تھے: اسلام میں سب سے پہلی حد جو نافذ کی گئی، وہ ایک چور کی تھی، ایک چور کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا۔ اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حماد بن احمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ ہے۔ وہ اپنے بدمست بھتیجے کو لے کر آیا، اس کی عقل ضائع ہو چکی تھی، انہوں نے فرمایا: اس کو کوڑے مارتے وقت ہاتھ اوپر مت اٹھانا اور بازوؤں کو الگ نہیں کرنا۔ اور فرمایا: تم اپنے مسلمان بھائی کے خلاف شیطان کے

مددگار ہو۔ اور فرمایا: اس پر حد نافذ کئے بغیر اب کوئی چارہ نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' مجھے حدیث بیان کی، حضرت ''ابوعبداللہ مسروقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا حضرت ''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ تیمی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' اسلام میں سب سے پہلی حد جو نافذ ہوئی، اس کے بعد حضرت ''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' کی حدیث کی مثل حدیث بیان کی، انہوں نے اپنے والد حضرت ''حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''شیخ ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' اس اسناد میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر اختلاف ہے۔ کچھ لوگوں نے اس کو یوں بیان کیا ہے۔ حضرت ''یحییٰ بن عبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوماجد حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ کچھ لوگوں نے اس کو یوں روایت کیا ہے۔ حضرت ''یحییٰ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوماجد'' سے روایت کیا ہے۔ کچھ لوگوں نے اس کو یوں روایت کیا ہے حضرت ''یحییٰ بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابوماجد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''شیخ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' اس بارے میں صحیح روایت وہ ہے جو:

حضرت ''یحییٰ بن عبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوماجد حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہیر بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔ جن کی روایت اس سے ہٹ کر ہے، وہ ان کی غلطی ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی غلطی نہیں ہے۔

جنہوں نے یہ حدیث حضرت ''یحییٰ بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ حضرت ''یحییٰ بن عبداللہ ابوالحارث رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ حضرت ''زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ حدیث ''حضرت یحییٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے، اور وہ حضرت ''ابوالحارث جابر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، ان کا کہنا ہے کہ ''ابوماجد'' بنی حنیفہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص ہیں۔

○حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن نصر مالکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''حمیدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔ حضرت ''یحییٰ بن جابر رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا: ابوماجد حنفی کون ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ ایک دیہاتی ہیں، یمن سے ہمارے پاس آئے تھے۔

☼ کھجور کی گوند چوری کرنے میں اور پھل چوری کرنے میں ہاتھ کاٹنے کی سزا نہیں ہے ☼

1500/(اَبُو حَنِيفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ يَرْفَعُهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ

(۱۵۰۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۳۹) وفي الموطا ۲۳۷ (۶۸۳) ومالك في الموطا ص ۶۰۴ (۱۵۲۶) واحمد ۲: ۱۴۰ والترمذي (۱۴۴۹) وعبدالرزاق (۱۸۹۱۶) وابن ابي شيبة ۱: ۱۹۹ في الحدود: باب الرجل يسرق التمر والطعام والطبراني في الكبير (۴۲۷۷) والبيهقي ۸: ۲۶۳ والطحاوي في شرح معاني الآثار في الحدود: باب سرقة التمر والكنز

لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ فِيْ كَثَرٍ وَلَا ثَمَرٍ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ہیثم شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے مرفوعاً بیان کرتے ہیں، رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: کھجور کی گوند کی چوری اور پھل کی چوری کرنے میں ہاتھ نہ کاٹے جائیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ والثمر ما كان في رؤوس النخل والشجر ولم يحرز في البيوت فلا قطع على من سرقه والكثر هو جمار النخل فلا قطع على من سرقه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور ''ثمر'' سے مراد وہ پھل ہیں جو درختوں پر لگے ہوئے ہوں، اور ابھی گھر میں نہ لائے گئے ہوں۔جس نے یہ پھل چرائے اس کے ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔اور ''کثر'' سے مراد کھجور کے درخت کی گوند ہے اس کی چوری کرنے والے کے ہاتھ بھی نہیں کاٹے جائیں گے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ دس درہم یا ایک دینار سے کم کی چوری میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا ☼

1501/(أَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ الْمَسْعُوْدِيِّ (عَنِ) الْقَاسِمِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ لَا تُقْطَعُ الْيَدُ فِيْ اَقَلَّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ اَوْ دِيْنَارٍ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عتبہ مسعودی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت قاسم کے رحمۃ اللہ علیہ واسطے سے، ان کے والد کے ذریعے، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: دس درہم یا ایک دینار سے کم قیمت کی چوری میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبي حنيفة

قال الحافظ ورواه (عن) الإمام أبي حنيفة حمزة بن حبيب وأبو يوسف وعبد الله بن الزبير والحسن بن زياد وأسد بن عمرو وأيوب بن موسى

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ'' طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہی حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ایوب بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

(۱۵۰۱) تقدم فی (۱۴۹۷)

☼ چور سے چوری کا انکار کروا کر اس سے حد ساقط کر دی ☼

1502/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ قَالَ أُتِيَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيْ بِسَارِقٍ فَقَالَ اَسَرَقْتَ قُلْ لَا فَقَالَ لَا فَخَلّٰى سَبِيْلَهُ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ایک چور لایا گیا، آپ نے اس سے پوچھا: کیا تو نے چوری کی ہے؟ تو کہہ نہیں۔ اس نے کہا: نہیں۔ تو انہوں نے اس کو چھوڑ دیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة فقال محمد رحمه الله وأما نحن فنقول لا ينبغي للحاكم أن يقول أسرقت ولكنه يسكت عنه حتى يقر أو ينكر قال وكذلك قال أبو حنيفة في الشاهد يشهد عند الحاكم لا ينبغي أن يقول له اشهد بكذا وكذا ولكنه يسكت حتى يأتي بما عنده فإن كانت الشهادة صحيحة نفذها وإلا ردها وكذلك في الحدود

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم کہتے ہیں' حاکم کیلئے جائز نہیں ہے کہ اس سے پوچھے: کیا تو نے چوری کی ہے؟ بلکہ حاکم چپ رہے، وہ خود ہی اقرار کرے یا انکار کرے۔ حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' جب گواہ حاکم کے پاس گواہی دے، حاکم کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ اس سے خود پوچھے ''کیا تو اس اس عمل کی گواہی دیتا ہے؟'' بلکہ حاکم خاموش رہے اور اس کو اپنے مافی الضمیر کے اظہار کا موقع دے۔ اگر اس کے پاس صحیح گواہی ہو تو اس کو نافذ کر دے ورنہ رد کر دے، یہی طریقہ کار تمام حدود میں بھی ہے۔

☼ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عورت کا ہاتھ کاٹنے میں بہت احتیاط سے کام لیا ☼

1503/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) اَبِيْ كَبْشَةَ (عَنْ) اَبِي الدَّرْدَاءِ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أُتِيَ بِسَارِقَةٍ فَقَالَ اَسَرَقْتِ قُوْلِيْ لَا فَقَالَتْ لَا فَقَالُوْا تُلَقِّنُهَا قَالَ جِئْتُمُوْنَا بِإِنْسَانٍ لَا يَدْرِيْ مَا يُرَادُ بِهِ الْخَيْرُ اَمِ الشَّرُّ لِتُقِرَّ حَتّٰى اَقْطَعَهَا

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت ابوکبشہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک چور خاتون کو لایا گیا۔ آپ نے اس سے پوچھا: کیا تو نے چوری کی ہے؟ تو کہہ نہیں کی۔ اس نے کہا: نہیں کی۔ لوگوں نے کہا: آپ اس کو تلقین کر رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم میرے پاس ایسا انسان لائے ہو جس کو معلوم نہیں ہے کہ اس کے ساتھ اچھائی کا ارادہ کیا گیا ہے یا برائی کا، تاکہ یہ اقرار کر لے اور میں اس کے ہاتھ کاٹ دوں۔

(۱۵۰۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(۶۳۴) وعبدالرزاق۱۰:۲۲۴(۱۸۹۲۱) وابن ابي شيبة ۵:۵۱۴(۲۵۸۶۶) في الحدود: في الرجل يؤتى به فيقال: اسرقت؟ قل: لا والبيهقي في السنن الكبرى۸:۲۷۶

(۱۵۰۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(۶۳۳) وابن ابي شيبة ۱۰:۲۳(۲۸۴۷۴) في الحدود: باب السارق يؤتى به فيقال: اسرقت؟ قل لا وعبدالرزاق۱۰:۲۲۵(۱۸۹۲۲) والبيهقي في السنن الكبرى ۸:۲۷۶

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع الثلجي عن الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة غير أنه لم يرفعه إلى عمر بل قال أتى أبو الدرداء وهو على دمشق بجارية سوداء قد سرقت فقال لها أسرقت قولي لا الحديث إلى آخره (أخرجه) الحسن بن زياد في مسنده فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، وہ حدیث حضرت عمر تک نہیں پہنچتی، بلکہ انہوں نے فرمایا: حضرت ''ابودرداء رضی اللہ عنہ'' ایک سیاہ فام لونڈی لائے، اس نے چوری کر لی تھی (یہ ان دنوں دمشق کے والی تھے) انہوں نے لونڈی سے پوچھا: کیا تو نے چوری کی ہے؟ تو کہہ: نہیں۔ اس کے بعد مفصل حدیث بیان کی۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ جھپٹنے والے کے ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے ☼

1504/(اَبُو حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عُثْمَانَ بْنِ رَاشِدٍ (عَنْ) عَائِشَةَ بِنْتِ عَجْرَدٍ قَالَتْ قَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍ فِي الْمُخْتَلِسِ لَا قُطِعَ عَلَيْهِ وَالْمُغْتَسِلُ إِذَا نَسِيَ الْمَضْمَضَةَ وَالْإِسْتِنْشَاقَ لَا إِعَادَةَ عَلَيْهِ إِلَّا اَنْ يَكُوْنَ جُنُباً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عثمان بن راشد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ عائشہ بنت عجرد رحمۃ اللہ علیہا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے جھپٹ کر کوئی چیز چھیننے والے کے بارے میں فرمایا: اس کے ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے اور غسل کرنے والا جب غسل کے دوران کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا بھول جائے تو غسل دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے سوائے اس صورت کے کہ وہ جنبی ہو۔

أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) محمد بن مخلد عن الحسن بن الصباح الزعفراني (عن) أسباط عن أبي حنيفة

(ورواه) (عن) علي بن محمد (عن) القاسم وخالد كلاهما (عن) أبي نعيم (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن صباح زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسباط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٥٠٤) قلت: وقد اخرج محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٣٧) وعبد الرزاق ١٠:٢٠٨ (١٨٨٥١) في اللقطة: باب الاختلاس والبيهقي في السنن الكبرى ٨:٢٨٠ عن علي ابن ابي طالب رضي الله عنه انه قال: لا يقطع مختلس

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے چوری کی، گرفتار ہوا، چھوٹ گیا، پھر چوری کی، ہاتھ کاٹ دیا جائے ☼

1505/(اَبُـو حَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيمَ فِيْ سَارِقٍ سَرَقَ فَأُخِذَ فَانْفَلَتَ ثُمَّ سَرَقَ مَرَّةً أُخْرٰى قَالَ يُقْطَعُ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے ایک چور کے بارے میں فرمایا: جس نے چوری کی تھی وہ پکڑلیا گیا، لیکن وہ چھوٹ گیا، اس نے دوسری مرتبہ پھر چوری کی۔ آپ نے فرمایا: اس کے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا نرى عليه إلا قطعاً واحداً وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہاتھ صرف ایک ہی مرتبہ کاٹے جائیں گے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوعلی عبداللہ بن محمد بن علی بلخی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''نعیم بن ناعم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یحییٰ بن یزید امام مسجد اہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت''سعید بن عثمان بن بکیرلا ہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زید بن حریش رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والدحضرت''امام اہوازی محمد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوالغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوسہل سعید بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زید بن حریش رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والدحضرت''امام محمد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''ابوسہل سعید بن بکیر الاہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والدحضرت''امام محمد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''قاضی ابوبکرمحمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاضی ابویعلیٰ محمد بن حسین بن الفراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''ابوقاسم علی بن علی بن عیسیٰ وزیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن محمد نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبد اللہ بن احمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''زید بن حریش رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والدحضرت''امام اہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

،انہوں نے حضرت ''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ''گوہ'' کا ہدیہ پیش کیا گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھائی ☼

1536/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهُ اُهْدِيَ اِلَيْهَا ضَبٌّ فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَنَهٰى عَنْ اَكْلِهٖ فَجَاءَ سَائِلٌ فَاَمَرَتْ لَهُ بِهٖ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَتُطْعِمِيْنَ مَا لَا تَاْكُلِيْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں: ان کے پاس ایک ''گوہ'' ہدیہ کے طور پر لائی گئی، میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کھانے سے منع فرمادیا۔ ایک سائل آیا، میں نے وہ گوہ اس سائل کو دینے کا حکم دے دیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: جو خود نہیں کھاتی وہ تم دوسروں کا کھلا رہی ہو۔

(أخرجه) البخاری (عن) صالح بن منصور بن نصر الصغانی (عن) حم بن نوح (عن) أبی سعد الصغانی (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی طالب بن يوسف (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده عمرو بن أبی عمرو (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع عن الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الكلاعی فی مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبيه خالد بن خلی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) الإمام أبی حنيفة رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(وأخرجه) محمد بن الحسن فی نسخته فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن منصور بن نصر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حم بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعد صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''

(۱۵۳۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الموطا ۲۸۱ والحصكفی فی مسند الامام (۴۰۱) والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۲۰۱:۴ والبيهقی فی السنن الكبری ۳۲۵:۹ واحمد ۱۰۵:۶ وابو يعلی (۴۴۶۱)

ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے ۔اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں ۔اور یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والد حضرت''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

ایک گائے کو سات افراد کی طرف سے قربان کیا جا سکتا ہے

1537/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ اَلْبَقَرَةُ تُجْزِءُ عَنْ سَبْعَةٍ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گائے سات آدمیوں کی طرف سے کافی ہے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي الحسن محمد بن إبراهيم بن أحمد البغوى (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد اللؤلؤى (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الحسن بن على الفارسي (عن) محمد بن المظفر الحافظ بأسانيده المذكورة أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''ابوحسن محمد بن ابراہیم بن احمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد لولوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابومحمد حسن بن علی فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

ایک گائے کی قربانی سات افراد کی طرف سے کی جا سکتی ہے

1538/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَلْبَقَرَةُ تُجْزِءُ عَنْ سَبْعَةٍ يُضَحُّوْنَ بِهَا

(١٥٣٧) اخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار ٤:١٧٥ (٦١١٩) في الصيد والذبائح والاضاحي

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مسلم اعور رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ایک آدمی سے وہ امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: گائے سات افراد کی طرف سے کفایت کرتی ہے سات آدمی ایک گائے کی قربانی کر سکتے ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رحمه الله

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ شکاری کتے کو بسم اللہ پڑھ کر چھوڑا، اس کا مارا ہوا شکار کھا سکتے ہیں، اگرچہ وہ اس کو مار ہی ڈالے ☼

1539/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ (عَنْ) عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَبْعَثُ الْكِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ اَفَنَاْكُلُ مَا اَمْسَكْنَ عَلَيْنَا فَقَالَ اِذَا ذَكَرْتَ اِسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مَا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ مَا لَمْ يُشْرِكْهَا كَلْبٌ مِنْ غَيْرِهَا قُلْتُ وَاِنْ قَتَلَتْهُ قَالَ وَاِنْ قَتَلَتْهُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَحَدُنَا يَرْمِي الْمِعْرَاضَ قَالَ اِذَا رَمَيْتَ فَسَمَّيْتَ فَخَرِقَ فَكُلْ وَاِنْ اَصَابَ بِعَرْضِهٖ فَلَا تَاْكُلْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ہمام بن حارث رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عدی بن حاتم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: ہم سدھائے ہوئے کتوں کو چھوڑتے ہیں، تو کیا وہ کتے جو ہمارے لئے چھوڑ دیں، روک کر رکھ لیں، کیا ہم اس کو کھا لیا کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو نے اللہ کا نام لیا تھا تو جو انہوں نے چھوڑ دیا اس کو تو کھا، جب تک کہ کوئی اور کتا اس میں شریک نہ ہوا ہو۔میں نے کہا: اگر وہ کتا اس کو مار ڈالے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ مار ڈالے۔میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے کوئی شخص تیر پھینکتا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو نے پھینکا اور اللہ کا نام لے کر پھینکا اور وہ اس کو چیرتے ہوئے گزر گیا ہو تو اس کو کھا لو اور اگر وہ چوڑائی میں اس کو لگا ہو تو مت کھاؤ۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) الحسن بن على الترمذى (عن) عبد العزيز بن خالد الترمذى (عن) أبى حنيفة (ورواه) أيضاً (عن) محمد ابن يوسف السرخسى (عن) أحمد بن مصعب (عن) الفضل بن موسى (عن) أبى حنيفة (ورواه) أيضاً (عن) محمد بن الحسن البزار (عن) محمد بن شجاع (عن) حماد بن قيراط الخراسانى (عن) الإمام

(۱۵۳۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۲) والطحاوى فى شرح معانى الآثار ۱۷۵:٤ (۶۱۱۹) فى الصيد والذبائح والاضاحى

(۱۵۳۹) اخرجه الحصكفى فى مسند الامام (٤۰۲) وابن حبان (۵۸۸۱) ومسلم (۱۹۲۹) (۱) فى الصيد بالكلاب المعلمة والبيهقى فى السنن الكبرى ۲۳۵:۹ وابو داود (۲۸٤۷) فى الصيد: باب اتخاذ الكلاب للصيد وغيره والطيالسى (۱۰۳۱) واحمد ۲۵۸:٤ والبخارى (۵٤۷۷) فى الذبائح وابن ماجة (۳۲۱۵)

أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة المؤدب (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبی حنیفة مختصرًا قال سألت رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عن صید قتله الكلب قبل إدراكی ذكاته فأمرنی بأكله

(وأخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسین (عن) عبد الرحمن بن عمر بن أحمد عن أبی الحسن محمد بن إبراهیم بن أحمد (عن) أبی عبد الله محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) أبی حنیفة

(ورواه) مختصرًا بمعناه (عن) أبی طالب بن یوسف (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده عمرو بن أبی عمرو (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنیفة رحمه الله

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسن بن علی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن خالد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن یوسف سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن قیراط خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت مؤدب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختصر طور پر روایت کیا ہے۔ اس میں یہ ہے سالت رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ (عن) صید قتلہ الکلب قبل ادراکی ذکاتہ فامرنی باکلہ (میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: شکاری کتا میرے پہنچ کر ذبح کرنے سے پہلے ہی شکار کو مار ڈالے تو کیا کروں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کھانے کی اجازت عطا فرمائی)

○اس حدیث کوحضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن محمد بن ابراہیم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے، مختصر طور پر حدیث بیان کی۔ اور معنی اُسی حدیث کا ہے۔) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ سدھائے ہوئے کتے نے شکار کو مار ڈالا، اس کو ذبح کرنے کا موقع نہ ملا، اس کو کھا سکتے ہیں ☼

1540/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَدِىُّ بْنُ حَاتِمٍ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّيْدِ اِذَا قَتَلَهُ الْكَلْبُ قَبْلَ اَنْ تُدْرِكَ ذَكَاتَهُ فَاَمَرَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَكْلِهٖ اِذَا كَانَ مُعَلَّماً

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کتا جب شکا کو مار ڈالے اور اس کو ذبح کرنے کی نوبت نہ آئے تو کیا کیا جائے؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ اس کو کھا لو جبکہ وہ کتا سدھایا ہوا ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) محمد بن الحسن في نسخته فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ سدھایا ہوا کتا شکار روک لے، تو کھا لو، کتا سدھایا ہوا نہ ہو تو اس کو مت کھاؤ ☼

1541/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِذَا اَمْسَكَ عَلَيْكَ كَلْبُكَ الْمُعَلَّمُ فَكُلْ وَاِذَا اَمْسَكَ عَلَيْكَ غَيْرُ الْمُعَلَّمِ فَلَا تَاْكُلْ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب تیرا سدھایا ہوا کتا تیرے لئے شکار روک لے تو، تو اس کو کھا لے اور جب وہ کتا جو سدھایا ہوا نہ ہو، وہ تیرے لئے

(۱۵۴۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۲۴) وابن حبان (۵۸۸۰) والدارقطنی ۲۹۴:۴ وعبدالرزاق (۸۵۰۲) واحمد ۲۵۷:۴ والبخاری (۵۴۸۴) فی الذبائح والصید: باب اذا غاب یومین او ثلاث وابن ماجة (۳۲۱۳) والطبرانی فی الکبیر ۱۷ (۱۵۴) والبیهقی فی السنن الکبری ۲۳۶:۹

(۱۵۴۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۲۵) وابن ابی شیبة ۲۴۱:۴ (۱۹۵۹۱) فی الصید: فی الکلب یرسل علی صیده فیتعقبه غیره

روک کر رکھے تو اس کو مت کھا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ تین دن سے زیادہ تک قربانی کا گوشت رکھنے سے جو اس وقت ممانعت تھی، اس کی بنیادی وجہ ☼

1542/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ وَعَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اَنَّهُمَا حَدَّثَا (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ (عَنْ) لُحُوْمِ الْاَضَاحِيْ اَنْ تُمْسِكُوْهَا فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ لِيُوْسِعَ مُوْسِعُكُمْ عَلٰى فَقِيْرِكُمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ دونوں بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ تک سنبھال کر رکھنے سے اس لئے منع کیا کرتا تھا تا کہ جو کشادہ دست لوگ ہیں وہ محتاجوں کو دیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن إسماعيل (عن) أبي صالح (عن) الليث (عن) أبي عبد الرحمن الخراساني (عن) أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بنی تغلب کے نصاریٰ کا ذبیحہ جائز ہے ☼

1543/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ عَنْ عِكْرِمَةَ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ ذَبَائِحِ نَصَارٰى بَنِيْ تَغْلَبٍ وَالْفَلَاحِيْنَ وَلَمْ يَقْرَاُوا الْاِنْجِيْلَ فَقَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَاِنَّهُ مِنْهُمْ) وَلَا بَاْسَ بِذَبَائِحِهِمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' ان سے بنی تغلب کے نصاریٰ کے ذبیحہ کے بارے میں اور وہاں کے کسانوں کے ذبیحہ کے بارے میں پوچھا گیا، انہوں نے انجیل نہیں پڑھی تھی تو انہوں نے یہ آیت پڑھ کر سنائی:

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّه مِنْهُمْ

(۱۵۴۲) قد تقدم في (۱۵۳۳)

(۱۵۴۳) اخرجه ابن جرير في التفسير ۵:۶۱۸ (۱۲۱۶۹)

''اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

فرمایا: ان کے ذبیحے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) القاضي عمر ابن الحسن الأشناني (عن) محمد بن علي (عن) بشر بن الوليد (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة (وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي بكر الخياط (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک اونٹ میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں ☼

1544/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَشْتَرِكُ كُلُّ سَبْعَةٍ فِیْ جَزُوْرٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں 'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک اونٹ میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي علي بن محمد بن عبيد (عن) حمد بن محمد بن عبيد (عن) المتسحر بن الصلت (عن) أبيه (عن) النجم بن بشير (عن) أبي يوسف القاضي (عن) أبي حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) يحيى بن إسماعيل (عن) الحسن بن إسماعيل (عن) الحسين بن الحسن بن عطية (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) عثمان بن سهل بن مخلد (عن) الحسن بن محمد بن الصباح (عن) أسد بن عمرو (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

(ورواه) الحسين بن خسرو (عن) أبي المعالي ثابت بن بندار بن إبراهيم (عن) أبي محمد الحسن بن محمد الخلال (عن) أبي عمر بن حيويه (عن) أبي القاسم عثمان بن سهل بن مخلد البزاز (عن) الحسن بن محمد بن

(١٥٤٤) اخرجه ابن حبان (٤٠٠٤) والحاكم في المستدرك ٤:٢٣٠ والدارمي ٧٨:٧ والبيهقي في السنن الكبرى ٧٨:٦ واحمد ٢٩٢:٣ ومسلم (١٣١٨) (٣٥١) في الحج: باب الاشتراك في الهدي والبيهقي في السنن الكبرى ٢٣٤:٥ وابوداود (٢٨٠٧) في الاضاحي: باب في البقر والجزور عن كم تجزي

الصباح الزعفرانی (عن) أسد بن عمرو (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعلی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''متسحر بن صلت رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''نجم بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن حسن بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''عثمان بن سہل بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''حسین بن خسرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابومعالی ثابت بن بندار بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعمر بن حیویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عثمان بن سہل بن مخلد بزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد بن صباح زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بردہ بن نیار کی وہ قربانی بھی قبول کر لی جوانہوں نے نماز عید سے کر لی تھی ☼

1545/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ وَالشَّعْبِيِّ (عَنْ) اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ نَيَارٍ اَنَّهُ ذَبَحَ شَاةً قَبْلَ الصَّلَاةِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ تُجْزِءُ عَنْكَ وَلَا تُجْزِءُ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں'وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں'وہ حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں'انہوں نے نماز سے پہلے بکری ذبح کر لی،اس بات کا تذکرہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری طرف سے تو یہ ہوگئی ہے لیکن تیرے علاوہ کسی اور کے لئے یہ جائز نہیں ہے۔

(۱۵۴۵)اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۴۱۲)والطحاوي في شرح معاني الآثار۱۷۲:۴في الضحايا:باب من نحر يوم النحر قبل ان ينحر الامام وابويعلى (۱۶۶۱)والترمذي (۱۵۰۸)في الاضاحي:باب ماجاء في الذبح بعد الصلاة واحمد۲۹۷:۴ومسلم (۱۹۶۱)(۵)في الاضاحي:باب وقتها والبخاري (۵۵۵۶)في الاضاحي وابوداود (۲۸۰۱)في الضحايا:باب مايجوز من السن في الضحايا والبيهقي في السنن الكبرى۲۶۹:۹

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن إبراهیم بن زیاد الرازی (عن) أبی بلال (عن) أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو بلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اللہ تعالیٰ نے ان کے ذبیحہ کو حلال کیا ہے، جو وہ کہتے ہیں، وہ سب جانتا ہے ☼

1546/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ بْنِ حَبِیْبٍ (عَنِ) الشَّعْبِیِّ اَنَّهُ قَالَ قَدْ اَحَلَّ اللّٰهُ ذَبَائِحَهُمْ وَهُوَ یَعْلَمُ مَا یَقُوْلُوْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ان کے ذبیحے کو حلال کیا ہے اور وہ جانتا ہے جو وہ کہتے ہیں۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی سعید أحمد بن عبد الجبار (عن) أبی القاسم التنوخی (عن) القاضی أبی القاسم بن الثلاج (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) محمد بن الحسن (عن) أبیه (عن) یحیی بن مهاجر العبدی الکوفی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم تنوخی سے، انہوں نے قاضی ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن مہاجر عبدی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس جانور کی دم کٹی ہو، اس کی قربانی کرنے میں حرج نہیں ہے ☼

1547/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ عَمْرٍو الْاَسَدِیِّ (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ یُضَحِّیَ بِالْبُتَیْرَاءِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حبیب بن ابی عمرو اسدی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کی دم کٹی ہوئی ہو اس کی قربانی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) محمد بن عبید بن عیینة (عن) أبی فروة (عن) أسد بن عمرو (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبید بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۵۴۶) اخرجه ابن ابی شیبة ۶:۴۳۷ (۲۲۶۸۵) فی السیر: ماقالوا فی طعام الیهودی والنصرانی وعبدالرزاق ۴:۴۸۷ (۸۵۷۵) فی المناسك: باب ذبیحة اهل الکتاب

☼ رسول اکرم ﷺ نے خرگوش کا گوشت کھانے کی اجازت عطا فرمائی ☼

1548/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ اَنَّ رَجُلاً مِنْ بَنِىْ سَلْمَةَ اَصَابَ اَرْنَباً وَلَمْ يَجِدْ سِكِّيْناً فَذَبَحَهَا بِمَرْوَةٍ فَسَالَ عَنْهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ بِاَكْلِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: بنی سلمہ کے ایک آدمی نے ایک خرگوش شکار کیا، اس کو ذبح کرنے کے لئے اس کے پاس چھری موجود نہیں تھی، تو اس نے تیز دھار پتھر سے اس کو ذبح کرلیا، پھر رسول اکرم ﷺ سے اس کے بارے میں مسئلہ پوچھا تو حضور ﷺ نے اس کو کھانے کی اجازت عطا فرمائی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) محمد بن مخلد (عن) بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الغنائم محمد بن أبى عثمان (عن) أبى الحسن بن زرقويه (عن) أبى سهل أحمد بن محمد بن زياد القطان (عن) بشر بن موسى (عن) أبى عبد الرحمن المقرى (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفى (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبى على الحسن بن محمد بن سعدان (عن) الحسن بن على بن عثمان (عن) أبى يحيى عبد الحميد الحمانى (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى الأنصارى فى مسنده (عن) أبى محمد الحسن بن على الجوهرى (عن) أبى بكر أحمد بن محمد بن جعفر بن حمدان القطيعى (عن) بشر بن موسى (عن) أبى عبد الرحمن المقرى (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوغنائم محمد بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن بن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد قطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن

(۱۵۴۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۸۰۲) وابن حبان (۵۸۸۷) وابو داود (۲۸۲۲) فى الاضاحى: باب فى الذبيحة بالمروة والطيالسى (۱۱۸۳) وعبد الرزاق (۸۶۹۲) واحمد ۴۷۱:۳ وابن ابى شيبة ۳۸۹:۵ وابن ماجة (۳۱۷۵)

مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن سعدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابومحمد حسن بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ہر مسلمان کے دل میں ''بسم اللہ'' ہوتی ہے، چاہے وہ زبان سے بسم اللہ نہ بھی پڑھے ☼

1549/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَزِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) جَابِرٍ اَنَّهُ قَالَ فِيْ قَلْبِ كُلِّ مُسْلِمٍ اَلتَّسْمِيَةُ سَمّٰى اَوْ لَمْ يُسَمِّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''یزید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ایک آدمی سے، وہ حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ہر مسلمان کے دل کے اندر بسم اللہ شریف ہوتی ہے، چاہے وہ زبان سے بسم اللہ پڑھے یا نہ پڑھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا ترك التسمية ناسياً

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب وہ ذبح کے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول جائے۔

☼ ہر مسلمان کا ذبیحہ حلال ہے ☼

1550/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) جَابِرٍ قَالَ ذَكَاةُ كُلِّ مُسْلِمٍ حَلَّتْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ ایک آدمی سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہر مسلمان کا ذبیحہ حلال ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد يعنى بذلك أن الرجل يذبح وينسى اسم الله تعالى قال لا بأس بأكل ذبيحته

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام

(١٥٤٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٠٠) والعثماني في اعلاء السنن ١٧:٧٩ (٥٤٧٥) في الذبائح: باب في حل متروك التسمية ناسياً

(١٥٥٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٠١) في الذبائح: باب الذبائح وعبدالرزاق (٨٥٤٠) في المناسك: باب التسمية عند الذبائح

محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص جانور ذبح کرنے لگا ہو، وہ اللہ کا نام پڑھنا بھول جائے تو اس کا ذبیحہ کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

☼ دانت، ناخن اور ہڈی کے سوا ہر اس چیز سے ذبح کر سکتے ہیں جو رگوں کو کاٹ کر خون بہا دے ☼

1551/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ قَالَ اِذْبَحْ بِكُلِّ شَيْءٍ اَفْرَى الْاَوْدَاجَ وَاَنْهَرَ الدَّمَ مَا خَلَا السِّنِّ وَالظُّفُرُ وَالْعَظْمِ فَاِنَّهَا مُدَى الْحَبَشَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: ہر ایسی چیز کے ساتھ ذبح کر سکتے ہو جو رگوں کو کاٹ دے اور خون بہا دے سوائے دانت، ناخن اور ہڈی کے کیونکہ یہ حبشیوں کی چھریاں ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ پتھر کے ساتھ جانور ذبح کیا، حلال ہے ☼

1552/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ الصَّيْرَفِيِّ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ خَرَجَ غُلَامٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اِلٰى قِبَلِ اُحُدٍ فَاصْطَادَ اَرْنَباً فَلَمْ يَجِدْ مَا يَذْبَحُهَا بِهٖ فَذَبَحَهَا بِحَجَرٍ فَجَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ عَلَّقَهَا بِيَدِهٖ فَاَمَرَهُ بِاَكْلِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: انصار کا ایک غلام احد پہاڑ کی جانب گیا، اس نے ایک خرگوش شکار کیا تو اس کے پاس ذبح کرنے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی، اس نے پتھر کے ساتھ اس کو ذبح کر لیا پھر وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور ہاتھ میں اس کو لٹکایا ہوا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کھانے کی اجازت عطا فرمائی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن الأشرس بن موسى الأسلمي (عن) حفص بن عبد الله

(ورواه) (عن) صالح بن محمد الأسدي (عن) قطن ابن إبراهيم النيسابوري (عن) حفص بن عبد الله (عن) إبراهيم بن طهمان (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن عقبة الهمداني (عن) نصر بن محمد بن محمد بن نصر الكندي (عن) محمد بن مهاجر (عن) حفص بن عبد الرحمن (عن) أبي حنيفة (عَنِ) الْهَيْثَم (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عن) جابر بن عبد الله أن رجلاً

(١٥٥١) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٠٣) في الذبائح 'واحمد ٣:٤٦٣'والبخاري (٥٥٤٣) في الصيد: اذا اصاب القوم غنيمة 'ومسلم (١٩٦٨) (٢٠) في الاضاحي :باب جواز الذبائح بكل ما انهر الدم' وابوداود (٢٨٢١) في الاضاحي :باب في الذبيحة بالمروة 'والترمذي (١٤٩١) في الاحكام والفوائد :باب ماجاء في الذكوة باالنصب وغيره

(١٥٥٢) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٤٠٨) 'والترمذي (١٤٧٢) في الذبائح :باب ماجاء في الذبيحة بالمروة 'والبيهقي في السنن الكبرى ٩:٣٢١ في الضحايا

أصاب أرنبين فذبحهما بمروة يعني بحجر فأمره النبي صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بأكلهما

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني قال قرأت في كتاب حمزة ابن حبيب حدثنا أبو حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن عقدة (عن) الحسن بن علي بن عفان (عن) عبد الحميد أبي يحيى الحماني (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) إسماعيل بن بشر وحمدان بن ذي النون (عن) مكي ابن إبراهيم (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن حازم (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) الحسن بن عمر بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) جده إبراهيم بن طهمان (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن عبد الله المسروقي قال وجدت في كتاب جدي (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن يزيد بن أبي خالد البخاري (عن) الحسن بن عمر بن شقيق (عن) أبي يوسف القاضي (عن) الإمام أبي حنيفة(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) الحسن بن محمد بن سعدان (عن) الحسن بن علي بن عفان (عن) أبي يحيى (عن) أبي حنيفة

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حفص بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''صالح بن محمد اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قطن بن ابراہیم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حفص بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن محمد بن عقبہ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''نصر بن محمد بن محمد بن نصر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حفص بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما'' سے مروی ہے ایک شخص نے دوخرگوش شکار کئے،ان کو پتھر کے ساتھ ذبح کیا،رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کھانے کی اجازت دی۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کیا ہے،انہوں نے کہا میں نے حضرت''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،اس میں ہے،ہمیں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن محمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''حسن بن علی بن عفان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبدالحمید ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مکی ابن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ مسروقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' وہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن یزید بن ابو خالد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر بن شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسن بن محمد بن سعدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن علی بن عفان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک قربانی اپنی طرف سے، اور ایک امت کی طرف سے کیا کرتے تھے ☼

1553/(اَبُـوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ضَحّٰى بِكَبْشَيْنِ اَجْذَعَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَحَدُهُمَا عَنْ نَفْسِهٖ وَالْآخَرُ عَنْ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنْ اُمَّتِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن سابط رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مینڈھوں کی قربانی کی دونوں ایک ایک سال کے تھے اور ان کے رنگ میں سیاہی اور سفیدی تھی۔ ان میں سے ایک مینڈھا اپنی طرف سے اور دوسرا اپنی امت کے تمام کلمہ گو لوگوں کی طرف سے ذبح کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أحمد الهروی (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم العرنی (عن) الإمام أبی حنيفة ولم يذكر جابراً

(١٥٥٣) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٩٠) والطحاوی في شرح معاني الآثار ١٧٧:٤ وابو داود (٢٧٨٥) في الضحايا: باب ما يستحب من الضحايا وابن ماجة (٣١٢١) في الاضاحي: باب اضاحي رسول الله صلى الله عليه وسلم

(ورواه) (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد (عن) أبي همام الوليد بن شجاع (عن) أبيه (عن) أبي حنيفة (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عن) عبد الرحمن بن سابط (عن) جابر بن عبد الله الأنصاري

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''صالح بن احمد ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاسم بن حکم عرنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،اس میں حضرت''جابر رضی اللہ عنہ'' کا ذکر نہیں ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''محمد بن ابراہیم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والدحضرت''امام ولید بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والد''رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبدالرحمٰن بن سابط رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکرکیا ہے (اس کی سند یوں ہے) انہوں نے حضرت''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سینگوں والے مینڈھوں کی قربانی کیا کرتے تھے ☼

1554/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ (عَنْ) اَبِيْ سَلْمَةَ (عَنْ) اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اِذَا ضَحّٰى اِشْتَرٰى كَبْشَيْنِ عَظِيْمَيْنِ اَقْرَنَيْنِ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ اِلٰى آخِرِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے،وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قربانی کرنا چاہتے تو سینگوں والے دوموٹے تازے مینڈھے خریدتے۔اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

(أخرجه) أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) أبي بكر أحمد بن علي بن ثابت الخطيب (عن) أبي سعيد الماليني (عن) عبد الرحمن بن محمد (عن) محمد بن سعيد الحافظ بسمرقند (عن) محمد بن سعيد البخاري (عن) محمد بن المنذر (عن) خالد بن الحسن السمرقندي (عن) داود بن أبي داود النجاري (عن) يحيى ابن نصر بن حاجب (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،

(۱۵۵٤) قد تقدم في (۱۵۵۳) من حديث جابر بن عبد الله

انہوں نے حضرت ''ابوسعید مالینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سعید حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے (سمرقند میں) انہوں نے حضرت ''محمد بن سعید بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن حسن سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد بن ابو داؤد نجاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن نصر بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حاجیوں کے سوا تمام شہر والوں پر قربانی واجب ہے ☼

1555/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَلْاَضْحِيَةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى اَهْلِ الْاَمْصَارِ اِلَّا الْحَاجُّ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: تمام شہر والوں پر قربانی واجب ہے سوائے حاجیوں کے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) أبي عبد الله محمد بن إبراهيم البغوي (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ قربانی تین دن ہو سکتی ہے، پہلا دن نحر کا اور دو دن اس کے بعد ☼

1556/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَلْاُضْحِيَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ يَوْمَ النَّحْرِ وَيَوْمَانِ بَعْدَهٗ

✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: قربانی تین دن ہو سکتی ہے، پہلا دن نحر کا اور اس کے بعد دو دن۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۵۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۸۸) وعبدالرزاق ۳۸۲:۴ (۸۱۴۳) في المناسك: باب الضحايا

(۱۵۵٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۸۹) وابو يوسف في الآثار ٦١ وابن حزم في المحلى بالآثار ۳۷۵:۷

☼ اونٹ وحشی ہو جائے تو جیسے بھی ممکن ہو اس کو مار ڈالو ☼

1557/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقِ الثَّوْرِيِّ وَالِدِ سُفْيَانَ (عَنْ) عِبَايَةَ بْنِ رَفَاعَةَ (عَنْ) رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ اَنَّهُ شَرَّدَ بَعِيْرٌ مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ فَطَلَبُوْهُ فَلَمَّا اَعْيَاهُمْ اَنْ يَاْخُذُوْهُ رَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَاَصَابَهُ فَقَتَلَهُ فَسَاَلُوْا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِاَكْلِهٖ وَقَالَ اِنَّ لَهَا اَوَابِدُ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَاِذَا اَحْسَسْتُمْ مِنْهَا شَيْئاً فَاصْنَعُوْا مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ بِهٰذَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سعید بن مسروق ثوری رحمۃ اللہ علیہ جو کہ حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ کے والد ہیں ان سے وہ حضرت عبایہ بن رفاعہ رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ سرکش ہو گیا، لوگوں نے اس کو پکڑنا چاہا، جب وہ اس کو پکڑنے سے عاجز ہو گئے تو ایک آدمی نے اس کو تیر مارا، وہ تیر ٹھیک نشانے پر لگا، اس کو قتل کر دیا۔ پھر انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کھانے کی اجازت عطا فرمائی اور فرمایا: بعض اوقات اونٹ بھی وحشی درندوں کی طرح وحشی ہو جاتے ہیں جب تم ان میں اس طرح کی کوئی چیز محسوس کرو تو اسی طرح کیا کرو جس طرح تم نے اس اونٹ کے ساتھ کیا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) حماد بن ذى النون وإسماعيل بن بشر كلاهما (عن) مكى بن إبراهيم (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن الأشرس السلمى (عن) الجارود بن يزيد (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) عن أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) فاطمة بنت محمد بن حبيب قال هذا كتاب حمزة بن حبيب فقرأت فيه حدثنا أبو حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن حازم وعن يحيى بن صاعد (عن) محمد بن عثمان كلاهما (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى الحسن صالح بن أحمد بن أبى مقاتل السمرقندى (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبى حنيفة غير أنه قال فاصنعوا هكذا

(ورواه) (عن) أحمد بن أبى صالح (عن) يعقوب بن إسحاق (عن) عثمان بن أبى شيبة (عن) على بن مسهر (عن) أبى حنيفة إلى قوله كأوابد الوحش

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن مسروق قال وجدت فى كتاب جدى محمد بن مسروق (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبيه (عن) أحمد بن زهير (عن) عبيد الله بن موسى وعبد الله بن يزيد المقرى كلاهما (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى عبد الله محمد بن عمران البلخى (عن) الليث بن مساور (عن) إسحاق بن يوسف الأزرق (عن)

(١٥٥٧) اخرجه الحصكفى فى مسند الامام (٤٠٥) وابن حبان (٥٨٨٦) والبخارى (٢٤٨٨) فى الشركة: باب قسمة الغنائم وابوداود الطيالسى (٩٦٣) وعبدالرزاق (٨٤٨١) والحميدى (٤١١) واحمد ٣:٤٦٣ والطبرانى فى الكبير (٤٣٨٠)

أبـي حـنيـفة(وأخـرجـه) الـحـافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبى حنيفة قال الحافظ

(ورواه) (عن) أبى حنيفة حمزة بن حبيب وعلى بن مسهر وأسد بن عمرو وعبيد الله بن موسى ومحمد بن الحسن رحـمة الله عـليهـم(وأخـرجـه) الـحـافـظ محمد بن المظفر فى مسنده (عن) أبى على الحسن بن محمد ابن شعبة الأنصارى (عن) محمد بن عمران الهمدانى (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عـن) الحسين بن الحسين الأنطاكى (عن) أحمد بن عبد الله الكندى (عن) على بن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى القاسم عمر بن أحمد بن هارون (عن) إسماعيل بن محمد بن كثير (عن) مكى بن إبراهيم (عن) أبى حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد ابن شجاع (عن) ابن زياد (عن) أبى حنيفة

(ورواه) مـطـولاً (عن) محمد بن محمد ابن سليمان (عن) محمد بن عبد الملك بن أبى الشوارب (عن) أبى عوانة (عـن) سـعيد ابن مسروق (عن) عباية بن رفاعة أن رافع بن خديج قال كنا مع رسول الله صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بـذى الـحـليـفة قـال وأصـاب الناس جوع وأصبنا غنماً وإبلاً قال وكان رسول الله صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ آخر القوم قال فعجلوا وذبحوا ونصبوا القدور فرفعوا إلى رسول الله صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فأمر فأكفئت القدور ثم قسـم فعدل عشرة من الغنم ببعير فند منها بعير وفى القوم خيل فطلبوه فأعياهم فرماه رجل بسهم فحبسه الله تعالى فـقال رسول الله صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إن لها أوابد كأوابد الوحش فإذا ند عليكم منها شىء فاصنعوا به هكذا فـقـال رجـل إنا نلقى العدو وليس معنا مدى فنذبح بالقصب فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ما أنهر الدم وذكر اسم الله عليه فكلوا إلا السن والظفر وسأحدثكم عن ذلك أما السن فعظم وأما الظفر فمدى الحبشة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن خيرون (عـن) أبـى عـلـى الـحـسـن بـن شـاذان (عـن) أبـى نـصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوينى (عن) إسماعيل ابن توبة القزوينى (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عـن) أبـى الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفى (عن) أبى محمد الجوهرى (عن) الحافظ محمد بن المظفر بطرقه إلى أبى حنيفة

(وأخـرجـه) الإمـام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فى مسنده فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خـالـد بـن خـلـى الكلاعى فى مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلى (عن) أبيه خالد بن خلى (عن) محمد ابن خالد الوهبى (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حماد بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن اشرس سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''جارود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے کہا' یہ حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے،اس میں ہے،ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' نے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسن صالح بن احمد بن ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں فاصنعوا ھکذا (تواسی طرح کیا کرو)

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''یعقوب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عثمان بن ابوشیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان الفاظ تک روایت کیا ہے کاوابد الوحش

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،وہ فرماتے ہیں' میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پایا ہے،انہوں نے حضرت ''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ وعبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن عمران بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''لیث بن مساور رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسحاق بن یوسف ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکرکیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوحنیفہ حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عمر بن احمد بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد الملک بن ابوشوارب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبایہ بن رفاعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، حضرت ''رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں' ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ذی الحلیفہ میں تھا، لوگوں کو بہت بھوک لگی، کچھ اونٹ اور بھیڑ بکریاں ہمارے ہاتھ لگیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قافلے کے بالکل پیچھے آرہے تھے، لوگوں نے جلد بازی کی، جانور ذبح کئے، ہانڈیاں چڑھادیں، پھر انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا، ان ہانڈیوں کو انڈیل دیا گیا، پھر مال غنیمت تقسیم کیا، ایک اونٹ کے برابر دس بکریاں قرار دی گئیں۔ ان میں سے ایک اونٹ بدک گیا، لوگوں کے پاس گھوڑے موجود تھے، یہ لوگ اس کے تعاقب میں نکلے، لیکن وہ ہاتھ نہ آیا، ایک شخص اس کو تیر مار دیا، اللہ تعالیٰ نے وہ تیر درست نشانے پر پہنچایا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وحشی درندوں کی طرح اونٹ بھی وحشی ہوجاتے ہیں۔ جب کوئی اونٹ اس طرح وحشی ہوجائے تو اس کے ساتھ اسی طرح کیا کرو۔ ایک شخص نے کہا: ہماری دشمن سے مڈبھیڑ ہوجاتی ہے، ہمارے پاس چھری نہیں ہوتی، ہم کسی بانس کی کھپچی کے ساتھ ذبح کر لیتے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز خون بہادے اور ذبح کے وقت اللہ کا نام لو تو اس کو کھالیا کرو، البتہ دانت اور ناخن کے ساتھ ذبح مت کرو۔ جو دانت سے ذبح منع کیا گیا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ہڈی ہے۔ اور ناخن سے اس لئے منع کیا گیا ہے کیونکہ حبشی لوگ اس کو چھری کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے

بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی موقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے)اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد ابن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اونٹ کنویں میں گر گیا،نہ نکال سکے،نہ ذبح کر سکے،پہلو میں چھری مار دو،مر گیا تو حلال ہے ☼

1558/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقِ الثَّوْرِيِّ (عَنْ) عَبَايَةَ بْنِ رَفَاعَةَ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ بَعِيْرًا تَرَدّٰى فِي الْمَدِيْنَةِ فِيْ بِيْرٍ فَلَمْ يَقْدَرُوْا عَلٰى نَحْرِهٖ فوَجىَ بِسِكِّيْنٍ مِنْ قِبَلِ خَاصِرَتِهٖ حَتّٰى مَاتَ فَاَخَذَ مِنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بِنِ عُمَرَ عُشْرًا بِدَرْهَمِيْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سعید بن مسروق ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت عبایہ بن رفاعہ رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں :ایک اونٹ مدینہ منورہ میں ایک کنویں کے اندر گر گیا،لوگ اس کو (نہ نکال سکے اور نہ ہی)ذبح کر سکے،انہوں نے اس کے پہلو کی طرف ایک چھری ماردی وہ اس کو جا کر لگی اور وہ مر گیا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دو درہم دے کر اس کا دسواں حصہ ان سے لے لیا۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أبي بكر المقرى (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے)حضرت ''ابوقاسم بن ابوبکر مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبدالرحمن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ اونٹ کنویں سے نہ نکالا جا سکے،جہاں بھی لگ سکے اس کو چھری مار دو،ذبح ہو جائے گا ☼

1559/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الْبَعِيْرِ يَتَرَدّٰى قَالَ اِذَا لَمْ تَقْدَرْ عَلٰى مَنْحَرِهٖ فَحَيْثُ مَا

(۱۵۵۸)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(۸۰۶)وابن ابي شيبة ٤:۲٦۱(۱۹۸۳۱)في الصيد:من قال تكون الذكوة في غير الحلق واللبة والبيهقي في السنن الكبرى ٦:۲٤٦في الصيد والذبائح :باب ماجاء في ذكاة مالا يقدر على ذبحه الابرمي اوسلاح وفي المعرفة ۷:۱۸۳(٥٦۰٦)في الصيد:باب محل الذكاة في المقدور عليه وفي غير المقدور عليه

وَجَاَتَ فَهُوَ مَنْحَرُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک اونٹ ایک کنویں میں گر گیا، انہوں نے فرمایا ''جب تم اس کو نحر کرنے کی جگہ پر چھری نہ چلا سکو تو جہاں بھی چھری لگ جائے، وہی اس کے نحر کرنے کی جگہ ہے''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده عن الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قربانی کرنا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے ☼

1560/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) جَبْلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْاُضْحِيَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت جبلہ بن سحیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قربانی کے اندر سنت جاری ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد (عن) عمرو بن حميد قاضي الدينور (عن) سليمان النخعي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید قاضی دینور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اپنی قربانی کا تمام گوشت دوسروں کو کھلا دیں اور خود کچھ نہ کھائیں، اس میں کوئی حرج نہیں ☼

1561/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُطْعِمُ اُضْحِيَتَهُ وَلَا يَاْكُلُ مِنْهَا شَيْئًا قَالَ لَا بَاْسَ بِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک آدمی جو اپنی قربانی دوسروں کو کھلا دے اور خود اس میں سے کچھ نہ کھائے۔ انہوں نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

(۱۵۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۸۱۷) في الذبائح والصيد: باب الذبائح وابن ابي شيبة ۵:۳۸۶ في الصيد: باب ماقالوا في الانسية توحش من الابل والبقر

(۱۵۶۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۹۳) في الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ابوکباش کے مینڈھے بک نہیں رہے تھے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے آواز لگائی تو بک گئے ☼

1562/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) كِدَامِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ أَبِي كَبَّاشٍ أَنَّهُ جَلَبَ كُبَّاشاً إِلَى الْمَدِيْنَةِ فَجَعَلَ النَّاسُ لَا يَشْتَرُوْنَهَا فَجَاءَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَجَسَّهَا فَقَالَ نِعْمَ الاُضْحِيَةُ الْجَذْعُ السَّمِيْنُ فَاشْتَرَوْا النَّاسُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''کدام بن عبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابو کباش رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ کچھ مینڈھے مدینہ لے گئے، لیکن لوگ اس کو خرید نہیں رہے تھے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ آئے اور اس کو روک لیا اور انہوں نے ان الفاظ میں آواز لگانا شروع کر دی ''یہ قربانی موٹی تازی ہے بہت اچھی ہے'' پھر لوگوں نے ان کو خرید لیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده عن ابن عقدة (عن) جعفر بن محمد (عن) الحسين الجعفی (عن) عبد الله ابن عمر (عن) أسد بن عمرو (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبی علی بن شاذان (عن) أبی نصر أحمد ابن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزوينی (عن) محمد ابن الحسن (عن) أبی حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة مختصرًا قال سمعت أبا هريرة يقول نعم الأضحية الجذع السمين من الضان ثم قال محمد وبه نأخذ. وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد ابن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''کتنی اچھی موٹی تازی قربانی ہے، یہ موٹے مینڈھے ہیں'' اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۶۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۹۱) فی الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

☼ ذی الحجہ کے ابتدائی دس دنوں میں خوب عبادت کیا کرو ☼

1563/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ (عَنْ) مُسْلِمِ الْبَطِيْنِ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَيَّامٍ اَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ اَيَّامِ عَشَرِ الْاَضْحٰى فَاَكْثِرُوْا فِيْهِنَّ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مخول بن راشد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسلم بطین رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ذی الحجہ کے شروع والے دس دنوں سے افضل کوئی دن نہیں ہے، ان کے اندر اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کیا کرو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن حبيب النسوي (عن) غسان بن بحر النسوي (عن) عبد الكريم الجرجاني (عن) أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن حبیب نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''غسان بن بحر نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالکریم جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قربانی کا جانور خریدا تو تندرست تھا، بعد میں کوئی عیب لاحق ہو گیا تو کیا کرے ☼

1564/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الْاُضْحِيَةِ يَشْتَرِيْهَا الرَّجُلُ وَهِيَ صَحِيْحَةٌ ثُمَّ يَعْرِضُ بِهَا عَوْرٌ اَوْ عَجْفٌ اَوْ عَرَجٌ قَالَ تُجْزِيْهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی قربانی کا جانور خریدتا ہے، اس وقت وہ تندرست ہوتا ہے، پھر اس کو کوئی عارضہ لاحق ہوتا ہے تو وہ بھینگا، لنگڑا یا اپاہج ہو جاتا ہے (تو وہ کیا کرے؟) آپ نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو وہ اس کے لئے کفایت کرے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا لا تجزء إذا اعورت أو عجفت بحيث لا تنقي أو عرجت حتى لا تستطيع أن تمشي وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو نہیں اپناتے۔ اگر وہ اندھا ہو گیا، یا اتنا لاغر ہو گیا کہ اس کی ہڈیوں میں گودا تک نہ رہا یا ایسا لنگڑا ہو گیا کہ وہ چل بھی نہ سکتا ہو۔ ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۶۳)اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٤١٠)وابن حبان (٣٢٤)واحمد١:٢٢٤والترمذي (٧٥٧)في الصوم :باب في العمل في ايام العشر والبغوي في شرح السنة (١١٢٥)وابن ماجة (١٧٢٧)في الصيام:باب صيام العشر والبيهقي في السنن الكبرى ٤:٢٨٤والبخاري (٩٦٩)في العيدين :باب فضل العمل في ايام التشريق

(١٥٦٤)اخرجه محمدبن الحسن الشيباني في الآثار(٧٩٤)في الاضحية:باب الاضحية واخصاء الفحل

☼ قربانی کی کھال کسی سامان کے بدلے بیچنا، دراہم کے بدلے نہ بیچنا، اس کو صدقہ کرنا ☼

1565/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ تَشْتَرِىَ بِجِلْدِ اُضْحِيَتِكَ مَتَاعاً وَلَا تَبِيْعُهُ بِدَرَاهِمَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ وَاَمَّا اَنَا فَاَتَصَدَّقُ بِجِلْدِ اُضْحِيَتِىْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اپنی قربانی کی کھال کے بدلے کوئی سامان خرید لو۔ البتہ اس کو دراہم کے بدلے مت بیچو۔ بہرحال میں تو اپنی قربانی کی کھال صدقہ کرتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ دو دانت کے بکرے یا دنبے کی قربانی دینی چاہئے ☼

1566/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِى الْجَذْعِ مِنَ الضَّانِ يُضَحّٰى بِهٖ قَالَ يُجْزِءُ وَالثَّنِىُّ اَفْضَلُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' بھیڑ کے ایک سالہ بچے کی قربانی دی جاسکتی ہے لیکن بہتر ہے کہ وہ دو دانت کا ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ خصی جانور کی قربانی زیادہ بہتر ہے، کیونکہ اس میں مقصود تندرستی ہے اور وہ خصی میں زیادہ ہے ☼

1567/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سُئِلَ اِبْرَاهِيْمُ عَنِ الْخَصِىِّ وَالْفَحْلِ اَنَّهُمَا اَكْمَلُ فِى الْاُضْحِيَةِ فَقَالَ اَلْخَصِىُّ لِاَنَّهٗ اِنَّمَا طَلَبُ صَلَاحِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے خصی جانور اور فحل جانور (جو خصی نہ ہو) کے بارے میں پوچھا گیا کہ ان میں سے قربانی زیادہ افضل کس کی ہے؟ انہوں نے کہا: خصی کی۔ اس لئے کہ مطلوب اس کی تندرستی ہے۔

(۱۵۶۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۵) فى الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

(۱۵۶۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۶) فى الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

(۱۵۶۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۷) فى الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ جانور کو ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی کا نام لینا مکروہ ہے ☼

1568/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهُ کَانَ یَکْرَهُ اَنْ یُّذْکَرَ اِسْمُ اِنْسَانٍ مَعَ اِسْمِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلٰی ذَبِیْحَةٍ بِاَنْ یَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ تُقَبَّلْ مِنْ فُلَانٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ اس بات کو مکروہ سمجھا کرتے تھے کہ کسی ذبیحہ پر اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی انسان کا نام ذکر کیا جائے یعنی اس طرح کہا جائے کہ بسم اللہ اللہم تقبل من فلان (اللہ کے نام سے شروع، اے اللہ اس کو فلاں کی طرف سے قبول فرما)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ کتا چھوڑتے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول گیا، کتے نے جانور پکڑ کر مار ڈالا، نہ کھائیں ☼

1569/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الَّذِیْ یُرْسِلُ کَلْبَهُ وَیَنْسَی ذِکْرَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَاَخَذَ فَقَتَلَ قَالَ اَکْرَهُ اَکْلَهُ وَاِنْ کَانَ یَهُوْدِیاً اَوْ نَصْرَانیاً فَمِثْلُ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جو اپنے کتے کو چھوڑتا ہے اور اللہ کا نام لینا بھول جاتا ہے، وہ کتا جانور کو پکڑ کر قتل کر دیتا ہے (تو کیا کریں؟) آپ نے فرمایا: میں اس کا کھانا ناپسند کرتا ہوں، اگر وہ یہودی ہو یا نصرانی ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا لا بأس بأکله إذا ترك التسمیة ناسیاً وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو نہیں اپناتے، اگر بسم اللہ پڑھنا بھول گیا تھا اور کتے نے جانور کو مار ڈالا تو اس کو کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۶۸)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۹۹) فی الذبائح والصید: باب الذبائح

(۱۵۶۹)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۲۷) وابن ابی شیبة ۲۴۱:۴ (۱۹۵۹۷) فی الصید: باب اذا نسی ان یسمی ثم سمی قبل ان یقتل

☼ باز یا شکرا اگر چہ شکار میں سے خود بھی کھالیں تب بھی بچا ہوا تم کھا سکتے ہو ☼

1570/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ کُلْ مَا اَمْسَكَ عَلَیْكَ صَقْرُكَ اَوْ بَازِیْكَ وَاِنْ اَکَلَ مِنْهُ فَاِنَّ تَعْلِیْمَ الصَّقْرِ وَالْبَازِیِّ اِذَا دَعَوْتَهُ اَنْ یُّجِیْبَكَ فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِیْعُ اَنْ تَضْرِبَهُ لِیَدَعِ الْاَکْلَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: تیرا شکرا یا تیرا باز جو کچھ تیرے لئے روک لے، اس کو کھا اگر چہ وہ خود بھی اس میں سے کھائے، اس لئے کہ شکرے اور باز کو یہی سکھایا جا سکتا ہے کہ جب وہ اس کو بلائے تو وہ تیری بات کو سن کر پہنچ جائے۔ تو اس کو مار کر اس سے کھانا نہیں چھڑوا سکتا۔

(أخـرجـه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد ابن إبراهيم البغوی (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخـرجـه) الإمـام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شکاری کتے نے جو چیز تیرے لئے چھوڑ دی ہے، وہ کھانا جائز ہے اگر چہ اس نے مار ڈالا ہو ☼

1571/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کُلْ مَا اَمْسَكَ عَلَیْكَ الْجَارِحُ اِنْ قَتَلَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے راویت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ چیز کھا جو شکاری کتے نے تیرے لئے چھوڑ دی ہے اگر چہ اس نے اس کو مار ڈالا ہو۔

(١٥٧١) قد تقدم في (١٥٣٩)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) علی بن محمد ابن عبید (عن) محمد بن کثیر بن سهل (عن) عمه أبی صالح بن سهل عن الصباح ابن محارب (عن) أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کوحضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن کثیر بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے چچا حضرت''ابوصالح بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''صباح بن محارب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ شکار دو حصوں میں کٹ گیا،اگر دونوں حصے برابر ہوں یا سر کی طرف والا چھوٹا ہے تو کھالو ☼

1572/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِیْ رَجُلٍ یَرْمِیْ الصَّیْدَ اَوْ یَضْرِبُهُ قَالَ اِذَا قَطَعَهُ بِنِصْفَیْنِ فَکُلْهُمَا جَمِیْعاً وَاِنْ کَانَ مِمَّا یَلِیَ الرَّأْسَ اَقَلَّ فَکُلْهُمَا جَمِیْعاً وَاِنْ کَانَ مِمَّا یَلِیَ الرَّأْسَ اَکْثَرَ فَکُلْ مِمَّا یَلِیَ الرَّأْسَ وَدَعِ الْبَاقِیَ مِمَّا یَلِیْ الْعَجُزَ فَاِنْ قَطَعَتْ مِنْهُ قِطْعَةٌ اَوْ عُضْوٌ فَبَانَ فَلَا تَاْکُلْ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ مُعَلَّقاً فَاِنْ کَانَ مُعَلَّقاً فَکُلْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں'ایک آدمی شکار پر تیر پھینکتا ہے یا اس کو مارتا ہے،آپ نے فرمایا: جب اس کو دو حصوں میں کاٹ دے گا تو ان دونوں حصوں کو تو کھا سکتا ہے،اور اگر سر کی طرف والا حصہ کم ہوتب بھی تو دونوں حصوں کو کھا سکتا ہے اور اگر سر کی طرف والا حصہ زیادہ ہوتو پھر سر کی طرف والا حصہ کھالے اور جو دم کی جانب ہے اس کو چھوڑ دے اور اگر اس کا کوئی ٹکڑا کٹ گیا یا کوئی عضو کٹ گیا اور الگ ہوگیا تو اس کو نہ کھا سوائے اس صورت کے کہ وہ اس کے ساتھ لٹک رہا ہو۔ اگر وہ اس کے ساتھ لٹک رہا ہوتو پھر کھا سکتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی اللہ عنه

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ سدھایا ہوا گھوڑا اور کتا جو تیرے لئے روک کر رکھے،اس کو کھا سکتے ہو ☼

1573/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) قَتَادَةَ (عَنْ) اَبِیْ قِلَابَةَ (عَنْ) اَبِیْ ثَعْلَبَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ قُلْنَا اِنَّا بِاَرْضِ صَیْدٍ فَقَالَ کُلْ مَا اَمْسَکَ عَلَیْکَ سَهْمُکَ وَفَرَسُکَ وَکَلْبُکَ اِذَا کَانَ مُعَلَّماً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت ابوقلابہ رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ سے

(۱۵۷۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۳۱) فی الاطعمة: باب الصید رمیه الطبع الجدید، وعبدالرزاق (۸۴۵۳) فی المناسك: باب الصید یقطع بعضه

(۱۵۷۳) قد تقدم فی (۱۵۲۵)

راویت کرتے ہیں' ہم نے عرض کیا: ہم شکار والے علاقے میں ہوتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا تیر، گھوڑا اور کتا جبکہ سکھایا ہوا ہو، جو تیرے لئے روک کر کے رکھے اس کو تو کھا سکتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) علي بن محمد بن عبيد عن محمد بن علي المديني (عن) سعيد بن سليمان (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه والله تعالى أعلم

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالثَّلاَثُوْنَ فِی الْاَیْمَانِ

تینتسواں باب: قسموں کے بارے میں

☼ اللہ تعالیٰ تمہاری ان قسموں کے بارے مؤاخذہ نہیں کرے گا جو بے ارادہ زبان سے نکل جاتی ہیں ☼

1574/(اَبُـوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْنَا فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی (لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْ اَیْمَانِكُمْ) هُوَ قَوْلُ الرَّجُلِ آلَا وَاللّٰهِ بَلٰی وَاللّٰهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ام المومنین ''سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں: ہم نے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں سنا ہے:

لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمٰنِكُمْ

''اللہ تمہیں نہیں پکڑتا ان قسموں میں جو بے ارادہ زبان سے نکل جائے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اس سے مراد آدمی کا یہ کہنا ہے ''الا واللہ یابلی واللہ۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد ابن محمد بن عقدة (عن) محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن مسروق (عن) جده محمد ابن مسروق (عن) الإمام أبی حنیفة

(أخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أحمد ابن علی بن محمد الخطیب (عن) محمد بن أحمد الخطیب (عن) علی بن ربیعة (عن) الحسن بن رشیق (عن) محمد بن محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبی حنیفة (عن) الإمام أبی حنیفة غیر أنه قال فی آخره بلی و الله مما یصل به کلامه و لا یعقد به قلبه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''محمد ابن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد ابن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن

(١٥٧٤) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (٣١٠) وابن حبان (٤٣٣٣) وابو داود (٣٢٥٤) فی الایمان والنذور: باب لغو الیمین ومن طریقه البیهقی فی السنن الكبرٰی ٤٩:١٠ وابن جریر فی التفسیر (٤٣٨٢) والشافعی فی المسند ٧٤:٢ والبخاری (٦٦٦٣) فی الایمان والنذور: باب (لا یؤاخذكم الله باللغو فی ایمانكم) وابن الجارود (٩٢٥)

محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن اس کے آخر میں یہ ہے بلی واللہ مما یصل بہ کلامہ ولا یعقد بہ قلبہ (بلی واللہ اور اسی طرح کی اور قسمیں کھانا جو دل کے ارادے کے بغیر ہی گفتگو میں شامل ہوتی ہیں)

☼ مہینہ کبھی ۲۹ دن کا اور کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہے ☼

1575/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ الْعَطُوْفِ الْجَرَّاحِ بْنِ الْمِنْهَالِ الشَّامِیِّ (عَنِ) الزُّهْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَلَفَ اَنْ لَا يَدْخُلَ عَلٰی اَزْوَاجِهٖ شَهْرًا فَلَمَّا كَانَ تِسْعَةٌ وَّعِشْرِيْنَ فَقَالَ الشَّهْرُ يَكُوْنُ كَذٰلِكَ وَيَكُوْنُ ثَلَاثُوْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوعطوف جراح بن منہال شامی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت زہری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ قسم کھائی تھی کہ اپنی بیویوں کے پاس پورا مہینہ نہیں جائیں گے، جب ۲۹ دن ہو گئے تو فرمایا: مہینہ کبھی اتنا بھی ہوتا ہے اور کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة (عن) محمد بن الحسن (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قسم میں استثناء کرنا جائز ہے ☼

1576/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهِ عَنْهُ

(۱۵۷۵) اخرجه البخاری (۲٤٦٨) فی المظالم: باب الغرفة والعلية المشرفة، وفی الادب المفرد (۸۳۵)، واحمد ۱:۲۳٤، ومسلم (۱٤۷۹) (۳٤) فی الطلاق: باب فی الایلاء، والترمذی (۳۳۸۸) فی التفسیر: باب ومن سورة التحریم، والبیہقی فی السنن الکبری ۷:۳۷، وابو یعلی (۱٦٤)

(۱۵۷٦) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۱۳)، والحصکفی فی مسند الامام (۳۱۲)، والبیہقی فی السنن الکبری ۱۰:٤٦ فی الایمان: باب الاستثناء فی الیمین، والطبرانی فی الکبیر (۹۱۹۹)، وعبد الرزاق (۱٦۱۱۵)

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَاسْتَثْنٰى فَلَهُ ثُنْيَاهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کوئی قسم کھائی اور اس کے اندر کوئی استثناء کرلیا تو اس کا استثناء کرنا جائز ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازى (عن) عمرو بن حميد (عن) على بن الفرات (عن) أبى حنيفة قال أبو محمدالبخارى لم يسنده إلا على بن الفرات

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى العباس أحمد بن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) الحسن بن محمد (عن) أبى يوسف وأسد بن عمرو (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبى على بن شاذان (عن) القاضى أبى نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزوينى (عن) محمد بن الحسن (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة لكن مقصورًا على ابن مسعود فقال قال ابن مسعود رضى الله عنه من حلف وقال إن شاء الله فقد استثنى

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' اس حدیث کو مسند حدیث کے طور پر صرف حضرت ''علی بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو نصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن یہ حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' تک رکی ہوئی ہے۔ پھر حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: جس نے قسم کھائی اور ساتھ ''ان شاءاللہ'' کہہ دیا، تو استثناء ہو گیا۔

☼ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام کی منت ماننا جائز نہیں ہے ☼

1577/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلَا كَفَّارَةَ قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ

(۱۵۷۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۲۰) وابن ابى شيبة ۶۹:۳ (۱۲۱۴۹) فى الايمان والنذر: من قال: لا نذر فى معصية الله ولا فيما لا يملك وعبد الرزاق ۴۴۲:۸ (۱۵۸۴۲) والبيهقى فى السنن الكبرى ۶۹:۱۰

فَقُلْتُ لَهُ اَلَيْسَ قَدْ ذَكَرَ فِي الظِّهَارِ وَاَنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا وَجُعِلَ فِيْهِ الْكَفَّارَةُ فَقَالَ اَقِيَاسُ اَنْتَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے''اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام کی نذر ماننا جائز نہیں ہے اور اس کا کوئی کفارہ نہیں''۔ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ''فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: کیا ظہار کے اندر اس کا ذکر نہیں ہے؟:

اِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا

''وہ بیشک بُری اور نری جھوٹ بات کہتے ہیں''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اور اس میں کفارہ بھی رکھا گیا ہے، تو انہوں نے کہا: کیا یہ تمہارا قیاس ہے؟

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد (عن) أبي القاسم علي بن الحسن التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد ابن عقدة (عن) محمد بن عبد الله بن أبي حكيمة (عن) أبيه (عن) محمد بن الهيثم (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا عليه الكفارة ومن ذلك إذا حلف الرجل أن لا يكلم أباه وأمه وأن لا يحج ولا يتصدق ونحو ذلك من أنواع البر فليفعل الذي يحلف أن لا يفعله وليكفر عن يمينه ثم قال محمد ألا ترى أن الله جعل الظهار منكرًا من القول وزورًا وجعل فيه الكفارة وكذلك هذا أمر هذا كله قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ''نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابوسعید احمد بن عبدالجبار بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے حضرت''ابوقاسم علی بن حسن تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے حضرت''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے حضرت''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے حضرت''محمد بن عبداللہ بن ابوحکیمہ رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے اپنے''والد رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے حضرت''محمد بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ''نے فرمایا: ہم اس پر عمل نہیں کرتے، بلکہ اس پر کفارہ بھی ہے، یہی وجہ ہے کہ اگر کسی نے قسم کھائی''وہ اپنی ماں سے بات نہیں کرے گا، یا اپنے باپ سے بات نہیں کرے گا یا حج نہیں کرے گا، یا قسم کھائی کہ صدقہ نہیں کرے گا، اسی طرح مختلف نیکیوں کے نہ کرنے کی قسم کھائی تو، اس نے جو نیک کام نہ کرنے کی قسم کھائی ہے، وہ کام کرے اور اپنی قسم کا کفارہ دے، پھر حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ''نے فرمایا: آپ اسی چیز کو دیکھ لیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے ظہار کو منکر من القول اور زور قرار دیا ہے، اور اس میں کفارہ بھی رکھا ہے۔ اس مسئلے کا یہی حکم حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''کے نزدیک بھی ہے۔

☼ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام کی نذر ماننا جائز نہیں ہے اور اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے ☼

1578/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَيْرِ الْحَنْظَلِيِّ التَّيْمِيِّ (عَنِ) الْحَسَنِ (عَنْ) عُمَرَ اَنَّ اِبْنَ الْحُصَيْنِ

(۱۵۷۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱۹) والحصكفي في مسند الامام (۳۰۸) وابن حبان (٤٣٩١) وعبد الرزاق (١٥٨١٤) والشافعي ٢:٧٥ واحمد ٤:٤٣٠ والحميدي (٨٢٩) ومسلم (١٦٤١) في النذور: باب لا وفاء لنذر في معصية وابو داود (٣٣١٦) في الايمان والنذور: باب النذر فيما لا يملك

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لاَ نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ كَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد بن زبیر حنظلی تیمی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام کی نذر ماننا جائز نہیں ہے اور اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) هارون بن هشام الكلشاني (عن) أبي حفص أحمد بن حفص (وعن) القاسم بن عباد الترمذي (عن) محمد بن أمية الساوي (عن) عيسى بن موسى غنجار (وعن) محمد بن عبد الله بن محمد السعدي (عن) أحمد بن الجنيد الحنظلي (وعن) محمد بن إسحاق السمسار البلخي (عن) جمعة بن عبد الله

(وعن) أحمد بن محمد الهمداني (عن) حسين بن محمد بن علي

(وعن) زكريا بن يحيى بن الحارث النيسابوري (عن) منذر بن محمد (عن) أحمد بن حفص بن عبد الله (عن) أبيه كلهم جميعاً (عن) أسد بن عمرو (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن رميح (عن) عبد الحميد بن بيان الواسطي (عن) إسحاق بن يوسف الأزرق (عن) أبي حنيفة بلفظ آخر أنه قال صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لا نذر في غضب وكفارته كفارة يمين

(ورواه) (عن) علي بن الحسن بن عبدة البخاري (عن) يوسف بن عيسى و (عن) عبد الله بن محمد بن علي (عن) محمد بن حرب المروزي (وعن) إسرائيل بن السميدع (عن) حامد بن آدم كلهم (عن) الفضل بن موسى السيناني (عن) أبي حنيفة باللفظ الأول أنه قال لا نذر في معصية الله وكفارته كفارة يمين

(ورواه) (عن) محمد بن خزيمة القلانسي (عن) حم بن نوح (عن) أبي سعيد الصغاني (عن) أبي حنيفة وسفيان الثوري باللفظ الأول لا نذر في معصية الله وكفارته كفارة يمين

(۱۵۹۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۲۸) وعبد الرزاق ۸:۴۹۱ (۱۶۰۱۹) باب من قال: على مائة رقبة من ولد اسماعيل وما لا يكفر من الايمان

(۱۵۹۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۱۵) وعبد الرزاق ۸:۵۱۶ (۱۶۱۱۱) و (۱۶۱۱۵) باب الاستثناء فى اليمين والبيهقى فى السنن الكبرى ۱۰:۴۶ فى الايمان: باب الاستثناء فى اليمين

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''ابوحنیفہ حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن نصر بن اشکاب قاضی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان سب کو اپناتے ہیں، تمام قسموں میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔ جبکہ اس نے اپنی قسم کے ساتھ متصل ہی ''ان شاء اللہ'' کہا ہو۔ چاہے قسم کے الفاظ سے پہلے کہا ہو یا بعد میں۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ جس نے قسم کھائی پھر فوراً ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، وہ قسم سے نکل گیا ☼

1595/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ مُتَّصِلاً فَقَدْ خَرَجَ عَنِ الْیَمِیْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جس نے کوئی قسم کھائی اور پھر متصل ہی ان شاء اللہ کہہ دیا تو وہ قسم سے نکل گیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ اگر قسم میں فوراً استثناء نہ کیا، تو وہ استثناء نہ ہوا ☼

1596/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَلْاِسْتِثْنَاءُ اِذَا کَانَ مُتَّصِلاً وَاِلَّا فَلَا شَیْءَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: استثناء اس وقت ہوتا ہے جبکہ متصل ہو اگر فوراً استثناء نہ کیا تو وہ استثناء نہ ہوا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه قال محمد وبهذا كله نأخذ

(۱۵۹۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱۴) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين

(۱۵۹۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱۶) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين وعبد الرزاق ۸: ۵۱۸ (۱۶۱۲۲) عن الثوري نحوه

وھو قول أبی حنیفة وذلك یجزئه وإن لم یرفع به صوته

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان تمام کو اپناتے ہیں، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ وہ ''ان شاء اللہ'' کے الفاظ اگرچہ بلند آواز سے نہ کہے تب بھی استثناء درست ہے۔

☼جب استثناء کے الفاظ بولتے ہوئے ہونٹوں کو حرکت ہوگئی تو استثناء ہو گیا☼

1597/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اِذَا حَرَّكَ شَفَتَیْهِ بِالْاِسْتِثْنَاءِ فَقَدِ اسْتَثْنٰی

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب استثناء کے لئے ہونٹ کو حرکت ہوگی تو استثناء ہو گیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبهذا نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼جس نے قسم کھائی، ساتھ ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، اس کا استثناء ہو گیا☼

1598/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ (عَنْ) اَبِیْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَقَدِ اسْتَثْنٰی

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عثمان بن عبداللہ بن موہب رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جس نے کوئی قسم اٹھائی اور ساتھ ان شاء اللہ کہہ دیا اس نے استثناء کر لیا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) الشیخ أبی سعد محمد بن عبد الملك الأدیب (عن) ابن قشیش (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده عمرو بن أبی عمرو (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''شیخ ابوسعد محمد بن عبدالملک ادیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن قشیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۵۹۷) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۱۷) فی الایمان والنذور: باب الاستثناء فی الیمین، وعبدالرزاق ۵۱۹:۸ (۱۶۱۳۶) فی الایمان: باب الاستثناء فی الیمین

(۱۵۹۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۱۳) فی الایمان والنذور: باب الاستثناء فی الیمین وعبدالرزاق (۱۶۱۱۵) فی الایمان والنذور: باب الاستثناء فی الیمین، والبیهقی فی السنن الکبری ۴۶:۱۰

☼ جس نے قسم کھائی، ساتھ ہی ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، اس نے استثناء کرلیا ☼

1599/(اَبُـوْحَـنِيْفَةَ) (عَنْ) عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمَا قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَدِ اسْتَثْنٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عتبہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ان دونوں نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کوئی قسم کھائی اور اس کے ساتھ ہی ان شاء اللہ تعالیٰ کہہ دیا اس نے قسم میں استثناء کرلیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه الحسين بن سعيد (عن) أبيه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) المنذر بن محمد ابن المنذر القابوسي (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبي الجهم (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''حسین بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد بن منذر قابوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ یمین لغو وہ ہے جو بلاضرورت اپنی گفتگو میں ''لا واللہ یا بلا واللہ'' جیسے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں ☼

1600/(اَبُـوْحَـنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ فِي اللَّغْوِ هُوَ كُلُّ شَيْءٍ يَصِلُ بِهِ الرَّجُلُ كَلَامَهُ لَا يُرِيْدُ يَمِيْناً لَا وَاللّٰهِ وَبَلٰى وَاللّٰهِ وَمَا لَا يَعْقِدُ عَلَيْهِ قَلْبُهُ

(۱۵۹۹) قلت: وقد اخرج ابن حبان (۴۳۴۳) وابويعلى (۲۶۷۵) والطحاوى فى شرح مشكل الآثار ۳:۲۷۸ عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله لاغزون قريشاً والله لاغزون قريشاً والله لاغزون قريشاً ثم سكت فقال ان شاء الله

(۱۶۰۰) قد تقدم فى (۱۵۷۴)

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا نے لغو قسم کے بارے میں کہا: جب کوئی شخص اپنی گفتگو میں "لا واللہ" یا "بلی واللہ" جیسے قسمیہ الفاظ شامل کرے لیکن اس کا قسم کا ارادہ نہ ہو، اس کو یمین لغو کہتے ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ ومن اللغو أيضاً الرجليحلف على الشيء يرى أنه على ما حلف عليه فيكون على غير ذلك فهو أيضاً من اللغو وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت "امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ" نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت "امام محمد رحمۃ اللہ علیہ" نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہ بھی یمین لغو میں سے ہی ہے کہ آدمی اپنے طور پر سچی قسم کھائے ،لیکن حقیقت میں واقعہ اس کے خلاف ہو، اور اس حقیقت کا اس کو علم نہ ہو، وہ اپنے علم کے مطابق سچی قسم ہی کھا رہا ہو اور یہی حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کا موقف ہے۔

☼ کوہ حراء پر رات تک ننگا کھڑا ہونے کی منت مانی، وہ منت پوری نہ کرے، اس کا کفارہ دے ☼

1601/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَقُوْمَ عَلٰى حِرَاءِ عُرْيَانًا يَوْماً اِلَى اللَّيْلِ فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ ثُمَّ اَتَى اِبْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ اَوَلَسْتَ تُصَلِّيْ قَالَ لَهُ اَجَلْ قَالَ اَفَعُرْيَاناً تُصَلِّيْ قَالَ لَا قَالَ اَوَلَيْسَ قَدْ حَنِثْتَ اِنَّمَا اَرَادَ الشَّيْطَانُ اَنْ يُسْخِرَ بِكَ وَيُضْحِكَ مِنْكَ هُوَ وَجُنُوْدُهُ اِذْهَبْ فَاعْتَكِفْ يَوْماً وَكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى اِبْنِ عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ بِقَوْلِ اِبْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ وَمَنْ يَّقْدِرُ مِنَّا عَلٰى مَا يَسْتَنْبِطُ اِبْنُ عَبَّاسٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: ان کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے کہا: میں نے یہ نذر مانی ہے کہ میں کوہِ حرا پر رات تک ننگا کھڑا رہوں گا۔ آپ نے فرمایا: تو اپنی نذر کر پورا کر۔ پھر وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا۔ انہوں نے اس سے کہا: کیا تو نماز نہیں پڑھتا؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: کیا تو ننگا نماز پڑھتا ہے؟ اس نے کہا: جی نہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تیری قسم نہیں ٹوٹ گئی؟ شیطان تیرے ساتھ مذاق کرنا چاہتا ہے، شیطان اور اس کا لشکر تجھ پر ہنس رہے ہیں۔ تو جا اور جا کر ایک دن کا اعتکاف کر لے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔ وہ آدمی گیا اور آ کر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس کھڑا ہو گیا اور ان کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ سنایا تو انہوں نے کہا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جس طرح مسائل اخذ کر لیتے ہیں ہم میں سے کون اتنی طاقت رکھتا ہے؟۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد العطار (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) الإمام أبي حنيفة

(١٦٠١) اخرجه ابن ابي شيبة ٣:٧٠ (١٢١٥٢) في الايمان والنذور: من قال: لا نذر في معصية الله ولا فيما لا يملك وعبد الرزاق ٨:٤٣٨ (١٥٨٣٦) في الايمان والنذور: باب لا نذر في معصية الله والبيهقي في السنن الكبرى ١٠:٧٢ في الايمان: باب من جعل فيه كفارة مرفوعاً بدون ذكر القصة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد ابن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) لإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد ابن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ فِی الدَّعْوٰی

چونتیسواں باب: دعویٰ کے بیان میں

ایک اونٹنی کے دو دعوے دار تھے، دونوں نے گواہ پیش کر دیئے، فیصلہ قبضہ والے کے حق میں ہوا

1602/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلَیْنِ اِخْتَصَمَا اِلَیْهِ فِیْ نَاقَةٍ وَاَقَامَ کُلُّ وَاحِدٍ بَیِّنَةً اَنَّهَا نَتَجَتْ عِنْدَهٗ فَقَضٰی بِهَا لِلَّذِیْ هِیَ فِیْ یَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: دو آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک اونٹنی کے بارے میں جھگڑا لے کر آئے، دونوں نے اس بات پر گواہ قائم کر دیئے کہ اس نے اس کے ہاں بچہ پیدا کیا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹنی کا فیصلہ اس شخص کے حق میں دیا جس کے قبضے میں تھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) إبراهیم بن الجراح (عن) الإمام أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنهما

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن محمدابن سعید بن عقدة عن إسحاق بن حاتم الأنباری (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) إبراهیم بن الجراح (عن) أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) داود بن یحیی (عن) محمد بن العلاء (عن) محمد بن بشر (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) الحسین بن الحسین الأنطاکی (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) علی بن معبد (عن) أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی محمد بن عبد الباقی الأنصاری (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بکر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسی (عن) المقری (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن حاتم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(۱۶۰۲) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۴۹۷) والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۲۵۶ فی الدعوی والبینات وفی المعرفة (۵۹۸۴) فی الدعوی والدارقطنی ۴:۲۰۹ من طریق ابی حنیفة

نے حضرت''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ''نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے)حضرت''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''داؤد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ''نے اپنی مسند میں حضرت''حسین بن حسین انطا کی رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''قاضی محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''نے حضرت''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''مقری رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''سے روایت کیا ہے۔

☼مدعی ومنکر دونوں نے گواہ پیش کر دیئے،فیصلہ قبضہ دار کے حق میں ہوا☼

1603/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ بْنِ حَبِیْبِ الصَّیْرَفِیِّ (عَنِ) الشَّعْبِیِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلَیْنِ اِخْتَصَمَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ نَاقَةٍ فَقَالَ کُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا اَنَّهَا نَتَجَتْ عِنْدَهُ وَاَقَامَ بَیِّنَةً فَقَضٰی بِهَا لِلَّذِیْ فِیْ یَدِهٖ

✧✧حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں:دو آدمی ایک اونٹنی کے بارے میں اپنا جھگڑا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے کر آئے،دونوں میں سے ہر ایک کا دعویٰ یہ تھا کہ اس نے اس کے ہاں بچہ پیدا کیا ہے اور ہر ایک نے گواہ بھی قائم کر دیئے۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹنی کا فیصلہ اس شخص کے حق میں دیا جس کے قبضے میں اونٹنی تھی۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أبی بکر محمد بن عمران بن موسی الهمدانی عن محمد بن عبد الله بن منصور (عن) یزید بن نعیم (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر باسناده المذکور إلی أبی حنیفة

(ورواه) أبو عبد الله ابن خسرو فی مسنده (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی منصور محمد بن عثمان (عن) أبی بکر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسی (عن) أبی عبد الرحمن المقری عن الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ''نے اپنی مسند میں حضرت''ابوبکر محمد بن عمران بن موسیٰ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''محمد بن عبداللہ بن منصور رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''یزید بن نعیم رحمۃ اللہ علیہ''سے،انہوں نے حضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''سے

(١٦٠٣) قد تقدم فی (١٦٠٢)

،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر ﷫'' سے مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی ﷫'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن عثمان ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مدعی کے پاس گواہ نہ ہوں تو قسم مدعیٰ علیہ سے لی جائے گی ☼

1604/(اَبُوْحَنِيْفَةَ).(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَلْمُدَّعٰى عَلَيْهِ اَوْلٰى بِالْيَمِيْنِ اِذَا لَمْ تَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ ﷫ حضرت ''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت شعبی ﷫ سے،وہ حضرت عبداللہ بن عباس ﷠ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مدعیٰ علیہ قسم کھانے کا زیادہ اہل ہے جب مدعی کے پاس گواہ نہ ہوں۔

(أخـرجـه) أبـو مـحـمـد البخاری (عن) محمد بن المنذر بن سعيد الهروی (عن) أحمد ابن عبد الله الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) الإمام أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخـرجـه) الـحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أحمد بن علی بن شعيب (عن) أحمد بن عبد الله الحلاج (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخـرجـه) الـقـاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی الأنصاری فی مسنده (عن) أبی الغنائم عبد الصمد بن علی بن الـحـسـن بـن الـمـامـون (عن) أبی الحسن علی بن عمر الدارقطنی (عن) أبی عبد الله الحسين بن الحسين بن عبد الـرحـمـن الأنـطـاكی (عن) أحمد بن عبد الله بن أحمد الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) الإمام أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری ﷫'' نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید ہروی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر ﷫'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن علی بن شعیب ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ حلاج ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح ﷫'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی ﷫'' سے ، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کیا ہے۔

(١٦٠٤)اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (٤٩٤)وابن حبان (٥٠٨٢)وعبدالرزاق (١٥١٩٣)والشافعی ١٨١:٢والبخاری (٤٥٥٢)فی التفسير والطبرانی فی الكبير (١١٢٢٥)والبيهقی فی السنن الكبری ٢٥٢:١٠ والبغوی فی شرح السنة (٢٥٠)واحمد ٣٤٣:١

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوغنائم عبد الصمد بن علی بن حسن بن مامون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن حسین بن عبد الرحمٰن انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ بن احمد کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ گواہ پیش کرنا مدعی کی ذمہ داری ہے، وہ گواہ پیش نہ کرسکے تو قسم مدعیٰ علیہ سے لی جائے گی ☼

1605/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) عَمَرِو بْنَ شُعَیْبٍ (عَنْ) اَبِیْہِ (عَنْ) جَدِّہٖ اَنَّ النَّبِیَّ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَیِّنَۃُ عَلٰی اَلْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنُ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ اِذَا اَنْکَرَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمہ ہے اور جب مدعی علیہ اس کا انکار کرے تو اس کے ذمے قسم ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) عبد الله بن محمد بن يعقوب البخاری (عن) أحمد بن أبی صالح (عن) محمد بن خشنام الزاهد (عن) هشام بن عبد الله الكندی عن الإمام أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنهما

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن یعقوب بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خشنام زاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہشام بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مظلوم اور ظالم کی قسم میں نیت کے معتبر ہونے کا میعار ☼

1606/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ اِذَا اِسْتَحْلَفَ الرَّجُلَ وَھُوَ مَظْلُوْمٌ فَالْیَمِیْنُ عَلٰی مَا نَوٰی وَعَلٰی مَا وَرٰی وَاِذَا کَانَ ظَالِماً فَالْیَمِیْنُ عَلٰی نِیَّۃِ الْمُسْتَحْلِفِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب کسی آدمی سے قسم لی جائے اور وہ مظلوم ہو تو قسم اس بات پر ہوگی جو اس نے نیت کی ہے اور جو اس نے چھپایا ہے۔ اور جب وہ ظالم ہوگا تو پھر قسم، قسم لینے والے کی نیت پر ہوگی۔

أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ اليمين فی ذلك علی ما بينه وبين الله تعالی وهو قول أبی حنيفة

(١٦٠٥)اخرجه البيهقی فی السنن الكبری ٨:٢٣٣افی القسامة :باب اهل القسامة والبداية فيهامع اللوث بايمان المدعی و١:٢٥٦٠فی الدعوی:باب المتداعيين يتداعيان شيئافی يداحدهما والترمذی(١٣٤١)فی الدعوی:باب ماجاء فی ان البينة علی المدعی واليمين علی المدعی عليه

(١٦٠٦)اخرجه محمدبن الحسن الشيبانی فی الآثار(٧٢٧)فی الايمان والنذور:باب ما حلف وهو مظلوم وعبدالرزاق (١٦٠٢٥)فی الايمان والنذور:باب اليمين بمايصدقه صاحبك وشك الرجل فی يمينه والعثمانی فی اعلاء السنن ١١:٤٨٣

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔قسم کا تعلق بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہوتا ہے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مدعی گواہ پیش کرے، اگر وہ گواہ پیش نہیں کرسکتا تو مدعیٰ علیہ قسم دے ☼

1607/(اَبُـوْحَـنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ (عَنْ) شُرَیْحِ بْنِ الْحَارِثِ (عَنْ) عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَضٰی بِالْبَیِّنَۃِ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنِ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ اِذَا اَنْکَرَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ شریح بن حارث رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ مدعی کے ذمے گواہ پیش کرنا ہے اور اگر وہ گواہ پیش نہ کرسکے تو مدعی علیہ کے ذمے قسم ہے۔

أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد ابن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبي عبد الله محمد ابن علي بن الحسين (عن) أبي أحمد محمد بن عبد الله بن أحمد بن جامع (عن) أبي بكر محمد بن الحسن بن إبراهيم (عن) إسحاق بن خالد بن يزيد (عن) عبد الله ابن عبد الرحمن القرشي كلاهما (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد ابن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواحمد محمد بن عبداللہ بن احمد بن جامع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن حسن بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن خالد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عبدالرحمٰن قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ گواہ پیش کرنا مدعی کی ذمہ داری ہے، قسم مدعیٰ علیہ سے لی جائے گی ☼

1608/(اَبُـوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنُ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَیْہِ وَکَانَ لاَ یَرُدُّ الْیَمِیْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمے ہے اور قسم مدعی علیہ سے لی جائے گی اور آپ قسم کو لوٹاتے نہیں تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

(١٦٠٧) اخرجه البيهقي في السنن الكبرى ١٠:٢٥٢ وفي المعرفة ٣٦٦:٧ (٥٨٧٣) والدارقطني ٢٠٥:٤

(١٦٠٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٨٦) في البيوع : باب من ادعى دعوى هو على رجل

اَلْبَابُ الْخَامِسُ وَالثَّلاَثُوْنَ فِی الشَّهَادَاتِ

پینتیسواں باب: شہادات (گواہیوں) کے بیان میں

رسول اکرم ﷺ نے حضرت خزیمہ کی گواہی کو دو مردوں کی گواہی کے برابر قرار دیا

1609/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُ مَرَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَعْرَابِیٌّ يَجْحَدُ بَيْعَةً فَقَالَ خُزَيْمَةُ اَشْهَدُ لَقَدْ بَايَعْتَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ اَيْنَ عَلِمْتَ قَالَ تَجِيْئُنَا بِالْوَحْیِ مِنَ السَّمَاءِ فَنُصَدِّقُكَ قَالَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهُ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت "ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ رسول اکرم ﷺ کے پاس سے گزرے، اس وقت حضور ﷺ کے پاس ایک دیہاتی تھا جو آپ ﷺ کے سودے کا انکار کر رہا تھا۔ حضرت خزیمہ نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تو نے حضور ﷺ کے ساتھ سودا کرلیا تھا۔ رسول اکرم ﷺ نے پوچھا: تجھے کیسے پتا چلا؟ حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ ہمارے پاس آسمانی وحی لے کر آئے، ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں، تو رسول اکرم ﷺ نے ان کی گواہی دو مردوں کے برابر قرار دی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی بكر أحمد بن حمدان بن ذی النون (عن) محمد بن الحسين الجريری (عن)(أبی جنادة حصين بن مخارق (عن) أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) جعفر بن محمد الباقلانی (عن) محمد بن أحمد الأزدی (عن) آدم بن حوشب (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبی يحيى عبد الحميد الحمانی

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبی طاهر (عن) علی بن عبيد الله (عن) محمد بن إسحاق (عن) أبی حنيفة ولفظه جعل شهادة خزيمة بشهادة رجلين

(ورواه) بهذا اللفظ (عن) أحمد ابن محمد (عن) يوسف بن موسى (عن) عبد الرحمن بن عبد الصمد (عن) جده (عن) الإمام أبی حنيفة وزاد فيه حتى مات

(ورواه) (عن) عبد الصمد بن الفضل وحمدان بن ذی النون وأحيد بن الحسين المامیانی كلهم (عن) مكی بن

(١٦٠٩) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار ٤:١٤٦ وفی شرح مشكل الآثار (٤٨٠٢)، واحمد ٥:٢١٦، وابو داود (٣٦٠٧)، وابن ابی عاصم فی الآحاد والمثانی (٢٠٨٥)، والطبرانی فی الكبير ٢٢ (٩٤٦)، والحاكم فی المستدرك ٢:١٧-والبيهقی فی السنن الكبرى ١٠:١٤٥

إبراهيم السرخسي (عن) إسحاق بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) المغيث بن بديل (عن) خارجة (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن صالح البلخي (عن) أحمد بن يعقوب (عن) آدم بن حوشب الهمداني (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد بن القاسم (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أحمد بن محمد بن سعيد بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبي طاهر أحمد بن علي بن عبيد الله بن عمر (عن) محمد بن إسحاق بن سيار (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن صالح الترمذي(عن) محمد بن مصفي الحمصي (عن) عبد الله بن يزيد (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) عبيد الله المقرى (عن) أبي عبد الرحمن بن يزيد المقرى (عن) أبي حنيفة مختصرًا أن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جعل شهادة خزيمة بشهادة رجلين

(ورواه) كاملاً (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''ابوبکر احمد بن حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن حسین الجریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابو جنادہ حصین بن مخارق رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''جعفر بن محمد باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن احمد الازدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''آدم بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابویحییٰ عبدالحمید حمانی'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ابوطاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''علی بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،اس کے الفاظ یہ ہیں جعل شھادہ خزیمہ بشھادہ رجلین (حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دومردوں کی گواہی کے برابر قرار دیا)

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (انہیں الفاظ کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''یوسف بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''عبد الرحمٰن بن عبد الصمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت''عبد

الصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اِحید بن حسین ماميانی رحمۃ اللہ علیہ'' ان سب نے حضرت ''مکی بن ابراہیم سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مغیث بن بدیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خارجہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن صالح بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''آدم بن حوشب ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار بن احمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطاہر احمد بن علی بن عبید اللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق بن سیار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن صالح ترمذی سے، انہوں نے محمد بن مصفی حمصی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختصر طور پر روایت کیا ہے، کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی دو مردوں کے برابر قرار دی۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ جس آیت میں وصیت کی بابت ذمی کی گواہی کے جواز کا حکم ہے، وہ آیت منسوخ ہے ☼

1610/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ) الْآيَةَ قَالَ الْآيَةُ مَنْسُوْخَةٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان:

شَهٰدَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

''تمہاری آپس کی گواہی جب تم میں کسی کو موت آئے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(۱۶۱۰) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۳۹) فی الشهادات: باب شهادة اهل الذمة علی المسلمین وابویوسف فی الآثار ۱۶۲

یہ آیت منسوخ ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة وإنما يعني بهذه الشهادة عند حضور الموت على الوصية إذا لم يكن أحد من المسلمين جاز شهادة أهل الذمة على وصية المسلم ثم نسخ ذلك فلا تجوز شهادة الذمي على وصية المسلم وغيرها وإنما تقبل شهادة المسلمين

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔ اس شہادت کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی شخص کی موت کا وقت قریب ہو اور وہ وصیت کرنے لگا ہو، اس کے پاس کوئی مسلمان موجود نہ ہو تو مسلمان کی وصیت پر ذمی کی شہادت کی اجازت دی گئی تھی، مگر اس کو منسوخ کر دیا گیا، لہٰذا اب ذمی کی مسلمان کے بارے میں وصیت کے معاملے میں اور کسی دوسرے معاملے میں گواہی قبول نہیں ہے، دو مسلمانوں کی گواہی قبول کی جائے گی

☼ عورتوں کی گواہی حدود اور قصاص کے مقدمات کے سوا باقی سب میں قبول ہے ☼

1611/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ شَهَادَةُ النِّسَاءِ جَائِزَةٌ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ مَا خَلاَ الْحُدُوْدِ وَالْقِصَاصِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: عورتوں کی گواہی ہر چیز میں جائز ہے سوائے حدود اور قصاص کے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ونحن نقول ما خلا الحدود والقصاص وهو قول أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم کہتے ہیں: حدود اور قصاص کے سوا سب میں ان کی گواہی قبول ہے، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بچے کے رونے کے بارے ایک عورت کی گواہی قبول ہے ☼

1612/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يُجِيْزُ شَهَادَةَ الْمَرْاَةِ عَلَى الْاِسْتِهْلَالِ فِي الصَّبِيِّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ بچے

(۱٦۱۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٦) والبيهقي في السنن الكبرى ١٠: ١٤٨ في الشهادات: باب الشهادة في الطلاق والرجعة وما في معناهما من النكاح والقصاص والحدود' وعبد الرزاق ٨: ٣٣٠ (١٥٤٠٦)' وابن ابي شيبة ٥: ٥٢٨ (٢٨٧٠٧) في الشهادة النساء في الحدود

(۱٦۱۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٧) وعبد الرزاق ٨: ٣٣٤ (١٥٤٣٢) في الشهادات: باب شهادة المرأة في الرضاع والنفاس' وابن ابي شيبة ٤: ٣٢٥ (٢٠٧٠٥) في البيوع الاقضية: ما تجوز فيه شهادة النساء

کے رونے کے معاملے میں عورت کی گواہی کو جائز قرار دیتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كانت عدلة مسلمة وكان أبو حنيفة يقول لا تقبل في الاستهلال إلا شهادة رجلين أو رجل وامرأتين فأما الولادة من الزوجة فتقبل شهادة المرأة إذا كانت عدلة مسلمة وهما عندنا سواء

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب وہ عورت عادلہ اور مسلمان ہو۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بچے کے رونے سے متعلق دو مردوں کی یا ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں کی گواہی قبول کرتے ہیں، البتہ یہ بچہ اسی عورت کا ہے، اس بارے میں ایک عورت کی گواہی قبول کرتے ہیں، اگر وہ عورت مسلمان ہو اور عادل ہو۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں۔

☼ جھوٹی گواہی دینے والے کے لئے جب تک دوزخ کا فیصلہ نہ ہو جائے، وہ ہل بھی نہ سکے گا ☼

1613/(أَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ شَاهِدُ الزُّوْرِ لا تَزُوْلُ قَدَمَاهُ حَتّٰى تَجِبَ لَهُ النَّارُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹی گواہی دینے والا اس وقت تک اپنے قدم نہیں اٹھا پائے گا جب تک اس کے لئے دوزخ کا فیصلہ نہ ہو جائے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي بكر مكرم بن أحمد بن مكرم و (عن) أبي محمد عبد الله بن أحمد كلاهما (عن) أبي حازم عبد الحميد بن عبد العزيز (عن) شعيب بن أيوب (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الفارسي الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) أبي بكر أحمد بن ثابت (عن) الحسن بن محمد الخلال (عن) محمد بن المظفر (عن) أبي بكر مكرم بن أحمد ابن مكرم (و) أبي محمد عبد الله بن أحمد كلاهما (عن) أبي حازم عبد الحميد بن عبد العزيز (عن) شعيب بن أيوب (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوبکر مکرم بن احمد بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوحازم عبد الحمید بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد فارسی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے

(١٦١٣) أخرجه أبو يعلى (٥٦٧٣) وابن ماجة (٢٣٧٣) في الأحكام: باب شهادة الزور، والخطيب في تاريخ بغداد ٢:٣٠٢، ١١:٦٣ والبيهقي في السنن الكبرى ١٠:١٢٢ والحاكم في المستدرك ٤:٩٨ وأبو نعيم في الحلية ٣٦٤٧

روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر مکرم بن احمد بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوحازم عبدالحمید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جب کوئی گواہ جھوٹا ثابت ہوتا تو قاضی ''شریح'' اس کے جھوٹا ہونے کی تشہیر کرواتے تھے ☼

1614/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) مَّنْ حَدَّثَهُ (عَنْ) شُرَیْحٍ قَالَ كَانَ اِذَا اَخَذَ شَاهِدَ زُوْرٍ فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السُّوْقِ بَعَثَ بِهٖ اِلَی السُّوْقِ فَقَالَ لِرَسُوْلِهٖ قُلْ لَهُمْ اِنَّ شُرَیْحاً یُقْرِئُكُمُ السَّلَامَ وَیَقُوْلُ اِنَّا وَجَدْنَا هٰذَا شَاهِدَ زُوْرٍ فَاحْذَرُوْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ الْعَرَبِ اَرْسَلَ بِهٖ اِلٰی مَسْجِدِ قَوْمِهٖ اَجْمَعَ مَا كَانُوْا فَقَالَ الرَّسُوْلُ مِثْلَ مَا قَالَ فِی الْمَرَّةِ الْاُوْلٰی

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اس شخص سے جس نے ان کو حدیث بیان کی ہے اور وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں' جب آپ کسی جھوٹے گواہ کو پکڑتے اگر وہ بازار والوں میں سے ہوتا تو اس کو بازار کی طرف بھیج دیتے اور اپنے قاصد کو فرماتے کہ ان کو کہنا کہ شریح تمہیں سلام کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے اس کو جھوٹی گواہی دیتے ہوئے پایا ہے اس سے بچو اور اگر اس کا تعلق عرب سے ہوتا تو اس کو اس قوم کی مسجد میں بھیج دیتے جتنے لوگ وہاں پر موجود ہوتے اور اپنے قاصد سے کہتے اسی طرح کہنا جیسے پہلے والے کے بارے میں کہا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه كان يأخذ أبو حنيفة لا يرى عليه ضرباً وأما قولنا فإنا نرى عليه مع ذلك التعزير ولا يبلغ به أربعين سوطاً

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اسی کو اختیار کرتے تھے، وہ اس کو مارتے نہیں تھے۔ ہم یہ کہتے ہیں' کہ اس کو تعزیر کے طور پر کوئی نہ کوئی سزا ضرور دی جائے، اور یہ سزا چالیس کوڑوں سے کم ہی ہو۔

☼ حضرت عامر شعبی، جھوٹی گواہی دینے والے کو ۴۰ کوڑے مارا کرتے تھے ☼

1615/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَامِرٍ الشَّعْبِیِّ اَنَّهُ كَانَ یَضْرِبُ شَاهِدَ الزُّوْرِ مَا بَیْنَهُ وَبَیْنَ الْاَرْبَعِیْنَ سَوْطاً

(١٦١٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٤) وابن ابي شيبة ٦:٥٥٠ (٢٣٠٣٥) في البيوع والاقضية: شاهد الزور مايصنع به' والبيهقي في السنن الكبرى ١٠:١٤٢' وعبدالرزاق ٨:٣٢٦ (١٥٣٩١)

(١٦١٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٥) باب شهادة الزور' وابن ابي شيبة ٤:٥٥١ (٢٣٠٤٠) في البيوع والاقضية: شاهد الزور مايصنع به' وعبدالرزاق ٨:٣٢٦ (١٥٣٨٩) باب عقوبة شاهد الزور

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک آدمی سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: وہ جھوٹی گواہی دینے والے کو چالیس کوڑوں تک کی سزا دیا کرتے تھے۔

(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ شَاهِدَ الزُّوْرِ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْاَرْبَعِيْنَ سَوْطاً

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر اس کے بعد حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔

☼ قاذف کی توبہ سے، اس کا فسق ختم ہو جاتا ہے، لیکن اس کی گواہی کبھی بھی قبول نہیں کی جائے گی ☼

1616/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ عَنْ شُرَيْحٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (ولا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَّأُولٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ) قَالَ اِذَا تَابَ ذَهَبَ عَنْهُ اِسْمُ الْفِسْقِ وَاَمَّا الشَّهَادَةُ فَلَا تُقْبَلُ لَهُ اَبَداً

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا ارشاد:

وَّ لَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهٰدَةً اَبَدًا وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

''اور ان کی کوئی گواہی کبھی نہ مانو اور وہی فاسق ہیں مگر جو اس کے بعد توبہ کر لیں اور سنور جائیں تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

آپ فرماتے ہیں: جب بندہ توبہ کر لیتا ہے تو اس سے فسق کا لیبل ختم ہو جاتا ہے لیکن شہادت تو کبھی بھی اس کی قبول نہیں کی جاتی۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٦١٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤١) وابو يوسف في الآثار ١٦٣ وعبد بن حميد في المسند ٤٨:١ و ٣٤٧:١ وعبد الرزاق ٣٨٧:٧ (١٣٥٧٣) وابن ابي شيبة ٣٢٠:٤ (٢٠٦٥١) والبيهقي في السنن الكبرى ١٥٦:١٠

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ قاضی شریح کا موقف ہے کہ توبہ کے بعد قاذف کی گواہی قبول ہے ☼

1617 /(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ (عَنْ) شُرَیْحٍ قَالَ اُجِیْزُ شَهَادَةَ الْقَاذِفِ اِذَا تَابَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: تہمت لگانے والے کی گواہی اس وقت قبول کر لی جاتی ہے جب وہ توبہ کر لے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قاضی شریح نے اس آدمی کی گواہی قبول کی جس کا ہاتھ کٹا ہوا تھا ☼

1618/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ (عَنْ) شُرَیْحٍ قَالَ اَتَاهُ اَقْطَعُ بَنِی الْاَسَدِ فَقَالَ اَتَقْبَلُ شَهَادَتِیْ وَكَانَ مِنْ خِیَارِهِمْ فَقَالَ نَعَمْ وَاَرَاكَ لِذٰلِكَ اَهْلاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ان کے پاس بنی اسد کے ہاتھ کٹے ہوئے شخص کو لایا گیا، اس نے کہا: کیا آپ میری گواہی قبول کریں گے؟ یہ ان کے سب سے معتبر لوگوں میں سے تھا، آپ نے فرمایا: جی ہاں۔اور میں تجھے اس کا اہل سمجھتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ كل محدود فی سرقة أو زنا أو غیر ذلك إذا تاب تقبل شهادته إلا المحدود فی القذف خاصة لقوله تعالی (ولا تقبلوا لهم شهادةً أبدا)

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ہر وہ شخص جس کو چوری یا زنا یا کسی اور جرم میں حد لگ چکی ہو، جب وہ توبہ کر لیتا ہے تو اس کی گواہی قبول کی جاتی ہے سوائے اس شخص کے جس کو تہمت کے مقدمہ میں حد لگی ہو، اس کی گواہی قبول نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے ولا تقبلوا لهم شهادةً ابدا (اور ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو)

(۱۶۱۷)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۴۲)فی الشهادات :باب شهادة المحدود وعبدالرزاق ۸:۳۶۴(۱۵۵۵۲)فی الشهادات:باب شهادة القاذف وابن ابی شیبة۶:۱۷۰فی البیوع والاقضیة:باب فی شهادة القاذفین من قال:هی جائزة اذا تاب والبیهقی فی السنن الكبری۱۰:۱۵۳

(۱۶۱۸)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۴۳)فی الشهادات :باب شهادة المحدود وعبدالرزاق ۷:۳۸۸(۱۳۵۷۵)فی الطلاق:باب قوله تعالیٰ:(ولا تقبلوا لهم شهادةً ابداً)وابن ابی شیبة۷:۲۱۱فی البیوع والاقضیة:باب شهادة الاقطع

☼ غیر مسلم نے مسلمان پر تہمت لگائی، قبول اسلام کے بعد اس کی گواہی قبول ہے ☼

1619/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِیْ نَصْرَانِیٍّ قَذَفَ مُسْلِمَةً فَضُرِبَ الْحَدُّ ثُمَّ اَسْلَمَ جَازَتْ شَهَادَتُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' اگر کوئی عیسائی کسی مسلمان پر تہمت لگائے اور اس پر حد بھی لگا دی جائے تو پھر وہ اسلام لے آئے تو اس کی گواہی قبول ہے

(أخرجه) الإمام محمد فی الآثار فرواه (عن (الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ایک اونٹنی کے دو مدعیوں نے گواہ پیش کر دیئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قابض کے حق میں فیصلہ کر دیا ☼

1620/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِخْتَصَمَ رَجُلَانِ فِیْ نَاقَةٍ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا یُقِیْمُ الْبَیِّنَةَ اَنَّهَا نَاقَتُهُ اَنْتَجَهَا فَقَضٰی بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِلَّذِیْ هِیَ فِیْ یَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ایک آدمی سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: دو آدمی ایک اونٹنی کے بارے جھگڑ پڑے، دونوں میں سے ہر ایک نے گواہ بھی پیش کر دیئے کہ یہ اونٹنی اس کے ہاں پیدا ہوئی تھی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹنی کا فیصلہ اس شخص کے حق میں دیا جس کے قبضے میں اونٹنی تھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد ابن یزید (عن) أبی خالد البخاری (عن) الحسن بن عمر بن شقیق و (عن) محمد بن الحسن البزار عن بشر بن الولید و (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) محمد بن سعید العوفی (عن) أبیه کلهم (عن) أبی یوسف عن الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن قدامة بن سیار الزاهد (عن) محمد بن العلاء أبی کریب (عن) محمد بن بشر (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوخالد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر بن شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن سعید عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' انہوں نے اپنے والد سے، ان سب نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن قدامہ بن سیار زاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علاء ابوکریب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(١٦١٩) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (٦٤٠) فی الشهادات: باب شهادة المحدود، وابو یوسف فی الآثار ٦٦٢

(١٦٢٠) قد تقدم فی (١٦٠٢)

نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ایک اونٹنی کے دو مدعیوں نے گواہ پیش کر دیئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قابض کے حق میں فیصلہ کر دیا☼

1621/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) جَابِرٍ اَنَّ رَجُلَیْنِ اَتَیَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ نَاقَةٍ فَاَقَامَ هٰذَا بَیِّنَةً اَنَّهٗ نتجها وَاَقَامَ هٰذَا بَیِّنَةً اَنَّهٗ نتجها فَجَعَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِلَّذِیْ فِیْ یَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ایک آدمی سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: دو آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک اونٹنی کا جھگڑا لے کر آئے اور اِس نے بھی اس بات پر گواہ پیش کر دیئے کہ یہ اس کے ہاں پیدا ہوئی ہے اور اُس نے بھی گواہ پیش کر دیئے کہ یہ اُس کے ہاں پیدا ہوئی ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا فیصلہ اس شخص کے حق میں کر دیا جس کے ہاتھ میں اونٹنی تھی۔

(عن) محمد بن منذر (عن) محمد بن سعید العوفی (عن) أبیه عن أبی یوسف (عن) الإمام أبی حنیفة ولم یذکر الرجل بین الهیثم وجابر

(ورواه) أیضاً (عن) أحمد بن محمد بن عتبة (عن) بشر بن موسی المقری (عن) الإمام أبی حنیفة ولم یذکر جابراً

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن سعید العوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن انہوں نے حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جابر رحمۃ اللہ علیہ'' کے درمیان کسی شخص کا ذکر نہیں کیا۔

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں بھی حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' کا ذکر نہیں ہے۔

☼باپ، بیٹے، شوہر، بیوی، شریک اور تہمت کی سزا یافتہ کی گواہی قبول نہیں☼

1622/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنِ الْهَیْثَمِ (عَنْ) عَامِرٍ الشَّعْبِیْ (عَنْ) شُرَیْحٍ اَنَّهٗ قَالَ اَرْبَعَةٌ لَا تَجُوْزُ لَهُمْ شَهَادَةُ الْاَبِ لِابْنِهٖ وَالْاِبْنُ لِاَبِیْهِ وَالزَّوْجُ لِاِمْرَاَتِهٖ وَالْمَرْاَةُ لِزَوْجِهَا وَالشَّرِیْكُ لِشَرِیْكِهٖ وَالْمَحْدُوْدُ فِیْ قَذْفٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: چار شخص ایسے ہیں' جن کی گواہی قابلِ قبول نہیں ہے۔ باپ کی گواہی بیٹے کے حق میں۔ بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں۔ شوہر کی گواہی بیوی کے حق میں اور بیوی کی گواہی شوہر کے حق میں۔ شریک کی گواہی شریک کے حق میں۔ وہ شخص جس کو تہمت لگانے کی سزا ہو چکی ہو۔

(۱۶۲۱)قد تقدم فی (۱۶۰۲)

(۱۶۲۲)اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار(۶۴۸)وعبدالرزاق۸:۳۴۴فی الشهادات :باب شهادة الاخ لاخیه والابن لابیه والزوج لامرأته وابن ابی شیبة۷:۲۰۴فی البیوع والاقضیة:باب فی شهادة الولد لوالده

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخي (عن) أبي القاسم بن أحمد ابن عثمان (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة إلا أنا نقول تجوز شهادة الشريك لشريكه فيما هو في غير شركتهما

(أخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد ابن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔ لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ ایک شریک کی دوسرے شریک کے حق میں ان امور میں گواہی قبول ہے جن میں ان کی شرکت نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

باپ کی گواہی بیٹے کے حق میں، بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں قبول نہیں ہے ☼

1643/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ قَالَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ الْمَرْاَةِ لِزَوْجِهَا وَلَا الزَّوْجُ لِمَرَاَتِهٖ وَلَا الْاَبُ لِاِبْنِهٖ وَلَا الْاِبْنُ لِاَبِيْهِ وَلَا الشَّرِيْكُ لِشَرِيْكِهٖ وَلَا الْمَحْدُوْدُ فِيْ قَذَفٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: عورت کی گواہی اس کے شوہر کے حق میں جائز نہیں ہے اور نہ ہی شوہر کی گواہی اس کی بیوی کے حق میں جائز ہے، نہ باپ کی

(۱۶۴۳) قد تقدم فی (۱۶۳۲)

گواہی بیٹے کے حق میں اور نہ بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں۔ اور نہ ہی ایک شریک کی گواہی اپنے شریک کے حق میں۔ اور نہ ہی اس شخص کی گواہی قابل قبول ہے جس پر تہمت کی حد لگ چکی ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جس کو تہمت کی حد لگ چکی ہے اس کی گواہی قبول نہیں، چاہے وہ توبہ بھی کر لے ☼

1624/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ اَنَّهٗ قَالَ لَا اَسْمَعُ شَهَادَةَ الْمَحْدُوْدِ فِی الْقَذْفِ وَاِنْ تَابَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جس کو تہمت کے معاملے میں سزا مل چکی ہو وہ اگرچہ توبہ کر لے تب بھی میں اس کی گواہی نہیں سنتا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد (عن) أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) عبد الوهاب بن عبد الرحمن بن شيبة قال هذا كتاب جدي شيبة بن عبد الرحمن (عن) عبد الملك بن عبد الرحمن بن عبد الله الأصبهاني الكوفي (عن) الإمامأبي حنيفة قال ولا أعلمهن إلا وقد سمعت من أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبد الجبار بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالوہاب بن عبدالرحمٰن بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' انہوں نے کہا: میں نے اپنے دادا حضرت ''شیبہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ اصبہانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، آپ فرماتے ہیں' میں یہی سمجھتا ہوں کہ یہ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنی ہیں۔

☼ بچوں کی گواہی، عورتوں اور مردوں کے زخموں، انگلیوں کی دیت، جانور کی آنکھ پھوڑنے کی سزا ☼

1625/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) شُرَیْحٍ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلَیْهِ هِشَامٌ اَوْ اِبْنُ هُبَیْرَةَ یَسْاَلُهٗ عَنْ خَمْسٍ عَنْ شَهَادَةِ الصِّبْیَانِ وَعَنْ جِرَاحَاتِ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ وَدِیَةِ الْاَصَابِعِ وَعَنْ عَیْنِ الدَّابَّةِ وَالرَّجُلِ یُقِرُّ بِوَلَدِهٖ عِنْدَ الْمَوْتِ فَكَتَبَ اِلَیْهِ اَنَّ شَهَادَةَ الصِّبْیَانِ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ جَائِزَةٌ اِذَا اتَّفَقُوْا عَلَیْهِ وَجِرَاحَاتُ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ یَسْتَوِیَانِ فِی السِّنِّ وَالْمُوْضِحَةِ وَیَخْتَلِفَانِ فِیْمَا سِوٰی ذٰلِكَ وَدِیَةُ اَصَابِعِ الْیَدَیْنِ وَالرِّجْلَیْنِ سَوَاءٌ وَفِیْ

(۱۶۲۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۵۰) وابن ابی شیبة ۴:۳۶۴ (۲۱۰۲۹) فی البیوع :فی شهادة الصبیان و عبدالرزاق ۸:۳۵۰ (۱۵۵۰۰) فی الشهادات :باب شهادة الصبیان

عَيْنِ الدَّابَةِ رُبُعُ ثَمَنِهَا وَالرَّجُلُ يُقِرُّ بِوَلَدِهٖ عِنْدَ الْمَوْتِ اَنَّهٗ اُصَدِّقُ مَا يَكُوْنُ عِنْدَ الْمَوْتِ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ان کی جانب ہشام یا ابن ہبیرہ نے پانچ شخصوں کے بارے میں پوچھنے کے لئے مکتوب لکھا۔ ○ بچوں کی گواہی۔ ○ عورتوں اور مردوں کے زخم۔ ○ انگلیوں کی دیت۔ ○ جانور کی آنکھ پھوڑنے کی سزا۔ ○ وہ شخص جو موت کے وقت اپنے کسی بچے کا اقرار کرتا ہے۔

انہوں نے جواب میں لکھا: ○ بچوں میں سے ایک کی دوسرے پر گواہی جائز ہے جبکہ وہ اس پر متفق ہوں۔ ○ مردوں اور عورتوں کے زخم برابر ہیں دانت اور چہرے میں بھی۔ اس کے علاوہ میں مختلف ہوتے ہیں۔ ○ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کی دیت برابر ہے اور ○ جانور کی آنکھ پھوڑنے میں اس کی کل قیمت کا ایک چوتھائی حصہ ہے اور ○ وہ آدمی جو موت کے وقت اپنے لئے بچے کا اقرار کرتا ہے، تو جو اس نے کہا ہے، میں اس کو سچ قرار دیتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه كله نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه إلا في خصلتين إحداهما شهادة الصبيان عندنا باطلة اتفقوا أو اختلفوا لأن الله عز وجل يقول في كتابه (واشهدوا ذوي عدل منكم واستشهدوا شهيدين من رجالكم فإن لم يكونا رجلين فرجل وامرأتان ممن ترضون من الشهداء) والصبيان ليسوا ممن يوصف أن يكونوا عدولاً ولا ممن يرضى به من الشهداء والخصلة الأخرى جراحات النساء على النصف من جراحات الرجال في كل شيء من السن والموضحة وغير ذلك وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان سب کو اختیار کرتے ہیں، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔ سوائے دو صورتوں کے۔

○ ہمارے نزدیک بچوں کی گواہی باطل ہے چاہے وہ متفق ہوں یا مختلف۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے
وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى

''دو گواہ کرلو اپنے مردوں میں سے پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ایسے گواہ جن کو پسند کرو کہ کہیں ان میں ایک عورت بھولے تو اس ایک کو دوسری یاد دلا دیا''

اور بچوں کو عدول یا غیر عدول قرار نہیں دیا جا سکتا اور نہ ہی وہ پسندیدہ گواہ ہو سکتے ہیں۔ اور دوسری بات یہ کہ عورتوں کے ہر طرح کے زخموں کی دیت مردوں کے برابر ہے، خواہ چہرے کا ہو یا کوئی اور۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ زنا، قذف، شراب نوشی اور نشہ کے بارے میں عورتوں کی گواہی قبول نہیں ☼

1626/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَرْبَعَةٌ لَا تَجُوْزُ فِيْهَا شَهَادَةُ النِّسَاءِ الزِّنَا وَالْقَذْفُ وَشُرْبُ

(١٦٢٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥١) وابن ابي شيبة (٨٧٦٥) (١٠٠:٥٩) في الحدود: باب في شهادة النساء في الحدود.

الْخَمْرِ وَالسُّكْرُ

✦✦ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ۔ چار معاملات میں عورتوں کی گواہی قابلِ قبول نہیں ہے۔ زنا۔ قذف۔ شراب نوشی۔ نشہ۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ گواہی دینے والے کو اللہ کے عذاب سے ڈرانا چاہئے تا کہ وہ سچی گواہی دے ☼

1627/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) قَالَ كُنَّا عَنْدَ مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ فَتَقَدَّمَ اِلَيْهِ رَجُلَانِ فَادَّعٰى اَحَدُهُمَا عَلٰى الْآخِرِ قَالَ فَجَحَدَ الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ فَسَاَلَهُ الْبَيِّنَةَ فَجَاءَ رَجُلٌ فَشَهِدَ عَلَيْهِ فَقَالَ الْمَشْهُوْدُ عَلَيْهِ لاَ وَاللّٰهِ الَّذِيْ لاَ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا شَهِدَ عَلَيَّ بِحَقٍّ وَمَا عَلِمْتُهُ اِلَّا رَجُلاً صَالِحاً غَيْرَ هٰذِهِ الزَّلَّةِ فَاِنَّهُ فَعَلَ هٰذَا لَحَقَدَ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ عَلِيَّ وَكَانَ مَحَارِبُ مُتَّكِئاً فَاسْتَوٰى جَالِساً ثُمَّ قَالَ يَا هٰذَا الرَّجُل سَمِعْتُ اِبْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ يَوْمٌ يُشِيْبُ فِيْهِ الْوِلْدَانُ وَتَضَعُ الْحَوَامِلُ مَا فِيْ بُطُوْنِهَا وَتَضْرِبُ الْحَيْوَانَاتُ بِاَذْنَابِهَا وَتَضَعُ مَا فِيْ بُطُوْنِهَا لِشَدَّةِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلاَ ذَنْبَ عَلَيْهَا فَاِنْ كُنْتَ شَهِدْتَّ بِحَقٍّ فَاقِمْ عَلَيْهَا وَاِنْ كُنْتَ شَهِدْتَّ بَاطِلاً فَاتَّقِ اللّٰهَ وَغَطِّ رَاْسَكَ وَاخْرُجْ مِنْ ذٰلِكَ الْبَابِ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرت محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ کے پاس موجود تھے، ان کے پاس دو آدمی آئے، ان میں سے ایک نے دوسرے پر دعویٰ کیا۔ مدعیٰ علیہ نے انکار کر دیا، انہوں نے گواہی طلب کی تو ایک شخص آیا اور اس نے آکر گواہی دی، جس کے خلاف گواہی دی گئی تھی، اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس نے میرے خلاف سچی گواہی نہیں دی ہے، میں اس کو نیک آدمی سمجھتا ہوں لیکن یہ اس نے غلط بیانی کی ہے کیونکہ اس شخص کے دل میں میرے بارے میں حسد ہے اس کی وجہ سے اس نے ایسا کیا ہے۔

حضرت محارب بن دثار رضی اللہ عنہ ٹیک لگائے ہوئے تھے، وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا: اے شخص! میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا جس میں بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور حاملہ عورتیں اپنے پیٹوں کے حمل پیدا کر دیں گی اور حیوانات کو ان کی دموں پر مارا جائے گا اور اس دن کی شدت کی وجہ سے ان کے پیٹوں کے حمل بھی گر جائیں گے ان کا تو کوئی گناہ نہیں ہو گا، اگر تو نے حق کی گواہی دی ہے تو اس پر قائم رہ اور اگر تو نے جھوٹی گواہی دی ہے تو اللہ سے ڈر اور اپنا سر ڈھانپ اور دروازے سے نکل جا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسين عاصم ابن

(۶۱۲۷) تقدم في (۱۶۱۳) مختصراً

الحسین بن علی بن عاصم (عن) أبی بکر محمد بن أحمد بن یوسف بن وصیف (عن) عبد الله بن محمد بن جعفر بن شاذان (عن) أبی محمد سلیمان بن داود بن کثیر الکندی (عن) الحسن بن أبی العیس (عن) الحسن بن زیاد اللؤلؤی (عن) الإمام أبی حنیفة (وأخرجه) القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی الأنصاری فی مسنده (عن) القاضی أبی الحسین محمد بن المهتدی بالله (عن) القاضی أبی حازم (عن) حمید بن عبد العزیز (عن) شعیب بن أیوب الصیرفی (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین عاصم بن حسین بن علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد بن یوسف بن وصیف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن جعفر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد سلیمان بن داؤد بن کثیر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن ابوعیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد لولوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالثَّلاثُوْنَ فِیْ اَدَبِ الْقَاضِیْ

چھتیسواں باب: ادب القاضی کے بیان میں

☼ حاکم غصے کی کیفیت میں کوئی فیصلہ نہ کرے ☼

1628/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ عُمَیْرٍ (عَنْ) اَبِیْ بَکْرَۃَ اَنَّہٗ کَتَبَ اِلَیْہِ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یَقْضِی الْحَاکِمُ وَھُوَ غَضْبَانُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوبکرہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے ''حاکم غصے کے عالم میں کوئی فیصلہ نہ کرے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أحمد القیراطی (عن) عبدوس بن بشر (عن) أبی یوسف (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدوس بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ پڑوسی اپنی لکڑی تمہاری دیوار پر رکھنا چاہے تو اس کو منع مت کرو ☼

1629/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) عَلِیِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ (عَنْ) عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ

(۱۶۲۸) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۴۹۲) والطحاوی فی الشروط ۲: ۸۴۵ وابن حبان (۵۰۶۳) ومسلم

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَرَادَ جَارُ اَحَدِكُمْ اَنْ يَّضَعَ خَشْبَتَهُ عَلٰى حَائِطٍ فَلَا يَمْنَعْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی کا پڑوسی اپنا شہتیر تمہاری دیوار پر رکھنا چاہے تو اس کو منع مت کرو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن جامع الحلوانی (وعن) عبد الله بن يحيى السرخسی كلاهما (عن) يوسف بن سعيد (عن) أحمد بن محمد بن عبيد (عن) علی بن محمد كلاهما (عن) بشر بن المنذر (عن) القاسم بن غصن (عن) الإمام أبی حنيفة غير أنه قال علی حائط جاره فلا يمنعه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن جامع حلوانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن یحیٰی سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''یوسف بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''بشر بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن غصن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں یہ الفاظ بھی ہیں علی حائط جارہ فلا یمنعہ۔

☼ امارت، امانت ہے، جس نے اس کا حق ادا نہ کیا، اس کے لئے قیامت میں حسرت ہوگی ☼

1630/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنِ) الْحَسَنِ (عَنْ) اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَلْإِمَارَةُ اَمَانَةٌ وَهِيَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ حَسْرَةٌ وَنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَاَدَّى الَّذِيْ عَلَيْهِ وَاَنّٰى لَهُ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! امارت امانت ہے، یہ قیامت کے دن حسرت ہوگی اور ندامت ہوگی سوائے اس شخص کے کہ جس نے اس کو حق کے ساتھ لیا اور فرائض منصبی کو ادا کیا لیکن یہ کون کرسکتا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن عبيد الله بن شريح (عن) علی بن خشرم (عن) يحيى ابن نصر بن حاجب القرشی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن خشرم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحیٰی ابن نصر بن حاجب قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۳۰)اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۴۸۹) والطحاوی فی شرح مشكل الآثار (۵۶) ومحمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۹۱۵) وابن حبان (۵۵۶۴) وابن سعد فی الطبقات الكبرى ۲۳۱:۴ ويعقوب بن سفيان الفسوی فی التاريخ ۲:۶۳۳:۲ ومسلم (۱۸۲۶) فی الامارة :باب كراهية الامارة بغير ضرورة وابو داود (۲۸۶۸) فی الوصايا:باب ماجاء فی الدخول فی الوصايا

☼ جان بوجھ کر ناحق فیصلہ کرنے والا اور جہالت کی وجہ سے ناحق فیصلہ کرنے والا دونوں دوزخی ہیں ☼

1631/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ (عَنْ) حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ (عَنْ) اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ قَاضِيَانِ فِي النَّارِ قَاضٍ يَقْضِيْ فِي النَّاسِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيُوْكِلُ بَعْضُهُمْ مَالَ بَعْضٍ وَقَاضٍ تَرَكَ عِلْمَهُ وَيَقْضِيْ بِغَيْرِ حَقٍّ فَهٰذَانِ فِي النَّارِ وَقَاضٍ يَقْضِيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حسن بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قاضی تین طرح کے ہوتے ہیں، دوطرح کے قاضی دوزخی ہیں۔ایک ایسا قاضی جو لوگوں کے درمیان علم کے بغیر فیصلہ کرتا ہے اور کسی کا مال کسی کو کھلا دیتا ہے۔ایک قاضی ایسا جو اپنا علم چھوڑ دیتا ہے اور ناحق فیصلہ کر دیتا ہے یہ دونوں دوزخی ہیں اور ایک قاضی ایسا جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرتا ہے یہ جنتی ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رميح عن إسماعيل ابن عبد الله القشيری (عن) أحمد بن الجراح القهستانی (عن) أبی إسحاق الفزاری عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابو رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عبد اللہ قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جراح قہستانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرتِ شعبی نے گورنر کے عہدہ سے بچنے کے لئے شطرنج بطور حربہ کھیلا ☼

1632/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) قَالَ رَاَيْتُ الشَّعْبِيَّ يَلْعَبُ بِالشَّطْرَنْجِ وَاِنَّمَا فَعَلَ ذٰلِكَ فِرَارًا مِنْ اَنْ يُوَلِّيَهُ بَعْضُهُمْ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو شطرنج کھیلتے ہوئے دیکھا اور یہ انہوں نے فقط اس لئے کیا تاکہ کسی اور کو گورنر بنایا جائے اور ان کی جان چھوٹ جائے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) عبد الصمد ابن علی بن محمد (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل (عن) أبيه (عن) عبد الرحمن بن مسهر (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''عبدالصمد بن علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابی مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱٦٣۱) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (٤۹۱) والترمذی (۱۳۲۲) والبیهقی فی السنن الكبری ۱۰:۱۱۷ والحاكم فی المستدرك ٤:۹۰ من بریدة عن ابیه

(۱٦۳۲) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۳۷۲) والطبرانی فی الاوسط ۵:۵۲ (٤۰۹۱) والحاكم فی المستدرك ۳:۱۲۰ واورده الهیثمی فی مجمع الزوائد ۷:۲٦٦ وفی مجمع البحرین ۳:۲۹۷ (۳۷۵۰) فی المناقب: مناقب حمزه عم رسول الله صلی الله علیه وسلم

اَلبَابُ السَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ فِي السِّيَرِ

سینتیسواں باب: سیر کے بیان میں

جو حکمران کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے قیامت کے دن اس کا مقام

1633/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عِكْرِمَةَ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ثُمَّ رَجُلٌ رَحَلَ اِلٰى اِمَامٍ فَاَمَرَهُ وَنَهَاهُ

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تمام شہیدوں کے سردار حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہوں گے، پھر وہ شخص جو اپنے حکمران کی طرف سفر کر کے گیا اور اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے منع کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) إبراهيم بن منصور البخاری عن محمد بن ثور عن حمدان بن حميد عن الحسن بن رشيد عن الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) العباس بن عزيز القطان المروزی (عن) محمد ابن عبدة (عن) حامد بن آدم (عن) الحسن بن رشيد (عن) الإمام أبی حنيفة غير أنه قال إلی إمام جائر فأمره ونهاه

(ورواه) أيضاً بهذا اللفظ (عن) محمد بن إبراهيم بن ناصح بو مرو عن محمد بن عيسی (عن) أحمد بن أبی ظبية (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن عمر بن مصعب المروزی (عن) عمه (عن) الحسين بن الجارث (عن) الحسين بن رشيد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) الشريف النقيب أبی طالب علی بن محمد بن المحسن نقيب مقابر قريش بمدينة السلام (عن) القاضی الشريف واهب بن العباس بن محمد بن علی بن محمد بن عبد الله بن عبد الصمد بن المهتدی بالله (عن) أبی الحسن علی بن عمر السكری (عن) أبی سعيد حاتم بن الحسن الشاشی (عن) أحمد بن زرعة (عن) الحسن بن رشيد (عن) أبی مقاتل (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی الأنصاری فی مسنده (عن) القاضی أبی الحسين بن محمد بن علی بن المهتدی بالله (عن) أبی الحسين علی بن عمر السكری (عن) أبی سعيد حاتم بن الحسن الشاشی (عن) أحمد بن زرعة (عن) الحسن بن رشيد (عن) أبی مقاتل عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

(ورواه) (عن) القاضی أبی الحسين محمد بن علی بن المهتدی بالله (عن) أبی الحسن علی بن عمر السكری (عن) أبی سعيد حاتم بن الحسن الشاشی (عن) أحمد بن زرعة (عن) الحسن بن رشيد (عن) أبی مقاتل (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''احمد بن محمد بن عمر بن مصعب مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے چچا حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''شریف نقیب ابوطالب علی بن محمد بن محسن نقیب مقابر قریش رحمۃ اللہ علیہ'' سے (مدینۃ السلام میں) انہوں نے حضرت ''قاضی شریف واہب بن عباس بن محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ بن عبدالصمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین بن محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''احمد بن محمد بن عمر بن مصعب مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے چچا سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''شریف نقیب ابو طالب علی بن محمد بن محسن رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ مدینۃ السلام میں قریش کے قبرستان کے نگران تھے)، انہوں نے حضرت ''قاضی شریف واہب بن عباس بن محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ بن عبدالصمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین بن محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مدینہ منورہ آنے سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کا مال غنیمت تقسیم نہیں فرمایا تھا ☼

1634/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مِقْسَمٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ لَمْ يُقَسِّمْ شَيْئاً مِنْ غَنَائِمِ بَدْرٍ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَقْدَمِهِ الْمَدِيْنَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ حضرت مقسم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی غنیموں میں سے کوئی چیز بھی تقسیم نہیں کی تھی، مدینہ منورہ میں واپس آ کر سب کچھ تقسیم کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أبی سعید بن جعفر البختری (عن) یحیی بن فروخ (عن) محمد بن بشر (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر بختری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحیٰی بن فروخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مال غنیمت میں گھڑسوار کے دو حصے اور پیدل کا ایک حصہ ☼

1635/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) زَكَرِيَّا بْنِ الْحَارِثِ (عَنِ) الْمُنْذِرِ بْنِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِسْتَعْمَلَهُ عَلٰى سَرِيَّةٍ فَغَنَمَ فَسَهَمَ لِلْفَارِسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْماً وَاحِداً فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت زکریا بن حارث رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت منذر بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ روایت کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کو ایک جنگی مہم کا امیر بنایا، ان کو بہت سارا مالِ غنیمت ملا آپ نے گھڑسوار کو دو حصے دیئے اور پیدل کو ایک حصہ۔ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس تقسیم پر خوش ہوئے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) أبی العباس أحمد بن عبد الله الصباح (عن) أحمد بن یعقوب (عن) عبد الله بن خالد بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة قال الحافظ ورواه أبو یوسف (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عبداللہ صباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(۱۶۳۴) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۳۲۶) وابویوسف فی الرد علی سیر الاوزاعی ۸

(۱۶۳۵) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۶۱) ابویوسف فی الخراج ۲۰ وعبدالرزاق ۱۸۳:۵ (۹۳۱۳) وابن ابی شیبة ۴۰۲:۵ (۱۵۰۳۸) فی الجهاد: باب البرازین مالها وکیف یقسم لها وسعید بن منصور ۲۸۰:۲ (۲۷۷۲) والبیهقی فی السنن الکبری ۳۲۸:۶

نے حضرت ''عبداللہ بن خالد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں، یہ حدیث حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

☼ قبل تقسیم خمس کا مال بیچنا منع ہے ☼

1636/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ یُّبَاعَ الْخُمُسُ حَتّٰی یُقَسَّمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خمس کا مال تقسیم سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) جعفر بن محمد بن موسی (عن) أبیه (عن) عثمان بن دینار (عن) الإمام أبی حنیفة (وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن موسی (عن) أبیه (عن) عثمان بن دینار (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن ابی اوفیٰ کے ہاتھ میں ایک زخم تھا جو غزوہ خیبر کے موقع پر ان کو لگا تھا ☼

1637/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ سَعْدٍ سَعِیْدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ الْاَعْوَرِ قَالَ رَاَیْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی فِیْ یَدِهٖ ضَرْبَةٌ فَقَالَ اَصَابَتْنِیْ هٰذِهٖ یَوْمَ خَیْبَرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوسعد سعید بن مرزبان اعور رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کے ہاتھ کے اندر ایک زخم تھا، آپ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ خیبر میں یہ زخم مجھے لگا تھا۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) علی بن أحمد بن سلیمان (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) ابن معبد عن الإمام محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة (وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن

(١٦٣٦) اورده السید المرتضیٰ الزبیدی فی الجواهر ٣٣١:١

(١٦٣٧) قلت: وقد اخرج ابن حجر فی الاصابة ٣٩:٤ عن احمد عن یزید عن اسماعیل رئیت علی ساعد عبدالله بن ابی اوفی ضربة فقال: ضربتها یوم حنین فقلت: اشهدت حنیناً؟ قال: نعم وقیل غیر ذالك

محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بأسانیده إلی أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''علی بن احمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حاملہ لونڈی جب تک بچہ پیدا نہ کر لے، اس کے ساتھ صحبت جائز نہیں ☼

1638/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تُوْطَاَ الْحُبَالٰی حَتّٰی یَضَعْنَ مَا فِیْ بُطُوْنِهِنَّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاملہ لونڈیوں کے ساتھ اس وقت تک ہمبستری نہ کرو جب تک ان کے پیٹ میں جو کچھ ہے وہ پیدا نہ کر لیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه عن عثمان بن دینار (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''عثمان بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورت مرتد ہو جائے تو اس کو قتل نہ کیا جائے ☼

1639/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ (عَنْ) زِرِ بْنِ حُبَیْشٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ فِی الْمَرْاَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُسْتَحْیٰی

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عاصم بن ابی نجود رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: جو عورت مرتد ہو جائے، اس کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد (عن) العباس بن محمد المروزی (عن) أبی عاصم (عن) سفیان (عن) الإمام أبی حنیفة

(١٦٣٨) أخرجه عبدالرزاق ٢٢٧:٧ (١٢٩٠٤) باب عدة الأمة تباع... عن الشعبی قال: أصاب المسلمون نساء یوم أوطاس فأمرهم النبی صلی الله علیه وسلم أن لا یقعوا علی حامل حتی تضع ولا علی غیر حامل حتی تحیض حیضة

(١٦٣٩) أخرجه أبو یوسف فی الخراج ١٩٦ وابن أبی شیبة ٥٥٧:٥ (٢٨٩٨٥) فی الحدود: فی المرتدة ما یصنع بها وا ٤٤٦:٦ (٣٢٧٦٣) فی السیر: ما قالوا فی المرتدة عن الإسلام وعبدالرزاق ١٧٧:١٠ (١٨٧٣١) فی اللقطة: باب كفر المرأة بعد إسلامها والبیهقی فی السنن الكبری ٢٠٣:٨

(ورواه) أيضاً (عن) أبي عبد الله محمد ابن مخلد (عن) محمد بن الحسين بن اشكاب (عن) أبي قطن (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن مخلد بن حفص (عن) العباس بن محمد (عن) أبي عاصم (عن) سفيان (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن مخلد (عن) أحمد بن منصور الرمادى (عن) يزيد المدنى (عن) سفيان قال حدثنا بعض أصحابنا (عن) أبي عاصم الحديث (وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) أبي محمد عبد الله بن عبد الوهاب (عن) إسماعيل ابن توبة (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهرى (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكورة إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس بن محمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد ابن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسین بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقطن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن مخلد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن مخلد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یزید مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے ہمارے بعض اصحاب کے حوالے حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے یہ حدیث روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبد اللہ بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل ابن توبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

بیعت لیتے وقت بھی حضور ﷺ نے کسی عورت سے ہاتھ نہیں ملایا

1640/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) أُمِيمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِأُبَايِعَهُ فَقَالَ إِنِّيْ لَسْتُ أُصَافِحُ النِّسَاءِ

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ امیمہ بنت رقیقہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں' میں رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں بیعت کے لئے حاضر ہوئی، آپ ﷺ نے فرمایا: میں عورتوں سے ہاتھ نہیں ملاتا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) صالح بن أبى رميح (عن) أبى بكر الصغانى (عن) على بن الحسن المروزى (عن) إبراهيم بن رستم (عن) قيس بن الربيع (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حسن مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن رستم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قیس بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت اعمش نے اپنے اور حضرت علی کے بارے فضیلت کی ایک بات کہی

1641/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) دَخَلَ عَلٰى سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانِ الْاَعْمَشِ وَمَعَهُ اِبْنُ اَبِ لَيْلٰى وَابْنُ شِبْرِمَةَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ فَقَالَ لَهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّكَ فِيْ اَوَّلِ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الْآخِرَةِ وَآخَرَ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا فَقَدْ كُنْتَ تُحَدِّثُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَحَادِيْثَ اِنْ سَكَتَّ عَنْهَا كَانَ خَيْرًا فَقَالَ الْاَعْمَشُ اَلْمِثْلِيْ يُقَالُ هٰذَا اَسْنِدُوْنِيْ اَسْنِدُوْنِي حَدَّثَنِيْ اَبُو الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيْ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِيْ وَلِعَلِيٍّ اُدْخِلَا الْجَنَّةَ مَنْ اَحَبَّكُمَا وَاُدْخِلَا النَّارَ مَنْ اَبْغَضَكُمَا وَذٰلِكَ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ) الآيَةَ فَقَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ قُوْمُوْا لَا يَجِيْءُ بِاَعْظَمَ مِنْ هٰذَا

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' حضرت سلیمان بن مہران اعمش رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گئے، ان کے ہمراہ حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ تھے، یہ ان کی اس مرض کی بات ہے جس میں ان کا انتقال ہوا۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اے ابومحمد! آپ آخرت کے ایام میں سے پہلے دن میں ہیں اور دنیا کے ایام میں سب سے آخری دن میں ہیں، آپ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بارے کچھ باتیں بیان کیا کرتے تھے، اگر آپ ان کے بارے میں خاموش رہتے تو اچھا تھا۔ حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: میرے جیسے شخص کو یوں کہا جا رہا ہے؟ مجھے بٹھاؤ، مجھے بٹھاؤ۔ مجھے ابوالمتوکل ناجی نے یہ بتایا ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ مجھے اور علی سے فرمائے گا: جو

(١٦٤٠) اخرجه احمد ٦:٢٥٧ والحميدى (٣٤١) والترمذى فى السنن (١٥٩٧) وابن ماجة (٢٨٧٤) وابن ابى عاصم فى الآحاد والمثانى (٣٣٤٠) والطبرانى فى الكبير ٢٤ (٤٧٢) والحاكم فى المستدرك ٤:٧١

(١٦٤١) قد تقدم

شخص تم دونوں سے محبت کیا کرتا تھا تم اس کو جنت میں لے جاؤ اور جو تم سے بغض رکھتے تھے تم ان کو دوزخ میں بھیج دو یہ اللہ تعالیٰ کا وہ ارشاد ہے:

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ

''حکم ہوگا تم دونوں جہنّم میں ڈال دو ہر بڑے ناشکرے ہٹ دھرم کو''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہاں سے اٹھ جاؤ، یہ کہیں اس سے بڑی بات بھی نہ کردے۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسن بن خسرو في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبي بكر محمد بن عمر بن موسى الهمداني (عن) إسحاق النخعي (عن) محمد بن الطفيل (عن) شريك بن عبد الله قال كنا عند الأعمش إذ دخل أبو حنيفة

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) إسحاق بن محمد بن أبان (عن) أبي يحيى عبد الحميد الحماني (عن) شريك بن عبد الله أنه قال كنا عند الأعمش إذ دخل عليه أبو حنيفة وابن أبي ليلى وابن شبرمة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن عمر بن موسیٰ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن طفیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ہم حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھے کہ ان کے پاس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' آئے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر صفار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زریع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٦٥٥) تقدم في (١٦٥٣)

☼ مال غنیمت میں گھڑسوار کو دو اور پیدل کو ایک حصہ ملا ☼

1656/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ (عَنِ) الْمُنْذَرِ بْنِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ قَالَ بَعَثَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ جَیْشٍ اِلٰی مِصْرٍ فَاَصَابُوْا غَنَائِمَ فَقَسَّمَ لِلْفَارِسِ سَهْمَیْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْماً فَرَضٰی بِذٰلِكَ عُمَرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت ''منذر بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مصر کی جانب انہیں ایک لشکر میں بھیجا، ان کو بہت سارا مالِ غنیمت ملا، انہوں نے گھڑ سوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس تقسیم پر راضی ہو گئے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة ولسنا نأخذ بهذا ولكنا نرى أن يكون للفارس ثلاثة أسهم وللراجل سهم واحد

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ لیکن اس پر عمل نہیں کرتے، ہم یہ کہتے ہیں کہ گھڑ سوار کے تین اور پیدل کا ایک حصہ ہے۔

☼ غنیمت سے خمس سے اضافی مال بھی مسلمانوں میں تقسیم کرنا مستحب ہے ☼

1657/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهُ کَانَ یَسْتَحِبُّ النَّفْلَ لِنَصْرِ الْمُسْلِمِیْنَ بِذٰلِكَ عَلٰی عَدُوِّهِمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' غنیمت کے خمس سے اضافی مال مسلمانوں میں تقسیم کرنا مستحب ہے کیونکہ اس سے دشمنوں کے خلاف مسلمانوں کی مدد ہوتی ہے

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جس نے کسی کافر کو قتل کیا، اس کافر کا تمام ساز و سامان قتل کرنے والے کو ملے گا ☼

1658/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ مَنْ قَتَلَ قَتِیْلاً فَلَهُ سَلْبُهُ وَمَنْ جَاءَ بِسَلْبٍ فَهُوَ لَهُ وَمَنْ جَاءَ بِرَاْسٍ فَلَهُ کَذَا وَکَذَا فَهُوَ النَّفْلُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے

(١٦٥٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٦١) وابو يوسف في الخراج ٢٠ وقد تقدم في (١٦٣٥)

(١٦٥٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٧٣) في الجهاد: باب الغنيمة والنفل (الطبع الجديد)

(١٦٥٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٧٣) في الجهاد: باب الغنيمة والنفل (الطبع الجديد)

ہیں: جس نے کسی کو قتل کیا اس کا ساز و سامان اس کے قاتل کو ملے گا اور جو کوئی ساز و سامان لے کر آیا وہ اسی کا ہے اور جو سر لے کر آیا ہے، اس کو یہ یہ چیزیں ملیں گی کیونکہ وہ مالِ غنیمت ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ایک مجاہد کے زخمی ہاتھ کو دیکھ کر حضرت عمر پر رقت طاری ہوگئی ☼

1659/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَطْعَمَ النَّاسَ بِالْمَدِيْنَةِ فَرَاٰى رَجُلًا يَاْكُلُ بِشِمَالِهٖ فَقَالَ كُلْ بِيَمِيْنِكَ فَقَالَ اِنَّهَا اُصِيْبَتْ يَوْمَ مُؤْتَةَ فَجَلَسَ عُمَرُ يَبْكِيْ قَائِلًا مَنْ يُوَضِّيْكَ مَنْ يُغْسِلُ ثَوْبَكَ وَاَمَرَ لَهٗ بِجَارِيَةٍ فَارِهَةٍ وَكِسْوَةٍ وَرَاحِلَةٍ فَضَجَّ الْمُسْلِمُوْنَ بِالدُّعَاءِ لِعُمَرَ لَمَّا رَاَوْا مِنْ رَاْفَتِهٖ وَتَفَقُّدِهٖ لِاَحْوَالِ الْاُمَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ میں لوگوں کو کھانا کھلایا، آپ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ بائیں ہاتھ سے کھانا کھا رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: جنگِ موتہ میں مجھے زخم آ گیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ کر رونے لگ گئے اور یہ کہنے لگے ''تجھے وضو کون کرواتا ہے اور تیرے کپڑے کون دھوتا ہے'' پھر آپ نے ایک نوجوان لونڈی اس کو دی اور لباس دیا اور سواری دی تو مسلمانوں نے آپ کی نرمی کا یہ انداز اور امت کے احوال پر اس قدر سنجیدگی دیکھی تو سب کی چیخیں نکل گئیں۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) ابن الجعاني (عن) أسد بن عمر (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله تعالى عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابن جعانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ سب سے افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے ☼

1660/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

(١٦٥٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٧٨) في الادب: باب فضائل الصحابة اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ومن كان يتذاكر الفقه

(١٦٦٠)...واورده المرتضى الزبيدي في العقود الجواهر المنيفة ١:٣٢٢

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن محمد بن علی المقری النهروانی (عن) علی بن حفص بن عمرو بن آدم (عن) أحمد بن محمد من ولد تمیم (عن) محمد بن الزبرقان أبی همام الأهوازی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله تعالی عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن علی مقری نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حفص بن عمرو بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد'' سے (جو کہ تمیم کی اولاد میں سے ہیں)، انہوں نے حضرت ''محمد بن زبرقان ابو ہمام اہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عالم جب تک لوگوں میں بیٹھا رہتا ہے، لوگ ذکر اللہ میں مشغول رہتے ہیں ☼

1661/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَلِیِّ بْنِ عَامِرٍ وَعَلِیِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنِ) الْاَغَرِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا جَلَسَ عَالِمٌ فِی النَّاسِ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰی اِلَّا غَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِیْمَنْ عِنْدَهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن عامر رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت اغر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تک عالم لوگوں میں بیٹھا رہتا ہے، لوگ اللہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں، ان پر رحمت سایہ فگن ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر اس جماعت میں کرتا ہے جو جماعت اللہ کی بارگاہ میں موجود ہوتی ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه (قال) الحافظ (ورواه) الإمام أبو يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے مجاہدین کے گھر والے سے خیانت کی قیامت کے دن اس سے قصاص لیا جائے گا ☼

1662/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَیْدَةَ (عَنْ) اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی حُرْمَةَ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِیْنَ عَلَی الْقَاعِدِیْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ

الْقَاعِدِيْنَ يَخُوْنَ اَحَداً مِنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ اَهْلِهٖ اِلَّا قِيْلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِقْتَصّ فَمَا ظَنُّكُمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کی عورتیں جہاد پر نہ جانے والوں پر اسی طرح حرام کی ہیں جس طرح ان کی مائیں ان پر حرام ہیں۔ اور جو شخص جہاد پر نہیں گیا اور وہ مجاہدین میں سے کسی کے گھر میں خیانت کرے تو قیامت کے دن اس کو کہا جائے گا کہ اس سے قصاص لے لو، تو تمہارا کیا خیال ہے؟۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل (عن) شعیب بن أیوب (عن) أبی یحیی عبد الحمید الحمانی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مختلف شخصیات کے لئے سرکاری طور پر وظائف مقرر فرمائے ☼

1663/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيُّ (عَنْ) اَبِيْ اِسْحَاقِ السَّبِيْعِيْ (وَ) مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ سُفْيَانُ (عَنْ) عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَوَّلُ مَنْ فَرَضَ الْعَطِيَّةَ فَرَضَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارَ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ سِتَّةَ آلَافٍ وَفَرَضَ لِاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفَضَّلَ عَائِشَةَ فَفَرَضَ لَهَا اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفاً وَلِسَائِرِهِنَّ عَشَرَةَ آلَافٍ غَيْرَ جُوَيْرِيَةَ وَصَفِيَّةَ فَرَضَ لَهُمَا سِتَّةَ آلَافٍ وَفَرَضَ لِلْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَلْفاً اَلْفاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مصعب بن سعد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عامر بن سعد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے مہاجرین اور انصار کے وظائف مقرر کئے۔ اہل بدر کے لئے ۶ ہزار مقرر کئے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے لئے بھی وظائف مقرر کئے۔ لیکن ان میں ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کو فضیلت دی، ان کے لئے ۱۲ ہزار رکھے اور باقی سب کے لئے دس ہزار، سوائے جویریہ اور صفیہ کے، ان کے لئے ۶،۶ ہزار رکھے۔ پہلی مہاجرات کے لئے بھی وظیفہ رکھا، پہلی مہاجرات میں سیدہ اسماء بنت ابی بکر اور اسماء بنت عمیس کے لئے ایک ایک ہزار رکھا۔

(أخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) الحسین بن عمر ابن الأحوص (عن) أبیه (عن) إسماعیل بن حماد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن الحسن بن خیرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی باسناده

(۱۶۶۲) اخرجه احمد۵:۳۵۲، ومسلم (۱۸۹۷) (۱۳۹)، وابن ابی عاصم فی الجهاد (۱۰۰)، والنسائی ۶:۵۰، وابن حبان (۴۶۳۴)، والحمیدی (۹۰۷)، وسعید بن منصور (۲۳۳۱)، وابوداود (۲۴۹۲)، والبیهقی فی السنن الکبری ۹:۱۷۳، وابونعیم فی الحلیة ۷:۲۵۷

(۱۶۶۳) اخرجه ابویوسف فی الخراج:۵۰، وعبدالرزاق ۱۱:۱۰۰ (۲۰۰۳۶) باب الدیوان، وعبدالله بن المبارک فی الزهد ۲۶۵

المذكور إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسین بن عمر بن احوص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ حضرت عامر شعبی غزوات والی احادیث بیان کیا کرتے تھے، حضرت ابن عمر سنا کرتے تھے ☆

1664/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَانَ يُحَدِّثُ عَنِ الْمَغَازِيْ وَابْنُ عَمَرَ يَسْمَعُهُ فَقَالَ حِيْنَ سَمِعَ حَدِيْثَهُ اَنَّهُ يَحَدِّثُ كَاَنَّهُ شَهِدَ الْقَوْمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں؛ وہ فرماتے ہیں: وہ مغازی کے بارے میں احادیث روایت کیا کرتے تھے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سنا کرتے تھے، جب وہ حدیث سنتے تو فرماتے: یہ واقعات یوں بیان کرتے ہیں گویا کہ دیکھ دیکھ کر بیان کر رہے ہوں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول قال هذا كتاب جدي إسماعيل فقرأت فيه حدثني القاسم بن معن (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا حضرت ''اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ اہل حرب نے مسلمان کا مال غصب کرلیا، پھر مسلمانوں کو وہ مال ملا، تو مالک زیادہ حق رکھتا ہے ☆

1665/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ مَا اَحْرَزَ اَهْلُ الْحَرْبِ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ اَصَابَهُ الْمُسْلِمُوْنَ فَهُوَ رُدَّ عَلٰى صَاحِبِهٖ اِنْ اَصَابَهُ قَبْلَ الْقِسْمَةِ وَاِنْ اَصَابَهُ بَعْدَ الْقِسْمَةِ فَهُوَ اَحَقُّ بِالثَّمَنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: اہلِ حرب مسلمانوں کے جو مال غصب کرلیں پھر مسلمانوں کو وہ مل جائیں تو اگر تقسیم سے پہلے کسی کو اپنا مال نظر آجائے تو اس کو لوٹایا جائے گا اور اگر تقسیم کے بعد اس کو اپنا مال ملا تو وہ لینے کا حق تو رکھتا ہے لیکن قیمت ادا کر کے۔

(١٦٦٤) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٣٨٦) و(٣٨٧)

(١٦٦٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٨٦٤) وابن ابي شيبة ٦:٥١١ (٣٣٣٥٢) في السير: في العبد يأسره المسلمون ثم يظهر عليه العدو وسعيد بن منصور في السنن ٢:٣١١ وعبد الرزاق ٥:١٩٦ (٩٣٦٣) في الجهاد: باب المتاع يصيبه العدو ثم وجده صاحبه

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه وأراد بالثمن القيمة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔اور ثمن سے مراد قیمت ہے۔

☼ عامر شعبی غزوات کا بیان بہت احسن انداز میں کیا کرتے تھے ☼

1666/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ هِنْدِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَامِرٍ اَنَّهٗ كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ مَغَازِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حَلْقَةٍ فِيْهَا ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ اِنَّهٗ لَيُحَدِّثُ حَدِيْثًا كَاَنَّهٗ شَهِدَ الْقَوْمَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو ہند حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: وہ ایک حلقے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کے بارے بیان کر رہے تھے،اس حلقے میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے،انہوں نے کہا: یہ حدیث اس طرح بیان کرتے ہیں جس طرح کے لوگوں میں خود موجود ہیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير عن الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت في كتاب إسماعيل بن حماد (عن) (عن) أبي يوسف القاضي (عن) الإمام أبي حنيفة (عن) أبي هند (عن) أشياخهم

(أخرجه) أبو عبد الله الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) جعفر بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے ان کے اشیاخ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''جعفر بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٦٦٦) تقدم في (١٦٦٤)

☼ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو باغی گروہ سے لڑائی میں شمولیت نہ کرنے پر بہت افسوس تھا ☼

1667/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ مَا آسِیْ عَلٰی شَیْءٍ كَمَا آسِیْ عَلٰی اَنْ لَا اَكُوْنَ قَاتَلْتُ الْفِئَةَ الْبَاغِيَةَ وَعَلٰی صَوْمِ الْهَوَاجِرِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مجھے کبھی کسی چیز پر افسوس نہیں ہوا جتنا اس بات پر افسوس ہوا ہے کہ میں نے باغی گروہ کے ساتھ جہاد نہیں کیا اور میں نے صوم ہواجر یعنی گرمیوں کے روزے نہیں رکھے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن القاسم بن زكريا المحاربي (عن) عباد بن يعقوب (عن) عفان يعني ابن سيار الجرجاني القاضي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن زکریا محاربی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عفان یعنی ابن سیار جرجانی قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جہنم کا ایک دروازہ ان لوگوں کے لئے مخصوص ہے جو مسلمان پر ہتھیار لہراتے ہیں ☼

1668/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ جَنَابٍ يَحْيٰی بْنِ اَبِیْ حَيَّةَ (عَنْ) اُحَيْدٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلٰی اُمَّتِیْ فَاِنَّ لِجَهَنَّمَ سَبْعَةَ اَبْوَابٍ بَابٌ مِنْهَا لِمَنْ سَلَّ السَّيْفَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو جناب یحییٰ بن ابو حیہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت احید رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے کسی امتی پر تلوار سونتی، جہنم کے سات دروازے ہیں ان میں سے ایک دروازہ تلوار سونتنے والے کے لئے ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) محمد بن حمدان (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ الدامغاني (عن) عمار بن رجاء (عن) عمير ابن يعيش (عن) محمد بن القاسم الأسدي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن قیس دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمیر بن یعیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن قاسم اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٦٦٧) اخرجه الطبراني في الاوسط ٨:٢٠٤٠ (٧٨١٩) واورده الهيثمي في مجمع الزوائد ٣:١٨٢ وفي مجمع البحرين ٢:٥١ (١٤٦٢)

(١٦٦٨) اخرجه الطحاوي في شرح مشكل الآثار (١٣٣٣) وابن ابي شيبة ١٠:١٢١ ومسلم (٩٨ X ١٦١) والبخاري (٦٨٧٤) والنسائي في المجتبى ٧:١١٧ وفي الكبرى (٣٥٦٣) وابويعلى (٥٨٢٧) والخطيب في تاريخ بغداد ٧:٢٣٦

☼ کسی مجاہد کو ایک کوڑا دینا، پھر ایک کوڑا دینا، ایک حج کے بعد دوسرے حج کے مترادف ہے ☼

1669/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) یَحْیٰی بْنِ عَمَرٍو الْاَسْلَمِیِّ الْهَمْدَانِیِّ الْوَادِعِیِّ (عَنْ) اَبِیْهِ عَمْرٍو (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَاَنْ اُعِیْنُ غَازِیاً بِالسَّوْطِ یَسْتَعِیْنُ بِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ حَجَّةٍ فِیْ اَثْرِ حَجَّةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت یحییٰ بن عمرو اسلمی ہمدانی وادعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد عمرو رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: میں کسی مجاہد کی ایک کوڑے کے ساتھ مدد کروں اور اس کے ذریعے اللہ کی راہ میں مدد کروں، یہ میری نگاہ میں ایک حج کے بعد دوسرے حج سے بھی زیادہ محبوب ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) عبد الله بن أحمد بن نوح (عن) أبیه (عن) خالد بن سلیمان (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۶۹) اخرجه ابن ابی شیبة۵:۳۱۰فی الجهاد:باب ماذکر فی فضل الجهاد الحث علیه

اَلبَابُ الثَّامِنُ وَالثَّلاثُوْنَ فِی الْحَظْرِ وَالْاِبَاحَةِ

اٹھتیسواں باب: حظر واباحت کے بیان میں

☼ ریشمی کپڑا وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہو ☼

1670/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْحُکَیْمِ بْنِ عُتَیْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی لَیْلٰی (عَنْ) حُذَیْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ لُبْسِ الدِّیْبَاجِ وَالْحَرِیْرِ قَالَ اِنَّمَا یَفْعَلُ ذٰلِكَ مَنْ لاَ خَلَاقَ لَهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکیم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیباج اور حریر (ریشم کی دو قسمیں) سے پہننے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا: یہ کپڑا وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین ابن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد خیرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله ابن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) صالح بن أحمد ابن أبی مقاتل المروزی (عن) إدریس بن إبراهیم (عن) الحسین بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده المذکور إلی أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ ابن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ادریس بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(١٦٧٠) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٤١٨) وابن حبان (٥٣٣٩) والحميدي (٤٤٠) ومسلم (٢٠٦٧) في اللباس والزينة: باب تحريم استعمال الذهب والفضة والخطيب في تاريخ بغداد ٣:١٠ والنسائي ١٩٨:٨ وابن الجارود (٨٦٥) والبخاري (٥٨٣٧) في اللباس: باب افتراش الحرير والبيهقي في السنن الكبرى ٢٨:١٠ واحمد ٢٩٧:٥

عبداللہ بن مسعود سُر کے ساتھ اذان کو ناپسند کرتے تھے

1671/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِىْ حَمْزَةَ مَيْمُوْنَ الْاَعْوَرِ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ كَرِهَ الْاَذَانَ بِالتَّغَنِّى وَقَالَ اِنَّهُ مِنْ فِعْلِ الْجَاهِلِيَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوحمزہ میمون اعور رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے سُر کے ساتھ اذان کو ناپسند کیا ہے اور فرمایا کہ یہ جاہلیت کی رسموں میں سے ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) عبد الواحد بن حماد بن الحارث الخجندى (عن) أبيه (عن) النضر بن محمد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني عن عبيد بن كثير التمار (عن) يحيى بن الحسن بن الفرات (عن) عمه زياد بن الحسن عن الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده إلى أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالواحد بن حماد بن حارث خجندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید بن کثیر تمار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''زیاد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے سے منع فرمایا ہے

1672/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى قَالَ كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقٰى دَهْقَانَ فَاَتَاهُ بِهٖ فِىْ جَامٍ مِنْ فِضَّةٍ فَرَمٰى بِهٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَقَالَ هِىَ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِى الْآخِرَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت

(١٦٧٢) قد تقدم في (١٦٧٠)

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مدائن میں تھے، انہوں نے ایک دہقان سے پانی مانگا تو وہ چاندی کے ایک کٹورے میں پانی لے آیا، انہوں نے وہ پھینک دیا اور فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتنوں سے منع فرمایا ہے اور فرمایا: یہ کافروں کے لئے دنیا میں ہے اور تمہارے لئے آخرت میں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد ابن محمد قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب الزیات حدثنا الإمام أبو حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الغنائم (عن) محمد بن علی بن میمون المقری (عن) الشریف أبی عبد الله بن محمد بن علی بن عبد الرحمن العلوی عن جعفر بن محمد بن الحسین (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعید بن عقدة (عن) فاطمة بنت محمد بن حبیب قال سمعت أبی یقول هذا کتاب حمزة فقرأت (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوغنائم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی بن میمون مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریف ابوعبداللہ بن محمد بن علی بن عبدالرحمٰن علوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتی ہیں' میں نے اپنے والد کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' یہ حضرت ''حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے میں نے اس میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ کسان والے واقعے پر مشتمل حدیث کا ایک اور حوالہ ☼

1673/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) مُسْلِمِ بْنِ سَالِمِ بْنِ فَیْرَوْزِ الْجُهَنِیِّ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی لَیْلٰی (عَنْ) حُذَیْفَةَ بْنِ الْیَمَانِ اَنَّهُمْ نَزَلُوْا مَعَهُ عَلَی دَهْقَانٍ فَاَتَاهُمْ بِطَعَامٍ ثُمَّ اَتَاهُمُ الْحَدِیْثُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مسلم بن سالم بن فیروز جہنی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ان کے ہمراہ ایک دہقان یعنی کسان کے پاس ٹھہرے، وہ ان کے پاس کھانا لے کر آیا، پھر ان کے پاس پانی لے کر آیا اور اس کے بعد سابقہ حدیث کی مثل حدیث بیان کی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد ابن عقدة (عن) أحمد بن حازم (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله أحمد بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عَنِ) الْهَیْثَمِ بن المقری (عن) أحمد بن عثمان (عن) حکیم (عن) عبد الله بن موسی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی باسناده هذا إلی أبی حنیفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی

(۱۶۷۳) قد تقدم

مسنده فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہیثم بن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہمان کے لئے تکلف سے منع فرمایا، سرکہ بہترین سالن ہے ☼

1674/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ (عَنْ) جَابِرٍ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَيْهِ يَوْماً قَوْمٌ فَقَرَّبَ لَهُمْ خُبْزاً وَخَلاًّ ثُمَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنِ التَّكَلُّفِ وَلَوْلاَ ذٰلِكَ لَتَكَلَّفْتُ لَكُمْ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نِعْمَ الْاِدَامُ اَلْخَلُّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ایک دن ان کے پاس کچھ لوگ آئے، انہوں نے ان کو روٹی اور سرکہ پیش کیا، پھر فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تکلف سے منع فرمایا ہے اور اگر ایسی بات نہ ہوتی تو میں تمہارے لئے تکلف کرتا۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سرکہ بہت اچھا سالن ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) سليمان بن أبي كريمة (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) سليمان بن أبي كريمة (عن) أبي حنيفة ومسعر بن كدام

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن خسرو في مسنده (عن) سعيد بن أبي القاسم بن أحمد (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) ابن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) سليمان بن أبي كريمة الشامي (عن) الإمام أبي

(١٦٧٤) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٤١٤) وابويعلى (١٩٨١) وابوداود (٣٨٢٠) في الاطعمة: باب في الخبل والترمذي (١٨٤٣) في الاطعمة: باب ماجاء في الخل وفي الشمائل (١٥٥) وابن ماجة (٣٣١٧) في الاطعمة: باب الائتدام بالخل واحمد ٣: ٤٠٠ ومسلم (٢٠٥٢)

حنیفة ومسعر ابن کدام

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ابوکریمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ابو کریمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سعید بن ابوقاسم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ابوکریمہ الشامی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جانور کو صاف ستھرا اور فربہ کرنا مقصود ہو تو اس کو خصی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ☼

1675/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا بَاْسَ بِاِخْصَاءِ الْبَهَائِمِ اِذَا اُرِيْدَ بِهَا صَلَاحُهَا

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب جانور کو صاف ستھرا کرنا مقصود ہو تو ان کو خصی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جو جھوٹ بول بول کر لوگوں ہنساتا ہے، اس کیلئے ہلاکت ہے، اس کیلئے ہلاکت ہے، ہلاکت ہے ☼

1676/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) بَهْزِ بْنِ حُكَيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِلَّذِيْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ فَيُضْحِكُ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَهٗ وَيْلٌ لَهٗ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت بہز بن حکیم بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہلاکت ہے اس شخص کے لئے جو جھوٹ بولتا ہے اور لوگوں کو ہنساتا ہے اس کے لئے ہلاکت ہے، اس کے لئے ہلاکت ہے۔

(١٦٧٥) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧٩٨)

(١٦٧٦) اخرجه احمد ٥:٥ وابوداود (٤٩٩٠) وابن عبدالبر في التمهيد ١٦:٢٥٦ وفي الاستذكار (٤١٤٢٥) والترمذي (٢٣١٥) والطبراني في الكبير ١٩ (٩٥٠) والبيهقي في السنن الكبرى ١٠:١٩٦ والحاكم في المستدرك ١:٤٦

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي الحسين محمد بن المظفر (عن) عبد الصمد بن علي بن محمد بن عبد المؤمن الجنديسابوری (عن) علي بن حرب الجنديسابوری (عن) إسحاق بن سليمان (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالصمد بن علی بن محمد بن عبدالمؤمن جندیسابوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حرب جندیسابوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے ساتھی سے جدا ہوتے وقت بھی ایک دوسرے کو سلام کیا ☼

1677/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ صَحِبَ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يُّفَارِقَهُ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ قَالَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ ذمیوں میں سے ایک شخص کے ساتھی بنے، جب وہ اس سے جدا ہونے لگے تو اس شخص نے کہا: اسلام علیکم۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: وعلیک السلام۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد يكره أن يبتدء المشرك بالسلام ولا بأس بالرد عليه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: مشرک کو سلام کرنا مکروہ ہے تاہم اگر وہ سلام کرے تو جواب دے سکتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ پانی جس کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ جائے، وہ کھالو ☼

1678/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا جَزَرَ عَنْهُ الْمَاءُ فَكُلُوْا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس چیز کو چھوڑ کر پانی اتر جائے اس کو کھالو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح (عن) أبي عبد الله محمد بن موسى (عن) ابن هشام (عن) يحيى ابن عيسى (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(١٦٧٧) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٩٢٠) في الادب: باب تقييد العلم: باب الذمي يسلم على المسلم يرد السلام، وعبد الرزاق (٩٨٤٣) في كتاب اهل الكتاب: باب السلام على اهل الكتاب

(١٦٧٨) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٤٠٣) وابن ابي شيبة ٤:٢٥٤ (١٩٧٥٢) في الصيد: باب ماقذف به البحر وجزر عنه الماء

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جو مچھلی پانی میں مر کر اُلٹ جائے، وہ مت کھاؤ، جسے چھوڑ کر پانی اتر جائے اس کو کھا سکتے ہو ☼

1679/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ قَالَ کُلْ مَا جَزَرَ عَنْهُ الْمَاءُ وَمَا قَذَفَ بِهٖ وَلَا تَاْکُلْ مَا طَفٰی

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں؛ جس چیز کو چھوڑ کر پانی اتر جائے اس کو کھالو اور جس کو پھینک دے اس کو بھی کھالو اور جو پانی کے اندر الٹ جائے اس کو مت کھاؤ۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ پانی کے جانوروں میں مچھلی کے سوا کوئی جانور حلال نہیں ہے ☼

1680/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ لَا خَیْرَ فِیْ شَیْءٍ مِمَّا یَکُوْنُ فِی الْمَاءِ اِلَّا السَّمَكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: جو چیزیں پانی میں موجود ہوتی ہیں ان میں مچھلی کے سوا کسی میں بھلائی نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ سب سے برا گھر حمام ہے، اس کا پانی بھی پاک کرنے والا نہیں ہوتا ☼

1681/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) عَائِشَةَ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ شَرُّ الْبَیْتِ اَلْحَمَامُ مَا فِیْهِ بَیْتٌ یَسْتِرُ وَلَا فِیْهِ مَاءٌ یُطَهِّرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت

(۱۶۷۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۸۱۳) وابن ابي شيبة ۴:۲۵۵ (۱۹۷۶۳) في الصيد: باب ماقذف به البحر وجزر عنه الماء

(۱۶۸۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۸۱۲) في الاطعمة: باب ما اكل في البر والبحر

(۱۶۸۱) اخرجه الطبراني في الاوسط (۳۳۱۰) واورده الهيثمي في مجمع الزوائد ۱:۲۷۸

کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سب سے برا گھر حمام ہے، اس میں پردے کے لئے کمرے نہیں ہوتے اور نہ اس کے اندر ایسا پانی ہے جو پاک کر دے۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) هناد بن إبراهيم (عن) علي بن محمد ابن علي القائم (عن) محمد بن علي (عن) صالح بن محمد الترمذي عن الخضر بن أبان الهاشمي (عن) مصعب بن المقدام (عن) زفر بن الهذيل عن الإمام أبي حنيفة

اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ہناد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن علی قائم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خضر بن ابان ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ پڑوسی دیوار پر لکڑی رکھنے کی اجازت مانگے تو انکار نہ کرو ☼

1682/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ (عَنْ) عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَهٗ جَارُهٗ اَنْ يَّغْرُزَ خَشْبَتَهٗ عَلٰى جِدَارِهٖ فَلَا يَمْنَعُهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس سے اس کا پڑوسی اس کی دیوار پر اپنی لکڑی رکھنے کی اجازت مانگے تو وہ اس کو منع نہ کرے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي جعفر أحمد ابن عاصم (عن) جعفر بن محمد بن حماد القلانسي (عن) محمد بن عبد العزيز (عن) القاسم بن حسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) والده أبي طاهر عبد الباقي بن محمد (عن) أبي القاسم عبيد الله بن أحمد بن عثمان الصيرفي (عن) أبي بكر أحمد بن إبراهيم بن شاذان (عن) أبي محمد عبد الله ابن أحمد بن غياث (عن) جعفر بن محمد القلانسي (عن) محمد بن عبد العزيز (عن) القاسم بن معن (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر احمد ابن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حماد قلانسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوطاہر عبد الباقی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبیداللہ بن احمد بن عثمان صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبد اللہ ابن احمد بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد قلانسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم

(۱۶۸۲) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۲۵۳)

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

☼ سونے اور چاندی کے برتن استعمال کرنا اور ریشم کے کپڑے پہننا منع ہے ☼

1683/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ فَرْوَةَ (وَ) حَمَّادٍ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ نَزَلْنَا مَعَ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ عَلٰى دَهْقَانٍ بِالْمَدَائِنِ فَاَتٰى بِطَعَامٍ ثُمَّ دَعَا حُذَيْفَةُ بِشَرَابٍ فَاَتٰى بِشَرَابٍ فِيْ اِنَاءِ فِضَّةٍ فَاَخَذَ حُذَيْفَةُ الْاِنَاءَ فَضَرَبَ بِهَا وَجْهَهُ فَسَاءَ نَا مَا صَنَعَ بِهٖ فَقَالَ حُذَيْفَةُ هَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ صَنَعْتُ هٰذَا قُلْنَا لَا قَالَ اِنِّيْ نَزَلْتُ عَلَيْهِ فِي الْعَامِ الْمَاضِيْ فَطَعَمْتُ عِنْدَهٗ ثُمَّ دَعَوْتُ بِشَرَابٍ فَاَتَانِيْ بِشَرَابٍ فِيْ اِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَاَخْبَرْتُهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَاْكُلَ فِيْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَاَنْ نَشْرَبَ فِيْهَا وَاَنْ نَلْبَسَ الْحَرِيْرَ وَالدِّيْبَاجَ فَاِنَّهَا لِلْمُشْرِكِيْنَ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الْآخِرَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت "حماد رحمۃ اللہ علیہ" سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مدائن کے اندر ایک کسان کے پاس گئے، وہ کھانا لے کر آیا، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے پانی منگوایا تو وہ چاندی کے برتن میں پانی لے کر آیا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے برتن پکڑا اور اس کے منہ پر مار دیا۔ ان کی یہ حرکت ہمیں بہت بری لگی۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ میں نے ایسا کیوں کیا؟ ہم نے کہا: جی نہیں۔ انہوں نے کہا: میں گزشتہ سال بھی اس کے پاس آیا تھا، میں نے اس کے ہاں کھانا کھایا تھا، پھر میں نے پانی منگوایا تھا، تو یہ چاندی کے برتن کے اندر پانی لایا تھا، تب بھی میں نے اس کو بتایا تھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے سے منع فرمایا ہے اور اس بات سے منع فرمایا ہے کہ ہم حریر اور دیباج (ریشم کی دو قسمیں) پہنیں کیونکہ یہ مشرکوں کے لئے دنیا میں ہیں اور ہمارے لئے آخرت میں۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي الكلاعي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت "ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت "محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے اپنے والد حضرت "خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ" سے، انہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کیا ہے۔

☼ سونے اور چاندی کے برتن اور ریشمی کپڑے کافر کے لئے دنیا میں مومن کے لئے آخرت میں ہیں ☼

1684/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) مُجَاهِدٍ (عَنْ) حُذَيْفَةَ اَنَّهٗ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ نَشْرَبَ فِيْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَاَنْ نَاْكُلَ فِيْهَا وَاَنْ نَلْبَسَ الْحَرِيْرَ وَالدِّيْبَاجَ فَقَالَ هِيَ لِلْمُشْرِكِيْنَ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِي الْآخِرَةِ

(١٦٨٣) قد تقدم في (١٦٧٠)

(١٦٨٤) قد تقدم في (١٦٧٠)

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتن میں کھانے اور پینے سے منع فرمایا ہے اور حریر اور دیباج پہننے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا: یہ مشرکوں کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) جهم ابن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) الإمام أبی حنيفة (ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فی كتاب إسماعيل بن حماد بن أبی حنيفة (عن) الإمام أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جہم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بائیں ہاتھ سے کھانا، پینا منع ہے ☼

1685/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الزُّهْرِیْ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ (عَنْ) اَبِیْ هُرَيْرَةَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ يَشْرَبَ بِشِمَالِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت زہری رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سعید بن میسّب رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بائیں ہاتھ سے کھانے اور پینے سے منع فرمایا ہے۔

عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد بن یوسف حمصی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''محمد ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے)،انہوں نے حضرت''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''مجالد'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ذوی الفروض کو ان کے حصے دینے کے بعد جو ترکہ بچ جائے وہ قریبی مرد رشتہ داروں کے لئے ہے ☼

1751/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) طَاوُسٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوا الْفَرائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لاَوْلٰی رَجُلٍ ذَكَرٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں'وہ فرماتے ہیں'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پہلے ذوی الفروض کو ان کے حصے دو اور جو باقی بچ جائیں وہ سب سے زیادہ قریبی مرد رشتہ دار کے لئے ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أبي رميح (عن) أحمد بن علي الجزار (عن) جندل بن والق (عن) هلال بن علي (عن) الإمام أبي حنيفة

(قال) أبو محمد البخاري أن أبا حنيفة يروى (عن) طاوس سماعاً متصلا كتب إلى صالح بن أبي رميح (حدثنا) أبو حمزة الأنصاري خالد بن أنس من ولد أنس ابن مالك قال سمعت عبد الله بن داود يقول قلت لأبي حنيفة من أدركت من الكبراء قال القاسم وسالماً وطاوساً وعكرمة ومكحولاً وعبد الله ابن دينار والحسن البصري وعمرو بن دينار وأبا الزبير وعطاء وقتادة وإبراهيم والشعبي ونافعاً وأمثالهم

○اس حدیث کو حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''احمد بن علی جزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''جندل بن والق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''ہلال بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں'حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماعت کے طور پر متصل روایت کیا ہے،انہوں نے حضرت''صالح بن ابی رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب خط لکھا،ہمیں حدیث بیان کی حضرت''حمزہ انصاری خالد بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ حضرت''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' کی اولاد امجاد میں سے ہیں) وہ فرماتے ہیں'میں نے حضرت''عبداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے،میں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: آپ نے کون کون سے بزرگوں کی صحبت پائی ہے،آپ نے فرمایا' حضرت''قاسم رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''سالم رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''عکرمۃ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''مکحول رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''عبداللہ ابن دینار رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''ابو زبیر رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''عطاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''قتادۃ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''شعبی رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' اوران جیسے دیگر بہت سارے تابعین۔

(۱۷۵۱)اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۵۱۹) والطحاوي في شرح معاني الآثار:۳۹۰:۴ وابن حبان (۶۰۲۸) والطبراني في الكبير (۱۰۹۰۳) والدارقطني ۷۱:۴ والبخاري (۶۷۴۶) في الفرائض:باب ابناء عم احدهما اخ للام والآخر زوج والبيهقي في السنن الكبرى۲۳۹:۶ واحمد۲۹۲:۱ وابن ابي شيبة۲۶۵:۱۱

☼ کسی نے وصیت کی، وارثوں نے اس کی زندگی میں اجازت دے دی، پھر وہ مکر نہیں سکتے ☼

1752/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الرَّجُلِ يُوْصِي بِوَصِيَّةٍ فَتُجِيْزُهَا الْوَرَثَةُ فِيْ حَيَاتِهِ ثُمَّ يَرُدُّوْنَهَا بَعْدَ مَوْتِهِ قَالَ ذٰلِكَ النَّكِرَةُ لا يَجُوْزُ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ایسا شخص جوایسی وصیت کرے کہ اس کی وصیت کو اس کی حیات میں اس کے وارث بھی جائز قرار دے دیں اور پھر اس کی موت کے بعد انکار کردیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ یہ انکار جائز نہیں ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إجازة الورثة قبل الموت ليس بشيء فإن أجازوه بعد الموت وهي لوارث أو أكثر من الثلث فذلك جائز وليس لهم أن يرجعوا وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ لیکن وارثوں کا مورث کی موت سے پہلے اجازت دینے کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اگر انہوں نے اُس کی موت کے بعد اجازت دی، اور وصیت وارث کے لئے تھی، یا وصیت ایک تہائی سے زیادہ کی تھی تو ایسی صورت میں وہ رجوع کرنے کے اہل نہیں ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ تمام مال کی وصیت نہیں کرنی چاہئے، کچھ مال بچوں کے لئے وراثت میں بھی چھوڑنا چاہئے ☼

1753/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ فِيْ مَرَضٍ فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أُوْصِي بِمَالِيْ كُلِّهٖ قَالَ

(١٧٥٢) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥٣) وابن ابي شيبة ٦:٢١٠ (٣٠٧٢١) في اوصايا: في الرجل يستأذن ورثته ان يوصي بأكثر من الثلث والدارمي في السنن ٢:٤٤٩ (٣١٩٣) في الوصايا: باب في الذي يوصي بأكثر من الثلث والطبراني في الكبير ٩:٣٣٧ (٩١٦١)

(١٧٥٣) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٥١٧) والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤:٣٧٩ وابن حبان (٤٢٤٩) واحمد ١:١٧٩ والحميدي (٦٦) وابن سعد في الطبقات الكبرى ٣:١٤٤ والبخاري (٦٧٣٣) في الفرائض: باب ميراث البنات وابن الجارود في المنتقى (٩٤٧) والبيهقي في السنن الكبرى ٦:٢٦٨

لا قُلْتُ فَبِنِصْفِهِ قَالَ لا قُلْتُ فَبِثُلُثِهِ قَالَ نَعَمْ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اَوْ كَبِيْرٌ لا تَدَعُ اَهْلَكَ يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ سے وہ اپنے والد سے، وہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میرے پاس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا میں اپنے پورے مال کی وصیت کردوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کیا: آدھے مال کی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کیا: اپنے ایک تہائی مال کی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے اور فرمایا: ایک تہائی بھی بہت ہے۔ اپنے اہل وعیال کو اس طرح مت چھوڑو کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن أبی رميح (عن) شريح الترمذی (عن) عبد الرحيم بن حبيب البغدادی (عن) إسماعيل بن يحيى بن عبيد الله (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) هارون بن هشام البخاری (عن) أحمد بن حفص (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) القاسم بن عباد الترمذی (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبی حنيفة (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) فاطمة بنت محمد بن حبيب قالت هذاكتاب جدی حمزة بن حبيب فقرأت فيه (حدثنا) أبو حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازی (عن) سليمان بن داود الزهرانی (عن) أبی يوسف (عن) الإمام أبی حنيفة إلی قوله والثلث كثير

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) أبی حنيفة وزاد فيه إنك أن تدع أهلك بخير خير من أن تدعهم عالة يتكففون الناس

(ورواه) (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة باللفظ الأول

(ورواه) (عن) يحيی بن إسماعيل الهمدانی (عن) الوليد بن حماد (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) إبراهيم بن محمد بن شهاب (عن) عبد الله بن عبد الرحمن بن واقد (عن) أبيه (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة

(قال) الحافظ ورواه (عن) أبی حنيفة حمزة الزيات وحماد بن أبی حنيفة وعبد الله بن الزبير والحسن بن زياد وعبد العزيز بن خالد وأبو يوسف وأسد بن عمرو رحمهم الله تعالی

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن أحمد بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم البغوی (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أبی طالب بن يوسف (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) جده (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) بشر بن موسی الأسدی (عن) إسحاق بن منذر الكاهلی (عن) محمد بن الحسن الشيبانی (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا تجوز الوصية بأكثر من الثلث فإن أجازت الورثة بعد موته جازت وليس للوارث أن يرجع فيما أجاز

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن الشيباني في نسخته فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنهما

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابوربیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''شریح ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبدالرحیم بن حبیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ہارون بن ہشام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''قاسم بن عباد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے،انہوں نے فرمایا' یہ میرے دادا حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے،اس میں ہے،ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''سلیمان بن داؤد زہرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے والثلث کثیر تک روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے،اس میں یہ الفاظ زائد ہیں انك ان تدع اهلك بخير خير من ان تدعهم عاله يتكففون الناس (اگرتو اپنے اہل وعیال کوخوشحال چھوڑے تو یہ بہتر ہے۔یہ درست نہیں ہے کہ تو ان کو کنگال چھوڑے اوروہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں)

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے الفاظ کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اوراسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن محمد بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن واقد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حمزہ زیات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بشر بن موسیٰ اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن منذر کاہلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ایک تہائی سے زیادہ مال کی وصیت جائز نہیں ہے، اگر میت کے ورثاء اس کے مرنے بعد اس کی اجازت دیں تو جائز ہے۔ پھر جو اجازت دے دی ہے اس میں کوئی وارث رجوع نہیں کرسکتا۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔

☼ یتیموں کا کھانا پینا اپنے ساتھ رکھنے کی اجازت ہے ☼

1754/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ (عَنْ) عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ (اِنَّ الَّذِيْنَ يَأْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتَامٰى ظُلْماً اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِي بُطُوْنِهِمْ نَاراً) عَزَلَ مَنْ كَانَ يَتَوَلَّى الْيَتَامٰى فَلَمْ يَقْرِبُوْهَا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ حِفْظَهَا وَخَافُوْا الْاِثْمَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ فَنَزَلَتِ الآيَةُ الثَّانِيَةُ فَخَفَّفَ عَلَيْهِمْ (وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتَامٰى قُلْ

(۱۷۵٤) تقدم

اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ) الآية فَسَهَلَ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر بن شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جب یہ آیت نازل ہوئی:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوٰلَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِىْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا

''وہ جو یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ تو اپنے پیٹ میں نری آگ بھرتے ہیں اور کوئی دام جاتا ہے کہ بھڑکتے دھڑے میں جائیں گے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

تو جو لوگ یتیموں کے کفیل تھے وہ الگ ہو گئے اور ان کے قریب بھی نہیں جاتے تھے، تو اس طرح ان کی حفاظت کرنا بھی ان کو شاق گزرا اور وہ اپنی ذات پر گناہوں سے خوف زدہ بھی ہو گئے تب یہ دوسری آیت نازل ہوئی اور ان کے اوپر آسانی کر دی گئی:

وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ

''اور تم سے یتیموں کا مسئلہ پوچھتے ہیں تم فرماؤ ان کا بھلا کرنا بہتر ہے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

تب ان کو آسانی محسوس ہوئی۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد ابن إبراهيم بن زياد الرازى (عن) أبى تمام السكرى (عن) أبيه (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد ابن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوتمام سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورت کی گود میں اٹھایا ہوا بچہ بغیر گواہ وارث نہیں بن سکتا ☼

1755/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) شُرَيْحٍ اَنَّهُ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْ لاَ تُوَرَثَ الْحَمِيْلُ اِلَّا بِبَيِّنَةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مجالد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے میری جانب یہ مکتوب لکھا پیٹ کے بچے کو گواہ کے بغیر وراثت نہ دی جائے۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الحسن على بن الحسين (عن) أبى أيوب (عن) القاضى أبى العلاء محمد بن على الواسطى (عن) أبى بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبى عبد الرحمن المقرى (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ والحميل المرأة تسبى ومعها صبى تحمله تقول هو ابنى فلا يكون ابنها بقولها إلا ببينة وتقبل على ولادتها شهادة امرأة حرة

(۱۷۵۵) تقدم فی (۱۷۵۰)۔

مسلمة ویلزم النسب لزوجها

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو علاء محمد بن علی واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حمیل سے مراد یہ ہے کہ ایک عورت نے ایک بچہ اٹھایا ہوا ہو، وہ اس پر بہت شفقت کر رہی ہو، وہ کہہ رہی ہو کہ یہ میرا بیٹا ہے، تو فقط اُس کہہ دینے سے اس کا بیٹا قرار نہیں پائے گا بلکہ اس کے لئے گواہی چاہئے ہوگی اور اس معاملے میں ایک آزاد مسلمان عورت کی گواہی کافی ہوگی، اگر گواہی مل جائے تو اس بچے کا نسب اس کے شوہر سے ثابت ہوگا۔

☼ اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق عطا کر دیا ہے، وارث کے لئے وصیت نہیں کی جائے گی ☼

1756/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) اِسْمَاعِيْلِ بْنِ عَيَّاشٍ (عَنْ) شُرَحْبِيْلِ بْنِ مُسْلِمِ الْخَوْلَانِيِّ (عَنْ) اَبِيْ اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ حَجَّةِ الْوِدَاعِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَلَا وَصِيَّةَ لِلْوَارِثِ اَلْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ وَقَدْ مَرَّ فِيْ كِتَابِ الْكَفَالَةِ وَغَيْرِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شرحبیل بن مسلم خولانی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق عطا فرما دیا ہے اس لئے اب وارث کے لئے وصیت نہیں ہے۔ اس کے بعد پوری حدیث بیان کی ہے اور وہ کفالہ والی کتاب میں گزر چکی ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) الحسن بن السميدع (عن) عبد الوهاب بن نجدة (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن سمیدع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالوہاب بن نجدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ وارث کے لئے وصیت نہیں، بچہ بستر والے کا ہے، زانی کے لئے پتھر ہے ☼

1757/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ (عَنِ) الْاَعْمَشِ (عَنْ) اِسْمَاعِيْلِ بْنِ عَيَّاشٍ الْحِمَصِيِّ (عَنْ) شُرَحْبِيْلِ بْنِ مُسْلِمِ الْخَوْلَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَامَ خَطِيْبًا فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَلَا وَصِيَّةَ لِلْوَارِثِ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ

(١٧٥٦) تقدم في (١١٤٨)

(١٧٥٧) تقدم في (١١٤٨)

اَلْحَجَرُ وَمَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبَوَیْهِ اَوِ انْتَمٰی اِلٰی غَیْرِ مَوَالِیْهِ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ثُمَّ قَالَ اَلْعَارِیَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالدَّیْنُ مَقْضِیٌّ وَالزَّعِیْمُ غَارِمٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت اسماعیل بن عیاش حمصی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شرحبیل بن مسلم خولانی رحمۃ اللہ علیہ سے راویت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ابو امامہ رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دینے کے لئے جلوہ گر ہوئے اور آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر صاحب حق کو اس کا حق ادا کر دیا ہے، وراث کے لئے وصیت نہیں ہے، بچہ بستر والے کا ہے زانی کے لئے پتھر ہے اور جس نے اپنے ماں باپ کے غیر کی جانب کا دعویٰ کیا یا اپنے آقاؤں کے غیر کی جانب خود کو منسوب کیا اس کے اوپر اللہ کی لعنت ہے، فرشتوں کی لعنت ہے اور تمام انسانوں کی لعنت ہے اور پھر فرمایا: مانگی ہوئی چیز واپس کی جائے گی اور جو دین ہے وہ ادا کیا جائے گا اور جو ضامن ہے، وہ ادائیگی کرنے والا ہے۔

(أخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) أبي بكر أحمد بن علي الخطيب البغدادي (عن) أبي سعيد الماليني (عن) أبي الطيب محمد بن أحمد الوراق (عن) أبي الحارث أحمد بن عبد الحميد الحارثي (عن) بشر بن الوليد القاضي (عن) أبي يوسف القاضي (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید مالینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطیب محمد بن احمد وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحارث احمد بن عبدالحمید حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک بچے کے دو دعوے دار ہوں تو وہ دونوں کا وارث بنے گا، دونوں اس کے وارث بنیں گے ☼

1758/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلَیْنِ یَدَّعِیَانِ الْوَلَدَ اَنَّهٗ اِبْنُهُمَا یَرِثُهُمَا وَیَرِثَانِهٖ وَهُوَ لِلْبَاقِیْ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' دو آدمی ایک بچے کے بارے میں دعویٰ کرتے ہوں ہر کوئی اس کو اپنا بیٹا قرار دے رہا ہو، وہ بچہ دونوں کا وارث بنے گا اور وہ دونوں اس کے وارث بنیں گے اور وہ بچہ ان کے لئے ہوگا جو ان دونوں سے باقی رہے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(١٧٥٨) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٧١٥) في الميراث: باب ميراث الحميل والولد يدعيه رجلان وعبد الرزاق ٣٦٠:٧ (١٣٤٧٤) في الطلاق: باب النفر يقعون على المرأة في طهر واحد

امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے عمل سے قیاس سیکھا ہے

1759/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) كَانَ عِنْدَ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ الصَّادِقِ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ هِشَّامُ بْنُ الْحَكَمِ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ هٰذَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ صَاحِبُ الْقِيَاسِ ثُمَّ قَالَ لَهُ مِنْ اَيْنَ اَخَذْتَ الْقِيَاسَ فَقَالَ لَهُ مِنْ قَوْلِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِيْنَ شَاوَرَهُمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْجَدِّ مَعَ الْاُخْوَةِ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ اَرَاَيْتَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَوْ اَنَّ شَجَرَةً اِنْشَعَبَ مِنْهَا غُصْنٌ ثُمَّ اِنْشَعَبَ مِنَ الْغُصْنِ غُصْنَانِ اَيُّهُمَا اَقْرَبُ اِلٰى اَحَدِ الْغُصْنَيْنِ اَصَاحِبُهُ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْهُ اَمِ الشَّجَرَةُ قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لَوْ اَنَّ جَدْوَلاً اِنْبَعَثَ فِيْهِ سَاقِيَةٌ ثُمَّ اِنْبَعَثَ مِنَ السَّاقِيَةِ سَاقِيَتَانِ اَيُّهُمَا اَقْرَبُ اِحْدَى السَّاقِيَتَيْنِ اَقْرَبُ اِلٰى صَاحِبِهَا اَمِ الْجَدْوَلُ فَاَمْسَكَ عُمَرُ فِي الْجَدِّ وَالْاُخْوَةِ فَهٰذَا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ قَاسَا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَسَكَتَ جَعْفَرٌ عَنْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت جعفر بن محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ کے پاس مدینہ منورہ میں تھے، ہشام بن حکم نے کہا: اے رسول اللہ کے بیٹے! یہ ابوحنیفہ صاحب قیاس ہیں، پھر ان سے فرمایا: آپ نے قیاس کہاں سے لیا؟ انہوں نے فرمایا: حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کے قول سے، جب ان دونوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا کہ جب دادا بھائیوں کے ساتھ ہو تو کیا وراثت پائے گا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین آپ کا کیا خیال ہے؟ اگر کوئی درخت ہو اس سے کچھ ٹہنیاں نکلیں اور پھر اس ٹہنی سے دو ٹہنیاں نکلیں ان میں سے نکلی ہوئی ٹہنی اس شاخ کے قریب ہوگی جس سے وہ نکلی ہے یا درخت کے زیادہ قریب ہوگی؟ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر کوئی راجباہ ہو اور اس کے اندر سے دو کھال نکل رہے ہوں پھر اس میں سے دو اور چھوٹے کھال نکلیں تو یہ چھوٹا کھال اس بڑے کھال کے زیادہ قریب ہوگا، جس سے وہ نکلا ہے، یا راجباہ کے زیادہ قریب ہوگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دادا اور بھائیوں کے معاملے میں فتویٰ کو روک کر رکھا۔ یہ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ دونوں نے جناب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس قیاس کیا تھا۔ حضرت جعفر اس وقت خاموش ہو گئے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) محمد بن عبد الحميد (عن) أبي مرداس (عن) جعفر بن مالك (عن) عمر بن مسكين (عن) هشام بن الحكم قال رأيت أبا حنيفة بالمدينة عند جعفر بن محمد فقلت له يا ابن رسول الله هذا أبو حنيفة صاحب القياس فقلت من أين أخذت القياس الحديث

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''محمد بن عبد الحمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومرداس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن مالک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن مسکین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہشام بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، آپ فرماتے ہیں' میں نے مدینہ منورہ میں حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے، میں نے ان سے کہا: اے رسول اللہ کے بیٹے! یہ ابوحنیفہ ہے جو قیاس والے ہیں، انہوں نے پوچھا: آپ نے قیاس کہاں سے اخذ کیا۔ اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

(۱۷۵۹) اخرجه عبدالرزاق ۱۰:۲۶۵ فی الفرائض: باب فرض الجد والبیهقی فی السنن الکبری ۶:۲۴۶ فی الفرائض: باب من لم یورث الاخوة مع الجد والدارمی فی السنن ۲:۴۵۲ (۲۹۱۹) فی الفرائض: باب قول علی فی الجد

☼ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کی ایک آزادہ لونڈی مرگئی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نصف عطا کیا ☼

1760/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ اَنَّ بِنْتَ حَمْزَةَ أَعْتَقَتْ مَمْلُوْكاً فَمَاتَ وَتَرَكَ بِنْتاً فَاَعْطَاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلنِّصْفَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکم بن عیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حمزہ کی بیٹی نے ایک مملوک کو آزاد کیا وہ مرگیا اور اس نے ایک بیٹی چھوڑی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آدھا حصہ عطا فرمایا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) حازم بن عبد الله (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حازم بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نفاذ وصیت میں کس صورت میں غلام سے آغاز کیا جائے گا ☼

1761/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ فَقَالَ فِي الْوَصِيَّةِ فُلَانٌ حُرٌّ وَاَعْطُوْا فُلَاناً اَلنِّصْفَ بَدَءَ بِالْعِتْقِ وَاِذَا قَالَ اَعْتِقُوْا فُلَاناً وَأَعْطُوْا فُلَاناً كَذَا وَكَذَا فَبِالْحِصَصِ وَاِذَا قَالَ اَعْطُوا فُلَاناً هٰذَا الْعَبْدَ بِعَيْنِهٖ وَأَعْطُوْا فُلَاناً كَذَا وَكَذَا بَدَءَ بِهٰذَا الَّذِىْ بِعَيْنِهٖ مِنَ الثُّلُثِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص وصیت کرے اور وصیت میں کہے ''فلاں شخص آزاد ہے اور فلاں شخص کو آدھا دے دینا'' تو ابتداء آزاد کرنے سے کی جائے گی، جب اس نے کہا ''فلاں کو آزاد کردو اور فلاں کو اتنے پیسے دے دو'' تو پھر حصوں کے مطابق فیصلہ ہوگا اور جب اس نے کہا ''فلاں کو یہ غلام دے دینا اور فلاں کو اتنے اتنے پیسے دے دینا'' تو پھر ایک تہائی میں سے اس معین غلام سے آغاز کیا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ فيما وصف من العتق فأما إذا قال أعطوا فلاناً هذا العبد بعينه وأعطوا فلاناً كذا تحاصوا في الثلث وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

(١٧٦٠) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٥٢٠) واحمد٥:٤٠٥ وابن ابي شيبة١١:٢٦٧ وابن ماجة (٢٧٣٤) والطبراني في الكبير٢٤: (٨٧٤) والنسائي في الكبرى (٦٣٩٨) والحاكم في المستدرك٤:٦٦ وابوداود في المراسيل (٣٦٤) والبيهقي في السنن الكبرى ٦:٢٤١

(١٧٦١) اخرجه محمدبن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥٤) وسعيدبن منصور١:١٢٠ (٣٩٧) في الوصايا: باب الرجل يوصي بالعتاقة وابن ابي شيبة٦:٢٢٥ (٣٠٨٧٥) في الوصايا: باب الرجل يوصي بوصية فيها عتاقة وعبدالرزاق٩:١٥٧ (١٦٧٤١) في المدبر: باب العتق عند الموت

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہ اس صورت میں ہے جب اس نے آزادی کی کیفیت بیان کر دی ہو۔لیکن اگر اس نے کہا ہو''فلاں کو یہ غلام دے دینا،اور فلاں شخص کو اتنا مال دے دینا'' ایسی صورت میں ایک تہائی میں ان کے حصے نکالے جائیں گے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼ایک آدمی کے لئے معین غلام کی وصیت کی اور ایک کے لئے ثلث مال کی☼

1762/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُوْصِي لِلرَّجُلِ بِعَبْدٍ بِعَيْنِهٖ وَيُوْصِي لِآخَرِ بِثُلُثِ مَالِهٖ قَالَ يُعْطَى هٰذَا الْعَبْدُ وَيُعْطَى هٰذَا مَا بَقِيَ اِنْ بَقِيَ شَيْءٌ قَالَ وَاِنْ اَوْصٰى لِهٰذَا بِمَائَةِ دِرْهَمٍ وَلِهٰذَا بِثُلُثِ مَالِهٖ يُعَطَّلُ لِهٰذَا مِائَةٌ وَلِآخَرِ مَا بَقِيَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ حضرت ''حماد ﷫'' سے،وہ حضرت ابراہیم ﷫ سے روایت کرتے ہیں'وہ فرماتے ہیں: ایسا شخص جو کسی آدمی کے لئے کسی معین غلام کی وصیت کرے اور دوسرے کے لئے اپنے مال کے ایک تہائی کی وصیت کرے۔آپ فرماتے ہیں' یہ غلام دے دیا جائے گا اور اگر اس کے مال میں سے کچھ باقی بچا ہو تو وہ اس کو دے دیا جائے گا۔آپ فرماتے ہیں'اگر اس نے ایک آدمی کے لئے ۱۰۰ درہم کی وصیت کی ہو اور ایک آدمی کے لئے ثلث مال کی تو اس آدمی کو ۱۰۰ سو درہم دے دیئے جائیں گے اور جو باقی بچے گا وہ دوسرے کا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولكن صاحبي الوصية يتحاصان في الثلث بوصيتهما ولا يكون أحدهما بأحق بالثلث من صاحبه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد ﷫'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے، بلکہ ہم کہتے ہیں،جن دو لوگوں کو وصیت کی گئی ہے،وہ دونوں اپنی وصیت کے مطابق ایک تہائی میں سے حصے لیں گے۔ایسا نہیں ہو سکتا کہ دونوں میں سے ایک شخص پورے ثلث کا مستحق ہو جائے اور دوسرا محروم ہو۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا موقف ہے۔

☼موت کے وقت ایک غلام کا تیسرا حصہ آزاد کیا مزید بھی کچھ وصیتیں کیں☼

1763/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُعْتِقُ ثُلُثَ عَبْدِهٖ عِنْدَ مَوْتِهٖ وَقَدْ اَوْصٰى بِوَصَايَا قَالَ بَدَءَ بِعِتْقِ الثُّلُثِ مِنْ غُلَامِهٖ وَلَا يُعْتَقُ مِنْهُ اِلَّا مَا اَعْتَقَ وَيَسْتَسْعٰى فِيْمَا لَمْ يُعْتِقْ مِنْهُ وَاِذَا اَوْصٰى مَعَ عِتْقِ ثُلُثِهٖ بِوَصَايَا وَلَهٗ مَالٌ جَعَلَ ثُلُثَا سِعَايَتِهٖ فِيْمَا اَوْصٰى بِهٖ وَلَا يُجْعَلُ ذٰلِكَ لِلْوَرَثَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ حضرت ''حماد ﷫'' سے،وہ حضرت ابراہیم ﷫ سے روایت کرتے ہیں'وہ فرماتے

(۱۷۶۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۵۵)

(۱۷۶۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۵۶) ابن ابي شيبة ۴:۴۳۱ (۲۱۷۶۴) في البيوع والاقضية: باب اذا اعتق بعض عبده في مرضه

ہیں: ایسا شخص جو اپنی موت کے وقت اپنے غلام کا ایک تہائی حصہ آزاد کرتا ہے اور اس نے کچھ مزید وصیتیں بھی کی ہوں۔آپ فرماتے ہیں: غلام کا ایک تہائی حصہ پہلے آزاد کیا جائے گا اور اس سے صرف اتنا ہی آزاد ہوگا جو آزاد کیا اور جو باقی بچا، اس کے بارے میں غلام خود کوشش کرے گا اور جب اس نے اس کے ایک تہائی حصے کی آزادی کے ساتھ ساتھ کچھ مزید وصیتیں بھی کی ہوں اور اس کا کچھ مال بھی ہو تو اس کی کوشش میں سے دو تہائی اس کی وصیت کی مد میں قرار دیا جائے گا اور اس کو وارثوں کے لئے نہیں رکھا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبي حنيفة أما في قولنا فإذا أعتق ثلثه عتق كله وبدء به من ثلث مال الميت قبل الوصايا فإن بقي شيء كان لأصحاب الوصايا بالحصص

○اس حدیث کو حضرت''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت''امام محمد ﷫'' نے فرمایا' یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کا مذہب ہے۔ہم یہ کہتے ہیں' جب اس نے غلام کا ایک تہائی آزاد کیا تو وہ مکمل ہی آزاد ہوگا، دیگر وصیتوں کے نفاذ سے پہلے اسی کی آزادی کو مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی، اس کی آزادی مکمل ہونے کے بعد اگر کچھ مال بچ جائے تو وہ ان لوگوں کو دیا جائے گا جن کے لئے وصیتیں کی گئیں، وہ ان کے درمیان ان کی وصیتوں کے تناسب سے تقسیم کر دیا جائے گا۔

☼ جس نے موت کے وقت غلام آزاد کر دیا، اس پر قرضہ بھی تھا، قرضہ ادا کر دیا جائے گا ☼

1764/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُعْتِقُ عَبْدَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ قَالَ يَسْتَسْعِيْ فِيْ قِيْمَتِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ ﷫ حضرت''حماد ﷫'' سے، وہ حضرت ابراہیم ﷫ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ایسا شخص جو اپنی موت کے وقت غلام آزاد کر دے اور اس کے اوپر کچھ قرضہ بھی ہو تو غلام اپنی قیمت کے معاملے میں کوشش کرے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان الدين مثل القيمة أو أكثر ولم يكن له مال غيره فإن كان الدين أقل من القيمة سعى في مقدار الدين من القيمة للغرماء في ثلثي ما بقي للورثة وكان له الثلث وصية وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت''امام محمد بن حسن ﷫'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت''امام محمد ﷫'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔جب اس پر قرضہ اس کی قیمت جتنا ہو یا اس سے زیادہ ہو یا اس کا اس غلام کے علاوہ کوئی اور مال ہی نہ ہو، اگر قرضہ غلام کی قیمت سے کم ہو تو وہ محنت کر کے قرضہ خواہوں کو اپنی قیمت ادا کرے، لیکن یہ اتنی رقم ادا کرے گا جتنی وارثوں کو دو تہائی ملنی تھی، ایک تہائی اس کے لئے بطور وصیت ثابت ہوگا۔اور یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫''

(۱۷٦٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥٧) وسعيد بن منصور ۱:۱۲۳ (٤١٦) في الوصايا: باب الرجل يعتق عند موته وعبد الرزاق ۹:۱٦٤ (۱٦٧٦٥) في المدبر: باب الرجل يعتق رقيقه عند الموت وابن ابي شيبة ٤:۳۰ (۲١٧٥٥) في البيوع والاقضية: باب الرجل يعتق عبده وليس له مال غيره

کا موقف ہے۔

1765/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عُمَرَ بْنِ بِشْرِ الْکُوْفِیْ الْهَمْدَانِیْ (عَنِ) الشَّعْبِیِّ اَنَّهٗ قَالَ بِالْمَالِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عمر بن بشر کوفی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مال کا فیصلہ کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبيه عن الإمام أبي حنيفة (قال الحافظ) (ورواه) حماد (عن) عمر (عَنِ) الشَّعْبِيِّ أيضاً

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد'' حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے جان بوجھ کر یا خطا سے قتل کر دیا، وہ مقتول کی وراثت نہیں پا سکتا ☼

1766/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ لَا یَرِثُ قَاتِلٌ مِمَّنْ قَتَلَ خَطَأً اَوْ عَمَدًا وَلٰکِنْ یَرِثُهٗ اَوْلَی النَّاسِ بِهٖ بَعْدَهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: قاتل نے جس کو خطا کے طور پر یا جان بوجھ کر قتل کیا ہو، وہ اپنے مقتول کی وراثت نہیں پا سکتا بلکہ اس کے بعد لوگوں میں جو اس کے سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار ہوگا وہ وراث بنے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة لا يرث من قتل خطأ أو عمداً من الدية ولا من غيرها

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ جس نے قتل خطا یا قتل عمد کیا، وہ مقتول کی وراثت نہیں پا سکتا، نہ دیت میں نہ کسی اور چیز میں۔

☼ موت کے وقت غلام آزاد کرنا یا صدقہ کرنا ایسے ہی ہے جیسے پیٹ بھرنے کے بعد صدقہ کرنا ☼

1767/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ (عَنْ) اَبِی الدَّرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

(١٧٦٦) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٨٥) وعبد الرزاق ٩:٤٠٥ (١٧٧٥٣) في العقول: باب ليس للقاتل ميراث، وابن ابي شيبة ٦:٢٨٣ (٣١٤٠١) في الفرائض: في القاتل لا يرث شيئاً

(١٧٦٧) اخرجه احمد ٥:١٩٧، والنسائي في المجتبى ٦:٢٣٨، وفي الكبرى (٤٨٩٣) والطيالسي (٩٨٠) والدارمي في السنن (٣٢٢٦) والطبراني في الاوسط (٨٦٤٤) والحاكم في المستدرك ٢:٢١٣، والبيهقي في السنن الكبرى ٤:١٩٠، وفي شعب الايمان (٤٣٤٧)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَثَلُ الَّذِيْ يَتَصَدَّقُ اَوْ يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ كَالَّذِيْ يُهْدِيْ اِذَا شَبِعَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص صدقہ کرتا ہے یا موت کے وقت غلام آزاد کرتا ہے یہ اس شخص کی طرح ہے کہ جب اس کا (اپنا) پیٹ بھر جائے تو وہ (دوسرے کو) ہدیہ کر دے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبى محمد عبد الله بن محمد الدمشقى (عن) أحمد بن عتيك بن ناصح (عن(صالح بن بيان (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى محمد عبد الله بن محمد (عن) أحمد بن عتيك بن ناصح (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ عن الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) الحسن بن محمد بن شعبة (عن) أبى سعيد الأشج (عن) أبى يحيى التيمى (عن) إسماعيل بن إبراهيم (عن) إدريس الأودى (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عتیک بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن بیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اسی حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عتیک بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہیثم بن عدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اسی حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسن بن محمد بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید اشج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحیٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ادریس اودی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✿ زندگی میں وارثوں نے اضافی وصیت تسلیم کر لی تھی، بعد از وفات انکار کر دیا تو مکر سکتے ہیں ✿

1768/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ فِي الرَّجُلِ يُوْصِي بِاَكْثَرِ مِنَ الثُّلُثِ فَيُجِيْزُهُ الْوَرَثَةُ فِيْ حَيَاةِ الْمُوْصِيْ فَاِذَا مَاتَ الْمُوْصِي اَبَوْا اَنْ يُجِيْزُوْا فَاِنَّ لَهُمْ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ایسا شخص جو ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت کرے اور ورثاء وصیت کرنے والے کی حیات میں اس کو جائز قرار دے دیں تو جب وصیت کرنے والا مر گیا اور اس کے وارثوں نے اس کی وصیت پورا کرنے سے انکار کر دیا تو ان کو اس بات کا حق پہنچتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد

(١٧٦٨) قد تقدم في (١٧٥٢)

الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت''ابو قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کوحضرت''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ہمدان کے لوگوں کو کہا گیا، جس کا کوئی وراثت نہ ہو، اس کا مال جہاں چاہو استعمال کرلو ☼

1769/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ يَا مَعْشَرَ هَمْدَانِ اَنَّهُ يَمُوْتُ الرَّجُلُ مِنْكُمْ وَلَا يَتْرُكُ وَارِثاً فَلْيَضَعْ مَالَهُ حَيْثُ شَاءَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: اے ہمدان کے لوگو! تم میں سے جو شخص مرجائے اور وہ کوئی وارث نہ چھوڑے تو اس کا مال جہاں چاہو رکھ لو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا لم يدع وارثاً فأوصى بماله كله جاز وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کوحضرت''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب اس نے کوئی وارث نہ چھوڑا ہو تو تمام مال کی وصیت کرنا بھی جائز ہے۔ اور یہی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جس بچے کے والدین میں ایک مسلم ایک کافر ہو، وہ مسلمان کا قرار پائے گا ☼

1770/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الْوَلَدِ يَكُوْنُ اَحَدُ وَالِدَيْهِ مُسْلِماً وَالْآخَرُ مُشْرِكاً قَالَ هُوَ لِلْمُسْلِمِ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایسا بچہ جس کے والدین میں سے ایک مسلمان اور دوسرا مشرک ہو، وہ ان دونوں میں سے مسلمان کا قرار پائے گا۔

(١٧٦٩) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٩٠) وعبد الرزاق ٩:٦٨(١٦١٨٠) في الولاء: باب الرجل من العرب لا يعرف له اصل وسعيد بن منصور ١:٨١(٢١٥) في ولاية العصبة: باب الرجل اذا لم يكن له وارث وضع ماله حيث شاء والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤:٤٠٣ وابن ابي شيبة ٦:٢٢٧(٣٠٦٩٤) في الوصايا: باب من رخص ان يوصي بماله كله

(١٧٧٠) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٨٩) في الميراث: باب من مات ولم يترك وارثاً مسلماً

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ الولد علی دین الإسلام فإن کانا کافرین وأحدهما من أهل الکتاب والآخر مشرك فهو للذی من أهل الکتاب تحل ذبیحته ومناکحته للمسلمین وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ بچہ دین اسلام پر ہوتا ہے۔ اگر ماں باپ دونوں کافر ہوں، لیکن ان میں سے ایک اہل کتاب ہو اور دوسرا مشرک ہو تو بچہ اہل کتاب کا ہوگا، اس کا ذبیحہ حلال ہے، اس کا مسلمان کے ساتھ نکاح حلال ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مشرک ایک دوسرے کے وارث ہیں، ہم نہ ان کو وراثت دیتے ہیں، نہ ان سے لیتے ہیں ☼

1771/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اَلْمُشْرِكُوْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ لَا نَرِثُهُمْ وَلَا يَرِثُوْنَا

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: مشرک ایک دوسرے کے اولیاء ہیں، ہم نہ ان کے وارث بنتے ہیں اور نہ ان کو اپنی وراثت دیتے ہیں۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبی القاسم عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم بن حبیش البغوی (عن) أبی عبد الله محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ الکفر ملة واحدة یتوارثون علیها وإن اختلفت أدیانهم یرث الیهودی النصرانی والنصرانی المجوسی ولا یرثهم المسلمون ولا یرثونهم

(أخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ تمام کفر ایک ہی ملت ہے یہ لوگ ایک دوسرے کی وراثت پائیں گے اگرچہ ان کے دین آپس میں مختلف ہوں، چنانچہ یہودی، عیسائی کا وارث ہوگا اور عیسائی مجوسی کا وارث ہوسکتا ہے، لیکن ان میں سے کوئی بھی نہ

(۱۷۷۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۸۶) والبیهقی فی السنن الکبری ۶:۲۱۹فی الفرائض:باب لایرث المسلم الکافر....والدارمی فی السنن ۲:۴۶۵(۲۹۹۰) فی الفرائض :باب فی میراث اهل الشرک واهل الاسلام وعبدالرزاق۶:۱۶(۹۸۵۶) فی اهل الکتاب:باب لایتوارث اهل الملتین و(۱۰۱۴۵) میراث المرتد

مسلمان کا وارث ہوسکتا ہے اور نہ مسلمان ان کا وارث ہوسکتا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ایک عیسائی مر گیا، اس کا کوئی وارث نہیں تھا، اس کا مال بیت المال میں جمع کروا دیا گیا ☼

1772/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ فِي النَّصْرَانِيِّ یَمُوْتُ وَلَیْسَ لَہٗ وَارِثٌ قَالَ مِیْرَاثُہٗ لِبَیْتِ الْمَالِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ایک نصرانی فوت ہوگیا اور اس کا کوئی وارث نہیں تھا تو آپ نے فرمایا: اس کی وراثت بیت المال میں جمع کرادی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ چھوٹا بچہ فوت ہوا، ماں باپ میں سے ایک کافر ایک مسلمان ہے، مسلمان وارث ہوگا ☼

1773/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ فِي الْوَلَدِ الصَّغِیْرِ یَمُوْتُ وَاَحَدُ وَالِدَیْہِ کَافِرٌ وَالْاٰخَرُ مُسْلِمٌ اَنَّہٗ یَرِثُہُ الْمُسْلِمُ اَیُّھُمَا کَانَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: وہ چھوٹا بچہ جو مر گیا اور اس کے والدین میں سے ایک کافر اور دوسرا مسلمان تھا تو مسلمان اس کا وارث بنے گا وہ جو بھی ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جس کو مال کے ایک سہم کی وصیت کی، اس کو کل مال کا چھٹا حصہ ملے گا ☼

1774/(اَبُوْحَنِیْفَۃَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاھِیْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰہُ عَنْہُ فِي الرَّجُلِ یُوْصِي بِسَھْمٍ مِنْ مَالِہٖ اَنَّ لَہُ السُّدُسُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن

(۱۷۷۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۷)

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: مجھے مکہ کے اندر اور مصر اور شام اور عراق میں بہت سارے مشائخ نے اپنے مشائخ کے حوالے سے بیان کیا ہے اور حضرت''جزءالانصاری رحمۃ اللہ علیہ'' کو شام اور عراق میں بیس کے قریب مشائخ سے سنا ہے، یہ سب اپنے مشائخ کے حوالے سے حضرت''شیخ ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے حضرت''امام اعظم ابو

حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند جمع کی ہے جس طرح کہ ہم نے کتاب کے آغاز میں ذکر کر دیا ہے۔

حضرت'' حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: انہوں نے علمِ فرائض، علمِ حساب، علم ہندسہ میں محنت کی ہے اور اس حوالے سے ان کی تصانیف، تخریجات اور مولفات موجود ہیں۔

آپ بیان کرتے ہیں' مجھے ان سے حضرت'' ابو الفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' عبدالوہاب بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' قاضی ابوالفتح محمد بن احمد المائدائی واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' عبدالعزیز اخضر رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' عبدالخالق بن ہبۃ اللہ بن بندار رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' ابوعلی بن قاسم بن حریف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' ابو طاہر بن ابوقاسم بن معطوس رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' سعید بن محمد بن عطاف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' عمر بن محمد بن طبرزد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' عبدالملک بن مواہب سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت'' ابوقاسم ہبۃ اللہ بن حسن بن مظفر سبط رحمۃ اللہ علیہ'' نے، اور حضرت'' عبدالعزیز بن معالی بن منقبا رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک جماعت میں حدیث بیان کی ہے۔

حضرت'' حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت'' ابوسعد سمعانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے طویل کلام کیا ہے اور اس کے اندر یہ بھی ذکر کیا ہے' میں نے ان سے یعنی حضرت'' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ۴۴۲ ہجری کو ماہِ صفر المظفر کی ۱۳ تاریخ کو مقام کرخ میں ان کی ولادت ہوئی اور ان کا انتقال بدھ کے دن ہوا اور ایک قول کے مطابق ۵۳۵ ہجری میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ جامع مسجد منصور میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی گئی اور ان کو حرب کے قبرستان میں والدہ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ انہوں نے وصیت کی تھی کہ ان کی قبر کی تختی کے اوپر یہ آیت درج کی جائے:

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ

''تم فرماؤ وہ بڑی خبر ہے تم اس سے غفلت میں ہو''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

حضرت'' حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کی عاقبت بہت اچھی تھی، ان کی زندگی کے تین دن باقی بچے تھے تو یہ قرأت قرآن روک نہیں رہے تھے اور پھر ان کا انتقال ہو گیا۔

حضرت'' حافظ ابن نجار ابو الفضل بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے خط کے حوالے سے حکایت کرتے ہیں' یہ وہ آخری بزرگ ہیں جو حضرت'' ابو اسحاق برمکی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابوالحسن باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' ابوالحسن برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت'' قاضی ابو طیب طبری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر شیوخ کے حوالے سے روایت کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: ان کی عمر ۹۴ برس تھی، ان کی سماعت بھی درست تھی اور بصارت بھی درست تھی اور تمام اعضاء درست کام کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: میں نے جو مسانید جمع کی ہیں ان میں سے ان کی مسند میں اپنی اسناد ذکر کر دی ہے اور یہ ان میں پانچویں مسند ہے۔

فصلٌ فِیْ ذِکرِ مِنْ بعدِھِمْ مِنَ المشاَیخِ رَحمہُ اللہُ

اس فصل میں ان کے بعد والے مشائخ کا ذکر ہے

(46) مُحَمَّدُبْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ یَحْیَی بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ جَیَّادٍ اَبُوْ بَکْرِ الْمُقْرِیُ

قَـالَ الْـخَـطِیْـبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ یُقَالُ اَنَّ اَصْلَہٗ مِنْ مَرْوِ الرَّوْذِ سَمِعَ مُسْلِمَ بْنِ اِبْرَاھِیْمِ وَاَبَا الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیَّ وَاَبَا عَمْرَۃِ الْجُرْجَانِیَّ وَنَظْرَائَھُمْ وَرَوٰی عَنْہُ مُوْسَی بْنُ ھَارُوْنَ وَعَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِیُّ وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ الْحَلِیْمِیُّ قَالَ تُوُفِّیَ سَنَةَ تِسْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن یحیٰ بن اسحاق بن جیاد ابوبکر مقری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' کہا جاتا ہے' یہ مرو، روذ میں پیدا ہوئے تھے، انہوں نے حضرت ''مسلم بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابو ولید طیالسی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابو عمرہ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے دیگر محدثین سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو عبداللہ حلیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور آپ فرماتے ہیں: ان کا انتقال ۲۹۰ ہجری میں ہوا۔

---

(47) مُحَمَّدُبْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِیْنَارٍ اَلْبَغَوِیُّ اَبُوْ الْحَسَنِ

اَلْـمَـعْـرُوْفُ بِـابْـنِ حُبَیْـشٍ لِاَنَّ جَدَّہٗ اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ یُلَقَّبُ حُبَیْشاً قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ شُجَاعِ الثَّلْجِیِّ وَعَبَّاسِ الدَّوْرِیِّ وَاِبْرَاھِیْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْقَصَّارِ

رَوٰی عَنْـہُ اَبُو الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِیُّ وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ وُلِدتُّ یَوْمَ الْجُمُعَةِ لِتِسْعٍ بَقَیْنَ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَخَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ قَالَ تُوُفِّیَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن صالح بن دینار بغوی ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن حبیش'' کے نام سے مشہور ہیں، ان کے دادا حضرت ''احمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کا لقب ''حبیش'' تھا۔ خطیب بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ قصار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ان کی ولادت ۲۵۲ ہجری ۱۹ شعبان کو جمعہ کے دن ہوئی اور آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۳۳۸ ہجری میں ہوا۔

---

(48) مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ زِیَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّیَالِسِیُّ الرَّازِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ کَانَ جَوَّاداً حَدَّثَ بِبَغْدَادَ وَمَصِیْصَةَ وَطَرْسُوْسَ وَسَکَنَ قَرْیَةَ بَیْسِیْنَ وَعَمَرَ عُمْرًا طَوِیْلاً وَکَانَ یُحَدِّثُ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُوْسَی الْفَرَّاءِ وَیَحْیَی بْنِ مَعِیْنٍ وَعُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْقَوَارِیْرِیِّ وَغَیْرِهِمْ قَالَ وَرَوٰی عَنْهُ یَحْیَی ابْنُ صَاعِدٍ وَمُکَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِیْ وَاَبُوْ بَکْرِ بْنِ الْجَمَانِیْ فِیْ آخِرِیْنَ قَالَ الْخَطِیْبُ وَکَانَ حَیًّا سَنَةَ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد بن عبداللہ ابوعبداللہ طیالسی رازی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ بہت سخی تھے۔ انہوں نے بغداد کے اندر درسِ حدیث دیا، مصیصہ اور طرطوس میں درسِ حدیث دیا اور یاسین نامی بستی کے اندر رہائش پذیر رہے اور بڑی لمبی عمر پائی۔ یہ حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ الفراء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن محمد القواریری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے روایت کیا کرتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں' ان سے حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر جمانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ آخری محدثین میں سے ہیں۔ خطیب کہتے ہیں: یہ ۳۱۳ ہجری میں حیات تھے۔

---

(49) مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِیْدِ بْنُ اَبَانَ بْنِ حَیَّانِ اَبُو الْحَسَنِ الْعُقَیْلِیُّ الْمِصْرِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ نُعَیْمِ بْنِ حَمَّادٍ وَهَانِیْ بْنِ الْمُتَوَکِّلِ وَهِشَامِ بْنِ عَمَّارٍ وَهِشَامِ ابْنِ خَالِدٍ وَرَوٰی عَنْهُ حُمَیْدُ بْنُ الرَّبِیْعِ اللَّخْمِیْ وَاَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ کَاتِبٍ وَاِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَلِیِّ الْحَکِیْمِی سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ بَکْرِ الْاَخْرَسِ الْبَغْدَادِیَّ

(قَالَ الْخَطِیْبُ) فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَا مُسْلِمِ الْمَکِّیَّ وَاَبَا شُعَیْبِ الْحِرَانِیَّ وَاَحْمَدَ بْنَ یَحْیَی الْحِرَانِیَّ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدِ الْفَرْیَابِیَّ وَخَلْقاً مِنْ اَقْرَانِهِمْ وَکَانَ ثِقَةً صَدُوْقاً وَلَهٗ تَصَانِیْفُ کَثِیْرَةٌ وَحَدَّثَ بِبَغْدَادَ قَبْلَ سَنَةَ ثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ ثُمَّ انْتَقَلَ اِلٰی مَکَّةَ فَسَکَنَهَا حَتّٰی تُوُفِّیَ بِهَا فِیْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ سِتِّیْنَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن ولید بن ابان بن حیان ابوالحسن عقیلی مصری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہانی بن متوکل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ام بن عمار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کیں اور ان سے حضرت ''حمید بن ربیع لخمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن فضل بن کاتب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن علی حکیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''محمد بن حسین بن عبداللہ ابوبکر اخرس بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''ابومسلم کجی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوشعیب حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن یحییٰ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جعفر بن محمد فریابی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے معاصرین میں بہت سارے لوگوں سے روایت کیا ہے، یہ ثقہ تھے، صدوق تھے، ان کی بہت ساری تصانیف ہیں، انہوں نے ۳۳۰ ہجری سے پہلے بغداد شریف میں درس حدیث دیا، پھر یہ مکہ میں چلے گئے اور اپنی وفات تک وہیں پر رہے، آپ کی وفات ۳۶۰ ہجری میں ہوئی۔

•••••••••••••••••••••

(50) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدِ بْنِ عِيْسٰى بْنِ عَبْدِكِ الرَّازِىْ رَحِمَهُ اللّٰهُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوْبَ الرَّازِيِّ وَعَمْرِو بْنِ تَمِيْمٍ وَحَدَّثَ عَنْهُ الدَّارُقُطْنِىْ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ ثِقَةً تُوُفِّىَ فِىْ جُمَادَى الْاُوْلٰى سَنَةَ ثَمَانٍ وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن احمد بن عیسیٰ بن عبدک رازی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے یہ بغداد میں رہے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''محمد بن ایوب رازی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن تمیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی اور ان سے حضرت ''دارِقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت لی ہے ۔خطیب بغدادی کہتے ہیں' یہ ثقہ تھے، ان کا انتقال ۳۴۸ ہجری میں ماہِ جمادی الاولیٰ میں ہوا۔

•••••••••••••••••••••

(51) مَحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدِ بْنِ مُوْسٰى اَبُوْ بَكْرِ الْعَصْفَرِىْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحَسَنَ بْنَ عَرْفَةَ وَسَعْدَانَ بْنَ نَصْرٍ وَاَحْمَدَ بْنَ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِىْ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ النَّيْسَابُوْرِىْ وَغَيْرُهٗ

حضرت ''محمد بن احمد بن موسیٰ ابوبکر عصفری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعدان بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابواحمد محمد بن محمد بن احمد نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

•••••••••••••••••••••

(52) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَامِدِ الْكِنْدِىُّ اَلْبُخَارِىُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سُلَيْمَانَ الْحَافِظِ الْبُخَارِيِّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدِ بْنِ حَامِدِالْكِنْدِىَّ اَلْبُخَارِىْ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا فِىْ سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''محمد بن احمد بن حامد کندی بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''محمد بن سلیمان حافظ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، حضرت ''محمد بن احمد بن حامد کندی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، ۲۹۳ ہجری میں وہاں پر درسِ حدیث دیا۔

(53) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُو الْحَسَنِ الْبَزَّازُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ زَرْقُوَيْهِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو الرَّزَّازَ وَاَبَا الْعَبَّاسِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَسْكَرِيَّ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَتَبْتُ عَنْهُ وَهُوَ اَوَّلُ شَيْخٍ كَتَبْتُ عَنْهُ اِمْلَاءً قَالَ وَكَانَ وَفَاتُهٗ سَنَةَ اِثْنَتَيْ عَشَرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن محمد بن احمد ابوحسن بزار المعروف ابن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن محمد صفار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عمرو رواد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالعباس عبداللہ بن عبدالرحمٰن عسکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب کہتے ہیں، میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں، یہ پہلے شیخ ہیں، جن سے میں نے احادیث املاء کی ہیں۔ آپ فرماتے ہیں، ان کی وفات ۴۱۲ ہجری میں ہوئی۔

(54) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الْمُهْتَدِي بِاللّٰهِ

الْخَطِيْبُ بِجَامِعِ الْمَنْصُوْرِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَتَبْتُ عَنْهُ وَسَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن احمد بن محمد بن عبداللہ بن عبدالصمد مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ جامع مسجد منصور کے خطیب تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے، میں نے ان سے احادیث لکھی بھی ہیں اور میں نے ان سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا: ان کی ولادت ۳۸۴ ہجری میں ہوئی۔

(55) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ بْنِ يَزِيْدِ بْنِ دِيْنَارٍ اَبُوْ بَكْرِ الرَّيَاحِي التَّمِيْمِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ وَعَبْدَ الْوَهَّابِ بْنَ عَطَاءٍ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ عُقْدَةَ الْكُوْفِيُّ وَالْقَاضِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَحَامِلِيُّ قَالَ تُوُفِّيَ سَنَةَ سِتٍّ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن احمد بن ابوالعوام بن یزید بن دینار ابوبکر ریاحی تمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے' انہوں نے حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالوہاب بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی ابوعبداللہ محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۲۹۶ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••••

(56) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ قَاضِیْ قُضَاۃ نَیْسَابُوْر

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَبُوْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ نَصْرِ الصَّاعِدِیْ سَمِعَ اَبَاهُ اَبَا نَصْرٍ وَعَمَّهٗ اَبَا سَعِیْدٍ یَحْیٰی بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَرَوٰی عَنْهُ مِنْ اَهْلِ بَغْدَادَ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْمُبَارِكِ الْاَنْمَاطِیُّ وَاَبُو الْفَضْلِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَلِیِّ بْنِ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرٍ قَدِمَ حَاجًّا سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ بِنَیْسَابُوْر سَنَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ وَخَمْسِ مِئَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''

یہ نیشاپور کے قاضی القضاۃ تھے، حافظ ابن نجار نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے' یہ حضرت ''ابوسعید بن ابونصر صاعدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں ،انہوں نے حضرت ''ابونصر رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے چچا حضرت ''ابوسعید یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے اہلِ بغداد میں سے حضرت ''عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالفضل عبدالملک بن علی بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، پھر یہ ۵۰۳ ہجری میں حج کرنے کے لئے تشریف لے گئے اور ۵۲۷ ہجری کو نیشاپور میں آپ کا انتقال ہوگیا۔

•••••••••••••••••••••

(57) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ یَعْقُوْبَ بْنِ شَبْةَ بْنِ الصَّلْتِ

سَمِعَ جَدَّهٗ یَعْقُوْبَ وَمُحَمَّدَ بْنَ شُجَاعِ الثَّلْجِیَّ وَرَوٰی عَنْهُ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ جَعْفَرِ الشَّاهِدُ كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ تُوُفِّیَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن یعقوب بن شبہ بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے اپنے دادا حضرت ''یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''طلحہ بن محمد بن جعفر شاہد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر یہی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' ان کا انتقال ۳۳۲ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••••

(58)مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمَّادٍ اَبُو الْعَبَّاسِ الْاَثْرَمُ الْمُقْرِیُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ سَمِعَ الْحَسَنَ بْنَ عَرْفَةَ وَحُمَیْدَ بْنَ الرَّبِیْعِ وَعَمْرَو بْنَ شَبَّةَ وَغَیْرَھُمْ قَالَ وَحَدَّثَ عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَاَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ شَاذَانِ وَاَبُوْ الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِیْ قَالَ وَتُوُفِّیَ الْاَثْرَمُ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(۵۸) محمد بن احمد بن حماد ابوالعباس اثرم مقری رحمۃ اللہ علیہ

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمید بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن شبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔آپ فرماتے ہیں: ان سے حضرت ''محمد بن مظفر الحافظ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن حازم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ حضرت ''اثرم رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۳۶ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••••••

(59)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ

اَلْمَعْرُوْفُ اَبُوْهُ بِابْنِ رَاھَوَیْهِ وُلِدَ بِمَرْوٍ وَنَشَاَ بِنَیْسَابُوْر قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ كَتَبْتُ بِبِلَادِ خُرَاسَانِ وَالْعِرَاقِ وَالْحِجَازِ وَالشَّامِ وَمِصْرٍ وَسَمِعَ اَبَاهُ اِسْحَاقَ بْنَ رَاھَوَیْهِ وَعَلِیَّ بْنَ حَجَرٍ وَاَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ وَعَلِیَّ بْنِ الْمَدِیْنِیْ وَجَمَاعَةً رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ الْخَطِیْبُ قَتَلَهُ الْقَرَامِطَةُ مَرْجِعَهُ مِنَ الْحَجِّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(یقوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللهِ هوَ مِمَّنْ یرْوِی وَیُرْوٰی عنهُ فیْ هٰذِهِ المسَانِیدِ

حضرت ''محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''

ان کے والد ''ابن راہویہ'' کے نام سے مشہور تھے،ان کی ولادت ''مرو'' میں ہوئی اوران کی پرورش نیشاپور میں ہوئی۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندرذکرکیا ہے'انہوں نے خراسان،عراق،حجازاورشام اورمصر کے علاقوں میں حدیث لکھی ہے اور حضرت ''ابواسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن حجر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک پوری جماعت سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' جب یہ ۲۹۴ ہجری حج سے واپس آ رہے تھے تو راستے میں قرامطہ نے ان کوشہید کردیا تھا۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی روایت کی ہوئی اور جن سے روایت کی ہوئی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••••••

(60)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسٰی اَبُوْ بَکْرِ التَّمَّارُ

یُعْرَفُ بِابْنِ حَضْرُوْن وَقِیْلَ بِابْنِ اَبِیْ حَضْرُوْنَ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ حَدَّثَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ حَارِثٍ الْمُوْصَلِیْ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ رَوٰی عَنْہُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سُلَیْمَانَ الْبَزَّارِ قَالَ الْخَطِیْبُ تُوُفِّیَ آخِرَ ذِی الْحَجَّۃِ سَنَۃَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَۃٍ وَکَانَ ثِقَۃً

حضرت ''محمد بن اسحاق بن محمد بن عیسیٰ ابوبکر تمار رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن حضرون'' کے نام سے مشہور تھے، اور ایک قول کے مطابق ''ابن ابی حضرون'' کے نام مشہور تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''علی بن حارث موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عباس بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث بیان کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن حسن بن سلیمان بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ان کا انتقال ۳۳۳ ہجری ذی الحجہ کے آخر میں ہوا۔ اور یہ ثقہ تھے۔

(61)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ عِیْسَی بْنِ الطَّارِقِ اَبُوْ بَکْرِ الْقَطِیْعِیُّ اَلنَّاقِدُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ سُلَیْمَانَ الْبَاغَنْدِیَّ وَاَبَا بَکْرِ بْنَ اَبِیْ دَاؤدَ السِّجِسْتَانِیَّ وَعَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مُحَمَّدِ الْبَغْوِیَّ وَیَحْیٰی بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَجَمَاعَۃً قَالَ تُوُفِّیَ سَنَۃَ ثَمَانٍ وَّسَبْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَۃٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن اسحاق بن محمد بن اسحاق بن عیسیٰ بن طارق ابوبکر قطیعی ناقد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد بجستانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن محمد بن بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۳۷۸ ہجری میں ہوا۔

(62)مُحَمَّدُبْنُ اِسْمَاعِیْلِ بْنِ اِبْرَاھِیْمِ بْنِ الْمُغِیْرَۃِ الْجُعْفِیُّ الْبُخَارِیُّ صَاحِبُ الصَّحِیْحِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ بَعْدَمَا ذَکَرَ تَرْجَمَتَہٗ وَبَالَغَ فِیْھَا تُوُفِّیَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ لَیْلَۃَ السَّبْتِ لَیْلَۃَ الْفِطْرِ سَنَۃَ سِتٍّ وَّخَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ جعفی بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے صحیح بخاری لکھی ہے، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ترجمہ ذکر کرنے کے بعد اور ان کے بارے میں بہت مبالغہ کرنے کے بعد کہا ہے' حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۵۶ ہجری بروز ہفتہ عید الفطر کی رات ہوا۔

(63)مُحَمَّدُبْنُ اِدْرِيْسَ بْنِ الْعَبَّاس

بْـنِ عُثْمَانِ بْنِ شَافِعِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَبْدِ يَزِيْدِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ الْمُطَّلَبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّـافِعِيُ رَحِـمَـهُ الـلّٰـهُ وَرَضِـيَ عَنْهُ فَضَائِلُهُ اَجَلُّ مِنْ اَنْ تُحْصٰى وَهُوَ مُسْتَغْنٍ عَنِ التَّعْرِيْفِ قَالَ الْحَافِظُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ فِيْ آخِرِ يَوْمٍ مِنْ رَجَبٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَمِائَتَيْنِ وَعَاشَ اَرْبَعاً وَخَمْسِيْنَ سَنَةً

حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یوں ہے ''محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع بن سائب بن عبید بن عبد بن یزید بن ہاشم بن مطلب بن عبدمناف ابوعبداللہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کے فضائل شمار سے باہر ہیں اور یہ تعریف سے بے نیاز ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کی ولادت ۱۵۰ ہجری میں ہوئی اور ۲۰۴ ہجری ماہِ رجب کے آخر میں ان کا انتقال ہوا ان کی عمر ۵۴ برس تھی۔

(64)مُحَمَّدُبْنُ بُكَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ بْنِ بُكَيْرِ بْنِ وَاصِلٍ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الْحَضْرَمِيُ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ الْمُوْصَلِيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ مَرْثَدٍ الْمُحَارِبِيَّ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ فِيْ شَوَّالَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن بکیر بن محمد بن بکیر بن واصل ابوالحسن حضرمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن عثمان موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت '' محمد بن مرثد محاربی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان کا انتقال ۲۰۲ ہجری ماہِ شوال میں ہوا۔

(65)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حَامِدِ الْبُخَارِيُ اَبُوْ بَكْرٍ

قَـالَ الْـخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ بِهَا (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيَى السَّـرْخَسِيِّ رَوٰى عَنْهُ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ السُّكَرِيُّ رَوٰى عَنْهُ الْخَطِيْبُ حَدَّثَنَا (عَنْ) جَدِّهٖ (عَنْ) اَبِيْ بَكْرٍ مُـحَـمَّـدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حَامِدٍ الْبُخَارِيُ (عَنِ) الْحُسَيْنِ ابْنِ الْمُبَارِكِ (عَنْ) اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ (عَنْ) اَبِـيْ حَنِيْفَةَ (عَنْ) اَبِيْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيْ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت ''محمد بن حسن بن علی بن حامد بخاری ابو بکر رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ۳۰۹ ہجری کو حج کرنے کے لئے روانہ ہوئے تو بغداد آئے اور وہاں پر حضرت ''عبداللہ بن یحییٰ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کیں۔ ان سے حضرت ''علی بن عمر بن محمد سکری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

انہیں سے خطیب روایت کرتے ہیں' وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''ابو بکر بن محمد بن حسن بن علی بن حامد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حسین بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابو عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے بارے میں جان بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنا لے۔

•••••••••••••••••••••

(66) مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفَرَجِ اَبُوْ بَكْرِ الْمُقْرِئُ الْمُؤَذِّنُ الْاَنْبَارِئُ

سَكَنَ بَغْدَادَ وَقَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِهَا (عَنْ) اَحْمَدَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِيِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَسَنِ الْهَاشِمِيِّ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمْ قَالَ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلُوْيَهِ الْجَوْهَرِيُّ وَجَمَاعَةٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن حسن بن فرج ابو بکر مقری مؤذن انباری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''احمد بن عبیداللہ نرسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبیداللہ بن حسن ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں۔ ان سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بن وراق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن محمد بن علویہ جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

•••••••••••••••••••••

(67) مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى بْنِ يَقْطِيْنِ الْيَقْطِيْنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا خَلِيْفَةَ الْفَضْلِ بْنِ الْحُبَّابِ الْجُمَحِيِّ وَالْحُسَيْنَ بْنَ عُمَرَ بْنِ اَبِي الْاَحْوَصِ الْكُوْفِيِّ وَاَبَا يَعْلٰى اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ الْمُوْصِلِيِّ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمْ قَالَ وَقَدْ كَانَ سَافَرَ وَكَتَبَ بِالْجَزِيْرَةِ وَالشَّامِ وَغَيْرِهِمَا وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ الْاَصْفَهَانِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَذَاءِ قَالَ تُوُفِّيَ الْيَقْطِيْنِيُّ يَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ الرَّابِعِ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعِ الْآخِرِ سَنَةَ سَبْعٍ وَسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن حسن بن علی بن محمد بن عیسیٰ بن یقطین یقطینی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوخلیفہ فضل بن حباب جمحی رحمۃ اللہ علیہ'' ا

حضرت ''حسن بن عمر بن ابواحوص کوفی ﷫'' اور حضرت ''ابویعلیٰ احمد بن علی موصلی ﷫'' اور ایک جماعت (ان کے نام بھی ذکر کئے ہیں ان) سے احادیث بیان کی ہیں اور آپ فرماتے ہیں: انہوں نے سفر کیا تھا اور جزیرہ اور شام اور دیگر شہروں میں احادیث لکھی ہیں، ان سے حضرت ''ابونعیم اصفہانی ﷫'' اور حضرت ''علی بن محمد بن عبداللہ حذاء ﷫'' نے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' یقطینی کا انتقال ۳۶۷ ہجری میں ربیع الثانی کی ۱۴ تاریخ کو بدھ کے دن ہوا۔

(68) مُحَمَّدُبْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ اَبُوْ حَفْصِ الْخَثْعَمِیُّ الْاَشْنَانِیُّ اَلْكُوْفِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عِبَادِ بْنِ یَعْقُوْبَ وَعَبَّادِ بْنِ اَحْمَدَ الْعَرْزَمِیُّ وَاَبِیْ كُرَیْبِ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ وَجَمَاعَةٍ قَالَ وَرَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِابْنِ سُلَیْمَانِ الْبَاغَنْدِیُّ وَالْقَاضِیُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَحَامِلِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْجِعَانِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ قَالَ مَاتَ اَبُوْ حَفْصِ الْخَثْعَمِیُّ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن حسین بن حفص بن عمر ابوحفص خثعمی اشنانی کوفی ﷫''

خطیب بغدادی ﷫ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ بغداد میں آئے اور یہاں پر آکر انہوں نے حضرت ''عباد بن یعقوب ﷫'' اور حضرت ''عباد بن احمد عرزمی ﷫'' اور حضرت ''ابوکریب محمد بن علاء ﷫'' اور ایک جماعت سے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ان سے حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان باغندی ﷫'' اور حضرت ''قاضی ابوعبداللہ محاملی ﷫'' اور حضرت ''محمد بن عمر جعانی ﷫'' اور حضرت ''محمد بن مظفر حافظ ﷫'' نے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' حضرت ''ابوحفص الخثعمی ﷫'' کا انتقال ۳۱۵ ہجری میں ہوا۔

(69) مُحَمَّدُبْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ حَمْدُوْنَ الْبَغْدَادِیُّ اَلْیَعْقُوْبِیُّ

مِنْ اَهْلِ یَعْقُوْبَا قَالَ الْخَطِیْبُ وَلِیَ قَضَاءَ یَعْقُوْبَا وَوَلِیَ الْحِسْبَةَ بِبَغْدَادَ وَكَتَبْتُ عَنْهُ فِیْ سَنَةِ تِسْعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن حسین بن علی بن حمدون بغدادی یعقوبی ﷫''

ان کا تعلق ''اہل یعقوبا'' سے ہے۔ خطیب بغدادی ﷫ بیان کرتے ہیں: یہ یعقوبا کی مسند قضاء پر فائز تھے اور بغداد میں حسبہ کے علاقے کے گورنر تھے، میں نے ان سے ۴۲۹ ہجری میں حدیث لکھی ہے۔

(70) مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَلْفِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُوْ يَعْلَى

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اَلْفَرَاءِ الْقَاضِیُّ قَالَ الْخَطِيْبُ كَانَ اَحَدُ الْفُقَهَاءِ الْحَنَابِلَةِ وَلَهُ تَصَانِيْفُ عَلٰى مَذْهَبِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَدَرَسَ وَاَفْتٰى سِنِيْنَ كَثِيْرَةً وَشَهِدَ عِنْدَ قَاضِی الْقُضَاةِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّامْغَانِیْ فَقَبِلَ شَهَادَتَهُ وَوَلّٰى النَّظْرَ فِی الْحُكْمِ بِحُرَيْمِ دَارَ الْخَلَافَةِ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِی الْقَاسِمِ ابْنِ حَبَّابَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَالِكِ الْبَيِّعِ وَعَلِیِّ بْنِ عُمَرَ الْحَرْبِیْ وَجَمَاعَةٍ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ ثِقَةً قَالَ وَكَانَ يَقُوْلُ اَبُو الْحَسَنِ الْمَحَامِلِیْ مَا يُحَاضِرُنَا اَحَدٌ مِنَ الْحَنَابِلَةِ اَعْقَلُ مِنْ اَبِیْ يَعْلٰى اِبْنِ الْفَرَاءِ قَالَ وَسَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ لِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ اَوْ ثَمَانٍ وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً خلتْ مِنَ الْمُحَرَّمِ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ وَدُفِنَ فِیْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ التَّاسِعِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعَ مِائَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن حسن بن محمد بن خلف بن احمد ابویعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن فراء قاضی'' کے نام سے مشہور تھے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ حنابلہ کے فقہاء میں سے ایک ہیں، ان کی حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب پر بہت ساری تصانیف اور درس موجود ہیں۔انہوں نے سالہا سال درس بھی دیا اور فتویٰ بھی دیا اور حضرت ''قاضی القضاۃ ابوعبداللہ دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس انہوں نے گواہی بھی دی اور انہوں نے ان کی گواہی کو قبول کیا۔دارالخلافہ کے حریم میں یہ فیصلوں پر نظر ثانی کے نگران بنے اور حضرت ''ابوالقاسم بن حبابہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن مالک بیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عمر حربی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے انہوں نے حدیث روایت کی ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ ثقہ تھے۔آپ کہتے ہیں: حضرت ''ابوالحسن محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' کہا کرتے تھے: حنابلہ میں سے کوئی شخص بھی ہمارے پاس حضرت ''ابویعلیٰ ابن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ عقل مند نہیں آیا۔وہ کہتے ہیں: میں نے ان سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا: میں ۳۸۰ ہجری، ماہِ محرم کی ۲۷ یا ۲۸ تاریخ کو پیدا ہوا تھا۔یہ ۴۵۸ ہجری ماہِ رمضان المبارک کی ۲۷ تاریخ کو سوموار کے دن فوت ہوئے۔

•••••••••••••••••••••

(71) مُحَمَّدُ بْنُ خَلْفِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ التَّيْمِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ هُوَ مِنْ شُيُوْخِ مُحَمَّدِ بْنِ مَخْلَدٍ وَذَكَرَ اِبْنُ مَخْلَدٍ فِیْ تَارِيْخِهٖ اَنَّهُ تُوُفِّیَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَهُوَ يَرْوِیْ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِیْ وَكَعْبٍ سَمِعَ نَافِعاً وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ دِيْنَارٍ وَقَالَ الْبُخَارِیُّ مِنَ الْمَعْرُوْفِيْنَ نَزَلَ عَلَيْهِ النَّاسُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن خلف ابوعبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' یہ حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔حضرت ''ابن مخلد

رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۲۵۹ ہجری میں ہوا اور یہ حضرت ''سعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''کعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اورانہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ مشہور محدثین میں سے تھے اوران کے پاس بہت لوگ آیا کرتے تھے۔

مُحَمَّدُ بْنُ دَاوٗدِ بْنِ سُلَيْمَانَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ مِصْرَ وَحَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَرِيْرِ الطِّبْرِیْ وَتُوُفِّیَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ مِنْ جُمَادَی الْاُخْرٰی سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثَ مِائَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن داوٗد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، یہ مصر میں تشریف لائے تھے اور حضرت ''محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔ ان کا انتقال ۳۳۰ ہجری ماہ جمادی الثانی کے اندر جمعرات کے دن ہوا۔

(73)مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءِ السُّدِیْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِی

وَالِدُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءَ حَدَّثَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ شُمَيْلٍ وَمَكِّيِّ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن رجاء سدی ابوعبداللہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''محمد بن محمد بن رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' کے والد ہیں، انہوں نے حضرت ''نضر بن شمیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں۔

(74)مُحَمَّدُبْنُ اَبِیْ رَجَاءِ الْخُرَاسَانِی

مِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ يُوْسُفَ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِبَغْدَادَ

حضرت ''محمد بن ابورجاء خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں، یہ بغداد میں مسند قضاء پر فائز تھے۔

(75)مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبِيْكَنْدِی

مَوْلٰی سَلِيْمِ بُخَارِیْ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِسَبْعٍ بَقِيْنَ مِنْ صَفَرٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ سَلَامَ بْنَ سُلَيْمٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ سَلْمَةَ وَابْنَ عُيَيْنَةَ

"(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیِّ کَثِیْرًا یَرْوِیْ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ رِضْوَانَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن سلام ابوعبداللہ بیکندی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''سلیم بخاری'' کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۲۲۵ ہجری ماہِ صفر المظفر کی ۲۳ تاریخ کو جمعہ کے دن ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ''سلام بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں اور حضرت ''محمد بن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(76) مُحَمَّدُبْنُ سَعِیْدِ بْنِ حم اَبُوْ بَکْرِ الْحَافِظُ الْبُخَارِیُّ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیُ فِیْ تَارِیْخِهٖ ذَکَرَهٗ حَمْزَةُ بْنُ یُوْسَفَ السَّهْمِیُ فِیْ تَارِیْخِهٖ لِجُرْجَانَ ثُمَّ رَوٰی عَنْهُ حَدِیْثاً وَذَکَرَ اَنَّهٗ حَدَّثَ بِهٖ بِبَغْدَادَ

حضرت ''محمد بن سعید بن حم ابوبکر الحافظ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حمزہ بن یوسف سہمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ جرجان کے اندر ذکر کیا ہے، پھر ان سے حدیث روایت کی ہے اور یہ ذکر کیا ہے' انہوں نے بغداد کے اندر درسِ حدیث دیا ہے۔

(77) مُحَمَّدُبْنُ سَمَاعَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَلَالِ بْنِ وَکِیْعِ بْنِ بَشْرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ التَّیْمِی

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِبَغْدَادَ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ الْقَاضِیَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیِّ وَالْمُسَیَّبِ بْنِ شَرِیْكٍ وَالْمُعَلّٰی بْنِ خَالِدٍ الرَّازِیْ رَوَی عَنْهُ جَمَاعَةٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّیْمَرِیْ وَمِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ جَمِیْعاً مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ وَمِنَ الْحُفَّاظِ الثِّقَاتِ النَّوَادِرِ رَوَی عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا جَمِیْعاً وَرَوَی النِّکَتَ وَالْاَمَالِیَ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِبَغْدَادَ لِلْمَامُوْنَ فَلَمْ یَزَلْ قَاضِیاً حَتّٰی ضَعُفَ بَصَرُهٗ اِلٰی اَیَّامِ الْمُعْتَصِمِ فَاسْتَعْفٰی قَالَ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ لَوْ صَدَقَ اَصْحَابُ الْحَدِیْثِ کَمَا یَصْدُقُ اِبْنُ سَمَاعَةَ الْقَاضِیْ لَکَانُوْا عَلٰی نِهَایَةٍ قَالَ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ تُوُفِّیَ مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ فِیْ سَنَةِ ثَلَاثٍ

وَّثَلاثِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَلَهُ مِائَةُ سَنَةٍ وَثَلاثِ سِنِیْنَ وَکَانَ مَوْلِدُهُ سَنَةَ ثَلاثِیْنَ وَمِائَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن سماعہ بن عبداللہ بن ہلال بن وکیع بن بشر ابوعبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ بغداد کی مسند قضاء پر فائز تھے، اور انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسیب بن شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معلٰی بن خالد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان سے محدثین کی جماعت نے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت ''ابوعبداللہ صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے اور حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور یہ حفاظ میں سے تھے، ثقات میں سے تھے، اور ان کی مرویات نوادر میں سے ہیں۔

انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں سے روایت کی ہے اور انہوں نے نکت اور امالی روایت کی ہیں، یہ مامون کے زمانے میں بغداد کی مسند قضاء پر فائز تھے، یہ مسلسل قاضی رہے یہاں تک کہ معتصم کے زمانے میں ان کی بینائی ختم ہوگئی تو انہوں نے استعفاء دے دیا۔

حضرت ''یحیٰی بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' اگر باقی اہل حدیث بھی اسی طرح صدق اختیار کریں جیسے حضرت ''ابن سماعہ القاضی رحمۃ اللہ علیہ'' صادق تھے تو یہ سب لوگ بہت انتہاء پر پہنچ جائیں۔

حضرت ''طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا' حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۳۳ ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر ۱۳۰ برس تھی۔ اور ان کی پیدائش ۱۳۰ ہجری میں ہوئی۔

(78) مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعِ الثَّلْجِیُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ فَقِیْهُ اَهْلِ الْعِرَاقِ فِیْ وَقْتِهٖ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادِ اللُّؤْلُؤِیِّ صَاحِبِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَحَدَّثَ عَنْ یَحْیَی بْنِ آدَمَ وَاِسْمَاعِیْلَ بْنِ عُلَیَّةَ وَوَکِیْعٍ وَاَبِیْ اُمَامَةَ وَعُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسٰی وَمُحَمَّدِ بْنِ عُمَرِ الْوَاقِدِیْ وَرَوٰی عَنْهُ یَعْقُوْبُ بْنُ شَیْبَةَ وَابْنُ اِبْنِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ یَعْقُوْبَ قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ کَامِلِ الْقَاضِیْ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِیّ بْنِ صَالِحِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحِ الْبَغْوِیّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ صَاحِبُ مُحَمَّدِ بْنِ شُجَاعِ الثَّلْجِیْ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدَ بْنِ شُجَاعٍ یَقُوْلُ وُلِدتُّ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ اِحْدٰی وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةً وَتُوُفِّیَ وَهُوَ فِیْ صَلاَةِ الْعَصْرِ سَاجِدًا لِاَرْبَعِ لَیَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَدُفِنَ فِیْ بَیْتٍ مِنْ دَارِهٖ مُلاَصِقاً لِلْمَسْجِدِ

حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ اپنے زمانے میں اہل عراق کے فقیہ تھے، یہ حضرت ''حسن بن زیاد لؤلوئی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں ان) کے صاحب تھے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوامامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عمرو اقدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ان سے حضرت ''یعقوب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے پوتے حضرت ''محمد بن احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابراہیم بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''احمد بن کامل قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوالحسن علی بن صالح بن احمد بن حسن بن صالح بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن عبداللہ ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ صاحب ہیں حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' کے) نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، وہ کہہ رہے تھے' میں ۱۸۱ ہجری ماہِ رمضان المبارک میں پیدا ہوا۔ ان کا انتقال عصر کی نماز میں سجدے کے دوران ہوا، اس وقت ذی الحج کی پانچ تاریخ تھی اور یہ واقعہ ۲۶۶ ہجری کا ہے۔ یہ مسجد سے متصل اپنی ہی حویلی میں دفن ہوئے۔

(79) مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَةَ بْنِ نَافِعِ بْنِ شَدَّادٍ اَبُوْ جَعْفَرَ طُوْسِي الْاَصْلِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ جَعْفَرٍ وَيَعْقُوْبَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ وَاَبَا اُسَامَةَ وَحَمَّادَ ابْنَ اُسَامَةَ وَالْقَاسِمَ بْنَ الْحَكَمِ الْعَرَنِيَّ قَالَ الْخَطِيْبُ مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَةَ بَغْدَادِيٌّ

حضرت ''محمد بن شوکہ بن نافع بن شداد ابوجعفر طوسی الاصل رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یعقوب بن ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم بن حکم عرنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں: حضرت ''محمد بن شوکہ رحمۃ اللہ علیہ'' بغدادی ہیں۔

(80) مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ مِنْ اَبِي الْحُسَيْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيِّ وَحَدَّثَ بِهَا بِكِتَابِ اَحْكَامِ السَّمَاعِ وَشُرُوْطِهٖ لِاَبِي الْقَاسِمِ الْقُشَيْرِيِّ وَحَدَّثَ بِالْاِسْكَنْدَرِيَّةِ أيضاً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن صدقہ بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے بغداد کے اندر ۴۹۸ ہجری میں حضرت ''ابو الحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث کا سماع کیا ہے اور وہاں پر ''احکام سماع اور اس کی شرائط'' جو حضرت ''ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے اس کا درس دیا ہے اور اسکندریہ کے اندر بھی اس کا درس دیا ہے۔

•••••••••••••••••••

(81) مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِىُ اَبُوْ الْحَسَنِ

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اُمِّ سِنَان قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ مِنْ اَوْلَادِ الْعَبَّاسِ الْهَاشِمِى وُلِدَ بِالْكُوْفَةِ وَنَشَاَ بِهَا وَسَكَنَ بِبَغْدَادَ وَوَلِىَ الْقَضَاءَ بِهَا قَالَ الْخَطِيْبُ وَلَا اَعْلَمُ قَاضِياً مِنْ بَنِىْ هَاشِمٍ بِبَغْدَادَ غَيْرَهُ ثُمَّ ذَكَرَ اَخْبَارَهُ ثُمَّ قَالَ مَاتَ الْقَاضِىُ اَبُوْ الْحَسَنِ بْنِ سِنَانَ وَهُوَ لُقِبَ اُمُّ جَدِّهٖ وَهِىَ مِنْ اَوْلَادِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلَاثَ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''محمد بن صالح بن علی بن یحییٰ بن عبداللہ القاضی ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن ام سنان'' کے نام سے مشہور تھے، خطیب بغدادی کہتے ہیں' یہ عباس ہاشمی کی اولاد میں سے ہیں، کوفہ میں پیدا ہوئے اور وہیں پر جوان ہوئے، بغداد کے اندر رہائش رکھی اور وہاں کی مسند قضا پر فائز ہوئے۔

خطیب بیان کرتے ہیں: بغداد کے اندر بنی ہاشم کا ان کے علاوہ اور کوئی قاضی میں نہیں جانتا ہوں، پھر ان کی اخبار کا ذکر کیا، پھر کہا' حضرت ''قاضی ابوالحسن بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' کا لقب ان کے دادا کی والدہ کے نام سے ہے اور یہ حضرت ''طلحہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں ان کی اولادِ امجاد میں سے ہیں، ان کا انتقال ۳۶۹ ہجری میں ہوا، ان کی پیدائش ۲۹۳ ہجری کی ہے۔

•••••••••••••••••••

(82) مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ السُّدُوْسِىُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ هِشَّامٍ رَوٰى عَنْهُ الْمُعَافٰى بْنُ زَكَرِيَّا الْجَرِيْرِىْ

حضرت ''محمد بن عمر سدوسی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے، حضرت ''محمد بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''معافیٰ بن زکریا جریری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

•••••••••••••••••••

(83) مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ وَاقِدٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاقِدِىْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مَالِكَ ابْنَ اَنَسٍ وَابْنَ اَبِىْ ذِئْبٍ وَمَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ

اَخِی الزُّهْرِیْ وَابْنَ جُرَیْجٍ وَاُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیَّ رَوٰی عَنْهُ کَاتِبُهٗ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِیُّ وَجَمَاعَةٌ قَالَ قَدِمَ الْوَاقِدِیُّ بَغْدَادَ وَوَلِیَ قَضَاءَ الْجَانِبِ الشَّرْقِیِّ وَسَارَتِ الرُّکْبَانُ بِکُتُبِهٖ فِیْ فُنُوْنِ الْعُلُوْمِ مِنَ الْمَغَازِیْ وَالسِّیَرِ وَالطَّبَقَاتِ مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَتَیْنِ وَدُفِنَ بِمَقَابِرِ الْخَیْزُرَانِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَّسَبْعِیْنَ سَنَةً

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیُرْوٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیِّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن عمر بن واقد ابوعبداللہ واقدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''معمر بن راشد رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''محمد بن عبداللہ ابن اخی زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''اسامہ بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

ان سے ان کے کاتب حضرت ''محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحٰق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ آپ کہتے ہیں: حضرت ''واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' بغداد میں آئے اور مشرقی کے علاقے کے منصب قضاء پر فائز ہوئے، مغازی، سیر اور طبقات کے علوم پر فنون پر مشتمل ان کی کتابوں کا پورا ایک قافلہ بن گیا، ۲۰۷ ہجری کو بغداد میں ان کا انتقال ہوا، خیزران کے قبرستان میں ان کی تدفین ہوئی۔ ان کی عمر ۷۸ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''محمد بن حسن بن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں شامل ہیں۔

(84) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَعْفَرَ بْنِ خَشْنَامٍ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَبُو الْحَسَنِ الْبَیِّعُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَیْلَانَ وَمُحَمَّدَ بْنَ حَمْدَوَیْهِ الْمَرْوَزِیَّ وَجَمَاعَةً تُوُفِّیَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن جعفر بن خشنام رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوالحسن بیع رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حمدویہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور جماعت سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۳۹۲ ہجری میں ہوا۔

(85) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ اَبُوْ بَکْرِ الْاَبْهَرِیُ الْفَقِیْهُ الْمَالِکِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَکَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِیْ عَرُوْبَةَ الْحَرَانِیِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّ

الْبَاغَنْدِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَشْنَانِیْ وَلَهُ تَصَانِیْفُ فِیْ شَرْحِ مَذْهَبِ مَالِكٍ وَالرَّدِّ عَلٰی مَنْ خَالَفَهُ كَانَ اِمَامُ اَصْحَابِ مَالِكٍ فِیْ وَقْتِهٖ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَتِیْقِیُّ وَعَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَلِیٍّ مَاتَ اَبُوْ بَكْرٍ الْاَبْهَرِیْ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسِتِّیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَاِلَیْهِ انْتَهَتْ رِیَاسَةُ اَصْحَابِ مَالِكٍ

حضرت ''محمد بن عبداللہ بن محمد بن صالح ابوبکر ابہری الفقیہ مالکی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ بغداد میں رہے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں۔ حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کی تشریح میں اور ان کے مخالفین کے رد پر ان کی بہت ساری تصانیف موجود ہیں۔ یہ اپنے زمانے میں امام حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے امام تھے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' حضرت ''احمد بن محمد عتیقی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالعزیز بن علی ن رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۶۵ ہجری میں ہوا۔ ان کی ولادت ۲۸۹ ہجری میں ہوئی تھی اور ان تک جا کر حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے رئیس ختم ہو جاتے ہیں۔

••••••••••••••••••••

(86) مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِی الْقَاسِمِ بْنِ حَاجِبٍ

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْبَطِیْ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیْ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَهُوَ مِنْ سَاكِنِی الصَّاغَةِ - مِنْ دَارِ الْخَلَافَةِ مُحَدِّثُ بَغْدَادَ فِیْ وَقْتِهٖ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكَ بْنَ اَحْمَدَ ابْنِ عَلِیٍّ الْبَانِیَاسِیْ وَاَبَا الْخَطَّابِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْقَارِیْ وَاَبَا الْحَسَنِ عَلِیِّ ابْنَ اَحْمَدَ بْنِ الْخَطِیْبِ الْاَنْبَارِیْ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةِ النَّعَالِیْ وَاَبَا الْفَضْلِ اَحْمَدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ خَیْرُوْنَ وَاَحْمَدَ بْنَ اَحْمَدِ الْحَدَّادِ الْاَصْبَهَانِیْ كَانَتْ لَهٗ اِجَازَةٌ مِنَ الشَّرِیْفِ اَبِیْ نَصْرٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ الزَّیْنَبِیْ سَمِعَ مِنْهُ الشُّیُوْخُ الْكِبَارُ كَاَبِی الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ وَعَبْدِ الْخَالِقِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ یُوْسُفَ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسَبْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَسِتِّیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالباقی بن احمد بن سلیمان بن ابی قاسم بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن بطی'' کے نام سے مشہور ہیں۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ صاغہ کے باشندوں میں سے ہیں، دارالخلافہ میں رہتے تھے اور اپنے زمانے میں بغداد کے بہت بڑے محدث تھے۔

انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ مالک بن احمد ابن علی بانیاسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالخطاب بن نضر بن احمد بن نضر القاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی ابن احمد بن خطیب انباری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ الحسین بن احمد بن محمد بن طلحہ نعالی رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ دونوں حضرت ''خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں)، حضرت ''احمد بن احمد حداد اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے۔ ان کو حضرت ''شریف ابونصر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اجازت حاصل تھی۔ ان سے بڑے بڑے شیوخ نے سماع کیا ہے۔ مثلاً حضرت ''ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالخالق بن احمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کی ولادت ۴۷۷ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۵۶۴ ہجری میں ہوا۔

(87) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوْبَ بْنِ بُنْدَارِ اَبُو الْعَلاَءِ الْوَاسِطِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهِ نَشَاَ بِوَاسِطٍ وَحَفِظَ الْقُرْآنَ بِهَا وَكَتَبَ اَيْضاً اَلْحَدِيْثَ وَدَخَلَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ مِنْ اَبِـي مَـالِكِ الْـقَطِيْعِيِّ وَاَبِيْ مُحَمَّدِ بْنِ يَاسِرٍ وَكَتَبَ عَنْهُ وَمَاتَ اَبُوْ الْعَلاَءِ الْوَاسِطِيُّ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلاثِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَوُلِدَ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن علی بن احمد بن یعقوب بن بندار ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے واسط میں پرورش پائی، وہیں پر قرآن پاک حفظ کیا، وہیں پر حدیث لکھی، پھر یہ بغداد میں آ گئے اور وہاں پر حضرت ''ابو مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد بن یاسر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا اور ان سے احادیث لکھیں۔ اور حضرت ''ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۴۳۱ ہجری میں ہوا، ان کی ولادت ۳۴۰ ہجری کی ہے۔

(88) مُحَمَّدُبْنُ عَبَادِ بْنِ مُوْسٰى بْنِ رَاشِدِ الْعُكْلِيُّ

وَيُـلَقَّبُ بِسَنْدُوْلا قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَكَانَ عَالِماً بِالْحَدِيْثِ وَاَيَّامِ النَّاسِ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِيْـهِ وَعَبْـدِ الْـعَـزِيْـزِ بْـنِ مُـحَـمَّـدِ الدَّرَاوَرْدِيِّ وَعَبْدِ السَّلامِ بْنِ حَرْبٍ وَحَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ وَاَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عباد موسیٰ بن راشد عکلی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا لقب ''سندول'' تھا، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور یہ عالم بالحدیث تھے اور لوگوں کے زمانے کے عالم تھے، انہوں نے اپنے والد سے اور حضرت ''عبدالعزیز بن محمد دراوردی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالسلام بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسباط بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(89) مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ الزَّبْرَقَانَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْمَكِّي

سَـكَـنَ بَـغْـدَادَ وَكَـانَ عَـالِماً بِالْحَدِيْثِ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّرَاوَرْدِيِّ وَسُفْيَانَ بْنِ

عُيَيْنَةَ وَرَوٰى عَنْهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٍ فِي الصَّحِيْحَيْنِ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''محمد بن عباد بن زبرقان ابوعبداللہ المکی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، عالم بالحدیث تھے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن محمد دراوردی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اور ان سے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے صحیحین میں احادیث روایت کی ہیں۔ ان کا انتقال ۲۳۵ ہجری میں ہوا۔

(90) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ خَالِدٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَكَنَ بِلَادِ الشَّامِ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْبَغَوِيْ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ دَاوُدَ رَوَىٰ عَنْهُ تَمَامُ بْنُ مُحَمَّدِ الرَّازِيْ وَكَانَ حَافِظاً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبداللہ بن احمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' یہ بلاد شام میں رہتے تھے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ''، کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور ان سے حضرت ''تمام بن محمد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایات کی ہیں اور یہ حافظ تھے۔

(91) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْقَاهِرِ بْنِ اَسَدِ بْنِ مُسْلِمٍ اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَسَدِى الْمُؤَدَّب

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ الْمَلِكِ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ وَاَبَا عَلِيِّ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ غَيْلَانَ وَاَبَا مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ الْخَلَالِ وَمَاتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَسَدِيْ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبدالملک بن عبدالقاہر بن اسد بن مسلم ابوسعید اسدی مؤدب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبدالملک ابن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی الحسین بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب محمد بن محمد بن ابراہیم بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''محمد بن عبدالملک اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۵۰۱ ہجری میں ہوا۔ ان کی ولادت ۴۲۱ ہجری میں ہوئی تھی۔

(92) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ خَيْرُوْنَ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ الْمُقْرِی

مِنْ سَاكِنِی دَرْبِ تَصِيْرٍ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیُّ قَرَاَ الْقُرْآنَ عَلٰی عَمِّهٖ اَبِی الْفَضْلِ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ وَعَلٰی جَدِّهٖ لِاُمِّهٖ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَحْمَدَ السُّهْرَوَرْدِیْ وَعَلٰی غَيْرِهِمَا وَصَنَّفَ كُتُباً فِی الْقِرَاءَ اتِ وَسَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنْ اَبِيْهِ وَعَمِّهٖ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ وَاَبِی الْغَنَائِمِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمَامُوْنِ وَاَبِیْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطِيْبِ صَاحِبُ التَّارِيْخِ تُوُفِّیَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن عبدالملک بن حسین بن خیرون ابومنصور مقری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ درب تصیر کے باشندے تھے۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' انہوں نے قرآن اپنے چچا حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ''، اور اپنے دادا حضرت ''عبدالملک بن احمد سہروردی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور ان کے علاوہ دیگر لوگوں سے پڑھا ہے۔ انہوں نے قرأت میں بہت ساری کتابیں لکھی ہیں، اور حدیث اپنے والد سے اور اپنے چچا حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوغنائم عبدالصمد بن علی بن مامون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ خطیب ہیں اور صاحب تاریخ ہیں، ان) سے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۵۳۹ ہجری میں ہوا ہے اور ان کی پیدائش ۴۵۴ ہجری میں ہوئی۔

(93) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ الزَّاهِدُ مِنْ اَهْلِ نَيْسَابُوْرٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحُسَيْنَ بْنَ الْفَضْلِ السَّرِیْ بْنِ خُزَيْمَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ اَشْرَسٍ رَوٰی عَنْهُ اَهْلُ بَلَدِهٖ وَقَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً وَحَدَّثَ بِهَا فَرَوٰی عَنْهُ مِنْ اَهْلِهَا اَبُوْ حَفْصٍ بْنِ شَاهِيْنَ وَكَانَ ثِقَةً فَقِيْهاً عَارِفاً بِمَذْهَبِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَرَغِبَ عَنِ الْفَتْوٰی لِاِشْتِغَالِهٖ بِالْعِبَادَةِ وَكَانَ يُحَجُّ فِیْ كُلِّ عَشَرِ سِنِيْنَ وَيَغْزُوْ فِیْ كُلِّ ثَلَاثِ سِنِيْنَ فَتُوُفِّیَ بِبَغْدَادَ مُنْصَرِفَهٗ مِنَ الْحَجِّ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبداللہ بن دینار ابوعبداللہ الحافظ الزاہد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا تعلق نیشاپور سے ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''حسین بن فضل سری بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن اشرس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے ان کے شہر والوں نے روایت کی ہے۔ پھر یہ حج کرنے کے لئے گئے تو بغداد بھی آئے اور وہاں پر درسِ حدیث دیا۔ وہاں کے رہنے والوں میں سے حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی روایات ذکر کی ہیں۔

یہ ثقہ تھے، فقیہ تھے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کے جاننے والے تھے اور عبادت میں مشغولیت کی وجہ سے

فتویٰ سے گریز کرتے رہے، یہ ہر دس سال کے بعد حج کرتے تھے اور ہر تین سال میں جہاد میں جاتے تھے، یہ ۳۰۸ ہجری کو حج سے واپس آ رہے تھے کہ بغداد میں آپ کا انتقال ہو گیا۔

(94) مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى

بْنِ عَلِيٍّ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمُهْتَدِیْ بِاللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِیْ يُعْرَفُ بِالْخَنْدَقُوْقِیْ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الْحُسَيْنِ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ الْفَضْلِ الْقَطَّانِ وَاَبَا الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ رُوْزْبَةَ - وُلِدَ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ سَنَةَ اِحْدٰی وَسَبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن علی بن محمد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یوں ہے ''بن علی بن عبید اللہ بن جعفر بن علی بن مہتدی باللہ ابوعبد اللہ الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ''خندقوقی'' کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔

حضرت ''حافظ ابوعبد اللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوالحسین محمد بن حسین بن فضل القطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسن محمد بن احمد بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کی ولادت ۳۹۶ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۴۷۱ ہجری میں ہے۔

(95) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ الْخُرَاسَانِی

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الْحَسَنِ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ الْفَضْلِ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٍ وَالِدُهٗ كَانَ مِنَ الْمُعَدِّلِيْنَ وَمِنْ شُيُوْخِ الْمُحَدِّثِيْنَ وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن عبد اللہ بن اسحاق بن ابرہیم بن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبد اللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، حضرت ''ابوالحسن محمد بن حسین بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''ابوعبد اللہ محمد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے، یہ معدلین میں سے تھے اور محدثین کے شیوخ میں سے تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا تذکرہ کیا ہے۔

(96) مُحَمَّدُ بْنُ عِلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ الدَّقَاقِ اَبُوْ الْغَنَائِم

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ الْكَثِیْرَ مِنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْبَیِّعِ وَاَبِیْ عُمَرَ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِیْ وَاَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَشْرَانَ وَاَبِی الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رُوْزْبَهَ وَجَمَاعَةً رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْبَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْمَارِسَتَانِیْ وَجَمَاعَةٌ وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْمَارِسَتَانِیْ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن علی بن حسن بن محمد بن ابی عثمان دقاق رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوالغنائم'' ہے۔ حضرت ''حافظ ابو عبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن عبیداللہ ابن البیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعمر عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن محمد ابن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن محمد بن احمد بن محمد بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ابوطالب احمد بن حسن بن البنا رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی مارستانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ ان کی ولادت ۴۰۱ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۴۸۸ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی مارستانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(97) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْخَالِقِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ

ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ یُوْسُفَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْفَرَجِ اَبِی الْحَسَنِ اَخُ اَبِی الْحُسَیْنِ عَبْدِ الْحَقِّ وَاَبِیْ نَصْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَكَانَ الْاَصْغَرَ مِنْهُمَا قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وُلِدَ بِیَزْدَ وَنَشَاَ بِهَا مَعَ اَبِیْهِ وَسَمِعَ بِهَا مِنْ اَبِیْ سَعْدٍ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ الْمُؤَذِّنِ ثُمَّ وَرَدَ مَعَ وَالِدِهٖ بَغْدَادَ فَاَسْمَعَهُ مِنَ الْقَاضِیْ اَبِیْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِی الْاَنْصَارِیْ وَاَبِیْ مَنْصُوْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَرَاتِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ خَیْرُوْنَ وُلِدَ فِیْ ذِی الْحِجَّةِ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَعِشْرِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالخالق بن احمد بن عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یوں ہے ''بن محمد بن یوسف ابوعبداللہ ابن الفرج ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''ابوالحسین عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونصر

عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، یہ ان دونوں سے چھوٹے تھے۔

حضرت'' حافظ ابوعبداللہ بن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ''یزد'' میں پیدا ہوئے، وہیں پر اپنے والد کے پاس پرورش پائی اور حضرت'' ابوسعد اسماعیل بن ابوصالح مؤذن رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع حدیث کیا۔ پھر یہ اپنے والد کے ہمراہ بغداد آ گئے اور وہاں پر حضرت'' قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت'' ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' محمد بن عبدالملک بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع حدیث کیا۔ ان کی ولادت ۵۲۲ ہجری میں ذی الحج کے مہینے میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۶۷ ہجری میں ہوا۔

(98) مُحَمَّدُبْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ اَبُوْ جَعْفَرِ الْجُعْفِي الْكُوْفِيْ وَرَّاقِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسٰى

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَرَدَ مَعَهٗ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ وَحَمَّادِ ابْنِ اَبِيْ اُسَامَةَ وَالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ الْجُعْفِيْ وَعَنْ جَمَاعَةٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلِ الْبُخَارِيْ فِيْ صَحِيْحِهٖ وَاَبُوْ حَاتِمِ الرَّازِيْ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقِ الْحَرْبِيْ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت'' محمد بن عثمان بن کرامہ ابوجعفر جعفی کوفی وراق عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کے ہمراہ وہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت'' ابو اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' حسین بن علی جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔ ان سے حضرت'' محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی صحیح کے اندر، حضرت'' ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت'' ابراہیم بن اسحاق حربی رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث روایت کی ہیں۔ ان کا انتقال سن ۲۵۶ ہجری میں ہوا۔

(99) مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظَ وَاَبَا عَمْرِو بْنِ حُسْنُوْنَ وَاَبَا بَكْرِ بْنَ شَاذَانَ وَطَائِفَةً مِنْ هٰذِهِ الطَّبَقَةِ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَتَبْنَا عَنْهُ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت'' محمد بن عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت'' محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' ابوعمرو بن حسنون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس طبقے کی پوری ایک جماعت سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' ہم نے بھی ان سے احادیث لکھی ہیں۔ ان کا انتقال ۴۴۸ ہجری میں ہوا۔

(100) مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عِلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمِ بْنِ رُوْزَبَه

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ خَلَّادٍ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ سَالِمِ الْحَنْبَلِيْ وَكَانَ صَدُوْقاً كَثِيْرَ السَّمَاعِ قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلاثِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالواحد بن علی بن ابراہیم بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''احمد بن یوسف بن خلاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن سالم حنبلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں، یہ صدوق تھے، کثیر السماع تھے۔ خطیب کہتے ہیں' میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں۔ ان کا انتقال سن ۴۳۵ ہجری میں ہوا۔

****

(101) مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ بَكْرِ الْفَقِيْهُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الصَّيْرَفِيْ لَهٗ تَصَانِيْفٌ فِيْ اُصُوْلِ الْفِقْهِ وَلَهُ الْفَهْمُ وَالْعِلْمُ وَالْكَلامُ وَسَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنْ اَحْمَدَ بْنِ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِيْ مَاتَ سَنَةَ ثَلاثِيْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبداللہ ابوبکر الفقیہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ صیر فی ہیں، اصول فقہ کے اندر ان کی بہت ساری تصانیف ہیں۔ یہ صاحب فہم وفراست تھے، ان کو علم اور کلام پر مہارت حاصل تھی، انہوں نے حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کا سماع کیا ہے اور ان کا انتقال ۳۲۳ ہجری میں ہوا۔

****

(102) مُحَمَّدُبْنُ نَاصِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ اَبُوْ الْفَضْلِ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِيْ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ شَيْخُنَا اَبُوْ الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرٍ اَبَا الْقَاسِمِ عَلِيَّ بْنَ اَحْمَدَ الْقُشَيْرِيَّ وَاَبَا طَاهِرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِيْ الصَّقْرِ الْاَنْبَارِيْ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ الْبَانِيَاسِيْ وَكَانَتْ لَهٗ اِجَازَاتٌ قَدِيْمَةٌ يَرْوِيْ عَنْ اِبْنِ النَّقُوْرِ وَاِبْنِ مَاكُوْلَا وُلِدَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَتُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن ناصر بن محمد بن علی بن عمر ابوالفضل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''شیخ ابوالفضل محمد بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالقاسم علی بن احمد قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوطاہر محمد بن ابوصقر انباری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ مالک بن احمد بن علی بانیاسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کو پرانی اجازتیں حاصل تھیں، یہ حضرت ''ابن نقور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن

کو ل﷫'' سے روایت کیا کرتے تھے۔ ان کی ولادت ۴۶۷ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۵۵ ہجری میں ہوا۔

(103) مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنُ الْفَضْلِ اَبُوْ بَكْرِ الْبَزَّارِ

نَزَلَ حَلْبَ وَحَدَّثَ بِهَا (عَنْ) اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ وَمُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ وَعَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالَسِيِّ وَجَمَاعَةٍ وَكَانَتْ وَفَاتُهُ بَعْدَ سَنَةِ اَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عباس بن فضل ابوبکر بزار﷫''

یہ حلب کے اندر رہائش پذیر رہے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن اسحاق قاضی﷫'' اور حضرت ''محمد بن عثمان بن ابوشیبہ﷫'' اور حضرت ''علی بن عبدالصمد طیالسی﷫'' اور پوری ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں۔ ان کی وفات تین ۳۴۰ ہجری کے بعد کی ہے۔

(104) مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْخَطَّابِ بْنِ الزَّيَّاتِ بْنِ حَبِيْبِ الْفَقِيْهِ الْحَنَفِيْ بَغْدَادِيْ

اَبُوْ الْعَبَّاسِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهِ فِيْ تَرْجَمَةِ هٰذَا الشَّيْخِ اَخْبَرَنَا الْقَاضِيْ اَبُو الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيْ اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَرْزَمِيْ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْخَطَّابِ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْحِمَانِيْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ الْقَاضِيْ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَالَ حَجَجْتُ مَعْ اَبِيْ سَنَةَ سِتِّ وَّتِسْعِيْنَ فَرَاَيْتُ وَاحِداً مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَزْءِ الزُّبَيْدِيْ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَفَقَّهَ فِي الدِّيْنِ رَزَقَهُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَكَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّهُ وَاَنْشَدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ مِنْ قَوْلِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

شعر

مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِلْمَعَادِ ... فَازَ بَفَضْلِ مِنَ الرَّشَادِ

وَنَالَ حَسَنَاهُ مَنْ آتَاهُ ... لِنَيْلِ فَضْلٍ مِنَ الْعِبَادِ

حضرت ''محمد بن عمر بن حسین بن خطاب بن زیات بن حبیب فقیہ حنفی بغدادی﷫''

ان کی کنیت ''ابوالعباس'' ہے۔ خطیب بغدادی﷫ نے اپنی تاریخ کے اندر اس شیخ کے ترجمہ کے اندر ذکر کیا ہے' ہمیں حضرت ''قاضی ابوالعلاء واسطی﷫'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابوالقاسم علی بن حسین عرزمی﷫'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابوالعباس احمد بن عمر بن حسین بن خطاب﷫'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''جعفر بن علی الحافظ﷫'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''احمد بن محمد حمانی﷫'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں

حضرت ''محمد بن سماعہ قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ ۹۶ ہجری کو حج کیا ہے۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کی زیارت کی ہے، ان کا نام حضرت ''عبداللہ بن جزء زبیدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔ میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو دین کی فقہ حاصل کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا کرتا ہے جہاں سے اس کا وہم و گمان بھی نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ اس کی ضروریات کو پورا کر دیتا ہے''۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے شعر کی صورت میں یہ بات کہی:

جس نے آخرت کے لئے علم حاصل کیا وہ ہدایت کی فضیلت کے ساتھ کامیاب ہو گیا۔ اور جس نے دنیاوی فوائد کی خاطر اسے حاصل کیا، وہ بھی اس کی بھلائی پا لیتا ہے۔

•••••••••••••••••••

(105) مُحَمَّدُبْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةِ بْنِ عُمَرَ بْنِ خَلْفٍ

اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ مَوْلٰى بَنِيْ عَبْسٍ مَرْوَزِيُ الْاَصْلِ سَكَنَ بُخَارٰى قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِمَنَاكِيْرَ وَاَحَادِيْثُ مُعْضَلَةً وَحَدَّثَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيّ وَزِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ وَزَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ وَمَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمَرِ وَعَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ وَابْنِ جُرَيْجٍ وَغَيْرِهِمْ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا ثُمَّ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سُلَيْمَانَ الْحَافِظِ وَتُوُفِّيَ محمدُ بنُ الفضلِ بنِ عَطِيَّةَ بِبُخَارٰى فِيْ سَنَةِ ثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن فضل بن عطیہ بن عمر بن خلف رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔ یہ ''بنی عبس'' کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ مروزی الاصل ہیں بخارا کے اندر رہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے منکر احادیث روایت کی ہیں۔ معدل احادیث روایت کی ہیں، حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''زیاد بن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''محمد بن سوقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عاصم بن بہدلہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے احادیث روایت کی ہیں۔ یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے ترجمہ کے آخر میں حضرت ''محمد بن سلیمان حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ذکر کیا ہے' حضرت ''محمد بن فضل بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۸۰ ہجری میں بخارا میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(106)مُحَمَّدُبْنُ الْقَاسِمِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ الصَّلْتِ الْبَلْخِيُّ اَبُوْ سَعِيْدِ السِّمْسَارِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الْمُهْتَدِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ غُنَيْمِ الْفَرْيَابِیْ وَهَارُوْنَ بْنِ حَاتِمِ الْكُوْفِیْ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الدَّوْرِیُّ

حضرت ''محمد بن قاسم بن اسحاق بن اسماعیل بن صلت بلخی سمسار رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوسعید'' ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر حضرت ''محمود بن مہتدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن غنیم فریابی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہارون بن حاتم کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

(107)مُحَمَّدُبْنُ مُحَمَّدِبْنِ عُثْمَانَ بْنِ عِمْرَانَ اَبُوْ مَنْصُوْرِ الْبُنْدَارُ

وَيُعْرَفُ بِابْنِ السَّوَاقِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا بَكْرِ بْنِ مَالِكٍ الْقَطِيْعِيَّ وَاَبَا مُحَمَّدِ بْنَ مُوْسٰی وَاَحْمَدَ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ وَمَخْلَدَ بْنَ جَعْفَرٍ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنَ اَحْمَدَ الْحَرْبِیَّ وَجَمَاعَةً قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ ثِقَةً قَالَ سَاَلْتُ اِبْنَ السَّوَاقِ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ سَنَةَاِحْدٰی وَسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن محمد بن عثمان بن عمران بندار رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابومنصور'' ہے۔ان کو ''ابن سواق'' کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے: انہوں نے حضرت ''ابوبکر بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد ابن محمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مخلد بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن احمد حربی رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے، یہ ثقہ ہیں۔آپ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابن سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا: ان کی ولادت ۳۶۱ ہجری میں ہوئی ہے اور ان کا انتقال ۴۴۱ ہجری میں ہوا ہے۔

(108)مُحَمَّدُبْنُ مُحَمَّدِبْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَاغَنْدِیْ

اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اَخُوْ اَبُوْ بَكْرِ الْبَاغَنْدِیْ رَوٰی عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَيُّوْبِ الصُّرَيْفِيْنِیْ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان بن حارث بن عبدالرحمٰن باغندی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے یہ حضرت ''ابوبکر باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب صریفینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان سے حضرت ''محمد بن مظفر الحافظ ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث راویت کی ہیں۔

(109) مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَاغَنْدِی

اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ مَشَائِخَ الْعِرَاقِ وَمِصْرَ وَالشَّامِ وَالْكُوْفَةِ وَبَغْدَادِ وَكَانَ كَثِيْرُ الْحَدِيْثِ سَافَرَ اِلَى الْاَمْصَارِ الْبَعِيْدَةِ وَعَنّٰى بِهَا الْعِنَاءَ الْعَظِيْمَ وَاَخَذَ عَنِ الْحُفَّاظِ الْقَدِيْمَةِ فَرَوٰى عَنْهُ الْقَاضِىُ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلِ الْمُحَامِلِىُ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الدَّوْرِىُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ وَخَلْقٌ كَثِيْرٌ قَالَ الْخَطِيْبُ وَبَلَغَنِىْ اَنَّ عَامَةَ مَا كَانَ يُحَدِّثُ عَنْهُ كَانَ يَرْوِىْ مِنْ حِفْظِهٖ وَمَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَىْ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن سلیمان بن حارث بن عبدالرحمٰن باغندی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوبکر'' ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں انہوں نے عراق، مصر، شام، کوفہ اور بغداد کے مشائخ سے سماع کیا ہے، یہ کثیر الحدیث تھے، دور دراز کے شہروں کے سفر کئے اور بڑی مشقتیں اور صعوبتیں برداشت کی ہیں اور پرانے حفاظ سے احادیث لی ہیں، ان سے حضرت ''قاضی حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مخلد دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت ساری مخلوق نے احادیث روایت کی ہیں۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے اکثر طور پر جو یہ حدیث بیان کرتے تھے یہ اپنے حافظے کے بل بوتے پر کیا کرتے تھے، ان کا انتقال ۳۱۲ ہجری میں ہوا۔

(110) مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَزْهَرِىْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِى

مِنْ اَهْلِ الْاَنْبَارِ حَدَّثَ بِبُخَارٰى عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُسَامَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانِ الْبَاغَنْدِىْ وَمُحَمَّدِ بْنِ غَالِبِ تَمْتَامٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَمُحَمَّدِ بْنِ يُوْنَسَ قَالَ الْبُخَارِىُّ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِىْ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْاَوَّلِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ

حضرت ''محمد بن محمد بن ازہری سعید بن ابی موسیٰ اشعری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہل انبار سے ہیں، انہوں نے بخارا کے اندر حضرت ''حارث بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن غالب تمتام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۳۴۱ ہجری کو ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ پہلی، مسند جمع کرنے والے ہیں انہوں نے ان سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احایث ان مسانید میں موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الْاَلِفْ

(111)اِبْرَاهِيم اِبْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

أُمُّهُ مَارِيَةُ الْقِبْطِيَّةُ سَرِيَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أُهْدِيَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

وُلِدَ فِي السَّنَةِ الثَّامِنَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ كَانَ فَتْحَ مَكَّةَ وَفِيْهَا غَزْوَةُ حُنَيْنٍ وَفِيْهَا اِتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْمِنبَرَ وَفِيْهَا تُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتُوُفِّيَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي السَّنَةِ التَّاسِعَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَلَهُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا وَفِيْهَا كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكٍ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ ثَلاثِيْنَ اَلْفاً وَالْاِبِلُ اِثْنَتَىْ عَشَرَ اَلْفاً وَالْخَيْلُ عَشَرَةَ آلافٍ وَفِيْهَا قَدِمَتِ الْوُفُوْدُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفِيْهَا بَعَثَ عَلِياً كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ وَمَعَهُ بَرَاءَةٌ فَقَرَاَهَا عَلَى النَّاسِ وَحَجَّ بِالنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْعَامِ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''ابراہیم بن رسول اللہ (رضی اللہ عنہ، صلی اللہ علیہ وسلم)

ان کی والدہ سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی لونڈی تھیں۔ یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفہ میں ملی تھیں، حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ ۸ ہجری میں پیدا ہوئے، اُسی سال فتح مکہ ہوا، اُسی سال میں غزوۂ حنین ہوا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسی سال منبر بنوایا، اُسی سال میں سیدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا۔ حضرت ابرہیم بن رسول اللہ رضی اللہ عنہ ۹ ہجری میں فوت ہوئے۔ اس وقت ان کی عمر ۱۸ ماہ تھی۔ اُسی سال میں غزوۂ تبوک ہوا۔ اس میں مسلمانوں کی تعداد تیس ہزار تھی، اونٹ بارہ ہزار اور گھوڑے دس ہزار تھے۔ اُسی سال میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں وفد آئے، اُسی سال حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اعلانِ برأت کے لئے بھیجا گیا تھا، انہوں نے وہ اعلان جا کر لوگوں میں کیا۔ اُسی سال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ لوگوں کے ساتھ حج پر گئے تھے۔

حضرت ''ابراہیم بن نعیم بن نحام رحمۃ اللہ علیہ''

یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں۔ان کا ذکران مسانید میں بــاب التــدبیــر کے اندر ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' یہ حرہ کی لڑائی میں شہید ہوئے۔

---

(113) اِبْرَاهِيم بْنُ قَيْسِ الْكِنْدِىْ

اَخُوْ الْاَشْعَثِ بْنُ قَيْسِ الْكِنْدِىْ مَعْرُوْفٌ لَهٗ صُحْبَةٌ قَالَ الْبُخَارِىُّ مَاتَ وَقْتَ بَايَعَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ''ابراہیم بن قیس الکندی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''اشعث بن قیس کندی'' کے بھائی ہیں۔یہ معروف ہیں،صحابی رسول ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ان کا اس وقت انتقال ہوا تھا جب انہوں نے حضرت ''حسین بن علی ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کی بیعت کر لی تھی۔

---

(114) اِبْرَاهِيم بْنُ يَزِيْدِ بْنِ عَمْرِو

كُنِيَّتُهٗ اَبُوْ عِمْرَانَ الْعَوْفِىْ النَّخْعِىْ قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَلْقَمَةَ وَمَسْرُوْقاً وَالْاَسْوَدَ قَالَ الْبُخَارِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِىْ اَبَا يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْنِ عَوْنٍ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ وَقَيْسٌ وَالشَّعْبِىُّ لاَ يَتَّبِعُوْنَ يَعْنِىْ اللَّفْظَ وَكَانَ قَاسِمٌ وَمُحَمَّدٌ وَرَجَاءُ بْنُ حَيْوَةَ يَتَّبِعُوْنَ مَا يَسْمَعُوْنَ رَوَى الْبُخَارِىْ بَاِسْنَادِهٖ هٰذَا عَنِ النَّخْعِىِّ دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا فَرَاٰى عَلَيْهَا ثَوْباً اَحْمَرَ فَقَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ كَيْفَ يَدْخُلُ عَلَيْهَا قَالَ كَانَ يَحُجُّ مَعَ عَمِّهٖ وَخَالِهٖ وَكَانَ يَدْخُلُ مَعَهُمَا قَالَ الْبُخَارِىُّ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ النَّخْعِىْ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ قَالَ وَقَالَ الْاَعْمَشُ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ وَهُوَ اِبْنُ خَمْسِيْنَ سَنَةً وَاَنَا يَوْمَئِذٍ اِبْنُ خَمْسٍ وَثَلاَثِيْنَ سَنَةً قَالَ الْبُخَارِىُّ مَاتَ وَهُوَ مُخْتَفٍ مِنَ الْحَجَّاجِ وَدُفِنَ لَيْلاً وَقَالَ الشَّعْبِىْ مَاتَ رَجُلٌ مَا تَرَكَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ لاَ بِالْكُوْفَةِ وَلاَ بِالْبَصْرَةِ وَلاَ بِالْمَدِيْنَةِ وَلاَ بِمَكَّةَ وَلَا بِالشَّامِ

حضرت ''ابراہیم بن یزید بن عمروان رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعمران'' ہے،یہ عوجی ہیں،نخعی ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بھی رمایا ہے' مجھے محمد یعنی حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بات بتائی ہے' وہ فرماتے ہیں' ہمیں حضرت ''محمد بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' وہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے،حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' کا بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''

قیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ پیروی نہیں کرتے تھے یعنی لفظ کی اور حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''رجاء بن حیوۃ رحمۃ اللہ علیہ'' یہ جو سنتے تھے اس کی پیروی کرتے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' حضرت ''امام نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں آئے، انہوں نے ان کو سرخ رنگ کا کپڑا اوڑھے ہوئے دیکھا، آپ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: حضرت ''امام نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ام المؤمنین کے پاس گئے کیسے؟ انہوں نے فرمایا: وہ اپنے چچا اور اپنے ماموں کے ہمراہ حج کے لئے گئے تھے اور وہ ان دونوں کے ہمراہ ان کے پاس گئے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''امام نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۹۶ ہجری میں ہوا۔ آپ فرماتے ہیں' حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا جب انتقال ہوا تو ان کی عمر ۵۰ برس تھی، میں ان دنوں ۳۵ سال کا تھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہ حجاج سے روپوش رہے اور اسی حالت میں ان کا انتقال ہو گیا اور ان کی تدفین بھی رات کے وقت کی گئی۔ حضرت ''امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہ شخص فوت ہو گیا تو ان کے بعد ان جیسا کوئی شخص نہ کوفہ میں تھا، نہ بصرہ میں، نہ مدینہ میں، نہ مکہ میں اور نہ ہی شام میں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ مِنَ التَّابِعِیْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے

{115} اِبْرَاهِیْم بْنُ الْمُنْتَشِرِ بْنِ الْاَجْدَعِ ابْنِ اَخِیْ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَع

سَمِعَ اَبَاهُ کَذَا ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ مِنْهُ شُعْبَةُ وَسُفْیَانُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَاَکْثَرَ عَنْهُ الرِّوَایَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ابراہیم بن منتشر بن اجدع ابن اخی مسروق بن اجدع رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا اور فرمایا ہے' ان سے حضرت ''امام شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے سماع کیا ہے اور ان مسانید میں ان کی اکثر روایات موجود ہیں۔

(116)اِبْرَاهِيم بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلِ السكسكی

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْل الْبُخَارِىْ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ اَوْفٰى وَاَبَا بُرْدَةَ رَوٰى عَنْهُ مِسْعَرٌ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادَ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن اسماعیل ابواسماعیل سکسکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(117)اِبْرَاهِيم بْنُ مُسْلِمِ الْهَجَرِىْ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ اَبِىْ اَوْفٰى وَاَبَا الْاَحْوَصِ قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ كَانَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ يُضَعِّفُهٗ وَنَسَبَهٗ عَلِىُّ بْنُ مِسْهَرِ الْكُوْفِىْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن مسلم ہجری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن ابی اوفیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوالاحوص رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ضعیف قرار دیا کرتے تھے اور ان کا نسب حضرت ''علی بن مسہر کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے مروی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(118)اِبْرَاهِيم بْنُ مُهَاجِرِ الْبَجَلي الْكُوْفِىْ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ طَارِقَ بْنَ شَهَابٍ وَمُجَاهِداً رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِىُّ وَشُعْبَةُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن مہاجر بجلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''طارق بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(119)اِسْمَاعِيْل بْنُ مُسْلِمِ الْمَكِّي

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحَسَنَ وَالزُّهْرِيَّ وَرَوٰى عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارِكِ ثُمَّ تَرَكَهٗ وَكَذَا تَرَكَهُ اِبْنُ الْمَهْدِيْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْحَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حضرت اسماعیل بن مسلم مکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور پھران کو چھوڑ دیا ہے۔ اسی طرح حضرت ''ابن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی ان کو چھوڑ دیا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے مروی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(120)اِسْمَاعِيْل بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمَكِّيْ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَهُوَ اِبْنُ اَخِيْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رَفِيْعٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اِبْنُ شَيْبَةَ بْنِ يَزِيْدِ بْنِ حَبِيْبٍ سَمِعَ عَطَاءً وَسَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَاَبَا الزُّبَيْرِ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَوَكِيْعٌ وَيَحْيٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسماعیل بن عبدالملک المکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''عبدالعزیز بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھتیجے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابن شیبہ بن یزید بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' جو ہیں، انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

----

(121)اِسْمَاعِیْل بْنُ رَبِیْعَةِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ الْاُمَوِی

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ الْقَرَشِیُّ الْمَکِّیُّ الْاُمَوِیُّ سَمِعَ نَافِعاً وَالزُّهْرِیَّ وَسَعِیْدَ الْمَقْبَرِیَّ رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَابْنُ عُیَیْنَةَ وَیَحْیٰی بْنُ سُلَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَثَلَاثِیْنَ وَمِائَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن ربیعہ بن عمرو بن سعید بن العاص اموی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ قرشی، مکی، اموی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''یحییٰ بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۱۳۹ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

----

(122)اِسْمَاعِیْل بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ اِسْمُ اَبِیْ خَالِدٍ سَعِیْدُ الْبَجَلِیُّ اَلْکُوْفِیُّ سَمِعَ اِبْنَ اَبِیْ اَوْفٰی وَعَمْرِو بْنِ حُرَیْثٍ وَرَاٰی اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوخالد کا نام سعید بن بجلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت بھی کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

----

(123)اَیُّوْب بْنُ اَبِیْ تَمِیْمَةَ اَبُوْ بَکْرٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اِسْمُ اَبِیْ تَمِیْمَةَ کَیْسَانُ السُّخْتِیَانِی اَلْبَصَرِیُّ رَاٰی اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَسَعِیْدَ بْنَ

جُبَیْرٍ وَجَابِرَ بْنَ مَرْثَدٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ یُقَالُ هُوَ مَوْلٰی الْمُغِیْرَةِ وَیُقَالُ مَوْلٰی جُهَیْنَةَ قَالَ اَیُّوْبُ السُّخْتِیَانِیُّ فِیْ بَنِی الْحُرَیْشِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ زُهَّادِ التَّابِعِیْنِ الْكِبَارِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''ایوب ابن ابی تمیمہ ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ابوتمیمہ کا نام ''کیسان'' ہے یہ سختیانی، بصری ہیں۔انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر بن مرثد رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے۔

حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں اور ایک قول کے مطابق یہ جہینہ کے آزاد کردہ ہیں۔حضرت ''ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو بنی حریش کے اندر ذکر کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ عبادت گزار، کبار تابعین میں سے ہیں ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(124)اَیُّوْب بْنُ عُتْبَةَ

وَاخْتَلَفُوْا فِیْ اِسْمِ اَبِیْهِ فَقَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَیُّوْبُ بْنُ عُتْبَةَ اَبُوْ یَحْیٰی قَاضِی الْیَمَامَةِ وَقَالَ غَیْرُهٗ مِنَ الْحُفَّاظِ اَیُّوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثُمَّ قَالَ الْبُخَارِیُّ یَرْوِیْ عَنْ اَیُّوْبِ بْنِ اَبِیْ كَثِیْرٍ وَقَیْسُ بْنِ طَلْقٍ ضَعِیْفٌ عِنْدَهُمْ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ اَحَدُ فُقَهَاءِ التَّابِعِیْنَ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ایوب بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''ایوب بن عتبہ ابو یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' یمامہ کے قاضی تھے، دیگر حفاظ الحدیث نے کہا ہے' یہ حضرت ''ایوب بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ حضرت ''ایوب بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قیس بن طلق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان کے نزدیک یہ ضعیف ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ فقہاء تابعین میں سے ہیں، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(125)اَیُّوْب بْنُ عَائِذِ الطَّائِیْ

مِنْ مُحَدِّثِی التَّابِعِیْنَ لَمْ یَذْكُرْهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَذَكَرَهٗ غَیْرُهٗ وَوَثَّقَهٗ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ

هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ایوب بن عائذ الطائی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین محدثین میں سے ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر نہیں کیا ہے۔اور دیگر حفاظ الحدیث نے ان کا ذکر کیا ہے اوران کو ثقہ قرار دیا ہے۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(126)اِسْحَاق بْنُ سُلَيْمَانِ الرَّازِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانِ الْغَنَوِیُّ اَوِ الْعَبْدِیُّ اَبُوْ يَحْيٰی الرَّازِیُّ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ سِنَانٍ ثِقَةٌ لَهٗ فَضْلٌ فِیْ نَفْسِهٖ

حضرت ''اسحاق بن سلیمان رازی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''اسحاق بن سلیمان غنوی یا عبدی ابو یحییٰ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سعید بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، یہ ثقہ ہیں اوران کی ذات کے اندران کی بہت فضیلت ہے

•••••••••••••••••••

فَصْلٌ فِیْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر ہے

(127)اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِیُّ

يُعْرَفُ بِكُنْيَتِهٖ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ كَانَ يَسْكُنُ الشَّامَ سَمِعَ الْاَوْزَاعِیَّ وَالثَّوْرِیَّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰی عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ الْاِمَامِ الشَّافِعِیِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَرْوِیْ عَنْهُ الْكَثِيْرُ فِیْ مُسْنَدِهٖ وَيَذْكُرُ بِاِسْمِهٖ دُوْنَ كُنْيَتِهٖ

حضرت ''ابراہیم بن محمد ابواسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اپنی کنیت سے پہچانے جاتے ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۱۸۶ ہجری میں ہوا، یہ شام میں رہا کرتے تھے،انہوں نے حضرت ''امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں، حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ان کی بہت ساری روایات درج کی ہیں، وہ ان کے نام سے ان کا ذکر کرتے ہیں کنیت سے نہیں۔

(128) اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْمُوْنَ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْخُرَاسَانِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ يَرْوِىْ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ وَاَبِىْ اِسْحَاقٍ وَاَبِى الزُّبَيْرِ وَنَافِعٍ رَوٰى عَنْهُ دَاوُدُ بْنُ اَبِى الْفَرَاتِ وَحَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْكِرْمَانِيُّ وَاَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الصَّائِغِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَخْرُجَ اِلَى السُّوْقِ نَظَرَ فِيَّ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَتَلَهُ اَبُوْ مُسْلِمٍ وَيُقَالُ اِنَّهُ قُتِلَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن میمون ابواسحاق خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' یہ حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، اور حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے حضرت ''داؤد بن ابی فرات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسان بن ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحمزہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم صائغ نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' وہ جب بازار کی طرف جانے کا ارادہ کرتے تو مجھے دیکھتے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں، ابومسلم نے ان کو قتل کیا اور کہا جاتا ہے' یہ ۱۳۱ ہجری میں شہید ہوئے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیوخ ہیں۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(129) اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طُهْمَانَ الْخُرَاسَانِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الزُّبَيْرِ وَاَبَا اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيَّ سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ وَابْنُ الْمُبَارِكِ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ يَرْوِىْ كَثِيْرًا عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهٖ

الْمَسَانِيْدِ

(وَذَكَرَ) الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهِ اَنَّهُ وُلِدَ بِهِرَاةَ وَنَشَا بِنَيْسَابُوْرَ وَسَافَرَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ ثُمَّ اسْتَوْطَنَ مَكَّةَ وَقَالَ فِيْ آخِرِ تَرْجَمَتِهِ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَرْجَمَتِهِ لَقِيَ جَمَاعَةً مِنَ التَّابِعِيْنَ وَاَخَذَ عَنْهُمْ مِثْلَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ وَاَبِي الزُّبَيْرِ وَعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَاَبِيْ حَازِمِ الْاَعْرَجِ وَعَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ وَيَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ وَسَمَاكِ بْنِ حَرْبٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَرَشِيِّ وَثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ وَمُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ قَالَ وَاَخَذَ عَنْ خَلْقٍ كَثِيْرٍ

حضرت ''ابراہیم بن طہمان خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوعامر عقدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے اپنی جلالت قدر کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری راویات نقل کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ''ہراۃ'' میں پیدا ہوئے، نیشاپور میں پرورش پائی، اور طلب علم میں سفر کئے پھر مکہ کے اندر رہائش پذیر رہے اور ان کے حالات زندگی کے آخر میں لکھا' ان کا انتقال ۱۶۳ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے حالات زندگی میں یہ بھی ذکر کیا ہے کہ تابعین کی پوری ایک جماعت سے ملے ہیں اور ان سے اکتساب فیض کیا ہے۔ مثلاً حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحازم اعرج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زیاد قرشی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اس کے علاوہ بھی بہت سارے لوگوں سے انہوں نے اکتساب فیض کیا ہے۔

....

(130) اِبْرَاهِيْم بْنُ اَيُّوْبَ الطِّبْرِی

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهِ حَدَّثَ بِبَغْدَادَ ثُمَّ رَوَى الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَحْمَدَ الطِّبْرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَيُّوْبَ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن ایوب طبری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے بغداد میں درس حدیث دیا۔ پھر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''سلیمان بن احمد طبری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابراہیم بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت بیان کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(131) اِبْرَاھِیْم الْجَرَّاح

قَالُوْا ھُوَ قَاضِیْ مِصْرَ اَخُوْ وَکِیْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ صَاحِبُ سُفْیَانَ وَاَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَکَانَ مُخْتَصًّا بِاَبِیْ یُوْسُفَ الْقَاضِیْ فَوَلَّاہُ قَضَاءَ مِصْرَ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَھُوَ یَرْوِیْ کَثِیْرًا عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ وَیَرْوِیْ کَثِیْرًا عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ابراہیم الجراح رحمۃ اللہ علیہ''

جعفر غندر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو معاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ ان سے بھی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے، ان کا انتقال ۲۴۱ ہجری میں ہوا، ان کی عمر ۰ ۷ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں اور ان کی یہ مرویات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(175) اَحْمَد بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الْبَزَّارُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ النَّقُّوْرِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الْقَاسِمِ بْنِ حَنَّانَةَ وَعَلِيَّ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَعَلِيَّ بْنَ عُمَر الْحَرَبِيَّ وَاَبَا طَاهِرٍ الْمُخْلَصِ

(قَالَ) الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَسَاَلْتُ اِبْنَ النَّقُّوْرِ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ جُمَادَى الْاُوْلٰى سَنَةَ اِحْدَى وَثَمَانِيْنَ وَمَاتَ فِيْ رَجَبَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''امام احمد بن عبداللہ بن احمد ابوالحسین بزار المعروف ابن نقور رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو القاسم بن حنانہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عمر حربی ابوطاہر مخلص رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے اور میں نے حضرت ''ابن نقور رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ۸۱ ہجری ماہِ جمادی الاولیٰ میں۔ ان کا انتقال چار ۴۷۷ ہجری میں ہوا۔

(176) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ غَالِبٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْخَوَارَزِمِيُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْبُرْقَانِيْ

بَالَغَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَزْكِيَتِهٖ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ وَقَالَ لَمْ نَرَ فِيْ شُيُوْخِنَا اَتْقَنَ مِنْهُ حَافِظاً لِلْقُرْآن عَارِفاً بِالْفِقْهِ وَسَاَلْتُ الْاَزْهَرِيَّ هَلْ رَاَيْتَ فِي الشُّيُوْخِ اَتْقَنَ مِنَ الْبُرْقَانِيْ فَقَالَ لَا فَقَالَ سَمِعَ الْبُرْقَانِيْ بِبَلِدِهٖ يَعْنِيْ خَوَارِزِمَ عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ بْنِ حَمْدَانِ النَّيْسَابُوْرِيْ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الْحَسَّانِيْ وَاَحْمَدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ حَبَّابِ الْخَوَارِزِمِيِّيْنَ وَوَرَدَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ الْقَاسِمِ الْبُنْدَارَ وَاَبَا عَلِيِّ بْنِ الصَّوَّافِ وَجَمَاعَةٍ قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ وُلِدْتُّ فِيْ آخِرِ سَنَةِ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ يَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ اَوَّلَ يَوْمٍ مِنْ رَجَبَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''امام احمد بن محمد بن احمد بن غالب ابوبکر خوارزمی المعروف برقانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی تعریف وثناء میں بہت مبالغہ کیا ہے اور کہا ہے، ہم نے اپنے شیوخ میں ان سے زیادہ حافظے والا ان سے زیادہ قرآن کا حافظ اور فقہ کا عارف نہیں دیکھا۔

میں نے حضرت ''ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: کیا آپ نے حضرت ''برقانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ مضبوط حافظے والا کوئی شیخ دیکھا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے کہا: انہوں نے اپنے شہر یعنی خوارزم میں حضرت ''برقانی ابوالعباس بن حمدان نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن علی حسانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ابراہیم بن حباب خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ یہ بغداد آئے اور حضرت ''محمد بن جعفر بن قاسم بندار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن صواف رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میری پیدائش ۳۳۶ ہجری کے آواخر میں ہوئی اور ان کا انتقال بدھ کے دن یکم رجب المرجب چار ۴۲۵ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(177) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ دَوْسَتٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّار

وَيُقَالُ الْعَلَّافُ قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ جَعْفَر الطِّبْرِیُ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ الْقَطَّانِ وَاَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ سَعْدِ الدَّوْرِیُ وَجَمَاعَةٍ وَكَانَ مُكْثِرًا مِنَ الْحَدِيْثِ كَتَبَ عَنْهُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ الْخَلالِ وَالْحَسَنِ بْنِ طَاهِرِ الدَّقَاقِ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْاَزْهَرِیُ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ الْاَشْنَانِیْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اِبْنَ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ يَقُوْلُ وُلِدتُّ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن یوسف بن محمد بن دوست ابوعبداللہ البزار رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق ان کا نام ''علاف'' ہے۔ خطیب کہتے ہیں: انہوں نے حضرت ''محمد بن جعفر طبری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عبداللہ بن عباس قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن ابوسعد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے روایت کی ہے۔ یہ بہت زیادہ احادیث روایت کرنے والوں میں ہیں۔ ان سے حضرت ''حسن بن محمد بن خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن طاہر دقاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقاسم ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کتابت حدیث کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''محمد بن احمد اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' کو، وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: میری پیدائش ۳۲۳ ہجری میں ہوئی، ان کا انتقال ۴۰۷ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(178) اَحْمَدُ الْخَطِیْب بْنُ عَلِیِّ بْنِ ثَابِتِ بْنِ اَحْمَدِ بْنِ مَهْدِیْ الْخَطِیْبِ اَبُوْ بَكْرِ الْحَافِظِ صَاحِبُ تَارِیْخِ بُخَارِیْ وَبَغْدَادَ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ وُلِدَ بِقَرِیَةٍ مِنْ اَعْمَالِ نَهْرِ الْمَلِكِ بِهَنِیْقِیَّا وَكَانَ اَبُوْهُ یَخْطُبُ بِدَرْبِ رَیْحَانَ وَنَشَأَ هُوَ بِبَغْدَادَ وَسَمِعَ بِهَا مِنْ شُیُوْخِهَا وَرَحَلَ اِلَى الْبَصْرَةِ - وَسَمِعَ بِهَا وَرَحَلَ اِلٰى خُرَاسَانَ - وَسَمِعَ بِهَا مِنْ اَصْحَابِ ابْنِ الْاَصَمِّ وَسَمِعَ بِالْعِرَاقِ - ثُمَّ عَادَ اِلٰى بَغْدَادَ وَسَمِعَ مِنْ شُیُوْخِهِ الْبَاقِیْنَ بِهَا - ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الشَّامِ وَكَانَ یَتَرَدَّدُ صَوْبَ دِمَشْقَ وَبَیْتَ الْمَقْدَسِ ثُمَّ عَادَ اِلٰى بَغْدَادَ فِیْ آخِرِ عُمُرِهٖ وَاَقَامَ بِهَا اِلٰى آخِرِ عُمُرِهٖ وَحَدَّثَ بِهَا بِالتَّارِیْخِ وَغَیْرِ ذٰلِكَ مِنْ مُصَنَّفَاتِهٖ قَالَ ابْنُ النَّجَّارِ لَهٗ سِتٌّ وَخَمْسُوْنَ مُصَنَّفاً مِنْهَا تَارِیْخُ بَغْدَادَ مِائَةٌ وَسِتَّةُ اَجْزَاءَ قَالَ ابْنُ النَّجَّارِ قَالَ الْقَزَّازُ قَالَ لَنَا الْخَطِیْبُ وُلِدتُّ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ فِیْ ذِی الْحَجَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّسِتِّیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد خطیب بن علی بن ثابت بن احمد بن مہدی خطیب ابوبکر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تاریخ بخاری اور تاریخ بغداد کے مصنف ہیں۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' نہر الملک کے اعمال کی ایک بستی ہے، جس کا نام ''ہنیقیا'' ہے، وہاں پیدا ہوئے، ان کے والد درب ریحان میں خطیب تھے، انہوں نے بغداد کے اندر پرورش پائی اور وہاں پر اپنے شیوخ سے سماع کیا، پھر بصرہ چلے گئے، وہاں پر سماع کیا، پھر خراسان چلے گئے اور وہاں پر حضرت ''ابن اصم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے سماع کیا، پھر عراق چلے گئے اور پھر بغداد لوٹ کر آ گئے، جو شیوخ وہاں پر باقی رہ گئے تھے، ان سے سماع کیا، پھر شام کی طرف چلے گئے اور یہ دمشق اور بیت المقدس میں آتے جاتے رہتے تھے۔ اپنی آخری عمر میں بغداد میں آ گئے اور آخری عمر تک وہیں پر ٹھہرے رہے۔ وہاں پر تاریخ بیان کی اور اس کے علاوہ دیگر مصنفات کا درس دیا۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کی ۵۶ تصنیفات ہیں ان میں تاریخ بغداد ہے اس کی ۱۰۶ جلدیں ہیں۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: قزاز نے کہا ہے' ہمیں خطیب نے بتایا ہے کہ میں ۳۹۲ ہجری میں پیدا ہوا اور ان کا انتقال ۴۶۳ ہجری ماہِ ذی الحج میں ہوا۔

(179) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بنِ الصَّلْتِ بنِ الْمُغَلِّسِ الْحِمَّانِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْ ثَابِتِ ابْنِ مُحَمَّدٍ الزَّاهِدِ وَاَبِیْ نُعَیْمٍ الْفَضْلِ بْنِ دُكَیْنٍ وَعَفَّانَ بْنِ مُسْلِمٍ وَجَمَاعَةٍ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ عَمْرِو بْنُ السَّمَّاكِ وَاَبُوْ عَلِیِّ بْنُ الصَّوَّافِ وَاَبُوْ الْفَتْحِ بْنُ مُحَمَّدٍ وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِیْبُ وَبَعْضُ النَّاسِ یَقُوْلُوْنَ اَحْمَدُ بْنُ الصَّلْتِ یَضَعُ الْاَحَادِیْثَ قَالَ الْخَطِیْبُ تُوُفِّیَ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت'' ثابت بن محمد زاہد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت''ابوعمرو بن سماک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابوعلی بن صواف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابوفتح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: کچھ لوگ کہتے ہیں' احمد بن صلت احادیث گھڑا کرتا تھا۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۸۰ ہجری میں ہوا۔

----

(180)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ بِشْرِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ بْنِ جَعْفَرٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْمُقْرِئُ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ مَرْوَزِيُّ الْاَصْلِ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدٍبْنِ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِىْ

حضرت ''احمد بن محمد بن بشر بن علی بن محمد بن جعفر ابوبکر مقری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ بھی اصل کے لحاظ سے مروزی ہیں، انہوں نے حضرت'' محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

----

(181)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍبْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَجْلَانَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الْكُوْفِيْ الْهَمْدَانِيْ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عُقْدَةَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ جَدُّهٗ عَجْلَانَ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيْ وَقَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْفَضْلِ الْفَتُوْرِىْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الْغَنِيِّ الْحَافِظِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْوَزِيْرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الدَّارَقُطْنِيْ يَقُوْلُ اَجْمَعَ اَهْلُ الْكُوْفَةِ اَنَّهٗ لَمْ يَرَ مِنْ زَمَنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اِلَى زَمَنِ اَبِى الْعَبَّاسِ بْنِ عُقْدَةَ اَحْفَظَ مِنْهُ وَقَالَ عَنِ الدَّارِقُطْنِيْ اَيْضاً كَانَ اِبْنُ عُقْدَةَ يَعْلَمُ مَا عِنْدَ النَّاسِ وَلا يَعْلَمُ النَّاسُ مَا عِنْدَهٗ قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعْتُ اَبَا الطَّيِّبِ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ هَرْثَمَةَ يَقُوْلُ كُنَّا بِحَضْرَةِ اَبِىْ الْعَبَّاسِ بْنِ عُقْدَةَ وَبِجَنْبِهٖ هَاشِمِيٌّ وَعِنْدَهٗ حُفَّاظُ الْحَدِيْثِ قَالَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَنَا اُحَدِّثُكُمْ ثَلاثَ مِائَةِ اَلْفِ حَدِيْثٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِ هٰذَا دُوْنَ غَيْرِهِمْ وَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى ظَهْرِ الْهَاشِمِيْ قَالَ الْخَطِيْبُ وَرَدَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ بِهَا مِنْ جَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ ثُمَّ قَدِمَ فِيْ آخِرِ عُمْرِهٖ وَحَدَّثَ عَنْ قُدَمَاءِ الْمَشَايِخِ وَسَمَّاهُمْ وَرَوٰى عَنْهُ الْحُفَّاظُ الْاَكَابِرُ كَاَبِىْ بَكْرِ الْجُرْجَانِيْ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِىْ الْجُرْجَانِىْ وَاَبِىْ الْقَاسِمِ الطِّبْرَانِىْ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ وَاَبِىْ الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِيْ وَاَبِىْ جَعْفَرٍ بْنِ شَاهِيْنَ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ

قَالَ الْخَطِيْبُ اِبْنُ عُقْدَةَ لَقَبُ اَبِى الْعَبَّاسِ لُقِبَ بِذٰلِكَ لِتَعْقِيْدِهٖ بَيْنَ الصَّرْفِ وَالنَّحْوِ وَكَانَ يُعَلِّمُ الْقُرْآنَ وَالْاَدَبَ فِى الْكُوْفَةِ وَقَالَ كَانَ الْحُفَّاظُ اِذَا تَذَاكَرُوا الْحَدِيْثَ شَرَطُوْا اَنْ لَا يَخْرُجُوْا مِنْ اَحَادِيْثِ اَبِى الْعَبَّاسِ بْنِ عُقْدَةَ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ اَبُو الْعَبَّاسِ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَدَارُ اَكْثَرِ اَحَادِيْثِ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ عَلٰى اَبِى الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيِّ الْكُوْفِيِّ اِبْنِ عُقْدَةَ الْحَافِظِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن سعید بن عبدالرحمٰن بن ابراہیم بن زیاد بن عبداللہ بن عجلان ابن عقدہ ﷫''

ان کی کنیت ''ابوعقدہ'' ہے۔خطیب بغدادی ﷫ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کے دادا عجلان جو کہ عبدالرحمٰن بن سعید ہمدانی کے آزاد کردہ ہیں ۔خطیب بغدادی ﷫ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد بن فضل فتوری ﷫'' کو سنا ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''عبدالغنی الحافظ ﷫'' کو بیان کرتے سنا ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''وزیر ﷫'' کو سنا، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''دارقطنی ﷫'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، وہ کہتے ہیں' اہل کوفہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود ﷛'' کے زمانے سے لے کر حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ ﷫'' کے زمانے تک ان سے زیادہ حافظے والا کوئی شخص نہیں ہے اور حضرت ''دارقطنی ﷫'' کے حوالے سے بھی یہ بات موجود ہے کہ حضرت ''ابن عقدہ ﷫'' وہ سب جانتے ہیں جو لوگوں کے پاس موجود ہے ۔لیکن لوگ وہ سب نہیں جانتے جو حضرت ''ابن عقدہ ﷫'' کے پاس موجود ہے۔

خطیب بغدادی ﷫ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابوطیب احمد بن حسن بن ہرثمہ ﷫'' کو یہ کہتے سنا ہے' وہ کہتے ہیں' ہم حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ ﷫'' کے پاس موجود تھے اور ان کے پاس ایک ہاشمی موجود تھے، اور ان کے پاس حفاظ الحدیث موجود تھے، حضرت ''ابوالعباس ﷫'' نے اس ہاشمی کی پشت تھپکاتے ہوئے کہا: میں تمہیں اس گھر والوں کے حوالے سے تین لاکھ حدیثیں سنا سکتا ہوں جو کسی اور گھر والوں کی نہیں ہیں۔

خطیب بغدادی ﷫ کہتے ہیں: یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا۔خطیب بغدادی ﷫ نے ان کے نام بھی ذکر کئے ہیں ۔پھر اپنی آخری عمر میں واپس آ گئے اور اپنے قدیم مشائخ سے حدیث بیان کی ہے اور خطیب بغدادی ﷫ نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے ۔ان سے بڑے بڑے حفاظ نے روایت حدیث کی ہے مثلاً حضرت ''ابوبکر جرجانی ﷫''، حضرت ''عبداللہ بن عدی جرجانی ﷫''، حضرت ''ابوالقاسم طبرانی ﷫''، حضرت ''محمد بن مظفر ﷫''، حضرت ''ابوالحسن دارقطنی ﷫''، حضرت ''ابوجعفر بن شاہین ﷫'' اور پوری ایک جماعت ہے جن کا نام خطیب بغدادی ﷫ نے ذکر کیا ہے۔

خطیب بغدادی ﷫ کہتے ہیں' عقدہ حضرت ''ابوالعباس ﷫'' کے والد کا لقب ہے ۔ان کا یہ لقب اس لئے پڑا کہ انہوں نے صرف اور نحو میں گرہ لگا دی تھی، یہ کوفہ میں قرآن اور ادب کی تعلیم دیا کرتے تھے ۔اور انہوں نے یہ فرمایا ہے' حفاظ جب حدیث کا آپس میں مباحثہ کرتے تو یہ شرط رکھ لیتے تھے کہ حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ ﷫'' کی حدیثوں سے باہر نہیں نکلیں گے ۔خطیب

بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حضرت ''ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۳۲ ہجری میں ہوا اور ان کی پیدائش ۲۴۰ ہجری کی ہے۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید کی اکثر احادیث کا مدار حضرت ''ابوالعباس احمد بن محمد بن سعید ہمدانی کوفی ابن عقدہ الحافظ رحمۃ اللہ علیہ'' پر ہے۔

•••••••••••••••••••••

(182) اَحْمَد بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ بْنِ اِبْرَاهِيمِ اَبُو الْفَضْلِ الْبَاقِلانِیْ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْكَثِيْرَ بِنَفْسِهٖ ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اَبَا عَلِيٍّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَشْرَانَ وَاَبَا بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ غَالِبِ الْخَوَارَزِمِی الْبُرْقَانِیْ وَبِشْرَبْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الرُّوْمِیْ وَاَبَا عَمْرِو عُثْمَانَ بْنَ مُحَمَّدٍ بْنِ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ وَخَلَقاً وَرَوٰی عَنْهُ الْحَافِظُ اَبُوْ بَكْرِ الْخَطِيْبُ وَهُوَ اَسَنُّ مِنْهُ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْاَنْصَارِیْ وَاَبُو الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیُّ وَاِسْمَاعِيْلُ ابْنُ اَبِیْ سَعِيْدِ الصُّوْفِیُّ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِیُّ وَابْنُ اَخِيْهِ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ خَيْرُوْنَ وَقَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ قَرَاْتُ بِخَطِّ اَبِی الْفَضْلِ بْنِ خَيْرُوْنَ قَالَ وُلِدْتُ فِیْ جُمَادَی الْاٰخِرَةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ فِیْ سَنَةِ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ فِیْ رَجَبَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن حسن بن خیرون بن ابراہیم ابوالفضل باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے بہت سارے محدثین کو بذاتِ خود سنا ہے پھر فرمایا: انہوں نے حضرت ''ابوعلی الحسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن غالب خوارزمی برقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن عبداللہ رومی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعمرو عثمان بن محمد بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''حافظ ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ ان سے بڑے ہیں، انہوں) نے روایت کی ہے، حضرت ''محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن ابی سعید صوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بھتیجے حضرت ''ابومنصور محمد بن عبدالملک بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' کی تحریر میں پڑھا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں چار ۴۰۶ ہجری جمادی الاخری میں پیدا ہوا، ان کا انتقال ماہِ رجب ۴۸۸ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••••

(183) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْقَصَرِیْ

ذَكَرَهُ اِبْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ وَكَنَّاهُ اَبَا الْحُسَيْنِ وَقَالَ اَنَّهٗ مِنْ شُيُوْخِ اَبِیْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانِ قَالَ

ذَكَرَهُ فِي مُعْجَمِ شُيُوخِهِ وَذَكَرَهُ الْخَطِيبُ فِي تَارِيخِهِ فَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ الْبَتِّيِّ مِنْ اَهْلِ قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَةَ ثُمَّ قَالَ وَكَانَ صَدُوقاً حَدَّثَنِي اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَلِيٍّ وَرَوٰى عَنْهُ لَنَا مُسْنَداً

حضرت ''احمد بن محمد بن علی قصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے'ان کی کنیت ''ابوالحسین'' ہےاور کہا ہے'یہ حضرت ''ابوبکر احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔انہوں نے کہا ہے'انہوں نے اپنے شیوخ کے معجم میں ان کا ذکر کیا ہے۔اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہےاور کہا ہے'حضرت ''احمد بن محمد بن علی بن حسن المعروف ابن البتی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ اہل قصرابن ہبیرہ میں سے ہیں۔ پھر کہا ہے'یہ صدوق تھے۔، مجھے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور انہوں نے ہمارے لئے ان کے حوالے سے مسنداحادیث بھی روایت کی ہیں۔

•••••••••••••••••••••

(184)اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سُرَيْجٍ الْفَقِيْهُ الشَّافِعِيُّ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الْقَاضِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اِمَامُ صَاحِبِ الشَّافِعِيْ صَنَّفَ الْكُتُبَ الْكَثِيْرَةَ وَحَدَّثَ بِالْيَسِيْرِ عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ مُحَمَّدِ الزَّعْفَرَانِيْ وَاَبِيْ يَحْيٰى مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْعَطَّارِ وَعَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ ابْنِ اَشْكَابِ وَمَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَبَلَغَ عُمْرُهُ سَبْعاً وَّخَمْسِيْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن عمر بن سریج فقیہ شافعی ابوالعباس قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد تھے،امام تھے،انہوں نے بہت ساری کتابیں لکھی ہیں اور حضرت ''حسن بن محمد زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویحییٰ محمد بن سعید عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،حضرت ''علی بن حسن ابن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں،بغداد کے اندر ۳۰۶ ہجری میں فوت ہوئے ہیں،ان کی عمر ۵۷ برس تھی۔

•••••••••••••••••••••

(186)اَحْمَد بْنُ عُمَرِ ابْنِ زَوْجِ الْحُرَّةِ اِبْنِ عَلِيٍّ اَبُو الْحُسَيْنِ النَّهْرَوَانِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا حَفْصِ بْنِ الزَّيَاتِ وَالْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ وَالْحَسَنِ بْنِ جَعْفَرٍ وَاَبَا بَكْرِ بْنِ شَاذَانِ وَاَبَا الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِيْ قَالَ كَتَبْتُ عَنْهُ بِالنَّهْرَوَانِ وَبَغْدَادَ وَكَانَ صُدُوقاً اَدِيْباً حَسَنَ الْمُذَاكَرَةِ مَلِيْحَ الْمَحَاضَرَةِ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''احمد بن عمر ابن زوج الحرہ ابن علی ابوالحسین نہروانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''ابوحفص بن زیات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا ہے میں نے ان سے نہروان میں اور بغداد میں حدیث لکھی ہے، یہ صدوق تھے، ادیب تھے، اور اچھی گفتگو کرنے والے تھے اور حاضر دماغ تھے۔ میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے فرمایا: میری پیدائش ۳۶۸ ہجری میں ہوئی ہے اور بغداد کے اندر ان کا انتقال ہوا ۴۴۵ ہجری میں۔

(186) اَحْمَد بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُوْنَصْرَةِ يُعْرَفُ بِالشَّاهِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ الْمَرْوَزِيُّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ عِيْسَى الْمَالِيْنِيْ وَكَانَ ثِقَةً

حضرت ''احمد بن حسن بن محمد ابونصرہ رحمۃ اللہ علیہ''

جن کو ''شاہی'' کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے یہ مروزی ہیں اور بغداد میں آئے تھے، یہاں پر انہوں نے حضرت ''علی بن عیسیٰ مالینی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا، یہ ثقہ تھے۔

(187) اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اِبْرَاهِيْمِ الْمَرْوَزِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ حَاتِمِ الْمَرْوَزِيِّ وَرَوٰى عَنْ اَبِي الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ بْنِ مُوْسٰى الْحَافِظِ مُسْنَدُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مَنْ جَمَعَهُ ثُمَّ رَوَى الْحَدِيْثَ مُسْنَداً اِلٰى اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ''احمد بن یحییٰ بن ابراہیم المرزوی ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، یہ حج کرنے کے لئے آئے اور بغداد بھی آئے، یہاں پر انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن حاتم مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اور انہوں نے حضرت ''ابوالحسین محمد بن مظفر بن موسیٰ حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند انہوں نے جمع کی، پھر انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک سند بیان کر کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک سند بیان کی ہے۔

(188) اَحْمَدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

وَهُوَ الشَّرِيْفُ اِبْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى بْنِ جَعْفَرِ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ الْمُعْتَصِمِ بْنِ الرَّشِيْدِ بْنِ الْمَهْدِيْ بْنِ

الْـمَنْصُوْرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَبُو السَّعَادَاتِ اَلْمُتَوَكِّلُ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هٰكَذَا رَاَيْتُ نَسَبَهٗ بِخَطِّ يَدِهٖ وَكَانَ يَسْكُنُ التُّرْبَةَ بِالْجَانِبِ الْغَرْبِيِّ وَيُصَلِّيْ اِمَاماً فِيْ قُبَّةِ الْكَرْخِيْ وَسَمِعَ الشَّرِيْفَ اَبَا الْغَنَائِمِ وَعَبْدَ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمَامُوْنِ وَاَبَا جَعْفَرَ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَلِيَّ ابْنَ اَحْمَدَ وَاَبَا بَكْرِ الْخَطِيْبَ وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن احمد بن عبدالواحد بن احمد بن محمد بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''شریف بن محمد بن عیسیٰ بن جعفر المتوکل بن معتصم بن رشید بن مہدی بن منصور ابن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب ابوسعادات متوکل'' ہیں۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، میں نے اسی طرح ان کے ہاتھ کی تحریر میں ان کا نسب دیکھا ہے۔ یہ تربہ کی غربی جانب رہا کرتے تھے اور حضرت ''امام کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' خیمہ کے اندر نماز پڑھایا کرتے تھے۔ انہوں نے حضرت ''شریف ابوغنائم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالصمد بن علی بن مامون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم علی ابن احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۴۴۱ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۲۱ ہجری میں ہوا۔

---

(187) اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ سَيَّارِ بْنِ مَعَارِكِ اَبُوْ بَكْرِ الرَّمَادِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّزَّاقِ بْنَ هَمَّامٍ وَاَبَا النَّضْرِ هَاشِمَ بْنَ الْقَاسِمِ وَعَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَاَبَا حُذَيْفَةَ الْمَهْدِيَّ وَيَحْيٰى بْنَ بُكَيْرٍ وَجَمَاعَةً وَقَدْ رَحَلَ وَصَنَّفَ وَرَوٰى عَنْهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقِ الْقَاضِيْ وَاَبُو الْقَاسِمِ الْبَغْوِيْ وَيَحْيٰى بْنُ صَاعِدٍ وَالْقَاضِي الْمُحَامَلِيْ قَالَ اِبْنُ اَبِيْ حَاتِمِ الرَّازِيْ كَتَبْتُ عَنْهُ مَعَ اَبِيْ وَكَانَ اَبِيْ يُوَثِّقُهٗ وُلِدَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن منصور بن سیار بن معارک ابوبکر رمادی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر ہاشم بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحذیفہ مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ انہوں نے سفر بھی کئے ہیں، کتابیں بھی لکھی ہیں۔ ان سے حضرت ''اسماعیل بن اسحاق قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد القاضی محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''ابن ابی حاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے اپنے والد کے ہمراہ روایت کی ہے، اور میرے والد اس کو ثقہ قرار دیا کرتے تھے۔ ان کی ولادت ۱۸۲ ہجری میں ہوئی اور

ان کی وفات ۲۶۵ ہجری میں ہوا۔

(190) اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَمْدَانِ بْنِ مَالِكِ الْقَطِيْعِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ يَسْكُنُ قَطِيْعَةَ الدَّقِيْقِ وَاِلَيْهَا نُسِبَ سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ اِسْحَاقَ الْمُزَنِيَّ وَاِسْحَاقَ ابْنَ الْحَسَنِ الْحَرْبِيَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمْ ثُمَّ قَالَ وَكَانَ كَثِيْرُ الْحَدِيْثِ وَرَوٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ الْمُسْنَدَ وَالتَّارِيْخَ وَالزُّهْدَ وَالْمَسَائِلَ وَرَوٰى عَنْهُ الدَّارُقُطْنِيْ وَاَبُوْ بَكْرِ الْبُرْقَانِيْ اَلْخَوَارَزَمِيْ وَجَمَاعَةٌ وَخَرِفَ فِيْ آخِرِ عُمْرِهٖ فَمَا يَدْرِيْ مَا يُقْرَأُ عَلَيْهِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن جعفر بن حمدان بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے ذکر کیا ہے'قطیعۃ الدقیق میں رہا کرتے تھے، انہی کی طرف ان کو منسوب کیا گیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن اسحاق مزنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق بن حسن حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی نے ان سب کے نام لکھے ہیں۔

پھر کہا ہے'یہ کثیر الحدیث تھے، اور انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے مسند لکھی ہے اور تاریخ اور زہد اور مسائل لکھے ہیں، ان سے حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر برقانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ آخری عمر میں ان کا ذہنی توازن بگڑ گیا تھا، ان کو پتا نہیں چلتا تھا کہ ان کے پاس کیا پڑھا جا رہا ہے۔ ان کا انتقال ۳۶۸ میں ہوا۔

(191) اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمُحَلِيِّ الْبَزَّازُ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهِ الْكَبِيْرِ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَخِيْهِ اَبِيْ نَصْرِ بْنِ الْمُحَلِيِّ عَنِ الْقَاضِيْ اَبِي الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمُهْتَدِيْ بِاللّٰهِ وَاَبِي الْغَنَائِمِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمَامُوْنِ وَاَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ وَاَبِيْ عَلِيٍّ مُحَمَّدِ بْنِ وِشَاحٍ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ اِبْنُ النَّجَّارِ وَقَالَ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خُسْرُو الْبَلْخِيُّ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''احمد بن علی بن محمد بن احمد بن محلی بزار ابو مسعود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کبیر کے اندر اپنی اسناد کے ہمراہ اپنے بھائی حضرت ''ابو نصر بن محلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''قاضی ابوالحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو الغنائم عبدالصمد بن علی بن مامون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی محمد بن وشاح رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے، جن کا نام حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے اور کہا ہے' ان کی پیدائش ۴۵۳ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال پانچ ۵۲۵ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو البلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے جو کہ ان مسانید میں سے دسویں مسند کے مؤلف ہیں۔

---

(192) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اِسْحَاقَ اَبُوْ عَلِيٍّ الشَّاشِي اَلْفَقِيْهِ عَلٰى مَذْهَبِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا

قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ الْقَاضِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّيْمَرِیْ صَارَ التَّدْرِيْسُ بَعْدَ الْكَرْخِیْ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَمِنْهُمْ اَبُوْ عَلِيٍّ الشَّاشِیُّ وَكَانَ شَيْخَ الْجَمَاعَةِ وَكَانَ اَبُو الْحَسَنِ الْكَرْخِیْ جَعَلَ التَّدْرِيْسَ لَهٗ حِيْنَ فَلِجَ وَجَعَلَ الْفَتْوٰى اِلَى اَبِیْ بَكْرِ الدَّامَغَانِیْ وَكَانَ يَقُوْلُ مَا جَاءَ نَا اَحْفَظُ مِنْ اَبِیْ عَلِيٍّ قَالَ الصَّيْمَرِیْ تُوُفِّیَ اَبُوْ عَلِيٍّ الشَّاشِیْ فِیْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن اسحاق ابوعلی شاشی الفقیہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ امام اعظم رضی اللہ عنہ کے مذہب کے فقیہ ہیں۔ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہیں پر درسِ حدیث دیا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حضرت ''قاضی ابوعبداللہ صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعد تدریس ان کے ساتھیوں کی طرف گئی، ان میں حضرت ''ابوعلی شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ اپنی جماعت کے شیخ تھے، حضرت ''ابوالحسن کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' کو جب فالج کا اٹیک ہوا، تو انہوں نے تدریس ان کے سپرد کر دی اور فتویٰ حضرت ''ابوبکر دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے سپرد کیا، وہ کہا کرتے تھے' ہمارے پاس حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ مضبوط حافظے والا کوئی نہیں آیا۔ حضرت ''صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابو علی شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۴۴ ہجری میں ہوا۔

---

(193)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَصْرِ بْنِ بَحْتَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَالِح اَبُوْ الْعَبَّاسِ الذُّهْلِیُ قَاضِی الْبَصْرَةِ وَوَاسِطِ وَغَيْرَهُمَا مِنَ الْبَلَادِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ يَعْقُوْبَ ابْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ الدَّوْرَقِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْرَمِیْ وَمَحْمُوْدِ بْنِ خِدَاشٍ وَرَوٰی عَنْهُ الدَّارُقُطْنِیْ وَالْمُعَافٰی بْنُ زَكَرِيَّا الْجَرِيْرِیْ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن نصر بن بختر بن عبداللہ بن صالح ابوالعباس ذہلی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بصرہ اور واسط اور دیگر کئی شہروں کے قاضی رہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''یعقوب بن ابراہیم بن دورقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ مخرمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمود بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''دارِقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''معافٰی بن زکریا جریری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۲۲ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(194)اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَی بْنِ جَمْهُوْرِ الْخَشَّابِ

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ عُمَرِ بْنِ شَبَّةَ قَالَ وَفِیْ اَحَادِيْثِهٖ غَرَائِبُ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''احمد بن عیسٰی بن جمہور خشاب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عمر بن شبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے اور فرمایا ہے' ان کی احادیث کے اندر غرائب ہیں۔ ان کا انتقال ۳۴۴ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(195)اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْحَسَنِ الْمُقْرِیْ

يَرْوِیْ عَنْهُ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ اِبْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خُسْرو الْبَلْخِیْ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْد

حضرت ''احمد بن قاسم بن حسن مقری رحمۃ اللہ علیہ''

ان سے حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین ابن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' (جنہوں نے ان مسانید میں سے دسویں مسند تالیف کی ہے) روایت کی ہے۔

•••••••••••••••••••

(196)اَحْمَدُ بْنُ صَالِحِ الْمِصْرِیْ اَبُوْ جَعْفَرٍ

قَالَ الْخَطِیْبُ هُوَ طِبْرِیُ الْاَصْلِ قَدِمَ بَغْدَادَ جَالَسَ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ وَتَذَاكَرَ الْعِلْمَ وَكَتَبَ كُلَّ وَاحِدٍ عَنْ صَاحِبِهٖ وَكَانَ یُثْنِی عَلَیْهِ قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْهُ الْاَئِمَّةُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلِ الْبُخَارِیُ وَاَبُوْ دَاوُدَ السِّجِسْتَانِیُ وَمُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَى الذُّهْلِیْ وَیَعْقُوْبُ بْنُ سُفْیَانَ وَنُظَرَاؤُهُمْ وُلِدَ سَنَةَ سَبْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّاَرْبَعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن صالح مصری ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ خاندان کے لحاظ سے طبری ہیں۔ یہ بغداد میں آ گئے تھے۔ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے ہمراہ بیٹھتے رہے اور علم کا مذاکرہ کرتے تھے، اور ان میں سے ہر ایک نے اپنے صاحب کے واسطے سے کتاب لکھی ہے اور وہ اس کی تعریف کیا کرتے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: انہوں نے ائمہ حدیث سے احادیث روایت کی ہے مثلاً حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوداؤد سجستانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یحییٰ الذہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے جلیل القدر محدثین سے۔ ان کی ولادت ۱۷۰ ہجری میں ہوئی ہے۔ اور ان کا انتقال ۲۴۸ ہجری میں ہوا۔

....

(197)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُوْ عَلِیِّ الْكِنْدِی

قَالَ الْخَطِیْبُ هُوَ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْجَلَّاحِ الْكُوْفِیُّ سَكَنَ مِصْرَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ نُعَیْمِ بْنِ حَمَّادٍ وَاِبْرَاهِیْمِ بْنِ الْجَرَّاحِ رَوٰى عَنْهُ الْقَاضِیُ الْحُسَیْنِ الْاَنْطَاكِیْ وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمِ الْاَنْبَارِیْ

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن محمد ابوعلی کندی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ ''ابن جلاح'' کے نام سے مشہور ہیں، یہ کوفی ہیں اور یہ مصر کے اندر رہائش پذیر رہے۔ انہوں نے حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور ان سے حضرت ''قاضی حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسحق بن ابراہیم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

....

(198)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِیَادِ اَبُوْ جَعْفَرِ الْحَدَّادِ الْبَغْدَادِی

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ اَبَا نُعَیْمِ الْفَضْلَ بْنَ دُكَیْنٍ وَعَفَّانَ بْنَ مُسْلِمٍ وَمُسْلِمَ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عُقْدَةَ قَالَ وَكَانَ ثِقَةً مُثْبِتاً مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسَبْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن زیاد ابوجعفر الاحداد بغدادی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسلم بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد ابوالعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے ۔آپ فرماتے ہیں' یہ ثقہ تھے، ثبت تھے ۔ان کا انتقال ۲۷۵ ہجری میں ہوا۔

....

(199) اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ السُّكَّرِیُ الْبَغْدَادِیُ

قَالَ الْخَطِیْبُ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ الْقَاضِیْ رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الْمِلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ یَاسِیْنَ قَالَ الْخَطِیْبُ رَوٰی عَنْ هٰذَا الشَّیْخِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ سَعِیْدٍ فَسَمَّاهُ اَحْمَدَ بْنَ عِیْسَی بْنِ الْحَسَنِ وَسَمَّاهُ غَیْرُهُمْ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدٍ بْنِ عِیْسٰی

حضرت ''احمد بن عبدالجبار سکری بغدادی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: انہوں نے حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبدالملک بن محمد بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ان سے شیخ حضرت ''عبداللہ بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے اور ان کا نام حضرت ''احمد بن عیسٰی بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' رکھا ہے اور دیگر محدثین نے ان کو حضرت ''احمد بن محمد بن عیسٰی رحمۃ اللہ علیہ'' قرار دیا ہے۔

....

(200) اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَّارَدِیُ

قَالَ الْخَطِیْبُ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَطَّارِدِ بْنِ حَاجِبِ بْنِ زُرَارَةَ التَّمِیْمِیُ الْمَعْرُوْفُ بِالْعُطَارِدِیّ كُوْفِیٌّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِیْسَ الْاَوْدِیْ وَوَكِیْعٍ وَاَبِیْ مُعَاوِیَةَ الضَّرِیْرِ وَیُوْنُسِ بْنِ بُكَیْرٍ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِی الدُّنْیَا وَاَبُو الْقَاسِمِ الْبَغْوِیُّ وَالْمُحَامِلِیُّ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبدالجبار عطاردی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ حضرت ''احمد بن عبدالجبار بن احمد بن محمد بن عمر بن عطارد بن حاجب بن زرارہ تیمی المعروف عطاردی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، کوفی ہیں ۔بغداد آئے تھے ، وہاں پر حضرت ''عبداللہ بن ادریس اودی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے ۔ان سے حضرت ''ابوبکر بن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے حدیث روایت کی ہے ۔ان کا انتقال

سن ۲۷۲ ہجری میں ہوا۔

(201) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَيُّوب

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ جَدِّهِ زِيَادٍ وَعَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ مَنْصُوْرِ الطُّوْسِيّ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ (مَاتَ) سَنَةَ عَشَرٍ وَثَلاَثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن زیاد بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے اپنے دادا حضرت ''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''محمد بن منصور طوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل وراق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ ان کا انتقال ۳۱۰ ہجری میں ہوا۔

(202) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ اَبُوْ سَهْلٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ كُوْفِيُّ الْاَصْلِ سَكَنَ دَارَ الْقُطْنِ حَدَّثَ عَنْ جَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ وَعَنْ مُحَمَّدِبْنِ الْجَهْمِ وَخَلْقٍ كَثِيْرٍ رَوٰى عَنْهُ اَبُو الْحَسَنِ بْنِ رَوْزَبَةَ وَاَبُوْ عَلِيِّ بْنِ شَاذَانِ وَجَمَاعَةٌ وَكَانَ صَدُوْقاً اَدِيْباً مَاتَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَثَلاَثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن عبداللہ بن زیاد قطان ابو سہل رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ نسب کے لحاظ سے کوفی ہیں۔ دار قطن کے اندر آ کر رہے تھے، اور محدثین کی ایک جماعت سے انہوں نے حدیث بیان کی ہے اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پوری جماعت کے نام بھی لکھے ہیں۔ اور انہوں نے حضرت ''محمد بن جہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور دیگر بہت سارے محدثین سے روایت کی ہے۔ ان سے حضرت ''ابوحسن بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہیں۔ یہ صدوق تھے، ادیب تھے۔ ان کا انتقال ۳۵۰ ہجری مین ہوا۔

(203) اَحْمَدُ بْنُ حَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ النَّيْسَابُوْرِیُ

قَالَ الْخَطِيْبُ قِيْلَ اَنَّهُ مَرْوَزِیٌّ سَكَنَ نَيْسَابُوْرَ وَحَدَّثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْعَبْدِیُ وَاَبِیْ عَامِرِ الْعَقْدِیُ وَاَبِیْ دَاوٗدِ الطَّيَالِسِیُ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّيَالِسِیُ وَمَكِّیُ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ وَجَمَاعَةٍ وَرَدَ بَغْدَادَ حَاجّاً فِیْ اَيَّامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَحَدَّثَ بِهَا كَتَبَ عَنْهُ اَحْمَدُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا

حضرت ''احمد بن حارث بن عبداللہ بن سہل ابوعبداللہ زاہد نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' کہا گیا ہے' یہ ''مروزی'' ہیں' نیشاپور میں رہے۔ اور انہوں نے حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ولید عبدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعامر عقدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوداؤد طیالسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ طیالسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث روایت کی ہے۔ یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے ایام میں حج کرنے آئے تو بغداد میں آئے اور وہاں پر حدیث شریف کا درس دیا۔ ان سے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث لکھی ہے۔

(203) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَلْفَةَ اَبُوْ طَاهِرٍ السَّلَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مُحَدِّثٌ وَفَقِيْهٌ وَشَيْخُ زَمَانِهٖ بِاَصْبَهَانَ سَمِعَ الرَّئِيْسَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ اَحْمَدَ الثَّقَفِيَّ وَاَبَا الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنَ مَنْصُوْرِ بْنِ عَلَّانِ الْكَرْخِيَّ وَاَبَا نَصْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ وَاَبَا الْفَتْحِ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ سَعْدِ الْحَافِظِ وَاَبَا سَعْدٍ مُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُطَرِّزَ وَاَبَا عَلِيِّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ الْحَدَّادَ وَاَبَا الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ اَسْنَةِ الْكَاتِبِ وَخَلْقاً سِوَاهُمْ وَسَافَرَ اِلٰى بَغْدَادَ فِيْ شَاْنِهٖ وَسَمِعَ بِهَا اَبَا الْخَطَّابِ نَصْرَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ النَّصْرِ الْقَارِئَ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ السَّرِيِّ وَاَبَا الْمُعَافٰى ثَابِتَ بْنَ بُنْدَارِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْبَقَّالَ وَاَبَا الْحَسَنِ الْمُبَارَكَ بْنَ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيَّ وَاَبَا بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنَ عَلِيِّ الطَّرَابَلَسِيَّ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ الرَّبْعِيَّ وَخَلْقاً كَثِيْرًا سِوَاهُمْ وَسَافَرَ اِلَى الْحِجَازِ وَسَمِعَ بِمَكَّةَ - وَالْمَدِيْنَةِ - وَالْكُوْفَةِ - وَوَاسِطَ - وَالْبَصْرَةِ - وَخَوْزِسْتَانَ وَنَهَاوَنْدَ - وَهَمْدَانَ - وَسَاوَةَ الرَّيِّ - وَقَزْوِيْنَ - وَزَنْجَارَ - وَدَخَلَ بِلَادَ اَذْرَبَيْجَانَ - وَطَافَهَا اِلٰى اَنْ وَصَلَ اِلٰى دَرْبَنْدَ - وَكَتَبَ بِهٰذِهِ الْبِلَادِ عَنْ شُيُوْخِهَا ثُمَّ دَخَلَ الْجَزِيْرَةَ - وَسَمِعَ بِنَصِيْبِيْنَ - وَغَيْرَهَا وَمَضٰى اِلَى الشَّامِ - وَدَخَلَ دَمِشْقَ وَسَمِعَ بِهَا كَثِيْراً - ثُمَّ دَخَلَ دِيَارَ مِصْرَ فَاَحْيٰى بِهَا الْحَدِيْثَ وَقَرَاَ عَلٰى مَشَائِخِهَا وَسَمِعَ جَمَاعَةً بِاِفَادَتِهٖ وَسَكَنَ الْاِسْكَنْدَرِيَةَ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ وَكَانَ حَافِظاً مُتْقِناً حُجَّةً نَبِيْلاً وَعَمَرَ حَتّٰى اَلْحَقَ الصِّغَارَ بِالْكِبَارِ قَالَ وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْقَادِرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّهَاوِيُّ اَلْحَافِظُ فِيْمَا شَافَهَنِيْ بِهٖ وَاَذِنَ بِالرِّوَايَةِ عَنْهُ ثُمَّ بَحْرَانَ - قَالَ شَيْخُنَا اَبُوْ طَاهِرِ السَّلَفِيُّ سَمِعَ الْحَدِيْثَ بِاَصْبَهَانَ مِنْ سَنَةِ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ اِلٰى سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَسَافَرَ اِلٰى بَغْدَادَ فَاَقَامَ بِهَا يَسْمَعُ اِلٰى سَنَةِ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَسَافَرَ اِلٰى الْكُوْفَةِ وَاَقَامَ بِهَا مُدَّةً يَسْمَعُ ثُمَّ حَجَّ وَرَجَعَ اِلٰى بَغْدَادَ فَاَقَامَ بِهَا اِلٰى سَنَةِ خَمْسِ مِائَةٍ يَقْرَءُ الْحَدِيْثَ وَالنَّحْوَ وَالْفِقْهَ وَاللُّغَةَ وَسَمِعَ بِقِرَاءَتِهٖ الْحُفَّاظِ الْكِبَارِ كَالْحَافِظِ يَحْيٰى بْنِ مَنْدَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرِ السَّمْعَانِيْ وَاَبِيْ نَصْرِ الْاَصْبَهَانِيْ وَغَيْرِهِمْ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ مَوْلِدُهٗ بَعْدَ السَّبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَوَفَاتُهٗ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ مِنْ شَهْرِ رَبِيْعِ الْآخِرِ سَنَةَ سِتٍّ

وَّسَبْعِيْنَ وَخَمْسٍ مِائَةٍ بَعْدَ الزِّيَادَةِ عَلَى الْمِائَةِ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَوَّلُ سَمَاعِهٖ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ قَبْلَ بُلُوْغِ الْعِشْرِيْنَ

حضرت ''احمد بن محمد بن ابراہیم بن سلفہ ابوطاہر سلفی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' یہ محدث تھے، اپنے زمانے کے فقیہ تھے، اصبہان کے اندر شیخ تھے۔ انہوں نے رئیس حضرت ''ابوعبداللہ القاسم بن فضل بن احمد ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن منصور بن علان کرخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر عبدالرحمٰن بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفتح احمد بن محمد بن احمد بن سعد حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعد محمد بن محمد بن محمد مطرز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی الحسن بن علی حداد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس احمد بن عبدالقادر بن اسنۃ الکاتب رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے علاوہ بہت سارے محدثین سے حدیث پاک کا سماع کیا ہے۔ انہوں نے بغداد کی جانب سفر کیا ہے اور وہاں پر حضرت ''ابو الخطاب نصر بن محمد بن نصر قاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن علی بن احمد بن سری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمعالی ثابت بن بندار بن ابراہیم بقال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن علی طرابلسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو القاسم علی بن حسین ربعی رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے علاوہ بہت سارے محدثین سے حدیث کا سماع کیا، پھر یہ حجاز کی جانب سفر کر کے گئے اور مکہ، مدینہ، کوفہ، واسط، بصرہ، خوزستان، نہاوند، ہمدان، ساوۃ الری، قذوین، زنجار، چلے گئے اور وہاں کے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ یہ آذربائیجان کے علاقے میں آئے اور وہاں پر مختلف علاقوں میں گھومتے رہے یہاں تک کہ ''دربند'' تک پہنچے اوران علاقوں میں وہاں کے شیوخ سے حدیث لکھی، پھر یہ جزیرہ میں گئے اور نصیبین اور وہاں کے شیوخ سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر یہ شام میں چلے گئے، دمشق کے اندر داخل ہوئے اور وہاں پر بہت سارے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مصر کے علاقوں میں گئے اور وہاں جا کر حدیث کو زندہ کیا اور وہاں کے مشائخ کو حدیثیں سنائیں اور وہاں سے ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا اور اپنی وفات تک اسکندریہ کے اندر ٹھہرے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ حافظ تھے، متقن تھے، حجت تھے، صاحب فضیلت تھے۔ ان کو لمبی عمر ملی یہاں تک کہ انہوں نے چھوٹوں اور بڑوں کو جمع کر دیا (یعنی ان کی حیات میں ان کی اولادوں کی اولادوں کی بھی اولادیں جوان ہو گئی تھیں)۔ اور آپ فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''عبدالقادر بن عبداللہ رہاوی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، جب ان کی مجھ سے بالمشافہ ملاقات ہوئی تھی۔ انہوں نے حران میں اپنے حوالے سے روایت کی اجازت بھی دی۔ کہتے ہیں' میرے شیخ حضرت ''ابوطاہر سلفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث کا سماع اصبہان میں کیا۔ یہ ۴۸۸ ہجری سے ۴۹۳ تک کی بات ہے، پھر یہ بغداد کے اندر گئے اور وہاں پر ٹھہرے رہے اور وہاں پر ۴۹۹ ہجری تک حدیث کا سماع کیا اور پھر کوفہ کی جانب چلے گئے، وہاں پر ایک مدت تک ٹھہرے رہے اور حدیث کا سماع کرتے رہے اور پھر حج کیا اور بغداد کی جانب لوٹ کر آ گئے وہاں پر ۵۰۰ ہجری تک قیام کیا۔ حدیث، نحو، فقہ اور لغت پڑھایا کرتے تھے، پھر انہوں نے اپنی قرأت بڑے بڑے حفاظ مثلاً حضرت ''حافظ یحییٰ بن مندہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن منصور سمعانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اوران جیسے دیگر محدثین کو سنائی۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، ۴۷۰ ہجری کے بعد ان کی پیدائش ہے اور ان کی وفات جمعرات کو ربیع الثانی کے مہینے میں ۵۷۶ ہجری میں ہے۔ ان کی عمر ۱۰۰ سال سے زیادہ ہو چکی تھی، ان کا سب سے پہلا حدیث کا سماع ۴۸۵ ہجری کا ہے اور انہوں نے ۲۰ سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے حدیث بیان کرنا شروع کر دی تھی۔

(205) اَحْمَدُ بْنُ عَمَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّوْفِی اَلْخَوَارَزِمِی اَلْخَیُوْفِیْ نَجْمُ الدِّیْنِ اَلْکُبْریٰ اَبُوْ الْجَنَابِ

یَقُول اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَیْخُ شُیُوْخِ الطَّرِیْقَةِ وَبُرْهَانُ الْحَقِیْقَةِ اِمَامُ اَئِمَةِ الْحَدِیْثِ فِیْ زَمَانِهِ وَهُوَ شَیْخِیَ الَّذِیْ اَرْوِی اَکْثَرَ الْاُصُوْلِ عَنْهُ سَمِعْتُ عَلَیْهِ بِخَوَارَزَمِ مِنْ سَنَةِ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ اِلٰی سَنَةِ سَبْعَ عَشْرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ وَهُوَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعَ بِخَوَارَزَمِ اَلشَّیْخَ ظَهِیْرَ الدِّیْنِ اَبَا مُحَمَّدٍ مَحْمُوْدَ بْنَ عَبَّاسِ بْنِ اَرْسَلَانَ وَنَجْمَ الدِّیْنِ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ الْجَوْزَقَانِیَّ وَشَمْسَ الدِّین اَبَا الْفَضَائِلِ مُحَمَّدَ ابْنَ فَضْلِ اللّٰهِ السَّلَاوِی وَسَمِعَ بِخُرَاسَانَ وَالْعِرَاقَ خَلْقاً مِنْهُمْ اَبُوْ سَعِیْدٍ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ وَمُؤَیَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الطُّوْسِیُّ وَاَبُوْ الْحَسَنِ مَسْعُوْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَمَالُ وَاَبُوْ الْمَکَارِمِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ مُحَمَّدٍ بْنِ اللَّبَانِ وَاَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحُسَیْنُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الْفَرَاءُ وَدَخَلَ بَغْدَادَ فَسَمِعَ مَشَائِخَهَا - وَدَخَلَ بِلَادَ الشَّامِ فَسَمِعَ اَیْضاً مَشَائِخَهَا - وَدَخَلَ الْاِسْکَنْدِرِیَّةَ وَلَازَمَ اَبَا طَاهِرٍ السَّلْفِیَّ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّیْنَ وَسَمِعَ عَلَیْهِ اَکْثَرَ مَسْمُوْعَاتِهِ وَقَدْ جَمَعَ مَشَایِخَهُ فِیْ مُجَلَّدَاتٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ اِسْتَشْهَدَ بِخَوَارِزَمَ فِیْ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ ثَمَانَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عمر بن محمد بن عبد اللہ صوفی خوارزمی خیوفی نجم الدین کبریٰ ابو الجناب رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ طریقت کے شیوخ کے شیخ ہیں، برہان الحقیقت ہیں، اپنے زمانے میں حدیث کے ائمہ کے امام ہیں، میرے بھی شیخ ہیں، میں نے اکثر اصول انہی سے پڑھے ہیں۔ میں نے خوارزم کے اندر ۶۱۳ ہجری سے ۶۱۷ ہجری تک ان سے سماع کیا اور انہوں نے خوارزم کے اندر شیخ حضرت ''ظہیر الدین ابو محمد محمود بن عباس بن ارسلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''نجم الدین محمد بن علی جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شمس الدین ابو الفضائل محمد ابن فضل اللہ سلاوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ انہوں نے خراسان اور عراق کے اندر وہاں کے بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے مثلاً حضرت ''ابو سعید عبد اللہ ابن عمر صفار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مؤید بن علی طوسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو الحسن مسعود بن محمد جمال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو المکارم احمد بن محمد بن محمد بن لبان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو محمد الحسین بن مسعود فراء رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ بغداد کے اندر گئے اور وہاں کے مشائخ سے سماع کیا۔ شام کے علاقے میں گئے اور وہاں کے مشائخ سے سماع کیا۔ اسکندریہ میں گئے اور حضرت ''لازم ابو طاہر سلفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس سن ۶۶ ہجری میں رہے اور ان کی اکثر مسموعات سے سماع کیا اور اپنے مشائخ کو متعدد جلدوں میں جمع کیا۔ یہ ۶۱۸ ہجری کو ربیع الاول میں خوارزم میں شہید

ہوئے۔

(206) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اَبُوْ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْاُسُوْسِيِّ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَيْرِ الْكُوْفِيِّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْخُرَاسَانِيَّ وَقَالَ تُوُفِّيَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُسُوْسِيُّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن علی ابوعلی صیر فی المعروف سوسی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن زبیر کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن اسحاق بن ابراہیم خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور فرمایا: حضرت ''ابوعبداللہ سوسی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۹۴ ہجری میں ہوا۔

(207) اَحْمَدُ بْنُ تَمِيْمٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ ذَكَرَهُ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ الثَّلَاجِ اَنَّهُ كَانَ يَنْزِلُ فِيْ جِوَارِ مُحَمَّدِ بْنِ مَخْلَدٍ وَاَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ مُوْسَى بْنِ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِيِّ

حضرت ''احمد بن تمیم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوالقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے، وہ حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' کے پڑوس میں رہتے تھے اور انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن اسحاق انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث بیان کی ہیں۔

(208) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ سُلَيْمَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّيْبَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ جَدُّ اَبِيْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ شَاهِيْنَ لِاُمِّهٖ سَمِعَ الرَّبِيْعَ بْنَ ثَعْلَبٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُطِيْعٍ وَمُجَاهِدَ بْنَ مُوْسَى وَاَبَا هَمَّامٍ السَّكُوْنِيَّ وَالْحَسَنَ بْنَ الصَّبَّاحِ وَجَمَاعَةً ثُمَّ قَالَ قَالَ اِبْنُ شَاهِيْنٍ قَالَ اَبِيْ مَاتَ جَدِّيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''احمد بن محمد بن یوسف بن سلیمان ابوعبداللہ شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، یہ حضرت ''ابوحفص عمر بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' کے نانا تھے، انہوں نے حضرت ''ربیع بن ثعلب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن مطیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مجاہد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوہمام سکونی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ پھر کہا: حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میرے والد نے کہا ہے' میرے دادا حضرت ''احمد بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۰۱ ہجری میں ہوا۔

(209)اَحْمَدُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ الرَّبَاطِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ وَکِیْعَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَعُبَیْدَ اللّٰہِ بْنَ مُوْسٰی وَھَارُوْنَ بْنَ یَزِیْدَ وَمُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ وَلِیَ قَضَاءَ سَرْخَسْ - ثُمَّ وَرَدَ نَیْسَابُوْرَ وَاَقَامَ بِھَا اِلٰی حِیْنِ وَفَاتِہٖ وَمَاتَ بَعْدَ سَنَةِ ثَلاثٍ وَسَبْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَرَوٰی عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادٍ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''احمد بن سعید بن ابراہیم ابوعبداللہ رباطی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں انہوں نے حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہارون بن یزید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، حضرت ''سرخس رحمۃ اللہ علیہ'' کے مسند قضاء پر فائز رہے، پھر نیشاپور میں آئے اور وہاں پر اپنی وفات تک رہائش پذیر رہے۔ ان کا انتقال ۲۷۳ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(210)اَحْمَد بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَنْصُوْرٍ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْعُتِیْقِیْ

سَمِعَ اِبْرَاھِیْمَ بْنَ اَحْمَدَ ابْنِ جَعْفَرٍ الْجَزَرِیَّ وَجَمَاعَةً قَالَ الْخَطِیْبُ کَتَبْتُ عَنْہُ وَکَانَ صَدُوْقاً ثِقَةً وَسَاَلْتُہُ عَنْ مَوْلِدِہٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّیْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن احمد بن منصور المعروف عتیقی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن احمد بن جعفر جزری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک پوری جماعت سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں، یہ صدوق تھے، ثقہ تھے۔

۞ میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے فرمایا: میری پیدائش ۳۶۷ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۴۴۱ ہجری میں ہوا۔

(211)اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ بْنِ یَزِیْدَ بْنِ مَاھَانِ اَبُوْ یَزِیْدَ السُّخْتِیَانِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ سَکَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِھَا عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَوَّارٍ الْبَغْوِیِّ وَاِبْرَاھِیْمَ بْنِ یُوْسُفَ اَخِیْ عِصَامِ الْبَلَخِیِّ رَوٰی عَنْہُ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِیٍّ وَاَبُوْ بَکْرِ الشَّافِعِیُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَتِیْقِیُّ رَحِمَھُمُ اللّٰہُ

تعالٰی

حضرت ''احمد بن داؤد بن یزید بن ماہان ابو یزید سختیانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ بغداد کے اندر رہے اور وہاں پر حضرت ''حسن بن سوار بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عصام بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ ان سے حضرت ''عبدالصمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد عتیقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے۔

•••••••••••••••••••

(212) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ شُعَیْبِ بْنِ صَالِحِ بْنِ الْحُسَیْنِ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ

مِنْ اَهْلِ بُخَارٰی سَمِعَ صَالِحَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَحَامِدَ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ حَوْشَبَ الْبُخَارِیِّیْنَ وَزَکَرِیَّا بْنَ یَحْیٰی وَمُحَمَّدَ بْنَ جَرِیْرِ الطَّبْرِیِّ قَالَ الْخَطِیْبُ اِسْتَوْطَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا اِلٰی حِیْنِ وَفَاتِهٖ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ

حضرت ''احمد بن محمد بن شعیب بن صالح بن حسین ابو منصور رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہل بخاریٰ میں سے ہیں۔ انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حامد بن سہل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حوشب بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زکریا بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور اپنی وفات تک وہیں پر درسِ حدیث دیا۔ ان کا انتقال ۳۲۵ ہجری میں ہوا، ان کی پیدائش ۲۸۰ ہجری کی ہے۔

•••••••••••••••••••

(213) اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِیُّ الصَّیْرَفِیُّ اَبُوْ سَعِیْدِ الْكُتُبِیُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الطُّیُوْرِیِّ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَخُ اَبِی الْحُسَیْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ وَكَانَ اَصْغَرَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ بِالرِّوَایَاتِ عَلٰی اَبِیْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ الْخَیَّاطِ وَاَبِیْ عَلِیِّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْبَنَا وَسَمِعَ الْكَبِیْرَ بِاِفَادَةِ اَخِیْهِ مِنْ اَبِیْ طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدَانَ وَاَبِیْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ الْخَلَالِ وَاَبِیْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ الْبَرْمَكِیِّ وَاَبِی الطَّیِّبِ طَاهِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّبْرِیِّ وَاَبِیْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ الْجَوْهَرِیِّ وَاَبِی الْفَضْلِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْكُوْفِیِّ وَاَبِی الْفَتْحِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَرَ الدَّارِقُطْنِیِّ وَاَبِی الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ الْبَیْضَاوِیِّ وَاَبِیْ طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْقَارِیِّ وَاَبِی الْحُسَیْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ خَیْرُوْنَ وَجَمَاعَةٍ (رَوٰی) عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرِ بْنِ الْمُعَمَّرِ الْمُبَارَكِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَنْصَارِیِّ

وَاَبُوْ الْمُظَفَّرِ اَحْمَدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمَدِیْ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ وَشَیْخَانَا اَبُوْ الْقَاسِمِ ذُو الزَّیْنِ بْنِ کَامِلِ الْخَفَّافِ وَیَحْیَی بْنُ اَسْعَدِ بْنِ یُوْنَسِ الْخَبَازِ وَهُوَ آخِرُ مَنْ حَدَّثَ عَنْهُ وَکَانَ صَدُوْقاً صَحِیْحَ السِّمَاعِ دَلَالاً فِی الْکُتُبِ مَوْلِدُهُ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَثَلَاثِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبدالجبار بن احمد بن قاسم بن احمد مروزی صیرفی ابوسعید کتبی المعروف ابن طیوری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوالحسین مبارک بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، یہ چھوٹے تھے۔انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن علی خیاط رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی الحسن بن احمد بن البنا رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختلف روایات میں قرآن پاک پڑھا ہے اور بڑے بھائی حضرت ''ابوطالب محمد بن عبدان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق ابراہیم بن عمر بن احمد برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطیب طاہر بن عبداللہ طبری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفضل محمد بن عبیداللہ بن محمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفتح عبدالملک بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن محمد بن محمد بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب محمد بن علی بن قاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین محمد بن احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''محمد بن ناصر بن معمر مبارک بن احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمظفر احمد بن احمد بن حمدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے کہ ہمارے شیخ حضرت ''ابوالقاسم ذوالزین بن کامل خفاف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن اسعد بن یونس خباز رحمۃ اللہ علیہ'' ان سے روایت کرنے والے سب سے آخری محدث ہیں، یہ صدوق تھے، صحیح السماع تھے اور کتابوں کی رہنمائی کرنے والے تھے۔ان کی پیدائش ۴۳۴ ہجری میں ہوئی، اور ان کا انتقال ۶۱۷ ہجری میں ہوا۔

* * * * *

(214) اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَدَّادٍ الْبَاقَلَانِی الْکَرَخِیُّ اَبُوْ طَاهِرٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ کَانَ مِنْ اَعْیَانِ شُیُوْخِ وَقْتِهٖ بِالْمَعْرِفَةِ وَکَثْرَةِ الرِّوَایَةِ وَالزُّهْدِ وَالْعِبَادَةِ وَسَمِعَ الْکَثِیْرَ وَحَدَّثَ بِهٖ وَرَوَی الْکُتُبَ الْمُطَوَّلَاتِ وَصَنَّفَ تَارِیْخاً بِالسِّنِیْنَ وَذَکَرَ فِیْهِ الْحَوَادِثَ وَالْوَفَاءَ اتِ، قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَدْ نَقَلْتُ مِنْهُ کَثِیْرًا اِلٰی هٰذَا الْکِتَابِ سَمِعَ اَبَا عَلِیٍّ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ ابْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرَانِ وَاَبَا بکرٍ البرْقَانِیْ وَاَبَا عبدِ اللهِ احمدِ بن عبدِ اللهِ بنِ الْحُسَیْنِ بنِ اِسمَاعِیلِ الْمَحَامِلِیْ وَرَوَی عنهُ اَبُوْ القَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیْ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِیْ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خِسْرُو الْبَلْخِی صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''احمد بن حسن بن احمد بن حسن بن محمد بن خداد باقلانی کرخی ابوطاہر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' یہ اپنے شیوخ کے منظور نظر تھے، اپنے وقت کے معرفت، کثرت روایت، زہد اور عبادت کے حوالے سے اپنے شیوخ کے منظور نظر تھے، بہت ساری احادیث سنی ہیں اور روایت بھی کی ہیں، بڑی بڑی کتابیں روایت کی ہیں اور کئی سال تک تاریخ لکھی ہے، اور اس کے اندر حوادث و واقعات بھی لکھے ہیں اور وفاتیں بھی لکھی ہیں۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، میں نے ان سے بہت ساری کتابیں نقل کی ہیں، یہ کتاب بھی نقل کی ہے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی الحسن بن علی ابن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر برقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن عبداللہ بن حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ابوقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے راویت کیا ہے۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''ابوعبداللہ الحسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے جو کہ ان مسانید میں دسویں مسند کے مؤلف ہیں۔

•••••••••••••••••••

(215) اِسْمَاعِیْل بْنُ حَمَّادِ بْنِ الْإِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ حَمَّادٍ وَقِیْلَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِالْجَانِبِ الشَّرْقِیْ وَلَّاهُ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الرَّشِیْدَ بَعْدَ اَنْ عَزَلَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیَّ فَاَقَامَ مُدَّةً ثُمَّ صَرَفَهُ وَوَلِیَ قَضَاءَ الْبَصْرَةِ ثُمَّ عَزَلَهُ اَیْضاً یَحْیٰی بْنُ اَکْثَم قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَا وَلِیَ الْقَضَاءَ مِنْ لَّدُنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلٰی الْیَوْمِ اَعْلَمَ مِنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ قَالَ الْخَطِیْبُ وَهُوَ اَحَدُ الْفُقَهَاءِ عَلٰی مَذْهَبِ جَدِّهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِیْهِ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ وَعُمَرَ بْنِ ذَرٍّ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ وَالْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ وَاَبِیْ شِهَابِ الْحَنَّاطِ وَرَوٰی عَنْهُ غَسَّانُ بْنُ الْمُفَضَّلِ الْغَلَابِیْ وَعُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الثَّقَفِیْ وَسَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ الْعَتَكِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ تُوُفِّیَ فِیْ سَنَةِ اِثْنَتَیْ عَشَرَةَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''اسماعیل بن حماد بن امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ان کی کنیت ''ابوحماد'' اور ایک قول کے مطابق ''ابوعبداللہ'' ہیں، یہ جانب شرقی میں مسند قضاء کے والی تھے اور ''محمد بن ہارون الرشید رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' کو معزول کر کے، ان کو وہاں کا قاضی بنایا تھا، یہ ایک مدت تک وہاں پر رہے، پھر ان کو معزول کر دیا، وہاں سے ان کو بصرہ کی قضاء کے منصب پر بھیج دیا، پھر ان کو حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے معزول کر دیا تھا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے لے کر آج تک حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ صاحب علم مسند قضاء پر کوئی فائز نہیں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ اپنے دادا کے مذہب کے فقہاء میں سے ایک تھے' یہ اپنے والد سے حضرت ''مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' سے' حضرت ''عمر بن ذر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوشہاب حناط رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

ان سے حضرت ''غسان بن مفضل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''غلابی عمر بن ابراہیم ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سہل بن عثمان عتکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان کا انتقال ۲۱۲ ہجری میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(216) اِسْحَاقُ بْنُ اَبِیْ اِسْرَائِیْلِ اِبْرَاهِیْمُ

کُنْیَتُهٗ اِسْحَاقَ اَبُوْ یَعْقُوْبَ مَرْوَزِیُّ الْاَصْلِ رَوٰی عَنْ زَائِدَةَ بْنِ قُدَامَةَ وَسَمِعَ عَبْدَ الْقُدُّوْسِ بْنِ حَبِیْبِ الشَّامِیَّ وَحَمَّادَ ابْنَ زَیْدٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ جَابِرٍ الْیَمَامِیَّ وَعَبْدَ الْوَارِثِ بْنِ سَعِیْدٍ وَهِشَامَ بْنِ یُوْسُفَ الصَّنْعَانِیَّ وَسُفْیَانَ بْنَ عُیَیْنَةَ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ یَحْیٰی صَاعِقَةٌ وَیَعْقُوْبُ بْنُ شَیْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْبُخَارِیُّ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَقِیْلَ سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَقِیْلَ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسحاق بن ابواسرائیل ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابویعقوب'' ہے' یہ نسب کے لحاظ سے ''مروزی'' ہیں' انہوں نے حضرت ''زائدہ بن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ حضرت ''عبدالقدوس بن حبیب شامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جابر یمامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوارث بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشام بن یوسف صنعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''ابویحییٰ صاعقہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۴۵ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۲۵۰ ہجری میں ہوا۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے' ۲۴۶ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(217) اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلْمَةَ اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ الزِّيَادِيِّ وَاَحْمَدِ ابْنِ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيِّ وَيُوْسُفِ بْنِ مُوْسَى الْقَطَّانِ وَيَحْيٰى بْنِ مُعَلّٰى بْنِ مَنْصُوْرٍ وَاَبِيْ حَاتِمٍ الرَّازِيِّ رَوٰى عَنْهُ جَمَاعَةٌ صَنَّفَ الْمُسْنَدَ وَاسْتَوْطَنَ بَغْدَادَ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''اسحاق بن عبداللہ بن ابراہیم بن عبداللہ بن سلمہ ابویعقوب کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہاں پر حضرت ''محمد بن زیاد زیادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ثابت جحدری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یوسف بن موسیٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معلّٰی بن منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث بیان کی ہے۔

ان سے محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔اورانہوں نے مسند تصنیف کی ہے اور اپنی وفات تک بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے۔ان کا انتقال ۳۰۷ ہجری میں ہوا۔

(218) اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَاتِمٍ الْاَنْبَارِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَحَدَّثَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ سَعِيْدٍ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عُقْدَةَ الْكُوْفِيُّ

حضرت ''اسحاق بن ابراہیم بن حاتم انباری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور حضرت ''سوید بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ان سے حضرت ''ابوالعباس احمد بن عقدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

(219) اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ اَبُو الْعَبَّاسِ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اَخُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْهِ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ زَوْجِ الْحُرَّةِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن جعفر بن محمد بن رحمۃ اللہ علیہ'' مروان کے بھائی ہیں،اہل کوفہ میں سے ہیں۔بغداد میں آئے تھے،وہاں پر اپنے والد کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔

ان سے حضرت ''محمد بن زوج حر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل وراق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت

کی ہے۔ان کا انتقال ۳۱۳ ہجری میں ہوا۔

(220)اِدْرِیْسُ بْنُ عَلِیِّ الْمُؤَدَّبُ

ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ وُلِدَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَکَانَ ثِقَةً مَامُوْناً

حضرت ''ادریس بن علی موَدب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے۔ کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۳۰۲ ہجری میں ہوئی ہے۔اوران کا انتقال ۳۹۳ ہجری میں ہوا ہے۔ یہ ثقہ تھے، مامون تھے۔

(221)اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْاَشْعَثِ اَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیُ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ الْفَرَجِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَوْزِیّ وُلِدَ شَیْخُنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیُّ بِدَمِشْقَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَسَمِعَ مِنْ مَشَائِخِهَا وَقَدِمَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ مِنَ الْبَغْوِیْ وَالصَّیْرَفِیْنِیْ وَابْنَ الْمَسْلِمَةَ وَخَلْقٍ کَثِیْرٍ وَکَانَ ثِقَةً تَقِیّاً اَمْلاَ بِجَامِعِ الْمَنْصُوْرِ زِیَادَةً عَلٰی ثَلَاثِ مِائَةِ مَجْلِسٍ وَکَانَ اَبُو الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِیُّ یَقُوْلُ لاَ اَعْدَلُ بِهٖ اَحَداً مِنْ شُیُوْخِ خُرَاسَانَ وَعِرَاقَ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ عَنِ اثْنَتَیْنِ وَثَمَانِیْنَ سَنَةً وَثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''اسماعیل بن احمد بن عمر ابن اشعث ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابولفرج بن عبدالرحمٰن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمارے شیخ حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' دمشق کے اندر ۴۵۴ ہجری میں پیدا ہوئے۔وہاں کے مشائخ سے حدیث کا سماع کیا اور پھر بغداد آئے اور حضرت ''بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''صیرفینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا۔ یہ ثقہ تھے، تقی تھے۔ جامع منصور کے اندر ۳۰۰ سے زیادہ مجالس میں حدیث کی املاء کروائی۔ حضرت ''ابوالعلاء ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کہا کرتے تھے' خراسان اور عراق کے شیوخ میں سے کوئی بھی ان جیسا نہیں ہے۔ان کا انتقال ۵۳۶ ہجری میں ہوا،ان کی عمر ۸۲ سال اور ۳ مہینے تھی۔

بَابُ الْبَاءِ

(222)بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهِ اَبُوْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ وَيُقَالُ اَيْضاً اَبُوْ عَمْرٍو وَيُقَالُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَوْلَى اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''بلال بن رباح رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے، ان کی کنیت ''ابوعبدالکریم'' ہے، ایک قول کے مطابق ''ابوعمرو'' ہے، اور ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔ یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن ہیں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں۔

•••••••••••••••••••

(223)بَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهِ كُنْيَتُهُ اَبُوْ عَمَّارَةَ الْاَنْصَارِيُّ الْحَارِثِيُّ نَزَلَ بِالْكُوْفَةِ قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ قَالَ حَدَّثَنَا الْبَرَّاءُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ زُهَيْرٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقٍ عَنِ الْبَرَّاءِ قَالَ اسْتُصْغِرْتُ اَنَا وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت ''براء بن عازب رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' ان کی کنیت ''ابوعمارہ'' ہے۔ آپ انصاری ہیں، حارثی ہیں آپ کوفہ میں رہائش پذیر رہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے، آپ فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۵ غزوات میں شرکت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ حضرت ''زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت براء رضی اللہ عنہ کا بیان نقل کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جنگ بدر کے موقع پر میں اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما چھوٹے تھے۔

(224) بُرَيْدَةُ بْنُ حُصَيْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْاَعْرَجِ

مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَكَنَ الْمَدِيْنَةَ ثُمَّ تَحَوَّلَ اِلَى الْبَصْرَةِ ثُمَّ خَرَجَ مِنْهَا اِلٰى خُرَاسَانَ وَمَاتَ بِمَرْوَ سَمِعَ مِنْهُ اِبْنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَسُلَيْمَانُ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ مَاتَ اَبِيْ بِمَرْوَ فَدُفِنَ بِالْحِصْنِ وَهُوَ قَائِدُ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَنُوْرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ مَاتَ مِنْ اَصْحَابِيْ بِبَلْدَةٍ فَهُوَ قَائِدُهُمْ وَنُوْرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ الْبُخَارِيُّ مَاتَ فِيْ خِلَافَةِ يَزِيْدَ وَقَالَ غَيْرُهٗ مِنْ اَصْحَابِ التَّوَارِيْخِ مَاتَ بِمَرْوَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''بریدہ بن حصیب بن عبداللہ بن حارث بن اعرج رضی اللہ عنہ''

ان کا شمار رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں ہے، یہ مدینہ منورہ میں رہائش پذیر رہے، پھر یہ بصرہ میں تشریف لے گئے پھر وہاں سے خراسان چلے گئے اور مرو نامی علاقے میں ان کا انتقال ہوا۔ ان سے ان کے دونوں بیٹوں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' حضرت ''عبداللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میرے والد ''مرو'' میں فوت ہوئے، وہاں کے قلعہ میں ان کی تدفین ہوئی اور یہ قیامت کے دن اہل مشرق کے قائد ہونگے اور ان کا نور ہونگے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ'' کہتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میرے صحابہ میں سے جو شخص جس شہر میں مرے گا وہ قیامت کے دن اس شہر والوں کا قائد بھی ہوگا اور ان کے لئے نور بھی ہوگا

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' یہ یزید کے دورِ حکومت میں فوت ہوئے اور دیگر مؤرخین نے کہا ہے' یہ ۶۲ یا ۶۳ ہجری میں ''مرو'' نامی علاقے میں فوت ہوئے۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُمُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ مِنَ التَّابِعِيْنِ

ان تابعین کا ذکر، جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(225) بَهْزُ بْنُ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَاَبُوْ عَاصِمٍ وَمَرْوَانُ وَابْنُ الْمُبَارَكِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بہز بن حکیم بن معاویہ بن حیدہ قشیری بصری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''

ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' مروان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(227)بَیَانُ بْنُ بَشْرٍ اَبُوْ بَشْرٍ الْکُوْفِیُّ الْاَحْمَسِیُّ اَلْمُعَلِّمُ رَحِمَهُ اللّٰهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَنَساً وَالْمُغِیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ وَاَبُوْ مُعَاوِیَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت'' بیان بن بشر ابوبشر کوفی احمسی معلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت'' امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت انس اور مغیرہ رضی اللہ عنہما سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت'' ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(227)بَکْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هَلَالِ الْمُزَنِیِّ اَلْبَصَرِیِّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ وَاَنَساً وَقَالَ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ یَعْنِیْ وَمِائَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت'' بکر بن عبداللہ بن عمرو بن ہلال مزنی بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت'' امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت'' ابن عمر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت'' انس رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کا انتقال ۱۰۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ يَرْوِيْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مِنْ اَصْحَابِهٖ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(228)بَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ بَدْرِ الْحَلَبِيِّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بکر بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو بدر حلبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(229)بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بْنِ لَاحِقٍ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ الْبَصْرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ سَمِعَ مِنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ وَقَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بشر بن مفضل بن لاحق ابواسماعیل بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''داؤد ابن ابی ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور کہا ہے' مجھے حضرت ''محمد بن محبوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۸۷ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(230)بُكَيْرُ بْنُ مَعْرُوْفٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اَبُوْ مُعَاذٍ قَاضِيْ نَيْسَابُوْرَ قَالَ اَحْمَدُ لَيْسَ بِهٖ بَاْسٌ

(يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بکیر بن معروف رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابو معاذ رحمۃ اللہ علیہ'' نیشاپور کے قاضی تھے، حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ''لیس بہ باس '' (یہ مراتب تعدیل میں سے ایک مرتبہ ومقام ہے، حافظ ابن معین کے نزدیک اس سے مراد ثقہ ہے، دیگر اہل علم کے نزدیک بھی یہ الفاظ تعدیل کے لئے ہیں، لیکن ثقہ سے کمتر ہیں اور اس راوی کی حدیث حسن کے درجہ میں ہوگی، معجم: ۳۴۳)

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(231) بِلَالُ بْنُ اَبِیْ بِلَالٍ مَرْدَاسٌ الْفَزَارِیُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ قَالَ اِسْحَاقُ عَنْ جَرِیْرٍ عَنْ لَیْثٍ عَنْ بِلَالٍ الْفَزَارِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْاِسْلَامُ بَدَاَ غَرِیْبًا قَالَ الْبُخَارِیُّ مُرْسَلٌ وَرَوَى الْبُخَارِیُّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَسْبَاطٍ عَنِ السَّدِیِّ عَنْ بِلَالِ بْنِ مَرْدَاسٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اُمِّ سَلْمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَیْتِیْ فَاذْهَبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ مَعَ اَنَّهٗ شَیْخُ شَیْخِ الْبُخَارِیِّ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بلال بن ابی بلال مرداس فزاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے۔ اور کہا ہے' حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، حضرت ''بلال فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' اسلام غریب حالت میں شروع ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' حضرت ''علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''اسباط رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''سدی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''بلال بن مرداس رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں تو ان سے ناپاکی کو دور فرما دے۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ الشیوخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(232)بِشْر بْنُ زِيَادٍ

يَرْوِىْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بشر بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(233)بَشَّارُ بْنُ قِيْراطٍ

يَرْوِىْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بشار بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(234)بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْكَلَاعِي الْحَضَرَمِيُّ اِبْنُ الْقَاسِمِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ بُحَيْرَ بْنَ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ زِيَادِ الْاَلْهَانِيَّ قَالَ الْبُخَارِيُّ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ مُوْسٰى عَنْ رَابِحِ الْكُوْفِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ بَقِيَّةٌ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ فَبَقِيَّةٌ اَحَبُّ اِلَيَّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بقیہ بن ولید ابومحمد کلاعی حضرمی ابن القاسم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''بحیر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زیاد الہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''رابح کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے فرمایا: جب حضرت ''بقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' جمع ہو جائیں تو میری نگاہ میں حضرت ''بقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' زیادہ محبوب ہیں۔ انہوں نے فرمایا: ان کا انتقال ۱۷۷ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل کے اندران کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(235)بِشْرُ بْنُ مُوْسٰی بْنِ صَالِحٍ اَبُوْ عَلِیٍّ الْاَسَدِیّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ مِنْ رَوْحِ بْنِ عُبَادَةَ حَدِیْثاً وَاحِداً وَمِنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الْمَدَنِیْ حَدِیْثاً وَاحِداً وَسَمِعَ الْکَثِیْرَ مِنْ هَوْذَةَ بْنِ خَلِیْفَةَ وَخَلَّادِ بْنِ یَحْیٰی وَاَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِیْ وَخَلْفِ ابْنِ الْوَلِیْدِ وَاَبِیْ نُعَیْمِ الْفَضْلِ بْنِ دُکَیْنٍ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمُ الْخَطِیْبُ وَقَالَ وُلِدَ سَنَةَ تِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَرُبَمَا قَالَ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بشر بن موسیٰ بن صالح ابوعلی اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''روح بن عبادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے اور حضرت ''حفص بن عمر مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے اور حضرت ''ہوذہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس جماعت کے نام بھی ذکر کئے ہیں۔ اور کہا ہے' ان کی پیدائش ۱۹۰ ہجری کی ہے اور ایک قول کے مطابق ۱۹۱ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال ۲۸۸ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے روایت لی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(236)بِشْرُ بْنُ الْوَلِیْدِ الْقَاضِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ بِشْرُ بْنُ الْوَلِیْدِ بْنِ خَالِدٍ اَبُوْ الْوَلِیْدِ الْکِنْدِیْ سَمِعَ مَالِکَ بْنَ اَنَسٍ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سُلَیْمَانَ وَحَمَّادَ بْنَ زَیْدٍ وَصَالِحاً الْمُرِیَّ وَشَرِیْکاً وَعَبْدَ اللّٰهِ وَاَبَا یُوْسُفَ الْقَاضِیَ قَالَ الْخَطِیْبُ وَکَانَ اَحَدَ اَصْحَابِ اَبِیْ یُوْسُفَ وَاَخَذَ الْفِقْهَ عَنْهُ رَوٰی عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِیْدِ بْنِ اَبَانَ وَاَحْمَدُ ابْنُ الْقَاسِمِ الْبُرْتِیْ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْبَغْوِیْ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْیَنٍ وَکَانَ جَمِیْلَ الْمَذْهَبِ حَسَنَ الطَّرِیْقَةِ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِعَسْکَرِ الْمَهْدِیْ فِیْ جَانِبِ بَغْدَادَ الشَّرْقِیْ لَمَّا عَزَلَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیْ وَذٰلِکَ سَنَةَ سِتٍّ وَمِائَتَیْنِ فَاَقَامَ عَلٰی وِلَایَتِهٖ سَنَتَیْنِ ثُمَّ عَزَلَ وَوَلِیَ قَضَاءَ مَدِیْنَةِ الْمَنْصُوْرِ فِیْ سَنَةِ عَشَرٍ فَلَمْ یَزَلْ یَتَوَلّٰی اِلٰی اَنْ صَرَفَ عَنْهُ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَمِائَتَیْنِ قَالَ الْخَطِیْبُ شَکَا یَحْیَی بْنُ اَکْثَمَ اِلَی الْمَامُوْنِ وَقَالَ اِنَّهٗ لَا یَنْفُذُ قَضَائِیْ

وَكَانَ يَحْيَى قَدْ غَلَبَ عَلَى الْمَامُوْنِ فَاَقْعَدَهُ مَعَهُ فِيْ مَسْنَدِهٖ وَدَعَا بِشْرَ بْنَ الْوَلِيْدِ فَقَالَ لَهٗ يَحْيَى يَشْكُوْكَ وَيَقُوْلُ اِنَّكَ لَا تَنْفُذُ قَضَاءَهٗ فَقَالَ بِشْرٌ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ سَاَلْتُ عَنْهُ بِخُرَاسَانَ فَلَمْ يَحْمَدْ فِيْ بَلَدِهٖ وَجَوَارِهٖ فَصَاحَ بِهِ الْمَامُوْنُ وَقَالَ اُخْرُجْ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ يَحْيَى بْنُ اَكْثَم سَمِعْتَهٗ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاصْرِفْهُ عَنِ الْقَضَاءِ فَقَالَ الْمَامُوْنُ لَمْ يُرَاقِبْنِيْ فِيْكَ فَكَيْفَ اَصْرِفُهٗ فَلَمْ يَعْزِلْهُ قَالَ الْخَطِيْبُ وَرَوٰى بِاِسْنَادِهٖ اِلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْقَاضِيْ قَالَ كُنَّا نَكُوْنُ عِنْدَ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَكَانَ اِذَا وَرَدَتْ عَلَيْهِ مَسْئَلَةٌ مُشْكِلَةٌ يَقُوْلُ هَاهُنَا اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَيُقَالُ بِشْرٌ فَيَقُوْلُ اَجِبْ فِيْهَا فَاَجَبْتُ فَيَقُوْلُ التَّسْلِيْمُ لِلْفُقَهَاءِ سَلَامَةٌ فِى الدِّيْنِ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ يُصَلِّيْ كُلَّ يَوْمٍ مِاَتَيْ رَكْعَةٍ وَكَانَ يُصَلِّيْهَا بَعْدَمَا فَلَجَ وَقَالَ مَاتَ بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقَاضِيْ الْمَفْلُوْجُ صَاحِبُ اَبِيْ يُوْسُفَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَبَلَغَ عُمُرُهٗ سَبْعًا وَتِسْعِيْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''بشر بن ولید بن خالد ابوالولید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''صالح مری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے ہیں۔ اور ان سے فقہ بھی حاصل کی ہے۔

ان سے حضرت ''احمد بن ولید بن ابان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن قاسم برتی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو القاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن جعفر بن اعین رحمۃ اللہ علیہ''، نے روایت کی ہے۔ یہ بڑے جمیل المذہب تھے اور طریقت کو اچھی طرح جاننے والے تھے۔ مشرقی بغداد میں مہدی کے لشکر میں ۲۰۶ کو جب ''محمد بن عبدالرحمٰن مخزومی رحمۃ اللہ علیہ'' کو معزول کر دیا گیا تھا تو ان کو منصب قضاء سونپ دی گئی۔ ۲ سال تک یہ اپنی مسند پر فائز رہے پھر ان کو معزول کر دیا گیا اور ان کو مدینۃ المنصور کے منصب قضا پر ۲۱۰ ہجری میں فائز کر دیا گیا۔ پھر یہ مسلسل وہاں کے قاضی رہے اور ۲۱۳ ہجری کو وہاں سے ان کو معزول کر دیا گیا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے مامون کو شکایت لگائی اور کہا: یہ میرے فیصلے نافذ نہیں کرتے۔ اور ''یحییٰ'' مامون پر غالب تھا۔ اس نے اس کو اپنی مسند پر بٹھا لیا اور حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' کو بلایا اور کہا: یحییٰ تمہاری شکایت کر رہا ہے اور کہتا ہے' آپ اس کے فیصلے نافذ نہیں کرتے۔ حضرت ''بشر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: امیر المومنین! میں نے اس سے خراسان میں پوچھا لیکن پورے شہر میں اور اس کے قرب و جوار میں بھی کسی نے اس کی تعریف نہیں کی۔ اس بات پر مامون چیخ پڑا اور کہا: نکل جا۔ جب وہ نکل گئے تو حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اے امیر المومنین! آپ نے اس کی بات سنی ہے؟ آپ اس کو منصب قضاء سے فارغ کر دیں۔ مامون نے کہا: تیرے معاملے میں اس نے میرا لحاظ نہیں کیا ہے میں اس کو کس طرح معزول کر دوں تو اس نے معزول نہ کیا۔

"خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت "بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ" تک پہنچا کر کہا ہے' ہم حضرت "سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ" کے پاس تھے ان کے پاس جب کوئی مشکل مسئلہ آتا تو کہتے' یہاں پر حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے ایک "بشر" نامی شاگرد موجود ہیں، ان سے جا کر جواب لے۔ میں جا کر ان سے جواب لیتا تو وہ کہتے: مسائل فقہاء کے سپرد کرنا دین میں سلامتی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت "بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ" ہر دن ۲۰۰ رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ اور فالج ہو جانے کے بعد بھی ان کا یہ معمول جاری رہا اور فرمایا: حضرت "بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ" جن کو فالج ہو چکا تھا، یہ حضرت "امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ" کے شاگرد تھے۔ ان کا انتقال ۲۸۸ ہجری میں ہوا، ان کی عمر اس وقت ۹۷ برس تھی۔

(237) بَدْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَلَفِ بْنِ خَالِدِ بْنِ رَاشِدِ بْنِ الضَّحَّاكِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذَرِ الْقَاضِيُ الْكُوْفِيُ

قَالَ الْخَطِيْبُ نَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِیْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ وَهَارُوْنَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَطِيْعِيِّ وَاَبُوْ عَمْرِو بْنِ حَيْوةِ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ وَيُوْسُفُ الْقَوَّاسُ وَعَلِيِّ بْنِ عِيْسَى الْوَزِيْرِ وَغَيْرِهِمْ وَكَانَ ثِقَةً وَكَانَ مِنَ الْمُعَمَّرِيْنَ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاعِظُ اَخْبَرَنَا بَدْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيُ وَمَا كَتَبْتُ عَنْ شَيْخٍ اَسَنَّ مِنْهُ بَلَغَنِیْ اَنَّهٗ بَلَغَ مِائَةً وَسِتَّ عَشَرَةَ سَنَةً قَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ وَحَكَى الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهٖ اَنَّهٗ قَالَ رَكِبْتُ مَعَ اَبِیْ اِلَى عَامِلٍ لِلْمَامُوْنِ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَمِائَتَيْنِ وَرَكِبْتُ اِلَى الْوَزِيْرِ يَعْنِیْ عَلِيَّ بْنِ عِيْسَى سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت "بدر بن ہیثم بن خلف بن خالد بن راشد بن ضحاک بن نعمان بن عمرو بن نعمان بن منذر رحمۃ اللہ علیہ

یہ قاضی ہیں، کوفی ہیں، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ بغداد میں آئے اور یہاں پر انہوں نے حضرت "ابو کریب محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ہارون بن اسحاق قطیعی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوعمرو بن حیوہ رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "یوسف قواس رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "علی بن عیسیٰ وزیر رحمۃ اللہ علیہ" اور دیگر محدثین کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور یہ ثقہ تھے اور یہ معمرین (جن کی عمریں بہت لمبی ہوئیں، ان) میں سے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' حضرت "عمر بن احمد واعظ رحمۃ اللہ علیہ" کہتے ہیں' ہمیں حضرت "بدر بن ہیثم قاضی رحمۃ اللہ علیہ" نے یہ بات بتائی ہے اور میں نے اس سے زیادہ عمر رسیدہ بزرگ سے کوئی حدیث نہیں لکھی ہے، مجھے یہ بات پہنچی ہے' ان کی عمر ۱۱۶ برس تھی۔ اور ان کا انتقال ۳۱۷ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد کے ہمراہ یہ حکایت بھی بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' میں ۲۱۵ ہجری کو اپنے والد کے ہمراہ مامون کے ایک گورنر کے پاس گیا، اور میں ۳۱۵ ہجری کو وزیر یعنی حضرت "علی بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ" کے پاس گیا۔

بَابُ التَّاءِ

(238)تَمِیْمٌ بْنُ اَوْسِ الدَّارِیْ صَحَابِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیْ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَرَوٰی عَنْهُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ یَبْلُغُ هٰذَا الدِّیْنُ مَا بَلَغَ اللَّیْلُ وَقَالَ هُوَ اَخُ اَبِیْ هِنْدِ الدَّارِیْ نَزَلَ الشَّامَ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِیْ هٰذَا الْكِتَابِ

حضرت ''تمیم بن اوس داری صحابی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور اپنی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ دین وہاں تک پہنچ جائے گا جہاں تک رات پہنچتی ہے۔ اور فرمایا: وہ حضرت ''ابو ہند داری رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں شام میں ہائش پذیر رہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اس کتاب میں ان کا ذکر موجود ہے۔

(239)تمیم بنُ سَلْمَةِ السلمي الكوفي منَ التابعينَ

ذَكَرَهُ البخارِیْ فِیْ تارِیْخِهٖ قَالَ رَاٰی عبدَ اللّٰهِ بنِ الزُّبیرِ رَضیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَسَمِعَ مِنْهُ الْاَعْمَشُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''تمیم بن سلمہ سلمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں ان کا تذکرہ موجود ہے۔

(240)تَمَامُ بْنُ مِسْكِیْنٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَلَمْ یَذْكُرْهُ الْبُخَارِیْ وَلَا الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخَیْهِمَا

حضرت ''تمام بن مسکین رحمۃ اللہ علیہ

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید کے اندران کا ذکر بھی موجود ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر نہیں کیا ہے۔

•••••••••••••••••••

(141) تَمِيْمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ فِيْهَا وَلَمْ يَذْكُرَاهُ فِيْ تَارِيْخَيْهِمَا

حضرت تمیم بن منتصر رحمۃ اللہ علیہ

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کا ذکر بھی ان مسانید میں موجود ہے اور یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی روایات ان مسانید میں ذکر کی گئی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کی کتابوں میں ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔

•••••••••••••••••••

بَابُ الثَّاءِ

(241)ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَاسٍ صَحَابِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَرَوٰی حَدِیْثاً مُسْنَداً عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ نِعْمَ الرَّجُلُ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ ثَابِتُ ابْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَاسٍ قَالَ قَاتَلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ حَتّٰی قُتِلَ فِیْ عَهْدِ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ

حضرت ''ثابت بن قیس بن شماس صحابی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے ایک مسند حدیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر بہت اچھا آدمی ہے، عمر بہت اچھا آدمی ہے، ابوعبیدہ بہت اچھا آدمی ہے، اسید بن حضیر بہت اچھا آدمی ہے، ثابت بن قیس بن شماس (رضی اللہ عنہم اجمعین) بہت اچھا آدمی ہے۔

آپ فرماتے ہیں جنگِ یمامہ کے دن انہوں نے جنگ میں حصہ لیا اور حضرت ابوصدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں شہید ہوئے۔

•••••••••••••••••••

(243)ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ اللَّيْثِیُّ وَقِيْلَ الْخُشَنِیُّ صَحَابِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ اللَّيْثِیُّ لَهٗ صُحْبَةٌ وَرَوٰی عَنْهُ اَنَّهٗ أَسَرَّهٗ اَصْحَابُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ غُلَامٌ شَابٌ قَالَ وَقِيْلَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَهُوَ اَصَحُّ

حضرت ''ثعلبہ بن حکم لیثی رضی اللہ عنہ''

اور ایک قول کے مطابق یہ خشنی ہیں، صحابی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے حضرت ''ثعلبہ بن حکم لیثی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے ان کے بارے میں مروی ہے ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے گرفتار کرلیا تھا اور یہ نوجوان تھے، آپ فرماتے ہیں یہ بھی کہا گیا ہے یہ موقع جنگِ حنین کا ہے اور یہ زیادہ درست ہے۔

•••••••••••••••••••

(244) ثَابِتُ بْنُ اَبِیْ بُنْدَارِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ بُنْدَارٍ اَبُوْ الْمَعَالِیْ الدِّیْنُوْرِیْ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ کَانَ جَدُّهٗ اِبْرَاهِیْمُ حَمَامِیاً بِدَیْنُوْرَ فَسَمّٰی حَمَامِیّاً وَکَانَ یَسْکُنُ سُوْقَ مَارِسْتَانَ مِنْ بَغْدَادَ فَسَمِعَ الْکَثِیْرَ وَکَتَبَ بِخَطِّهٖ سَمِعَ اَبَا عَلِیِّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا بَکْرٍ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدٍ بْنِ غَالِبِ الْبُرْقَانِیْ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ الصَّیْرَفِیَّ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ اِبْنَیْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ الْمَلِكِ ابْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ وَجَمَاعَةً وَرَوٰی عَنْهُ اِبْنُهٗ یَحْیَی وَاَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیْ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِیْ وَابْنُ خُسْرُو الْبَلْخِیْ وُلِدَ سَنَةَ عَشَرَةَ وَاَرْبَعَ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَتِسْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''ثابت بن ابی بندار بن ابراہیم بن بندار ابوالمعالی دینوری رضی اللہ عنہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کے حضرت ''دادا ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' دینور میں حمامی تھے۔ انہی کی وجہ سے ان کو ''حمامی'' کہا جاتا ہے۔ یہ بغداد کے مارستان کے بازار میں رہتے تھے۔ انہوں نے بہت سارے بزرگوں سے احادیث کا سماع کیا ہے اور اپنے ہاتھ سے یہ سب کچھ لکھا ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن غالب برقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبداللہ بن احمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عثمان بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت ہے جن سے انہوں نے سماع کیا ہے۔ ان سے ان کے بیٹے حضرت ''یحیٰی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۴۱۰ ہجری کی ہے، ان کی وفات ۴۹۸ ہجری میں ہے۔

بَابُ الْجِيْم

(245)جَرِيْرٌ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ نَزَلَ الْكُوْفَةَ قَالَ الْبُخَارِيُّ (اَخْبَرَنَا) اَبُوْ نُعَيْمٍ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا دَنَوْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اَنَخْتُ رَاحِلَتِيْ وَحَلَّلْتُ عِيْبَتِيْ فَلَبِسْتُ حُلَّتِيْ فَدَخَلْتُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ

حضرت ''جریر بن عبداللہ ابو عمرو بجلی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ کوفہ کے اندر رہائش پذیر رہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے کہا ہے' ہمیں خبر دی ہے حضرت ''یونس بن ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''مغیرہ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''جریر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ خبر دی ہے، وہ فرماتے ہیں' جب میں مدینہ کے قریب آیا تو میں نے اپنی سواری کو بٹھالیا اور اپنا سامان والا صندوق کھولا اور اپنا قیمتی لباس پہنا اور پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے۔

••••••••••••••••••••

(246)جَابِرٌ بْنُ سَمُرَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ جَابِرٌ بْنُ سَمُرَةَ السَّوَائِيُّ نَزَلَ الْكُوْفَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ بْنُ الصَّبَاحِ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ سَمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ

حضرت ''جابر بن سمرۃ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' حضرت ''جابر بن سمرہ سوائی رضی اللہ عنہ'' کوفہ میں رہائش پذیر رہے۔ آپ بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''محمد بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''سماک رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں' میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ۱۰۰ سے زیادہ مرتبہ بیٹھا ہوں۔

••••••••••••••••••••

(247)جُنْدُبٌ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ حَضَرَ قِتَالَ اَهْلِ النَّهْرَوَانِ مَعَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰی خَبَرَهُمْ ثُمَّ رَوَاهُ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ

حضرت ''جندب بن عبداللہ الازدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، یہ اہل کوفہ میں سے ہیں، یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نہروان والی جنگ میں شریک ہوئے تھے اور وہاں کے حالات روایت کئے ہیں، پھر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں کی اسناد کے ہمراہ اس کو روایت کیا ہے۔

•••••••••••••••••••

(248)جَعْفَرٌ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِب

كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِیُّ قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَسَمِعَ مِنْهُ مَالِكٌ وَالثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ وَوُلِدَ بِالْحِجَازِ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ

(يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے، آپ ہاشمی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کا انتقال ۱۴۰ ہجری میں ہوا۔ اور یہ ۸۰ ہجری میں حجاز میں پیدا ہوئے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(249)جَعْفَرٌ بْنُ اَبِیْ طَالِبِ الطَّیَّارِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هَاجَرَ اِلَی الْحَبَشَةِ ثُمَّ هَاجَرَ اِلَی الْمَدِیْنَةِ وَقُتِلَ یَوْمَ مُؤْتَةَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''جعفر بن ابوطالب طیار رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے' انہوں نے حبشہ کی جانب ہجرت کی تھی، اور جنگ موتہ میں ان کا انتقال ہوا۔

•••••••••••••••••••

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

ان تابعین کا ذکر جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے

(250)جَبْلَةُ بْنُ سُحَیْمٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ کُوْفِیٌّ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ رَوٰی عَنْهُ مِسْعَرُ بْنُ کِدَامٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ یَحْیَی الْقَطَّانُ ثِقَةٌ کَانَ سُفْیَانُ وَشُعْبَةُ یُوْثِقَانِهٖ

(یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جبلہ بن سحیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے، یہ کوفی ہیں، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''یحیٰی بن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ ثقہ ہیں۔اورحضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ثقہ قرار دیا کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••

(251)جَوَّابُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ جَوَّابُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیُّ الْاَعْوَرُ الْکُوْفِیُّ سَمِعَ یَزِیْدَ بْنَ شَرِیْکٍ وَالْمَعْرُوْرَ بْنَ سُوَیْدٍ یَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیُّ وَمِسْعَرٌ وَقَالَ سُفْیَانُ رَاَیْتُهٗ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جواب بن عبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''جواب بن عبداللہ تیمی اعور کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یزید بن شریک رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''معروف بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابواسحاق شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے ان کی زیارت بھی کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••

(252) جَامِعُ بْنُ اَبِیْ رَاشِدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ جَامِعُ بْنُ اَبِیْ رَاشِدِ الصَّیْرَفِیُّ اَلْكُوْفِیُّ اَخُو الرَّبِیْعِ رَوٰی عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ وَزَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَرَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَقَالَ جَامِعٌ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَعْیُنٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جامع بن ابوراشد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے، اور کہا ہے' حضرت ''جامع بن ابوراشد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ کوفی ہیں، یہ حضرت ''ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، انہوں نے حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور فرمایا ہے: حضرت ''جامع بن ابوراشد رحمۃ اللہ علیہ'' میری نگاہ میں حضرت ''عبدالملک بن اعین رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ محبوب ہیں۔

٭ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

....

(253) جُوَیْبِرُ بْنُ سَعِیْدٍ الْكُوْفِیُّ

ذَكَرَهُ البخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ جُوَیْبِرُ بْنُ سَعِیْدِ الْبَلْخِیُّ یَعْنِی اَلْاَصْلَ الْمُفَسِّرِ صَاحِبُ الضَّحَّاكِ قَالَ لِیْ عَلِیٌّ قَالَ یَحْیٰی كُنْتُ اَعْرِفُ جُوَیْبِرَ ثِقَةً

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جویبر بن سعید کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''جویبر بن سعید بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یعنی بلخی الاصل ہیں اور مفسر ہیں، حضرت ''ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد ہیں۔ حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''یحیٰی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں حضرت ''جویبر رحمۃ اللہ علیہ'' کو ثقہ سمجھتا ہوں۔

٭ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

....

(254) جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ اَبُوْ صَخْرٍ الْمَحَارَبِیُ كُوْفِیْ سَمِعَ طَارِقَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْاَسْوَدَ بْنَ هِلَالٍ سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانَ عَشَرَةَ وِمَائَةً وَسَمِعَ حَمَّادَ بْنَ زَیْدٍ بِالْبَصْرَةِ وَسَمِعَ

صَفْوَانَ ابْنَ حَرْبٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''جامع بن شداد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''جامع بن شداد ابوصخر محاربی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں انہوں نے حضرت ''طارق بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسود بن ہلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۱۸ ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے بصرہ میں سماع کیا ہے اور حضرت ''صفوان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے بھی روایات نقل کی ہیں۔

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے اصحاب کا ذکر

(255) جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ الْعَامِرِىُّ اَلْكُوْفِىُّ سَمِعَ قَتَادَةَ وَحَجَّاجاً سَمِعَ مِنْهُ عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَقَاتِلٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جنادہ بن سلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''جنادہ بن سلم عامری رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عمران بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(256) جَارُوْدُ بْنُ يَزِيْدَ اَبُوْ عَلِىٍّ الْعَامِرِىُّ النَّيْسَابُوْرِىُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ جَارُوْدُ بْنُ يَزِيْدَ النَّيْسَابُوْرِىُّ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ وَكَانَ اِبْنُ اُسَامَةَ يَرْمِيْهِ بِالْكِذْبِ يَرْوِىْ عَنْ بَهْزٍ وَعُمَرَ بْنِ ذَرٍّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جارود بن یزید ابوعلی عامری نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا ذکر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''جارود بن یزید نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' منکر الحدیث ہیں اور حضرت ''ابن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو جھوٹا قرار دیا کرتے تھے اور حضرت ''بہز رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر بن زر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجو ہیں۔

----

(257) جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ جَرِيْرٌ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الضَّبِّیُّ الْكُوْفِیُّ الرَّازِیُّ سَمِعَ مَنْصُوْرَ بْنَ الْمُعْتَمِرِ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَقِيْلَ ثَمَانٍ وَقَالَ قَالَ جَرِيْرٌ وُلِدتُّ سَنَةَ مَاتَ الْحَسَنُ سَنَةَ عَشْرَةٍ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِیْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''جریر بن عبدالحمید ابوعبداللہ ضبی کوفی رازی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۸۷ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۸۸ ہجری میں ہوا۔ اور آپ نے فرمایا: حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میری پیدائش ۱۱۰ میں ہوئی۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

----

(258) جَعْفَرٌ بْنُ عَوْنٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ جَعْفَرٌ بْنُ عَوْنِ بْنِ جَعْفَرِبْنِ عَمْرِو ابْنِ حُرَيْثٍ اَبُوْ عَوْنِ الْمَخْزُوْمِیُّ الْكُوْفِیُّ الْقَرَشِیُّ الْحُرَيْثِیُّ قَالَ قَالَ عَبْدُ الصَّمَدِ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَتَيْنِ سَمِعَ اَبَا الْعُمَيْسِ وَيَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ وَهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَوَبَكِيْتَ ابْنَ اَبِیْ وَائِلٍ يُقَالُ عَنْ عَلِیٍّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جعفر بن عون رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''جعفر بن عون بن جعفر بن عمرو بن حریث ابوعون مخزومی، کوفی، قرشی، حریثی رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۲۰۷ ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ''ابوالعمیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''بکیت بن ابی وائل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••

(259) جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ السَّتْكِيُّ الْبَصْرِيُّ سَمِعَ اَبَا رَجَاءَ وَابْنَ سِيْرِيْنَ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ اِبْنُ مَحْبُوْبٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جریر بن حازم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ابونصر ازدی، ستکی، بصری، نے حضرت ''ابو رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' مجھے حضرت ''ابن محبوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۷۰ ہجری میں ہوا

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اپنی جلالت قدر کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(260) جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْبَاقِلَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كُنْيَتُهٗ اَبُو الْفَضْلِ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقِ الصَّاغَانِيِّ وَعَلِيِّ بْنِ دَاوُدَ الْقَنْطَرِيِّ وَاَحْمَدَ ابْنِ الْوَلِيْدِ النَّحَّامِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْاَسْكَافِيِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحِ الْمَدَائِنِيِّ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مَالِكِ الْقَطِيْعِيِّ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ جَعْفَرِ الْجَرَمِيُّ وَاَبُوْ الْفَضْلِ الزُّهْرِيِّ وَابْنِ شَاهِيْنَ وَيُوْسُفَ الْقَوَّاسِ

مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''جعفر بن محمد بن احمد بن ولید باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوالفضل'' ہے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن داؤد قنطری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ولید نحام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد اسکافی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن رواح مدائنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوبکر بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن جعفر جرمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفضل زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یوسف قواس رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے ،ان کا انتقال ۳۲۵ میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(261) جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ السَّكَنِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَارُ الْقَبْطَرِيُّ قَالَ ذَكَرَهُ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ الثَّلَاجِ وَقَالَ حَدَّثَ فِيْ سَنَةِثَمَانٍ وَعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَرْفَةَ

حضرت ''جعفر بن محمد بن حسن بن ولید بن سکن رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ صفار قبطری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں ،ان کا ذکر حضرت ''ابو القاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے ۳۲۸ ہجری میں حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔

•••••••••••••••••••

(262) جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَهْلِ الْحَافِظِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الدَّقَاقُ الدَّوْرِيُّ الْحَافِظُ حَدَّثَ عَنْ اَبِيْ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمَذِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْعَلَّافُ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْحَاقَ الْحَرَبِيِّ وَنَحْوِهِمْ فِي الطَّبَقَةِ وَرَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمِ وَابْنُ الْغَطْرِيْفِ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''جعفر بن علی بن سہل حافظ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابو محمد دقاق دوری رحمۃ اللہ علیہ'' حافظ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابواسماعیل ترمذی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زکریا علاف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن اسحاق حربی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے دوسرے محدثین سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن غطریف رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور ان کا انتقال ۳۳۰ میں ہوا۔

•••••••••••••••••••

(263)جَعْفَرٌ بْنُ مُحَمَّدٍاَبُوْ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ اَبِىْ عُبَيْدِ الْقَاسِمِ بْنِ سَلَامٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدٌ بْنُ مَخْلَدٍ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ

حضرت ''جعفر بن محمد ابومحمد وراق رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، ان کا انتقال ۱۷۱ میں ہوا۔

(264)جَعْفَرٌ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ اَبُوْ مُحَمَّدٌ الْمُقْرِئُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ السِّرَاجِ

سَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِىْ عَلِيِّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبِى الْقَاسِمِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِيْنَ وَاَبِىْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍالْخَلَالِ وَاَبِىْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عُمَرَ الْبَرْمَكِيِّ وَاَبِى الْحُسَيْنِ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ الْقَزْوِيْنِىْ وَاَبِى الْقَاسِمِ الْمُحْسِنِ بْنِ عَلِيِّ التَّنُوْخِىْ وَاَبِىْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ الْجَوْهَرِىْ وَجَمَاعَةٍ ذَكَرَهُمُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِىْ تَارِيْخِهٖ قَالَ وَسَافَرَ اِلٰى مَكَّةَ وَسَمِعَ بِهَا جَمَاعَةً وَدَخَلَ الشَّامَ فَسَمِعَ بِدَمِشْقَ اَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ الْعَزِيْزِ بِنِ اَحْمَدَ الْكَتَانِيَّ وَاَبَا بَكْرٍ الْخَطِيْبَ وَتَوَجَّهَ اِلٰى مِصْرَ فَسَمِعَ بِهَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الضَّرَابِ وَاَبَا اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ سَعِيْدٍ الْحَبَالَ وَغَيْرَهُمَا وَكَتَبَ الْكَثِيْرَ رَوٰى عَنْهُ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍبْنِ خُسْرَو الْبَلْخِىْ فِىْ مُسْنَدِهٖ وَهُوَ الْعَاشِرُ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْحَافِظُ وُلِدَ سَنَةَ سِتَّ عَشَرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''جعفر بن احمد بن حسین بن احمد بن جعفر ابومحمد مقری المعروف ابن سراج رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے بہت ساری احادیث حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم عبیداللہ بن عمر بن احمد بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن عمر برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین علی بن عمر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم محسن بن ولی تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہیں۔ ان کا ذکر حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کیا اور کہا ہے' یہ مکہ مکرمہ میں سفر کر کے گئے اور وہاں پر محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا، پھر یہ شام میں گئے اور وہاں پر حضرت ''ابومحمد عبدالعزیز بن احمد کتانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے دمشق میں سماع کیا، پھر یہ مصر گئے اور وہاں پر حضرت ''ابومحمد الحسن بن عبدالعزیز بن ضراب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن سعید حبال رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ دیگر محدثین سے سماع کیا ہے اور ان کے علاوہ بہت ساری احادیث بھی روایت کی ہیں۔

ان سے حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر روایات درج کی ہے، یہ ان مسانید میں دسویں مسند ہے۔ حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۴۱۶ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۰۰ ہجری میں ہوا۔

بَابُ الْحَاءِ

(265)اَلْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْهَاشِمِیُّ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ كَانَ بَيْنَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ طُهْرٌ وَاحِدٌ مَاتَ الْحَسَنُ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ وَقَدْ مَضٰى مِنْ اِمَارَةِ مُعَاوِيَةَ عَشَرُ سِنِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابو محمد ہاشمی رضی اللہ عنہ'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع کیا ہے اور کہا ہے' حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک طہر کا فاصلہ تھا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا انتقال ۵۱ ہجری میں ہوا۔ اس وقت حضرت ''معاویہ رضی اللہ عنہ'' کی امارت کے دس سال گزر چکے تھے۔

••••••••••••••••••••

(266)اَلْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ

قَالَ الْبُخَارِیُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِیُّ وَرَوٰى بِاِسْنَادِهٖ اِلَى عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الْمَنَامِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْنِ عَبَّاسٍ (رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا) فَقَالَ ذَكَرْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِیٍّ حِيْنَ رَاَيْتَهٗ فَقُلْتُ نَعَمْ وَاللّٰهِ ذَكَرْتُ تَلَفِّتَهٗ حِيْنَ يَمْشِیْ قَالَ اِنَّا كُنَّا نُشَبِّهُهٗ بِالنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُتِلَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَهُوَ اِبْنُ سَبْعٍ وَخَمْسِيْنَ سَنَةً وَقَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ قُتِلَ وَهُوَ اِبْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِيْنَ سَنَةً

حضرت ''امام حسین بن علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوعبداللہ ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی اسناد حضرت ''عاصم بن کلیب رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر ان سے والد سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب کے اندر دیکھا اور اس بعد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ اس خواب کا تذکرہ کیا تو انہوں نے کہا: آپ نے جب حضرت ''حسین بن علی رضی اللہ عنہ'' کو دیکھا تھا تو کیا آپ کو ان کا چہرہ یاد ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں اللہ کی قسم! جب وہ چلتے تھے تو ہم پیچھے مڑ مڑ کر ان کو دیکھتے تھے، انہوں نے کہا: ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جیسا قرار دیا کرتے تھے۔

عاشورہ کے دن آپ شہید ہوئے، ان کی عمر ۵۸ برس تھی۔ حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد اور پھر اپنے دادا سے روایت کیا ہے' جب آپ کی شہادت ہوئی تو اس وقت آپ کی عمر ۵۸ برس تھی۔

(267)حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبَسِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هَاجَرَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَاتَ بَعْدَ عُثْمَانَ بِاَرْبَعِيْنَ يَوْماً رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ''حذیفہ بن یمان ابوعبداللہ عبسی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب ہجرت کی تھی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چالیس دن بعد ان کا انتقال ہوا تھا۔

(268)حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ شَاعِرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيُّ النَّجَّارِيُّ اَلْخَزْرَجِيُّ اَلْمَدَنِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ''

یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شاعر تھے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوعبدالرحمٰن '' ہے، یہ انصاری، نجاری، خزرجی، مدنی ہیں۔

(269)حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

زَوْجَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَقِيْلَ سَنَةَ ثِنْتَيْنِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَكَانَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ تَحْتَ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيْ هٰكَذَا قَالَ قَتَادَةُ وَقَالَ عُقَيْلٌ عَنِ الزُّهْرِيْ خُنَيْسٌ وَكَذَا قَالَهٗ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِفَتْحِ الْخَاءِ وَكَسْرِ النُّوْنِ وَالْاَوَّلُ اَصَحُّ رَوٰى عَنْهَا اَخُوْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَجَمَاعَةٌ تُوُفِّيَتْ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ

ام المومنین سیدہ ''حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما''

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۳ ہجری میں ان سے نکاح کیا اور ایک قول کے مطابق ۲ ہجری میں اور اس سے پہلے یہ خنیس بن حذافہ سہمی کے نکاح میں تھیں۔ حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہی بیان کیا ہے۔

حضرت ''عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے روایت کیا ہے' ان کا نام '' خُنَیْس '' ہے۔ حضرت ''یونس بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے '' خَنِیْس '' ذکر کیا ہے۔ پہلا زیادہ درست ہے۔ سیدہ ''حفصہ رضی اللہ عنہا'' سے ان کے بھائی حضرت ''عبداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ آپ کا انتقال ۴۵ ہجری میں ہوا۔

(270) اَلْحَسَنُ بْنُ اَبِی الْحَسَنِ الْبَصَرِیْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ هُوَ الْحَسَنُ بْنُ اَبِی الْحَسَنِ الْبَصَرِیُّ اَبُوْ سَعِیْدٍ وَاِسْمُ اَبِی الْحَسَنِ یَسَارٌ مَوْلٰی زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ عَشَرٍ وَمِائَةٍ قَالَ شَرِیْكُ بْنُ مُوْسٰی سَمِعْتُ الْحَسَنَ یَقُوْلُ وُلِدتُّ لِسَنَتَیْنِ بَقِیَتَا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَقَالَ اَنَا یَوْمُ الدَّارِ اِبْنُ اَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً اَنْظُرُ اِلٰی طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حضرت ''حسن بن ابوحسن بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''حسن بن ابوالحسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابوسعید'' ہے۔ ابوالحسن کا نام ''یسار'' ہے۔ یہ حضرت ''زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۱۰ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''شریک بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' جب میری پیدائش ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کے ابھی دو سال رہتے تھے اور کہا: میں ''یوم الدار'' کو ۱۴ سال کا تھا۔ میں نے حضرت ''طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ'' کی زیارت کی ہے۔

•••••••••••••••••••••

(271) حُمَیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْیَرِی الْبَصَرِیْ اَلْفَقِیْہُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ کَانَ حُمَیْدٌ اَعْلَمُ اَھْلِ الْبَصْرَةِ قَبْلَ مَوْتِہٖ بِعِشْرِیْنَ سَنَةً رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''حمید بن عبدالرحمٰن حمیری بصری فقیہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''حمید رحمۃ اللہ علیہ'' پورے اہلِ بصرہ میں سب سے بڑے عالم ہیں، حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی وفات سے بیس سال پہلے بات کہی تھی۔

•••••••••••••••••••••

(272) حَارِثُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ بْنِ اَبِیْ ذُبَابِ الدَّوْسِیُّ اَلْحِجَازِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی بَعَثَہٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مُصَدِّقاً وَسَمِعَ اَبَا ھُرَیْرَةَ رَوٰی عَنْہُ یَزِیْدُ بْنُ ھُرْمُزَ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''حارث بن مغیرہ بن ابوذباب دوسی حجازی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کو زکوٰۃ وصول کرنے کی ذمہ داری دے کر بھیجا

تھا، انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''یزید بن ہرمز رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(273) اَلْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ رَوٰی عَنْهُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْحَسَنِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(274) اَلْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَعُبَیْدَ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ سَمِعَ مِنْهُ عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ وَالزُّهْرِیُّ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حسن بن محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبیداللہ بن ابی رافع رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(275) اَلْحَسَنُ بْنُ سَعْدِ بْنِ مَعْبَدٍ مَوْلٰی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ الْهَاشِمِیُ الْکُوْفِیُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْهِ رَی عَنْهُ الْمَسْعُوْدِیُ وَعُتْبَةُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِاللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن سعد بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں، ہاشمی ہیں، کوفی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عتبہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

٭ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(276) اَلْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّلَمِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ رَوٰى عَنْ اِبْنِ كَثِيْرٍ وَيَرْوِىْ عَنْهُ قَتَادَةُ رَحِمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن عبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

٭ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(277) اَلْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ اَللَّيْثِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ رَوٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَوٰى عَنْهُ عِمْرَانُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِىْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن عبداللہ بن مالک بن حویرث لیثی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے، اپنے دادا سے روایت کیا ہے' اور ان سے حضرت ''عمران بن ابان واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

٭ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(278)حُمَیْدُ بْنُ قَیْسِ الطَّوِیْلُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ اَبُوْ صَفْوَانَ مَوْلٰی بَنِیْ اَسَدٍ ابْنِ عَبْدِ الْعُزّٰی الْاَعْرَجُ الْمَکِیُّ بْنُ قُرَیْشٍ اَخُ عُمَرَ بْنِ قَیْسٍ قَالَ سَمِعَ مُجَاھِدًا وَعَطَاءَ رَوٰی عَنْہُ مَالِکُ بْنُ اَنَسٍ وَالثَّوْرِیُّ وَقَالَ کُنَّاہُ اِبْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنْہُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حمید بن قیس طویل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ صفوان بنی اسد بن عبدالعزیٰ اعرج مکی بن قریش کے آزاد کردہ ہیں، یہ ''عمر بن قیس'' کے بھائی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ان کی کنیت ''ابوالاسود'' ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••

(279)حَمَّادُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمَانَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ ھُوَ حَمَّادُ بْنُ مُسْلِمٍ سَمِعَ اَنَساً وَاِبْرَاھِیْمَ رَوٰی عَنْہُ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَۃُ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَۃَ عِشْرِیْنَ وَمِائَۃٍ وَھُوَ مَوْلٰی اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کُنِیَّتُہٗ اَبُوْ اِسْمَاعِیْلَ کَنَّاہُ مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ قَالَ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ شُعَیْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرَاھِیْمَ یَقُوْلُ لَقَدْ سَاَلَنِیْ ھٰذَا یَعْنِیْ حَمَّاداً مِثْلَ مَا سَاَلَنِیْ جَمِیْعُ النَّاسِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَھُوَ اُسْتَاذُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ لَزِمَہٗ اِلٰی آخِرِ عُمُرِہٖ وَاَخَذَ مِنْہُ الْفِقْہَ وَھُوَ اَخَذَہٗ مِنْ اِبْرَاھِیْمَ النَّخْعِیِّ وَاِبْرَاھِیْمُ اَخَذَہٗ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَھُمْ اَخَذُوْہُ مِنْ فُقَھَاءِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَاَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَیَرْوِیْ عَنْہُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حماد بن ابوسلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''حماد بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''انس رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابراہیم رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ہوا۔ یہ حضرت ''ابو

موسیٰ رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ تھے، آپ کہتے ہیں'ان کی کنیت ''ابواسماعیل'' تھی اوران کی کنیت ''موسیٰ بن اسماعیل'' نے رکھی تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ حضرت ''شعبہ بن حجاب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے'اس نے یعنی حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھ سے اسی طرح سوال کیا ہے جس طرح تمام لوگوں نے سوال کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے استاذ ہیں، آخری عمر میں یہ ان کے ساتھ رہے ہیں، اوران سے فقہ حاصل کی ہے اورانہوں نے حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے فقہ حاصل کی ہے اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں سے حاصل کی ہے۔اورانہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فقیہ صحابہ کرام سے حاصل کی ہے یعنی حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''، امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

....

(280)حَکَمُ بْنُ عُتَیْبَۃَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ ھُوَ مَوْلٰی اِمْرَاَۃٍ مِنْ کِنْدَۃَ قَالَ وَقَالَ مَعْقَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ کُنْیَتُہٗ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْکُوْفِیُّ سَمِعَ اَبَا جُحَیْفَۃَ وَرَاٰی زَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ سَمِعَ مِنْہُ شُعْبَۃُ وَمَنْصُوْرٌ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَۃَ خَمْسَ عَشَرَۃَ وَمِائَۃٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنْہُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ کندہ کی ایک خاتون کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''معقل بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'ان کی کنیت ''ابومحمد'' ہے، یہ کوفی ہیں۔

انہوں نے حضرت ''ابو جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور ان سے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'ان کا انتقال ۱۱۵ ہجری میں ہوا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

....

(281)حَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ خَالُ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ سَلْمَةَ وَسَالِمٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَ عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا اِبْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ خَالِهٖ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعَمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ طَرِيْقِ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ يُوْشِكُ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ كَاَنَّهُمْ قِطَعُ سَحَابٍ خِيَارُ مَنْ فِي الْاَرْضِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حارث بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ''ابن ابی ذئب'' کے ماموں ہے اور انہوں نے حضرت ''ابو سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''عمر بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، اپنے ماموں حضرت'' حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن جبیر بن مطعم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد کے واسطے سے بیان کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں' ہم مکہ اور مدینہ کے راستے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس کچھ یمنی لوگ آئیں گے یہ اس طرح ہوتے ہیں گویا کہ بادلوں کے ٹکڑے ہوں، وہ روئے زمین پر سب سے افضل ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(282)حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ اَرْطَاةٍ الْكُوْفِيُّ اَلنَّخْعِيُّ سَمِعَ عَطَاءً وَرَوٰى عَنْهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ قَالَ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ كَانَ شُعْبَةُ يُدَلِّسُهٗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''حجاج بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہیں' حضرت ''ابوارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں، نخعی ہیں، انہوں نے حضرت ''عطا رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' تدلیس کیا کرتے تھے۔

****

(282)حَبِيْبُ بْنُ اَبِىْ عَمْرَةِ الْقَصَّابِ

يُعَدُّ فِى الْكُوْفِيِّيْنَ وَرَوَى الْبُخَارِىُّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبیب بن ابی عمرۃ القصاب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا شمار کوفیین میں ہوتا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ ان سے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(284)حَبِيْبُ بْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ حَبِيْبُ بْنُ قَيْسِ بْنِ دِيْنَارٍ اَبُوْ يَحْيَى الْكُوْفِىُّ مَوْلًى لِبَنِىْ اَسَدٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَابْنَ عُمَرَ سَمِعَ مِنْهُ الْاَعْمَشُ وَالثَّوْرِىُّ وَعَطَاءُ بْنُ اَبِىْ رَبَاحٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ عَلِىٍّ مَاتَ فِىْ رَمَضَانَ سَنَةَ تِسْعَ عَشَرَةَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبیب بن ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''حبیب بن قیس بن دینار ابو یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں، بنی اسد کے آزاد کردہ ہیں، انہوں نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے، ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء بن ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''ابوبکر بن ابی علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۱۷ ہجری کو ماہِ رمضان میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(285)حُكَيْمُ بْنِ جُبَيْرٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ حُكَيْمُ بْنُ جُبَيْرِ الْاَسَدِىُّ رَوٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَاِبْرَاهِيْمَ وَرَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِىُّ قَالَ كَانَ شُعْبَةُ يَتَكَلَّمُ فِيْهِ قَالَ كَانَ اَبُوْهُ مَوْلًى لِبَنِىْ اُمَيَّةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حکیم بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حکیم بن جبیر اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کلام کیا جاتا تھا۔ آپ کہتے ہیں' ان کے والد بنی امیہ کے آزاد کردہ تھے۔

❀ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْہُ شُیُوْخُ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے شیوخ روایت کرتے ہیں

(286) حَارِثُ بْنُ سُوَیْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ اَبُوْ عَائِشَۃَ التَّیْمِیُّ الْکُوْفِیُّ یَرْوِیْ عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ اِبْرَاھِیْمُ التَّیْمِیُّ اِنْ کَانَ الرَّجُلُ مِنَ الْحَیِّ لَیَجِیْءُ الْحَارِثَ ابْنَ سُوَیْدٍ فَیَسْکُتُ فَیَدْخُلُ بَیْتَہٗ

حضرت ''حارث بن سوید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوعائشہ'' ہے، یہ تیمی ہیں، کوفی ہیں۔ یہ حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' اگر قبیلے کا کوئی شخص حضرت ''حارث بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آتا اور ان کو گالی دیتا تو یہ چپ رہتے اور (خاموشی سے) اپنے گھر چلے جاتے۔

(287) حِمْرَانُ بْنُ اَبَانَ

مَوْلٰی عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَلْقَرَشِیُّ اَلْاُمَوِیُّ اَلْمَدَنِیُّ سَمِعَ عُثْمَانَ سَمِعَ مِنْہُ عُرْوَۃُ بْنُ الزُّبَیْرِ وَعَطَاءُ بْنُ یَزِیْدَ وَاَبُوْ سَلْمَۃَ وَجَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ وَمَعَاذُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالْحَسَنُ وَالْوَلِیْدُ قَالَ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَمَنْ رَوٰی عَنْہُ فَلَمْ یَذْکُرْ سِمَاعاً

حضرت ''حمران بن ابان رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں، قرشی ہیں، اموی ہیں، مدنی ہیں۔ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے سماع

کیا ہے۔ ان سے حضرت ''عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جامع بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''معاذ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ولید رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور ان سے جن لوگوں نے روایت کی ہے ان کا ذکر سماع کے لفظ ساتھ ذکر نہیں کیا۔

•••••••••••••••••••

(288) حِبَّةُ الْعُرْنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حِبَّةُ بْنُ جَوَيْنِ الْعَرَنِيُّ اَلْكُوْفِيُّ سَمِعَ عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰى عَنْهُ سَلْمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ وَثَابِتُ بْنُ جُرْمَزٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَبِىْ سَلْمَةَ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبہ عرنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر حضرت ''حبہ بن جوین عرنی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکر کیا ہے۔ یہ کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثابت بن جرمز رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ابوسلمہ کے واسطے سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(289) حرَقُوْسُ بْنُ بِشْرٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَرَقُوْشُ بِالشِّيْنِ اَبُوْ بِشْرٍ قَالَ وَيُقَالُ حَرَقُوْصُ بِالصَّادِ رَوَىٰ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰى عَنْهُ الْهَيْثَمُ بْنُ بَدْرٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حرقوش بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' اور کہا ہے' یہ ''حرقوش بن ابوبشر'' حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کو ''حرقوس'' بھی کہا جاتا ہے۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ہیثم بن بدر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کردہ احادیث ان

مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(290)حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ اَبُوْ اِسْمَاعِیْلَ الْاَزْرَقُ مَوْلٰی آلِ جَرِیْرِ بْنِ حَازِمِ الْجَھْضَمِیُّ الْاَزْدِیُّ الْبَصْرِیُّ سَمِعَ ثَابِتاً وَاَیُّوْبَ قَالَ قَالَ اِبْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ مَاتَ سَنَۃَ تِسْعٍ وَّسَبْعِیْنَ وَمِائَۃٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ اَخْبَرَنَا عَمَّارٌ قَالَ اِبْنُ الْمُبَارِکِ

اَیُّھَا الطَّالِبُ عِلْماً .. أیتِ حَمَادَ بْنَ زَیْدٍ

وَاقْتَبِسْ عِلْماً بِحِلْمٍ .. ثُمَّ قَیِّدْہُ بِقَیْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ سُلَیْمَانُ بْنُ حَارِثٍ قَالَتْ اُمُّ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ اَوْ عَمَّتُہٗ قَالَتْ اِحْدَاھُمَا وُلِدَ فِیْ زَمَنِ سُلَیْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِکِ وَقَالَتِ الْاُخْرٰی فِیْ زَمَنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ قَالَ قَالَ سُلَیْمَانُ بَیْنَ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ وَبَیْنَ مَالِکِ بْنِ اَنَسٍ سَنَۃً اَوْ سَنَتَانِ فِی الْمَوْلِدِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَھُوَ مِمَّنْ یَرْوِی الْکَثِیْرَ عَنِ الاِمَامِ اَبِی حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''حماد بن زید ابو اسماعیل ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' آل جریر بن حازم جہضمی، ازدی، بصری کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۷۹ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''عمار رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ خبر دی ہے' حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ''اے علم کے طلبگار تو حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آ اور اس سے علم، حلم کے سمیت حاصل کر پھر اس کو محفوظ کر لے''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابونعمان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ام حماد بن زید اور ان کی پھوپھی میں سے ایک کہتی ہیں کہ یہ سلیمان بن عبد الملک کے دورِ حکومت میں پیدا ہوئے اور دوسری کہتی ہیں: حضرت ''عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کہتے ہیں' سلیمان نے کہا ہے' حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' کے درمیان پیدائش کے حوالے سے ایک یا دو سال کا فرق ہے

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان لوگوں میں سے ہیں کہ جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ

بہت ساری احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(291)حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ ابُوْ أُسَامَةِ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ وَهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ نَسَبَهٗ قُتَيْبَةُ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَمِائَتَيْنِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن اسامہ ابواسامہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے'انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، ان کا نسب حضرت ''قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے اوران کی وفات ۲۰۱ ہجری میں ہوئی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(292)حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ النَّصِيْبِيُّ

مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ رَوٰى عَنْ سُوَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن زید نصیبی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ منکرالحدیث ہیں، یہ حضرت ''سوید بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••••

(293)حَمَّادُ بْنُ يَحْيٰى

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَمَّادُ بْنُ يَحْيٰى اَبُوْ بَكْرٍ الْاَبَح قَالَ اِبْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنِ ابْنِ مَهْدِيّ كَانَ مِنْ شُيُوْخِنَا

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے'حماد بن یحییٰ ابوبکر الابح ہیں۔ حضرت ''ابن ابی اسود

رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کہا' یہ ہمارے شیوخ میں سے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(294)حَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيّ اَلْكُوْفِيُّ سَمِعَ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ قَالَ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيّ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ هُوَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ وَجَدُّهٗ صَالِحُ بْنُ حَيّ الْهَمْدَانِيُّ وَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ صَالِحِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ حَيَّانَ وَحَيٌّ لَقَبُ مُسْلِمٍ وَهُوَ مِنْ ثَوْرِ هَمْدَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ كَنَّاهُ شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ وَكِيْعٌ وُلِدَ سَنَةَ مِائَةٍ وَقَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن صالح بن حی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حسن بن صالح بن حی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں، انہوں نے حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''عبدالواحد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن حی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کا بیان نقل کیا ہے، وہ کہتے ہیں' یہ حضرت ''حسن بن صالح بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور ان کے دادا حضرت ''صالح بن حی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

حضرت ''حسن بن صالح بن صالح بن مسلم بن حیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ''حی'' مسلم کا لقب ہے، یہ ہمدان کے محققین میں سے تھے، یہ حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، ان کی کنیت حضرت ''شعیب بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی پیدائش ۱۰۰ ہجری میں ہوئی ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۶۸ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(295)اَلْحَسَنُ بْنُ عَمَّارَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَلْحَسَنُ بْنُ عَمَّارَةَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى بُجَيْلَةَ يَرْوِىْ عَنِ الْحَكَمِ وَقَالَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّضْرَ بْنَ شُمَيْلٍ عَنْ شُعْبَةَ اَفَادَنِى الْحَسَنُ بْنُ عَمَّارَةَ قَالَ اَحْسِبُهٗ قَالَ سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْ حَفِظَهٗ قَالَ

قَالَ يَحْيىٰ بْنُ بُكَيْرٍ مَاتَ سَنَةَ ثَلاَثٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰه وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ''

جو کہ ان مسانید میں سے پہلی مسند کو جمع کرنے والے ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت'' عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث بن خلیل کلاباذی الفقیہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کو حضرت'' عبداللہ الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے پہچانا جاتا تھا، یہ عجائب وغرائب کے مالک تھے، انہوں نے حضرت'' ابوالموجہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' یحییٰ بن ساسویہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' محمد بن فضل بلخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' فضل بن محمد شعرانی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' حسین بن فضل بجلی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' محمد بن یزید الکلاباذی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' عبداللہ بن واصل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' سہل بن متوکل حمدویہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' علی بن حسین بن جنید رازی، رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' موسیٰ بن ہارون حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت'' محمد بن علی بن زید صائغ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے حدیث روایت کی ہے، یہ کئی مرتبہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حدیث کا درس دیا۔ ان سے حضرت'' ابوالعباس احمد بن عقدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' ابوبکر بن آدم کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' ابوبکر بن جعابی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' احمد بن محمد بن یعقوب کاغدی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' اور بخاریٰ کے دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۲۵۸ ہجری میں ماہِ ربیع الاول کی ۴ تاریخ کو ہوئی اور ان کا انتقال ۳۴۰ ہجری ماہِ شوال کی ۲۵ تاریخ کو جمعہ کے دن ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: جس نے ان کی اس مسند کا مطالعہ کیا ہے جو انہوں نے حضرت'' حضرت'' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے جمع کی ہے وہ علم حدیث کے اندر ان کے تبحر علمی کا اندازہ لگا سکتا ہے اور طرق اور متون کی معرفت کے حوالے سے ان کے احاطے کا اندازہ لگا سکتا ہے۔

****

(660) بُوْ اَحْمَدِ بْنِ عَدِيٍّ

صَاحِبُ الْـمُسْنَدِ السَّادِسِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ • وَهُوَ اِمَامُ اَئِـمَةِ الْحَدِيْثِ صَاحِبُ (كِتَابِ الْكَامِلِ فِیْ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيْلِ)

حضرت'' ابواحمد بن عدی رحمۃ اللہ علیہ''

ان مسانید میں سے چھٹی مسند ان کی تالیف کی ہے۔ یہ ائمہ حدیث کے امام ہیں اور کامل فی الجرح والتعدیل کے مصنف ہیں۔

****

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(661)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْخَلَالُ اَبُوْ الْقَاسِمِ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ اَبَا طَاهِرٍ الْمُخْلِصِ وَاَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ الصَّيْدَلَانِيَّ * قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ صَدُوْقاً وَسَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخ شَيْخِ ابْنِ خُسْرَو فِيْ مُسْنَدِ الْحَسَنِ بْنِ زِيَادٍ*

حضرت ''عبداللہ بن محمد بن حسن خلال ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'انہوں نے حضرت ''ابوطاہر مخلص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن عمران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوقاسم صیدلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے اور یہ صدوق تھے ،اور میں نے ان کی پیدائش کے بارے میں ان سے پوچھا: تو انہوں نے کہا: میری پیدائش ۳۵۰ ہجری کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ کے شیخ ہیں ،ان کی مسند میں ان کا ذکر موجود ہے۔

****

(662)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَبْنِ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُو الْحَسَنِ الْعَدْلُ

الْمَعْرُوْفِ بِابْنِ خَمْسَةَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَسَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ الْحُسَيْنِ الْمُحَامَلِيَّ وَالْحُسَيْنَ بْنَ يَحْيٰى الْقَطَّانَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ الْمِصْرِيَّ وَعَبْدَ الْغَافِرِ بْنَ سَلَامَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوْبَ وَاَبَا الْعَبَّاسِ بْنَ عُقْدَةَ* مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

وَقِيْلَ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْخَلَالُ الْمَذْكُوْرِ مُسْنَدِ الْحَسَنِ بْنِ زِيَادٍ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد بن محمد ابوالحسن العدل رحمۃ اللہ علیہ''

آپ ''ابن خمسہ'' کے نام سے مشہور تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے'انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حسین محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حسین بن یحییٰ القطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن اسحاق مصری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالغافر بن سلامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۳۹۷ ہجری میں ہوا۔ اور ایک قول کے مطابق ۳۹۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: خلاّل مذکور نے ان سے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' والی مسند کے اندر روایت ذکر

کی ہے۔

----

(663)عِیْسٰی بْنُ اَبَانَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عِیْسَی بْنُ اَبَانَ بْنِ صَدَقَةَ اَبُوْ مُوْسٰی صَحِبَ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیَّ* وَتَفَقَّهَ وَاسْتَخْلَفَهُ یَحْیَی بْنُ اَکْثَمٍ عَلَی الْقَضَاءِ بِعَسْکَرِ الْمَهْدِیِّ وَقْتَ خُرُوْجِهٖ مَعَ الْمَاْمُوْنِ اِلٰی فَمِ الصُّلْحِ فَلَمْ یَزَلْ عَلٰی عَمَلِهٖ اِلٰی اَنْ رَجَعَ یَحْیٰی ثُمَّ وَلِیَ عِیْسٰی قَضَاءَ الْبَصْرَةِ وَعَزَلَ اِسْمَاعِیْلَ بْنَ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ سَنَةَ اِثْنَتَیْ عَشْرَةَ وَمِائَتَیْنِ فَلَمْ یَزَلْ بِهَا حَتّٰی مَاتَ وَقَدْ اَسْنَدَ الْحَدِیْثَ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ جَعْفَرٍ وَهُشَیْمٍ وَیَحْیٰی بْنِ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَةٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیِّ رَوٰی عَنْهُ الْحَسَنُ بْنُ سَلَامٍ السَّوَّاقُ وَغَیْرُهٗ * مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَعِشْرِیْنَ وَمِائَتَیْنِ*

حضرت ''عیسیٰ بن ابان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''عیسیٰ بن ابان بن صدقہ ابوموسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب تھے۔ان سے فقہ حاصل کی اور حضرت ''یحیٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' کومہدی کے لشکر میں قضاء پر اپنا خلیفہ بنایا ،جس وقت یہ'' فم الصلح ''(واسط کے بالائی علاقہ میں ایک بڑی نہر کا نام ہے) کی جانب مامون کے ہمراہ نکلے تھے، یہ ان کے عمل میں مسلسل گامزن رہے یہاں تک کہ حضرت ''یحیٰ رحمۃ اللہ علیہ''لوٹ کر آ گئے ، پھر بصرہ کی قضاء پر حضرت ''عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کوقائم کیا اور حضرت '' اسماعیل بن حماد ابن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو۲۱۲ ہجری میں معزول کر دیا ، یہ اپنی وفات تک مسلسل وہاں پر رہے ، حضرت ''اسماعیل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحیٰ بن زکریا بن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے مسنداحادیث روایت کی ہیں ۔حضرت ''حسن بن سلام سواق رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے ان سے روایت کی ہے، ان کا انتقال ۲۲۱ ہجری میں ہوا۔

----

(664)عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ حَیَّانَ بْنِ عَمَّارٍ

کَذَا ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ کُنْیَتُهٗ اَبُوْ الْحُسَیْنِ مَرْوَزِیُّ الْاَصلِ* سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ بَکَّارٍ وَمَحْمُوْدَ بْنَ غَیْلَانَ وَیَحْیٰی بْنَ عُثْمَانَ الْجَرِیْرِیَّ وَهَارُوْنَ بْنِ اَبِیْ هَارُوْنِ الْعَبَدِیَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ صَالِحِ التِّرْمَذِیَّ * رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَمُکَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ حُمَیْدٍ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَائِذٍ وَمُحَمَّدُ ابْنُ الْحَسَنِ الْقَطِیْعِیُّ* مَاتَ سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

حضرت ''علی بن حسن بن حیان بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے، اور کہا ہے' ان کی کنیت ''ابوالحسین'' ہے، یہ اصلاً مروزی ہیں

۔ انہوں نے حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمود بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن عثمان جریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابن ابی ہارون عبدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن صالح ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''محمد بن حمید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالملک بن عائذ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۵۰ ہجری میں ہوا۔

****

(665) اَبُوْ الْقَاسِمِ ابْنِ الثَّلاَجِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ مِهْرَانَ الْبَخْتَرِيُّ اَبُوْ الْقَاسِمِ الشَّاهِدُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الثَّلاَجِ هُوَ حَلْوَانِيُّ الْاَصْلِ * حَدَّثَ عَنْ اَبِي الْقَاسِمِ الْبَغَوِيِّ وَاَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَبِىْ دَاوٗدَ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ وَاَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبَهْلُوْلِ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغَلَّسِ وَيَحْيٰى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَمَنْ فِىْ طَبَقَتِهِمْ * وَتُوُفِّىَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلاَثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''ابوالقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبداللہ ابن ابراہیم بن عبید بن زیاد بن مہران بختری ابوالقاسم شاہد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں جو کہ ''ابن ثلاج'' کے نام سے مشہور تھے، یہ اصل میں حلوانی ہیں۔

انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن مغلس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس طبقے کے دیگر محدثین سے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۸۷ ہجری میں ہوا۔

****

(666) اِبْنُ اَبِىْ الدُّنْيَا

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ قَيْسٍ اَبُوْ بَكْرِ الْقَرَشِيِّ مَوْلٰى بَنِىْ اُمَيَّةَ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اَبِى الدُّنْيَا صَاحِبُ الْكُتُبِ الْمُصَنَّفَةِ فِىْ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ * سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيَّ وَسُلَيْمَانَ بْنَ الْمُنْذِرِ وَخَالِدَ ابْنَ خِدَاشٍ وَعَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَخَلْفَ بْنَ هِشَامِ الْبَزَّارِ وَمُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرَ الْاَرْكَانِيَّ وَجَمَاعَةً فِىْ طَبَقَتِهِمْ وَدُوْنَهُمْ * رَوٰى عَنْهُ الْحَارِثُ بْنُ اَبِىْ اُسَامَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ خَلْفٍ وَجَمَاعَةٌ كَثِيْرَةٌ * وَكَانَ اِبْنُ اَبِى الدُّنْيَا مُؤَدِّبُ عِدَةٌ مِنْ اَوْلاَدِ الْخُلَفَاءِ * مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَبَلَغَنِىْ اَنَّ مَوْلِدَهٗ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّمِائَتَيْنِ *

حضرت ''ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن محمد بن سفیان بن قیس ابوبکر قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ بنی امیہ کے آزاد کردہ ہیں اور حضرت'' ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور تھے۔ زہد اور رقائق کے بارے میں بہت ساری تصانیف ہیں۔ انہوں نے حضرت'' سعید بن سلیمان واسطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان بن منذر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' خالد ابن خداش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' خلف بن ہشام بزار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جعفر ارکانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ ان طبقے کے اور بعد کے طبقے کے کثیر محدثین سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت'' حارث بن ابی اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن خلف محدثین رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ حضرت ''ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ'' مودب ہوا کرتے تھے اور خلفاء کی اولاد میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کا انتقال ۲۸۱ ہجری میں ہوا۔ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے' ان کی پیدائش ۲۰۸ ہجری کی ہے

---

(667) عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدِ الْقَاضِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی ابْنِ زِیَادٍ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْجَوَالِیْقِیُّ الْقَاضِیْ اَلْمَعْرُوْفُ بِعَبْدَانَ مِنْ اَهْلِ الْاَهْوَازِ كَانَ اَحَدُ الْحُفَّاظِ الْاَثْبَاتِ حَدَّثَ عَنْ هُرَیْرَةِ بْنِ خَالِدٍ وَكَامِلِ بْنِ طَلْحَةَ وَاَبِیْ الرَّبِیْعِ الزُّهْرَانِیِّ وَسُلَیْمَانِ بْنِ اَیُّوْبَ * مَاتَ بِعَسْكَرَ مُكَرَّمٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ * وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ سِتَّ عَشَرَةَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''عبداللہ بن احمد القاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عبداللہ بن احمد بن موسیٰ ابن زیاد ابومحمد جوالیقی رحمۃ اللہ علیہ'' قاضی ہیں، یہ ''عبدان'' کے نام سے مشہور تھے۔ ان کا تعلق اہل اہواز سے ہے۔ یہ حفاظ اور ثبت لوگوں میں سے ہیں۔ انہوں نے حضرت'' ہریرہ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' کامل بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابوربیع زہرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ یہ مکرم کے لشکر کے اندر ۳۰۶ ہجری میں فوت ہوئے اور ان کی پیدائش ۲۱۶ ہجری کی ہے

---

(668) عَلِیُّ بْنُ شُعَیْبِ الْبَزَّازُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَلِیُّ بْنُ شُعَیْبِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ هَمَّامٍ اَبُو الْحُسَیْنِ السِّمْسَارُ طُوْسِیُّ الْاَصْلِ * سَمِعَ هُشَیْمَ بْنَ بَشِیْرٍ وَسُفْیَانَ بْنَ عُیَیْنَةَ وَعَبْدَ الْمَجِیْدِ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِیْ رَوَّادٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ نُمَیْرٍ وَمَكِّیَّ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ وَجَمَاعَةً * رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَغَوِیُّ وَیَحْیٰی بْنُ صَاعِدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِیُّ وَجَمَاعَةٌ * مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''علی بن شعیب البز از رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ '' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت '' علی بن شعیب بن عدی بن ہمام سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابوالحسن''، یہ اصل میں طوسی ہیں ۔ انہوں نے حضرت ''ہشیم بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابی رواد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن نمیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال بغداد کے اندر ۲۵۳ ہجری میں ہوا۔

****

(669)اَبُو الْبَخْتَرِیّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاکِرِ الْعَنْبَرِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ یَحْیٰی بْنَ آدَمَ وَمُحَمَّدَ بْنَ بِشْرٍ وَاَبَا اُسَامَةَ حَمَّادَ بْنَ اُسَامَةَ وَحَسَّانَ الْجُعْفِیَّ * مَاتَ سَنَةَ تِسْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''ابوالبختری عبداللہ بن محمد بن شاکر عنبری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ '' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسامہ حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسان جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے ۔ ان کا انتقال ۲۹۰ ہجری میں ہوا۔

(670)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَیْثَمِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَیْثَمِ بْنِ خَالِدٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْخَیَّاطُ یُعْرَفُ بِالطَّیْبِیّ * سَمِعَ اَبَا عَنْبَسَةَ اَحْمَدَ بْنِ الْفَرَجِ وَاِبْرَاهِیْمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَیْدِ وَالْحَسَنَ بْنَ عَرْفَةَ * مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّعِشْرِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ * وَوُلِدَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''عبداللہ بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ '' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن ہیثم بن خالد خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابومحمد'' ہے، یہ ''طیبی'' کے نام سے پہچانے جاتے تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابوعنبسہ احمد بن فرج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ بن جنید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے ۔ ان کا انتقال ۳۲۶ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۲۳۴ ہجری کی ہے۔

****

(671)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَارُوْنَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ مُحَمَّدِ الضَّرَّابُ * حَدَّثَ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ مُوْسٰى وَعَلِيِّ بْنِ سَالِمِ الطُّوْسِيِّ * مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلاثِ مِائَةٍ *

حضرت ''عبداللہ بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابومحمد ضراب رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

انہوں نے حضرت ''مجاہد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن طوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کا انتقال ۳۰۵ہجری میں ہوا۔

(672)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلِ بْنِ هَلَالِ بْنِ رَاشِدٍ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشَّيْبَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ وَعَبْدَ الْاَعْلٰى بْنِ حَمَّادٍ وَكَامِلَ بْنَ طَلْحَةَ وَيَحْيٰى ابْنَ مَعِيْنٍ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُثْمَانَ اِبْنَىْ اَبِيْ شَيْبَةَ وَشَيْبَانَ بْنَ فَرُّوْخٍ وَاَبَا خَيْثَمَةَ زُهَيْرَ بْنَ حَرْبٍ وَخَلْقاً كَثِيْراً * رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَدَائِنِيُّ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ وَيَحْيٰى بْنُ صَاعِدٍ وَاَبُوْ مَالِكٍ الْقَطِيْعِيُّ وَجَمَاعَةٌ ذَكَرَهُمُ الْخَطِيْبُ * مَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلاثَ عَشَرَةَ وَمِائَتَيْنِ *

حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل بن ہلال بن راشد ابوعبدالرحمٰن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہوئے کہا ہے انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''عبدالاعلیٰ بن حماد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''کامل بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عثمان ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شیبان بن فرج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فروح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوخیثمہ زہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت زیادہ مخلوق سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن اسحاق مدائنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے روایت کیا ہے جن کے نام خطیب بغدادی نے ذکر کئے ہیں۔

ان کا انتقال ۲۹۰ہجری میں ہوا۔اور ان کی پیدائش ۲۱۳ہجری کی ہے۔

---

(673)عَلِيُّ بْنُ الْمُثَنّٰى

هُوَ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ الْحَسَنِ الْمَعْرُوْفُ الْمَدَائِنِيُّ * قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ الْقُرَشِيُّ وَهُوَ بَصَرِيٌّ سَكَنَ الْمَدَايِنَ ثُمَّ اِنْتَقَلَ مِنْهَا اِلٰى بَغْدَادَ فَلَمْ يَزَلْ بِهَا اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ وَصَنَّفَ بِهَا التَّصَانِيْفَ الْكَثِيْرَةَ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَقِيْلَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ * وَلَهٗ ثَلاثٌ وَّتِسْعُوْنَ سَنَةً *

حضرت ''علی بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''علی بن محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، ان کی کنیت ''ابوالحسن'' ہے، یہ ''مدائنی'' کے نام سے مشہور ہیں۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبدالرحمٰن بن سمرہ قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ بصری ہیں اور مداین میں رہائش پذیر رہے، پھر یہ بغداد چلے گئے اور اپنی وفات تک وہیں پر رہے۔ انہوں نے بہت ساری کتابیں تصنیف کی ہیں۔

ان کا انتقال ۲۲۴ ہجری میں ہوا۔ اور ایک قول کے مطابق ۲۲۵ ہجری میں ہوا ان کی عمر ۶۳ برس تھی۔

---

(674) عَلِيُّ التُّسْتَرِيُّ اَبُوْ الْقَاسِمِ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُو الْقَاسِمِ الْبَزَّازُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ التُّسْتَرِيِّ * سَمِعَ اَبَا طَاهِرِ الْمُخَلِّصِ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَشْنَامٍ كَتَبْتُ عَنْهُ وَسَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ صَفَرٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ* وَمَاتَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ*

حضرت ''علی تستری ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''علی بن احمد بن محمد بزاز رحمۃ اللہ علیہ''، ان کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے۔ یہ ''ابن تستر'' کے نام سے مشہور ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابوطاہر مخلص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن خشنام رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ میں نے ان سے حدیثیں لکھی ہیں اور ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا 'میری پیدائش ۳۸۶ ہجری ماہِ صفر المظفر میں ہوئی۔ اور ان کا انتقال ۴۷۴ ہجری ماہِ رمضان المبارک میں ہوا۔

---

(675) عَلِيُّ بْنُ الْكَاسِ اَلْقَاضِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَهُوَ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَبْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ عَمْرِوابْنِ يَحْيٰى بْنِ الْحَارِثِ اَبُوْ الْقَاسِمِ النَّخَعِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ كَاسٍ نَسَبَهُ اَلدَّارُقُطْنِيّ كُوْفِيٌّ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يَحْيٰى بْنِ زَكَرِيَّا وَيَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ ابْنِ زِيَادٍ وَالْحَسَنِ وُمُحَمَّدٍ ابْنَيْ عَفَّانَ وَالْحَارِثِ بْنِ اُسَامَةَ وَكَانَ ثِقَةً فَاضِلاً عَارِفاً بِفِقْهِ مَذْهَبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحَلَ مِنَ الْكُوْفَةِ قَبْلَ الثَّلَاثِ مِائَةٍ وَلِيَ وِلَايَاتٍ بِالشَّامِ وَالرَّمْلَةِ ثُمَّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَغَرِقَ فِي الْمَاءِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

حضرت ''علی بن کاس القاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''علی بن محمد بن حسن بن محمد بن محمد بن حسن بن محمد بن عمر بن سعد

بن مالک بن یحییٰ بن عمرو ابن یحییٰ بن حارث نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، ان کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے۔ یہ حضرت ''ابن کاس رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔ حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے، یہ کوفی ہیں، بغداد میں رہائش پذیر رہے۔ وہاں پر حضرت ''احمد بن یحییٰ بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ عفان دونوں بیٹے ہیں، حضرت ''حارث بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ ثقہ تھے، فاضل تھے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی فقہ کو خوب جاننے والے تھے، ۳۳۰ ہجری سے پہلے کوفہ سے چلے گئے تھے اور شام اور رملہ کی ولایت کے گورنر رہے پھر بغداد آ گئے اور عاشورہ کے دن ۳۲۴ ہجری کو پانی میں ڈوبنے سے جاں بحق ہوئے تھے۔

****

(676) عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُكَرَّمِ بْنِ حَسَّانَ اَبُو الْحُسَيْنِ الْوَكِيْلُ اَلْمَعْرُوْفُ بِالطَّبَسِيِّ سَمِعَ ابْنَ سَلَامِ الْفَاضَلِيِّ وَسَلَامَ بْنَ عِيْسٰى وَالْحَارِثَ بْنَ اَبِیْ اُسَامَةَ وَاِبْرَاهِيْمَ الْحَرْبِيَّ وَعَلِيَّ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ بَيَانَ وَاَبَا بَكْرِ بْنَ اَبِی الدُّنْيَا وَجَمَاعَةً * قَالَ الْخَطِيْبُ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ الْقَطَّانُ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ*

حضرت ''عبدالصمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عبدالصمد بن علی بن محمد بن مکرم بن حسان الوکیل رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابو الحسین'' ہے، یہ ''طبسی'' کے نام سے مشہور تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابن سلام فاضلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلام بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حارث بن ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن حسن بن بیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابوالحسن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے' ان کا انتقال ۲۶۶ ہجری میں ہوا۔

****

(677) اَبُو الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الْمَرْزَبَانِ ابْنِ شَابُوْرِ بْنِ شَاهَنْشَاهِ اَبُو الْقَاسِمِ ابْنُ بِنْتِ اَحْمَدَ بْنِ مُنِيْعِ الْبَغَوِيُّ * وُلِدَ بِبَغْدَادَ وَسَمِعَ عَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَخَلْفَ بْنَ هِشَامِ الْبَزَّارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الْوَهَابِ الحَارَثِي وَاَبَا الْاَحْوَصِ وَمحمدَ بنَ حيَّانَ وَاَبا نَصْرِ التَّمَّارَ وَيَحْيٰى بنَ عبدِ الحميدِ الْحَمَانِيَّ وَاحمدَ بنَ حنبلٍ وَعَلِيَّ بْنَ الْمَدِيْنِيِّ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ * ثُمَّ قَالَ فِیْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ مَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَقَدْ اِسْتَكْمَلَ مِائَةَ سَنَةٍ وَثَلَاثَ سِنِيْنَ وَشَهْرًا*

حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے کہا ہے، حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز بن مرزبان ابن شابور بن شاہنشاہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابو القاسم'' ہے یہ حضرت ''احمد بن منیع بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' کے نواسے ہیں۔ یہ بغداد میں پیدا ہوئے اور انہوں نے حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن ہشام بزاز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالوہاب حارثی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر تمار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدیث کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے، ان کا نام خطیب بغدادی نے ذکر کیا ہے۔ پھر ان کے حالات زندگی کے آخر میں لکھا ہے، ان کا انتقال ۳۱۷ ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر ۱۰۳ سال اور ایک ماہ تھی۔

****

(678)عَلِیّ بْنُ مَعْبَدٍ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ مُجْمَلاً وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰی كَثِیْرًا فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اختصار کے ساتھ ان کا ذکر کیا ہے۔ ان مسانید میں ان کی حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے کثیر روایات موجود ہیں۔

****

(679)اَلدَّارُقُطْنِیُّ عَلِیُّ بْنُ عُمَرَبْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَهْدِیّ بْنِ مَسْعُوْدِ بْنِ الْعَمَّانِ بْنِ الْخَیَّارِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ الْحَسَنِ الدَّارُقُطْنِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ اَبَا الْقَاسِمِ الْبَغَوِیَّ وَاَبَا بَكْرِ بْنِ اَبِیْ دَاوٗدَ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَبَدْرَ بْنَ الْهَیْثَمِ الْقَاضِیْ وَاَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بَهْلُوْلٍ وَعَبْدَ الْوَهَّابِ ابْنَ اَخِیْهِ وَالْفَضْلَ بْنَ اَحْمَدَ وَخَلْقًا كَثِیْرًا رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ نُعَیْمٍ الْحَافِظُ الْاَصْفَهَانِیُّ وَاَبُوْ بَكْرِ الْبُرْقَانِیُّ الْخَوَارَزْمِیُّ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ بْنِ بِشْرَانَ وَالْعُتَیْقِیُّ وَاَبُوْ طَاهِرِ الْقَاضِیْ الطِّبْرِیُّ وَجَمَاعَةٌ* قَالَ الْخَطِیْبُ هُوَ وَحِیْدُ دَهْرِهٖ وَفَرِیْدُ عَصْرِهٖ وَاِمَامُ وَقْتِهٖ اِنْتَهٰی اِلَیْهِ مَعْرِفَةُ الْحَدِیْثِ وَعِلَلُهٗ وَاَسْمَاءُ الرِّجَالِ وَاَحْوَالُ الرُّوَاةِ وَالْاِطِّلَاعُ بِعِلْمٍ سِوٰی عِلْمِ الْحَدِیْثِ * مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ*

حضرت ''دارقطنی علی بن عمر ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا پورا نام یوں ہے دارقطنی علی بن عمر بن احمد بن مہدی بن مسعود بن نعمان بن خیار بن عبداللہ ابوالحسن دارقطنی

رحمۃ اللہ علیہ"۔ خطیب بغدادی نے کہا ہے' انہوں نے حضرت "ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوبکر بن ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "محمد بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "بدر بن ہیثم قاضی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "احمد بن اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "عبدالوہاب ابن اخیہ رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "فضل بن احمد رحمۃ اللہ علیہ" اور بہت ساری مخلوق سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت "ابونعیم الحافظ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوبکر برقانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوالقاسم بن بشران رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "عتیقی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوطاہر قاضی طبری رحمۃ اللہ علیہ" اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے کہا ہے' یہ یکتائے روزگار تھے اور اپنے وقت کے امام تھے علم حدیث کے ساتھ ساتھ معرفت حدیث، معرفت علل حدیث، معرفت رجال، احوالِ رواۃ، کے حوالے سے علم ان تک ختم تھا۔ ان کا انتقال ۳۸۵ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۳۰۵ ہجری کی ہے۔

****

(680) اَبُوْ حَفْصِ ابْنُ شَاهِيْنَ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوْبَ اَبُوْ حَفْصِ الْوَاعِظُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ شَاهِيْنَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ شُعَيْبَ ابْنَ مُحَمَّدِ الذَّارِعَ وَاَبَا جُنْدُبِ التِّرْمِذِيِّ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغْلِسِ * وَرَوٰى عَنْهُ الْعُتَيْقِيُّ وَالتَّنُوْخِيُّ وَالْجَوْهَرِيُّ وَخَلْقٌ كَثِيْرٌ * قَالَ اِبْنُ شَاهِيْنَ وُلِدْتُّ سَنَةَ سَبْعٍ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ * اَوَّلُ مَا كَتَبْتُ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَصَنَّفَ ثَلَاثِيْنَ مُصَنَّفاً اَحَدُهَا التَّفْسِيْرُ الْكَبِيْرُ اَلْفُ جُزْءٍ -وَالْمُسْنَدُ اَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةِ جُزْءٍ - قَالَ سَمِعْتُ مِنَ السَّاجِيِّ الْقَاضِيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مِنْ اِبْنِ شَاهِيْنَ شَيْئاً كَثِيْرًا اَوْ كَانَ يَقُوْلُ يَوْماً حَسِبْتُ مَا اِشْتَرَيْتُ بِهِ الْخُبْزَ اِلٰى هٰذَا الْوَقْتِ فَكَانَ سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ * قَالَ الدَّرَاوَرْدِيُّ كُنْتُ اَشْتَرِى الْخُبْزَ اَرْبَعَةَ اَرْطَالٍ بِدِرْهَمٍ * قَالَ وَمَكَثَ اِبْنُ شَاهِيْنَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا بِشَيْءٍ تُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت "ابوحفص بن شاہین عمر بن احمد بن عثمان بن احمد بن محمد بن ایوب ابوحفص واعظ رحمۃ اللہ علیہ"

آپ "ابن شاہین" کے نام سے مشہور تھے۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت "شعیب بن محمد زراع رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابوجندب ترزلی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "محمد بن محمد بن مغلس رحمۃ اللہ علیہ" سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت "عتیقی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "تنوخی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "جوہری رحمۃ اللہ علیہ" اور خلق کثیر نے روایت کیا ہے۔

حضرت "ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ" کہتے ہیں' میری پیدائش ۲۹۷ ہجری کی ہے، سب سے پہلے میں نے جو حدیث لکھی ہے وہ ۳۰۸ ہجری میں لکھی اور انہوں نے ۳۰ مصنف تصنیف کئے ہیں اور ان میں سے ایک تفسیر کبیر ہے جس کی ایک ہزار جلدیں ہیں۔ اور ایک مسند ہے جس کی ۱۵۰۰ جلدیں ہیں، آپ کہتے ہیں' میں نے حضرت "ساجی رحمۃ اللہ علیہ" کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت "ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ" سے بہت سماع کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں' میں نے آج تک کبھی روٹی نہیں خریدی تو ان کے پاس سات سو

درہم تھے۔دراوردی کہتے ہیں میں چار رطل کی روٹی ایک درہم میں خریدتا۔آپ فرماتے ہیں' حضرت''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اس کے بعد ٹھہرے رہے لیکن ہمیں کوئی حدیث بیان نہ کی۔ان کا انتقال ۳۸۵ ہجری میں ہوا۔

****

(681)قَاضِیُ الْقُضَاةِ عَبْدُ الْجَبَّارِ

قَالَ الْخَطِیْبُ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ اَبُوْ الْحَسَنِ الْاُسْتُرَابَادِیُّ * سَمِعَ عَلِیَّ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ سَلْمَةَ الْقَزْوِیْنِیَّ وَعُبَیْدَ اللّٰهِ ابْنَ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَصْفَهَانِیَّ وَالْقَاسِمَ بْنَ صَالِحٍ الْهَمْدَانِیَّ وَكَانَ یَتَّخِذُ مَذْهَبَ الشَّافِعِیِّ فِی الْفُرُوْعِ وَمَذْهَبَ الْمُعْتَزِلَةِ فِی الْاَصُوْلِ * وَلَهُ فِیْ ذٰلِكَ مُصَنَّفَاتٌ كَثِیْرَةٌ * وَلِیَ قَضَاءَ الْقُضَاةِ بِالرَّیِّ وَوَرَدَ بَغْدَادَ حَاجاً وَحَدَّثَ بِهٖ حَدَّثَنَا عَنْهُ الْقَاضِیَانِ الصِّیْمَرِیُّ وَالتَّنُوْخِیُّ * مَاتَ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ *

حضرت''قاضی القضاۃ عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت''عبدالجبار بن احمد بن عبدالجبار ابوالحسن استرابادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت''علی بن ابراہیم بن سلمہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''عبیداللہ بن جعفر بن احمد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''قاسم بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' ہمدانی سے سماع کیا ہے۔انہوں نے فروع میں حضرت''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب اختیار کیا تھا اور اصول میں معتزلہ کا۔اس حوالے سے ان کی بہت ساری تصانیف موجود ہیں، یہ''رے'' کے اندر مسند قضاء پر فائز رہے، جب حج کرنے کے لئے آئے تو بغداد میں بھی آئے اور وہاں پر انہوں نے حدیث کا درس دیا۔ہمیں ان کے حوالے سے حضرت''صیمری قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''تنوخی قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔ان کا انتقال ۴۱۵ ہجری میں ہوا۔

****

(682)اَبُوْ خَازِمِ الْقَاضِیُ عَبْدُ الْحَمِیْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ خَازِمِ الْقَاضِیُ

اِسْتَقْضَاهُ الْمُعْتَضِدُ بِاللّٰهِ عَلَی الشَّرْقِیَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَلِیَ الْقَضَاءَ قَبْلَ ذٰلِكَ بِالشَّامِ وَالْجَزِیْرَةِ وَالْكَرْخِ مِنْ مَدِیْنَةِ السَّلَامِ * قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ كَانَ رَجُلاً دَیِّناً وَرِعاً عَالِماً بِمَذَاهِبِ اَهْلِ الْعِرَاقِ وَالْفَرَائِضِ وَالْحِسَابِ وَاَحْذَقَ بِالْمُحَاضِرِ وَالسِّجْلَاتِ * سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ بَشَّارٍ بُنْدَارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ الْمُثَنّٰی وَشُعَیْبَ بْنَ اَیُّوْبَ الصَّیْرَفِیِّ رَوٰی عَنْهُ مُكَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِیُّ وَغَیْرُهُ وَكَانَ ثِقَةً * مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت''ابوخازم قاضی عبدالحمید بن عبداللہ ابوخازم قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

معتضد باللہ نے ۲۸۳ ہجری کو شرقی علاقے میں ان کو مسند قضاء پر فائز کرنا چاہا تھا اور اس سے پہلے ملک شام اور جزیرہ اور کرخ میں مدینۃ السلام کی جانب سے مسند قضاء پر فائز رہے۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ دیندار اور پرہیزگار شخص تھے، اہل عراق کے مذاہب کو خوب جانتے تھے، فرائض اور حساب کو جانتے تھے، وہ دستاویزات اور جوڈیشل ریکارڈ کے بہت ماہر تھے۔ انہوں نے حضرت ''محمد بن بشار بندار رحمۃ اللہ علیہ'' ، حضرت ''محمد بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' ، حضرت ''شعیب بن ایوب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایات کی ہیں اور یہ ثقہ تھے۔ ان کا انتقال ۲۷۲ ہجری میں ہوا۔

---

(683) عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْجَوْهَرِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ

حَدَّثَ عَنْ اَبِيْ الْقَاسِمِ الْبَغَوِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِيْ وَاَحْمَدِ بْنِ سَعِيْدِ الدِّمَشْقِيِّ وَعَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الظَّاهِرِيِّ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ * وَقَالَ حَدَّثَنِيْ عنهُ جماعَةٌ سَمَّاهُمْ ثمَّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ خمسٍ وَّستينَ وَثلاثِ مائَةٍ*

حضرت ''علی بن عبداللہ بن عباس بن مغیرہ جوہری ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' ، حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' ، حضرت ''احمد بن سعید دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' ، حضرت ''علی بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' ظاہر سے حدیث بیان کی ہے۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کے حوالے سے ایک جماعت نے مجھے حدیث بیان کی ہے اور خطیب بغدادی نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے۔

پھر کہا' ان کا انتقال ۳۶۵ ہجری میں ہوا۔

---

(684) عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ

هُوَ عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمِ بْنِ عُثْمَانَ اَبُوْ الْحَسَنِ الْعَبَسِيُّ الْكُوْفِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ اَخُوْ اَبِيْ بَكْرٍ وَالْقَاسِمِ * قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ عُثْمَانُ الْاَكْبَرُ رَحَلَ اِلٰى مَكَّةَ وَاِلَى الرَّيِّ وَكَتَبَ وَصَنَّفَ الْمُسْنَدَ وَالتَّفْسِيْرَ وَنَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ الْاَشْجَعِيِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ اِدْرِيْسَ وَجَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ وَهُشَيْمٍ * رَوٰى عَنْهُ اِبْنُهٗ مُحَمَّدٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ كَاتِبُ الْوَاقِدِيِّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِيُّ وَاَبُو الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ وَغَيْرُهُمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عثمان بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''عثمان بن محمد بن ابراہیم بن عثمان عبسی ، کوفی ہیں ، ان کی کنیت ''ابوالحسن'' ہے ، یہ حضرت ''ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں ، یہ حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' ان میں بڑے تھے، انہوں نے ''مکہ'' اور ''رے'' کا بھی سفر کیا ہے، انہوں نے احادیث لکھی ہیں اور مسند اور تفسیر کی کتابیں لکھی ہیں۔ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ اشجعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عبید بن ادریس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ واقدی کے کاتب تھے اور حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

(امام خوارزمی) اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایات لی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(685)عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ اَبُو الْحَسَنِ الطَّائِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنِ الْجَعَانِيِّ وَاَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ الْحَافِظُ

حضرت ''علی بن عبدالملک بن عبدربہ ابوالحسن طائی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حدیث روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ابوبکر جعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوطالب احمد بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' حافظ نے روایت کی ہے۔

(686)عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى الْوَزِيْرُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ دَاوٗدَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَزِيْرُ الْمُقْتَدِرُ بِاللّٰهِ وَالْقَاهِرُ بِاللّٰهِ * سَمِعَ اَحْمَدَ بْنَ يَزِيْدِ الْكُوْفِيِّ وَالْحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدِ الزَّعْفَرَانِيِّ وَحُمَيْدَ بْنَ الرَّبِيْعِ وَعُمَرَ بْنَ شَبَّةَ * رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرِ الذُّهْلِيُّ وَكَانَ صَدُوْقاً اَدِيْباً فَاضِلاً عَفِيْفاً مُحِبّاً لِّاَهْلِ الْعِلْمِ مُكْثِرًا لِّلصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ * مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ وَكَانَ مَوْلِدُهٗ فِيْ جِمَادِى الْاٰخِرَةِ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ *

حضرت ''علی بن عیسیٰ وزیر رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''علی بن عیسیٰ بن داؤد بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' مقتدر باللہ اور قاہر باللہ کے وزیر رہے۔ انہوں نے حضرت ''احمد بن یزید کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن محمد زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حمید بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر بن شبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن احمد بن احمد بن عبداللہ بن جبیر ذہلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت

کی ہے، یہ صادق تھے، ادیب تھے، فاضل تھے، عفیف تھے، اہل علم سے محبت کرنے والے تھے، نماز وروزہ کی کثرت کرنے والے تھے۔ ان کا انتقال ۳۸۴ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۲۴۵ ہجری ماہ جمادی الثانی کی ہے۔

****

(687)عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى بْنِ عَلِيِّ بْنِ عِيسٰى بْنِ اَبَانَ بْنِ الْوَزِيْرُ الْمَذْكُوْرُ اَبُوْ الْحُسَيْنِ

يَرْوِیْ عَنِ الْمُثَنّٰى * مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلاثِ مِائَةٍ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ

حضرت ''علی بن عیسٰی بن علی بن عیسٰی بن ابان بن وزیر رحمۃ اللہ علیہ''

ان کو حضرت ''ابوالحسین رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے حضرت ''مثنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۸۷ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے۔

****

(688)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ الْجَوْزِيِّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ ذَكَرَ لِیْ وَلَدُهٗ اَبُو الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْحَافِظُ كَانَ وَالِدُهٗ يَعْمَلُ الصَّفْرَ بِنَهَرِ الْقَلَّابِيْنَ فَتُوُفِّیَ وَهُوَ صَغِيْرٌ فَلَمَّا تَرَعْرَعَ حَمَلَهٗ عَمُّهٗ اَبُوْ الْبَرَكَاتِ اِلَى الْحَافِظِ اَبِی الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ وَكَانَ صَدِيْقاً لَهٗ وَسَاَلَهٗ اَنْ يُّسْمِعَهُ الْحَدِيْثَ فَاَسْمَعَهٗ مِنْ اَبِی الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الدَّيْنُوْرِیْ وَاَبِی الْقَاسِمِ هِبَةُ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حُصَيْنٍ وَاَبِیْ غَالِبٍ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْبَنَا وَاَبِی السَّعَادَاتِ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدِ الْمُتَوَكِّلِیْ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْمَعْرُوْفِ بِالْبَارِعِ * ثُمَّ اِنَّهٗ طَلَبَ بِنَفْسِهٖ وَقَرَاَ عَلٰى اَبِیْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِیِ الْاَنْصَارِیِّ وَاَبِی الْقَاسِمِ ابْنِ السَّمَرْقَنْدِیِّ وَلَازَمَ اَبَا الْفَضْلِ بْنَ نَاصِرٍ وَقَرَاَ عَلَيْهِ الْكَثِيْرَ وَتَلَمَّذَ عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنَّهٗ لَازَمَ اَبَا الْحَسَنِ ابْنِ الزَّاغُوْنِیِّ وَقَرَاَ عَلَيْهِ الْحَدِيْثَ وَالْوَعْظَ وَكَانَ يَجْلِسُ فِیْ اَيَّامِهٖ وَهُوَ صَبِیٌّ ثُمَّ بَعْدَ وَفَاتِهٖ قَرَاَ الْفِقْهَ وَالْخِلَافَ وَالْجَدَلَ وَالْاَصُوْلَ عَلٰى اَبِیْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّيْنُوْرِیِّ وَعَلَى الْقَاضِیْ اَبِیْ يَعْلٰى مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ حَازِمِ الْفَرَّاءِ وَصَارَ مُعِيْدُ الْمَدْرَسَةِ ثُمَّ قَرَاَ الْاَدَبَ عَلٰى اَبِیْ مَنْصُوْرِ ابْنِ الْجَوَالِيْقِیِّ وَاشْتَغَلَ بِعِلْمِ الْوَعْظِ حَتّٰى صَارَ اَوْحَدَ زَمَانِهٖ فِیْ تَرْصِيْعِ الْكَلَامِ وَرَاٰى مِنْ قَبُوْلِ النَّاسِ وَالْجَاهِ مَا لَمْ يَرَ اَحَدٌ قَبْلَهٗ وَصَنَّفَ كُتُباً كَثِيْرَةً فِیْ اَنْوَاعِ الْعُلُوْمِ * (وَعَدَّ) الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ مِنْ تَصَانِيْفِهِ الْمَشْهُوْرَةِ سَبْعِيْنَ كِتَاباً فَمِنْهَا مَا يَكُوْنُ عَشَرَ مُجَلَّدَاتٍ ثُمَّ قَالَ الْحَافِظُ وَهٰذِهٖ عُيُوْنُ تَصَانِيْفِهٖ وَكَانَ اِذَا صَنَّفَ كِتَاباً كَبِيْراً اِخْتَصَرَ مِنْهُ كِتَاباً اَوْسَطَ ثُمَّ اِخْتَصَرَ مِنَ الْاَوْسَطِ كِتَاباً صَغِيْراً * وَلَهٗ مُصَنَّفَاتٌ صِغَارٌ كَثِيْرَةٌ وَقَالَ لَا اُحَقِّقُ مَوْلِدِیْ غَيْرَ اَنَّهٗ قَدْ مَاتَ اَبِیْ فِیْ سَنَةِ اَرْبَعَ عَشَرَةَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَقَالَتِ الْوَالِدَةُ كَانَ لَكَ مِنَ الْعُمُرِ نَحْوٌ مِنْ ثَلَاثِ سِنِيْنَ * وَمَاتَ فِی الثَّانِیْ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ سَنَةِ سَبْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَدُفِنَ بِبَابِ حَرْبٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''عبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابوالقاسم علی بن عبدالرحمٰن بن علی بن محمد بن ابوبکر صدیق رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کے والد نہر قلابین پیتل (کے زیورات بنانے) کا کام کرتے تھے، ان کے والد کا انتقال ہو گیا، اس وقت حضرت ''حافظ عبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' بچے تھے، جب یہ گھبرا گئے تو ان کے چچا حضرت ''ابوالبرکات رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''حافظ ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے سپرد کر دیا، یہ ان کے دوست تھے، اور ان سے اس بات کا مطالبہ کیا کہ ان کو حدیث کا سماع کروائیں۔ انہوں نے حضرت ''ابوالحسن علی بن عبدالواحد دینوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن محمد بن محمد بن حصین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو غالب احمد بن حسن البنا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعادات احمد بن احمد متوکلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، اور حضرت ''ابوعبداللہ حسن بن محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ'' المعروف بالبارع سے حدیث کا سماع کروایا۔ پھر انہوں نے خود اس چیز کا مطالبہ کیا اور انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم ابن سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، سے حدیث پڑھی۔ اور پھر وہ حضرت ''ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ رہے اور ان سے شرف تلمذ پایا اور تمام احادیث ان کے پاس پڑھیں۔ پھر یہ حضرت ''ابوالحسن بن زاغونی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس رہے اور ان کے پاس حدیث اور وعظ پڑھی، اور ان کے ایام میں وہ بیٹھا کرتے تھے، یہ بچے تھے، پھر ان کی وفات کے بعد انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد دینوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی ابو یعلیٰ محمد بن ابی حازم فراء رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس فقہ پڑھی، اختلاف پڑھا جدال اور اصول پڑھے۔ ور یہ مدرسہ کے ناظم ہو گئے۔ پھر انہوں نے حضرت ''ابومنصور ابن جوالیقی رحمۃ اللہ علیہ''، سے ادب پڑھا اور علم وعظ میں مشغول ہو گئے، یہاں تک کہ مرصع کلام کہنے میں یکتائے روزگار ہو گئے اور لوگوں کی طرف سے قبول عام ہوا اور انہوں نے وہ مقام پایا جو آپ سے پہلے کسی نے نہ پایا۔ انہوں نے مختلف علوم میں بہت ساری کتابیں لکھیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی مشہور تصانیف میں ۷۰ کتابوں کا ذکر کیا ہے، ان میں ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں ایک ایک کی دس دس جلدیں ہیں

پھر حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا' یہ ان کی مستقل تصانیف ہیں اور یہ تصانیف کا چشمہ تھے، جب یہ کوئی کتاب لکھتے تو اس کو مختصر کر کے اس کی درمیانی کر دیتے اور پھر اس کو اور بھی مختصر کر کے صغیر کر دیتے، ان کی بہت ساری صغیر مصنفات ہیں اور انہوں نے کہا ہے' میری پیدائش کی تحقیق نہیں ہے سوائے اس کے کہ انہوں نے کہا ہے' میرے والد کا انتقال ۵۱۴ ہجری میں ہو گیا تھا اور والدہ نے کہا تھا' تیری عمر اس وقت ۳ برس تھی۔ اور ان کا انتقال ۵۷۷ ہجری ۱۲ رمضان المبارک کو ہوا اور حرب کے دروازے کے قریب ان کو دفن کیا گیا۔

(689)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ طَالِبِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ خَلْفِ الْعَكْبَرِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْحَنْبَلِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهِ قَرَاَ الْفِقْهَ عَلٰى اَبِي الْوَفَاءِ عَلِيِّ بْنِ عَقِيْلٍ وَاَبِيْ سَعْدِ الْبَرْدَانِيِّ * وَسَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنَ الشَّرِيْفِ اَبِيْ نَصْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الزَّيْنَبِيِّ وَاَبِي الْغَنَائِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ عُثْمَانَ

وَجَمَاعَةٍ مِنْهُمُ الْمُبَارَكُ بْنُ كَامِلٍ الْخَفَّافُ وَأَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الدِّمِشْقِيُّ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ اِبْنُ خِسْرُو الْبَلَخِيُّ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَخَمْسَ مِائَةٍ

حضرت ''عبداللہ بن مبارک بن طالب بن حسن بن خلف عکبر ابومحمد حنبلی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوالوفاء علی بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوسعد البردانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے فقہ سیکھی ۔انہوں نے حدیث شریف کا سماع حضرت ''ابونصر محمد بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالغنائم محمد بن علی بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ان میں حضرت ''مبارک بن کامل خفاف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم علی بن حسن بن ہبۃ اللہ دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابن خسر بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے احادیث روایت کی ہیں اور وہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۵۲۸ ہجری میں ہوا۔

---

(690)عَبْدُ الْبَاقِىْ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ

وُلِدَ اَبِىْ بَكْرٍ الْقَاضِىْ مَارِسْتَانَ * قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ شَهِدَ عِنْدَ قَاضِىْ الْقُضَاةِ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الدَّامِغَانِيِّ فَقَبِلَ شَهَادَتَهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعَ مِائَةٍ * وَسَمِعَ جَمَاعَةً * سَمِعَ اَبَا الْحَسَنِ اَحْمَدَ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّلْتِ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ * مَاتَ فِىْ صَفَرٍ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''ابوبکر کے والد تھے، وہ مارستان کے قاضی تھے۔حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''قاضی القضاۃ ابوعبداللہ محمد بن علی دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے قریب حاضر ہوئے ،انہوں نے ۴۵۹ ہجری میں ان کی شہادت قبول کی ،اور ایک جماعت سے انہوں نے سماع کیا ہے مثلاً حضرت ''ابوالحسن احمد بن محمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن دوست العلاف رحمۃ اللہ علیہ''۔ان کا انتقال ۴۶۱ ہجری میں ہوا۔

(691)عَبْدُ السَّلَامِ الْقَزْوِيْنِىْ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ السَّلَامِ اِبْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ اَبِىْ يُوْسُفِ الْقَاضِىْ الْقُزْوَيْنِىُّ * سَمِعَ اَبَاهُ اَبَا بَكْرٍ وَعَمَّهُ اَبَا اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ وَبِالرَّىِّ الْقَاضِىْ اَبَا الْحَسَنِ بْنَ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ الْاُسْتَرَابَادِىَّ وَدَرَسَ عَلَيْهِ الْكَلَامَ عَلٰى مَذْهَبِ الْاِعْتِزَالِ وَبِاَصْبَهَانَ اَبَا نُعَيْمٍ وَبِهَمْدَانَ اَبَا طَاهِرِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ وَالْقَاضِىْ يُوْسُفَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ بَخٍ وَتَوَجَّهَ اِلَى الشَّامِ وَسَمِعَ بَحْرَانَ وَغَيْرَهَا وَاسْتَوْطَنَ

اِطْرَابَلَسَ مِنْ بَلَادِ الشَّامِ وَدَخَلَ دِيَارَ مِصْرَ وَاَقَامَ بِهَا زَمَاناً وَحَصَلَ كُتُباً نَفِيْسَةً وَعَادَ اِلٰى بَغْدَادَ وَاسْتَوْطَنَهَا اِلٰى حَالِ وَفَاتِهٖ * وَصَنَّفَ تَفْسِيْرًا خَمْسَ مِائَةِ مُجَلَّدَةٍ * وَحَدَّثَ بِهَا فَرُوٰى عَنْهُ مِنْ اَهْلِهَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِيْ وَاَبُو الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِيْ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِيْ وَاَبُو السَّعَادَاتِ الْعُطَارِدِيُّ * وَكَانَ مِنْ اَعْيَانِ الْفُضَلَاءِ فَصِيْحاً لِسْناً دَاعِياً اِلَى الْاِعْتِزَالِ * مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ * وَدُفِنَ بِقُرْبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَبَلَغَ مِنَ الْعُمُرِ سِتاً وَّتِسْعِيْنَ سَنَةً وَذَكَرَ اَنَّ مَوْلِدَهُ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ *

حضرت ''عبدالسلام قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' یہ حضرت ''عبدالسلام بن محمد بن یوسف بن ابو یوسف قاضی قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' اور اپنے چچا حضرت ''ابواسحاق ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور ''رے'' کے اندر حضرت ''قاضی ابوالحسن بن عبدالجبار بن احمد استرابادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور معتزلہ کے مذہب پر کلام کے حوالے سے ان سے بحث کی اور اصبہان کے اندر حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ہمدان کے اندر حضرت ''ابوطاہر حسین بن علی بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی یوسف بن احمد بن کج رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔ پھر یہ شام چلے گئے اور وہاں انہوں نے حران اور دیگر مقامات پر محدثین سے سماع کیا ہے پھر شام کے علاقوں میں طرابلس نامی علاقے میں جا کر رہائش پذیر ہو گئے اور پھر مصر کے علاقوں میں بھی گئے اور ایک عرصے تک وہاں پر رہے۔

انہوں نے بہت نفیس کتابیں حاصل کیں اور پھر بغداد میں آ گئے اور وفات تک وہیں پر قیام پذیر رہے۔ انہوں نے ایک تفسیر لکھی ہے جس کی ۵۰۰ جلدیں ہیں اور انہوں نے حدیث بھی بیان کی ہے اور وہاں کے رہنے والوں میں سے حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعادات عطاردی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے حدیث روایت کی ہے اور یہ فضلاء میں سے تھے، فصیح اللسان تھے اور معتزلہ کے مذہب کے داعی تھے۔

ان کا انتقال ۴۸۸ ہجری میں ہوا اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے قرب میں ان کو دفن کیا گیا، ان کی عمر تقریباً ۹۶ برس تھی اور یہ ذکر کیا گیا ہے کہ ان کی پیدائش ۳۹۳ ہجری میں ہے۔

****

(692) عُبَيْدُ اللّٰهِ

قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَلِيْلِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ السَّاوِيّ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْفَتْحِ بْنِ اَبِيْ سَعْدِ الْقَاضِيْ شُهُوْدٌ هُوَ وَاَبُوْهُ وَجَدُّهٗ شَهِدَ عِنْدَ قَاضِي الْقُضَاةِ اَبِي الْقَاسِمِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الزَّيْنَبِيِّ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَاسْتَنَابَهٗ قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الدَّامَغَانِيْ فِيْ سَنَةِ ثَمَانِيْنَ وَاَذِنَ لَهٗ فِي الشَّهَادَةِ عِنْدَهٗ وَعَلَيْهِ فِيْمَا يُسَجِّلُهٗ وَكَانَ عَلَى الْقَضَاءِ اِلٰى اَنْ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * فَلَمَّا وَلِيَ اِبْنُ اَخِيْهِ اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ

الدَّامِغَانِيْ فِي الْقَضَاءِ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِيْنَ اِسْتِنَابَ الْقَاضِيْ اَبَا عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّاوِيْ ثُمَّ لَزِمَ مَنْزِلَهُ وَعَجِزَ عَنِ الْحَرْكَةِ وَالنُّهُوْضِ وَصَارَ حَلِيْفَ الْفِرَاشِ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ وَكَانَ شَيْخُ الْقُضَاةِ وَالشُّهُوْدِ فِيْ وَقْتِهٖ وَهُوَ آخِرُ مَنْ بَقِيَ مِنْ شُهُوْدِ الزَّيْنَبِيِّ وَكَانَ فَقِيْهاً فَاضِلاً عَلٰى مَذْهَبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَارِفاً بِالْاَحْكَامِ وَالْقَضَايَا وَرِعاً مُتَدَيِّناً عَفِيْفاً نَزِهاً عَلَيْهِ مَهَابَةٌ وَوَقَارٌ وَلَهُ جَلَالَةٌ فِي النُّفُوْسِ وَمَكَانٍ وَعَلٰى وَجْهِهٖ اَنْوَارُ الطَّاعَةِ وَهَيْبَةُ الدِّيْنِ وَكَانَ يُقِيْمُ جَاهَ الشَّرْعِ وَيَسْوِيْ عِنْدَهُ الْقَوِيُّ وَالضَّعِيْفُ وَالشَّرِيْفُ وَالدَّنِيُّ فِيْ مَجْلِسِ الْحُكْمِ وَاِذَا وَجَبَ حَقٌّ عَلٰى فَقِيْرٍ وَسَاَلَ صَاحِبُ الْحَقِّ حَبْسِهٖ اُدِّيَ عَنْهُ مِنْ مَالِهٖ مَعَ قِلَّةِ ذَاتِ يَدِهٖ*

(قَالَ) الْحَافِظُ رَحِمَهُ اللّٰهُ بَقِيَ نَيِّفاً وَخَمْسِيْنَ سَنَةً يَشْهَدُ وَيَقْضِيْ بَيْنَ النَّاسِ عَلٰى اَحْسَنِ طَرِيْقَةٍ وَاَجْمَلِ سِيْرَةٍ وَيَشْكُرُهُ الْعَامُّ وَالْخَاصُّ سَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنْ اَبِي الْقَاسِمِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمْرَةَ الْجَرِيْرِيِّ وَاَبِيْ نَصْرٍ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَاَبِي الْبَرْكَاتِ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ الْمُبَارِكِ الْاَنْمَاطِيِّ وَغَيْرِهِمْ * حَدَّثَ بِكِتَابِ السُّنَنِ لِاَبِيْ دَاوٗدَ السِّجِسْتَانِيْ وَكِتَابِ النَّسَبِ لِلزُّبَيْرِ بْنِ بَكَّارٍ عَنْ اَبِي الْحُسَيْنِ بْنِ الْفَرَّاءِ وَبِغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْاَجْزَاءِ -

(قَالَ) الْحَافِظُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ ثِقَةً نَبِيْلاً لَمْ اَرَ مِثْلَهُ فِيْ مَعْنَاهُ سَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ اِثْنَتَيْ عَشَرَةَ وَخَمْسَ مِائَةٍ* تُوُفِّيَ فِيْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَدُفِنَ بِالشُّوْنِيْزِيَّةِ عِنْدَ اَهْلِهٖ وَكَانَ آخِرَ مَنْ بَقِيَ مِنْ بَيْتِهٖ وَلَمْ يَعْقُبْ اَحَداً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِي الْاَرْبَعَةِ فِيْ مُسْنَدِ الْحَافِظِ ابْنِ الْمُظَفَّرِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مَا مَرَّ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ*

حضرت ''عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے'یہ حضرت ''عبیداللہ بن محمد بن عبدالجلیل بن محمد بن حسن بن علی ساوی ابومحمد بن ابوالفتح بن ابی سعد قاضی شہود رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ اور ان کے والد اور ان کے دادا حضرت ''قاضی القضاۃ ابو القاسم علی بن حسن زینبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس ۵۴۱ ہجری میں آئے تھے۔قاضی القضاۃ حضرت ابوالحسن علی بن احمد دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ۸۰ ہجری میں ان کو اپنا نائب مقرر کیا۔اور ان کو جتنی ذمہ داریاں دیں،ان میں ان کو گواہی کی اجازت دی اور یہ اپنے وصال تک مسند قضاء پر فائز تھے

جب ان کے بھتیجے حضرت ''ابوالقاسم عبداللہ بن احمد بن حسین دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' ۸۵۶ ہجری میں بغداد کی مسند قضاء پر فائز ہوئے تو قاضی نے حضرت ''ابوعبداللہ ابن ساوی رحمۃ اللہ علیہ'' کو اپنا نائب مقرر کرلیا۔پھر وہ گھر میں ہی رہنے لگ گئے،چلنے پھرنے سے بھی عاجز ہوگئے اور یہ وفات تک صاحب فراش رہے۔

یہ اپنے زمانے میں قاضیوں کے اور گواہوں کے شیخ تھے اور یہ ان لوگوں میں سب سے آخری ہیں جو زینبی کے گواہوں میں سے باقی بچے تھے،یہ فقیہ تھے،اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کے فاضل تھے،احکام اور قضایا کو جاننے والے تھے،

پرہیزگار اور دیندار تھے، عفت والے تھے اور صاف ستھرے رہنے والے تھے، ان کا رعب اور دبدبہ اور وقار تھا اور نفوس میں ان کی بزرگی تھی اور ایک مقام تھا، ان کے چہرے پر اطاعت کا نور تھا اور دین کی ہیبت تھی، یہ شریعت کے رعب کے ساتھ اقامت کیا کرتے تھے، ان کے پاس طاقت ور اور ضعیف اور شریف اور رذیل فیصلے کی مجلس کے اندر برابر ہوا کرتے تھے، اور جب کسی فقیر کے اوپر حق واجب ہو جاتا اور صاحب حق اس کی گرفتاری کا مطالبہ کرتا تو اس کی طرف سے خود ادائیگی کر دیا کرتے تھے، حالانکہ وہ خود زیادہ مالدار نہیں تھے۔

حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ۵۰ سال سے کچھ زیادہ عرصہ یہ گواہی دیتے رہے اور یہ احسن طریقے سے لوگوں کے درمیان فیصلے کیا کرتے تھے اور اجمل سیرت کے ساتھ اور خواص و عوام ان کے شکر گزار تھے۔

انہوں نے حدیث شریف حضرت ''ابو القاسم ہبۃ اللہ بن احمد بن عمرۃ الجریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو نصر احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو البرکات عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سنی ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابوداؤد سجستانی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ''سنن'' اور حضرت ''زبیر بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' کی ''کتاب النسب'' حضرت ''ابو الحسن بن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے پڑھی، اس کے علاوہ بھی کئی اجزاء پڑھے۔

حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے ان سے حدیث لکھی ہے، یہ ثقہ تھے نبیل تھے، میں نے ان جیسا عالم نہیں دیکھا، میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا: تو انہوں نے کہا: ۵۱۲ ہجری محرم الحرام میں پیدائش ہوئی۔ ان کا انتقال ۵۹۶ ہجری ماہ محرم میں ہوا۔ ان کو شونیزیہ کے اندر ان کے گھر والوں کے قریب دفن کیا گیا اور یہ اپنے گھر والوں میں سے زندہ رہنے والے سب سے آخری تھے اور ان کی کوئی اولاد نہ تھی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''حافظ ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند میں میرے چار شیوخ میں سے یہ ایک شیخ ہیں اول کتاب کے اندر ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

(693) عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْمُبَارِكِ الْاَنْمَاطِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهِ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ بُنْدَارٍ اَبُو الْبَرَكَاتِ الْاَنْمَاطِيُّ مِنْ اَهْلِ نَهْرِ الْقَلَّابِيْنَ * سَمِعَ وَقَرَاَ الْكَثِيْرَ وَحَصَّلَ الْعَالِيَ وَالنَّازِلَ وَلَمْ يَزَلْ يُسْمِعُ وَيُفِيْدُ النَّاسَ اِلٰى آخِرِ عُمُرِهٖ * سَمِعَ اَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الزَّيْنَبِيَّ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ الْعَزِيْزِ بْنِ عَلِيِّ الْاَنْمَاطِيَّ وَعَلِيَّ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ التُّسْتَرِيَّ وَاَبَا الْخِطَابِ نَصْرَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ الْبَطِرِ وَخَلْقًا كَثِيْرًا سِوَاهُمْ * رَوٰى عَنْهُ اَبُو الْفَرَجِ ابْنُ الْجَوْزِيِّ وَاَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَكِيْنَةَ وَاَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ الْاَخْضَرِ وَجَمَاعَةٌ * تُوُفِّيَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''عبدالوہابن بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا' حضرت ''عبدالوہاب بن مبارک بن احمد بن حسن بن بندار ابوالبرکات انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ نہر القلابین والے لوگوں میں سے ہیں۔

انہوں نے بہت سارے لوگوں سے سماع بھی کیا ہے اور قرأت بھی کی ہے اور عالی اور نازل سندیں حاصل کی ہیں اور یہ مسلسل سنتے رہے اور اپنی عمر کے آخر تک لوگوں کو فائدہ پہنچاتے رہے۔

انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالعزیز بن علی انماطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن احمد بن محمد تستری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالخطاب نصر بن احمد بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ محدثین کی بہت بڑی تعداد سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابوالفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ابواحمد عبدالوہاب بن سکینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد بن اخضر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۵۳۸ ہجری میں ہوا اور ان کی پیدائش ۴۶۲ ہجری کی ہے۔

---

(694)عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَكِيْنَةَ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدَةَ اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ اَبِيْ مَنْصُوْرٍ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ سَكِيْنَةَ * شَيْخُ وَقْتِهٖ عَلاً فِي الْإِسْنَادِ وَالْمَعْرِفَةِ وَالْآثَارِ وَالزَّهَادَةِ وَالْعِبَادَةِ بَكَّرَ بِهٖ وَالِدُهٗ فَاَسْمَعُهٗ فِيْ صَبَاهُ بِاِفَادَةِ الشَّيْخِ اَبِي الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ وَقِرَاءَ تَهٗ مِنْ اَبِي الْقَاسِمِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُصَيْنِ وَزَاهِرِ بْنِ طَاهِرِ الشَّحَامِيْ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ حَمُّوَيْهِ الْجُوَيْنِيِّ وَاَخِيْهِ عَبْدِ الصَّمَدِ وَاَبِيْ غَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمَاوَرْدِيِّ ثُمَّ صَحِبَ اَبَا سَعْدِ ابْنِ السَّمْعَانِيْ وَاَبَا الْقَاسِمِ بْنَ عَسَاكِرِ الدِّمَشْقِيَّ * وَسَمِعَ مَعَهُمَا الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِيْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِيْ وَمِنْ وَالِدِهٖ اَبِيْ مَنْصُوْرٍ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ وَمِنْ جَدِّهٖ لِاُمِّهٖ اَبِي الْبَرَكَاتِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَحْمَدَ السَّمَرْقَنْدِيِّ وَاَبِي الْبَرَكَاتِ عَبْدِ الْوَهَابِ بْنِ مُبَارَكِ الْاَنْمَاطِيِّ وَجَمَاعَةٍ ذَكَرَهُمُ الْحَافِظُ وَذَكَرَ مِنْ اَحْوَالِهٖ وَحَسَنَ طَرِيْقَتَهٗ جُمْلَةً ثُمَّ قَالَ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ رَابِعَ شَعْبَانَ سَنَةَ تِسْعَ عَشَرَةَ وَخَمْسِ مِائَةٍ تُوُفِّيَ ضَحْوَةَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ التَّاسِعِ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعِ الْآخِرِ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّ مِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِيْ فِيْ تَارِيْخِ ابْنِ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ*

حضرت ''عبدالوہاب بن سکینہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے حضرت ''عبدالوہاب بن علی بن علی بن عبیدہ ابواحمد بن ابومنصور رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''ابن سکینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ اپنے وقت کے شیخ تھے، اسناد، معرفت، آثار، زہد، عبادت میں سب سے آگے تھے۔ ان کے والد نے ان کو بچپن میں حدیث کا سماع کروایا، حضرت ''شیخ ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے افادات میں سے اور حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن محمد بن حصین رحمۃ اللہ علیہ'' کی قراءت میں سے اور حضرت ''زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''

ابوعبداللہ محمد بن حمویہ جوینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بھائی حضرت ''عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو غالب محمد بن حسن الماوردی رحمۃ اللہ علیہ'' کے افادات سے۔

پھر یہ حضرت ''ابوسعد ابن سمعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم بن عساکر دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب بنے اور ان سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا، نیز حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے والد حضرت ''ابومنصور علی بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے دادا حضرت ''ابوالبرکان اسماعیل بن احمد سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے، حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے۔

ان کے احوال ذکر کئے ہیں اور ان کا تمام حسن طریقہ لکھا ہے پھر کہا ہے' میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا' ۵۱۹ ہجری ماہِ شعبان المعظم کی ۴ تاریخ جمعہ کی رات کو پیدا ہوا اور ان کا انتقال ۶۰۷ ہجری ماہِ ربیع الآخر کی ۱۳ تاریخ کو پیر کے دن دوپہر کے وقت ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: تاریخ حضرت ''ابن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے اندر یہ میرے شیوخ کے شیخ ہیں۔

****

(695)عَبْدُ الْمُغِيْثِ بْنُ زُهَيْرِ بْنِ عَلَوِیْ اَبُو الْعَزِيْزِ اَبِیْ حَرْبٍ

مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِيَّةِ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحَدِيْثَ الْكَثِيْرَ وَطَلَبَ بِنَفْسِهٖ وَقَرَاَ عَلَى الْمَشَائِخِ وَحَصَلَ الْاُصُوْلَ وَكَتَبَ بِخَطِّهٖ وَلَمْ يَزَلْ يُفِيْدُ النَّاسَ حَتّٰى تُوُفِّیَ * سَمِعَ اَبَا الْقَاسِمِ هِبَةَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِ وَابْنَ اَبِی الْعَزِّ اَحْمَدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَادِشٍ وَاَبَا غَالِبٍ اَحْمَدَ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَحْيٰى اِبْنَیْ اَبِیْ عَلِیِّ بْنِ الْبَنَّا وَاَبَا الْحُسَيْنِ مُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَرَّاءِ وَاَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ الْمَرْزُوْقِیَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیَّ وَجَمَاعَةً كَثِيْرًا ذَكَرَهُمُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ * ثُمَّ قَالَ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِیْ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى * وَتُوُفِّیَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِیْ فِیْ مُسْنَدِ طَلْحَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ *

حضرت ''عبدالمغیث بن زہیر بن علوی ابوالعزیز ابوحرب رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہل حربیہ میں سے ہیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے اور بذات خود بھی ان کی طلب کی ہے اور مشائخ پر قراءت کی ہے، اصول حاصل کئے ہیں، اپنے ہاتھ سے لکھا ہے اور اپنی وفات تک لوگوں کو مسلسل فائدہ دیتے رہے، انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن ابی العز احمد بن عبیداللہ بن کادش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو غالب احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ دونوں حضرت ''ابوعلی البناء رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں) اور حضرت ''ابوالحسین محمد بن محمد بن فراء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن حسین مرزوقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت ہے جن سے انہوں نے روایت کیا ہے۔ حضرت ''حافظ

ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ" نے سب کے نام ذکر کئے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: پھر میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا، ۵۰۰ ہجری میں ان شاء اللہ تعالیٰ اور ۵۸۳ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت "طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ" کی مسند میں یہ میرے شیوخ کے شیخ ہیں۔

****

(696) عَبْدُ الْمُنْعَمِ بْنُ كُلَيْبٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ الْمُنْعَمِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ سَعْدِ بْنِ صَدَقَةَ بْنِ الْخِضْرِ بْنِ كُلَيْبٍ اَبُو الْفَرَجِ بْنِ اَبِي الْفَتْحِ التَّاجِرِ مِنْ سَاكِنِي دَرْبِ الْاٰجُرِّ* وُلِدَ فِيْ بَغْدَادَ وَبَكَّرَ بِهٖ فِيْ سِمَاعِ الْحَدِيْثِ وَعُمُرُهٗ سِتُّ سِنِيْنَ فَبَكَّرَ بِهٖ عَمُّهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ فَاَسْمَعَهٗ مِنَ الشَّرِيْفِ اَبِيْ طَالِبِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الزَّيْنَبِيِّ وَاَبِي الْقَاسِمِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ بَيَانٍ وَاَبِيْ عَلِيٍّ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ نَبْهَانَ وَاَبِيْ عُثْمَانَ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَكَّةَ الْاَصْبَهَانِيِّ وَجَمَاعَةٍ* قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَكَانَتْ لَهٗ اِجَازَةٌ مِنَ الشَّرِيْفِ اَبِي الْعِزِّ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُخْتَارِ بْنِ الْمُؤَيَّدِ وَاَبِي الْغَنَائِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَيْمُوْنَ الْبَرَسِيِّ وَاَبِي الْخَطَّابِ مَحْفُوْظِ ابْنِ اَحمدِ الْاَوْدَانِي وَاَبِي البَرَكَاتِ طَلْحَةَ بنِ اَحمدَ العَاقُوْلِي وَاَبِي طَاهِرٍ عَبْدِ الرَّحمنِ ابنِ اَحْمَدِ بْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ يُوْسُفَ وَاَبِي الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ قُرَيْشٍ وَاَبِي الْحُسَيْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِي الدَّوْرِيِّ وَعَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الضَّحَاكِ وَعَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ ابْنِ النَّحْوِيِّ وَاَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِي بْنِ بِشْرِ الْعُطَارِدِيِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَيْثَمَةَ الْاٰجُرِيِّ وَاَبِي الْفَتْحِ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الْعِرَاقِيِّ وَسَعْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَيُّوْبَ الْبَزَّازِ وَاَبِي بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ مَكِّيِّ بْنِ دَوْسَتٍ الْعَلَافِ وَاَبِي الْمُعَالِي هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَيَحْيَى بْنِ عُثْمَانَ وَابْنِ الشَّوَاءِ وَاَبِي طَاهِرٍ حَمْزَةَ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّرَاوَرْدِيِّ وَجَمَاعَةٍ وَغَيْرِهِمْ* وَتَفَرَّدَ بِالرِّوَايَةِ عَنْ هٰؤُلَاءِ بِبَغْدَادَ* قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ سَمِعَ مِنْهُ شُيُوْخُنَا اَبُو الْفَرَجِ ابْنُ الْجَوْزِيِّ وَاَبُوْ مُحَمَّدِ الْاَخْضَرُ* وَعُمِّرَ وَاَلْحَقَ الصِّغَارَ بِالْكِبَارِ وَصَارَتِ الرِّحْلَةُ اِلَيْهِ مِنَ الْاَقْطَارِ* كَتَبَ اَحَادِيْثَ الْحَسَنِ بْنِ عَرَفَةَ بِخَطِّهٖ وَلَهٗ سَبْعٌ وَّتِسْعُوْنَ سَنَةً خَطًّا مَلِيْحًا وَحَدَّثَ بِهٖ مِنْ لَفْظِهٖ فِيْ مَجْلِسٍ عَامٍ حَضَرَهٗ خَلْقٌ كَثِيْرٌ وَحَضَرْتُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ فِيْ اٰخِرِ الْمَجْلِسِ وَسَمِعْتُ بَعْضَهٗ مِنْ لَفْظِهٖ وَقَدْ كُنْتُ سَمِعْتُهٗ مِنْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ* ثُمَّ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَانَ مِنْ اَعْيَانِ التُّجَّارِ وَاَرْبَابِ الثَّرْوَةِ الْوَاسِعَةِ وَقَدْ سَافَرَ كَثِيْرًا فِيْ طَلَبِ الْكَسْبِ بَرًّا وَبَحْرًا وَرَاَى الْعَجَائِبَ ثُمَّ عَادَ فِيْ اٰخِرِ عُمُرِهٖ وَافْتَقَرَ وَتَضَعْضَعَتْ اَحْوَالُهٗ وَلَزِمَ مَنْزِلَهٗ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ وَاحْتَاجَ اِلٰى اَنْ يَّاْخُذَ مِنْ طُلَّابِ الْحَدِيْثِ وَالْاَغْنِيَاءِ مَا يَرْتَفِقُ بِهٖ وَكَانَ لَا يَرْوِيْ اَحَادِيْثَ ابْنِ عَرَفَةَ اِلَّا بِدِيْنَارٍ وَذٰلِكَ مِنْ تَحْسِيْنِ وَلَدِهٖ لَهٗ* قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَدْ سَمِعْتُ مِنْهُ الْكَثِيْرَ وَلَازَمْتُهٗ وَسَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ صَفَرٍ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ* وَتُوُفِّيَ صَبِيْحَةَ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ

شَهْرِ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِيْ الْاَرْبَعِيْنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ فِيْ جُزْءِ ابْنِ عَرْفَةَ * قَالَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا اِبْنُ كُلَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ بْنُ نَبْهَانَ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ يَعْنِيْ اَلْبُرْجَلَانِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ عُمَيْرٍ قَالَ وَجَدتُّ فِيْ حِكْمَةِ اَبِيْ فَارِسٍ رَاَيْتُ الْكُرَمَاءَ وَالْعُقَلَاءَ يَبْتَغُوْنَ اِلَى الْمَعْرُوْفِ وَصِلَةِ سَبِيْلٍ * وَرَاَيْتُ الْمُؤَدَّةَ بَيْنَ الصَّالِحِيْنَ سَرِيْعاً اِتِّصَالِهَا بَطِيْئاً اِنْقِطَاعِهَا * كَكَوْنِ الذَّهَبِ سَرِيْعِ الْاِعَادَةِ اِنْ اَصَابَهُ ثَلَمٌ اَوْ كَسْرٌ * وَرَاَيْتُ الْمُؤَدَّةَ بَيْنَ الْاَشْرَارِ بَطِيْئاً اِتِّصَالُهَا سَرِيْعاً اِنْقِطَاعُهَا كَكَوْنِ الْفَخَّارِ مَمْنُوْعُ الْاِعَادَةِ اِنْ اَصَابَهُ ثَلْمٌ اَو كَسرَ فَلَا اِعَادَةَ لَهُ * وَرَاَيْتُ الْكَرِيْمَ يَحْفُظُ الْكَرِيْمَ عَلٰى اِبْتِغَاءِ الْوَاجِدِ وَمَصْرَفِهِ اِلَيْهِ * وَرَاَيْتُ اللَّئِيْمَ لَا تَنْفَعُ عِنْدَهُ مَعْرِفَةً اِلَّا عَنْ رَهْبَةٍ اَوْ رَغْبَةٍ * وَقَالَ الْاَوَّلُ *

شعر

اَصْلُ الْكَرَمِ اِذَا اَرَادَ وِصَالَنَا . . . وَاَصُدُّ عَنْهُ صُدُوْدُهُ اَحْيَانَا

فَاِذَا اسْتَمَرَّ عَلَى الْجَفَاءِ تَرَكْتُهُ . . . وَوَجَدتُّ عَنْهُ مَذْهَباً وَمَكَانَا

لَا فِي الْقَطِيْعَةِ مُغْشِياً اَسْرَارُهُ ... بَلْ حَافِظٌ مِنْ ذٰلِكَ مَا اسْتَرْعَانَا

اِنَّ اللَّئِيْمَ اِذَ اِنْقَطَعَ وَصْلُهُ . . . مِنْ ذِى الْمُوَدَّةِ قَالَ كَانَ وَكَانَا

حضرت ''عبدالمنعم بن کلیب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبدالمنعم بن عبدالوہاب بن سعد بن صدقہ بن خضر بن کلیب ابوالفرج بن ابوالفتح تاجر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں یہ درب الاجرد کے رہنے والے تھے۔

یہ بغداد میں پیدا ہوئے اور ابتدائی عمر میں حدیث کا سماع شروع کر دیا، اس وقت ان کی عمر ۶ برس تھی، ان کے چچا حضرت ''ابو عبداللہ محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی ان کو حدیث کا سماع شروع کروایا اور ان کو حضرت ''ابوطالب حسین بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم علی بن احمد بن بیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی محمد بن سعید بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعثمان اسماعیل بن محمد بن احمد بن ملہ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے حدیث کا سماع کروایا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کو حضرت ''ابوالعز محمد بن مختار بن موید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالغنائم محمد بن علی بن میمون برسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالخطاب محفوظ بن احمد اودانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات طلحہ بن احمد عاقولی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطاہر عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالقادر بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس احمد بن حسین بن قریش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین عبداللہ بن عبدالباقی الدوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب بن احمد بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالکریم بن ہبۃ اللہ ابن نحوی رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''احمد بن عبدالباقی ؒ''، حضرت ''بن بشر عطاردی ؒ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد بن خیثمہ آجردی ؒ''، حضرت ''ابو الفتح احمد بن احمد بن ہبۃ اللہ عراقی ؒ''، حضرت ''سعد اللہ بن علی بن حسین بن ایوب بزار ؒ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن مکی بن دوست علاف ؒ''، حضرت ''ابو المعالی ہبۃ اللہ بن مبارک ؒ''، حضرت ''یحییٰ بن عثمان ؒ''، حضرت ''ابن شواء ؒ''، حضرت ''ابو طاہر حمزہ بن محمد دراوردی ؒ''، اوران کے علاوہ ایک جماعت سے حدیث شریف کی روایت کی اجازت ہے۔ بغداد کے اندران سب سے روایت کرنے میں یہ متفرد ہیں۔

حضرت ''حافظ ابن نجار ؒ'' نے کہا ہے'ان سے ہمارے شیوخ حضرت ''ابوالفرج ابن جوزی ؒ'' اور حضرت ''ابومحمد اخضر ؒ''، حضرت ''عمرو ؒ''۔ نے روایت لی ہیں، بڑے چھوٹے سب آپ سے روایت لیتے تھے اور لوگ دور دراز سے سفر کر کے ان کی طرف آتے تھے۔

انہوں نے حضرت ''حسن بن عرفہ ؒ'' کی حدیثیں اپنے ہاتھ کے ساتھ لکھیں، ان کی ۹۷ برس عمر تھی اور بڑا اچھا خط تھا اور وہاں پر انہوں نے ایک مجلس میں جس میں ایک خلق کثیر جمع تھی ان کے الفاظ کے ساتھ حدیث بیان کی، میں اس دن مجلس کے آخر میں موجود تھا، میں نے ان کے کچھ الفاظ سنے تھے اور میں اس سے پہلے بھی دو مرتبہ سن چکا تھا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار ؒ'' کہتے ہیں' یہ تاجروں میں سے تھے اور وسیع دولت رکھنے والے تھے۔ انہوں نے طلب معاش میں سمندروں کے اور خشکی کے بہت سفر کئے اور بڑے عجائبات دیکھے۔ پھر یہ اپنی آخری عمر میں لوٹ آئے تھے اور فقیر ہو گئے تھے اور ان کے حالات بہت ناگفتہ بہ ہو گئے، یہ اپنی وفات تک اپنے گھر میں ہی رہے اور اس حد تک محتاج ہو گئے تھے کہ حدیث کے طالبعلموں اور اغنیاء سے وہ چیز لیتے تھے، جس سے ان کا گزارا ہو سکتا اور یہ حضرت ''ابن عرفہ ؒ'' کی حدیث ایک دینار لے کر روایت کرتے تھے اور یہ اپنے بیٹے کی تحسین کے لئے کرتے تھے۔

حضرت ''حافظ ابن نجار ؒ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے بہت ساری احادیث سنی ہیں اور میں ان کے ساتھ بھی رہا ہوں، میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا: تو انہوں نے کہا: ۵۰۰ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۵۹۶ ہجری ماہِ ربیع الاول کی ۲۷ تاریخ کو پیر کے دن صبح کے وقت ہوا۔

☆ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابن عرفہ ؒ'' والے جزء کے اندر میرے چالیس شیوخ میں سے یہ ایک شیخ ہیں۔

حضرت ''حافظ ؒ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''ابن کلیب ؒ'' نے بتایا ہے' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوعلی بن نبہان ؒ'' نے قراءت کرتے ہوئے بتایا ہے' وہ کہتے ہیں' حضرت ''بشر بن عبداللہ قاضی ؒ'' نے بتایا' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوبکر محمد بن عبداللہ بن احمد بن مخلد ؒ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابو العباس احمد بن مسروق ؒ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن حسین یعنی برجلانی ؒ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن صالح ؒ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''مبارک بن سعید بن مرزوق ثوری ؒ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''عبدالملک بن عمیر ؒ'' نے، وہ کہتے ہیں' میں نے ان کو حضرت ''ابو

فارس رحمۃ اللہ علیہ" کی حکمت میں پایا ہے، میں نے کرامت والوں کواور عقل مندوں کودیکھا کہ وہ بھلائی کی طرف راستہ ڈھونڈتے ہوئے آتے ہیں اور میں نے صالحین کے درمیان محبت دیکھی ہے کہ بہت جلدی محبت پیدا ہو جاتی ہے اوران کی ایک دوسرے سے جدائی بہت دیر کے بعد ہوتی ہے، جس طرح سونا بہت جلدی اپنی اصلی حالت پر لوٹ جاتا ہے اگر اس کوکوئی رخنہ پہنچے یا اس کوتوڑ دیا جائے۔ اور میں نے برے لوگوں میں دیکھا ہے، ان میں محبت بڑی دیر بعد قائم ہوتی ہے اور جلدی ختم ہو جاتی ہے جیسا کہ ٹھیکری میں رخنہ پڑ جائے یا وہ ٹوٹ جائے تو دوبارہ اصلی حالت پر واپس نہیں آتی اور میں نے کریم شخص کو دیکھا ہے کہ وہ کریم کی حفاظت کرتا ہے، پانے والے کی طلب میں اوراس کی طرف جانے میں اور میں نے کمینے کودیکھا کہ وہ معرفت کے وقت بھی کوئی نفع نہیں دیتا جب تک کہ اس کوکوئی لالچ یا ڈر نہ ہو اور پہلے نے کہا ہے کہ

اَصُلُ الْكَرِيمِ إِذَا اَرَادَ وِصَالَنَا . . . وَاَصُدُّ عَنْهُ صُدُوْدَهُ اَحْيَانا

فَإِذَا اسْتَمَرَّ عَلَى الْجَفَاءِ تَرَكْتُهُ ... وَوَجَدْتُ عَنْهُ مَذْهَباً وَمَكَانا

لَا فِي الْقَطِيْعَةِ مَغْشِيّاً اَسْرَارُهُ ... بَلْ حَافَظَ مِنْ ذٰلِكَ مَا اسْتَرْعَانَا

ان اللئيم اذاتقطع وصله   من ذی المودة قال كان وكانا

- کریم کی اصل یہ ہے کہ جب وہ ہم سے ملاقات کا ارادہ کرتا ہے تو بسا اوقات میں اس سے اعراض کرتا ہوں۔
- جب وہ مسلسل جفاء ہی کرتا رہتا ہے تو میں اس کو چھوڑ دیتا ہوں اور میں اسے ہٹ جانے کا راستہ اور جگہ پاتا ہوں۔
- قطع تعلقی میں اس کے راز پوشیدہ نہیں ہیں، بلکہ اس نے ہم سے جس چیز کی حفاطت کا کہا تھا، اس نے بھی اس کی حفاظت کر کے دکھائی ہے۔
- کمینے شخص کی کیفیت یہ ہے کہ جب دوستوں سے اس کی دوستی ختم ہوتی ہے تو نہ جانے کیا کیا بکتا ہے۔

---

(697)عَلِيُّ بْنُ عَسَاكِرِ الدَّمِشْقِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَيْنِ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ الْحُسَيْنِ الشَّافِعِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عَسَاكِرِ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقٍ اِمَامُ الْمُحَدِّثِيْنَ فِيْ وَقْتِهٖ * سَمِعَ بِاِفَادَةِ اَخِيْهِ الْاَكْبَرِ وَهُوَ صَغِيْرٌ فِيْ سَنَةِ خَمْسِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ مِنْ اَبِيْ الْحَسَنِ الْمُوَازِيْنِيِّ وَاَبِيْ الْقَاسِمِ وَابْنِ النَّسَيْبِ وَاَبِيْ الْوَحْشِ سَبِيْعِ بْنِ قِيْرَاطٍ وَاَبِيْ طَاهِرِ الْحِبَالِ وَسَمِعَ بِنَفْسِهٖ مِنْ وَالِدِهٖ وَاَبِيْ مُحَمَّدِ الْاَكْفَانِيْ وَاَبِيْ الْحَسَنِ بْنِ قُبَيْسٍ وَاَبِيْ الْحَسَنِ السَّلَمِيِّ وَعَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ حَمْزَةَ * ثُمَّ اِنَّهٗ رَحَلَ اِلَى الْعِرَاقِ فِيْ سَنَةِ عِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَسَمِعَ الْكَثِيْرَ بِبَغْدَادَ مِنْ اَبِي الْقَاسِمِ الْحُصَيْنِ وَاَبِيْ الْحَسَنِ الدَّيْنُوْرِيِّ وَقَرَاتَكِيْنَ بْنِ الْاَسْعَدِ بْنِ الْمَذْكُوْرِ وَاَبِيْ غَالِبِ بْنِ الْبَنَا وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِيْ الْاَنْصَارِيْ وَمِنْ خَلْقٍ كَثِيْرٍ سِوَاهُمْ * وَسَمِعَ بِمَكَّةَ مُحَمَّدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ الْغَزَالِ وَرَزِيْنَ بْنَ مُعَاوِيَةَ الْعُنْدُرِيَّ * وَبِالْمَدِيْنَةِ اَبَا

الْفُتُوحِ عَبْدَ الْخَلَّاقِ ابْنَ عَبْدِ الْوَاسِعِ بْنِ عَبْدِ الْهَادِيِّ الْاَنْصَارِيُّ الْهَرَوِيّ * وَبِالْكُوْفَةِ الشَّرِيْفِ اَبَا الْبَرْكَاتِ عُمَرَ بْنَ اِبْرَاهِيْمِ الزَّيْنَبِيَّ وَعَادَ اِلَى بَغْدَادَ وَاَقَامَ بِهَا يُسْمِعُ الْحَدِيْثَ وَيُقْرِأُ الْخِلَافَ وَالْفِقْهَ * وَعَادَ اِلٰى دَمِشْقٍ وَرَحَلَ اِلٰى خُرَاسَانَ عَلٰى طَرِيْقِ آذَرْبَيْجَانَ وَدَخَلَ نَيْسَابُوْرَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَسَمِعَ بِهَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِيّ وَاَبَا مُحَمَّدِ السِّنْدِيَّ وَزَاهِرَ بْنَ طَاهِرِ الشَّحَامِيَّ وَاَخَاهُ وَجِيهاً وَاَبَا الْمُظَفَّرِ الْعَنَزِيَّ * وَسَمِعَ بِبُوْشَنْجَ- وَسَرْخَسَ- وَطُوْسَ- وَمَرْوَ- وَاَصْبَهَانَ- وَهَمْدَانَ- وَبِسْطَامَ وَدَامَغَانَ- وَسِمْنَانَ- وَالرَّيِّ- وَزَنْجَانَ- وَغَيْرِهَا مِنَ الْبِلَادِ- وَعَادَ اِلٰى بَغْدَادَ فِيْ سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَكَتَبَ عَنْهُ جَمَاعَةٌ وَعَادَ اِلٰى دَمِشْقٍ يُحَدِّثُ وَيُمْلِيْ وَيُصَنِّفُ عَلٰى اَجْمَلِ سِيَرٍ وَاَحْسَنِ طَرِيْقَةٍ اِلٰى آخِرِهٖ عُمُرِهٖ * جَمَعَ (تَارِيْخُ دَمِشْقٍ) فِيْ خَمْسِ مِائَةٍ وَسَبْعِيْنَ جُزْأً (الْمُوَافَقَاتُ عَنْ شُيُوْخِ الْاَئِمَةِ الثِّقَاتِ) اِثْنَيْنِ وَتِسْعِيْنَ جُزْأً وَ (الْاَشْرَافُ عَلٰى مَعْرِفَةِ الْاَطْرَافِ) ثَمَانِيَةٌ وَاَرْبَعُوْنَ جُزْأً وَ (الْمُعْجَمُ) لِاَسْمَاءِ شُيُوْخِهِ الَّذِيْنَ سَمِعَ مِنْهُمْ وَاَجَازُوْا لَهُ وَعِدَتُهُمْ اَلْفٌ وَثَلَاثُ مِائَةٍ شَيْخٍ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ التَّصَانِيْفِ * وُلِدَ فِيْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ * وُتُوُفِّيَ فِيْ رَجَبَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَدُفِنَ بِمَقَابِرَ بَابِ الصَّغِيْرِ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ حَدَّثَنِيْ عَنْهُ الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ رَشِيْدُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ ابْنُ الْفَرَجِ بْنِ مَسْلَمَةَ الدِّمِشْقِيُّ بِدِمِشْقَ قَالَ اَخْبَرَنَا الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ الْقَاسِمِ عِلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عَسَاكِرَ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَمَوْلِدُ هٰذَا الشَّيْخِ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ *

حضرت ''علی بن عساکر دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے حضرت ''علی بن حسن بن ہبۃ اللہ بن عبداللہ بن حسین ابوالقاسم بن محمد بن ابوالحسین شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ ''ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ اہل دمشق سے تعلق رکھتے ہیں، اپنے زمانے کے امام المحدثین ہیں، انہوں نے اپنے افادات کے ساتھ ۵۵۰ ہجری کو اپنے بڑے بھائی سے سماع کیا ہے۔ یہ اس وقت چھوٹے تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابوالحسن موازینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن نسیب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالوحش سبیع بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوطاہر حبال رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور بذات خود اپنے والد سے اور حضرت ''ابومحمد اکفانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوالحسین بن قیس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالکریم بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

پھر یہ ۵۲۰ ہجری میں عراق چلے گئے اور بغداد کے اندر حضرت ''ابوالقاسم الحصین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن دینوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قراتکین بن اسعد بن مذکور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوغالب بن البنا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ خلق کثیر سے کثیر سماع کیا ہے۔ انہوں نے مکہ مکرمہ کے اندر حضرت ''محمد بن عبیداللہ بن محمد بن اسماعیل بن غزال رحمۃ اللہ علیہ'' اور

حضرت ''رزین بن معاویہ غندری رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور مدینہ کے اندر حضرت ''ابوالفتوح عبدالخلاق رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابن عبدالواسع بن عبدالہادی انصاری ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' اور کوفہ شریف کے اندر حضرت ''ابوالبرکات عمر بن ابراہیم زیلعی رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے۔ پھر یہ بغداد کے اندر لوٹ کر آ گئے اور وہاں پر قیام پذیر رہے اور وہاں پر حدیث کا سماع کرواتے رہے اور اختلافات اور فقہ پڑھاتے رہے، پھر یہ دمشق کی جانب لوٹ کر آئے اور خراسان کی جانب آذربائیجان کے راستے سے روانہ ہوئے۔ ۵۲۹ ہجری میں یہ نیشاپور میں داخل ہوئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ فزاری ابومحمد سندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ'' ،اور ان کے بھائی حضرت ''وجیح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو مظفر عنزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کا سماع کیا۔انہوں نے بوشنج ،سرخس ،طوس ،مرو ،اصبہان ، ہمدان ، بسطام ، دامغا ، سمنان ، رے ، زنجان ، اور دیگر بلاد کے اندر بھی سماع کیا۔ پھر ۵۳۳ ہجری کو بغداد واپس آ گئے اور ان سے محدثین کی ایک جماعت نے احادیث لکھیں۔ پھر یہ دمشق لوٹ کر آئے اور وہاں حدیث بیان بھی کیا کرتے تھے، لکھوایا بھی کرتے تھے اور آخری عمر تک احسن انداز میں حدیث تصنیف بھی کی ہیں۔

انہوں نے تاریخ دمشق جمع کی ہے جس کی ۵۷۰ جلدیں ہیں اور موافقات عن شیوخ الائمہ الثقات لکھی ہے اس کی ۷۲ جلدیں ہیں، الاشراف علی معرفۃ الاطراف اس کی ۴۸ جلدوں پر ہے، معجم جس میں ان کے ان شیوخ کے اسماء ہیں جن سے انہوں نے سماعت کی ہے اور جنہوں نے ان کو اجازت دی ہے ان کی تعداد ۱۳۰۰ ہے، اس کے علاوہ بھی بہت ساری تصانیف ہیں۔

ان کی پیدائش ۴۹۹ ہجری ماہِ محرم الحرام میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۷۱ ہجری کو ماہِ رجب میں ہوا اور باب الصغیر کے قبرستان میں ان کو دفن کیا گیا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ہمیں ان کے حوالے سے الشیخ المعمر حضرت ''رشید الدین احمد بن فرج بن مسلمہ دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق کے اندر حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''امام الحافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ ''ابن عساکر'' کے نام سے مشہور ہیں، انہوں نے ہمیں حدیث کی قراءت کی اور ہم اسے سن رہے تھے، یہ ۵۶۶ ہجری کی بات ہے اور اس شیخ کی پیدائش ۵۵۵ ہجری کی ہے۔

بَابُ الْغَيْنِ

(698)غَالِبُ بْنُ الْهُذَيْلِ اَبُوْ الْهُذَيْلِ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ فَقَالَ غَالِبُ بْنُ الْهُذَيْلِ الْكُوْفِيُّ الْاَزْدِيُّ *يَرْوِيْ عَنِ اِبْرَاهِيْمَ يَرْوِيْ عَنْهُ الثَّوْرِيُّ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ حَدِيْثَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ اَرَادَ اَنْ يَّضْرِبَ نِسَاءً كُنَّ مَعَ جَنَازَةٍ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ دَعْهُنَّ فَاِنَّ الْعَهْدَ قَرِيْبٌ* (اَخْرَجَهُ) الْحَافِظُ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ فِيْ مُسْنَدِهِ عَنِ الْحَافِظِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عُقْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

حضرت ''غالب بن ہذیل ابوالہذیل ﷫''

حضرت ''امام بخاری ﷫'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''غالب بن ہذیل کوفی ازدی ﷫'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''ابراہیم ﷫'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ثوری ﷫'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' نے ان مسانید میں حضرت ''عمر ﷜'' والی حدیث (انہوں نے جنازہ کے ساتھ چلنے والی عورتوں کو مارنے کا ارادہ کیا تو رسول اکرم ﷺ نے فرمایا' ان کو چھوڑ دو کیونکہ یہ نئی نئی مسلمان ہوئی ہیں) نقل کی ہے۔

حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد ﷫'' نے اپنی مسند کے اندر اس کا ذکر کیا ہے اور اس کو حضرت ''حافظ احمد بن محمد بن سعید ﷫'' (جو کہ ابن عقدہ کے نام سے مشہور ہیں انہوں) نے حضرت ''محمد بن احمد بن نعیم ﷫'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید ﷫'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''ابو یوسف ﷫'' کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' سے روایت کی ہے۔

---

(699)غَيْلَانٌ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ غَيْرُ مَنْسُوْبٍ وَالظَّاهِرُ اَنَّهُ غَيْلَانُ بْنُ جَامِعٍ الْمُحَارِبِيُّ قَاضِيْ الْكُوْفَةِ فَقَدْ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ كَذٰلِكَ مَنْسُوْباً وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ وَالْحَكَمِ* رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ کَعْبِ الْقَرَظِیِّ قَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''غیلان رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایات لی ہیں اور یہ منسوب نہیں ہیں اور ظاہر یہ ہے کہ یہ حضرت ''غیلان بن جامع المحاربی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں جو کہ کوفہ کے قاضی تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ان کو منسوب کر کے ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن کعب قرظی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••••••••

بَابُ الْفَاءِ

(700)(فَاطِمَةُ) بِنْتُ قَيْسٍ

* أُخْتُ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسِ الْكِنْدِيّ الْمَعْرُوْفُ وَقَدْ ذَكَرْنَا نَسَبَهٗ فِيْ بَابِ الْاَلِفِ لَهَا صُحْبَةٌ وَلَهَا ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا

یہ حضرت ''اشعث بن قیس کندی معروف رحمۃ اللہ علیہ'' کی بہن ہیں۔ہم نے الف کے باب میں ان کا نسب ذکر کردیا ہے ان کو صحبت حاصل ہے اوران مسانید میں ان کا ذکر موجود ہے۔

••••••••••••••••••••••••

(701)فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

مِنَ الصَّحَابِيَاتِ حَدِيْثُهَا فِي الْاِسْتِحَاضَةِ مَعْرُوْفَةٌ وَقَدْ مَرَّ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

فاطمہ بنت حبیش رضی اللہ عنہا

یہ صحابیات میں سے ہیں۔اور استحاضہ کے حوالے سے ان کی احادیث مشہور ہیں،ان مسانید میں ان کی احادیث گزر چکی ہیں۔

••••••••••••••••••••••••

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مِنَ التَّابِعِيْنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے وایات لی ہیں

(702)فُرَاتُ بْنُ اَبِيْ فُرَاتٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ فُرَاتُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَلْحَةَ * رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ وَهِلَالُ بْنُ غَنَامٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''فرات ابن ابی فرات رحمۃ اللہ علیہ''

امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''فرات بن فضل بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابو معاویہ الضریر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہلال بن غنام رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(703) فُرَاتُ بْنُ يَحْيٰى الْهَمْدَانِيُّ الْمُكْتِبُ الْكُوْفِيُّ

سَمِعَ الشَّعْبِيِّ وَرَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنْهُ الْإِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''فرات بن یحییٰ ہمدانی مکتب کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(704) اَلْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ اَبُوْ نُعَيْمٍ

هُوَ الْإِمَامُ اَبُوْ نُعَيْمٍ اَلْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ * اَلَّذِىْ يَرْوِىْ عَنْهُ الْبُخَارِيُّ التَّوارِيْخَ وَقَدْ ذَكَرَهُ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ اَبُوْ نُعَيْمٍ الْمَلَائِيُّ مَوْلٰى آلِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقَرَشِيِّ الْكُوْفِيِّ * مَاتَ سَنَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ وَكَانَ اَصْغَرَ مِنْ وَكِيْعٍ بِسَنَةٍ* وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ * وَسَمِعَ الْاَعْمَشَ وَمِسْعَرًا وَالثَّوْرِيَّ وَشُعْبَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ كَثِيْرًا عَنِ الْإِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''فضل بن دکین ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ جن سے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے تاریخ سے متعلق حدیث ذکر کی ہیں اور ان کو اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''فضل بن دکین ابونعیم ملائی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ آل طلحہ بن عبید اللہ قرشی کوفی کے

آزادکردہ ہیں۔

ان کا انتقال ۲۱۹ ہجری میں ہوا۔ اور آپ حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک سال چھوٹے تھے، ان کی پیدائش ۱۰۳ ہجری میں ہوئی اورانہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے کثیر روایات نقل کی ہیں جو کہ ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے کبار شیوخ میں سے ہیں۔

(705) اَلْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی السَّیْنَانِیُّ اَلْمَرْوَزِیُّ

سَمِعَ اللَّیْثَ وَالْاَعْمَشَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ * سَمِعَ مِنْهُ صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ الْحُسَیْنُ بْنُ الْحَارِثِ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ مَوْلٰی بَنِیْ وَظِیْفَةَ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَمِائَةٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ کَثِیْرًا فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِهٖ*

حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی مروزی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ابی سعید بن ابی ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''صدقہ بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''حسین بن زید حارث رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی وفات سن ۱۹۱ ہجری میں ہوئی۔ یہ بنی وظیفہ کے آزادکردہ تھے، ان کی پیدائش ۱۱۵ ہجری میں ہوئی۔

✿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے ان کی بہت ساری روایات ہیں جو ان مسانید میں موجود ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے تھے۔

(706) فُضَیْلُ بْنُ عَیَّاضِ الزَّاهِدُ

قَالَ وَکِیْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ جَالَسَهٗ وَاَخَذَ عَنْهُ یَعْنِیْ جَالَسَ اَبَا حَنِیْفَةَ وَاَخَذَ عَنْهُ الْعِلْمَ وَقَدْ ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ فُضَیْلُ بْنُ عَیَّاضِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَبُوْ عَلِیٍّ التَّیْمِیُّ سَمِعَ مَنْصُوْرًا وَعَطَاءَ بْنَ السَّائِبِ مَاتَ بِمَکَّةَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ قَدَّسَ اللّٰهُ سِرَّهٗ

حضرت ''فضیل بن عیاض الزاہد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' وہ ان کے پاس بیٹھتے بھی رہے اور ان سے احادیث لی ہیں یعنی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس بیٹھتے رہے اور ان سے علم بھی حاصل کیا اور امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور پھر کہا ہے' حضرت ''فضیل بن عیاض بن مسعود ابوعلی تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ یہ مکہ

مکرمہ میں ۱۸۷ ہجری میں فوت ہوئے۔

----

(707) فَرُّوْخُ بْنُ عُبَادَةَ

هُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''فروخ بن عبادہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ان محدثین میں سے جن کی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

----

(708) فَرَجُ بْنُ بَيَانٍ

هُوَ اَيْضاً مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْإِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''فرج بن بیان رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بھی ان محدثین میں سے جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(709) فَضْلُ بْنُ غَانِمٍ اَبُوْ عَلِيِّ الْخُزَاعِيُّ

مَرْوَزِىُّ الْاَصْلِ* كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ وَسَوَّارِ بْنِ مُصْعَبٍ وَسَلْمَةَ بْنِ الْفَضْلِ* رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ خَيْثَمَةَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِىُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَغْوِىُّ وَغَيْرُهُمْ كَانَ يَتَوَلَّى الْقَضَاءَ بِالرَّىِّ وَمِصْرَ وَبَغْدَادَ* مَاتَ الْفَضْلُ بْنُ غَانِمٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشِيْرٍ فِىْ يَوْمٍ وَاحِدٍ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ لِلَّيْلَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ جُمَادَى الْآخِرَةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ* رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا

حضرت ''فضل بن غانم ابوعلی خزاعی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اصل میں مروزی ہیں۔ خطیب بغدادی نے اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے' وہاں پر انہوں نے حضرت ''مالک بن انس سلیمان بن بلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سوار بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلمہ بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔

ان سے حضرت ''احمد بن ابی خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ مخزومی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور

ان کے علاوہ دیگر محدثین نے روایت کیا ہے، یہ ''رے'' کے اندر مسند قضاء پر فائز رہے اور مصر اور بغداد میں بھی مسند قضاء پر فائز رہے۔ حضرت ''فضل بن غانم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ'' ایک ہی دن فوت ہوئے ان کی تاریخ وفات ۲۳۶ ہجری، ۲۸ جمادی الآخر، بروز منگل ہے۔

(710) اَلْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ اَلْمَرْوَزِیُّ اَبُوْ بَكْرٍ

اَلْمَعْرُوْفُ بِفَضْلِكَ الرَّازِیُّ كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِیْبُ وَقَالَ سَمِعَ هُدْبَةَ بْنَ خَالِدٍ وَقُتَیْبَةَ بْنَ سَعِیْدٍ وَاَبَا الرَّبِیْعِ الزُّهْرَانِیَّ وَاَحْمَدَ ابْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ وَاِسْحَاقَ بْنَ رَاهَوَیْهِ وَخَلْقًا كَثِیْرًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ قَالُوْا هُوَ اِمَامُ عَصْرِهٖ فِیْ عِلْمِ الْحَدِیْثِ مَاتَ سَنَةَ سَبْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ یَرْوِیْ عَنِ الْبُخَارِیِّ فِیْ هٰذِهِ الْاَحَادِیْثِ

حضرت ''فضل بن عباس مروزی ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''فضلک رازی'' کے نام سے مشہور تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح ذکر کیا ہے، اور فرمایا ہے انہوں نے حضرت ''ہدبہ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قتیبہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوربیع زہرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق بن راھویہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور وہاں کے کے عظیم محدثین میں سے خلق عظیم سے سماع کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ علم حدیث میں اپنے زمانے کے امام تھے۔ ان کا انتقال ۲۷۰ ہجری میں ہوا۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے ان کی احادیث موجود ہیں۔

بَابُ الْقَافِ

(711)قُطْبَةُ بْنُ مَالِكٍ

صَحَابِیٌّ ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ قُطْبَةُ بْنُ مَالِكٍ یَرْوِیْ عَنْهُ زِیَادُ بْنُ عَلاقَةِ * لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ''

یہ صحابی ہیں، اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ'' ان سے حضرت ''زیاد بن علاقہ رضی اللہ عنہ''، نے روایت کی ہے اور ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے

(712)اَلْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَلْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَلْهُذَلِیُّ اَلْكُوْفِیُّ * یَرْوِیْ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَاَبِیْهِ* رَوٰی عَنْهُ الْاَعْمَشُ وَالْمَسْعُوْدِیُّ وَمِسْعَرٌ* قَالَ اِبْرَاهِیْمُ الرَّمَادِیُّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ صَحِبْنَا الْقَاسِمَ ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَطَالَبْنَا بِثَلاثٍ بِطُوْلِ الصَّمْتِ وَحَسْنِ الْخُلْقِ وَسَخَاءِ النَّفْسِ* وَقَالَ وَكِیْعٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ كَانَ الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَاضِیاً عَلَیْنَا فِیْ زَمَنِ عُمَرَابْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ہذلی کوفی رضی اللہ عنہ''۔

وہ حضرت ''جابر بن سمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے والد سے رویت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''ابراہیم رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں' میں حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ تھا انہوں نے ہم سے تین چیزوں کا مطالبہ کیا۔ زیادہ دیر لمبی خاموشی' حسن اخلاق اور نفس کی سخاوت۔

حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عمر بن ذر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے' حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ''، حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے میں ہمارے قاضی تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

....

(713) قَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ نُهَيْكِ الْاَسَدِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَلْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٌ اَبُوْ نُهَيْكِ الْاَسَدِيُّ * رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَمَنْصُوْرٌ وَجَرِيْرٌ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قاسم بن محمد ابونہیک اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قاسم بن محمد ابونہیک اسدی رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

....

(714) قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَيْسُ بْنُ مُسْلِمِ الْهُذَلِيُّ مِنْ قَيْسِ عَيْلَانَ * سَمِعَ مِنْهُ اِبْنُ جُرَيْجٍ * قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قیس بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قیس بن مسلم ہذلی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کا ''قیس عیلان'' سے تعلق تھا۔ ان سے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(715)قَتَادَةُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَتَادَةُ بْنُ دِعَامَةَ بْنِ قَتَادَةَ بْنِ عُزَیْزِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ رَبِیْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ سَدُوْسٍ * وَذَكَرَ نَسَبَهٗ اِلَی عَدْنَانَ ثُمَّ قَالَ السَّدُوْسِیُّ الْاَعْمَی الْبَصَرِیُّ * سَمِعَ اَنَساً وَاَبَا الطُّفَیْلِ وَسَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ * رَوٰی عَنْهُ هِشَامٌ وَشُعْبَةُ وَسَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ عُرُوْبَةَ كُنْیَتُهٗ اَبُوْ الْخِطَابِ * قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ قَالَ عَلِیٌّ مَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ وِمِائَةٍ* وَهُوَ ابْنُ سِتٍّ وَّخَمْسِیْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَقَدْ رَوٰی قَتَادَةُ اَیْضاً حَدِیْثاً عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَقَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ یمن میں رہائش پذیر رہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''معمر بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ حضرت ''ابراہیم بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''معمر رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۵۳ ہجری کو ماہِ رمضان المبارک میں ہوا۔

حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ان کی عمر ۵۸ برس تھی' انہوں نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(769)مُعَاذُ بْنُ عِمْرَانِ الْمُوْصَلِیّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ كَنَّاهُ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَبَا مَسْعُوْدٍ سَمِعَ مُغِيْرَةَ بْنَ زِيَادٍ رَوٰى عَنْهُ وَكِيْعٌ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ

حضرت ''معاذ بن عمران موصلی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' حضرت ''احمد سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی کنیت ''ابومسعود'' رکھی۔ انہوں نے حضرت ''مغیرہ بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا اور ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۸۵ ہجری میں ہوا۔

(770) مُوْسَی بْنُ طَارِقٍ التَّمِیْمِیّ

یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''موسیٰ بن طارق تمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(771) مَکِّیُّ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فَقَالَ مَکِّیُّ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ بَشِیْرِ بْنِ فَرْقَدٍ اَبُوْ السَّکَنِ الْبُرْجَمِیُّ الْحَنْظَلِیُّ التَّمِیْمِیُّ الْبَلْخِیُّ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشَرَةَ وَمِائَتَیْنِ سَمِعَ بَهْزَ بْنَ حَکِیْمٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ وَهِشَامَ بْنَ حَسَّانٍ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَرْوِیْ عَنْهُ الْکَثِیْرَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَقَالَ الْخَطِیْبُ رَوٰی عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَاَمْثَالُهُ

حضرت ''مکی بن براہیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''مکی بن ابراہیم بن بشیر بن فرقد ابوالسکن برجمی حنظلی تمیمی بلخی رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کا انتقال ۲۱۴ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''بہز بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن سعید بن ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اور ان مسانید میں ان کی کثیر روایات موجود ہیں۔ خطیب بغدادی نے کہا ہے' حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین نے ان سے روایات لی ہیں۔

(772) (مُوْسَی) بْنُ سُلَیْمَانَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ یَرْوِیْ عَنِ الْقَاسِمِ ابْنِ الْمُخَیْمَرَةِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاَوْزَاعِیُّ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''موسیٰ بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''قاسم بن مخیمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(773) مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ اَبُوْ يَعْلٰى الْحَافِظُ الْفَقِيْهُ الرَّازِيُّ سَمِعَ الْهَيْثَمَ بْنَ حُمَيْدٍ وَيَحْيٰى بْنَ اَبِيْ زَائِدَةٍ وَمُوْسَى بْنَ اَعْيُنٍ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى عَشَرَةَ وَمِائَتَيْنِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''معلّٰی بن منصور رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''معلّٰی بن منصور ابویعلی حافظ فقیہ رازی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''ہیثم بن حمید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن اعین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۱۱ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(774) مُسَيَّبُ بْنُ شَرِيْكٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ هُوَ اَبُوْ سَعِيْدِ التَّمِيْمِيُّ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''مسیّب بن شریک رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابوسعید تمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ ان کا انتقال ۱۳۶ ہجری میں ہوا۔

۞ ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(775) مَيْمُوْنُ بْنُ سَيَّاهٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَجُنْدُبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُ عَجَلَانَ وَحُمَيْدُ الطَّوِيْلُ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَھُوَ یَرْوِیْ عَنْہُ اَیْضاً فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''میمون بن سیاہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابن عجلان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمید الطّویل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث بھی ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(776)مَسْرُوْحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ شِھَابٍ

یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مسروح بن عبدالرحمٰن ابوشہاب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(777)مُطَّلِبُ بْنُ زِیَادٍ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ ھُوَ الثَّقَفِیُّ الْکُوْفِیُّ رَوٰی عَنْ اِبْنِ اَبِیْ لَیْلٰی وَاَبِیْ اِسْحَاقَ الْھَمْدَانِیِّ وَابْنِ عِلَاقَۃَ وَلَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ رَوٰی عَنْہُ اِبْنُ الْمُبَارَکِ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَھُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مطلب بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ '' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ثقفی کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابن ابی لیلٰی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسحاق ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت 'لیث بن ابوسلیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(778)مَرْوَانُ الْجَزَرِیُّ

اَوْرَدَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ مَرْوَانُ بْنُ سَالِمٍ رَوٰی عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ وَاَبِیْ بَکْرِ بْنِ

اَبِیْ مَرْیَمَ وَصَفْوَانِ بْنِ عَمْرٍو رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الْمَجِیْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ مُنْكَرُ الْحَدِیْثِ وَیُقَالُ اِنَّهُ الْجَزَرِیُّ
(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مروان الجزری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے: یہ حضرت ''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابی مریم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صفوان بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''عبدالمجید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ یہ منکرالحدیث ہیں، کہا گیا ہے کہ یہ ''جزری'' ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(779)مُصْعَبُ بْنُ سَلَامِ التَّمِیْمِیُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ یُعَدُّ فِی الْكُوْفِیِّیْنَ
(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مصعب بن سلام تمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کا شمار کوفیین میں ہوتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(780)مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْفَزَارِیُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ سَكَنَ مَكَّةَ سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَابْنَ اَبِیْ خَالِدٍ وَعَاصِمَ الْاَحْوَلَ قَالَ قَالَ عَلِیُّ بْنُ سَلْمَةَ مَاتَ قَبْلَ التَّرْوِیَةِ بِیَوْمٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ
(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مروان بن معاویہ الفزاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے، حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: یہ مکہ میں رہائش پذیر رہے۔ انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عاصم احول رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''علی بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: ان کا انتقال ۱۹۳ ہجری ترویہ سے ایک دن پہلے فوت ہوئے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(781) مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عَقِيْلِ الْيَشْكُرِيُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَالْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ رَوٰى عَنْهُ جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ وَمِسْعَرٌ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مغیرہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''مغیرہ بن عبداللہ بن عقیل یشکری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''جامع بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ

اس فصل میں ان کے بعد کے محدثین کا ذکر ہے

(782) مَالِكُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ اَبِىْ عَامِرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَحِيُّ

اِمَامُ دَارِ الْهِجْرَةِ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعَ وَتِسْعِيْنَ وَكَانَ عُمُرُهٗ خَمْساً وَّثَمَانِيْنَ سَنَةً

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مالک بن انس بن ابوعامر ابوعبداللہ اصبحی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ دارالہجرت کے امام ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔ ان کا انتقال ۱۷۹ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۹۴ ہجری کی ہے۔ ان کی عمر ۸۵ برس تھی۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(783)مُكَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مُكَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُكَرَّمٍ اَبُوْ بَكْرِ الْقَاضِيِّ الْبَزَّارُ سَمِعَ يَحْيٰى بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَاَحْمَدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِيَّ وَجَمَاعَةً مِنْ هٰذِهِ الطَّبْقَةِ قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَنَا عَنْهُ اَبُوْ الْحَسَنِ بْنِ زَرْقَوَيْهِ وَاَبُوْ الْحَسَنِ الْقَطَّانِ وَاَبُوْ عِلِيِّ بْنِ شَاذَانَ وَقَالَ اِبْنُ شَاذَانَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''مکرم بن احمد بن محمد بن مکرم ابوبکر قاضی بزار رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن ابوطالب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عبید اللہ نرسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس طبقے کے محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں' ہمیں ان کے واسطے سے حضرت ''ابوحسن بن زرقویہ اور ابوالحسن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے اور حضرت ''ابن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۳۴۵ ہجری میں ہوا۔

(784)مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْعَمِ الْفَزَارِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَنْصُوْرُ ابْنُ عَبْدِ الْمُنْعَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُو الْقَاسِمِ بْنِ اَبِيْ الْمُعَالِيْ بْنِ اَبِيْ الْبَرَكَاتِ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مَسْعُوْدِ الصَّاعِدِيِّ الْفَزَارِيِّ مِنْ اَهْلِ نَيْسَابُوْرِ مِنْ اَوْلَادِ الْاَئِمَةِ حَدَّثَ هُوَ وَاَبُوْهُ وَجَدُّهٗ وَجَدُّ اَبِيْهِ وَجَدُّ جَدِّهٖ سَمِعَ اَبَاهُ وَجَدَّهٗ وَجَدَّ اَبِيْهِ وَاَبَا الْقَاسِمِ زَاهِرَ بْنَ طَاهِرِ الشَّحَامِيَّ وَاَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ الْجَبَّارِ ابْنَ مُحَمَّدِ الْحَوَارِيَّ وَاَبَا الْمُعَالِيِّ مُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَارِسِيَّ وَغَيْرَهُمْ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً مَعَ اَبِيْهِ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَخَمَسِ مِائَةٍ وَعُمِّرَ حَتّٰى جَاوَزَ الثَّمَانِيْنَ وَحَدَّثَ بِالْكَثِيْرِ وَرَحَلَ اِلَيْهِ الطَّلْبَةُ مِنَ الْبُلْدَانِ وُلِدَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَخَمَسِ مِائَةٍ وَتُوُفِّيَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''منصور بن عبدالمنعم فزاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''منصور بن عبدالمنعم بن عبداللہ بن محمد بن فضل بن احمد ابوالقاسم بن ابوالمعالی بن ابوالبرکات بن ابوعبداللہ بن ابومسعود صاعدی فزاری رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ اہل نشاپور میں سے ائمہ کی اولاد میں سے ہیں۔

انہوں نے اور ان کے والد نے اور ان کے دادا نے اور دادا کے دادا نے بیان کیا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے، اپنے دادا سے سماع کیا ہے، اور اپنے باپ کے دادا سے سماع کیا ہے اور حضرت ''ابوالقاسم زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد عبدالجبار ابن محمد حواری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمعالی محمد بن محمد بن عبداللہ فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔ یہ اپنے والد

کے ہمراہ حج کرنے گئے تو بغداد میں بھی آئے یہ ۵۹۷ ہجری کی بات ہے، انہوں نے عمرہ کیا اور انہوں نے ۸۰ سے زیادہ عمرے کئے ہیں اور بہت زیادہ احادیث بیان کی ہیں اور مختلف شہروں سے طالبان حدیث ان کی جانب سفر کر کے آیا کرتے تھے۔ ان کی پیدائش ۵۲۲ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۶۱۸ ہجری میں ہوا۔

(785) مُبَارَكُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهِ اَلْمُبَارَكُ ابْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّيْرَفِيُّ اَبُوْ الْحُسَيْنِ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الطُّيُوْرِيِّ مُحَدِّثُ بَغْدَادَ سَمِعَ مَا لَا يَدْخُلُ تَحْتَ الْحَصْرِ سَمِعَ اَبَا عَلِيِّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَرْمِيَّ وَالْقَاضِيَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيَّ وَالطَّنَاجَبْرِيَّ وَالْعَتِيْقِيَّ وَالْحَسَنَ الْخَلَالِ وَاَبَا الْقَاسِمِ التَّنُوْخِيَّ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنَ عُمَرَ الْبُرْمَكِيَّ وَاَبَا مُحَمَّدِ الْجَوْهَرِيَّ وَخَلْقاً وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰى عَشَرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیر فی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے حضرت ''مبارک ابن عبدالجبار بن احمد بن قاسم بن احمد بن عبداللہ صیر فی ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ'' یہ ''ابن طیوری'' کے نام سے مشہور تھے، یہ بغداد کے محدث تھے۔ انہوں نے اس قدر احادیث کا سماع کیا ہے کہ جن کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن علی بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ جرمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی ابوعبداللہ حسین بن علی صیر فی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''طناجزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عتیقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن عمر برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۴۱۱ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال ۵۰۰ ہجری میں ہوا۔

(786) مُوْسَى بْنُ سُلَيْمَانَ اَبُوْ سُلَيْمَان الْجُوْزَجَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهِ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ وَعُمَرَ بْنَ جَمِيْعٍ وَاَبَا يُوْسُفَ وَمُحَمَّداً صَاحِبَيْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَكَانَ فَقِيْهاً بَصِيْرًا بِالرَّاْيِ يَذْهَبُ مَذْهَبَ اَهْلِ السُّنَّةِ فِيْ الْقُرْآنِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا فَرَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْهَاشِمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى وَبِشْرِ بْنُ الْاَسَدِيُّ عَرَضَ عَلَيْهِ الْمَاْمُوْنُ الْقَضَاءَ فَلَمْ يَقْبَلْهُ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت ''موسیٰ بن سلیمان ابوسلیمان جوز جانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر بن جمیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں ان) سے سماع کیا ہے،

یہ فقیہ تھے، رائے کی بصارت رکھنے والے تھے۔ قرآن میں اہل سنت کے مذہب کو اپنایا، بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہیں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا۔ ان سے حضرت ''عبداللہ بن حسن ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور مامون نے ان کو مسند قضاء کی پیشکش کی تھی لیکن انہوں نے ٹھکرا دی۔

(787) مُعَافَی بْنُ زَكَرِيَّا اَبُو الْفَرَجِ الْقَاضِیْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ كَانَ يَذْهَبُ مَذْهَبَ مُحَمَّدِ بْنِ جَرِيْرِ الطَّبْرِیِّ وَكَانَ مِنْ اَعْلَمِ النَّاسِ فِیْ وَقْتِهٖ بِالْفِقْهِ وَالنَّحْوِ وَاللُّغَةِ وَاَصْنَافِ الْاَدَبِ وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''معافی بن زکریا ابوالفرج قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے'یہ ''محمد بن جریر طبری'' کے مذہب پر تھے اور یہ اپنے زمانے میں فقہ، نحو، لغت اور ادب کے مختلف علوم کو سب سے زیادہ جاننے والے تھے۔ ان کی پیدائش ۳۰۳ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۳۹۰ ہجری میں ہوا۔

(788) مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ جَامِعٍ مِنَ الْمُتَاَخِّرِيْنَ

ذَكَرَهُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَالَ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْاَنْمَاطِیِّ كَانَ يُؤَدِّبُ الصِّبْيَانَ سَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِیْ مُحَمَّدِ الْجَوْهَرِیِّ وَاَبِی الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهْتَدِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدِ الْبَرَسِیِّ وَمُحَمَّدِ ابْنِ اَحْمَدِ الْاُمَوِیِّ وَاَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ النَّقُوْرِ وَالْقَاضِیْ اَبِیْ عَلِیِّ الْفَرَاءِ وَاَبِیْ بَكْرٍ اَحْمَدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ ثَابِتِ الْخَطِيْبِ قَالَ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشَرَةَ وَخَمْسِ مِائَةٍ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ فِيْهِ اَجْمَعُ الْمُحَدِّثُوْنَ اَنَّ الثِّقَةَ اِذَا قَالَ هٰذَا الْكِتَابُ سَمَاعِیْ جَازَ سِمَاعُهٗ سَوَاءٌ كَتَبَ سَمَاعَهٗ عَلَيْهِ اَوْ لَمْ يَكْتُبْ قَالَهٗ اِبْنُ النَّجَّارِ جَوَاباً عَمَّا قِيْلَ فِيْهِ اَنَّهٗ اَلْحَقَ سَمَاعَهٗ بِجُزْءٍ مِنْ تَارِيْخِ الْخَطِيْبِ قَالَ اِبْنُ نَاصِرٍ فَقُلْتُ لَهٗ لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَقَالَ الْكِتَابُ كُلُّهٗ سَمَاعِیْ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ اَلْعَجَبُ مِنْ اِبْنِ نَاصِرٍ كَيْفَ ضَعَّفَهٗ بِهٰذَا وَقَدْ اَجْمَعُ الْمُحَدِّثُوْنَ عَلٰی ذٰلِكَ

حضرت ''معمر بن محمد بن حسین بن جامع رحمۃ اللہ علیہ''

یہ متاخرین میں سے ہیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے'یہ ''ابن انماطی'' کے نام سے مشہور ہیں، یہ بچوں کو ادب سکھایا کرتے تھے، انہوں نے بہت ساری احادیث حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین محمد بن مہتدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد برسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد اموی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن نقور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی ابوعلی فراء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنی ہیں۔ حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی

پیدائش ۴۴۵ ہجری کی ہے اوران کا انتقال ۵۱۴ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے بارے میں کہا ہے' محدثین کا اس بات پر اجماع ہے کہ ثقہ جب کہے کہ یہ کتاب میری سماع کردہ ہے تو اس کا سماع جائز ہے چاہے اس پر اپنے سماع کو لکھا ہو یا نہ لکھا ہو، یہ بات حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس چیز کے جواب میں کہی تھی، جب کہا گیا' انہوں نے اپنے سماع کو خطیب کی تاریخ کے ایک جزء سے ملا دیا ہے۔

حضرت ''بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے کہا' آپ نے ایسا کیوں کیا؟ تو انہوں نے کہا: یہ کتاب ساری کی ساری میں نے سماع کی ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' پر بہت تعجب کی بات ہے، ان کو ضعیف کیسے قرار دے دیا جب کہ محدثین کا ان پر اجماع ہے۔

(789) مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى الْخَوَارَزِمِیُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَهُشَيْمِ بْنِ بَشِيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِيْس وَالْقَاسِمِ بْنِ مَالِكٍ الْمَدَنِيِّ وَاَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ وَاَبِیْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرِ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى الذُّهَلِیُّ وَاَبُوْ زُرْعَةَ وَاَبُوْ حَاتِمٍ وَاِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِیُّ وَاَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النِّسَائِیُّ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''مجاہد بن موسیٰ خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' یہ بغداد کے اندر رہے ہیں، وہاں پر انہوں نے حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشیم بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ادریس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن مالک مدنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو بکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن یحییٰ ذہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ''، نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۲۴۴ ہجری میں ہوا۔

(790) مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَزْدِیُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْمُهَلَّبِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُبَيْبٍ اَبُوْ عَمْرٍو كُوْفِیُّ الْاَصْلِ سَمِعَ زَائِدَةَ بْنَ قُدَامَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْمَسْعُوْدِیَّ وَجَرِيْرَ بْنَ حَازِمٍ وَاَبَا اِسْحَاقَ الْفَزَارِیَّ رَوٰى عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَبُوْ خَيْثَمَةَ وَعَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدِ وَزِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاعِدِیُّ وَغَيْرُهُمْ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشَرَةَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''معاویہ بن عمراز دی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں کہا ہے'حضرت ''معاویہ بن عمرو بن عمرو بن مہلب بن عمرو بن شبیب ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' یہ کوفی الاصل ہیں۔انہوں نے حضرت ''زائدہ بن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ'' ،حضرت ''عبدالرحمٰن مسعودی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' ،حضرت ''ابو اسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ'' ،حضرت ''عمرو بن محمد ناقد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زیاد بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صاعدی رحمۃ اللہ علیہ''، اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۲۱۴ ہجری میں ہوا۔اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

بَابُ النُّوْنِ

(791)نُعْمَانُ بْنُ بَشِيْرِ بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ كُنْيَتُهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بَعَثَهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِیْ سُفْيَانَ اَمِيْرًا عَلَى الْكُوْفَةِ فَكَانَ عَلَيْهَا سَبْعَةَ اَشْهُرٍ

حضرت ''نعمان بن بشیر بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے،حضرت ''معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ'' نے ان کو کوفہ کا امیر بنا کر بھیجا تھا اور یہ ۷ برس وہاں پر رہے۔

---

(792)نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعَمِ الْمَدَنِيُّ

يُقَالُ لَهٗ صُحْبَةٌ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْقَرَشِيُّ الْحِجَازِيُّ يَرْوِیْ عَنْ اَبِيْهِ وَعُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ يَرْوِیْ عَنْهُ الزُّهْرِيُّ

حضرت ''نافع بن جبیر بن مطعم مدنی رضی اللہ عنہ''

کہا جاتا ہے کہ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے'حضرت ''ابومحمد قرشی حجازی رحمۃ اللہ علیہ''، یہ اپنے والد سے،حضرت ''عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ'' سے اور حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(793)نَصْرُ بْنُ طَرِيْفِ بْنِ جُزْءٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ طَرِيْفٍ اَبُوْ جُزْءٍ وَسَكَتُوْا عَنْهُ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''نصر بن طریف بن جزء رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے'حضرت ''نصر بن طریف ابوجزء رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بارے میں مؤرخین کی خاموشی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایات لی ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں

(794)نَافِعُ مُوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ الْعَدَوِیُّ مَدَنِیٌّ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ وَاَبَا سَعِیْدِ الْخُدَرِیَّ رَوٰی عَنْهُ الزُّهْرِیُّ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَاَیُّوْبُ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَقَالَ حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ مَاتَ نَافِعٌ سَنَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ وَمِائَةٍ وَقَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ کُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ نَافِعٍ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ لَا اُبَالِیْ اَنْ لَا اَسْمَعُهٗ مِنْ غَیْرِهٖ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ''

جو کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں، یہ عدوی ہیں، مدنی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابوسعید رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۱۷ ہجری میں ہوا اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' جب میں حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے کوئی حدیث سن لیتا ہوں تو پھر مجھے اس چیز کی کوئی پرواہ نہیں رہتی کہ میں نے یہ کسی اور سے کیوں نہیں سنا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(795)نَاصِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَجْلَانَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ نَاصِحُ ابْنُ عَجْلَانِ کَانَ فِیْ بَنِیْ سَلَمٍ رَوٰی عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْخَطَّابِ یُعَدُّ فِی الْکُوْفِیِّیْنَ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ناصح بن عبداللہ بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ناصح بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''، یہ حضرت ''

بنی سلم رحمۃ اللہ علیہ" میں ہوتے تھے۔ انہوں نے حضرت "سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کی ہے اور حضرت "عبد العزیز بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ" نے کہا ہے: ان کا کوفیین میں شمار ہوتا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(796) اَلنَّزَالُ بْنُ سَبُرَةَ الْهِلَالِیُّ الْعَامِرِیّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ رَوٰی عَنْهُ الشَّعْبِیُّ وَكَانَ صَاحِبُ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت "نزال بن سبرہ ہلالی العامری رحمۃ اللہ علیہ"

حضرت "امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ" نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے: ان سے حضرت "شعبی رحمۃ اللہ علیہ" نے روایت کی ہے اور یہ حضرت "علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ" کے صاحب تھے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

اس فصل میں ان محدثین کا ذکر ہے جنہوں نے حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کی ہے

(797) نَافِعُ الْمُقْرِیُ

هُوَ نَافِعُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ نُعَیْمِ الْمَدَنِیُّ الْمُقْرِیُّ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت "نافع المقری رحمۃ اللہ علیہ"

یہ حضرت "نافع بن عبدالرحمٰن بن ابونعیم مدنی مقری رحمۃ اللہ علیہ" ہیں۔ ان کی حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(798) نُعَیْمُ بْنُ عُمَرَ الْمَدَنِیُّ

وَقِیْلَ الْمَرْوَزِیُّ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت "نعیم بن عمر مدنی رحمۃ اللہ علیہ"

ایک قول کے مطابق یہ "مروزی" ہیں۔ ان کی حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(799) نُوْحُ بْنُ دَرَّاجٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ نُوْحُ بْنُ دَرَّاجٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيُّ مَوْلَى النَّخْعِيِّ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى وَسُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ وَمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شِبْرِمَةَ وَمُسْلِمِ بْنِ كَيْسَانَ الْمَلائِيِّ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ قَاضِي الْجَانِبِ الشَّرْقِيِّ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَاضِي الْكُوْفَةِ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''نوح بن دراج ابومحمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ نخعی کے آزاد کردہ ہیں۔انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق بن یسار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسلم بن کیسان ملائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث بیان کی ہے۔ان کا انتقال ۱۸۲ ہجری میں ہوا اور یہ شرقی جانب کے قاضی تھے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' یہ کوفہ کے قاضی تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(800) نُوْحُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ

وَيُقَالُ لَهُ الْجَامِعُ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ قَاضِيْ مَرْوَ اَبُوْ عِصْمَةَ وَاهِيْ الْحَدِيْثِ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نوح بن ابومریم رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق ان کو ''جامع'' کہا جاتا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ''مرو'' کے قاضی ابوعصمہ ہیں اور یہ واہی الحدیث ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

(801) نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ اَبُوْ سَهْلِ الْبَلَخِيُّ

اَلْمَعْرُوْفُ الصَّيْقَلِ صَاحِبُ مَجْلِسِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَكَانَ فَقِيْهاً رَوٰى عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ مَاتَ بِبَغْدَادَ عِنْدَ اَبِيْ يُوْسُفَ سَنَةَ تِسْعٍ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''نصر بن عبدالکریم ابو سہل بلخی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ صیقل کے حوالے سے مشہور ہیں۔حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی مجلس میں بیٹھنے والے ہیں، یہ فقیہ تھے،ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے قریب بغداد میں ہوا۔

****

(802)نُعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ اَبُوْ الْمُنْذَرِ

یَرْوِیْ عَنْ اِبْنِ جُرَیْجٍ(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''نعمان بن عبدالسلام ابومنذر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

****

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(803)نَصْرُ اللّٰهِ الْقَزَّازُ

ذَکَرَهُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُبَارِكِ الشَّیْبَانِیِّ اَبُوْ السَّعَادَاتِ ابْنِ اَبِیْ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِیْ غَالِبِ الْقَزَّازِ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ زُرَیْقٍ مِنْ اَهْلِ الْحَرِیْمِ الطَّاهِرِیِّ مِنْ اَوْلَادِ الْمُحَدِّثِیْنَ بَکَّرَ بِهٖ فِیْ سِمَاعِ الْحَدِیْثِ فَسَمِعَ مِنْ جَدِّهٖ اَبِیْ غَالِبٍ وَاَبِیْ سَعْدٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْکَرِیْمِ بْنِ خُنَیْسٍ وَاَبِیْ الْحُسَیْنِ الْمُبَارِکِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّیْرَفِیِّ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''نصراللہ قزاز رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے'حضرت ''نصراللہ بن عبد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالواحد بن حسن بن مبارک شیبانی ابوسعادات بن ابومنصور بن ابوغالب قزاز رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''ابن زریق'' کے نام سے مشہور تھے۔یہ اہل حریم ہیں،ظاہری ہیں اور محدثین کی اولاد میں سے ہیں۔بہت چھوٹی عمر میں حدیث کے سماع کا آغاز کر دیا تھا،اپنے دادا حضرت ''ابوغالب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''ابوسعد محمد بن عبدالکریم بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کی ولادت ۴۹۱ ہجری میں ہے ان کا انتقال ۵۸۳ ہجری میں ہے۔

(804)نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هَمَّامِ بْنِ سَلْمَةَ بْنِ مَالِكٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ طَهْمَانَ حَدِيْثًا وَاحِداً وَسَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ وَسُفْيَانِ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَالْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى رَوٰى عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقِ الصِّغَانِيُّ وَمَاتَ فِيْ سِجْنِ السَّامِرا سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''نعیم بن حماد بن معاویہ بن حارث بن ہمام بن سلمہ بن مالک ابوعبداللہ خزاعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صغنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۲۸ ہجری کو سامرا کی قید میں ہوا۔

(805)نَصْرُ بْنُ مُغِيْرَةِ الْبُخَارِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ الْمَغِيْرَةِ اَبُو الْفَتْحِ الْبُخَارِيِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَخَاتَمِ بْنِ وَرْدَانَ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارِكِ وَعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّوْرِيُّ وَسُئِلَ عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ فَقَالَ هُوَ ثِقَةٌ كَتَبْتُ عَنْهُ

حضرت ''نصر بن مغیرہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے حضرت ''نصر بن مغیرہ ابوالفتح بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور انہوں نے وہاں پر حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''خاتم بن وردان رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عباس بن محمد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کے بارے میں حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا: وہ ثقہ ہیں، میں نے ان کے حوالے سے احادیث لکھی ہیں۔

(806)نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ سَوْرَةَ اَبُو اللَّيْثِ الْمَرْوَزِيُّ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِيِ وَرَوٰى عَنْهُ الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّوْرِيُّ رَوٰى الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ عَنِ الْمُقْرِيِ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِيْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

وَسَلَّمَ وَضَعَ لَامَتَهُ وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَا بِثَوْبٍ فَصَلّٰى فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُتَوَشِّحاً بِهِ

حضرت ''نصر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''نصر بن احمد بن ابوسورہ ابواللیث مروزی رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور انہوں نے وہاں پر حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''عباس بن محمد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی نے اپنی اسناد کے ہمراہ، حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، حضرت ''حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابو صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' سے روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا خود اتارا، پانی منگوایا، وضو کیا، پھر کپڑا منگوایا اور ایک کپڑے کو لپیٹ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی۔

****

(807) نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْكِنْدِيّ الْمَعْرُوْفُ بِنَصْرِكَ كَانَ اَحَدُ اَمَاثِلِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ بَكَّارٍ وَخَلْقاً كَثِيْرًا وَقَالَ كَانَ خَالِدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيَّ اَمِيْرَ بُخَارى قَدْ حَمَلَهُ اِلَيْهِ فَاَقَامَ عِنْدَهُ وَوَضَعَ لَهُ الْمُسْنَدَ وَحَدَّثَ هُنَاكَ فَوَقَعَ حَدِيْثُهُ عِنْدَ الْبُخَارِيِّيْن وَرَوٰى عَنْهُ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ قَالَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ ابْنُ عُقْدَةَ مَوْلِدُهُ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاُسْتَاذُ عَبْدُ اللّٰهِ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِيّ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

حضرت ''نصر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''نصر بن احمد بن نصر بن عبدالعزیز ابو محمد کندی رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''نصرک'' کے نام سے مشہور تھے۔ یہ اہل فضل محدثین میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر قواریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' اور خلق کثیر سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''خالد بن احمد ذہلی رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ بخاریٰ کے امیر تھے، ان کو ان کے پاس پہنچایا گیا اور انہوں نے ان کو اپنے پاس رکھا اور ان کے لئے مسند رکھی اور وہاں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا تو ان کی حدیث بخاریین میں بھی پہنچ گئی اور اہل عراق نے ان سے روایت کی ہے۔ حضرت ''ابوالعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۲۲۳ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۲۹۳ ہجری میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''استاذ ابوعبداللہ ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے حدیث روایت کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ اعلم

****

بَابُ الْوَاوِ

(808)وَائِلُ بْنُ حُجُرٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ اِبْنُ حُجُرٍ الْحَضَرِمِيُّ الْكِنْدِيُّ لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''وائل بن حجر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے 'حضرت ''وائل بن حجر حضرمی کندی رضی اللہ عنہ''۔ ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔

---

(809)وَقِيَانُ بْنُ يَعْقُوْبَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ وِقِيَانُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْكِنْدِيُّ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى وَمُصْعَبَ بْنَ سَعِيْدٍ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْإِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''وقیان بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے 'حضرت ''وقیان بن یعقوب ابو یعقوب کندی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مصعب بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(810)وَاصِلُ بْنُ حَيَّانٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ وَاصِلُ بْنُ حَيَّانَ الْاَسَدِيُّ الْكُوْفِيُّ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ سَمِعَ اَبَا وَائِلٍ وَمُجَاهِداً رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْإِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''واصل بن حیان ﷫''

حضرت ''امام بخاری ﷫'' نے کہا ہے' حضرت ''واصل بن حیان ﷫''، یہ اسدی ہیں، کوفی ہیں۔ حضرت ''ابونعیم ﷫'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''ابو وائل ﷫'' اور حضرت ''مجاہد ﷫'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری ﷫'' اور حضرت ''شعبہ ﷫'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(811) وَلَّادُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عَلِيِّ الْمَدَنِيِّ

يَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ولاد بن داؤد بن علی مدنی ﷫''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(812) وَلِيْدُ بْنُ سَرِيْعٍ

مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ يَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ولید بن سریع ﷫''

عمرو بن حریث کے آزاد کردہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

اس فصل میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ ﷫'' کے اصحاب کا ذکر ہے

(813) وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ بْنِ مَلِيْحِ بْنِ قَيْسِ بْنِ غَيْلَانَ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ اَبِىْ خَالِدٍ وَالثَّوْرِيَّ وَالْاَعْمَشَ وَابْنَ عَوْنٍ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارَكِ وَيَحْيٰى بْنُ آدَمَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وُلِدَ وَكِيْعٌ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ الْخَطِيْبُ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَمَاتَ وَكِيْعٌ سَنَةَ سَبْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ وَشَيْخُ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَيَرْوِىْ عَنِ

الْإِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''وکیع بن جراح بن ملیح بن قیس بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسماعیل بن ابو خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے ۔حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' کی پیدائش ۱۲۹ ہجری میں ہوئی۔

خطیب بغدادی نے کہا ہے' ان سے حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے،ان کی پیدائش ۱۳۰ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۱۹۷ ہجری میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے :یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیوخ میں سے ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں درج ہیں۔

---

(814) وَلِیْدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِیْدِ الْهَمْدَانِیُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ وَقَالَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْهِ یُعَدُّ فِی الْكُوْفِیِّیْنَ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ولید بن قاسم بن ولید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور ان کا شمار کوفیین میں ہوتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں

---

(815) وُهَیْبُ بْنُ الْوَرْدِ

وَ كُنْیَتُهُ اَبُوْ عُثْمَانَ وَهُوَ اَخُوْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ الْوَرْدِ وَیُقَالُ اَبُوْ اُمَیَّةِ الْمَكِّیُّ اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهِ وَقَالَ یُقَالُ عَبْدُ الْوَهَّابِ الْمَكِّیُّ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''وہیب بن ورد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعثمان'' ہے اور یہ حضرت ''عبدالجبار بن ورد رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں اور ایک قول کے مطابق یہ ''ابوامیہ مکی'' ہیں ۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا' کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت ''عبدالوہاب مکی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(816) وَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الدِّمِشْقِیِّ مَوْلًی لِبَنِیْ اُمَیَّۃَ سَمِعَ الْاَوْزَاعِیَّ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ولید بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے کہ حضرت ''ولید بن مسلم ابوالعباس دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، یہ بنی امیہ کے آزادکردہ ہیں۔انہوں نے حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(817) وَسِیْمُ بْنُ جَمِیْلٍ

اَوْرَدَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ وَسِیْمُ بْنُ جَمِیْلِ بْنِ طَرِیْفِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰہِ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰی حَجَّاجِ بْنِ یُوْسُفَ مَکِّیٌّ مَاتَ سَنَۃَ سِتٍّ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَۃٍ

